شمس المعارف
و
لطائف العوارف
مصنف
حضرت شیخ ابو العباس احمد بن علی بونی
شبیر برادرز ۔ اردو بازار ۔ لاہور

اردو ترجمہ

شمس المعارف

و

لطائف العوارف

(مکمل چار حصے)

مصنف

حضرت شیخ ابو العباس احمد بن علی بونیؒ

عملیات وتعویزات کی سب سے بڑی مستند اور مشہور کتاب جس میں ہر قسم کے عملیات وتعویزات و ظائف اسماء الٰہی قرآن کریم کی آیات اسم اعظم اور حروف تہجی کے عجیب وغریب خواص اور اسرار و رموز اور ان کے مؤکلوں کی تسخیر منازل قمر و کواکب اور بروج کے اشارات جفر و علم کیمیا۔ و علم سیمیا اور سونا چاندی وغیرہ بنانے کے طریقے وغیرہ لاجواب کتاب

ناشر

شبیر برادرز ○ اردو بازار ○ لاہور

نام کتاب ـــــــ شمس المعارف اُردو ترجمہ

مصنّف ـــــــ ابو العباس احمد بن علی بونی

موضوع ـــــــ تعویذات

تعداد ـــــــ ۱۱۰۰

اشاعت ـــــــ اکتوبر ۱۹۹۲ء

ناشر ـــــــ ملک شبیر حسین

طابع ـــــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز۔ لاہور

قیمت ـــــــ 280/ روپے

فہرست شمس المعارف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ازل (میں توحید) کی گواہی پس اسی گواہی کے نور سے برگزیدہ اہل علم نے جرعہ نوشی کی ہے۔ اس کو سمجھو اور ترتیب ابدی میں دونوں تنہا دونوں ہیں[1] جو ملائکہ اور اہل علم سے متصل ہیں یہی ابدی گواہی ہے۔ پس جس نے ان دونوں تنہا دونوں کے بھید کو سمجھ لیا اس نے دونوں عالم کا مع انکی اندرونی اشیاء کے (مقام) کشف سے متصل ہو کر مشاہدہ کیا اس مقام کہ ہر ایک شخص کے واسطے ایک ہیبت ہوتی ہے جو اس کو تمام حکمتوں تک پہنچا دیتی ہے۔

خدائے حی و قیوم سے میری دعا ہے کہ اس کو خالص صدقہ مقبولہ میری آخرت کے واسطے کرے اور اس کی راحت دینے والی ہوا ہی میری قبر میں میرے ساتھ رکھے اور میرے اور تمہارے واسطے (مطلب کو) واضح کر دے اور انوار تحقیق ہم کو تم کو عنایت کرے۔ یقیناً یہ رحمانی چمک اور یہ روشن آفتاب عارفوں کا راستہ اور صدیقوں کا طریقہ اور صالحین کا حضور رب العالمین میں حاضر ہونیکے واسطے ذریعہ ہے وہ رب جو رب الارباب ہے۔

حجاب کا اٹھانے والا بلا مثال پیدا کرنے والا۔ اشکال سے منزہ ہمیشہ رہنے والا نعوت جمال کے ساتھ ازل میں دائم لوجودہ عالم علویات کا اپنی حکمت اور تقدیر کے ساتھ بلند کرنے والا۔ اور سفلیات کا اپنی قدرت اور ارادہ کے ساتھ بچھانے والا۔ سوائے اس بزرگ اور برتر کے کوئی معبود نہیں ہے۔ نور کے حجابوں میں وہ پوشیدہ ہے اور کل اسرار کے پردہ میں ہے۔ آنکھوں کے دیکھنے سے مخفی ہے اور وہ آنکھوں کو دیکھتا ہے اپنی اَزلیت میں اپنی ذات کے ساتھ باطن ہے اور اپنی ابدیت میں اپنی صفات کے ساتھ ظاہر ہے۔ اپنے اسماء کے ساتھ اپنی سرمدیت میں بلند ہے۔ اور اپنی ابدیت میں اپنے افعال کے ساتھ روشن ہے۔ وہی اول ہے۔ ازل میں اور آخر ہے ابد میں اور ظاہر میں بے حد ہیں۔ پاک ہے جواہر اور اعراض سے اور اَجرام سے اور ابعاض سے اور تصرف بالاعراض سے۔ جہت یا سمت اس کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ اور نہ گردش زمانہ اس کو بوڑھا کرتی ہے اور نہ رات دن کا گذرنا اس کو فنا کرتا ہے۔ میں اسی پاک اور برتر کی حمد کرتا ہوں اور ہر شے اس کے نزدیک مقدار کے ساتھ ہے اور غیب اور حاضر کا جاننے والا بزرگ اور برتر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ خدائے وحدہٗ لاشریک کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے۔ ایسی گواہی جو روحوں کو عالم برزخ میں ثابت قدم رکھے اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ اس کا علم کل اس کی مردہ و زندہ مخلوقات کو گھیرے ہوئے ہے اسی نے موت اور رزق کو مقرر کیا ہے۔ وہ عالم ہے زمانہ گزشتہ و آئندہ کا۔ اور زندہ کرنے والا ہے پرانی ریزہ ریزہ ہڈیوں کا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں آفتاب ہیں ملت کے اور بندوں کو نکالنے والے ہیں شرک و ذلت سے۔ جن کی دعوت کے ساتھ فلک توحید نے گردش کی اور حق کی حکمت کے آفتاب روشن اور منور ہو گئے اور جن کے دیکھنے سے گمراہی کے ستارے بے نور اور حق کی سعادت سے توحید کی صبح نمود ہوئی۔ خدا تعالےٰ ان پر اور ان کی آل پر بہتریں صلوٰت نازل فرمائے اور ان کے سچے اور محقق صحابہ سے راضی ہو۔ ایسی صلوٰت جس سے ان کے مرتبے بلند اور ان کے درجے اعلیٰ ہوں۔

---

[1] اس میں اس آیت کی طرف اشارہ ہے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ یعنے اللہ تعالےٰ نے اس بات کی گواہی دی کہ سوائے اس کے اور کوئی معبود نہیں ہے اور ملائکہ اور اہل علم نے ۱۲

اور اہلِ حق کے واسطے نشان ہیں اور حقیقت کے واسطے نظام ہے اور ارواح معارف الٰہیہ کے ساتھ قدحمن ہے اور وسیلہ (ایسی چیز ہے جو سب کو) مطلوب ہے۔ اور اس کے اقسام پر قدرت (خدا کی طرف سے) بخشی گئی ہے اور سعادت کمال کے روشن آفتاب سے متصل ہے اور غیر ابدی شریعت کے احکامات بجالانے سے بخشی گئی ہے، مقام علیین میں اعلیٰ درجہ اہل عمل کا ہے۔ اور بجز اس سے بھی اعلیٰ درجہ ہدایت کنندہ محققین کا ہے۔ اور دین خدا میں اس عالم کی منزلت نہیں ہے جو کچھ فائدہ نہیں پہنچاتا گویا کہ حقیقتہً جو نفس فائدہ نہیں پہنچاتا وہ زندہ بھی نہیں ہے، اور بیشک سعادت سے دور وہی شخص ہے جس نے ملت (اسلام) کے احکام میں سُستی کی اور محققین اہل قبلہ کی شروط میں خلل ڈالا۔ اور چونکہ میں نے بڑے بڑے مشہور بزرگوں کا کلام جن کی حکمت کا شہرہ دنیا میں پھیلا ہوا ہے جن کے فیض و برکت سے خلقت معمور ہے۔ تعریف اسماء و صفات اور اسرار حروف اور اذکار دعوات کے متعلق دیکھا ان کی تالیفیں بھی میری نظر سے گذریں اور میرے اہل محبت نے مجھ سے درخواست کی کہ ان تالیفات کی مشکلات کو واضح کیا جائے اور مدفون خزانہ کو باہر نکالا جائے تب میں نے ان کی درخواست کو قبول کیا۔ اور میں مُقر ہوں کہ بزرگان سلف کے فہم کو میں نہیں پہنچ سکتا اور خدا سے میں نہایت عاجزانہ دعا کرتا ہوں کہ ان بزرگوں کے روحانی فیض سے میری امداد فرمائے۔ اور میری گویائی تحقیق کے موافق اور زبان تصدیق سے بیان کرنے والی ہو۔ پس میں کہتا ہوں اور خدا ہی سے استمداد اور اسی پر بھروسہ ہے کہ اس کتاب کی فصلوں سے مقصود علم ہے اور شرف اسماء الٰہی کا اور جو کچھ کہ اس سمندر میں اللہ تعالیٰ نے حکمت کے جواہر اور لطائف الٰہیہ پوشیدہ رکھے ہیں اور یہ بیان ہے) کہ ان اسماء و دعوات کا کس طرح تصرف کرنا چاہیئے، اور انہیں کے متعلق حروف سور اور آیات کا بیان ہے، اس کتاب میں میں نے مختلف فصلیں رکھی ہیں تاکہ ہر فصل اپنے علوم و دقیقہ پر جو اس کے اندر ہیں اور جو حضوری حق میں بے رنج و مشقت پہنچاتے ہیں۔ ان پر دلالت کرے اور ان علوم کو بھی بتائے جن سے دنیاوی فائدہ پہنچتا ہے۔

اور میں نے اس بے مثل چیدہ اور بلند مرتبہ کتاب کا نام شمس المعارف اور لطائف العوارف رکھا ہے کیونکہ اس کے اندر نہایت لطیف تصریفات اور عوارف تاثیرات ہیں۔ پس جس شخص کے ہاتھ میں یہ میری کتاب پہنچے اس پر حرام ہے کہ نااہل کے سامنے اس کی کوئی بات ظاہر کرے، اور بے محل اس کو کام میں لائے۔ اور اگر کوئی کبھی ایسا کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کتاب کے منافع سے اس کو محروم کردے گا اور اس کی برکتیں اور فوائد اس کو نصیب نہ ہوں گے۔ اس کتاب کو تم اس وقت ہاتھ لگاؤ جب تم پاک صاف ہو۔ اور جب اس کے قریب جاؤ تو ذکر کرتے ہوئے۔ تاکہ جو کچھ تمہارا مطلب ہے۔ اس میں تم کامیاب ہو۔ اور کوئی ایسا کام نہ کرنا جو خدا کی ناراضامندی کا باعث ہو۔ کیونکہ یہ کتاب ہے اولیاء صالحین اور اہل طاعت و ارادت اور اہل عمل و رغبت کی پس تم پر لازم ہے کہ نہایت طمع کے ساتھ حاصل کرو اور کچھ بھی تھوڑا یا بہت نہ چھوڑو۔ اپنے یقین کو سچا اور اپنے ایمان کو اس کے حقائق کے ساتھ مضبوط کرو۔ کیونکہ اعمال کا نتیجہ نیت کے ساتھ ہے اور ہر شخص کو اس کی کوشش کا وہی صلہ ملے گا۔ جو اس کی نیت ہوگی۔ اور جب تمہاری نیت کسی عمل پر قائم ہو جائے تب تم کو اس پر یقین کرنا چاہیئے، اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی تصدیق ضروری ہے کہ تم میں سے کوئی دعا نہ کرے مگر جب کہ وہ قبولیت کا یقین کرنے والا ہو۔ اور اپنے عمل کے درست ہونے پر بھی بھروسہ کرے۔ کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ و

السلام کا فرمان ہے کہ جب تم میں کوئی دعا کرے تو اپنے عزم کے ساتھ کہے اور قبولیت کا یقین رکھے اور نیز عمل میں بھی جلدی نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ حضورؐ فرماتے ہیں کہ تم میں سے کسی کی دعا تب قبول ہوگی جب وہ جلدی نہ کرے گا پھر کہے میں نے تو دعا کی تھی میری دعا قبول نہیں ہوئی۔ دعا کی قبولیت میں دیر ہوتے سے تم کو گھبرانا نہ چاہیئے بلکہ ہر وقت اس کی قبولیت کے منتظر رہو اور یہ کتاب جو (ایک) قانون قائم اور طریق مستقیم (ہے) چالیس فصلوں پر مشتمل ہے اور ہر فصل میں بے انتہا معانی اور اشارات اور ظاہر اور پوشیدہ رمزیں ہیں اس کو اپنی عقل سے خوب سمجھو اور فکر سے تامل کرو اور فصلیں یہ ہیں۔

پہلی فصل،۔ حروف معجمہ اور ان کے اسرار اضمار کے بیان میں جو ان کے اندر مرتب ہیں۔ دوسری فصل۔ کسر اور بسط او اوقات و ساعات میں اعمال کی ترتیب کا بیان تیسری فصل۔ اٹھائیس منازل قمر کے احکام کے بیان میں چوتھی فصل۔ بارہ برجوں اور ان کے اشارات وارتباطات کے بیان میں۔ پانچویں فصل۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اسرار اور اس کے خواص او اس کی پوشیدہ برکتوں کے بیان میں۔ چھٹی فصل۔ خلوت اور ارباب اعتکاف کے بیان میں۔ ساتویں فصل۔ ان اسماء کے بیان میں جن سے عیسیٰ علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے۔ آٹھویں فصل۔ توافیق اربعہ اور ان کی فصلوں اور دائروں کے بیان میں۔ نویں فصل۔ خواص اوائل قرآن اور آیات بینات کے بیان میں دسویں فصل۔ سورۂ فاتحہ کے اسرار اور اسکی دعوتوں اور اس کے مشہور خواصوں کے بیان میں۔ گیارھویں فصل۔ اختراعات اور انوار رحمانی کے بیان میں۔ بارھویں فصل۔ اسم اعظم اور اس کی تصریفات خفیات کے بیان میں۔ تیرھویں فصل۔ سواقط سورۂ فاتحہ اور اس کے اوفاق اور دعوات میں۔ چودھویں فصل۔ ریاضت اور اذکار اور قبول شدہ دعاؤں کے بیان میں۔ پندرھویں فصل۔ اسماء حسنےٰ اور ان کے نافع اور مجرب اوفاق کے بیان میں۔ سولھویں فصل۔ ان شرطوں کے بیان میں جو بعض بعض اعمال کے واسطے ابتداء سے انتہا، تک لازم ہیں۔ سترھویں فصل۔ خواص کہٰیٰعصٓ اور اس کے توماتے اور اقدس حروف کے بیان میں۔ (اٹھارہویں فصل) خواص آیت الکرسی اور اس کی مخفی برکتوں کے بیان میں (انیسویں فصل) بعض اوفاق اور نافع طلسمات کے خواص میں بیسویں فصل۔ سورہ یٰسین اور اس کی دعوات مستجابات کے بیان میں (اکیسویں فصل) اسماء حسنےٰ اور ان کی انماط اور ہر ایک نمط کی دعوتوں اور تصریفوں کے بیان میں (بائیسویں فصل) نمط ثانی اور اسکے اسماء ذہنی کے بیان میں (تیئیسویں فصل) نمط ثالث اور ان اسماء کے بیان میں جو صفات ابدی پر دلالت کرتے ہیں (چوبیسویں فصل) نمط رابع اور اس میں جو اسرار ربانی ہیں ان کے بیان میں (پچیسویں فصل) نمط خامس کا بیان اور اس میں جو چیدہ چیدہ خواص ہیں (چھبیسویں فصل) نمط سادس اور اس کے غرضی اسرار کا بیان (ستائیسویں فصل) نمط سابع اسماء الہیٰ اور ان کی برکات کا بیان (اٹھائیسویں فصل) نمط ثامن اسماء حسنےٰ اور ان کے مخفی اسرار کا بیان۔ (انتیسویں فصل) نمط تاسع اسمائے حسنےٰ اور ان کی تصریفات کا بیان (تیسویں فصل) نمط عاشر اسماء حسنیٰ اور ان کے نافع اسرار کا بیان (اکتیسویں فصل) حروف عربیہ اور ان کے کواکب اور خدام اور معاون اور ان کی خلوتوں کے بیان میں (بتیسویں فصل) کشف عروش معنویات کے بیان میں (تینتیسویں فصل) ——— دائرۃ الاحاطہ کے اسرار کی شرح اور اس سے جو مناسبات اور

تعریفات ظاہر ہوتی ہیں اس کے بیان میں (چونتیسویں فصل) علم لائچہ اور نسب حروف و بروج اور موازین مشہورات کے بیان میں۔ (پینتیسویں فصل) خافیہ حرفیہ کا بیان بقاعدہ جفر (چھتیسویں فصل) فیض ربانی اور نور شعشانی اور بحر مکرم اور خواص نبات کے بیان میں (سینتیسویں فصل) اعمال سیمیا کے بیان میں (اڑتیسویں فصل) استخدامات حروف اور ان کی خلوات کا بیان (انتالیسویں فصل) اسماء حسنیٰ کا بیان جیساکہ وہ وارد ہوئے بطریق ایضاح و تفصیل کے (چالیسویں فصل) ان مفرد دعاؤں کا بیان جو رات دن میں ہر وقت پڑھی جا سکتی ہیں۔

اسرار حروف معجمہ

اور ان اسرار اور اضمار کا بیان جو ان حروف میں مرتب ہیں۔ میں کہتا ہوں اور اللہ کے ساتھ توفیق اور ہدایت ہے کہ طالبوں کے مطالب دو قسم ہیں دینی اور دنیاوی۔ اور پھر ان میں سے ہر ایک کی بحسب مقاصد بہت قسمیں ہیں۔ اس فن کے علماء نے اوقات کے معلوم کرنے اور کواکب کے حالات دریافت کرنے اور ریاضت اور افعال طلسمات کے متعلق بہت گفتگو کی ہے اور یہ علم بہت وسیع ہے بہت لوگوں نے اس کی طرف توجہ کی ہے خاص کر جنہوں نے اس میں اثر پایا ہے مگر میں ان باتوں سے پرہیز کرتا ہوں جس میں حکماء متقدمین نے کلام کیا ہے اور بہت لوگ ان کے موافق ہیں۔ ان سے دنیا میں اگرچہ بہت کچھ نفع پہنچ سکتا ہے۔ مگر آخرت میں وہ بہت نقصان دہ ہیں اور یہ باتیں جو میں بیان کرتا ہوں دنیا اور آخرت دونوں میں تجھ کو نفع دیں گی۔

حروف معجمہ کیونکہ یہی کلام کی بنیاد ہیں اور ان ہی پر اس کی عمارت قائم ہوتی ہے۔ معلوم ہو کہ جیسے حروف کے آثار ہیں ایسے ہی اعداد میں اسرار ہیں اور یہ بھی معلوم ہو کہ عالم علوی سے عالم سفلی کو مدد پہنچتی ہے۔ عالم عرش عالم کرسی کو مدد دیتا ہے۔ اور عالم کرسی فلک زحل کو مدد دیتا ہے۔ اور فلک زحل فلک مشتری کو۔ اور فلک مشتری فلک مریخ کو۔ اور فلک مریخ فلک شمس کو اور فلک شمس فلک زہرہ کو اور فلک زہرہ فلک عطارد کو اور فلک عطارد فلک قمر کو۔ اور فلک قمر کرۂ نار کو۔ اور کرۂ نار کرہ ہوا کو۔ اور کرۂ ہوا کرۂ آب کو اور کرۂ آب کرۂ خاک کو مدد دیتا ہے۔ اور کرۂ خاک فلک زحل کو مدد دیتا ہے پس زحل کا علویات میں حرف جیم ہے اور اس کے عدد فی الجملہ تین[۳] اور علی التفصیل ترپن[۵۳] ہیں۔ اس طرح کہ جیم کے چالیس[۴۰] اور یاد کے دس[۱۰] اور جیم کے تین۔ اور زحل کے بھی تین ہی حروف ہیں۔ اور سفلیات میں اس کا حرف صاد ہے جس کے عدد نوے ہیں۔ اب یہ علویات میں پانچ حروف ہوئے۔ جن کا حرف ھا ہے اور وفق اس کا مخمس ہے اور فلک مشتری کے عدد چھ ہیں جن کا حرف واو ہے اور وفق اس کا مسدس ہے اور فلک زہرہ کی تعریف یہ ہے۔ کہ حرف اس کا واو ہے اور وفق اس کا مسبع ہے اور فلک عطارد کی تعریف یہ ہے کہ عدد اس کے آٹھ اور حرف حاء ہے وفق اس کا مثمن ہے۔

اور منازحل کا مثلث مشہور ہے۔

ذات انسانی کی نسبت عرش کا حرف الف ہے اور کرسی کا حرف ب اور منازحل کا ج۔ اسی طرح قمر تک جیساکہ

بیان ہوا۔ فصل حروف کئی قسم کے ہیں بعض ایسے ہیں جو دائیں جانب سے لکھے جاتے ہیں۔ جیسے عربی حروف اور بعض بائیں جانب سے لکھے جاتے ہیں۔ جیسے رومی اور یونانی اور قبطی وغیرہ حروف۔ جن حروف کی کتابت دائیں جانب سے کی جاتی ہے ان کا نام متصلہ ہے۔ جن کی بائیں جانب سے کی جاتی ہے۔ وہ منفصلہ ہیں۔

تعداد حروف جملہ حروف اٹھائیس ہیں۔ بغیر لام الف کے یہ انتیسواں ہے اور اٹھائیس ہی منازل قمر ہیں۔ مگر چونکہ چودہ منزلیں زمین کے اوپر رہتی ہیں اور چودہ نیچے۔ اسی سبب سے یہ چودہ حرف لام تعریف کے ساتھ ملائے جاتے ہیں۔ ن ل ت ث د ذ ر ز س ش ط ظ ص ض۔ اور یہ چودہ اس کے ساتھ ظاہر ہوتے ہیں۔ ا ب ج ح خ ک ل م ع غ ف ق ہ و ی۔ سب سے پہلا حرف الف ہے۔

پھر اس کے بعد ط اور ی وغیرہ ہیں۔ اگر کوئی نظر کرنے والا حروف کی طرف نظر و غور کرے تو ان کو شکل میں موجود ہونے سے پہلے نفس میں منطبق پائے گا۔ اس کو سمجھ۔ حرف الف عدد میں ایک ہے۔ اور عدد میں روحانی لطیف قوۃ ہے۔ پس اسی بنا پر اعداد اقوال کے اسرار سے ہیں۔ جیسا کہ حروف اسرار افعال سے ہیں اور عالم بشر میں اعداد سے بہت منافع اور اسرار ہیں جن کو تعداد تدکریم نے اپنی قدرت سے ان میں مرتب کیا ہے۔ جیسے کہ حروف میں دعا اور منتر وغیرہ کی تاثیریں ظاہر ہیں۔ معلوم ہو کہ حروف کے واسطے کسی خاص وقت کی ضرورت نہیں ہے۔ ان کے اعمال محض ریاضت سے ہوتے ہیں۔ جس کو کرنی منظور ہو۔ اور طلسمات کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ اور ان کا اتصال عالم علوی سے ہے۔

حرف دال کا عمل

اس کے چار عدد ہیں۔ پس جو شخص ۴ کو ۴ میں ضرب دے کر اس کی نسبت عددی کو اس کے اندر لکھے پیر کے دن جو روز ولادت اور روز بعثت و روز وفات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے شرف قمر جبکہ چاند تیسرے درجہ پر برج ثور کے ہو اور نحوست سے سالم ہو اور ساعت بھی قمر کی ہو۔ اور لکھنے والا پوری طہارت کے ساتھ ہو۔ اور لکھنے سے پہلے دو رکعتیں ادا کرے ہر رکعت میں سو مرتبہ آیت الکرسی اور سو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر پاکیزہ ہرن کی جھلی پر مربع مذکور کو لکھے۔ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو حفظ فہم عنایت کرے گا۔ اور دونوں عالم میں اس کی قدر بلند ہوگی۔ اگر قیدی اس کو اپنے پاس رکھے قید سے خلاصی ہو۔ اور اگر اس کو نشان پر لگا دشمن سے مقابلہ کرے دشمن بھاگ جائے۔ اور اس نقش کو اپنے بازو پر باندھ کر جس سے لڑے۔ اس پر غالب ہو۔ دال کے عدد چار ہیں اور ۴ در ۴ کی ضرب سے اس کی شکل پیدا ہوتی ہے اور چار ہی عناصر ہیں۔ آگ ہوا۔ پانی۔ مٹی اور چار ہی اخلاط ہیں۔ صفرا۔ بلغم۔ خون۔ سودا۔ پس چار کے عدد میں طبائع اور ان کے اعتدال کی قوت ہے۔ حرف دال اسماء الٰہی میں سے اسم دائم میں ظاہر ہے اور اسم ودود میں بھی مگر اسم دائم میں سب حرفوں میں مقدم اور ان دونوں اسماء شریفہ محمد و احمد میں سب حرفوں سے مؤخر ہے۔ جس سے اشارہ پایا گیا کہ دوام منتہی کا آخر ہے۔ نزاول اور اسم الٰہی دائم میں اس

واسطے دال مقدم ہے کہ دیمومیتہ اولاً و آخراً اسی کے لئے ہے۔ اور اس نے اپنے بندوں کو فنا کے بعد آخرت میں دوام بقا کے ساتھ شریک کیا ہے۔ یہ حرف دال عرش کا حرف ہے۔ کیونکہ عرش کا وجود بدلتا نہیں اور وہ عالم اختراعات میں اول چیز ہے اور وہی عالم ابد ہے۔ اور اسی کی طرف روحوں کا عروج ہوتا ہے اور اسی میں عقلوں کے مرتبے ہیں اور رحمت کے انوار بھی اسی میں ہیں۔ بعض عارفین کو اس عالم عرش کا مکاشفہ اسی طرح سے ہوا ہے جس طرح کہ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ کو ہوا تھا۔ جب کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا کہ اے حارثہ تم نے کس حال میں صبح کی انھوں نے عرض کیا۔ حضور میں نے ایمان کے ساتھ صبح کی۔ (یعنی صبح کو جب میں اٹھا تو میں نے اپنے تئیں مومن دیکھا) حضور نے فرمایا اپنے ایمان کی حقیقت (اور کیفیت) کیا ہے عرض کیا کہ یا رسول اللہ جب میں صبح کو اٹھا۔ تو میں نے اپنے نفس کو دنیا کے سامنے پیش کیا مگر میں نے دیکھا کہ) اس کے نزدیک سونا اور پتھر اور زندہ مردہ اور فقیر اور غنی سب برابر تھے۔ اور گویا کہ میں خدا کا عرش آنکھوں کے سامنے دیکھ رہا ہوں۔ اور لوگ حساب کے واسطے لے جائے جا رہے ہیں۔ اور دوزخ و جنت بھی میرے سامنے ہیں۔ حضور نے فرمایا (اے حارثہ) تم نے پہچان لیا اس کو لازم پکڑے رہو۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب روح پاک حالت میں سوتی ہے تو وہ عرش کے نیچے رات گزارتی ہے۔ حرف دال میں دیمومیت اور بقا کے اسرار ہیں۔ اور اسم وُدُود وُدّ سے ماخوذ ہے اور وُدّ مشترک ہے یعنی اگر ظاہر ہو تو وُدّ کہیں گے اور اگر باطن ہو تو حُبّ کہیں گے اور وُدّ کی ابتداء بھی محبت ہی ہے اور نیز یوں ہی سمجھ لو کہ وُدّ کی دو قسمیں ہیں۔ ظاہر اور باطن۔ ظاہر کا نام وُدّ ہے اور باطن کا نام حُبّ ہے وُدّ کا مسکن قلب ہے اور مقامات قلب میں زیادہ کشف کا یہی مقام ہے۔ اور عشق ایک لطیفہ ہے حُبّ اور وُدّ کے درمیان۔ جس کا مسکن خاص شغف اور حُبّ باطن عشق ہے جس کا مسکن خاص فواد ہے۔ دل کی کیفیت قلب کے اندر تین جوف ہیں۔ یعنی تین خلو ہیں۔ ایک اوپر کی طرف جہاں سے کہ وہ منبسط ہے اس جوف کے اندر ایک نور روشن ہے اور وہی جگہ اسلام کی ہے اور حروف کے معانی یہاں مشکل ہیں اور یہی انسان میں قوت ناطقہ کا محل ہے نفس میں ابھرنے والے ارادہ کی معانی کا (گویائی کے ساتھ) انتظام کرتی ہے۔ دوسرا جوف وسط قلب میں ایک نور روشن فکر و ذکر کا مقام ہے۔ اور یہی اطمینان اور روح کے خیالات کا محل ہے۔ تیسرا جوف آخر قلب میں ہے اور یہ حصہ سارے قلب سے زیادہ نرم اور لطیف ہے اور اس کا نام فواد ہے۔ اور ایمان اور عقل اور نور اور تصرف اور اسرار کی جگہ بھی اسی میں ہے اور یہی عقل کی میزان اور حکمتوں کا منبع اور حیات طبعیہ جو حرارت لطیفہ سے پیدا ہوتی ہے اس کی محبت کا محل ہے اس فواد کی ایک نورانی آنکھ ہے جس سے یہ عالم ملکوت کے حقائق اور عالم علوی کے کلی اور جزوی اسرار اور موازین حقائق کو ادراک کرتا ہے۔ اور یہی فواد انوار و ہیبی اور اسرار علوی کا محل ہے اور اسی چشم بصیرت کی شان میں خداوند تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۔ یعنے بے شک آنکھیں نہیں اندھی ہوتی ہیں بلکہ وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں اور وہ جوف جو قلب کے درمیان میں ہیں اور جو عشق کی جگہ ہے اس کی بھی ایک نورانی آنکھ ہے جس سے وہ طلب و تلاش کا ادراک کرتا ہے اور کسی شئے کی جستجو اور تلاش میں کوشش کو روا نہ کرتا ہے اور

سبب لطافت کے اس حصہ کا تعلق اشخاص سے بہت جلد ہوتا ہے اور اسی حصہ پر عالم ملک اور اس کے متعلق عجائبات مخلوقات الٰہی کا انکشاف ہوتا ہے۔ اور حسن کی خوبیاں حسن پرستوں کو معلوم ہوتی ہیں۔ اور جوف اول کی بھی ایک چشم نورانی ہے جس سے وہ محسوسات کے اسرار اور مرکبات کے اطوار کا ادراک کرتا ہے۔ اور حروف کے حقائق اور ان کے اندر جو اعلیٰ اعلیٰ اسرار اسمائے خداوند تعالیٰ نے پوشیدہ رکھے ہیں۔ ان کو ملاحظہ کرتا ہے اور اسی باعث سے خدا کے بندوں سے اس کو مودت ہوتی ہے۔ کیونکہ خداوند تعالیٰ نے اس پر بڑا انعام کیا ہے۔ کہ اسرار محسوسات اس پر منکشف کر دیئے۔ یہ سب دلوں کی آنکھیں ہیں۔ مگر اختلاف امور میں یہ سب مختلف ہیں (ہماری کتاب) موافقیت البصائر و لطائف السرائر میں یہ بیان گزر چکا ہے۔

اقسام وحی کتاب اللہ میں وحی کی تین روحیں ہیں۔ ایک روح الامین دوسری روح القدس تیسری روح الامر پس روح الامین کی روح قلب کے جوف اول پر دلالت کرتی ہے۔ کیونکہ یہ جوف ایک پردہ ہے نطق اور زبان کے درمیان میں اور کل اقسام وحی والہام میں اس وحی کا بڑا درجہ ہے۔ پھر اس کے بعد روح القدس ہے اور یہ وہ انوار ہیں جو لوح محفوظ سے قلب کے دوسرے جوف پر نازل ہو کر ایمان اور بصیرت فکری کو ثابت کرتے ہیں۔ اور انوار ربانی اور لطائف ایمانی اس پر جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ اور یہی جوف یعنی قلب کا دوسرا مرتبہ یا حصہ نور اقدس کا محل ہے۔ اور سماعت اور عقل بھی اسکے اندر ہیں اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتا ہے۔ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ ۔ بے شک تم (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) نہ مردہ کو (اپنی آواز) سنا سکتے ہو۔ اور نہ بہرے پن کو اپنا پکارنا سنا سکتے ہو۔ یہاں موت سے حسی موت مراد نہیں ہے۔ بلکہ کفر و عصیاں کی موت مراد ہے۔ اور نہ بہرے پن سے کانوں کا بہرہ پن مراد ہے۔ کیونکہ کان تو وہاں موجود تھے۔ بلکہ اس سے وہی سننا مراد ہے جو فواد سے متعلق ہے۔ جو عقل کا مقام ہے۔ اور یہیں روح الامر نازل ہوتی ہے جس کا اشارہ تمکن اور حقیقت جمع کی طرف ہے اور اس تنزیل کے ساتھ محض حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی مخصوص ہیں۔ اس مضمون کو ہم نے اپنی کتاب مواقف الغایات فی اسرار الریاضات میں نہایت شرح کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اس میں دیکھو تمہاری تسلی ہو جائے گی۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اچھے عمل کئے ہیں عنقریب کر دے گا واسطے ان کے رحمٰن مودت یعنی مودت کو بالکلیہ اللہ تعالےٰ ان کے دلوں میں پیدا کر دے گا۔ پس وہ اللہ ہی سے محبت کریں گے۔ کیونکہ ان لوگوں نے اپنے دلوں میں ذکر الٰہی اور قرآن شریف کی کثرت اور مداومت سے خدا کی محبت پیدا کی اور اعمال قلب سے کسی عمل کو ترک نہ کیا اور اپنے نفسوں سے تعلقات اور خواہشات کو اس قدر دور کیا کہ خدا کی محبت ان کو حاصل ہو گئی۔ پس اس وقت ان کی ہر ایک بات حکمت کا کلمہ ہے۔ اور ان کی ہر ایک حرکت درجہ کا بلند ہونا اور ان کی روح حقائق ایمانیہ اور دقائق اسلامیہ اور انوار شرعیہ اور انوار دینیہ سے اس قدر محبت کرتی ہے کہ محبت کے آثار اس روح پر نمایاں ہوتے ہیں۔ اور عالم معاد کو وہ حالت کشف میں ملاحظہ کرتی ہے اور جو نعمتیں اولیاء کے واسطے اور جو عذاب کفار کے واسطے اللہ تعالےٰ نے تیار کئے ہیں سب اس روح کے پیش نظر ہو جاتے ہیں۔ تب یہ اور زیادہ محبت الٰہی کی طرف

راغب ہوتی۔ اور شوق و ذوق اس کا بے حد بڑھ جاتا ہے۔ اور اس کی عقل مصنوعات الہی اور اسرار آیات میں زیادہ فکر کرتی ہے۔ پھر جوں جوں یہ محبت بڑھتی جاتی ہے اس کے ماسوا جو جو تعلقات ہیں۔ وہ متروک ہوتے جاتے ہیں۔ اور اس محبت کے سبب سے اس کے ہر ایک حکم کو بجا لاتا ہے اور یہ سمجھتا ہے۔ کہ جو کچھ اس نے حکم فرمایا ہے۔ وہ خیر اور نفع کا ہے۔ پھر قلب جب محبت کی طرف نظر کرتا ہے۔ تو عجائب ملکوت اس کے سامنے نظر آتے ہیں۔ اور وحی الہامی کے خطاب اور حقائق علوی سے مشرف ہوتا ہے۔

۲ مدیم بر سر مطلب۔ حرف دال کے فوائد کا بیان۔ جو شخص حرف دال کو ۳۵ مرتبہ جو اس کے عدد ہیں بشکل مربع میں حریر سفید پر اس وقت لکھے۔ جب قمر اپنے خانہ میں مشتری سے محفوظ ہو۔ اور ارد گرد مربع کے ۳۵ دفعہ حرف دال لکھے اور اسی وقت اس کو انگوٹھی کے اندر رکھ کر با طہارت پہنے اور چاہیئے کہ یہ شخص روزہ دار بھی ہو اور صفا باطن بھی رکھتا ہو۔ پس اس عمل کی برکت سے اللہ تعالی ابواب رزق اور خیرات کشادہ کریگا اور جو شخص اسم دائم کا ذکر جاری رکھے گا اسکو بھی یہ بات نصیب ہوگی اسم دائم اور دال کے بہت خواص ہم نے اپنی کتاب علم الہدی و اسرار الاہتدا ئیں حمد کے اندر بیان کئے ہیں۔ اگر چاہو تو اس میں تلاش کرو۔

جو شخص یہ نقش اس طور سے حریر زرد پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بہت کچھ اس کو حاصل ہو مگر لکھنا اس وقت چاہیئے جبکہ قمر خانہ سرطان یا خانہ مشتری میں مگر مشتری سے محفوظ ہو اور اس وقت کچھ خوشبو بھی روشن کرنی چاہیئے۔

نقش یہ ہے

شوق عبادت بعض بزرگان

یہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور احمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بعد نماز جمعہ ۳۵ مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالی اسکو توفیق عبادت اور ہر کام میں برکت عنایت کرے گا۔ اور خطرات شیطانی سے اس کو محفوظ رکھے گا۔ اور اگر دونوں مبارک ناموں احمد اور محمد کو دیکھتا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال پاک دل میں جمائے ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اور درود شریف کا ورد رکھے اللہ تعالی اسباب طاعت وسعادت اس شخص کو نصیب فرمائے گا۔ مگر اس کا اثر خلوص نیت اور

صفا باطن کے ساتھ ہے۔ اور یہ ایک نہایت لطیف اسرار ہے (دیکھنا چاہیئے) کہ یہ حرف دال کیسا مبارک حرف ہے جس سے یہ دونوں مبارک اور معظم اسم یعنی احمد اور محمد کامل ہوئے ہیں۔

دشمن سے حفاظت اگر کوئی حرف دال کی شکل عددی کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالےٰ دشمنان ایذا رساں سے اس کو محفوظ رکھے۔ وہ دشمن چاہے انسان ہوں یا جنات وغیرہ اور اس کو لکھ کر پلاتا بخار کو بہت نفع کرتا ہے۔ اور بچھو وغیرہ زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے کو پلانا بھی مفید ہے صورت اس نقش کی یہ ہے۔ اور شکل حرفی اس کی یہ ہے اس نقش کی خاصیت یہ ہے۔ کہ یہ نسیان کو دور کر کے فہم اور عقل کو تیز کرتا ہے بشرطیکہ بینہ کے پانی سے دھو کر شہد خالص ملا کر پلیتا رہے اور بلینہ

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۲

د	ید	یہ	ا
ط	ز	و	یب
ھ	یا	ی	ح
یو	ب	ح	یج

کی شکایت کو بھی دور کرتا ہے۔ اور اگر اس نقش کو تانبے کے پترے پر کندہ کرے جب کہ قمر عقرب میں ہو۔ اور مریخ اس کی طرف نظر عداوت رکھتا ہو۔ پھر اس پترے کو آگ میں گرم کر کے پانی میں بجھا کر جس کو بچھو نے کاٹا ہو پلا دے تو بہت جلد آرام ہو۔

اسرار مربع شکل مربع مجموعہ ہے چار الفوں کا اور چار اسرار ہیں عقل اور روح اور نفس اور قلب کے اور الف کا عدد ایک ہے پس جب چار کو چار میں ضرب دیا تو سولہ ہوئے۔ اور یہی انتہا عدد تفصیلی ہے۔ کیونکہ عرش اور کرسی اور سات آسمان اور سات زمینیں سولہ ہوئے۔ اور یہی اس شکل کے خانہ ہیں۔ اور پھر اس عدد یعنی سولہ[16] کے نیچے چودہ کا شفع (یعنی زوج) ہے اور ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں مل کر چودہ ہیں اور پھر اس کے نیچے بارہ[12] کا شفع ہے اور برج بارہ ہیں۔ پھر اسکے نیچے آٹھ کا شفع ہے اور حاملان عرش آٹھ ہیں اور پھر اس کے نیچے چھ کا شفع ہے اور جہات چھ ہیں۔ یعنے اوپر نیچے آگے پیچھے دائیں بائیں۔ پھر اس کے نیچے چار کا شفع ہے۔ اور انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین چار ہیں۔ پھر اس کے نیچے دو کا شفع ہے اور شہادتین دو ہیں۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ پس یہ سات شفع ہیں اور وتر (یعنی طاق) اس میں ایک پندرہ کا ہے۔ کرسی اور سات آسمان اور ساتوں زمینیں مل کر پندرہ ہیں۔ اور تیرہ کا وتر ہے اور لوح اور قلم اور صور اور روح القدس اور عرش اور کرسی اور ساتوں آسمان یہ سب تیرہ ہیں۔ اور گیارہ کا وتر ہے۔ اور پانچوں حواس انسانی یعنے سننا۔ دیکھنا اور سونگھنا اور چکھنا اور چھونا اور چھ جہات یعنے اوپر نیچے آگے پیچھے دائیں بائیں گیارہ ہیں۔ اور نو کا وتر ہے۔ اور ذات انسان آٹھوں طبیعتیں اس کی یعنی حرارت۔ برودت رطوبت۔ یبوست اور صفرا بلغم خون اور سودا یہ سب نو ہیں۔ صفرا گرم خشک ہے اور ہوا گرم تر ہے۔ اور یہی خون کی طبیعت ہے۔ اور بلغم کی طبیعت سرد تر ہے۔ اور سودا سرد خشک ہے۔ پس یہ آٹھ متفاصلہ ہیں۔ اور دیگر وتر اس عدد

میں سات کا ہے اور افلاک بھی سات ہیں۔ فلک زحل فلک مشتری فلک مریخ فلک شمس فلک زہرہ فلک عطارد فلک قمر اور دن بھی سات ہیں۔ اور زمینیں اور آسمان بھی سات ہیں۔ غرضیکہ ہر ایک مسبع چیز اس کے اندر ہے۔ پھر اس کے بعد پانچ کا وتر ہے۔ اور وہ پانچ نمازیں ہیں۔ پھر اس کے بعد تین کا وتر ہے۔ اور وہ تین دار ہیں۔ دار دنیا دار برزخ دار آخرت پھر اس کے بعد ایک کا وتر ہے۔ اور وہ عقل ہے۔ پس سولہ کے عدد میں آٹھ شفع اور آٹھ وتر ہیں۔ اور ہر شفع ہر وتر سے ملتا ہے۔ اور ہر وتر ہر شفع سے ملتا ہے۔ مثال اس کی ایک اور ایک دو ہوئے تین اور تین چھ ہوئے۔ تین وتر ہے اور چھ شفع ہے۔ اور اسی طرح تتبع خیال کرو۔ اور اس حرف دال کی شکل عددی قلم طبیعی کے ساتھ جس کو ہندی بھی کہتے ہیں جس کا بیان آگے آتا ہے۔ اسرار عجیبہ رکھتی ہے۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ نقش کے خانے بنا کر بجائے ہندسوں کے حساب ابجد سے ان کے حروف لکھے۔ اور جب اس کا عمل کرنا چاہے۔ تو دو ہفتہ روزہ رکھے اور سوائے روکھی روٹی کے کچھ نہ کھائے۔ اور رات دن ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔ کمال طہارت اور ریاضت کے ساتھ پھر جست کا ایک صاف اور چوکور ٹکڑا لے کر اس شکل ہندی کو اس پر نقش کرے اور نقش کرنے سے پہلے قبلہ رو ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے جس میں بعد سورۂ فاتحہ کے ایک بار آیت الکرسی اور سو بار سورۂ اخلاص پڑھے جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں جبکہ قمر مشتری اور شمس سے محفوظ ہو۔ اور طالع وقت برج جوزا ہو۔ اور مصطگی اور صندل سفید ہر جمعرات کو روشن کرتا رہے۔ پھر جو شخص اپنے پاس رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے دینی اور دنیاوی کام آسان کرے گا۔ اور اعمال [illegible] کی اس کو توفیق دے گا اور رزق کے اسباب اس کے واسطے مہیا کرے گا۔ اور ہر چیز میں اس کو برکت دے گا۔ اور جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنی دکان یا صندوق میں رکھے گا۔ اس کے مال اور رزق میں برکت ہوگی۔ برکت کے متعلق اس کے خواص کا بیان آگے بھی آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور اگر کوئی ہرن کی جھلی پر اس نقش کو جمعرات کے روز طلوع آفتاب کے وقت اپنے پاس رکھے چوروں اور قزاقوں کے شر و فساد اور ہر ایک طرح کی برائی سے محفوظ رہے۔

اسرارِ اعداد

اب میں عنقریب تم کو اعداد کے اسرار سے واقف کرتا ہوں۔ اور جو خواص اللہ تعالیٰ نے ان کے اندر پیدا کئے ہیں۔ اور ان کے منافع اور نقصانات سب تم کو بتلاتا ہوں۔ اور ان کی تصریفوں سے بھی آگاہ کرتا ہوں اور ان حروف معجمہ کے اسرار جو کتاب اللہ کی پہلی اٹھائیس کے اول میں ہیں۔ وہ بھی بیان کروں گا جن کو بجز مخصوص اولیاء اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اسماء الٰہی اور اسم اعظم کے اسرار جیسے میں نے اس کتاب میں بیان کئے ہیں اور کسی کتاب میں تم کو دستیاب نہ ہوں گے جو شخص ان کو پڑھے گا اور رکھے گا اس کو نفع حاصل ہوگا۔ صورت اس نقش کی یہ ہے۔ اس شکل کے ان حروف سے اب ج د ہ و ز ح ط ی دسواں حرف ی زیادہ کر کے نہایت عظیم النفع دعا بنائی گئی ہے اور وہ یہ ہے ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ يَا هُوَ يَا وَاحِدُ

د	ید	یہ	۲
ط	د	و	یب
ک	ط	ی	ج
یو	ب	ج	یج

يَا اَحَدُ يَا هَادِیُ يَا بَرُّ يَا بَارِیُ يَا بَصِيْرُ يَا بَدِيْعُ يَا بَاسِطُ يَا بَاقِیُ يَاجَلِيْلُ يَادَائِمُ يَا وَارِثُ يَا وَدُوْدُ يَاحَیُّ يَاحَكِيْمُ يَاحَقُّ يَا حَلِيْمُ يَا ظَاهِرُ يَا مُظْهِرُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاقْضِ حَاجَتِیْ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اور چونکہ پہلے یہ بیان گزر چکا ہے۔ کہ اٹھائیس[۲۸] حروف اٹھائیس[۲۸] منازل قمر کے اعداد کے موافق ہیں جن میں سے چودہ منزلیں زمین کے اوپر اور چودہ زمین کے نیچے رہتی ہیں۔ اور جب پہلی منزل زمین کے نیچے جانی شروع ہوتی ہیں تو پندرھویں منزل اوپر آنی شروع ہوتی ہے۔ اسی طرح ہمیشہ کرتا ہے۔ پس اسی باعث سے پندرہ حروف منقوطہ یعنے نقطہ والے اور چودہ غیر منقوطہ یعنی بغیر نقطہ کے ہیں ب ت ث ج خ ذ ز ش ض ظ غ ف ق ن ي اور ا ح د ر س ص ط ع ک ل م ہ و لا اور یہ بھی معلوم ہو کہ حروف منقوطہ منحوس منازل کے اور غیر منقوطہ سعد منازل کے ہیں۔ اور جس حرف پر ایک نقطہ ہے وہ سعادت سے زیادہ قریب ہے۔ اور جس پر دو نقطے ہیں۔ وہ متوسط ہیں۔ جن پر تین نقطے ہیں۔ وہ نحس اکبر ہے۔ جیسے ش اور ث اور یہ بھی معلوم ہو قمر منزل کی صورت جدا گانہ ہے۔ ایک، دوسرے سے نہیں ملتی۔ اور چاند اور سورج دونوں گول ہیں۔ اور اس میں ایک ایسا لطیف راز ہے جس کو ظاہر نہیں کر سکتے۔ کیونکہ ربوبیت کے راز کا ظاہر کرنا کفر ہے۔ جب قمر منزل نطح میں آتا ہے۔ تو اس سے عجیب اشارات ظاہر ہوتے ہیں۔ جن کا بیان نہایت طویل ہے۔ مگر تھوڑا سا ہم آگے بیان کریں گے۔ دیواروں کے بھی کان ہیں۔ اس واسطے یہاں خاموش ہی رہنا بہتر ہے پس جو جو اشارے میں نے یہاں نظر کئے ہیں۔ انہیں کو خوب سمجھ لو۔

۲۔ کسر اور بسط اور وقت اور ساعت میں اعمال کی ترکیب :

خدا ہم کو اور تم کو اپنی طاعت اور اپنے اسماء کے اسرار سمجھنے کی توفیق نصیب فرمائے۔

تم کو معلوم ہو کہ شمس قمر کا ذکر خداوند تعالیٰ نے اپنی بزرگ و محترم کتاب یعنے قرآن شریف میں جا بجا فرمایا ہے۔ چنانچہ ایک آیت میں وارد ہے۔ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ؕ یعنے چاند اور سورج دونوں آسمان میں چلتے ہیں: اس کی تفصیل یہ ہے۔ کہ جب قمر منزل نطح میں نزول کرتا ہے۔ تب حرف اس کا الف ہوتا ہے۔ اور الف کے اسرار اس سے ظاہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ جس وقت اس نے منزل مذکورہ ظہور کیا اسی وقت وہاں سے الف کی روحانیت تجلی کرتی ہے۔ اور اجزا عالم میں غضب اور غصہ کا ظہور ہوتا ہے۔ خاص کر ائمت اور بڑے بڑے لوگوں میں زیادہ ہر ایک اپنی حیثیت اور رتبہ کے موافق اپنے دل میں غصہ اور قہر کا اثر محسوس کرتا ہے۔ اگر تم اس کا خیال کر کے دیکھو گے۔ تو تم کو معلوم ہو جائے گا۔ اس ساعت میں انسان کو لازم ہے

---

[۵] اے اللہ میں تجھ سے تیرے کل اسماء حسنیٰ کی طفیل سے مانگتا ہوں جو مجھ کو معلوم ہیں اور جو مجھ کو معلوم نہیں ہیں، اے ذات پاک اے وحدہ اے احد اے ہدایت کرنے والے اے نیکی کی توفیق دینے والے اے پیدا کرنیوالے اے دیکھنے والے اے عجائبات کے بنانے والے اے رزق کے کشادہ کرنے والے اے باقی رہنے والے اے بزرگ ہمیشہ رہنے والے اے وارث اے مخلوق سے محبت کرنے والے اے زندہ اے حکمت والے اے ظاہر اے ظاہر کرنے والے۔ میری دعا کو قبول کر اور میری حاجت کو پورا کر اے تمام عالم کے پرورش کرنے والے۔

کہ سکون اور اطمینان اختیار کرے اور طہارت کے ساتھ ذکر الٰہی یا دعا وغیرہ میں اس کو گزار دے کیونکہ بعض اوقات اس ساعت میں طبیعت نہایت مکدر ہوتی ہے۔ اور انسان کو اس کا کوئی سبب معلوم نہیں ہوتا بلکہ اس تکدر سے تعجب کرتا ہے اس کا باعث یہ ہے کہ الف اعداد اور حروف میں پہلا مرتبہ رکھتا ہے۔ اور کوئی حرف اس کے برابر نہیں ہے۔ پس اسی سبب سے عالم سفلی میں بے چینی واقع ہوتی ہے۔

اسی ساعت میں جب تم کسی دنیادار ظالم یا متکبر کو بے چین کرنا چاہو تو کر سکتے ہو کیونکہ حرف الف گرم خشک ہے اور سرخ رنگ۔ اور سرخ رنگ گرم خشک نار کی طبیعت رکھتا ہے۔ اور نار جلانے والی حبس کرنے والی ہے جب تم گرم و خشک اسماء کے ساتھ بددعا کرو گے جس وقت کہ قمر منزل نطح میں افق شرقی پر طالع ہوگا۔ تو عمل مذکورہ صحیح ہوگا۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص حرف الف کو ایک سو گیارہ مرتبہ سرخ تانبہ یا لوہے کے پترے یا ٹھیکری پر اس شخص کے نام کے ساتھ جس کا بے چین کرنا مقصود ہے۔ لکھ کر اعداد اسی موافق دھونی دے کر اس کے گھر میں دفن کرے گا۔ اور ان اسماء کو ایک سو گیارہ مرتبہ الف کے اعداد کے موافق پڑھے گا۔ تو کام پورا ہو جائے گا۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ جس شخص پر عمل کرنا منظور ہے۔ اسی کے نام کے حروف کو بسط کر کے دیکھے کہ ان میں کون سی طبیعت غالب ہے۔ یعنی حرارت یا یبوست یا رطوبت یا برودت۔ پھر جو حروف حار یابس اس میں سے دستیاب ہوں۔ ان کو الگ کر کے مریخ اور نطح اور قمر کے حروف ان میں اضافہ کرے۔ اور ان حروف سے اسم الٰہی بنا کر اس کے ساتھ اپنی پوری ہمت کو اس کے مقصود کرنے کی طرف متوجہ کر کے دعا بدکرے۔ کامیاب ہوگا۔ مثال آگے یہ ہے کہ زید چاہتا ہے۔ کہ عمر برباد ہو۔ عمر کو اس طرح بسط کیا۔ ع ی ن م ی م ر ا ر ی خ ن ط ح ق م (یہ سب چودہ حروف ہیں) چاروں قسم کے آتشی بادی۔ آبی۔ خاکی۔ آبی یہ تین حروف ہیں۔ ی ی ن۔ اور آتشی چار حرف ہیں۔ م م م ط اور بادی صرف ایک حرف ق ہے۔ اور خاکی چھ حروف ہیں۔ خ ع ر ر ح ح۔ اب غالب ان میں حرارت۔ یبوست کے حروف ہیں۔ (یعنی خاکی اور آتشی) پس ان کے اسماء الٰہی سے یہ عزیمت تیار ہوئی:۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکَ

یَا سَمْسَائِیْلُ بِالَّذِیْ خَلَقَکَ فَسَوَّاکَ وَجَعَلَکَ نُوْرًا فِیْ فَلَکِہٖ اِلَّا مَا کُنْتَ عَذَّبْتَ سَلِّطْتُکَ عَلٰی فُلَانٍ وَعَدُوِّیْ نَالِیْ فِیْمَا اُرِیْدُ مِنَ الْاِنْتِقَامِ مِنْ کَذَا وَکَذَا وَفَسَدَ حَوَاسِہٖ وَتَمْتَزِجُ بِحَرَارَۃِ الْمَرِّیْخِ فِیْ حَرَارَۃِ طَبْعِہٖ وَتُحِیْطُ بِہٖ حَرَارَۃُ النَّارِ بِتَمَعٍ اَوْ مَالِہٖ وَتَنْبِسُ بِہَا بَاطِنَہٗ وَتَلْبِدُ زِمَامَہٗ عَقْلَہٗ وَتَتْرُکُ عَلَیْہِ مَلٰٓئِکَۃَ الْعَذَابِ وَنَارَ الْمَرِّیْخِ وَتَحْرِقُ النِّیْرَانِ وَالصُّدَاعِ وَسَائِرَ الْاَوْجَاعِ بِحَقِّ الْمَرِّیْخِ وَمَا فِیْہِ مِنْ نَحْسٍ وَنَارٍ بِحَقِّ مَنْزِلَتِکَ الْعَالِیَۃِ الْمِقْدَارِ الْسِّیَۃِ الْحَرِّ الْمُسْتَمِدَّۃِ مِنَ الظُّلْمَۃِ الطَّاغِیْنَ وَالْبَاغِیْنَ وَاَرْسِلْ اِلَیْہِ رُوْحَانِیَّۃَ ھٰذَا الْجَبَّارِ الطَّاغِی الْمُتَکَبِّرِ الْبَاغِیْ وَاَسْکِنُوْا فِیْ جِسْمِہٖ مِنْ عَذَابِ الْاَسْقَامِ وَسَلِّطُوْا عَلٰی بَاطِنِہِ الْقَسْرَ وَالْغَضَبَ وَالْاِنْتِقَامَ فَاِنِّیْ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِالْقَوِیِّ الْمُحِیْطِ الظَّاہِرِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ النُّوْرِ الْمُؤْمِنِ الْمُقَدِّمِ الْمُؤَخِّرِ مُفِیْضِ الْاَنْوَارِ وَمُعْطِی الْاَسْرَارِ وَبِحَقِّ النَّارِ وَالشَّرَارِ وَالْکَوْکَبِ الْاَحْمَرِ وَبِحَقِّ اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَہَّارِ اَجِیْبُوْا طَائِعِیْنَ لِاَسْمَاءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

منازل قمر اٹھائیس منازل قمر ہیں سے پہلی منزل شرطین ہے۔ اور حرف اس کا الف ہے۔ اور موفق اس کا ہوائی اور ستارہ مریخ ہے۔ خادم اس کے احمر نام ہے۔ حرف اس کا قوی الفعل ہے۔ جب اس کا اس کے اندر ضرب دو۔ تو مطیع ہو جاتا ہے۔ اور یہ حرف (الف) نہایت آحاد ہے۔ اور تمام حروف کی تصریف میں یہ حرف بڑی قوت رکھتا ہے۔ بلکہ بمنزلہ ان کے باپ کے ہے۔

اکسیر برائے محبت اس کے خواص محبت کے واسطے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔ نیک ساعت میں اسکو لکھنا چاہیے مگر اس شخص کا نام جس پر عمل کرنا چاہتے ہو اس کے وفق کے حروف میں ملا کر عمل کروگے تو بہت زود اثر ہوگا

عزیمت اس کی یہ ہے۔ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا سَمْنَبِيلُ وَخَدَمَتِكَ وَاَعْوَانِكَ مِنَ الْعُلْوِيَّةِ وَالسُّفْلِيَّةِ وَخُدَّامِ حَرْفِ الْاَلِفِ جَمِيْعًا اِلَّا مَاسَمِعْتُمْ وَاَطَعْتُمْ وَهَيَّجْتُمْ كَذَا وَكَذَا وَبِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكُمْ وَبِحَقِّ حَرْفِ الْاَلِفِ وَمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ مِنَ الْاَسْرَارِ الَّتِيْ لَايَطَّلِعُ عَلَيْهَا اَحَدٌ اِلَّا الْعَارِفُوْنَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَبِحَقِّ اَبْجَدْ وَمَا فِيْهَا مِنَ الْخَوَاصِّ اِلَّا مَا اَجَبْتُمْ بِالطَّاعَةِ كَمَا دَعَوْتُكُمْ اِلَيْهِ وَبِمَا اَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكُمْ۔

اس کے نقش کی صورت یہ ہے:۔ ....

(حواشی صفحہ نمبر ۱۲) لے سمائیل میں تجھ کو اس ذات پاک کی قسم دیتا ہوں جس نے تجھ کو پیدا کر کے قائم کیا ہے اور تجھ کو اپنے آسمان کا ایک نور بنایا ہے یہ کہ تو میرا حامی ہو میں تجھ کو فلاں شخص پر مسلط کرتا ہوں۔ تو میرا مددگار بن جس کام کا میں ارادہ کرتا ہوں۔ انتقام لینے سے اس طرح کہ تو اسکے حواس کو کم کر اور مریخ کی گرمی اسکی طبیعت میں ڈالدے اور آگ کا شعلہ اسکے اندر ڈال کر اسکے اوصال کو جڑ سے اکھیڑ دے اور اسکے پیٹ اور دل کو قبض کرے اور اسکی عقل کو تلف کر دے اور عذاب کے فرشتے اور مریخ کی آگ کی اس پر چھوڑ دے اور شورش اور درد اور کل اقسام کے دکھ درد میں اسکو مبتلا کر کے مریخ اور اسکی نحوست اور آتش کی طفیل سے اور منزلت عالی گرم خشک کے صدقہ سے جو ظالموں اور سرکشوں اور باغیوں سے انتقام لیتی ہے اور اس جابر سرکش اور باغی کی روح کو بھیج (اے عذاب کے موکلات) اور اسکے جسم میں طرح طرح کے عذاب اور انتقام کو سامنے کرو۔ میں تم کو زبردست حافظہ کرنیوالے حی قیوم روشن کرنیوالے امن دینے والے آگے اور پیچھے کرنیوالے انوار کا فیض پہنچانیوالے اور اسرار عنایت کرنیوالے کی قسم دیتا ہوں اور نار اور شرار اور سرخ ستارہ کا واسطہ دیتا ہوں اور خدائے واحد قہار کا واسطہ دیتا ہوں کہ اسماء رب العالمین کی اطاعت کرو ۱۲ (حواشی صفحہ نمبر ۱۳) لے میں قسم دیتا ہوں تجھ کو اے سمائیل اور تیرے کل خدمتگاروں علوی اور سفلی کو اور حرف الف کے سب خادموں کو کہ جو میں کہتا ہوں اسکو سنو اور اطاعت کرو۔ اس قسم کے واسطے جو میں نے تم کو دی اور حرف اور جو کچھ (باقی بر صفحہ آئندہ)

(باقی بر صفحہ آئندہ)

اور اسی قاعدہ سے ہر ایک طرح کا عمل تم بنا سکتے ہو۔ اور حرف الف کی دعوت یہ ہے۔ عدد مذکورہ ایک سو گیارہ مرتبہ اس کو پڑھنا چاہیئے۔ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهٗ يَآ اِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِيْعِ جَلَالُهٗ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اور اگر اعمال شر و فساد کا ارادہ ہے تو ترکیب مذکورہ کے موافق عمل کرے کامیاب ہوگا۔

۲۔ بطین | دوسری منزل بطین ہے حرف اس کا بے ہے جب قمر اس منزل میں نازل ہوتا ہے حکم الٰہی سے ایک روحانی قوت اس سے نکل کر غضب و غصہ کی اصلاح کرتی ہے۔ بڑے لوگوں اور رؤساؤں اور بادشاہوں کے دلوں میں حرکت اور کشادگی پیدا ہوتی ہے کیونکہ یہ منزل برج حمل میں ہے۔ اسی برج کے انیسویں درجہ پر چوتھی اپریل کو جب آفتاب پہنچتا ہے۔ تو اس کو شرف ہوتا ہے اور آفتاب کا مزاج گرم خشک ہے۔ اسی سبب سے اس کے شرف میں قبول اور تسخیر بادشاہوں کے پاس جانے اور ان سے مقصد کے حاصل ہونے کے واسطے اعمال کئے جاتے ہیں۔ کیونکہ اس ساعت کے اعمال محبت و تسخیر اور اعمال کیمیا کے واسطے نہایت زود اثر ہوتے ہیں۔

۳۔ ثریا | تیسری منزل ثریا ہے اور حرف اس کا جیم ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔ تو اس میں ایک روحانیت حرارت اور برودت اور رطوبت کے ساتھ آمیختہ پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ روحانیت درمیانی درجہ کی سفر ہے۔ سفر کرنے اور شریفوں سے ملاقات کرنے اور حکام و اہل حجا اور اہل قلم سے فائدہ حاصل کرنے کے واسطے اچھی ہے کیونکہ ثریا میں بہت ستاروں کا اجتماع ہے۔ اور اسی باعث سے ان کاموں کے واسطے یہ بہت مفید ہے۔ اس کے شرف میں ایک وفق عظیم المنفعت تیار کیا جاتا ہے۔ اور یہ وہی وفق ہے۔ جس کی بدولت جعفر برمکی نے ہارون الرشید سے ایسا تقرب حاصل کیا تھا۔ کہ درجہ وزارت کو پہنچا تھا۔ جو شخص اس وفق کو اپنے پاس رکھے۔ اور پھر بادشاہوں کے پاس جائے تو جو کچھ مراد رکھتا ہو حاصل ہوگی۔ اور کوئی خلل انداز اس میں خلل نہ ڈال سکے گا۔

۴۔ دُبران | چوتھی منزل دبران ہے اور حرف اس کا دال ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو ایک روحانیت نہایت ردی اور خراب اس سے ظاہر ہوتی ہے۔ اسی کے مناسب فساد وغیرہ کے اعمال اس میں پڑتے ہیں۔

۵۔ ہقعہ | پانچویں منزل ہقعہ ہے۔ حرف اس کا ہاء ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو متوسط درجہ کی روحانیت اس سے پیدا ہوتی ہے۔ اسی سبب سے خیر و شر دونوں کے اعمال اس میں مناسب ہیں۔

۶۔ ہُنعہ | چھٹی منزل ہنعہ ہے اور حرف اس کا واو ہے۔ یہ منزل نہایت سعید یعنی نیک ہے۔ محبت اور صلح اور

(حواشی صفحہ بقیہ ۱۳) اسرار اللہ نے اس کے اندر رکھے ہیں۔ جن کو سوائے عارفوں کے اور کوئی نہیں جانتا۔ ان کے واسطے اور ابجد اور اس کے خواص جو اس میں ہیں۔ ان کے واسطے تم کو چاہیئے۔ کہ میری اطاعت کرو۔ جو کچھ میں تم سے کہوں اور جو کچھ ہیں تم کو قسم دوں ۱۲

لہ پاک ہے تجھ کو تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے رب ہر چیز کے اور اس کے وارث اے بادشاہوں کے بادشاہ۔ بڑے جلال والے اے زندہ اور قائم رہنے والے آسمان و زمین کے بے مثل پیدا کرنے والے ۱۲

دور شدہ آدمیوں کے جمع کرنے کے واسطے بہت اچھی ہے۔ کیونکہ اس سے جو روحانیت نازل ہوتی ہے وہ امراض کے علاج اور نیکی اور صلاحیت کے کاموں میں بہت مدد کرتی ہے۔

۷۔ذراع | ساتویں منزل ذراع ہے۔ اور حرف اس کا زاء ہے۔ جب قمر اس میں آتا ہے۔ تو اس سے روحانیت نازل ہو کر علاج امراض کی مدد کرتی ہے۔ اور جو شخص اس وقت ذکر الٰہی میں مشغول ہو تو عالم ملکوت کا اس پر انکشاف بھی ہوتا ہے معتکفین اور طالبان حقیقت کے واسطے نہایت بکار آمد ہے۔ اور کل نیک کاموں کے واسطے عمدہ ہے۔

۸۔نثرہ | آٹھویں منزل نثرہ ہے۔ اور حرف اس کا حاء ہے۔ اس میں جب قمر نازل ہوتا ہے تو اس سے ایک روحانیت فساد کی مددگار پیدا ہوتی ہے

۹۔طرفہ | نویں منزل طرفہ ہے۔ جس کا حرف طاء ہے۔ اس میں جب قمر حلول کرتا ہے تو اس میں سے ایک روحانیت نہایت ردی پیدا ہوتی ہے۔ نیک اعمال اس میں بہتر نہیں ہیں۔

۱۰۔جبہہ | دسویں منزل جبہہ ہے اور حرف اس کا یاء ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو اس سے متوسط درجہ کی خیر و شر کے درمیان میں روحانیت پیدا ہوتی ہے اور ایسے ہی اعمال کے واسطے یہ مفید ہے۔

۱۱۔زبرہ | گیارھویں منزل زبرہ ہے اور حرف اس کا کاف ہے۔ جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو اس سے پیداوار غلہ اور رزق اور طلب حاجات کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ اسی کے موافق اعمال اس میں کرنے چاہئیں۔

۱۲۔صرفہ | بارھویں منزل صرفہ ہے اور حرف اس کا لام ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو درمیانی درجہ کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ ایسے اعمال اس کے موافق ہیں۔

۱۳۔عوا | تیرھویں منزل عوا ہے اور حرف اس کا میم ہے جب قمر اس میں نزول کرے تو سوائے سفر دریا کے اور کوئی کام نہ کرنا چاہیئے کیونکہ اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

۱۴۔سماک | چودھویں منزل سماک ہے اور حرف اس کا نون ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو اس سے ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے جو بالکل اعمال خیر کی مدد نہیں کرتی۔ لہٰذا کوئی امر نیک اس میں نہ کرنا چاہیئے۔

۱۵۔غفر | پندرھویں منزل غفر ہے اور حرف اس کا سین ہے۔ جب اس میں نازل ہوتا ہے تو اس سے بہت نیک روحانیت پیدا ہوتی ہے اس واسطے اس میں سب نیک اعمال دینی اور دنیوی کرنے بہتر ہیں۔

۱۶۔زبانا | سولھویں منزل زبانا ہے اور حرف اس کا عین ہے۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

۱۷۔اکلیل | سترھویں منزل اکلیل ہے اور حرف اس کا فاء ہے جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو اس سے ایسی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔ جو دینی کاموں کے واسطے بہتر نہیں ہے۔ ہاں دنیاوی کام کرو فائدہ ہوگا۔

۱۸- قلب | اٹھارھویں منزل قلب ہے اور حرف اس کا صاد ہے ۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو نیک اعمال کی مددگار روحانیت پیدا ہوتی ہے ۔ اس واسطے اس میں ہر ایک نیک کام کرنا بہتر ہے ۔

۱۹- شولہ | انیسویں منزل شولہ ہے ۔ اور حرف اس کا قاف ہے ۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو ممتزج روحانیت اس سے پیدا ہوتی ہے ۔ لہٰذا اس وقت میں کوئی نیک کام کرنا مناسب نہیں ۔

۲۰- نعائم | بیسویں منزل نعائم ہے اور حرف اس کا لا ہے جب قمر اس میں آتا ہے تو فرح اور خوشی کی روحانیت اس سے ظاہر ہو کر دلوں کو پاک صاف کرتی ہے ۔ اور دینی اور دنیاوی کام سب اس میں عمدہ ہیں ۔

۲۱- بلدہ | اکیسویں منزل بلدہ ہے اور حرف اس کا شین ہے جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے نہ کسی کام کو نفع پہنچاتی ہے نہ نقصان ۔ اور دنیاوی کام کے واسطے بہتر نہیں ہے ۔

۲۲- سعد | بائیسویں منزل سعد ذابح ہے اور حرف اس کا تا ہے ۔ جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو اس سے ممتزج روحانیت پیدا ہوتی ہے ۔ اور نحس و حرکت سے اس وقت میں نہ نفع ہے نہ نقصان ۔

۲۳- بلع | تئیسویں منزل سعد بلع ہے اور حرف اس کا ثا ہے ۔ اس میں جب قمر نازل ہوتا ہے تو اس سے معتدل المزاج کی روحانیت نزول کرتی ہے کل نیک کام اس میں کرتے بہتر ہیں ۔

۲۴- سعد السعود | چوبیسویں منزل سعد السعود ہے ۔ اور حرف اس کا خا ہے ۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو نہایت نیک اور معتدل طبع نیک اعمال کی معین اور مددگار روحانیت نازل ہوتی ہے ۔ اس واسطے ہر ایک اچھا کام اسمیں کرنا مناسب ہے ۔

۲۵- سعد الاخبیہ | پچیسویں منزل سعد الاخبیہ ہے اور حرف اس کا ذال ہے اس میں بھی نیک روحانیت نازل ہوتی ہے اس لئے جو نیک اعمال چاہو کرو ۔

۲۶- فرع المقدم | چھبیسویں منزل فرع المقدم ہے اور حرف اس کا ضاد ہے جب قمر اس میں آتا ہے تو اس سے بھی نیک اعمال کی مددگار روحانیت پیدا ہوتی ۔ اس واسطے ہر ایک نیک کام اس میں بھی کر سکتے ہیں ۔

۲۷- فرع المؤخر | ستائیسویں منزل فرع المؤخر ہے ۔ اور حرف اس کا ظا ہے ۔ جب قمر اس میں آتا ہے تو ممتزج روحانیت اس سے پیدا ہوتی ہے ۔ اس واسطے اس وقت میں خاموشی بہتر ہے ۔

۲۸- اشا | اٹھائیسویں منزل اشا ہے ۔ اور حرف اس کا غین ہے ۔ جب قمر اس میں آتا ہے ۔ تو اس سے بہت نیک اور پاکیزہ روحانیت طلب علم اور اجابت دعا کی مددگار نازل ہوتی ہے اور اس کے وقت بس ہر نیک کام پورا ہوتا ہے ۔

اب آپ کو معلوم ہو گیا کہ حروف میں اللہ تعالےٰ نے کیا کیا خواص رکھے ہیں اور انہیں حروف سے کلام الٰہی مرکب ہے اور اسمار الٰہی کی تصریف بھی انہیں سے ہے پس ان کے اندر جو معانی ہیں ۔ وہی وہ روحانیت ہے جو منازل سے نازل ہوتی ہے ۔ چنانچہ قرآن پاک میں جو آیات رحمت ہیں وہ مستحقین رحمت کے حق میں ملائکہ رحمت ہیں اور سعد ہیں ۔ اور جو آیات عذاب ہیں وہ مستحقین عذاب کے حق میں ملائکہ عذاب ہیں اور نحس ہیں ۔ اور جو آیات کہ وعدہ اور وعید پر مشتمل

ہیں۔ وہ گویا روحانیت ممتزج ہیں۔ مگر یہ سب باتیں انسان ہی کے حق میں ہیں۔ نہ فرشتوں وغیرہ کے حق میں۔ کیونکہ فرشتے خیر محض ہیں۔ (یعنے ان میں ذرہ برابر بھی شر کا مادہ نہیں ہے) مگر یہ انسان کے بھی منافی نہیں ہے۔ یعنی بہت سے انسان بھی خیر محض ہیں۔ جیسے مومن اور بہت سے انسان شر محض بھی ہیں۔ جن میں خیر کا مادہ بالکل ہی نہیں ہے جیسے کافر اور غیر ممتزج وہ لوگ ہیں جو اچھے اور برے دونوں طرح کے کام کرتے ہیں جن کی شان میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ۔ یعنے اور دوسرے وہ لوگ ہیں جنہوں نے نیک اور برے کام ملا کر کئے۔ قریب ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول کرلے۔

الفاظ کی روحانی کیفیت

پس یہ حروف کے عمدہ اسرار ہیں کل گردش ایک نقطہ پر ہیں۔ (یعنے حرف نقطہ ہی سے بنتا ہے) مگر بناتے کی ترکیب مختلف ہے پس ہر منزل اور ہر روحانیت اور ہر حرف ایک نقطہ کے اندر ہیں۔ چالیس روز کے چلہ میں ان کے آثار اور خواص ظاہر ہوتے ہیں) آخر کی منزل تک پس آخری حروف روحانیت کے حرف ہیں۔ سعادت اور نحوست کے جامع۔

حروف اور دورہ فلک میں اگر یہ خواص کا فرق نہ ہوتا۔ تو انسان اسباب سعادت اور نحوست اور اسباب امتزاج کو معلوم نہ کرسکتا۔ اور یہ سب شاخیں بنی آدم ہی سے نکلی ہیں۔

بارہ برجوں کے حالات اور ان کا کلمہ طیبہ سے تعلق

اور چونکہ یہ منزلیں بارہ برجوں کی محتاج ہیں تاکہ حکمت الہیٰ ان کے اندر ظاہر ہو۔ اسی سبب سے بارہ حروف بھی چھ نقطیعوں میں ہیں اور وہ حروف لا الٰہ الا اللہ کے ہیں۔ اس طرح ل ا ل ہ ا ل ا ا ل ل ہ۔ اور یہ بارہ حروف ہیں۔ بارہ برجوں کے موافق۔ پھر برج بعض ثابت ہیں، بعض منقلب۔ ایسے ہی ان حروف میں سے جو صورت اثبات کے ہیں۔ وہ ثابت ہیں اور جو نفی کے ہیں وہ منقلب ہیں وجود سے عدم کی طرف اور عدم وہ چیز ہے۔ جس سے کہ وجود باہر آیا ہے۔ اور یہ حروف فلک قمر کے دائرہ سے علیحدہ ہیں۔ کیونکہ قمر بمقابلہ اور ستاروں کے زمین سے زیادہ قریب ہے کہ یہ حروف قمر سے بھی ہم سے زیادہ قریب ہیں۔ کیونکہ یہ تو ہماری جبلت کے اندر رکھے گئے ہیں۔

قمر کی زیادتی کے ساتھ ہر چیز بڑھتی ہے اور اس کے نقصان کے ساتھ ہر چیز کم ہوتی ہے۔ یہ حکمت ہے جس کو اس نے اس کے اندر رکھا ہے۔ اور معرفت ہے جس کو اس نے مرتب کیا ہے۔ تم نہیں دیکھ سکتے ہو کہ ظلمت وغیرہ کس طرح بڑھتی ہے اور چونکہ ساتوں ستاروں میں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کا راز رکھا ہے اور اس کا قول ہے۔ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً۔ یعنے بے شک میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں اور فرماتا ہے۔ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا۔ یعنے خدا فرشتوں کو پیغمبر بنانے والا ہے اور ساتوں ستاروں کی قوتیں انہیں چھ نقطیعوں کی باطنی قوت سے ماخوذ ہیں یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی پس مقدس نقطیعین ان کو

مدد دیتی ہیں۔

مزاج حروف اور یہ حروف گرم اور تر اور سرد اور خشک چار مزاج رکھتے ہیں اور گرم یہ سات ہیں ا ہ ط م ف ش ذ اور تر یہ حروف ہیں۔ ب و ی ن ص ت ض اور سرد یہ حروف ہیں ج ز ک س ق ث ظ۔ اور خشک یہ سات حروف ہیں۔ د ح ل ع ر خ غ۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ آتش حرارت اور یبوست کی جامع ہے اور ہوا حرارت اور رطوبت کی جامع ہے اور آب رطوبت اور برودت کا جامع ہے اور تراب یعنی خاک یبوست اور برودت کی جامع ہے اور اسی طرح چاروں طبائع ہیں۔ یعنی صفرا اور خون اور بلغم اور سودا۔ صفرا آتش کا مزاج رکھتا ہے اور خون ہوا کا۔ اور بلغم آب کا۔ اور سودا خاک کا چنانچہ یہ سب تاثیریں ظاہر ہیں جیسا کہ بعض اسماء لکھ کر باندھنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ یہ اسماء سرد خشک مزاج رکھتے ہیں۔ جیسے اَلْعَدْلُ اور اَلشَّدِیْدُ ان کا مسبع بنا کر رکھنا چاہیئے۔ اور جن اسماء کا مزاج صفراوی ہے وہ سرد امراض کو فائدہ کرتے ہیں اس کے وفق مسبع کی یہ صورت ہے۔

د	ج	ل	ع	ر	خ	غ
ح	ع	د	ح	ل	ع	ر
ع	ر	خ	ع	ذ	ح	ل
ح	ل	ع	ذ	خ	غ	د
غ	د	ح	ل	ع	ر	خ
د	ح	ع	ل	ع	ل	ع
ل	ع	ر	ح	ع	د	خ

سعد اور نحس ساعتیں

یعنی نیک اور بد ساعتوں کے بیان میں اور کس کام کے واسطے کون سی ساعت مناسب ہے۔

پہلی ساعت شمس کی ہے اعمال محبت اور قبول اور بادشاہوں کے پاس جانے اور نئے کپڑے پہننے کے واسطے اچھی ہے۔ دوسری ساعت زہرہ کی ہے اور یہ بری ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ تیسری ساعت عطارد کی ہے۔ سفر کے واسطے اور تعویذات محبت وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ چوتھی ساعت قمر کی ہے۔ اس میں نہ کچھ خرید نا چاہیئے نہ فروخت کرنا۔ اور نہ کوئی کام درست کرنا چاہیئے۔ پانچویں ساعت زحل کی ہے۔ اس میں فرقت اور بغض وغیرہ کے اعمال کرنے چاہئیں چھٹی ساعت مشتری کی ہے۔ بادشاہوں، امیروں سے طلب حاجت کے واسطے اچھی ہے۔ ساتویں ساعت مریخ کی ہے۔ اور اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ آٹھویں ساعت شمس کی ہے۔ کل کام اس میں درست ہیں۔ نویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت اور جلب قلوب کے اعمال درست ہوتے ہیں۔ دسویں ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں جو چاہو سو کرو۔ یہ ساعت اچھی ہے۔ گیارھویں ساعت قمر کی ہے۔ یہ بہت نحس ہے۔ اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ ہاں کسی کو نقصان پہنچانا ہو تو پہنچائے۔ بارھویں ساعت زحل کی ہے۔ اس کے مناسب اعمال کرنے چاہئیں۔

دوشنبہ پہلی ساعت قمر کی ہے۔ محبت اور زبان بندی اور جلب قلوب کے واسطے عمدہ ہے۔ دوسری ساعت زحل کی ہے۔ سفر اور ہر کام کے واسطے اچھی ہے۔ تیسری ساعت مشتری کی ہے نکاح کرنے اور خط بھیجنے

اور فیصلہ کرانے کے واسطے بہتر ہے۔ چوتھی ساعت مریخ کی ہے۔ برُے اعمال مثلاً نکسیر بہلانے اور بیمار کرنے کے واسطے اچھی ہے۔ پانچویں ساعت شمس کی ہے۔ قضاء حاجت اور زبان بندی کے واسطے۔ چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اعمال طلسمات کے واسطے۔ ساتویں ساعت عطارد کی ہے۔ قضاء حاجت اور زبان بندی اور جذب قلوب کے واسطے آٹھویں ساعت قمر کی ہے۔ شادی اور دو دشمنوں میں صلح کرانے کے واسطے۔ نویں ساعت زحل کی ہے۔ فرقت اور بغض اور کسی کو اس کی جگہ سے باہر کرنے کے واسطے مفید ہے۔ دسویں ساعت مشتری کی ہے۔ سب کاموں کے واسطے۔ گیارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ عداوت اور بغض اور خون بہانے کے واسطے۔ بارھویں ساعت شمس کی ہے۔ زبان بندی اور عطف قلوب کے واسطے۔

سہ شنبہ پہلی ساعت مریخ کی ہے۔ بر اعمال بغض و عداوت اور خون بہانے اور مریض کے واسطے ہے۔ دوسری ساعت شمس کی ہے۔ اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ تیسری ساعت زہرہ کی ہے۔ منگنی اور نکاح کے واسطے۔ چوتھی ساعت عطارد کی ہے۔ بیع و شرا اور تجارت کے واسطے۔ پانچویں ساعت قمر کی ہے۔ یہ بہت منحوس ہے۔ اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ چھٹی ساعت زحل کی۔ معاملات کے کاغذ لکھنے اور دردِ چشم اور امراض کے واسطے۔ ساتویں ساعت مشتری کی ہے۔ محبت اور عطف کے جو اعمال چاہو اس میں کرو۔ آٹھویں ساعت مریخ کی ہے۔ اس میں خون بہانے اور دشمن ہلاک کرنے کے اعمال کرنے چاہئیں۔ نویں ساعت شمس کی ہے۔ نکاح اور محبت کے واسطے عمدہ ہے۔ دسویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ گیارھویں ساعت عطارد کی ہے۔ تعطیل اسفار کے واسطے اور طلاق کے واسطے۔ بارھویں ساعت قمر کی ہے۔ اعمال بغض اور عداوت اور طلاق و شرارت کے واسطے۔

چہار شنبہ پہلی ساعت عطارد کی ہے۔ قبول اور محبت کے واسطے۔ دوسری ساعت قمر کی ہے۔ اس میں کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ تیسری ساعت زحل کی ہے۔ بیمار کرنے اور نکسیر بہانے کے واسطے۔ چوتھی ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں ہر نیک کام کرنا چاہیئے کیونکہ یہ ساعت بہت اچھی ہے۔ پانچویں ساعت مریخ کی ہے۔ اس میں لوگوں سے لڑنے جھگڑنے اور فساد کے کام کرنے چاہئیں۔ کیونکہ یہ بُری ساعت ہے۔ چھٹی ساعت شمس کی ہے خشکی اور تری کے سفر اور ہر کام کے واسطے بہتر ہے۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں بھی جو چاہو سو کرو۔ یہ بھی بہت اچھی ہے۔ آٹھویں ساعت عطارد کی ہے۔ نظر بد کے تعویذ اور بچوں کے گنڈے وغیرہ لکھنے کے واسطے ہے۔ نویں ساعت قمر کی ہے۔ فرقت اور بغض کے واسطے۔ دسویں ساعت زحل کی ہے۔ بادشاہوں سے ملنے کے واسطے گیارھویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں ہر ایک کام اچھا ہوتا ہے۔ بارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ شر اور نحس کے واسطے۔

پنجشنبہ پہلی ساعت مشتری کی ہے۔ طلب رزق اور قبولیت کے واسطے۔ دوسری ساعت مریخ کی ہے۔

اس میں سفر کو نہ جاؤ۔ اور دشمن سے بدلہ لینے اور خون بہانے کے اعمال کرو۔ تیسری ساعت شمس کی ہے۔ اس میں بھی سفر نہ کرو۔ اور قبول اور محبت کے تعویذ لکھو۔ چوتھی ساعت زہرہ کی ہے اس میں محبت اور شادی کے اعمال کئے جاتے ہیں۔ پانچویں ساعت عطارد کی ہے عورت و مرد کے عقد کرنے اور ہر ایک کام کو اچھی ہے۔ چھٹی ساعت قمر کی ہے۔ خشکی اور تری کے سفر اور ہر ایک اعمال خیر کے واسطے عمدہ ہے۔ ساتویں ساعت زحل کی ہے۔ اس میں فیصلہ نہ کرانا چاہیئے اور اہل قلم سے مقابلہ کرنے کے واسطے بہتر ہے۔ آٹھویں ساعت مشتری کی ہے۔ اور ہر ایک نیک کام اس میں کر سکتے ہیں۔ نویں ساعت مریخ کی ہے۔ امراء و سلاطین اور حکام سے ملاقات کرنے کے واسطے بہتر ہے۔ دسویں ساعت شمس کی ہے۔ امراء اور اہل منصب سے حاجت روائی کے واسطے۔ گیارھویں ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں محبت کے تعویذ لکھو۔ بارھویں ساعت عطارد کی ہے اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے۔

روز جمعہ پہلی ساعت زہرہ کی ہے۔ اس میں شادی اور منگنی وغیرہ کے کام بہتر ہوتے ہیں۔ دوسری ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں طلسمات اور ہر ایک کام کے اعمال تیار کئے جاتے ہیں تیسری ساعت قمر کی ہے۔ اس میں کبھی کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ بہت بُری ساعت ہے۔ چوتھی ساعت زحل کی ہے۔ کنوئیں کھدوانے اور چشمے بنوانے۔ اور ایسے ہی ایسے کاموں کے واسطے یہ ساعت مخصوص ہے۔ پانچویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں عورتوں اور بڑے لوگوں کو تسخیر کرو۔ چھٹی ساعت شمس کی ہے۔ قضا حاجات کے واسطے۔ ساتویں ساعت زہرہ کی ہے۔ عورتوں کو پیغام نکاح اور شادی کرنے کے واسطے۔ آٹھویں ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں جو کام کرو گے وہ بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ نویں ساعت قمر کی ہے۔ فرقت اور نقل و حرکت کے واسطے بہت زود اثر ہے۔ دسویں ساعت زحل کی ہے اور بہت منحوس ہے۔ گیارھویں ساعت مشتری کی ہے۔ بارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ سفر وغیرہ جو کام چاہو اس میں کرو۔

شنبہ پہلی ساعت زحل کی ہے۔ محبت وغیرہ کے جو اعمال چاہو۔ اس ساعت میں کرو۔ کیونکہ زحل کی یہی ایک نیک ساعت ہوتی ہے۔ مہینہ کے پہلے ہفتہ میں۔ دوسری ساعت مشتری کی ہے۔ صلح کے واسطے بہتر ہے۔ تیسری ساعت مریخ کی ہے۔ بغض اور اعمال شر کے واسطے۔ چوتھی ساعت شمس کی ہے۔ بادشاہوں کے جانے اور ان سے حاجت روائی کے واسطے پانچویں ساعت زہرہ کی ہے چھٹی ساعت عطارد کی ہے۔ اس میں شکار کے واسطے تعویذ لکھو۔ ساتویں ساعت مردہ ہے۔ اس میں کچھ نہ کرو۔ آٹھویں ساعت زحل کی ہے۔ کسی کو بیمار کرنے کے واسطے اس میں عمل کرو۔ نویں ساعت مشتری کی ہے۔ اس میں جو چاہو نیک اعمال کرو۔ دسویں ساعت مریخ کی ہے۔ شر و فساد کے واسطے۔ گیارھویں ساعت شمس کی ہے۔ قبول و محبت اور میاں بیوی کی صلح کے واسطے۔ بارھویں ساعت زہرہ کی ہے۔ بادشاہوں اور وزیروں سے نفع حاصل کرنے کے واسطے ہے۔

معلوم ہوا کہ جو شخص ہر ایک عمل کو وقت پر کرے گا وہ کامیاب ہوگا۔ کیونکہ اس علم کا یہی دروازہ ہے جس سے اسمیں داخل

ہوتے ہیں اور بریں میں نے تمہارے واسطے ان باتوں کو بیان کیا ہے جن کا حکماء نے اس علم کے متعلق ذکر کیا ہے تاکہ تم کو اس پر عمل کرنا آسان ہو جائے۔ اور تمہارے واسطے ایک جدول بیں نے تیار کی ہے جس سے تم برجوں کو معلوم کر سکتے ہو۔ کہ یہ برج آتشی ہے۔ اور یہ بادی اور یہ آبی ہے اور یہ خاکی ہے۔

وہ جدول یہ ہے ......

جس وقت کہ قمر جس برج میں ہو اس کے موافق عمل کرنا چاہیئے۔ جب تمہارے پاس کوئی حاجت مند آئے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام اور جو کچھ اس کا مطلب ہے ان تینوں کے حروف جدا جدا لکھ کر دیکھو کہ ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ پس جو عنصر غالب ہو (مثلاً آتشی) تو جب قمر اس برج میں یعنی آتشی میں آئے تب وہ عمل کرو۔ کامیابی ہوگی۔

آتشی	خاکی	بادی	آبی
حمل	ثور	جوزا	سرطان
اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
قوس	جدی	دلو	حوت

قمر:۔ کے برج معلوم کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ ماہ قمری کی جس قدر تاریخیں گزری ہوں۔ اس پر پانچ زیادہ کرو۔ پھر جس برج میں شمس ہو۔ اس برج سے پانچ پانچ تقسیم کرو۔ جہاں عدد ختم ہوں۔ اسی برج میں قمر ہے۔

اضمار ملائکہ حروف

جن کے بغیر عمل تمام نہیں ہو سکتا۔ اور وہ یہ کہ جب تم نے کوئی عمل کرتا ہو۔ تب تم طالب اور مطلوب اور اس روز کے حروف میں نظر کرو۔ اور تینتیں تین پر ان کو تقسیم کرو۔ پھر اگر تین سے کم باقی رہیں تو آخر حرف بعینہ اس حرف کا اضمار ہے اور اصحاب اسماء کو اس کے بغیر معلوم کئے چارہ نہیں۔ کیوں یہ اکثر اعمال میں کارآمد ہے۔ اور اضمار مؤکلات یہ ہیں مؤکل حرف الف ظلطیائیل اور اضمار اس کا ھد ھیوب سمطایاسخلق حرف با کا اضمار تسیخ ھلیخ حرف جیم کے مؤکل کا اضمار ملیج سلك بهلوه ۔ حرف دال کا اضمار محطمتیك حرف ہا کا اضمار مهطع حرف واو کا اضمار مهلوہ سلیموخ مراخ حرف زا کا اضمار سعد بواہ بلطلوم ھیط حرف حا کا اضمار لیلا طلح طلح حرف طا کا اضمار شمهط سلیسخ طمہ حرف یا کا اضمار مثنہ ھکیف سو یدح حرف کاف کا اضمار سیعودہ نفطامدیح حرف لام کا اضمار حفیط طمش ملوم حرف نون کا اضمار مدیح کدیل حرف سین کا اضمار مطلع مطلع مملط جسم حرف عین کا اضمار لحطیم عن فواد حرف فا کا اضمار کلیطو ورطش ھنبط حرف صاد کا اضمار سعود همیش حرف قاف کا اضمار سدحقیر طلحیا شن حرف را کا اضمار سطیت لهیل وهیوم حرف شین کا اضمار علسطین ھھقا عل مهعط حرف تا کا اضمار میرہ یلو ھفیط حرف ثا کا اضمار ھفدط حرف خا کا اضمار ھجیج ھھیل حرف ذال کا اضمار علمس مدع سهلط حرف ضاد کا اضمار عالرمس صهدع شهلط

حرف ظا کا اضمار نوع رزع اھموش اھموش اور معلوم ہو کہ حرف ضاد اور حرف طا ر مؤکلات فرد ہے، جس کا اضمار ذالحد ہے اور حرف غین کے مؤکل کا اضمار ۔۔۔ ملکت ذو نعمت ۔۔۔ ہے پس یہی کل اضمارات ہیں۔ واللہ اعلم۔

۳: اٹھائیس منازل قمر کے احکامات:

منزل قمر کے معلوم کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ ہر ماہ قمری عربی کے اول روز شمس و قمر ایک منزل میں ہوتے ہیں پھر جس روز کہ ہم کو قمر کی منزل معلوم کرنی ہو۔ اس کو خیال کرنا چاہیے۔ کہ وہ دن ماہ رومی کی پہلی تہائی کے اندر ہے یا دوسری کے یا تیسری یا پہلے نصف کے اندر ہے یا دوسرے کے۔ پھر ماہ عربی میں سے جس قدر تاریخیں گزری ہوں۔ ان کو اس تہائی یا نصف کے نیچے داخل کرد۔ منزل قمر معلوم ہوگی۔ مثال اگر عربی کی چاند رات کو چاند شرطین میں تھا۔ اور آج ساتویں تاریخ ہے۔ اور ہم نے چاہا کہ ہم معلوم کریں کہ قمر کس منزل میں ہے پس ہم نے اس پہلے روز سے منازل کا شمار کیا۔ تو ذراع پر سات منازل پوری ہوئیں۔ معلوم ہوا کہ آج قمر منزل ذراع میں ہے (کیوں کہ قمر ہر منزل میں ایک شبانہ روز رہتا ہے)

اور اس دائرہ سے منازل کے اور بروج کے کل حالات معلوم ہوتے ہیں۔

دائرہ بروج اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

منازل قمر کی صورتیں اور اُن کے احکامات

منزل شرطین | صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ اور حرف اس کا الف ہے اور مزاج ناری نحس جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو دنیا میں فساد اور خون کی ترقی ہوتی ہے۔ حکماء اس وقت میں کچھ حرکت نہ کرتے تھے بلکہ لیٹ جاتے تھے۔ اور بعض لوگوں نے اس وقت میں خواب ہائے پریشان بھی دیکھے ہیں۔ اس لئے اس وقت سونا بھی بہتر نہیں۔ اگر تم کوئی عمل کرنا چاہو۔ تو کسی دشمن کے مقہور کرنے کے واسطے کرو۔ اور جو بچہ اس وقت پیدا ہوتا ہے بڑا فسادی اور شریر ہوتا ہے۔ بخور اس کا سیاہ مرچ اور سیاہ دانہ ہے۔

۲۔منزل بطین صورت اس کی یہ ہے ٥٥ اور حرف اس کا باء ہے۔ مزاج گرم تر۔ جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو عالم میں خدا کے حکم سے نہایت نیک روحانیت مردوں کے کام درست کرنے والی نازل ہوتی ہے عورتوں کے متعلق کام اس میں درست نہیں ہوتے۔ طلسمات اور کیمیا کے اعمال اس میں بہت مناسب ہیں۔ اور ہر ایک عمدہ صنعت درست ہوتی ہے۔ اور ہر کام کا اس میں شروع کرنا بھی اچھا ہے اور انگوٹھیاں اور نقش وغیرہ کا کندہ کرنا اور مرضوں کا علاج اور منتر بھی اس میں پُراثر ہوتا ہے۔ اس وقت میں جو بچہ پیدا ہو۔ سعادت اور نیک بختی کے ساتھ زندگانی بسر کرے اور محبوب خلائق ہو۔ بخور اس کا عود۔ زعفران مصطگی ہے۔

۳۔منزل ثریا صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا جیم ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو حکم الٰہی سے عالم میں گرم سرد روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اور اس میں اعمال طلسمات اور عورات کے واسطے عملیات اور دعاؤں کی تدبیر بہتر ہے۔ مسافروں کے واسطے بھی یہ وقت بہت اچھا ہے۔ سوداگروں کو اس میں نفع کثیر ہوتا ہے۔ اور بادشاہوں کے واسطے بھی نیک ہے۔ شادی کرنا اور لونڈی غلام خریدنا اس میں سب بہتر ہے۔ کیونکہ یہ وقت اعتدال قمر کا ہے۔ اور جو کام اس میں کروگے اس کا انجام اچھا ہوگا۔ اور جو بچہ اس میں پیدا ہوگا خوب زندگانی بسر کرے گا۔ یہ وقت فسق وفجور کا دشمن اور صلاحیت اور تقویٰ کا دوست ہے۔ بخور اس کا تخم کتان اور کلونجی ہے۔

۴۔منزل دبران صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥٥ اور حرف اس کا دال ہے۔ اور یہ منزل ارضی ہے۔ جب قمر اس میں اترتا ہے۔ تو عالم میں حکم الٰہی سے ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے جو عداوت وبغض اور فساد زمین میں پھیلادیتی ہے۔ اس وقت میں اعمال شروع کرنے اور حاجات طلبی سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور اعمال طلسم وصنعت تو بالکل ہی نہ کرنے چاہئیں۔ غرضکہ اس وقت میں کوئی کام بہتر نہیں ہے۔ ہاں البتہ مُردہ دفن کرنے اور مال گاڑنے اور اسرار پوشیدہ کرنے اور کنوئیں کھودتے نہریں نکالنے کے واسطے بہتر ہے۔ ان کے سوا کسی کام کے واسطے بہتر نہیں۔ جو شخص اس وقت میں پیدا ہوگا۔ بہت بڑی زندگانی بسر کرے گا۔ بخور اس کا پوست انار شیریں اور لوبان ذکر ہے۔

۵۔منزل ہقعہ صورت اس کی یہ ہے ٥٥ اور حرف اس کا ہاء ہے یہ منزل سعادت اور نحوست سے ملی ہوئی ہے۔ جب قمر اس میں نازل ہو۔ تو زہروں کے تریاق بنانے اور ملانے کے کام کرنے چاہئیں۔ کیمیا کے اعمال نہ کرنے چاہئیں۔ اور نہ درخت لگاتے اور نئے کپڑے پہننے چاہئیں شادی کرنی چاہیئے۔ **کیونکہ اس ساعت** میں کام کا انجام اچھا نہیں ہوتا۔ بخور اس کا عود اور ندا سود اور لبان اور جاوی اور مصطگی ہے۔

۶۔منزل ہنعہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥٥ ٥ اور حرف اس کا واو ہے۔ یہ منزل سعید ہے جب قمر اس میں نزول کرے تو اعمال محبت کرنے چاہئیں۔ اور اچھی خوشبو دشی کرے۔ اور بادشاہوں اور رئیسوں کے پاس جائے اور ہر ایک حاجت میں کوشش کرے اور بھائی بندوں سے ملے جلے۔ اور جو اعمال چاہے کرے۔ شادی کرے دوا پیئے

لونڈی غلام خریدے گھوڑے لے۔ باغ لگائے۔ مکان بنائے۔ سفر کرے۔ خرید و فروخت کرے۔ غرضکہ سب کام اس میں اچھے ہیں۔ اور جو بچہ اس وقت پیدا ہو۔ اچھا رہے گا۔ اور شہید ہو کر مرے گا۔ بخور اس کا قطرب[1] اور لہ زلہ شیخ ہے۔

۷۔ منزل ذراع صورت اس کی یہ ہے ٥٥ اور حرف اس کا زا ہے۔ یہ منزل ہوائی ہے۔ جب قمر اس میں آتا ہے تو عالم میں حکم الہیٰ سے نہایت نیک روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اس وقت میں علوم شروع کرنا۔ علماء سے ملنا۔ عابدوں سے فیض لینا۔ طلسمات بنانا۔ نیز تجارت کرنا۔ بادشاہوں اور دوستوں سے ملاقات کرنا اور ہر ایک نیک کام اس میں بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو۔ خوش بخت ہو۔ بخور اس کا دانہ کرفس اور تخم کتان ہے۔

۸۔ منزل نثرہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا حا ہے۔ مزاج سرد ممتزج سعد جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو حکم الہیٰ سے روحانیت نازل ہو کر عداوت اور بغض اور قطیعت پیدا کرتی ہے یہ وقت دشمنوں اور سرکشوں کے واسطے طلسمات بنانے اور بددعا کرنے اور آلات حرب بنانے کے واسطے مناسب ہے۔ کیونکہ یہ منزل خراب ہے اور اعمال شر ہی کے مناسب ہے جیساکہ ہم نے بیان کیا جو بچہ اس میں پیدا ہو، بہت منحوس ہوگا۔ بخور اس کا قسط اور پوست انار ہے۔

۹۔ منزل طرفہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ اور حرف اس کا طا ہے۔ یہ منزل منحوس ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے۔ تو عالم میں ویسی ہی روحانیت نازل ہوتی ہے۔ جیساکہ اوپر ذکر ہوا اس میں کوئی طلسم یا صنعت بنانی نہ چاہیئے۔ اور نہ بادشاہوں سے ملاقات کرے۔ نہ کسی سے محبت کرے نہ کوئی عمل پڑھے۔ اس وقت میں سب سے علیحدہ رہنا بہتر ہے۔ یہ منزل نہایت ردی ہے کل اعمال کے واسطے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہوگا۔ بخور اس کا ند اسود اور زعفران ہے۔

۱۰۔ منزل جبہہ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا یا ہے۔ مزاج اس کا سرد اور نحس ہے مگر صلاحیت سے زیادہ قریب ہے۔ اعمال محبت و قربت و رضامندی کی ابتدا اور نقل مکان اس میں کر سکتا ہے مگر نئے کپڑے کا بونتا اور پہننا برا ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہوگا۔ تجربہ کار اور نیک بخت ہوگا مگر مکار فریبی بھی ہوگا۔ بخور اس کا حب الآس اور زعفران ہے۔

۱۱۔ منزل خرثان صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا کاف ہے۔ مزاج گرم خشک ہے۔ جب قمر اس میں آئے۔ تو معالجات روحانیات اور اعمال طلسمات اور علاج امراض اور خرید و فروخت اور بادشاہوں کے پاس آنا جانا اور سفر کرنا اور مقیم رہنا اور ہر ایک بڑا کام کرنا۔ نیا کپڑا پہننا بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو محبوب خلائق ہو۔ مگر بغض و مکر اور غرور اس میں ضرور ہوگا۔ بخور اس کا پوست انار قنبیل اور کچھ نہیں۔

---

[1] قطرب ایک بوٹی ہے جس کے پتے رات کو مثل چراغ کے چمکتے ہیں اکثر تالاب کے کنارے ہوتی ہے سید مترجم ۱۲

۱۲۔منزل صرفہ صورت اس کی یہ ہے ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ اور حرف اس کا لام ہے۔جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔تو جو بچہ پیدا ہوگا۔منحوس ہوگا۔مزاج اس کا آبی ہے۔اور منحوس ہے۔بخور اس کا مذ اور زعفران ہے۔

۱۳۔منزل عوا صورت اس کی یہ ہے ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ اور حرف اس کا میم ہے۔مزاج خشک ممتزج منحوس جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو حکم الٰہی سے ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے جو شہوت کو ہیجان میں لاتی ہے۔اور مردوں کو عورتوں کی طرف راغب کرتی ہے اور خواہ مخواہ ان کے پاس جانے کو جی چاہتا ہے۔تعلیم علوم کے واسطے یہ وقت مناسب ہے۔مگر صنعت کیمیا اور دشمنوں سے مقابلہ کرنے اور مقدمہ لڑنے یا بادشاہوں سے ملنے کے لئے مناسب نہیں نیا کپڑا پہننا۔کپڑا بونتا اس میں اچھا ہے جو بچہ اس میں پیدا ہو صاحب شہرت ہوگا۔مرد ہو یا عورت ہو بخور اس کا لبان ذکر ہے۔

۱۴۔منزل سماوے صورت اس کی یہ ہے ۰ ۵ اور حرف اس کا نون ہے۔مزاج خاکی اور خشک ہے۔جب قمر اس میں حلول کرتا ہے تو حکم الٰہی سے عالم میں ایک روحانیت نازل ہو کر عداوت اور فساد پیدا کرتی ہے اس وقت زہر تیار کرنا اور ہر ایک فساد کا کام بہتر ہے اور اعمال جلیلہ بہتر نہیں۔خرید و فروخت بھی بُری ہے۔جو بچہ اس میں پیدا ہوگا جھوٹا۔چغل خور اور بدانجام ہوگا۔بخور اس کا لبان ذکر اور کالا دانہ ہے۔

۱۵۔منزل غفر صورت اس کی یہ ہے۔ ۵ ۵ اور حرف اس کا سین ہے۔جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔تو حکم الٰہی سے محبت اور راحت کی روحانیت پیدا ہوتی ہے۔بادشاہوں سے فائدہ ہوتا ہے۔دوائیں درست ہوتی ہیں۔سم قاتل کا تریاق تیار ہوتا ہے۔اور اس کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔کیمیا بھی خوب بنتی ہے۔روحانیت کا معالجہ ہوتا ہے۔طلسمات بنتے ہیں۔جو بچہ اس میں پیدا ہو۔منحوس مکار اور فریبی ہوگا۔بخور اس کا لبان ذکر ہے اور کچھ نہیں۔

۱۶۔منزل زبانا صورت اس کی یہ ہے ۵ ۵ اور حرف اس کا عین ہے۔مزاج اس کا بادی سعید ممتزج ہے۔جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو کتے کے کاٹے ہوئے کے واسطے تعویذ کیا جاتا ہے۔اور جس کے بدن میں ایسی بیماری ہو جس کے علاج سے لاچار ہو۔اور جس کے واسطے دشمن بڑی بڑی صلاحیں کرتے ہوں ان کے واسطے نقش لکھے جاتے ہیں۔جو بچہ اس میں پیدا ہو اس کی سب حرکتیں نیک ہوں گی۔بخور اس کا شیخ ہے اور کچھ نہیں ہے۔

۱۷۔منزل اکلیل صورت اس کی یہ ہے ۵ اور حرف اس کا فا ہے۔مزاج سعادت اور نحوست سے ممتزج۔اس وقت میں بغض و عداوت اور شرارت کے اعمال کرنے چاہئیں۔سفر اور شادی اور غلاموں کا خریدنا اور باغ لگانا بہتر نہیں۔کیونکہ انجام اچھا نہیں ہوتا۔اور حاجت طلبی اور مخاصمت اور نیا کپڑا پہننا بھی اچھا نہیں ہے۔جو بچہ اس میں پیدا ہوگا۔شوم اور ردی ہوگا۔بخور اس کا مرچ سیاہ زعفران اور عود ہے۔

۱۸۔منزل قلب صورت اس کی یہ ہے۔ ۵ ۵ اور حرف اس کا صاد ہے۔مزاج آبی۔جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو ایسی روحانیت نازل ہوتی ہے جو کل فسادوں کی اصلاح کر دیتی ہے۔

آلات حرب اور جانور خریدنے اور جانوروں کا علاج کرنے اور درخت کاٹنے اور کھیتی کرنے ۔خزانے نکالنے ۔مسہل لینے ۔فصد کھلوانے ۔پچھنے لگوانے کے واسطے یہ وقت اچھا ہے ۔اور جو بچہ اس میں پیدا ہو منحوس اور کچھ مکار ہوگا ۔ مرد ہو یا عورت ۔بخور اس کا برگ ہلیلہ ہے ۔

۱۹۔منزل شولہ صورت اس کی یہ ہے ⁘ اور حرف اس کا قاف ہے ۔جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے تو حکم الہیٰ سے روحانیت ممتزج نازل ہو کر شر کے کام کرتی ہے ۔اور یہ منزل سعید ہے ۔متوسط درجہ کے کام اس میں کرنے چاہئیں ۔نیا کپڑا اس میں نہ پہنے نہ طلسم بنائے ۔نہ علاج کرے خلوت اس وقت میں بہتر ہے ۔جو بچہ اس میں پیدا ہوگا منحوس اور جھوٹا اور چغل خور ہوگا ۔بخور اس کا پوست انار اور مصطگی ہے ۔

۲۰۔منزل نعائم صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا رأ ہے ۔جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو عالم میں صفا قلب کی روحانیت پیدا ہوتی ہے ۔مزاج اس کا آتشی سعید ہے ۔محبت اور سعادت اور نیک انجامی اس وقت میں ہوتی ہے ۔اور کیمیا کے اعمال اس میں تیار ہوتے ہیں ۔وعظ حکمت اور علوم فقہیہ کی ابتدا کی جاتی ہے ۔اور طلسمات بنتے ہیں ۔اور مکان بناتے اور باغ لگانے اور نیا کپڑا پہننے کے واسطے بھی یہ وقت مناسب ہے ۔جب تک وہ کپڑا پہنے رہے گا ۔خوش و خرم رہے گا ۔یہاں تک کہ وہ کپڑا پرانا ہو جائے ۔جو بچہ اس میں پیدا ہوگا ۔مبارک اور سعید اور کل کاموں میں کامیاب ہوگا ۔بخور اس کا لبان ذکر ہے ۔

۲۱۔منزل بُلدہ صورت اس کی یہ ہے ۔ ٥ ٥ ٥ اور حرف اس کا شین ہے ۔مزاج آتشی نحس ۔اس وقت میں بغض و عداوت کی روحانیت نازل ہوتی ہے ۔اس واسطے عداوت ہی کے اعمال اس میں کئے جاتے ہیں ۔اور کیمیا بنتی ہے ۔ مگر علاج روحانیت اور زراعت اور سفر اور بادشاہوں کی ملاقات اور شادی اور خرید و فروخت غلاماں اور نیا کپڑا پہننا اور عمل پڑھنا اس وقت میں اچھا نہیں جو بچہ اس وقت میں پیدا ہو منحوس اور حیلہ باز ہوگا ۔بخور اس کا سنبل اور عود ہے ۔

۲۲۔منزل سعد ذابح صورت اس کی یہ ہے ۔ ٥٥ اور حرف اس کا تا ہے ۔مزاج خاکی نحس ممتزج اس سے بغض و عداوت کی روحانیت نازل ہوتی ہے ۔اور جو کام اس میں کیا جائے ۔اس کا انجام درست نہیں ہوتا ۔بادشاہوں کو اس وقت میں غصہ ہوتا ہے ۔خرید و فروخت اور زراعت اور کفن چورانا اس وقت کے مناسب ہے اور دفینہ نکالنا اور اسرار پوشیدہ کرنا بھی اس کے مناسب ہے جو بچہ اس میں پیدا ہوگا ۔خوبصورت مبارک دنیا کا حریص اور حیلہ باز ہوگا ۔بخور اس کا کسنب ہے ۔

۲۳۔منزل سعد بلع صورت اس کی یہ ہے ۔ ٥٥٥ اور حرف اس کا تا ہے ۔مزاج اس کا ممتزج ہے ۔جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو حکم الہیٰ سے شر کی روحانیت عالم میں نازل ہو کر فساد برپا کرتی ہے یہ منزل عمدہ بھی ہے اور خراب بھی ۔غلاموں اور جانوروں کا خریدنا ۔اور مشائخ سے گفتگو کرنا ۔زراعت کی مشقتیں اٹھانا ۔نہر اور کنواں کھودانا ۔

کھانے پکانے کے کام کرنا اس میں مناسب ہیں جو بچہ اس میں پیدا ہوگا مبارک اور نیک بخت ہوگا۔ بخور اس کا بالونہ ہے۔

۲۴۔ منزل سعد سعود صورت اس کی یہ ہے ⁘ اور حرف اس کا خاء ہے۔ مزاج خاکی اور ہوائی ممتزج جب قمر اس میں نازل ہوتا ہے۔ تو اس سے پہلے کل اثر مٹ جاتے ہیں۔ اور کل اعمال اس میں درست ہوتے ہیں محبت اور اصلاح قلوب کے اعمال کرنے چاہئیں۔ بادشاہوں، رئیسوں، منصب داروں سے ملاقات کرے۔ غرض کہ محبت کے جو اعمال کریگا۔ کامیاب ہوگا۔ جو بچہ اس میں پیدا ہوگا صالحین سے محبت رکھے گا۔ بخور اس کا عود اور مصطگی ہے۔

۲۵۔ منزل سعد اخبیہ صورت اس کی یہ ہے ⁘ اور حرف اس کا ذال ہے۔ مزاج ہوائی جب قمر اس میں آئے۔ تو فتنوں، فسادوں کی روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اعمال اس میں تمام نہیں ہوتے۔ اگر تمام ہو بھی جائیں۔ تو اچھے نہیں ہوتے۔ مریضوں کا علاج اور روحانیت کا اور اعمال طلسمات اور کیمیا و سیمیا اس میں نہ کرنے چاہئیں۔ جو بچہ اس وقت میں پیدا ہوگا۔ فاجر و کافر ہوگا۔ بخور اس کا لبان ہے۔

۲۶۔ منزل فرع مقدم صورت اس کی یہ ہے ⁘ اور حرف اس کا ضاد ہے۔ اس میں اعمال محبت و شہوت اور کشادگی قلب کے لئے کئے جاتے ہیں۔ اور ہر ایک تدبیر اور معالجہ امراض و روحانیت کے واسطے مناسب ہے طلسم بنائے اور دوا تیار کرے اور بادشاہوں سے ملاقات کرے کامیاب ہوگا۔ بخور اس کا لبان ذکر اور کلونجی اور زعفران ہے۔

۲۷۔ منزل فرع مؤخر صورت اس کی یہ ہے ⁘ اور حرف اس کا ظا ہے۔ مزاج آبی سعید ہے جب قمر اس میں نزول کرتا ہے تو حکم الہیٰ سے بد انجامی اور فساد کی روحانیت نازل ہوتی ہے اس وقت میں دشمن سے مقابلہ کرنا اور لڑائی جھگڑے سے پرہیز کرنا بہتر ہے۔ فصد اور پچھنے اور نکسیر کے عمل اور مرد کے باندھنے کے عمل کے واسطے مفید ہے اور حمام میں جانے اور خط بنوانے دوا پینے کے واسطے بھی اچھی ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو۔ فاجر اور غدار ہوگا۔ بخور اس کا مرچ سیاہ اور دار چینی ہے۔

۲۸۔ منزل رشا صورت اس کی یہ ہے ⁘ اور حرف اس کا غین ہے۔ مزاج آبی اس وقت میں حکم الہیٰ سے نیک انجام روحانیت نازل ہوتی ہے۔ اس میں طلسمات اور کل نیک اعمال اور صنعت کیمیا اور علاج روحانیت عمدہ ہوتے ہیں۔ سفر اور شادی اور نیا کپڑا پہننا اور ایک مکان سے دوسرے مکان جانا۔ اور حکماء اور رؤسا سے ملاقات کرنا بہتر ہے۔ جو بچہ اس میں پیدا ہو مبارک ہوگا۔ بخور اس کا کلونجی ہے۔ واللہ اعلم۔

منزلوں کی برجوں پر تقسیم

برج حمل میں مؤخر اور رشا اور ایک تہائی شرطین کی ہے۔ برج ثور میں دو تہائیاں شرطین کی اور بطین اور دو تہائیاں

ثریا کی ہیں۔ برج جوزا میں ایک تہائی ثریا کی اور دبران اور ہقعہ ہیں برج سرطان میں ہنعہ اور ذراع اور دو تہائیاں نثرہ کی ہیں۔ برج اسد میں ایک تہائی نثرہ کی اور طرفہ اور جبہہ کی ہیں۔ برج سنبلہ میں ایک تہائی جبہہ کی اور زبرہ اور صرفہ ہیں۔ برج میزان میں عوا اور سماک اور ایک تہائی غفر کی ہے۔ برج عقرب میں دو تہائیاں غفر کی اور زبانا اور دو تہائیاں اکلیل کی ہے۔ برج قوس میں ایک تہائی اکلیل کی اور قلب اور شولہ ہیں۔ برج جدی میں نعائم اور بلدہ اور ایک تہائی ذراع کی ہے۔ برج دلو میں دو تہائیاں ذراع کی اور بلع اور ایک تہائی سعود کی ہے۔ برج حوت میں ایک تہائی سعود کی اور اخبیہ اور فرع مقدم ہیں۔

اصول منازل کی معرفت

۱۔ منزل شرطین
اس میں دو جدا جدا ستارے ہیں۔ ایک جنوب کے کنارے میں اور دوسرا شمال کے کنارے میں اور یہ دونوں ستارے حمل کے سینگ ہیں۔ ان دونوں میں جو زیادہ روشن ستارہ ہے اس کا نام ناطح ہے۔ جب یہ آسمان کے درمیان میں آتے ہیں۔ تو نظر کے اندازے میں ان دونوں میں دس ہاتھ کا فاصلہ معلوم ہوتا ہے اور ان دونوں کے علاوہ ایک چھوٹا سا ستارہ ہے۔ جو کبھی کبھی ان کے آگے ہو جاتا ہے۔ ان کی صورت یہ ہے۔ ٥ ٥ ٥

۲۔ منزل بطین
اس میں تین تارے ہیں۔ بہت چھوٹے چھوٹے کم روشنی کے۔ اور یہ برج حمل کا پیٹ ہے اور ثریا اس کی قریب ہیں۔ اور شرطین اس کے سینگ ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ٥ ٥ ٥

۳۔ منزل ثریا
اس میں سات تارے ہیں۔ چھ روشن اور ایک بہت باریک۔ لوگ اس کے دیکھنے میں آنکھوں کی تیزی کا امتحان کیا کرتے ہیں۔ اور اس کا نام ثریا ثروت سے ہے۔ یعنی سیرابی و خوشحالی اور اس کے سوا اور بھی نام ہیں۔ چنانچہ نجم بھی اسی کو کہتے ہیں۔ بعض علما کا قول ہے کہ خداوند تعالیٰ کے (والنجم اذا ھوی) سے یہی منزل ثریا مراد ہے کیونکہ عرب اکثر ثریا کو نجم ہی کہتے ہیں اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اس کا نام نجم رکھا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے کہ جب نجم طلوع ہوتی ہے۔ تو پھلوں وغیرہ سے آفتیں دور ہو جاتی ہیں اور نجم سے مراد ثریا ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ ٥ اور ایک ستارہ کف الخضیب بھی ثریا ہی کے پاس اور ایک دوسرا اجزما نام اس کے قریب شرطین سے نیچے واقع ہے اور ایک سرخ تارہ ہے۔ عیوق نام بڑا چمک دار جس کے پیچھے تین تارے ہیں ان کو اعلام کہتے ہیں۔ یہ توابع منازل قمر ہیں۔ اور چونکہ ثریا سے قریب ہیں اس لئے ہم نے ان کو بیان کیا۔

۴۔ منزل دبران
یہ برج حمل کی سرین ہے۔ اور دبران اس کو اسی سبب سے کہتے ہیں۔ کہ ثریا کی طرف یہ پیٹھ پھیرے ہوئے ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ کہ یہ پانچ ستارے ہیں۔ برج ثور میں جن کو شامہ کہتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ٥ ٥ ٥ ٥ اور بعض کہتے ہیں یہ ایک سرخ تارہ ہے اس صورت کا ٥ اور دبران کا عنیق بھی نام ہے۔ کیونکہ یہ

عظیم الشان پہاڑ کی مثل ہے۔ اور اس کے آگے چند چھوٹے چھوٹے ستارے ہیں جن کو قلاص کہتے ہیں۔ اور یہ سب اکٹھے ہو کر گائے کا سر معلوم ہوتے ہیں۔ یہ منزل ثریا کے پیچھے ہے۔

۵۔ منزل ہقعہ | یہ تین تارے بہت پاس پاس ہیں۔ جیسے تین انگلیاں ملی ہیں۔ یہ منزل برج جوزا کا سر ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ٥ ٥ ٥ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کسی نے کہا کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو آسمان کے تاروں کی گنتی کے برابر طلاق دے تو کیا حکم ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اس کو ہقعہ الجوزا کافی ہے یعنی تین طلاقیں ہو گئیں۔

۶۔ منزل ہنعہ | اس میں پانچ تارے ہیں۔ دو بڑے۔ اور ان کے بیچ میں تین چھوٹے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ٥٥٥٥٥ اور ہنعہ اس کو اس سبب سے کہتے ہیں کہ اس میں تاثیر محبت ہے جب یہ طلوع ہوتی ہے تو ہر شخص اپنے دوست پر مہربان ہوتا ہے۔

۷۔ منزل ذراع | بعض کا قول ہے کہ یہ برج اسد کا بازو ہے۔ اور یہ دو چمکتے ہوئے تارے ہیں جن کے بیچ میں اور بہت سے چھوٹے چھوٹے تارے ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے شیر کے پنجے۔ اندازِ نظر میں ان دونوں تاروں کے درمیان ایک ہاتھ کا فاصلہ معلوم ہوتا ہے۔ برج اسد کے دو بازو ہیں۔ ایک پھیلا ہوا دوسرا سمٹا ہوا۔ جو بازو کی ہیئت پر نہیں ہے۔ اور جو بازو پھیلا ہوا ہے وہ منزل سماک کے سر پر ہے۔ اور اس کو شعرے الغمیصہ بھی کہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے ساتھی یعنی دوسرے بازو سے ملنے کے واسطے اس قدر رویا کہ چندھا ہو گیا۔ مگر پھر بھی اس سے نہ مل سکا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ستارہ سہیل سے ملنے کے واسطے رو دیا تھا۔

۸۔ منزل نثرہ | ان دونوں کے درمیان میں تھوڑا ہی فاصلہ ہے، مثل ابر کے ٹکڑے کے یہ منزل برج اسد کی ناک ہے اور اس میں تین تارے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ٥٥٥ اور اس کو نخطۃ الاسد بھی کہتے ہیں۔

۹۔ منزل طرفہ | یہ دو تارے ہیں۔ برج اسد کی دونوں آنکھیں اور کل اس میں چار تارے ہیں جن میں سے ایک براق ہے۔ اندازِ نظر میں انکے مابین کا فاصلہ ایک ہاتھ کا ہے۔ اس منزل کو ایزار الاسد بھی کہتے ہیں۔ صورت اسکی یہ ہے ٥٥۔

۱۰۔ منزل جبہہ | یہ دو تارے ہیں جیسے کہ شیر کے مونڈھوں پر بال ہوتے ہیں۔ اور ان کے درمیان میں ایک کوڑی کا فاصلہ ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ٥٥۔

۱۱۔ منزل سماک | یہ دو تارے ہیں۔ ایک کا نام سماک الاعزل اور دوسرے کا نام سماک رامح ہے۔ ان دونوں کو بعض برج اسد کے پیر اور بعض اس کی پنڈلیاں کہتے ہیں۔ سماک رامح کے آگے ایک تارہ ہے جو اس کا نیزہ ہے اور سماک اعزل کے آگے کوئی تارہ نہیں ہے۔ اسی سبب سے اس کو اعزل کہتے ہیں۔ اعزل کی صورت یہ ہے۔ ٥۔ اور رامح کی یہ ٥ ٥ اس منزل کو سماک اس واسطے کہتے ہیں کہ یہ آسمان میں مثل مچھلی کے ہے۔ رامح کے پیچھے ایک تارہ ہے۔ جس کو عجز الاسد کہتے ہیں۔

۱۲۔ منزل غفرہ۔ یہ تین تارے ہیں چھوٹے۔ یہ منزل برج میزان میں ہے اور بعض کہتے ہیں برج اسد کی دم

ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ००० ۔

۱۳۔ منزل زبانا یہ دو تارے ہیں۔ چمک دار۔ اور یہ دونوں برج عقرب کے دونوں گلپھڑے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۔ ०० ۔

۱۴۔ منزل اکلیل میں چار تارے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ०००० اور بعض کہتے ہیں۔ تین تارے ہیں۔ عقرب کے سر پر جیسے تاج ہوتا ہے ۔

۱۵۔ منزل قلب عقرب میں ہے ۔ اور اس کی کروٹ میں ایک چمک دار تارا ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ००० ۔

۱۶۔ منزل شولہ ہیں الگ الگ دو تارے ہیں ان کو بخمۃ العقرب کہتے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ عقرب کی دم ہے شولہ شیول سے ماخوذ ہے۔ بمعنے بلندی یعنی جیسے کہ بچھو کی دم اونچی ہوتی ہے۔ ایسے ہی یہ تارے اونچے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ان کی بلندی ایسی ہے جیسے کتوئیں کے دہن پر لکڑیاں کھڑی ہوتی ہیں اور اسکو نعائم بھی کہتے ہیں۔

۱۷۔ منزل بلدہ ہیں چھ تارے ہیں۔ اور منزل برج قوس میں ہے۔ جب سال میں سب سے چھوٹا دن آتا ہے تو سورج اسی منزل میں ہوتا ہے صورت اس کی یہ ہے۔ ०० ۔

۱۸۔ منزل ذابح ہیں دو تارے ہیں ایک ہاتھ کے فاصلہ پر اور دونوں کے پاس ایک چھوٹا تارہ ہے جیسے کہ یہ اس کو ذبح کرتا ہے! اور اسی سبب سے اسکو ذابح کہتے ہیں۔ اور صورت اس کی یہ ہے ०،० ۔

۱۹۔ منزل سعد السعود ایک تارہ ہے اور گویا اس کا منہ کشادہ ہے۔ کسی چیز کو نگلنا چاہتا ہے ۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ०० ००० ०००००००० ००००००००० ۔

۲۰۔ منزل سعد اخبیہ ہیں تین تارے ہیں۔ مگر ایک ہی تارہ معلوم ہوتے ہیں۔ اور ان کے نیچے ایک چوتھا تارہ ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔ ० ०० ० اور بعض اس میں دو ہی تارے شمار کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں پہلا تارہ سعد السعود ہے۔ دوسرا سعد ذابح۔ تیسرا سعد الاخبیہ۔ چوتھا سعد بلع۔ اس میں چار تارے ہیں اور چاند اس میں دسویں دن آتا ہے۔ اور منازل قمر ہی میں سعد قاعرہ اور سعد ملک اور سعد ہمام اور سعد بارع اور سعد نظیر ہیں۔ ان میں سے ایک میں دو تارے ہیں۔ ایک ایک ہاتھ کے فاصلے پر ہے ۔

۲۱۔ منزل فرغ الدالی مقدم اور مؤخر ان میں سے ہر ایک میں دو دو تارے ہیں۔ پانچ پانچ ہاتھ کے فاصلہ سے گویا کہ یہ دونوں ڈول ڈال رہے ہیں۔ (لفظ فرغ کے معنی ڈول میں پانی ڈالنے کے ہیں) اس لئے ان دونوں تاروں کو فرغ کہتے ہیں۔

۲۲۔ منزل رشا ۔ ایک چھوٹا سا تارہ ہے۔ جس میں قمر نزول کرتا ہے۔ یہ کل منازل قمر ہیں۔ ہر ماہ میں قمر ان سب میں

دورہ کر لیتا ہے۔ اور ایک رات دن ان میں سے ایک میں رہتا ہے یعنی ایک طلوع سے دوسرے طلوع تک۔ اور ٹھیک فجر کی نماز کے وقت آدھا آدھا دو منزلوں میں ہوتا ہے۔ اور اسی طرح سورج بھی ایک سال میں ان منازل کا دورہ کرتا ہے۔ معلوم ہو کہ عرب منازل کو اَنْوَاءُ بھی کہتے ہیں۔ اس واسطے کہ جب ایک منزل غروب ہوتی ہے۔ تو اس کے ساتھ ہی دوسری منزل طلوع ہوتی ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ نوا کے معنے ستارے کے ساقط ہونے کے ہیں اور اس کے مقابل دوسرے طلوع ہونے کے ایک ہی ساعت میں ہر رات کے اندر سوائے تیرھویں رات کے اسی طرح ہر منزل سال بھر تک رہتی ہے۔ سوائے جبہہ کے کہ اس کے سال میں چودہ روز ہیں۔ ہم نے نوء کے معنی سقوط کے سوا اس موقع کے اور کہیں نہیں دیکھے۔ عرب زمانہ جاہلیت میں ان منازل کی طرف بارش ہوا سردی اور حرکت کو منسوب کرتے تھے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا تھا۔ مُطِرْنَا بنوءِ کذا۔ یعنے فلاں ستارے کے سبب سے ہم پر مینہ برسا (اسلام میں ایسے کلام کہنے ممنوع ہیں)

طلوع منازل کے احکام

دسویں نیسان کو ثرطین طلوع ہوتی ہے۔ اور آفتاب اکلیل میں جاتا ہے۔ اور بطین نیسان کی آخری رات میں طلوع ہوتی ہے۔ اور ثریا تیرھویں آیار کو مغرب کے وقت غروب ہو کر پچاس شب غائب رہتی ہے۔ پھر مشرق سے صبح کے وقت طلوع ہوتی ہے۔ اور جب وسط آسمان میں پہنچتی ہے تب سخت سردی ہوتی ہے اور پھلوں کی آفات جاتی رہتی ہیں چنانچہ حضور علیہ السلام کا فرمان گزر چکا ہے کہ جب نجم طلوع ہوتا ہے پھلوں سے آفات زائل ہوتے ہیں اور دُبران چھبیسویں آیار کو طلوع ہوتی ہے اور ہقعہ آٹھویں خزیران کو اور ہنعہ اکیسویں کو اور ذراع چوتھی تموز کو اور نثرہ سترھویں کو۔ اور اس کے ساتھ ہی ایک ستارہ شعری العبور نام طلوع ہوتا ہے۔ اور طرفہ پہلی آب کو اور جبہہ چودھویں کو اور زبرہ ستائیسویں کو۔ اور صرفہ آٹھویں ایلول اور عوا انیسویں کو اور سماک جب کہ ایلول کی دو راتیں باقی رہتی ہیں اور سماک بارھویں تشرین ثانی کو اور قلب بندرھویں کو اور شولہ اٹھارھویں کانون اول کو اور نعائم اکیسویں کو اور بلدہ تیسری کانون ثانی کو اور ذابح سولھویں کو اور سعد وسعود ستائیسویں کو اور سعد اخبیہ گیارھویں شباط کو اور سعد بلع چھبیسویں کو۔ اور فرغ مقدم ازار کی دو راتیں گزرنے کے بعد اور فرغ مؤخر چوبیسویں اور رشا چوتھی نیسان کو واللہ اعلم۔

چاروں فصلوں پر منازل کی تقسیم

فصل ربیع کے یہ منازل ہیں۔ ثرطین۔ بطین۔ ثریا۔ دبران۔ ہقعہ۔ ہنعہ۔ ذراع اور فصل گرما کی یہ ہیں۔ نثرہ۔ طرفہ۔ جبہہ۔ زبرہ۔ صرفہ۔ سماک۔ عوا۔ اور فصل خریف کی یہ ہیں۔ غفر۔ زبانا۔ اکلیل۔ قلب۔ شولہ۔ نعائم۔ بلدہ۔ اور فصل سرما کی

یہ ہیں۔ سعد سعود۔ سعد ذابح۔ سعد اخبیہ۔ سعد بلع فرغ۔ فرغ مقدم۔ فرغ مؤخر۔ رشا۔ غرض کہ ہر فصل کی سات منزلیں ہیں۔

بارہ برجوں کے ارتباطات اور اشارات

معلوم ہو کہ بارہ برج اور اٹھائیس منزلیں ہیں۔ جن کا ذکر اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ یعنے ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں۔ اور دیکھنے والوں کے واسطے اس کو زینت دی ہے۔ اور فرماتا ہے وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ یعنے ہم نے چاند کے واسطے منزلیں مقرر کی ہیں۔ بروج لفظ جمع ہے۔ جس کا واحد برج ہے۔ اور برج قصر کو اور کبھی قلعہ کو بھی کہتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ یعنے اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہو۔ (جب بھی تم کو موت پہنچ کر رہے گی) حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ برج آسمان میں محل ہیں۔ جیسے کہ زمین میں محل ہوتے ہیں۔ اور بعض علماء نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا کہ برج ساتوں ستاروں کے مقام ہیں۔ اور وہ بارہ برج ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔ حمل اور عقرب مریخ کے گھر۔ اور ثور زہرہ کا گھر ہے۔ اور جوزا اور سنبلہ عطارد کے گھر ہیں۔ اور سرطان قمر کا گھر ہے اور اسد شمس کا اور حوت مشتری کا اور جدی اور دلو زحل کے گھر ہیں۔ اور یہ بارہ برج تین تین چاروں طبائع پر منقسم ہیں۔ جن میں سے ہر ایک کو مثلثہ کہتے ہیں۔ حمل۔ اسد۔ قوس مثلثہ آتشی ہے۔ اور ثور۔ سنبلہ۔ جدی۔ مثلثہ خاکی ہیں۔ اور جوزا۔ میزان۔ دلو مثلثہ بادی ہیں۔ اور سرطان۔ عقرب۔ حوت مثلثہ آبی ہیں۔ یہ جدول ہے۔ جس میں برج اور منازل اور رومی مہینوں کو مفصل ظاہر کیا گیا ہے۔

آذار	نیساں	ایار	حزیران	تموز	آب	ایلول	تشرین ۱	تشرین ۲	کانون ۱	کانون ۲	شباط
حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
بطین	ثریا	ہقعہ	ذراع	جبہہ	صرفہ	سماک	اکلیل	شولہ	بلدہ	سعود	مقدم
رشا	مؤخر	شرطین	دبران	ہنعہ	طرفہ	خرتان	عوا	زبانا	قلب	نعائم	بلع

اہل تفسیر نے برج کے معانی میں اختلاف کیا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ آسمان میں محل ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ اور بعض کہتے ہیں وہ ستارے ہیں اور بعض کہتے ہیں چراغ ہیں اور بعض کا قول ہے کہ وہ آسمان کے دروازے ہیں جن کو مجرہ کہتے ہیں

میں کہتا ہوں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نص صریح ہے کہ وہ برج جن کا ہم ذکر کر رہے ہیں۔ بارہ ہیں۔ اور ان کو اللہ تعالیٰ نے تربیع اور تثلیث کے ساتھ تقسیم کیا ہے۔ اور ساتوں ستاروں پر بھی ان کی تقسیم ہے۔ جیسا کہ ہم بیان کر چکے۔

برج حمل :- اس میں پانچ ستارے ہیں رخ اس کا مغرب کی طرف اور پچھا مشرق کی طرف اور پیچھے کی طرف یہ منہ کئے ہوئے ہے۔ یہاں تک کہ تھوتھنی اس کی پیٹھ پر ہے۔

برج ثور :- میں ایک تارہ ہے۔ مگر اس کے باہر گیارہ تارے ہیں۔ جیساکہ بیان ہو چکا۔ اور ناف کے پاس ہیں۔ اس کے دو ٹکڑے ہوئے ہیں۔ اگلا مشرق کی طرف پچھلا مغرب کی طرف اور ثریا اور دبران بھی اسی کے ستارے ہیں۔

برج جوزاء :- میں اٹھارہ ستارے ہیں۔ اور سات ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں۔ اس برج کی صورت کھڑے جڑواں بچوں کی سی ہے۔ جن میں سے ہر ایک نے اپنے دونوں ہاتھ دوسروں کے کندھوں پر رکھ چھوڑے ہیں۔ اس برج کا سر اور تمام ستارے شمال کی طرف ہیں۔ اور پنڈلیاں مشرق کی طرف اور پیر مغرب کی طرف۔

برج سرطان :- میں چھ ستارے اندر اور چار باہر ہیں۔ اس کی صورت بالکل کیکڑے کی سی ہے۔ آگا اس کا مشرق کی طرف اور پچھا مغرب و جنوب کی طرف جوزا سے متصل گویا وہ اس کو اٹھائے ہوئے ہیں اور اس کے ستاروں میں سے ایک ستارہ قلب اسد ہے۔

برج سنبلہ :- جس کو عذرا بھی کہتے ہیں۔ اس میں چھبیس ستارے ہیں۔ اور سات ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں صورت اس کی ایک پردار لڑکی کی سی ہے۔ جس نے اپنا سر منزل صرفہ پر جھکا دیا ہے۔ اور اسی کے ستاروں میں سے ایک ستارہ سماک اعزل ہے۔

برج میزان :- آٹھ ستارے اس کی صورت کے اندر اور نو باہر ہیں اور صورت اس کی قائمہ ہے۔

برج عقرب :- اس کی صورت کے اندر اکیس [۲۱] اور باہر تین ستارے ہیں۔ صورت اس کی قائمہ ہے۔ اور اسی کے ستاروں میں سے ایک چمکدار ستارہ قلب عقرب ہے۔

برج قوس :- جس کا نام رامی بھی ہے۔ یہ اکتیس [۳۱] ستارے عقرب کے پس پشت واقع ہیں اور صورت اس کی انسان اور گھوڑے کی صورت سے مرکب ہے۔ گردن تک گھوڑے کا جسم۔ اور گردن سے اوپر نصف جسم انسان کا جس کے ہاتھ میں تیر و کمان ہے۔ اور زمین کی طرف جھکا ہوا ہے۔

برج جدی :- اس میں اٹھائیس ستارے ہیں نصف جسم اس کا بکری کا اور نصف نیچے کا جسم مچھلی کا دم تک ہے۔

برج دلو :- جس کو والی بھی کہتے ہیں۔ اس میں بیالیس [۴۲] ستارے ہیں۔ اور تین ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں صورت اس کی ایک مرد کی ہے جس کے ہاتھ میں ایک چھاگل ہے۔ اور اپنے پیروں پر پانی ڈال رہا ہے۔ اور پانی اس کے پیروں کے نیچے سے جنوب کی طرف بہہ رہا ہے۔

بارھواں برج حوت ہے اس میں چونتیس ستارے ہیں۔ اور چار تارے اس کی صورت سے باہر ہیں۔ اور صورت اس کی دو مچھلیوں کی سی ہے۔ جن کی دمیں ملی ہوئی ہیں۔ یہ سب ستارے تین سو پینتالیس ہیں۔ حمل ان برجوں میں پہلا برج ہے

ہے۔ اور ثور بھی آسمان کا ایک برج ہے۔ اور جوزا کو کہتے ہیں کہ یہ بیچ آسمان میں ہے۔ اور جوزا کے معنی وسط کے ہیں۔ اور سب برج آسمان میں ہیں۔ اور جدی ایک ستارہ کا نام ہے جس سے قبلہ معلوم ہوتا ہے۔

برج سے متعلقہ شہر

برج حمل سے یہ شہر متعلق ہیں۔ بابل۔ فارس۔ آذربائیجان۔ ثور سے ہمدان۔ کردستان۔ جوزا سے جرجان گیلان۔ سوقان۔ سرطان سے زمین چین۔ مشرق۔ خراسان۔ اسد سے ترکستان۔ تاتار۔ ماوراء النہر۔ میزان سے ارض روم۔ امریکہ۔ مصر۔ حبشہ۔ عقرب سے حجاز۔ یمن۔ قوس سے بغداد اصفہان۔ جدی سے کرمان۔ عمان۔ بحرین۔ ہندوستان دلو سے کوفہ سے لے کر حجاز تک۔ حوت سے طبرستان۔ موصل اسکندریہ۔ ہم نے یہ مختصر بیان کیا ہے۔

تقسیم زمان

زمانہ کے چار حصے ہیں۔ پہلا ربیع اور بعض کے نزدیک گرمی پہلا حصہ ہے۔ اور بعض کے نزدیک خریف اس کی ابتداء اس وقت ہوتی ہے۔ جب سورج راس میزان میں جاتا ہے اور موسم سرما کی ابتدا جب سورج راس جدی میں جاتا ہے۔ اور موسم گرما کی ابتدا جب سورج راس حمل میں جاتا ہے اور موسم خریف کی ابتداء اس وقت ہے۔ جب سورج برج سرطان میں جاتا ہے۔ اور بعض کے نزدیک بجائے ربیع کے خریف اور بجائے خریف کے موسم گرما ہے۔

ہواؤں کا بیان

پہلی ہوا شمالی ہے جو قطب کی طرف سے چلتی ہے۔ دوسری صبا جو مشرق سے آتی ہے۔ جب رات دن برابر ہوتا ہے۔ اور اس کے پیچھے ایک ہوا دبور ہے۔ عرب کا خیال ہے کہ دبور ہی بادلوں کو ابھار کر لاتی ہے۔ پھر صبا اس کو مرتب کر کے موٹا اور بھاری بنا دیتی ہے۔ اور ایک ہوا جنوبی ہے۔ جو بادلوں کے ساتھ چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو ملا کر ان کو پھیلا دیتی ہے۔ اور شمال کی ہوا بادلوں کو پھاڑتی ہے۔ غرض کہ شمال کی طرف سے اور جنوب کی طرف سے۔ اور صبا شرق سے اور دبور غرب سے چلتی ہے۔

آسمانوں کے فاصلے اور ابر

افلاک کی صورتوں کے متعلق ہم حکماء متقدمین کے مذاہب بیان کر چکے ہیں۔ اب اہل شرع کے موافق بیان کرتے ہیں۔ حدیث میں ابن عباس سے مروی ہے کہتے ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب نے بیان کیا کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم

کے ساتھ بیٹھا ہیں تھے۔ ایک ابر کا ٹکڑا ہمارے سامنے سے گزرا حضور نے فرمایا۔ تم جانتے ہو یہ کیا ہے۔ ہم نے کہا سحاب ہے فرمایا۔ اور مزن بھی اسی کا نام ہے۔ ہم نے کہا اور مزن ہے۔ فرمایا اور عنان (بھی ہے) ہے۔ ہم نے کہا۔ اور عنان[1] ہے۔ پھر فرمایا۔ تم جانتے ہو کہ آسمان و زمین کے درمیان میں کس قدر فاصلہ ہے۔ ہم نے کہا۔ خدا اور رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ فرمایا پانچ سو برس کا فاصلہ ہے۔ اور ہر آسمان کا دل بھی اسی قدر ہے۔ پھر ساتویں آسمان پر ایک دریا ہے جس کی گہرائی بھی اتنی ہی ہے۔ پھر اس کے اوپر ایک اتنا ہی بڑا عالم ہے۔ پھر اسی کے اوپر اللہ ہے۔ اور اللہ سے اوپر کچھ نہیں ہے۔ اور بنی آدم کا کوئی کام اس پر پوشیدہ نہیں ہے اس بات کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ[2] پس بنی آدم کی رفتار سے ان کا درمیانی فاصلہ پانچسو برس کا ہے۔ مگر فرشتے اور شیطان اس قدر مسافت کو ایک آن میں طے کر لیتے ہیں۔ ابو داؤد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے۔ کہ آپ سے کسی نے دریافت کیا۔ کہ آسمان اور زمین کے درمیان کس قدر فاصلہ ہے آپ نے فرمایا۔ ایک دعا مستجاب کا۔ پھر کسی نے پوچھا۔ کہ مشرق و مغرب میں کس قدر فاصلہ ہے۔ فرمایا ایک دن کی راہ کا۔

میں کہتا ہوں سورج میں بہت سی منفعتیں اور دلیلیں ہیں۔ ایک دلیل یہ ہے۔ کہ سورج ایک ہے اور اس کی روشنی تمام دنیا کو منور کرتی ہے۔ ایسے ہی خداوند تعالیٰ ایک ہے۔ اور تمام عالم کی تدبیر کرتا ہے۔ دوسری دلیل یہ کہ سورج ہم سے بہت دور ہے۔ مگر روشنی اس کی قریب ہے۔ ایسے ہی خداوند تعالیٰ بالذات بندوں سے دور ہے مگر بالاجابت نزدیک ہے۔ تیسری دلیل یہ ہے۔ کہ سورج کی روشنی سے کوئی محروم نہیں ہے۔ ایسے ہی رزق خدا کسی سے ممنوع نہیں۔ چوتھی یہ کہ کسوف شمس قیامت کی دلیل ہے۔ اور اس کا غروب ہونا ظلمت ہے۔ پانچویں یہ کہ بادل سورج کو چھپا دیتا ہے ایسے ہی معرفت الٰہی بھی پوشیدہ کی گئی ہے

منافع سورج کے بہت ہیں۔ چنانچہ ایک تو یہ کہ تمام دنیا کا چراغ ہے۔ دوسرے پھلوں کو پختہ کرتا ہے۔ تیسرے مشرق سے مغرب کو لوگوں کی اصلاح کے واسطے جاتا ہے۔ چوتھے یہ کہ کسی جگہ نہیں ٹھہرتا۔ تاکہ کسی کو نقصان نہ پہنچے۔ پانچویں یہ کہ جاڑے میں نیچے کے برجوں میں ہوتا ہے۔ اور گرمی اوپر کے برجوں میں۔ چھٹے یہ کہ چاند کے ساتھ اکٹھا نہیں ہوتا۔ تاکہ ایک سے دوسرے کی روشنی کو نقصان پہنچے

اگر کوئی کہے کہ سورج تو چوتھے آسمان پر ہے۔ پھر کیا وجہ کہ آسمانوں سے اس کی روشنی نہیں رکتی اور بادل سے رک جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں وجہ اس کی یہ ہے۔ کہ آسمان پر جواہر لطیفہ اور شفاف ہیں۔ ان میں سے روشنی پار ہو جاتی ہے اور بادل ایک کثیف چیز ہے اس میں سے روشنی پار نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ وہ زمین سے بلند ہوتا ہے۔ اور زمین کے اجزاء اس میں آمیز ہوتے ہیں۔

---

[1] یہ سب عربی میں بادلوں کے نام ہیں [2] یعنی اللہ وہ ذات ہے جس نے سات آسمان اور مثل ان کے زمینیں پیدا کی ہیں ۱۲۔

قمر کا بیان

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا جس وقت بادل نہ ہو تم چاند کو دیکھتے ہو۔ لوگوں نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا پس کیا جس وقت ابر نہ ہو تو سورج کو دیکھتے ہو۔ سب نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا پس اسی طرح تم اس کو (یعنے خدا کو) دیکھو گے۔ اگر تم کہو کہ چاند کی مثال حضورؐ نے کس واسطے دی ہے حالانکہ سورج زیادہ روشن ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس کی دو وجہیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ چاند کو آنکھ اچھی طرح دیکھتی ہے اور سورج پر قائم نہیں ہو سکتی۔ دوسرے یہ کہ خدا کے واسطے چاند پھٹ گیا۔ تب اللہ تعالےٰ نے اس کے بدلے میں اس کو دو باتیں عنایت کیں۔ اس کا واقعہ یہ ہے کہ جب جبرئیل نے چاند پر اپنا پیر ملا تو اس کی روشنی جاتی رہی جس کے صدمہ سے اس کا دل ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلے چاند کو دو باتیں عنایت کیں۔ ایک تو یہ کہ ہر ماہ میں لوگ اس کی طرف آنکھیں لگائے رہتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ چاند سے آپ ایسی بڑی بھاری مثال بیان کریں۔

اگر تم یہ کہو کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ یعنی خدا کو آنکھ نہیں دیکھ سکتی پھر کیسے حضورؐ نے فرمایا کہ تم خدا کو دیکھو گے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ آنکھیں خدا کو اس طرح دیکھیں گی کہ اس کا احاطہ کر سکیں گی کیونکہ خداوند تعالیٰ کے وجود کا ہمارے سامنے آنا محال ہے۔ چاند میں بہت سے فوائد ہیں۔ منجملہ ان کے ایک یہ کہ وہ رات کو خلقت کے لئے چراغ ہے۔ اور دوسرے یہ کہ ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ اس پر ظاہر ہوا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ یعنے قریب ہوئی قیامت اور پھٹ گیا چاند۔ اور اللہ تعالےٰ نے اس کے واسطے منزلیں مقرر کیں تاکہ وقت معلوم ہو۔ اور اس کے نور سے ننانوے حصے کم کر دیئے جیسا کہ فرماتا ہے۔ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ یعنے رات کی نشانی ہم نے مٹا دی کیوں کہ اگر یہ بات نہ ہوتی تو رات کو بھی لوگ اپنے کاروبار میں لگے رہتے اور رات و دن میں تمیز نہ رہتی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔ چاندنی میں رات برہنہ لیٹنا برص پیدا کرتا ہے اور کپڑا جب دھو کر چاندنی میں پھیلایا جائے۔ تو رنگ اس کا تبدیل ہو جاتا ہے اور جن منازل میں چاند ایک شبانہ روز رہتا ہے۔ ان کی تفصیل گزر چکی۔

نجوم اربعہ اور ان کے ارشادات اور تدبیرات

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ اور فرمایا ہے وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ علم نجوم بڑا بزرگ علم ہے۔ اور اکثر لوگ اس سے قاصر ہیں اس کلام میں اشارہ معرفت نجوم کی طرف ہے۔ نہ ان احکامات کی طرف جن پر حرمت ہے۔

اس بات پر سب کا اتفاق ہے۔ کہ چاند کی روشنی سورج سے ہے۔ اور کواکب معروفہ جو بائیس ہیں ان میں اختلاف ہے۔

ان ہی میں ایک ستارہ جدی ہے جو قبلہ بتاتا ہے۔ یہ ستارہ قطب شمالی کی طرف ہے۔ اور گرد اس کے بہت سے ستارے حلقہ کئے ہوئے ہیں چکی کی گرنڈ کی طرح اور ایک جانب ان کے ستارۂ فرقدان ہیں۔ اور دوسری طرف ایک چمکدار ستارہ ہے اور اس اور ان کے درمیان میں تین چھوٹے ستارے اوپر اور نیچے ہیں۔ جو قطب کے گرد گردش کیا کرتے ہیں۔ اور قطب اور جدی اپنی اپنی جگہ سے نہیں ہلتے۔ بلکہ قطب سے جدی کا پتہ چل جاتا ہے اور بعض کہتے ہیں جدی سے قطب معلوم ہوتا ہے۔ جب چاند نہیں ہوتا کیونکہ چاند کی روشنی میں سوائے تیزنگاہ آدمی کے اور کسی کو یہ ستارے معلوم نہیں ہوتے۔ اور ان کی کروٹ میں ایک بہت باریک ستارہ سُہا نام کا ہے۔ اس پر لوگ نظروں کا امتحان کیا کرتے ہیں۔ اور یہ جدی ستارہ جس سے کہ قبلہ معلوم ہوتا ہے یہ نبات النعش میں سے ہے۔ یعنے نبات النعش کے چاروں ستاروں میں سے دو تو فرقدان ہیں جن کا ذکر گزر چکا اور ایک جدی اور ایک سُہا ہے۔

ستارہ جدی سے قبلہ معلوم کرنے کی ترکیب ملک شام اور عراق میں یہ ہے۔ کہ اس ستارہ کو اپنی پشت کے پیچھے داہنے کان کے مقابل کرکے کھڑا ہو جائے۔ اور مصر میں بائیں کان کے پس پشت کرکے کھڑا ہو۔ خاص بیت اللہ کے دروازہ کی طرف منہ ہو جائے گا۔ اور جب تو فرقدین یا بنات النعش کی طرف پیٹھ کرکے کھڑا ہوگا۔ تو خاص کعبہ کی طرف منہ ہو جائے گا۔ فرقدان دو روشن ستارے قطب کے پاس ہیں اور بنات النعش سات ستارے ہیں جن میں سے تین نبات اور چار نعش ہیں۔ اور اسی طرح بنات النعش صغرے اور قطب شمالی اور جنوبی ہیں۔ سورج یا چاند ان کے پاس نہیں پہنچ سکتا۔ اور قطب جنوبی ہی کے پاس سہیل ستارہ طلوع ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ ستارہ سوائے جزیرۂ عرب کے اور کہیں ظاہر نہیں ہوتا۔ اور جنوب سے چلتا ہوا غرب کی طرف غروب ہو جاتا ہے۔ اور یہ ایک سرخ ستارہ ہے۔ سب ستاروں سے الگ قبلہ سے بائیں جانب طلوع ہوتا ہے۔ اور تمام ملک عرب اور بلاد شام و عراق میں نظر آتا ہے۔ مگر آرمینیہ میں نظر نہیں آتا۔ اور جس وقت کہ عرب میں یہ طلوع ہوتا ہے تو اس کے کچھ اوپر دس راتیں بعد عراق میں دکھائی دیتا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ سُہیل فقط عرب ہی کا تارہ ہے۔

معلوم ہو کہ کواکب ایک ہزار بائیس ہیں جن میں سے تین سو بارہ ستارے بارہ صورتوں میں ہیں۔ اور سورج کے راستے میں پڑتے ہیں (جن کو بروج کہتے ہیں) اور تین سو ساٹھ ستارے اکیس ۲۱ صورتوں میں سورج کے راستہ سے علیحدہ شمال کی طرف ہیں۔ جن میں دب اکبر اور اصغر اور تنین وغیرہ ہیں اور تین سو سولہ ستارے پندرہ صورتوں میں سورج کے راستہ سے علیحدہ جنوب کی طرف ہیں ان ستاروں کا بیان اور کسی اہل فن نے نہیں کیا۔ ابو عبد الجبار نے اپنی کتاب بصرۃ الکواکب میں لکھا ہے۔ کہتے ہیں کہ جو کواکب ثابتہ شمال کی جانب ہیں ان میں سے ایک دبِ اصغر ہے۔ صورت اس کی مثل گوہ کے ہے۔ جو ہاتھوں کو پھیلائے ہوئے بیٹھی ہے۔ اس میں سات ستارے ہیں۔ اور عرب اس کو بنات النعش کہتے ہیں۔ چار ستاروں کا نام نعش ہے۔ اور تین ستارے اس کی قوم ہیں پھر اس صورت کے باہر آٹھ ستارے ہیں۔ میں کہتا ہوں اور ان میں سے ایک دب اکبر ہے۔ جس میں ستائیس ستارے ہیں اور ان کی صورت سے باہر آٹھ ستارے ہیں جن میں سے سات کو عرب بنات النعش کہتے ہیں۔ چار نعش کے اور تین دم

کے ہیں۔ اور انہی میں وہ ستارہ ہے جس کو سُہا کہتے ہیں۔ اور ایک تنین ہے۔ اس میں اکتیس[۳۱] ستارے ہیں۔ صورت اس کی اژدہے کی سی ہے۔ چاروں ستاروں سے اس کی صورت شروع ہوتی ہے۔ مربع کی طرح اور اس کے سر پر عقرب کا نشان ہے۔ ایک ان میں سے فلکہ ہے جس کو اکلیل شمالی بھی کہتے ہیں۔ یہ ستارے دائرہ کئے ہوئے سماک رامح کے پیچھے واقع ہیں اور ایک ان میں سے جاثی ہے۔ یعنی گھٹنوں کے بل بیٹھا ہوا ہے۔ اس میں ستائیس ستارے ہیں۔ اور ایک ان میں سعلیات ہے جس کو نوراور صبح رومی بھی کہتے ہیں۔ اور ایک سلحفاۃ ہے جس میں دس ستارے ہیں۔ اور ایک بہت روشن ستارہ نسر واقع نام کا ہے۔ اور ایک ان میں سے دجاجہ ہے۔ یعنی مرغی کی شکل۔ اس میں اکیس[۲۱] ستارے ہیں اور دو ستارے اس کی صورت سے باہر ہیں۔ اور ایک ان میں سے مثلث ہے۔ اس میں چار ستارے ہیں۔ کوکب سمکہ اور نسر کے درمیان میں جو راس الغول کے اوپر ہے۔ پس یہ سب شمالی صورتوں کے ستارے تین سو ساٹھ ہیں۔ اور جنوبی صورتوں کے تین سو بارہ ستارے ہیں۔ جن میں سے ایک قطیعت ہے۔ اس میں بارہ ستارے ہیں۔ صورت اس کی ایک جانور کی سی ہے۔ جس کے دو پیر اور ایک دم مثل مچھلی کی دم کے ہے اور ایک ان میں سے جبّار ہے اور اس میں اڑتیس ستارے ہیں۔ اس کی صورت ایک مرد کی سی ہے جو راستہ چل رہا ہے۔ اور ہاتھ میں اس کے لکڑی ہے اور کمر بند بندھا ہوا ہے۔ اور تلوار کمر سے بندھی ہوئی ہے۔ اس کے ستاروں میں سے ایک سُرخ ستارہ جوزا ہے۔ اور ان میں سے ایک بارہ ستاروں کا مجمع کا ہے۔ رجل الجبار سے نیچے کی طرف۔ صورت اس کی خرگوش کی ہے۔ منہ اس کا مغرب کی طرف اور پیر مشرق کی طرف اور ان ہی میں سے ایک کلب اکبر ہے۔ اس میں اٹھائیس ستارے ہیں ایک سنبلہ ہے۔ جس کو بان المرزبان کہتے ہیں۔ اور ان میں سے شعرۃ الغمیصا ہے۔ یہ وہ ستارے ہیں جو جوزا کے بعد طلوع ہوتے ہیں۔ جو سرطان کہ جوزا میں ہے۔ اور شعرۃ الغمیصا جو ذراع میں ہے۔ ان کو اہل عرب سہیل کی بہنیں کہتے ہیں۔ اور انہیں میں سے اکلیل جنوبی ہے۔ اس میں تیرہ ستارے ہیں۔ اور اس کی صورت کے باہر چھ تارے ہیں۔ صورت اس کی بڑی مچھلی کی سی ہے۔ اور اس کے ستارے برج دلو کے جنوب پر واقع ہیں۔ سر مشرق کی طرف اور دم مغرب کی طرف۔ اور انہیں سے ایک مجمرہ ہے۔ یہ تارہ جزیرات العفر سے جنوب کی جانب ہے۔ جس میں کل شمال اور جنوبی ستارے ہیں۔ اور اکثر لوگوں نے ان کا ذکر کیا ہے۔ مگر جو ستارے غیر مشہور ہیں۔ ان کا ذکر ہم بعد میں کریں گے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

اجرام کواکب

معلوم ہو کہ سورج کا جسم دنیا سے ایک سو ساٹھ مرتبہ زیادہ ہے اور چاند کا جسم انتالیس[۳۹] مرتبہ زیادہ اور ہمارے بعض علماء فرماتے ہیں۔ کہ سورج کا جرم پندرہ درجہ آگے سے اور اسی قدر پیچھے سے اور چاند کا جرم بارہ درجہ آگے سے اور اسی قدر پیچھے سے۔ اور مریخ کا جسم آٹھ درجہ آگے سے اور اتنا ہی پیچھے سے۔ اور زہرہ کا جسم سات درجہ آگے سے اور اتنا ہی پیچھے سے۔ اور عطارد کا جرم بھی اسی قدر ہے۔

ستاروں کا ساتوں آسمانوں کا دورہ کرنا

معلوم ہو کہ چاند انتیس دن اور ایک دن کی تہائی میں آسمان کا دورہ کرتا ہے۔ اور عطارد اٹھائیس روز میں اور زہرہ دو سو چوبیس روز میں۔ اور ایک دن کی چوتھائی میں۔ اور سورج تین سو پینسٹھ روز میں فلک کو طے کرتا ہے۔ اور مریخ چھ سو تیس روز میں۔ اور مشتری گیارہ برس میں اور زحل انتیس برس میں طے کرتا ہے

مقامات بروج

معلوم ہو کہ قمر کا ہر برج میں دو دن تین شب کا مقام ہے۔ اور عطارد کا ہر برج میں پندرہ دن اور زہرہ کا مقام ہر برج میں پچیس روز کا ہے۔ اور مشتری کا ہر برج میں مقام ایک سال کا ہے اور زحل کا تیس مہینے کا۔

شرف کواکب

قمر کا شرف برج ثور میں ہوتا ہے۔ اور عطارد کا سنبلہ میں۔ اور زہرہ کا حوت میں۔ اور شمس کا حمل میں۔ اور مریخ کا جدی میں۔ اور مشتری کا سرطان میں۔ اور زحل کا میزان میں۔

منزل ثریا آسمان میں چراغ عالم ہے۔ کیونکہ آسمان میں اس سے زیادہ کسی جگہ ستارے نہیں ہیں۔ اسی سبب سے اس کو نجوم کہتے ہیں۔ اور باب السماء بھی یہی ہے۔

ستاروں کے دن

یکشنبہ شمس کا ہے۔ دوشنبہ قمر کا۔ سہ شنبہ مریخ کا۔ چہارشنبہ عطارد کا۔ پنجشنبہ مشتری کا۔ جمعہ زہرہ کا۔ شنبہ زحل کا۔

ستاروں کا اقتران

اقتران کے معنے یہ ہیں کہ جب ایک ستارہ ایک برج میں ہو۔ تو دوسرا ستارہ اس کی نظر میں ہو اور اجتماع یہ ہے۔ کہ دو ستارے ایک برج میں اکٹھے ہوں۔ اس وقت حکم الٰہی سے ان کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ جب زحل مشتری کے قریب ہوتا ہے تو جنگ و جدل عالم میں بکثرت ہوتی ہے۔ اور بادشاہان روئے زمین مرتے ہیں۔ اور جب مریخ زحل کے قریب ہوتا ہے تب بھی یہی اثر پیدا ہوتا ہے۔ اور جب زحل شمس سے قریب ہوتا ہے۔ تب بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ اور جب زحل کا زہرہ سے قران ہو۔ تو قحط سالی اور گرانی نمایاں ہو اور جب زحل عطارد سے قران کرے۔ تو کاتبوں کا حال بہتر ہو۔ اور جب قمر سے قران کرے۔ تو حکام سے ظلم سرزد ہوں۔ اور جب مشتری مریخ سے قران کرے۔ تو عالم میں حد درجہ کی سختیاں ظاہر ہوں۔

طبائع کواکب

قمر بارد مؤنث بلغمی ہے اور حرارت اس کی عارضی ہے۔ کیونکہ اس کی روشنی شمس کی روشنی سے ہے ہنسی اور زینت کا یہ بادشاہ ہے عطارد کبھی مؤنث اور کبھی مذکر اور کبھی سعد اور کبھی نحس ہے۔ حرارت اس کی معتدل ہے۔ اور یہ گفتگو اور لکھنے پڑھنے کا بادشاہ ہے۔ زہرہ مؤنث ہے سرد تر مزاج بلغمی۔ شادی اور خوشی کا یہ بادشاہ اور شہوت اور زینت اور ز نالیف قلوب اور حسن اور لہو ولعب سب اس کی خاصیتیں ہیں۔ شمس مذکر گرم خشک ہے۔ مزاج صفراوی اور یہ سعد بالنظر اور نحس بالمقابلہ ہے۔ جوہر اس کا سونا ہے۔ اور علوم و شرافت اور خوشی و سرور کا یہ بادشاہ ہے۔ مریخ

گرم خشک ہے۔ مزاج صفراوی جوہر اس کا لوہا اور مزہ کڑوا ہے اور اعضا میں سے سر اور معدہ اور قتل و غارت اور عورتوں وغیرہ سے اس کا تعلق ہے۔ مشتری مذکر معتدل روحانی بادی مزاج ہے۔ اور سعد ہے خون سے اس کا تعلق ہے اور جوہر اس کا جست اور مزہ میٹھا اور رنگ سپید ہے اور ساکن ہوا جو دل میں ہوتی ہے۔ اس کا یہ بادشاہ ہے۔ اور بخشش اور ریاست اسی سے متعلق ہے۔ زحل سرد خشک اور اندھیرا ہے۔ مزاج سوداوی۔ جوہر اس کا سیسہ اور مزہ اس کا کڑوا اور رنگ سیاہ ہے۔ حرارت اور نفرت اور ظلم و قہر اسی سے متعلق ہیں۔ اور ذکر یعنے عضو تناسل کا یہ بادشاہ ہے۔

میں کہتا ہوں کہ ایک قوم کا یہ خیال ہے کہ عالم میں جو کچھ ہوتا ہے۔ ان کو یہی ستارے اور افلاک کرتے ہیں۔ اور یہی مدبر عالم ہیں۔ اور حجت اس کی خداوند تعالےٰ کا یہ فرمان لیتے ہیں۔ فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا وغیرہ۔ اور ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ بات نہیں ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب معراج میں تشریف لے گئے اور کل چیزوں کی آپ نے سیر کی اور بروج و کواکب کے حالات سے آپ نے ہم کو مطلع کیا۔ بس اسی قدر مقبول ہے اور باقی مردود ہے۔ جس کی طرف التفات نہیں کیا جاتا۔ بلکہ دلائل و براہین اس بات پر قائم ہیں کہ خداوند تعالےٰ نے ان کو پیدا کیا ہے اور فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا سے یہ مطلب ہے جس کو حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا ہے کہ خداوند تعالےٰ نے بعض ملائکہ کو رزق پر۔ اور بعض کو ہوا پر بعض کو بارش پر مؤکل کیا ہے۔ اور جو کام وہ کرتے ہیں۔ خداوند تعالیٰ ہی کے حکم سے کرتے ہیں۔ کیونکہ وہی قادر اور علیم اور حکیم ہے۔

۵۔ بسم اللہ شریف کے خواص و برکات

معلوم ہو کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط جو اسرار اللہ تعالےٰ نے ودیعت کر رکھے ہیں۔ ان کو جو شخص معلوم کرے وہ آگ میں نہیں جل سکتا۔ اور جو اس کے دفق کو لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ بھی نہیں جل سکتا۔ کل علماء کا اتفاق ہے کہ ہر بڑے کام کو بسم اللہ کے ساتھ شروع کرنا چاہیئے۔ قرآن شریف کے اتباع کے واسطے۔ کیونکہ ابو ہریرہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ کہ آپ نے فرمایا ہے کہ جو بڑا کام بغیر بسم اللہ کے شروع کیا جائے گا۔ وہ ناتمام ہوگا اور ایک روایت میں ہے کہ مقطوع ہوگا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اَبْتَرْ ہوگا۔ یعنے اس میں برکت نہ ہوگی۔ روایت ہے کہ خداوند تعالےٰ کی طرف سے جو کتابیں نازل ہوئی ہیں وہ ایک سو چار صحیفے ہیں جن میں سے ساٹھ صحیفے شیث علیہ السلام پر نازل ہوئے۔ اور بیس حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور دس صحیفے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توراۃ کے نازل ہونے سے پہلے نازل ہوئے تھے۔ اور توراۃ اور زبور اور انجیل اور قرآن شریف اور سب کتابوں کے معانی کا مجموعہ قرآن شریف ہے۔ اور قرآن مجید کے معانی کا مجموعہ سورۂ فاتحہ ہے اور سورہ فاتحہ کا مجموعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے۔ اور بسم اللہ کا مجموعہ حرف ب ہے جس کے معنے یہ ہیں کہ خداوند تعالےٰ فرماتا ہے بِیْ کَانَ دَبِیْ مَا یَکُوْنُ یعنے میرے ہی ساتھ تھا وہ جو تھا۔ اور میرے ہی ساتھ وہ ہے جو ہوگا۔

روایت ہے کہ بسم اللہ جب نازل ہوئی ہے۔ تو اس کے نازل ہونے سے عرش ہلا تھا اور ملائکہ دوزخ نے یہ کہا تھا
کہ جس نے اس کو پڑھا وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔ اور اس میں انیس ۱۹ حرف ہیں۔ اور ملائکہ محافظین دوزخ بھی انیس ۱۹ ہیں اللہ تعالےٰ
ہم کو عافیت میں رکھے۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا جب بسم اللہ نازل ہوئی تو ابر مشرق کی طرف بھاگا تھا۔
اور ہوا ٹھہر گئی تھی۔ اور سمندر چڑھ آیا تھا اور جانور گردن جھکا کر خاموش ہو گئے تھے۔ اور شیطانوں کو آسمان سے شہابیے مارے
گئے تھے۔ اور خداوند تعالےٰ نے قسم کھائی تھی۔ کہ جب میرا نام کسی مریض پر دم کیا جائے گا۔ تو شفا ہوگی۔ اور جس چیز یا کام پر
لیا جائے گا اس میں برکت دی جائے گی۔ ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ جس کو منظور ہو کہ مؤکلین دوزخ سے نجات حاصل کرے اس کو
بسم اللہ کثرت سے پڑھنی چاہیئے۔ کیونکہ اس کے انیس ۱۹ حرف ہیں۔ ہر حرف کے بدلے میں ایک فرشتے سے نجات ہوگی۔ اور جو
شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے گا۔ اس کو عالم علوی اور سفلی میں ہیبت نصیب ہوگی۔ اور اسی بسم اللہ کی طفیل سے حضرت
سلیمان علیہ السلام کی سلطنت قائم ہوئی تھی۔ اور جو کوئی سو مرتبہ اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی
ہیبت ہوگی۔ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ اس کو چاہیئے کہ بدھ جمعرات اور جمعہ کا
روزہ رکھے پھر جمعہ کو غسل کر کے جامع مسجد میں جائے۔ اور کچھ صدقہ مساکین کو تقسیم کرے۔ پھر جمعہ کے بعد یہ دعا پڑھے۔
[1] اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آخر آیت تک پھر یہ آیت
پڑھے اَلَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖٓ اَسْأَلُكَ اَنْ
تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ
اور اپنی حاجت کا نام لے۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ دعا تم جاہلوں کو نہ سکھانا۔ ورنہ ایک دوسرے پر بددعا کریں گے۔
اور قبول ہوگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے۔ جتنا آنکھ
کی سفیدی اور سیاہی میں۔ اور فرمایا ہے کہ آدمی کی شیطان سے حفاظت بسم اللہ ہی ہے۔ بسم اللہ میں لفظ اسم اس بات پر
دلالت کرتا ہے کہ اس کے بعد جو اسم ہے وہی اسم اعظم ہے۔ یعنے اللہ۔ کیونکہ اسم اعظم ہی اسم جلال ہے اور وہی قطب الاسماء
ہے اور اسی طرف رجوع کی جاتی ہے۔ اور وہی عَلم یعنی مشہور نام ہے۔ جب کوئی تم سے پوچھے کہ رحمٰن کون ہے تو کہو گے کہ اللہ ہے۔
ایسے ہی کل اسماء کی اضافت اسی کی طرف کی جاتی ہے۔ اور اسی سے جلالت کی معرفت ہوتی ہے اور اس کا بلند مرتبہ معلوم ہوتا
ہے۔ اس اسم کو اور اسماء پر بڑا شرف ہے۔ اور وہ یہ کہ جب تم اس میں سے الف دور کرو گے تو للہ رہ جائے گا۔ اور جب

---

[1] اے اللہ میں تیرے نام رحمٰن ورحیم کے ساتھ تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اللہ جس کے سوا معبود نہیں ہے زندہ اور قائم ہے۔ جس کے سامنے سرکشوں
کے منہ جھک گئے اور آوازیں اس کے سامنے نرم ہو گئیں اور دل خوف زدہ ہو گئے اس کے ڈر سے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
کہ حضرت ہمارے سردار محمد پر درود وسلام نازل کر اور ان کے آل اور اصحاب پر اور میری یہ حاجت پوری کردے ۱۲ سید
یٰسین علی نظامی خواہرزادہ حضرت خواجہ نظام اولیاء رح ۔

ایک لام کو بھی دور کر دو تو لُہٗ رہ جائے گا۔ اور جب اس لام کو بھی دور کرو تو ہُو رہ جائے گا۔ پس اس کے سب حرف بالذات قائم ہیں۔ یہ بات کسی اور اسم میں نہیں ہے۔ جب تم اس میں سے ایک یا دو حرف کم کرو گے تو اس کے معنی باطل ہو جائیں گے۔ پس اسی سبب سے کہ اس کے حرفوں میں خلل نہیں پڑتا اس اسم کو بڑا شرف ہے۔ اور دلیل اس بات کی کہ یہ ذات بزرگ ثابت العزوالبقا ہے اور اس کے علاوہ اس اسم کو اور شرف ہے وہ یہ کہ یہ اسم ذات واحد اور توحید الٰہیہ پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ پہلا حرف اس اسم کا الف ہے۔ اور الف پہلا حرف اور پہلا عدد اور پہلی اکائی ہے۔ پس ذات باری بھی اپنی صفت میں فرد اور اپنے عدد میں احد ہے اور یہ الف اس احدیت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ جس کے سامنے کل موجودات سر تسلیم خم کئے ہوئے ہیں اور آخر میں اس اسم کی ہا ہے اور یہ بھی توحید الوہیت کی طرف اشارہ کرتا ہے اور سوائے اس اسم کے اور کسی اسم میں پایا نہیں جاتا اور اپنی زبان حال سے کہتا ہے۔ کہ میں ہی اول ہوں۔ میں ہی آخر ہوں۔ میں ہی ظاہر ہوں۔ میں ہی باطن ہوں۔ پھر بسم اللہ میں بعد اسم ذات کے صفت رحمانیت ہے۔ فرماتا ہے۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ أَيًّا مَّا تَدْعُوا یعنی کہہ دو اے رسول کہ چاہے اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو۔ جس کو چاہو پکارو۔ پس اس نے تم کو اختیار دیا ہے۔ کہ اللہ کہو یا رحمٰن کہو۔ کیونکہ اللہ الوہیت اور رحمانیت کی دونوں صفتوں کا جامع ہے اور خدا کا ہر ایک نام بزرگ ہے۔ اگر تم کو خدا کی رحمت درکار ہے۔ تو یا رحمٰن پڑھا کرو۔ اور اسم اللہ اخص الاسماء اور اعظم ترین اسما بالاتفاق ہے۔ اور یہ سریانی اسم ہے۔ معنے اس کے عدم سے اشیاء کو وجود میں لانے والا۔ اور بھی معانی ہیں۔ جن کو جاہلوں سے پوشیدہ رکھنا بہتر ہے۔ تاکہ وہ اس اللہ سے برے فعل نہ کریں۔ بلعم بن باعور کی طرح سے۔ خدا ہم کو اپنے غضب سے محفوظ رکھے۔ اے اللہ تو ہم کو ان میں سے نہ کیجیو۔ جو تیرے اسماء سے گناہوں پر امداد طلب کرتے ہیں۔ اس اسم میں چار حرف ہیں۔ ایک الف اور دو لام اور ایک ہا۔ اور طبائع بھی چار ہیں۔ اور سمتیں بھی چار ہیں۔ شرق و غرب۔ شمال و جنوب۔ اور ملائکہ تسبیح بھی چار ہیں۔ جبرئیل۔ میکائیل۔ اسرافیل۔ عزرائیل۔ جبرئیل وہ ہیں۔ جنہوں نے پیغمبروں کو رسالت پہنچائی۔ اور صاحب غلبہ و قہر ہیں۔ جن سے خداوند تعالےٰ نے کفاروں کو ہلاک کروایا۔ اور اسرافیل صاحب صور ہیں۔ جو اس میں تین بار پھونک ماریں گے۔ ایک پھونک گھبراہٹ کی ہو گی۔ جس کو خداوند تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ۔ یعنے اور پھونکا جاوے گا صور میں پس گھبرا جائیں گے وہ جو آسمانوں اور زمین میں ہیں۔ مگر جس کو چاہے اللہ (وہ نہیں گھبرائے گا) اور ایک پھونک صعقہ کی ہو گی جس کو خداوند تعالےٰ فرماتا ہے فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ یعنے پس کڑک میں آ جائیں گے وہ جو آسمان و زمین میں ہیں۔ اور تیسری پھونک بعث اور قیام کی ہو گی۔ جس کو وہ فرماتا ہے ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ أُخْرٰى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۔ یعنے پھر جب اس میں دوبارہ پھونکا جائے گا۔ تو سب کھڑے ہوئے دیکھتے ہوں گے۔ پس ہر ایک پھونک کے ساتھ نرالی شانیں ہیں جو اسی کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اور حضرت عزرائیل علیہ السلام قبض ارواح پر مؤکل ہیں اور ظالموں کا قلع قمع اور کافروں کا استیصال انہیں سے متعلق ہیں۔ مگر مومن کے واسطے قبض روح میں راحت و رحمت ہے کیونکہ موت ہی کے

واسطہ سے وہ ان مقامات میں پہنچتا ہے۔ جو خداوند تعالیٰ اپنے کرم وعنایت سے اس کے واسطے مہیا کئے ہیں۔ اور میکائیل علیہ السلام رزق پر مؤکل ہیں۔ زمین میں ایک رائی کا دانہ بھی ایسا نہیں ہے کہ جس پر فرشتہ مؤکل نہ ہو۔ اور ان چاروں فرشتوں کے ماتحت بہت فرشتے ہیں۔ چنانچہ جبرائیل علیہ السلام کے اس قدر ماتحت فرشتے ہیں جن کا شمار ممکن نہیں۔ پھر ان چاروں فرشتوں میں سے ہر ایک کے افکار و اعمال علیحدہ ہیں۔ اور ہر ایک کا روز بھی علیحدہ ہے۔ چنانچہ جبرائیل کا روز دوشنبہ اور مزاج سرد تر ہے۔ اور اسرافیل کا روز پنج شنبہ اور مزاج گرم تر ہے۔ اور عزرائیل کا روز شنبہ اور مزاج سرد تر اور طبیعت خاکی اور موت اور فنا۔ اور میکائیل کا روز چہار شنبہ اور مزاج چار مزاجوں سے ممتزج۔

ان چاروں مؤکلات کے چار اوفاق الگ الگ ہیں۔ چنانچہ جبرائیل کا مسبع اور اسرافیل کا مربع اور عزرائیل کا مثلث اور میکائیل کا مثمن ہے۔ صورت ان کی یہ ہے۔

مسبع جبرائیل

۲۲	۳۳	۶۱	۲۴	۹	۲۶	۱
۲۰	۲۲	۲۳	۴۷	۲۵	۱۰	۲۱
۴۱	۳	۲۲	۳۴	۳۶	۵۶	۲۱
۴۱	۴	۲۳	۴۳	۳۶	۵۶	۲۱
۳۶	۳۰	۱۲	۲۸	۵	۴	۷
۲۷	۱۴	۹	۶	۲	۷	۵۸
۱۵	۲۶	۷	۱۸	۸	۹	۴۱

مربع اسرافیل

۲	۱۲	۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۶	۳	۳

مثلث عزرائیل

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مثمن میکائیل

۲۷	۶	۸	۵	۵	۴۵	۱۲	۱
۲۰	۲۰	۸۰	۶	۷	۵۲	۲	۶
۵	۲	۳۵	۲	۹	۴۳	۲	۲۰
۱۱	۱۸	۱۷	۲	۸	۱۰	۲	۸
۱۹	۱۲	۳۲	۲۲	۹	۲۶	۷	۸
۹	۱	۹	۶۱	۷۵	۸	۲۱	۱۰
۸	۵	۲۲	ے	۸	۵۲	۹	۲
۴	۷	۱۶	۶	۷	۴	۷۲	۲۲

معلوم ہو کہ ان اوفاق میں بہت بڑی تاثیر ہے جو شخص ترکیب سے کرے گا۔ ان کو صحیح پائے گا اور ان سے جو چاہے گا کام لے سکتا ہے۔ مگر خدا سے ڈرنا ہے کہ کسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔

ترکیب ان کے لکھنے کی یہ ہے کہ جو وفق لکھنا چاہے اس کے اعداد میں عدد مطلوب زیادہ کر کے نہایت صحت کے ساتھ لکھے مطلب پورا ہو گا۔ اور مسبع کو اس طرح لکھے کہ پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت قمر کی ساعت میں خالص چاندی یا سپید کاغذ کے ٹکڑے پر نقش کرے۔ اگر بھلائی کے واسطے لکھنا ہے۔ تو عروج ماہ یا شرف قمر میں جب کہ وہ نحوست سے سالم ہو لکھے۔ مگر چاہیئے کہ جہاں تک ممکن ہو۔ درگزر کرے۔ کسی کو ستاوے نہیں۔ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُہٗ عَلَی اللّٰہِ ط یعنے جس نے معاف کیا اور صلح کر لی۔ اس کا اجر خدا پر ہے۔ اور جب بھلائی کے

واسطے لکھے۔ تو عمدہ خوشبو روشن کرے۔ اور جب برائی کے واسطے لکھے تو بدبو روشن کرے۔ اور اگر اس وقت برج ہوائی میں ہو تو اس نقش کو ہوا میں لٹکائے۔ اور اگر برج آتشی میں ہو۔ تو آگ میں دفن کرے۔ اور اگر برج خاکی میں ہو تو خاک میں۔ اس کے دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے۔

کسی کو بلانے کا عمل اگر اس کو بلانا چاہے تو اپنے دروازہ میں دفن کرے۔ کیسا ہی بڑا شخص ہو آجائے گا۔ اور اگر برج آبی میں ہو تو گزرگاہ آب میں دفن کرے۔ اور اگر بہانا چاہے تو ایک نرسل کی نلکی میں بند کر کے موم لگا کر پانی بہاوے۔ اور اس دعا کو پڑھ کر نقش پر دم کرے۔ دعا یہ ہے[1]۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا الْحَمِیْدَۃِ الَّتِیْ اِذَا وُضِعَتْ عَلٰی شَیْءٍ ذَلَّ وَخَضَعَ وَاِذَا طَلَبْتَ بِھِنَّ الْحَسَنَاتِ حَصَلَتْ وَاِذَا صُرِفَتْ بِھِنَّ السَّیِّاٰتُ صُرِفَتْ وَکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ الَّتِیْ لَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْ بَعْدِہٖ سَبْعَۃُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمَاتُ اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ یَا کَافِیْ یَا وَلِیُّ یَا رَؤُفُ یَا لَطِیْفُ یَا رَزَّاقُ یَا وَدُوْدُ یَا قَیُّوْمُ یَا عَلِیْمُ یَا وَاسِعُ یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَا بَاسِطُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا غَنِیُّ یَا مُغِیْثُ یَا حَنَّانُ یَا جَوَادُ یَا مُحْسِنُ یَا مُنْتَقِمُ اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَاَسْأَلُکَ اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْجَلِیْلُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اللَّطِیْفُ الْعَظِیْمُ الرَّزَّاقُ الْغَفُوْرُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْمُمِیْتُ الْمُجِیْبُ الْقَرِیْبُ السَّمِیْعُ السَّرِیْعُ الْکَرِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذُوالطَّوْلِ الْمَنَّانُ۔

عمدہ اخلاق اور باطن درستگی کی دعا ان اسماء کو جو شخص پڑھے یا اپنے پاس رکھے۔ اس کے اخلاق عمدہ ہو جائیں گے۔ اور لوگ اس پر مہربان ہوں گے۔ اور کثرت سے نذر دیں گے۔ اور عجیب و غریب معانی کا اس پر انکشاف ہوگا۔ اور ظاہر و باطن اس کا درست ہو جائے گا۔ کیونکہ اس دعا میں وہ اسم اعظم ہے جس کے ساتھ جو کچھ دعا کی جائے مقبول ہو۔ اور جو کچھ مانگا جائے۔ وہ مل جائے۔ اور بہت بڑا بزرگ وظیفہ ہے جو شخص آدھی رات کو ان اسماء کا ورد کرے۔ اپنی ہمت کے موافق عجائبات ملاحظہ کرے۔ اس ذکر کی مداومت پوشیدہ اسرار کو

---

[1] اے اللہ میں تجھ سے اسماء حسنہ کی طفیل سے سوال کرتا ہوں وہ اسماء جو جمیلہ ہیں جس چیز پر رکھے جائیں وہ ذلیل اور مطیع ہو جائے۔ جب نیکیاں ان کے سبب سے طلب کی جائیں تو حاصل ہوں گی اور برائیاں روکی جائیں تو دور ہو جائیں گی اور اللہ کے ان کلمات کے سبب سے جن کے لئے اگر زمین کے کل درخت قلمیں بن جائیں اور کل سمندر کی سیاہی بنا کر خدا کے کلمے لکھیں۔ تب بھی کلمے ختم نہ ہوں۔ اور سمندر ختم ہو جائیں۔ یقین جانو خدا غالب حکمت والا ہے اے کافی اے ولی اے مہربان اے باریک بین اے رزق دینے والے اے محبت کرنے والے اے علم والے اے وسعت والے اے بزرگ اے دینے والے اے کشادہ کرنیوالے اے بخشش کرنے والے اے عطا کرنے والے اے بے پروا اے رحم کرنے والے اے مہربان اے غنی

کھول دیتی ہے۔ جوان کو پڑھتا رہے۔ عالم علوی کے معاملات اس پر منکشف ہو جائیں اور ملائکہ اس کے مسخر ہوں اور جو شخص اسم کافی کے ساتھ ان اسمار کا ذکر کرے۔ اور کسی چیز کی تمنا رکھتا ہو۔ تو اس کو اس طرح وہ چیز حاصل ہوگی۔ کہ اس کو خیال تک بھی نہ ہوگا۔ اور جو کوئی ادنے درجہ کا آدمی ہو۔ اور ترقی کرنا چاہے۔ تو اللہ تعالے بلا مشقت اس کو ترقی نصیب کرے گا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہے۔ اور وہ اسم کافی اور جامع کا ورد کرے وہ چیز اس کو واپس آجائے گی اور یا عَفُوُّ کا ورد بڑے بڑے الم ورنج کو دفع کرتا ہے۔ اور یا رؤف پڑھنے سے خوف دور ہو کر اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اس اسم کو جو خلوت اور روزہ کے ساتھ اس قدر ورد کرے۔ کہ اس کا حال اس پر طاری ہو جائے تب اگر وہ شخص آگ کو ہاتھ میں لے لے گا۔ تو کچھ ضرر نہ پہنچائے گی۔ اور اگر پکتی ہوئی ہنڈیا پر پھونک مارے گا۔ تب اس کا جوش جاتا رہے گا۔ اور اگر اس کے ساتھ یا حلیم یا رب یا منان اور ملالے تو بہتر ہے۔ اس طرح پڑھے یا حلیم یا رب یا رؤف یا منان۔ اگر ان اسماء کو ساعت قمر میں لکھ کر دشمن سے مقابلہ کرے تو فتح مند ہو۔

شہوت دور دشمن مغلوب جس کو شہوت بہت ستاتی ہو۔ وہ ان کو پڑھے تو شہوت اس کی زائل ہو جائے۔

اب ہم اپنے مقصد یعنے فوائد بسم اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جب یہ آیت نازل ہوئی۔ تو اہل آسمان از حد خوش ہوئے۔ اور عرش عظیم ہلنے لگا اور بے انتہا فرشتے جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اس کے ساتھ نازل ہوئے۔ اور ملائکہ کا ایمان بڑھ گیا۔ اور افلاک نے حرکت کی۔ اور اس کی عظمت کے آگے سلاطین ذلیل ہوئے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آدم علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ ان کی پیدائش سے بھی پانسو برس پہلے۔ اور جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ جب وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آگ کو گلزار بنانے آئے تھے۔ اور آگ سے انہوں نے کہا۔ بسم اللہ اے آگ تو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی۔ کیونکہ اگر بسم اللہ نہ ہوتی تو دریائے نیل عصا مارنے سے نہ پھٹ جاتا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر لکھی ہوئی تھی۔ جب کہ انہوں نے پیدا ہوتے ہی کلام کیا۔ اور مردہ پر پڑھتے تھے۔ تو زندہ ہو جاتا تھا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر لکھی ہوئی تھی۔ اور بسم اللہ کے ہی ساتھ مخصوص ہے۔ کہ ہر صورت پر لکھی ہوئی ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں۔ جو شخص اس کے عدد و حروف کے موافق

(بقیہ صفحہ سابقہ) اے فریاد رس اے مہربان اے بخشش کرنیوالے اے سخی اے احسان کرنیوالے اے بدلہ کرنے والے اے اللہ اپنے حلال کے ساتھ مجھ کو اپنے حرام سے بے پرواکردے اور اپنی طاعت کے ساتھ اپنی معصیت سے اور اپنے فضل کے ساتھ اپنے سوا سے بے پروا کردے اے بڑے مہربان اے اللہ میں تجھ سے تیرے اس نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے بزرگ۔ بزرگ ہے رحمٰن اور رحیم ہے لطیف ہے عظمت والا ہے اور رزق رساں ہے بخشنے والا امن دینے والا حفاظت دینے والا۔ مارنے والا۔ قبول کرنے والا۔ قریب سننے والا۔ جلد کام کرنے والا۔ کرامت والا۔ جلال والا۔ بزرگی والا۔ بخشش والا۔ احسان والا ۱۲ مترجم۔

اس کو سات سو چھیاسی مرتبہ سات روز برابر پڑھے۔ جو کچھ نیت رکھتا ہو وہ پوری ہوگی۔ بھلائی کے حاصل کرنے یا برائی کے دفع کرنے۔ یا کسی تجارت کے چلنے وغیرہ کی اور جو شخص سوتے وقت اس کو اکیس بار پڑھے اس رات میں شیطان سے محفوظ رہے۔ اور چوری اور ناگہانی موت اور ہر ایک بلا سے محفوظ رہے۔ اور جب کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ کو پڑھے۔ اس ظالم کے دل میں اس کی ہیبت پیدا ہو۔ اور اس کے شر سے محفوظ رہے۔

ایک سال میں امیر ہونے کا عمل اگر طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کے مقابل ہو کر تین سو مرتبہ بسم اللہ اور اسی قدر درود شریف پڑھے۔ خدا اس کو ایسی جگہ سے رزق دے جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو اور ایک سال گزرنے نہ پائے کہ امیر کبیر ہو جائے۔

اکسیر محبت ۔ محبت کے واسطے جس شخص کو سات سو چھیاسی بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے وہ دوست ہو جائے۔

ذہن کی تیزی کا عمل اور اسی پانی کو اگر کند ذہن نہار منہ پیوے۔ تو ذہن اس کا بہت تیز ہو جائے۔ اور جو بات سنے یاد رہے۔ اگر باران طلبی کی نیت سے ۱۲ مرتبہ پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ بارش نازل کرے جو شخص صبح کے وقت دل اور سچی نیت سے ڈھائی ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر عجائب اور اسرار منکشف کرے اور عالم میں جو کچھ بات ہونے والی ہو۔ وہ اس کو خواب میں پہلے ہی معلوم ہو جایا کرے۔ مگر اس کے واسطے ریاضت اور رازداری شرط ہے تاکہ کامیابی نصیب ہو۔ اگر کسی کو حاکم یا بادشاہ کے پاس جانا ہو تو جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور اور روغن زیتون سے افطار کرے۔ اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ گن کر بسم اللہ پڑھے۔ پھر بے گنتی پڑھتا جائے۔ یہاں تک کہ اس کو نیند آجائے۔ پھر جمعہ کو صبح کے وقت اٹھ کر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے اور مشک و زعفران و گلاب سے ایک کاغذ پر ایک سو اکیس بار لکھے اور عود و عنبر کی خوشبو روشن کرے۔ پس قسم ہے خدا کی جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں کی نگاہوں میں ایسا ہوگا۔ جیسے چودھویں رات کا چاند۔ ہر ایک اس کی عزت و اطاعت کرے گا۔ اور اس کی ہیبت میں آجائے گا۔ اور جس کی اس پر نگاہ پڑے گی۔ وہی اس سے محبت کرے گا۔ اس کے لکھنے کی صورت یہ ہے۔ ب س م ن ل لا ال رح ی مر۔

تنگی دور کرنے کا عمل اور اگر تنگ معاش آدمی اس کو ایک سو اکیس بار ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھے اور قسط مبعہ سائکہ۔ لبان جاوی کی دھونی روشن کرے تو اللہ تعالیٰ رزق اس پر کشادہ کرے۔

قرض سے نجات کا عمل اگر قرض دار اس کو اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالیٰ اس کا قرض ادا کرے اور ہر ایک برائی سے محفوظ رہے۔ اور اگر اس کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر آب زمزم یا میٹھے کوئیں کے پانی سے دھو کر جس مریض کو پلائیں اس کو شفا ہوگی۔

بچہ کی پیدائش میں سہولت ۔ اور اگر عورت درد زہ میں مبتلا ہو اس کو پلائیں فوراً بچہ پیدا ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر پینتیس ۳۵

مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکا ئیں تو شیطان کا گزر نہ ہو۔ اور برکت کی زیادتی ہو۔ اور اگر اس کاغذ کو دکان پر لٹکائیں تو نفع بہت ہو۔ اور خریدار دل کی نگاہیں اندھی ہو جائیں گی۔ اور جو شخص پہلی محرم کو ایک سو تیس مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام عمر اس کو یا اس کے گھر میں کوئی برائی نہ پہنچے۔ اور جس عورت کے بچے نہ جیتے ہوں یا اس کو حمل نہ رہتا ہو تو لازم ہے کہ ایک سو اکسٹھ مرتبہ بسم اللہ لکھ کر حیض کے پاک ہونے کے تین روز بعد اس کی کمر سے باندھے اور صحبت کرے۔ حکم الٰہی سے ضرور حاملہ ہو گی۔ اور نیک بخت صاحب عمر بچہ پیدا ہو گا۔ اور حمل کا کچھ دکھ درد اس کو معلوم نہ ہو گا۔ اور پھر وہ دو مہینے کے بعد اس تعویذ کو کھول کر رکھ دے اور جس کی اولاد نہ جیتی ہو وہ اس کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اولاد اس کی زندہ رہے گی۔ اس کا تجربہ کیا اور درست پایا۔ اور اگر اس کو ایک سو مرتبہ لکھ کر کھیتی میں دفن کریں۔ تو کھیتی خوب پھولے پھلے اور کل آفات سے محفوظ رہے۔ اور اگر ستر مرتبہ لکھ کر مردہ کے ساتھ کفن میں رکھ دیں۔ تو منکر نکیر کی تکلیف سے محفوظ رہے۔

قیامت میں نجات کا عمل اور قیامت میں اس کے لئے نور ہے۔ اور اگر سیسے پر لکھ کر کانٹے میں باندھیں اور مچھلی کا شکار کریں۔ شکار بہت آئے۔ اگر ایک بار لکھ کر انگوٹھی کے نگ کے نیچے رکھ دیں۔ اور پھر اس انگوٹھی کو دودھ میں دھو کر جس زہریلے جانور نے کاٹا ہو۔ اس کو پلائیں۔ تو سب زہر خارج ہو جائے۔ اور اگر اس کے حروف جدا جدا لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بڑی بزرگی نصیب ہو۔

بسم اللہ کے معانی و اسرار کیونکہ ب سے خدا کی بہار اور س سے اس کی ثنا اور م سے مجد اور ملکوت اور الف سے الٰہیت اور لام سے لطف اور ہا سے ہدایت اور الف سے اسرار اور لام سے ملک اور را سے رحمت اور حا سے حکمت اور میم سے ملک اور نون سے نعمت مراد ہے۔ اگر بسم اللہ کی ب کو اکیس بار لکھ کر اس آیت کے حروف اور بڑھائے اس طرح س ل ا م ع ل ی ن و ح ف ی ۲ ا ل ع ا ل م ی ن اور زہریلے جانور کے کاٹے ہوئے کو پلائے۔ فوراً اچھا ہو۔ اور جو کوئی بسم اللہ کو لکھ کر ہر روز چالیس بار اس کے میم کو دیکھتا رہے۔ قل اللھم مالک الملک آخر تک پڑھتا جائے۔ اس خیال سے باہر اس کو خیر و برکت نصیب ہو۔ اور جو کچھ بھی کہ پاس ہو اس میں بڑھوتری ہو۔ اگر الرحمٰن الرحیم کو پچاس مرتبہ لکھ کر اور ڈیڑھ سو مرتبہ بسم اللہ اس پر دم کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور بادشاہ یا کسی ظالم کے پاس جائے اس کے شر سے محفوظ رہے۔ اور بسم اللہ کو ہر روز سچی نیت اور روزہ و ریاضت کے ساتھ چودہ روز تک ایک ہزار بار پڑھے اور ایک روایت میں ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک ہزار بار پڑھے تو ملائکہ اس کو نظر آویں۔ اور ان سے گفتگو کرے۔

حاجت پوری ہونے کا عمل جو شخص اس کے حروف کو اس طرح لکھے۔ ح م ی ح ا ل ر اور جس شخص سے کچھ حاجت ہو۔ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے پھر اس کے پاس جائے تو جو کام ہو۔ پورا ہو جائے۔

بھاگے کو واپس لانا اور جس کا غلام بھاگ گیا ہو۔ ر ہ ا ل ر ح ش ن کو سات مرتبہ معہ نام اس غلام کے لکھ کر اپنے گھر میں

دفن کرے اور اوپر سے ایک پتھر رکھ دے غلام آجائے گا۔ اور یہ دعا بھی پڑھے۔ ۱اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ الرَّحْمٰنِ اَنْ تَمْنَعَ هٰذَا الْعَبْدَ مِنَ الْاِبَاقِ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ٥
پھر وہ غلام کبھی نہ بھاگے گا۔

مرغ کے ذریعے علاج

اور جو شخص فولاد کی چھری پر جس کا دستہ بھی فولادی ہو۔ بسم اللہ لکھے اور تین سو تئیس بار دم کرے پھر اس سے ایک مرغ کو ذبح کرے۔ اور سر کاٹ کر مرغ کو چھوڑ دے جب مرغ بے سر کا راستہ چلے اس وقت سر کو اٹھا کر جس مکان کے دروازے میں دفن کرے گا۔ تمام حشرات اور جنات اس میں سے بھاگ جائیں گے اور اگر اس مرغ کے سر کو روغن زیتون میں غوطہ دے کر اور بیماری والا اس کو اپنے بدن پر ملے بیماری اس کی دور ہو گی اور جس عورت کا خون بہتا ہو۔ اس کو بھی نفع کرے گا۔ اور جو شخص الرحیم کو ایک سو تو ے مرتبہ جھنڈے میں لکھ کر معرکہ حرب میں جائے۔ ہتھیار اس پر اثر نہ کرے۔ اور کوئی مرض اس کو نہ ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر اکیس بار لکھ کر سر پر باندھے۔ تو درد کو آرام ہوگا۔ اور اگر پیتل کی سوئی سے سات باداموں پر اس اسم کو لکھ کر کسی شخص کو کھلائے۔ تو وہ اس سے بہت محبت کرے۔ مگر جمعہ کے روز زہرہ کی ساعت میں لکھنا چاہیئے۔ اور موافق اس کے اعداد کے اس اسم کو پڑھ کر باداموں پر دم کرے۔

علاج لقوہ

اور اگر پیر کے روز طلوع کے وقت اس طرح م ی ر ح نئے آئینے پر لکھ کر اکثر دیکھتا رہے۔ تو لقوے سے آرام ہو۔ اور اگر چاندی کی انگوٹھی پر جس کا وزن دو درہم ہو۔ اس طرح لکھ کر ا ل ر ح ی م اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت اور طاعت عنایت کرے۔

ہلاکت ظالم

اور اگر کسی ظالم کا ہلاک کرنا ہو۔ تو وفق بسم اللہ کو ایک سیسے کی تختی پر نقش کرے اور اس کا نام بھی اس میں نقش کرے۔ اور سرخ لہسن اور رہینگ کی دھونی دے کر ایسی جگہ دفن کرے۔ جہاں ہمیشہ آگ جلتی ہو۔ مگر اس تختی کو آگ کے اس قدر قریب دفن نہ کرے کہ یہ پگھل جائے۔ کیونکہ اس کے پگھلتے ہی وہ شخص ہلاک ہو جائے گا۔ اور خدا کے ہاں تجھ سے مطالبہ ہوگا اور وہ وفق یہ ہے۔ اور اس دعا کو پڑھ کر اس پر دم کرے۔

٩	٧	١١	٥	٣
٣	٥	٧	١١	٩
٩	١١	٥	٧	٣
١١	٩	٧	٥	٩
٩	٧	٥	١١	٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِهٖ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ فِیْ فُلَانٍ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّهٗ اِنْ كَانَ یَرْجِعُ عَمَّا هُوَ فِیْهِ فَاهْدِهٖ وَوَفِّقْهُ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّهٗ لَا یَرْجِعُ فَاَنْزِلْ عَلَیْهِ بَلَاءَكَ وَسَخَطَكَ وَغَضَبَكَ وَاَهْلِكْهُ یَا قَاهِرُ یَا قَهَّارُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا اَللّٰهُ

۱ اے اللہ میں تجھ سے بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور بطفیل تیرے نام رحمٰن کے سوال کرتا ہوں کہ اس غلام کو بھاگنے سے باندھ کر اے رب العالمین ۱۲۔

سات بار۔ اور اس دعا کو سات سو بار پڑھے پھر یا تو وہ ظالم اپنے ظلم سے باز آجائے گا۔ اور یا ہلاک ہو جائے گا۔ جو شخص بسم اللہ کو آٹھ بار دائرہ کے اندر لکھے اور محمد رسول اللہ والذین آمنو معہ آخر سورہ فتح تک کو اس کے گرد لکھے۔ اور خوشبو روشن کرے نیک وقت میں ہیبت والا اور معظم ہو گا۔ اور جو اس کو دیکھے گا۔ خود بخود محبت کرے گا۔ اور کل مقصد حکم الہیٰ سے پورے ہوں گے۔

اچھی زندگی بسر کرنا جو شخص پوری بسم اللہ کو جب کہ قمر برج حوت میں ہو۔ اور طالع نیک ہو۔ ہرن کی کھال پر موافق اس کے اعداد کے لکھ کر اپنے سر پر باندھے تو اچھی زندگی بسر کرے۔ اور شہادت نصیب ہو۔ اور اپنے جان و مال و متعلقین میں کوئی برائی نہ دیکھے۔

اسرار بسم اللہ و اسم اعظم معلوم ہو کہ بسم اللہ اسم مضمر ہے۔ اور اللہ اسم اعظم ہے۔ اور رحمٰن و رحیم اس کی صفت ہیں۔ پس وہ دین کا رحیم اور دنیا کا رحمٰن ہے۔ اور الحمد للہ رب العالمین پیچھے بسم اللہ کے ہے۔ پس بسم اللہ تو الحمد کے آگے اور الرحمٰن الرحیم رب العالمین کے آگے ہے۔ معلوم ہو کہ خدا کی پوری تعریف مالک یوم الدین میں ہے۔ ایک تو ظہور ربوبیت۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سب سے بڑا بادشاہ ہے اور قیامت کے دن مطالبہ کرنے والا ہے۔ اور بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ نفوس پر قہر و غلبہ کی تجلی کرنے والا اور سب کو اپنی ملک ٹھہرانے والا۔ چنانچہ اس کا فرمان ہے۔ عِنْدَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ۞ اور یہ کل اسرار بسم اللہ ہی میں ہیں۔ اور بسم اللہ صعود ہے اور طلوع ہے۔ مبدأ اول کی طرف اور الرحمٰن الرحیم ہبوط ہے۔ مبدأ ثانی کی طرف۔ پس بسم اللہ میں ابتدا اور انتہا اور انتہا کے اسرار ہیں۔ اور اسی میں مراتب توحید ہیں۔ یوں سمجھو کہ آیت شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ..... میں جو لفظ شہد ہے بسم کی اس جگہ ہے اور نہ لا الٰہ الا ہو۔ اللہ کی جگہ ہے۔ اور اسی میں مراتب ملائکہ بھی ہیں۔ یعنی رحمٰن کی جگہ آیت میں والملائکۃ ہے اور رحیم کی جگہ اولوا العلم ہے۔ اور ایسے ہی عالم تربیعی۔ یعنے اللہ تعالےٰ کے اس قول سے اس کی مناسبت ہے۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ..... رحیمیت سے سابقیت کی طرف۔ پس یہ درجہ بدرجہ بسم اللہ کی طرف ترقی کرتا ہے۔ اور اول دائرہ بسم اللہ کا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص قیامت میں آئے گا۔ اور اس کے نامۂ اعمال میں نو سو مرتبہ بسم اللہ لکھی ہوگی۔ جو اس نے یقین کے ساتھ پڑھی ہو گی۔ دوزخ سے اللہ اس کو رہائی دے گا۔ اور جنت میں داخل کرے گا۔ انجیل شریف میں اللہ تعالےٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرماتا

(حاشیہ صفحہ سابقہ) ساتھ نام اللہ کے جو زندہ اور قائم ہے۔ جس کے واسطے گردنیں جھک گئیں اور آوازیں نرم ہو گئیں اور دل اس کے خوف سے ڈر گئے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمد اور ان کی اولاد پر درود اور سلام نازل کر اور فلاں شخص کی نسبت میری حاجت پوری کر دے اے اللہ تو اگر جانتا ہے کہ وہ اپنی برائی سے باز آجائے گا۔ تو اس کو ہدایت کر اور توفیق دے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ وہ باز نہ آئے گا۔ پس تو اس پر اپنی بلا اور غصہ نازل کر اور اس کو ہلاک کر دے۔ اے قہر والے۔ اے قدرت والے اے اللہ ۞

ہے کہ تم نماز اور قرات میں پہلے بسم اللہ پڑھا کرو۔ کیونکہ جو شخص اس کو پڑھے گا۔ منکر اور نکیر کے ہول سے محفوظ رہے گا۔ اور جب مرے گا تو سکرات موت اس پر آسان کرے گا۔ اور قبر اس کی کشادہ ہوگی۔ اور جب قبر سے اٹھے گا۔ تو جسم اس کا گورا سپید اور منہ نور سے چمکدار ہوگا۔ اور حساب بھی اللہ تعالیٰ بہت تھوڑا اور آسان لے گا۔ اور اعمال بھاری ہوں گے۔ اور صراط پر اس کے واسطے نور ہوگا۔ یہانتک کہ جنت میں داخل ہو۔ اور میدان قیامت میں مغفرت کے ساتھ پکارا جائے گا۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے عرض کیا۔ کہ خداوندا یہ فضائل کس کے واسطے ہیں۔ فرمایا تمہارے واسطے اور جو تمہاری پیروی کرے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی امت کے واسطے ہوں گے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بسم اللہ اپنے اصحاب کو تعلیم کی۔ مگر جب حضرت عیسےٰ آسمان پر تشریف لے گئے تو ان کے بعد جو لوگ ہوئے انہوں نے گمراہی میں پڑ کر اس کو ضائع کر دیا۔

بسم اللہ لکھنے کا رواج یہانتک کہ جب ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے مبعوث کیا۔ تب سے یہ قرآن شریف کی سورتوں اور دفتروں اور کل کتابوں اور رسالوں میں لکھی جانے لگی۔ اور خداوند تعالےٰ نے قسم کھائی ہے کہ جس چیز پر مومن بندہ بسم اللہ لکھے گا۔ اس میں برکت ہوگی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جس شخص نے صدق دل سے بسم اللہ کہی۔ اس کے واسطے پہاڑ مغفرت مانگتے ہیں۔ مگر ان کی مغفرت مانگنے کو یہ سنتا نہیں ہے۔

برکات بسم اللہ شریف اور حضورؐ نے فرمایا ہے۔ کہ جب بندہ بسم اللہ کہتا ہے تو جنت کہتی ہے لبیک وسعدیک۔ یعنی میں حاضر ہوں اے اللہ تیرے اس بندے نے بسم اللہ کہی ہے۔ تو اس کی نیکیوں کو برائیوں سے بھاری کر۔ قیامت میں اور امتیں اس امت کی بزرگیاں دیکھ کر کہیں گی۔ کہ سبحان اللہ اللہ تعالیٰ تو حضرت محمدؐ کی امت کے اعمال بڑے بھاری کر دیئے۔ ان کے نبی ان کو جواب دیں گے۔ کہ اس کا سبب یہ ہے۔ کہ یہ لوگ ہر کام کی ابتداء بسم اللہ کے ساتھ کرتے ہیں۔ اور بسم اللہ میں تین اسم ایسے ہیں کہ اگر ان کو میزان کے ایک پلے میں رکھا جائے۔ اور کل آسمان و زمین کو ایک پلے میں رکھا جائے تو وہی تین اسموں والا پلہ جھک جائے۔ اور بسم اللہ کو اللہ تعالےٰ نے ہر ایک بلا اور بیماری اور شیطان سے حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے۔ اور اسی کی برکت سے یہ امت خسف اور مسخ اور قذف سے محفوظ ہے۔ پس اس سے خدا کا تقرب حاصل کرنا چاہیئے صورت اس کے دائرہ کی اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ آیت[1]

وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِى الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا کے معنے بسم اللہ ہیں۔ اور اس آیت میں وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا سے بھی بسم اللہ ہی مراد ہے۔

بسم اللہ کے کرشمے جو کوئی بسم اللہ کو اس کی عظمت کا خیال کر کے لکھے تو خدا کے ہاں مغفور لکھا جائے۔ عکرمہؓ سے روایت ہے کہ سب چیزوں سے پہلے خدا تھا۔ اور کوئی چیز اس کے ساتھ نہ تھی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ

[1] اور جب تو اپنے رب کا اکیلے کا قرآن میں ذکر کرتا ہے تو وہ اپنے کافر، نفرت سے پیٹھ پھیر کر بھاگتے ہیں ۱۲

نے نور کو پیدا کیا۔ اور نور کے بعد لوح و قلم کو اور پھر قلم کو ارشاد کیا۔ کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب لوح پر لکھ۔ پس پہلے جو کچھ قلم نے لوح پر لکھا وہ بسم اللہ تھی۔ اس لئے اللہ نے اسے امن والی قرار دیا ہے۔ اور فرشتے اور کل اہل آسمان اس کو پڑھتے ہیں۔ سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی

اور اس وقت انہوں نے فرمایا تھا۔ کہ اب میری اولاد عذاب سے محفوظ رہے گی۔ اگر اس کو پڑھتی رہے گی۔ پھر اس کے بعد آسمان پر چلی گئی۔ پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام پر جس وقت کہ منجنیق میں تھے تا زل ہوئی۔ اور اس کی برکت سے آگ گلزار ہوئی۔ پھر ان کے بعد آسمان پر چلی گئی۔ پھر حضرت سلیمان علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ اس وقت فرشتوں نے کہا۔ کہ اب سلیمان کا ملک پورا ہو گیا۔ اور اللہ تعالےٰ نے حکم دیا کہ تمام عباد و زہاد میں ندا کرو۔ کہ جس جو آیت ایمان سننی ہو وہ سلیمان کے پاس جائے۔ چنانچہ سب حضرت سلیمان کے پاس حاضر ہوئے۔ حضرت منبر پر چڑھے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سنایا۔ سب لوگ خوش ہوئے اور عرض کیا کہ ہم گواہی دیتے ہیں اے سلیمان بن داؤد بے شک تم خدا کے رسول ہو۔ پھر ان کے بعد آسمان پر چلی گئی۔ اور پھر حضرت موسےٰ پر نازل ہوئی۔ اور اسی کی برکت سے انہوں نے فرعون اور قارون کو مقہور و مغلوب کیا۔ پھر ان کے بعد آسمان پر چلی گئی پھر حضرت عیسےٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی اور اللہ تعالےٰ نے ان کی طرف وحی کی۔ کہ اے مریم کے فرزند تم جانتے ہو۔ کہ یہ کیا آیت ہے۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے عرض کی۔ ہاں اے پروردگار جانتا ہوں۔ فرمایا یہ آیت ایمان ہے۔ یعنے بسم اللہ اس کو رات دن چلتے پھرتے کھاتے پیتے۔ غرض کہ ہر حال میں مداومت کرو۔ کیونکہ قیامت کے روز جس کے نامۂ اعمال

لہ اور لازم کیا۔ ان کو یعنے مومنوں کو کلمہ تقوےٰ کا۔ اور تھے وہ ان کے زیادہ حقدار اور اہل ۱۲

میں یہ ہوگی۔ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخشے جائیں گے۔ **حکایت** ۔ ہے کہ ایک بزرگ دوسرے بزرگ سے ملاقات کرنے اور فیض لینے تشریف لے چلے۔ جب ان کے دروازے پر پہنچے تو بہت لوگوں کو بیٹھا ہوا پایا۔ جو ان کے باہر آنے کا انتظار کر رہے تھے۔ پھر وہ شیخ باہر آئے۔ اس وقت قوس و قزح نکلی ہوئی تھی۔ شیخ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر پیر اپنا قوس و قزح پر رکھا اور چڑھ گئے۔ یہ بزرگ جو زیارت کو گئے تھے ان کا نام ملیحی تھا۔ انہوں نے ایک چیخ ماری۔ پھر ان شیخ کا دامن خوب مضبوط پکڑا۔ یہاں تک کہ مرتبہ افراد کو پہنچ گئے۔ اور یہ بزرگ شیخ ابو عبداللہ رحمانی تھے۔ اب خیال کرو۔ کہ بسم اللہ میں کیا کیا فضائل ہیں اور خوب کان جھکا کر اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو سنو فرماتا ہے وَاِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

حروف بسم اللہ کے خواص | اس میں کل انیس[۱۹] حروف ہیں۔ جن میں سے دس غیر مکرر ہیں۔ یعنے ب س م ا ل ل ہ ا ل من ا ل ر ح ی م ان میں میم نے تین بار تکرار کی ہے۔ اور لام نے چار بار۔ اور الف نے دو بار چنانچہ مکرر یہ نو حروف ہیں ال رح م حروف غیر مکرہ میں سے ایک حرف با ہے۔ اور یہ خبر پہنچانے کے واسطے ہے۔ مزاج اس کا سرد ہے۔ اسی واسطے اس حرف سے ابتداء کی گئی۔ اور حرف با حروف باقیہ میں سے ہے۔ جو قیامت تک باقی رہیں گے۔ اور یہ حرف جوہری ہے۔ چنانچہ اسی واسطے یہ بات ہے کہ وہ من حیث الذات اسرار میں سے ہے۔ کیونکہ اس نے حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور یہ اسی میں سے اور اسی کی طرف ہے۔ معلوم ہو کہ اول صحیفے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہیں۔ جن کی خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی وحی میں دی گئی ہے ۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ہ اقرأ کے بعد باء ہے۔ اور اس سے اللہ تعالیٰ نے اکاسی[۸۱] فرشتے پیدا کئے ہیں۔ جو اس کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔ خواص بسم اللہ میں حضورؐ سے وارد ہے۔ کہ جو شخص صبح ہی اٹھ کر تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ پڑھے وہ دوسری صبح تک ناگہانی بلا سے محفوظ رہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ فالج سے محفوظ رہے۔ روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو ایک شخص نے زہر قاتل کا پیالہ دیا اور کہا کہ اگر ان کلمات کی تاثیر ٹھیک ہے تو اس کو پی لو۔ اس وقت بہت صحابہؓ وہاں موجود تھے۔ آپ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر اس کو پی لیا۔ اور آپ کو کچھ نقصان نہ پہنچا۔ اور ایک روایت میں ہے۔ کہ آپ نے یہ عبارت کہے بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ پھر اس کو پی لیا۔ اور صحیح و سالم وہاں سے کھڑے ہوئے۔ پسینہ آن کر سب زہر بہہ گیا۔ اب دیکھو کہ اس اسم بزرگ نے کس طرح زہر کی تاثیر کو روک دیا۔ اور یہی اسم بزرگ ہے جس کی برکت سے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی چلی تھی۔ اور اسی سے حضرت ابراہیمؑ نے آگ سے نجات پائی پس اگر کوئی نجات چاہے۔ تو جب

لے ساتھ نام اللہ بزرگ کے جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں کر سکتی۔ اور وہ سننے والا علم والا ہے ۱۲ منہ۔

گھر میں جائے۔ بسم اللہ کہہ کر گھر میں جا۔ اور جب گھر سے باہر آئے۔ تو بسم اللہ کہہ کر باہر آ۔ کیونکہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ جب تو گھر میں جائے اور جب گھر سے نکلے تو کہہ بِسْمِ اللّٰہِ دَخَلْنَا وَخَرَجْنَا وَعَلَیْہِ تَوَکَّلْنَا اور دروازہ بند کرتے وقت بھی بسم اللہ کہو۔ کیونکہ پھر شیطان اس گھر میں نہیں جا سکتا اور جب تم بچھونے پر لیٹنے کو جاؤ تو یہ کلمات کہو اس کی برکت سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جس نے وضو کے وقت بسم اللہ نہ کہی۔ اس کا وضو نہیں ہوا۔ اور فرمایا ہے۔ جس نے جذامی کے ساتھ یہ کہہ کر کھانا کھایا ثِقَةً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ اس کو کچھ ضرر نہ پہنچے گا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا۔ یعنی ایک دفعہ آپ کے پاس ایک جذامی عتیب سوسی نام بیٹھا ہوا تھا آپ کا کھانا آیا۔ آپ نے اس کو بلا کر کھانے میں شریک کیا۔ اور یہ کلمات کہے بِسْمِ اللّٰہِ ثِقَةً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ اَذْھِبْ مَرَّھَا وَضُعْفَھَا اور جب سفر کا ارادہ کرے اور رکاب میں پیر رکھے۔ اس وقت بھی اس کو پڑھے۔ سفر میں کوئی برائی اس کو نہ پہنچے گی۔ اور جب بندہ مومن بسم اللہ کہتا ہے تو شیطان اتنا سا چھوٹا ہو جاتا ہے۔ جیسے مکھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر شخص کو جو سفر کو جانا فرماتے تھے۔ کہ یہ پڑھ لو بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ اور فرماتے تھے۔ کہ اس کو پڑھ کر سفر کرنا چاہیئے۔ اور یہ بھی کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ... آخر تک۔ اور حضور نے طلحہ بن عبید اللہ سے فرمایا۔ جب کہ ان کے ہاتھ کو بہت تکلیف پہنچی تھی۔ کہ اگر تم بسم اللہ کہہ لیتے تو ملائکہ تم کو اوپر اٹھا لیتے۔ اور لوگ تم کو دیکھتے۔ اب دیکھو کہ اس اسم میں کیا برکت ہے جس کے کہنے والے کو فرشتے اٹھا لیں۔ اور شیطان اس کے پاس سے بھاگ جائیں۔ اور زہر قاتل کچھ اثر نہ کرے۔ یہ سب ہمارے حضور نے ہم کو بتلایا ہے۔ اور تو رب العزت کے فضل اور اس کے اسرار سے تعجب کرتا ہے۔ بغیر اس کے حکم کے نہ کوئی حرکت کر سکے۔ اور نہ ساکن رہے۔ اس میں تم کو شک نہ کرنا چاہیئے۔ یہ اسرار بسم اللہ میں ہیں۔ حضرت عیسٰے علیہ السلام بسم اللہ سے تمام دردوں اور دکھوں کو دور کرتے تھے۔

سینہ کی فراخی جو شخص جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے۔ پھر شکل باء لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ اللہ تعالےٰ اس کا سینہ کھول دے گا۔ اور سہل اس سے جاتی رہے گی۔ ہر کام میں برکت ہوگی۔ اور شکل بآ کو قائم دیکھے گا۔ اور فرشتوں کے انوار بھی نظر آئیں گے۔ عالم علوی اور سفلی میں اس کی ہیبت ہوگی۔ اور ایک پوری شکل قائم عمدہ خوشبو والی اس کے آگے آئے گی۔ اور بآ کے ساتھ کلام کرے گی۔ لو اس کا ذائقہ نہ ہوگا۔ جو شخص حرف بآ کا ذکر کرے گا۔ اس پر نور طاری ہوگا۔ کیونکہ یہ اسمائے مخزونہ میں سے ہے۔

حرف ب والے اسماء الٰہی کے خواص اور یہ حرف جن اسماء کے اول میں ہے وہ ہر ایک خشک بیماری اور سخت کلام کے واسطے مفید ہیں۔ جیسے بَارِیُ اور بَاقِیُ اور بَاعِث۔

---

[1] پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ اللہ کے شیطان رجیم سے اور سفر کی سختی سے ۱۲ مترجم۔

اور یہ سب خواص بسم اللہ میں ہیں۔ وجہ اس کی یہ کہ الف لام الباری ہے۔ اور یہی ذات باء کا بسط ہے۔ اور ان اسماء میں بھی باء ظاہر ہے۔ (یَابَصِیْرُ یَابَدِیْعُ۔ یَابَاطِنُ) اور ہر اسم میں خاص معنے ہیں۔ اسم یہ اہل صلاح کے واسطے ہے۔ اور نیک کاموں پر مدد کرتا ہے۔ جس کام کے واسطے اس کو دو سو تینتیس ۲۳۳ بار پڑھے۔ اس شخص کے نام کے ساتھ ملا کر جس سے کام ہو۔ تو کام ہو جائے مثال اس کی جیسے ع م ر و۔ پھر اسی طرح پہلے اسم البَرُّ کے حروف لکھ کر ایک سطر بنائے۔ پھر ایک ایک حرف اس اسم کا اور ایک حرف حرف لکھے۔ اس طرح ع ل م ب ر د و پھر ان کو کسر و بسط کرے۔ یہاں تک کہ سطر اول آخر میں ظاہر ہو۔ پھر آخر کو اول کرکے حرف اول کو ساقط کرے۔ یہ حروف رہ جائیں گے ع ل م ب و ر ہ پھر اول کو آخر کرے اور حرف آخر ساقط کرے۔ چار سطریں ممتزجہ رہ جائیں گی۔ و ا د ع ر ل ب م اس کو جس پر چاہو لکھو۔ اور اپنی جیب میں رکھ لو۔ اور یہ کلمات پڑھ کر اس پر دم کرو۔ یارَبَّ م د ب ال ور ع الْاَرْبَابِ مُرَبِّی الْکُلِّ بِلَطِیْفِ رُبُوْبِیَّتِكَ اَسْرِعْ لِیْ سَرْبَانَ لُطْفِكَ ع م د د ہ ب ل امْتِزَاجًا بِحَلَاوَةِ ذَالِكَ الْبَحْرِ لَا نَّهٗ تَعْرِفُ اَرْوَاحُنَا بِفَهْمِ اَسْرَارِكَ وَامْنَحْنِیْ اِسْمًا مِّنْ اَسْمَآءِ قُدْرَتِكَ الَّتِیْ مَنْ تَضَرَّعَ بِهٖ وَقِیَ شَرَّ مَا ذَرَاءَ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا یَعْرُجُ فِیْهَا اِنَّكَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ۔ اسم الباری بیماری اور ورم دور کرنے کے واسطے بہت مفید ہیں۔ اور اسم الباعث ان دونوں کے خواص ان کے موقع پر بیان کئے جائیں گے۔

حرف سین کی اولیت (حرف سین) جب اللہ تعالٰے نے اس حرف کو عالم امر سے پیدا کیا تو نو ہزار آٹھ سو اَسّی ۹۸۸۰ فرشتے نازل ہوئے۔ ظاہر اسم اعظم کا یہ پہلا حرف ہے۔ اسم اعظم کا ایک ظاہر ہے۔ اور ایک باطن ہے۔ اس کے ظاہر سے تو آسمان و زمین قائم ہیں۔ اور باطن میں علویات کرسی و عرش وغیرہ قائم ہیں۔ اسی واسطے سین لفظ سمٰوات کے اول واقع ہے۔ اور اسی میں کرسی کا مرتبہ ہے۔ اور چونکہ حرف یاء کا تعلق قدرت سے ہے۔ اور وہ پوشیدہ چیزوں کو پوشیدہ کرنے والی ہے۔ کیونکہ حرف یا کا مطلب یہ ہے کہ تجھ سے طرف تیرے۔ پھر تو کہتا ہے ہو ہو یعنی وہ وہ اور وہ کہتا ہے۔ مجھ ہی سے ہے۔ میرے ہی ساتھ ہے۔

فوائد سورۂ یٰسین (سورۂ یٰسین) میں ایک اسم ہے۔ اسماء حکمت سے۔ جو شخص اس سے واقف ہو اس کو لکھ کر اور بارش کے پانی سے دھو کر قبلہ کی طرف منہ کرکے اتنے ہی دن جتنے کہ اس کے عدد ہیں پیوے خداوند تعالٰی اس کو حکمت کے ساتھ گویا کرے۔ اور وہ اسم سورۂ مذکورہ کے درمیان میں ہے۔ اور اس کے حروف کے سولہ اعداد ہیں۔

ے۱۵ اے ربوں کے پرورش کرنے والے کل کے ساتھ لطیف ربوبیت اپنی کے میرے واسطے جلد اپنا لطف جاری کر جو اس سمندر کی مٹھاس سے آمیختہ ہو جو روحوں کو تیرے اسرار کی سمجھ بتاتی ہے اور مجھ کو اپنے اسماء قدرت میں سے ایک ایسا اسم عنایت کر جس سے جو شخص تضرع کے ساتھ دعا کرتے تو زمین سے ہونے والی چیز کے شر سے اور زمین سے نکلنے والی اور آسمان سے اترنے والی اور آسمان میں جانے والی چیز کے شر سے محفوظ رہے۔

اور ان میں سے دو حرفوں کے اوپر نقطے ہیں۔ اور دو حرفوں کے نیچے ہیں۔ اور پانچ کلمے اس کے اندر ہیں۔ جس کا پہلا حرف سین ہے۔ اور آخر حرف میم ہے۔ اور اسم سلام میں بھی حرف سین ظاہر ہے۔ اور سمیع اور سریع میں بھی اور یہ اسم ان لوگوں کے واسطے مخصوص ہے جو دعا میں بہت الحاح کرتے ہیں۔ اسم سریع کی یہ خاصیت ہے۔ کہ جو شخص چند روز اس کے اعداد کے موافق اس کا ذکر کرے اور خدا سے کوئی چیز مانگے تو اس کو عنایت ہوگی۔ اور نیز جس کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ وہ اس کو اپنی ہتھیلی پر لکھے۔ پھر اسماء کو ایام میں ضرب دے کر ان کے اعداد کے موافق ذکر کرے۔ حاجت پوری ہوگی۔ ضرب ایام کے اعداد چار ہزار دو سو ستر ہیں۔ اور اس اسم کی برکت سے روحوں میں ملاقات ہوسکتی ہے اور ان سے سوال جواب بھی کر سکتا ہے۔ اور اس اسم میں بہت سے مخفی اسرار ہیں۔ کوشش کرو۔ کامیاب ہوگے۔ اور اسم سمیع کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اس کے ساتھ اسم بصیر ملا کر نیک وقت میں لکھے۔ اس طرح (یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ) پھر جو بیہوش ہو گیا ہو۔ اس پر باندھے۔ تو فوراً ہوش میں آجائے۔ ایک بزرگ نے ابراہیم بن جاروب کو بے ہوش دیکھا۔ اسی وقت انہوں نے اس اسم کے وفق کو لکھ کر اس کو باندھا۔ اور سات سو مرتبہ یہ اسم پڑھ کر اس پر دم کیا۔ ہوش میں آگیا۔

کشفِ ارواح اگر سونے پر لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے تو جنات کے کلمے سنے۔ اور ارواح کو جو چاہے حکم دے۔ اور اگر اس اسم کی مداومت کرے۔ تو اسرار خلق اس پر منکشف ہوں۔ اور دلوں کی باتیں معلوم ہونے لگیں۔ اور اسرار کا مشاہدہ کرے اور احوال عیاداس پر ظاہر ہوں۔

اسرار اسم سلام (اسم سلام) سلامتی اور ایمان کے واسطے ہے۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قیامت کے روز یہی ذکر ہوگا۔ جب آپ کی امت صراط پر سے گزرے گی چنانچہ آپ فرماتے ہوں گے۔ یعنی اے سلام سلامت رکھ۔ اور حرف میم اقطار حروف میں سے ایک قطر ہے۔ اور جس حرف کے اول آخر ایک حرف ہو۔ جیسے واؤ اور نون اور میم وہ اپنے اندرونی اتحاد اور سکون کی طرف اشارہ کرتا ہے بسبب اس ہیئت کے جو اس کے اندر ہے۔ اور یہ حرف حروف لوح میں سے ہے۔

حرف میم کے اسرار جب اللہ تعالےٰ نے اس حرف کو پیدا کیا۔ تو ایک نور روشن پیدا کیا۔ اور حروف عقل میں سے بھی ہے۔ بسبب اپنے احاطہ کے اور اسی سے چوتھے آسمان میں سورج مدد لیتا ہے۔ اور اسی کی برکت سے اللہ تعالےٰ نے ملک وملکوت قائم کیا ہے۔ اور کل عالم کا اظہار بھی اسی میم کے ساتھ ہے۔ اور اس میم کے ہی کی برکت سے اعمال میں مدد ہوتی ہے اور بسم اللہ کا یہ آخری مرتبہ ہے۔ اور اس میم میں اَحَدْ یعنے کمال کو پہنچتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اَشُدَّہٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً ـــــ یعنے جب وہ اپنے کمال کو پہنچا۔ اور پہنچا چالیس برس کو۔ پس میم کے اعداد بھی چالیس ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ نے اس حرف کے ساتھ نوے فرشتے فرشتگان روح میں سے موکل کئے ہیں۔ اور یہی وہ راز ہے۔ جو اللہ تعالےٰ نے اپنے نبی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک محمّد

کے اول میں رکھا ہے۔ اور درمیان راز ملک ہے۔ پس ملک اور ملکوت دونوں اس میں مجتمع ہیں۔ جو شخص شکل جیم کو ہر روز چالیس بار دیکھے اور یہ آیت پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ .. آخر تک اللہ تعالےٰ اسباب خیر و برکت اس کو روزی کرے۔ اور وہ نہ جانے کہ کہاں سے رزق اس کے پاس آتا ہے۔ اس کی شکل کا بیان آگے آئے گا۔ اور تعلق اس کا عطارد سے ہے۔ اور راز اس کا چہار شنبہ ہے۔

انوار قدسی کا حصول

جو کوئی اس کے سر عددی کو چالیس روز روزہ رکھ کر لکھے۔ مع شروط طہارت وخلوت وغیرہ اور قمر عروج میں ہو۔ اور شمس کی ساعت ہو۔ اور پھر اس کو اپنے پاس رکھے۔ کوئی برا خطرہ اس کے دل میں نہ گزرے اور حقائق ربانی اور انوار قدسی اس پر جلوہ گر ہوں۔ اور ہر ایک مضرت سے محفوظ رہے۔ اور جو شخص جمعہ کے روز روزہ رکھ کر اس کا ذکر کرے۔ پھر جو دعا مانگے قبول ہوگی۔ اور جو ہمیشہ والا اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اس کو رزق کثیر حاصل ہو۔ اور تالیف قلوب اور عطف و محبت کی بھی اس میں خاصیت ہے۔ صورت اس کی مع اشکال سبعہ کے آئے گی معلوم ہو کہ جس شخص پر اسرار جیم منکشف ہوئے۔ وہ عجائبات عالم کا مشاہدہ کرتا ہے جس شخص کو حافظہ تیز ہونے کی ضرورت ہو اس کو چاہیئے کہ پنج شنبہ کے روز قبلہ رو با طہارت بیٹھ کر اس حرف کا سر عددی چالیس روز تک مع اسم پاک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چالیس بار لکھے پھر اس کو دھو کر شہد ملا کر پی لے۔ اور کہے کہ اے اللہ اس کی برکت سے جو میں نے پیا ہے حفظ و فہم میرے اوپر آسان کر۔ اس کی برکت سے اس کا ظاہر و باطن کھل جائے گا۔ یہ اس شخص کے واسطے ہے۔ جو اس کے اسرار کو سمجھ گیا ہو کیونکہ یہ اس قوت کو دیکھتا ہے جو اس کے اندر ہے۔ ہر ایک عالم کے اسرار سے جس کے ساتھ یہ حرف جیم قائم ہے۔ حرف جیم کی شکل حرفی بھی اسرار مکتونہ میں سے ہے۔ جو چاہے کہ اپنا انجام کار معلوم کرے۔ اس روز روزہ رکھے۔ خالص اللہ کے واسطے۔ اور جو چیز میسر ہو اس سے روزہ افطار کرے۔ اور سورۂ ملک پڑھ کر باوضو داہنی کروٹ سے سو رہے اور اس شکل کو سر کے نیچے رکھ لے اور کسی سے بات نہ کرے۔ اللہ تعالےٰ اس کو جو وہ چاہتا ہے بتا دے گا۔ مگر یہ انہیں لوگوں کو زیبا ہے۔ جن کے دل پاک اور اہل ریاضت ہیں۔ جو شخص شیشے کے گلاس میں اس کو لکھ کر پیوے اس کا فہم ترقی کرے۔ اور جو اس کو لکھ کر اپنے گلے میں باندھے حکمت کی گفتگو کرے۔ اور جو شخص اس کو اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ... کو اسی مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے یا کپڑے پر لکھ کر اس کو پہن لے ہیبت اور بزرگی اس کو نصیب ہو۔

جنات سے دوستی کا طریقہ

جب تم کو جنات سے دوستی کرنی ہو تا کہ وہ تمہاری حاجتیں پوری کرے پس تم کو لازم ہے کہ چہار شنبہ سے شنبہ تک روزے رکھو۔ اور غسل کر کے بدن اور کپڑوں کو خوب پاک صاف کرو۔ اور ہر روز ایک ہزار بار سورۂ اخلاص اور ایک بار سورۂ یٰسین اور سورۂ دخان اور تنزیل السجدہ اور ملک پڑھو۔ پھر جب شنبہ کے روز عصر کا وقت ہو یعنے دسویں ساعت آوے تب لوگوں سے علیحدہ کسی خالی جگہ پاک مقام

میں چلے جاؤ۔ اور کاغذ کے سات ٹکڑے لے کر ایک پر یہ آیت لکھو۔ فَاِذَا قَضٰٓی اَمۡرًا فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ[۱] اور دوسری پر یہ آیت۔ وَهُوَ الَّذِیۡ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ وَلَهُ اخۡتِلَافُ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ[۲] اور تیسرے پر فَسَیَکۡفِیۡکَهُمُ اللّٰهُ[۳] وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ[۴] اور چوتھے پر ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمۡ دَعۡوَةً مِّنَ الۡاَرۡضِ اِذَاۤ اَنۡتُمۡ تَخۡرُجُوۡنَ[۵] اور پانچویں پر فَاِذَا هُمۡ مِّنَ الۡاَجۡدَاثِ اِلٰی رَبِّهِمۡ یَنۡسِلُوۡنَ[۶] اور چھٹے پر وَنُفِخَ فِی الصُّوۡرِ سے یَنۡظُرُوۡنَ تک اور ساتویں پر یَوۡمَ یَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ سِرَاعًا[۷] فَسَیَکۡفِیۡکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ[۸] اور ان کے لکھنے سے پہلے چار رکعت نماز پڑھو۔ پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ یٰسین دوسری میں دخان تیسری میں سجدہ چوتھی میں سورۂ ملک۔ اور ہر سجدہ کے آخر میں یہ دعا پڑھو سُبۡحَانَ مَنۡ لَّبِسَ الۡعِزَّ وَقَالَ بِهٖ[۹] سُبۡحَانَ مَنۡ تَعَطَّفَ بِالۡحَمۡدِ وَتَکَرَّمَ بِهٖ سُبۡحَانَ مَنۡ اَحۡصٰی کُلَّ شَیۡءٍ بِعِلۡمِهٖ سُبۡحَانَ مَنۡ لَّا یَنۡبَغِی التَّسۡبِیۡحُ اِلَّا لَهٗ سُبۡحَانَ مَنۡ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ سُبۡحَانَ مَنۡ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا کَانَ وَمَا لَمۡ یَشَاۡ لَمۡ یَکُنۡ سُبۡحَانَ ذِی الۡمَنِّ وَالۡفَضۡلِ وَالنِّعَمِ سُبۡحَانَ ذِی الۡعِلۡمِ وَالۡحِلۡمِ سُبۡحَانَ ذِی الطَّوۡلِ وَالۡفَضۡلِ سُبۡحَانَ ذِی الۡعَرۡشِ وَاللَّوۡحِ وَالۡقَلَمِ وَالنُّوۡرِ[۱۰] اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر یہ دعا پڑھو۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الۡعِزِّ مِنۡ عَرۡشِكَ وَمُنۡتَهَی الرَّحۡمَةِ مِنۡ کِتَابِكَ وَاَسۡئَلُكَ بِاسۡمِكَ الۡعَظِیۡمِ الۡاَعۡظَمِ وَبِوَجۡهِكَ الۡکَرِیۡمِ الۡاَکۡرَمِ وَبِکَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ اَنۡ تُسَخِّرَ لِیۡ عَوۡنًا مِّنۡ صُلَحَآءِ الۡجِنِّ یُعِیۡنُنِیۡ عَلٰی مَاۤ اُرِیۡدُ مِنۡ حَوَآئِجِ الدُّنۡیَا[۱۱]...... پس اس وقت سات شخص جنات المسلمین میں سے تمہارے سامنے آئیں گے اور تم کو سلام کریں گے۔ اور اس نماز سے پہلے تم کو لازم ہے۔ کہ تم ساتوں کاغذوں کو ایک تاگے میں باندھ

---

[۱] جب کسی کام کا حکم کرتا ہے تو اس سے کہتا ہے۔ ہو جا۔ پس وہ ہو جاتا ہے ۱۲ [۲] وہی ذات پاک ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔ اور اسی کے واسطے ہے۔ اختلاف رات اور دن کا ۱۲ [۳] پس عنقریب تجھ کو ان سے خدا کافی ہوگا۔ اور وہ سننے والا علم والا ہے ۱۲ [۴] جب تم کو یکبارگی زمین سے بلائے گا فوراً تم نکل پڑو گے ۱۲ [۵] پس اچانک وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف چل پڑیں گے ۱۲ [۶] جس دن قبروں سے بھاگتے ہوئے نکلیں گے [۷] پس عنقریب کفایت کرے گا۔ تم کو اللہ ان سے اور وہ سمیع و علیم ہے ۱۲ [۸] پاکی ہے اس کو جس نے عزت کا لباس پہنا اور اسی کے ساتھ فرمایا پاکی ہے اس کو جو حمد کے ساتھ مہربانی کرتا ہے اور بزرگ ہے ساتھ اس کے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو اپنے علم کے ساتھ شمار کیا ہے پاک ہے وہ جس کے سوا تسبیح لائق نہیں پاک ہے وہ جب ارادہ کرتا ہے کسی چیز کا۔ تو اس سے فرماتا ہے کہ ہو جا پس ہو جاتی ہے۔ پاک ہے وہ کہ جس چیز کا ارادہ کرتا ہے وہ ہو جاتی ہے۔ اور جس کا ارادہ نہیں کرتا ہے وہ نہیں ہوتی پاک ہے احسان اور فضل اور نعمتوں والا۔ پاک ہے علم و حلم والا۔ پاک ہے۔ عنایت اور فضل والا۔ پاک ہے عرش لوح و قلم اور نور والا ۱۲ [۹] اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل معاقد عزت کے تیرے عرش سے اور انتہا رحمت کے —————— تیری کتاب سے اور تیرے اسم اعظم اور ذات کریم و کرم کے ساتھ مانگتا ہوں اور تیرے کلمات تامہ کے ساتھ کہ مسخر کر جنات میں سے ایک جن میرا مسخر کر دے جو میرے دنیاوی کاموں میں میری مدد کرے ۱۲

کر اپنے سر میں رکھ لو۔ پھر نماز شروع کرو۔ اور تھوڑا موم بھی اپنے ساتھ رکھنا۔ پھر جب وہ جنات حاضر ہوں تب تم ان کاغذوں میں سے ایک کاغذ لے کر پڑھو۔ اور ان جنات سے کہو کہ تم میں سے کس کا یہ کاغذ ہے۔ ان میں سے ایک کہے گا کہ میرا ہے۔ تم اس سے اس کا نام پوچھ کر کاغذ کے اوپر کی طرف لکھو۔ اور اس سے کہو کہ اپنی مہر لاؤ۔ جب وہ اپنی مہر دے۔ تو اس کو موم لگا کر کاغذ کے نیچے کرو جیسا کہ خطوں پر مہر لگاتے ہیں۔ اور اس طرح سب سے کاغذ پر ایک ایک مہر لگوا لو۔ پھر ان کو رخصت کرو۔ اور ان رقعوں کو اپنے ساتھ لا کر کسی پاکیزہ جگہ رکھ دو۔

جنات سے کام لینے کا عمل

جب ضرورت ہو جنات کو بلاؤ۔ فوراً حاضر ہوں گے۔ اور جو کام کہو کریں گے۔ خزانے نکالیں گے۔ خبریں لائیں گے۔ اور ہر ایک چیز لاویں گے۔ مگر اس کام کے واسطے قوی دل اور مضبوط شخص چاہیئے۔ اگر زیادہ کمزور ہوگا۔ تو خود اپنے آپ کو نقصان پہنچائے گا۔ کیوں کہ ان جنات کے دیکھنے سے دل کا زہرہ پھٹ جاتا ہے۔ اور اگر خاتم مثمن پر ہی تم کفایت کرو۔ تو کل کاموں کے واسطے وہی کافی ہے اور یہ وہ خاتم ہے۔ جس کا ذکر گذر چکا ہے جو شخص اس کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر بخار والے کو باندھے۔ بخار اتر جائے۔ اس کا سبب یہ ہے۔ کہ اعداد میں قوت عقلی ہے۔ جو عالم روحانی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اور حروف کی قوت عالم جسمانی کی طرف۔ اور اسی کے ضمن میں حرفوں کی روحانیت جسمانی لطائف کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ اور اعداد روحانی لطائف کے ساتھ۔ جو شخص جیم کے اسرار کو سمجھ گیا۔ اس کو اس آواز جرس کا راز معلوم ہو گیا۔ جو وحی کے نزول کی ہے۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا۔ کہ وحی آپ کو کس طریق سے آتی ہے۔ فرمایا کبھی تو مثل آواز جرس کے آتی ہے۔ اور کبھی فرشتہ شکل ہو کر میرے سامنے آتا ہے اور بات کرتا ہے۔ اور جو وہ کہتا ہے۔ میں یاد کر لیتا ہوں۔ جرس گھنٹالے یا گھونگرو کو کہتے ہیں۔ تم دیکھتے ہو کہ جب اونٹ یا گھوڑے کے گلے میں گھونگرو بندھے ہوتے ہیں۔ اور وہ راستہ چلتے ہیں تو کس طرح سے بولتے ہیں۔ اور بہت دور دور سے ان کی آواز آتی ہے۔ پس یہی صفت وحی کی ہے۔ اور حضور نے فرمایا ہے کہ وحی کی آواز اس سے زیادہ تیز مجھ کو معلوم ہوتی ہے اور جرس جیم سے گولائی اور انطباق اور شدت اور ہول میں مشابہ ہے۔ کیا تم نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان نہیں سنا۔ جو آپ نے اسرافیل علیہ السلام کے جسم اور بزرگی کی نسبت فرمایا ہے۔ کہ باوجود اس قدر عظیم الخلقت ہونے کے عرش کے پائے کو انہوں نے اپنے کندھے پر رکھ چھوڑا ہے۔ اور لوح کی طرف آنکھیں لگائے ہیں۔ اور صور جس کی لمبائی پانسو برس کی راہ کے برابر ہے اس کو انہوں نے منہ میں رکھ چھوڑا ہے۔ اور دونوں پیر ان کے ساتوں زمیں سے بھی نیچے نکلے ہوئے ہیں۔ اور عرش کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ کہ کس وقت حکم ہو تو میں صور پھونکوں۔ اور جیم سب سے آخر مرتبہ میں ہے۔ کیونکہ صور فزع اور صعق اور بعث کے واسطے ہے۔ اور نفخ یعنے پھونکنا اس کا بغیر ہونٹوں کے ملائے ممکن نہیں۔ پس اسی طرح جیم بھی ہونٹوں کے ملانے سے ہی نکلتا ہے۔ بغیر ملائے نہیں نکل سکتا۔ اور اسی سبب سے گھونگرو کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ کیونکہ آواز جرس قوت صوت سے ہے۔ اور اس میں تم کو وہ فرق معلوم ہو جائے گا۔ جو گھونگرو کی آواز اور زنجیر کے پتھر پر کھینچے

کی آواز میں ہے جس کی تشبیہہ وحی موسوی میں دی گئی ہے۔ اس سبب سے کہ گھونگھرو کی آواز حرکتِ روحانی ہے اور زنجیر کی آواز حرکت جسمانی ہے۔

حرف میم کا وحی سے تعلق (حرف میم) کی دو جہات ہیں۔ ایک علوی دوسری سفلی جس کو میم ثانیہ بھی کہتے ہیں۔ اور چونکہ میم میں اسرار روحانیات۔ علویات اور اسرار جسمانیات سفلیات ہیں اس لئے اس کے اعداد کی نسبت علویات سے ہے۔ اور حروف کی نسبت سفلیات سے ہے۔ اور یہ حرف میم خارج من الجملہ ہے اور اس میں دو حرارتوں کے بیچ میں ایک رطوبت ہے۔ اس طرح میم پہلا میم۔ دوسرا یا تیسرا میم دونوں میم گرم ہیں یا سرد ورا نہیں دونوں حرارتوں سے ان کا انطباق اور امتزاج ہے۔ اگر ان دونوں کے بیچ میں یا مرطوب نہ ہوتی تو یہ انطباق نہ ہوتا۔ اس کو سمجھو اور تحقیق کرو۔ اور حرف میم ہی سے اسم بزرگ بسم اللہ کامل ہوا ہے اور حرف میم ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک میں مشار الیہ ہے۔

خواص دائرہ میم :- جو شخص حرف میم کی اس شکل کو جو سامنے ہے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ اور پھر حکام و رؤسا کے پاس جاوے گا ان کے پاس مقبول ہوگا اور لوگ محبوب رکھیں گے اور دشمنوں پر غالب ہوگا اور جو اسکو دیکھے گا اسکی طرف مائل ہوگا اور اسکے بہت فوائد ہیں صورت اسکی یہ ہے۔

قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب
قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم
قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم
قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر
قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر
قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار
قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر
قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی
قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم
قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس

بسم اللہ الرحمن الرحیم وھو القاھر فوق عبادہ ویرسل علیکم حفظۃ

حتی اذا جاء احدکم الموت توفتہ رسلنا وھم لا یفرطون

کشف حاصل کرنے کا طریقہ

بعض ائمہ نے بیان فرمایا ہے۔ کہ جو شخص شہوت و غضب سے خالی ہو کر مجاہدہ اور ریاضت کے ساتھ خلوت نشینی کرے۔ اور زبان قلب سے اللہ اللہ کہے۔ اور کل حواس کو گم کر کے عالم ملکوت سے دل متوجہ کرے۔ یہاں تک کہ اس کے نفس کا وجود باقی نہ رہے اور سوائے خدا کے کسی کو نہ دیکھے۔ اس وقت اس کے آگے ایک دریچہ کھل جائے گا اور اس میں سے یہ وہ باتیں دیکھے گا جو خواب میں دکھائی دیتی ہیں۔ اور ارواح انبیاء و ملائکہ اور عمدہ عمدہ صورتیں اس کے سامنے آئیں گی۔ اور ملک آسمان زمین منکشف ہوگا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے سامنے زمین پیش کی گئی۔ اور اس کے مشارق و مغارب کو میں نے دیکھا اور اللہ تعالےٰ نے اپنے رسول کو فرمایا ہے وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلاً۔ یعنے خدا ہی کی طرف ٹوٹ رہو تبتیل کے معنی انقطاع کے ہیں اور کل چیزوں سے دل کے پاک کرنے اور بالکل اسی کی طرف متوجہ ہو جانے کے۔ یہ طریقہ ہمارے زمانے کے صوفیائے کرام کا ہے۔

معلوم ہو کہ خواص ربوبیت سے علم اسماء حسنےٰ اور صفات علیا ہے خاص کر اسم اعظم کا علم جس کو اس نے محض اپنے لئے مخصوص کیا ہے وہ یکتا ہے نہ اس کا باپ ہے نہ بیٹا وہ ایک معبود ہے۔

ایک ولی نے ایک مولوی صاحب سے فرمایا۔ کہ میں تم کو ایک بہت بڑے فائدے کی بات بتلاتا ہوں۔ یقین ہے وہ تم سے ہو جائے گی۔ مولوی صاحب نے کہا فرمائیے۔ انہوں نے فرمایا کہ ذکر الٰہی کی مداومت کرو۔ اور دن کو روزہ رکھو۔ اور رات کو نماز پڑھو۔ اور لوگوں سے خلوت اختیار کرو۔ اگر سات روز ایسا کرو گے تو عجائبات روئے زمین تم پر ظاہر ہوں گے۔ اور اگر چودہ روز کرو گے تو عجائبات ملکوت اعلےٰ منکشف ہوں گے اور اگر پورے چالیس روز کرو گے تو کرامات تم سے ظاہر ہوں گے اور موجودات میں تصرف کرو گے۔

کنہ ذات باری تعالےٰ میں لوگوں نے بہت کلام کیا ہے کہ آیا یہ بشر کو معلوم ہے یا نہیں۔ جو کہتے ہیں۔ کہ معلوم نہیں ہے ان کا یہ قول کہ ہر چیز عیاں یعنے سامنے ہونے سے معلوم ہوتی ہے۔ اگر موجود ہے اگر غائب ہے تو مثال سے معلوم ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالےٰ ایسا ہے کہ اس کی مثل ہی نہیں اور نہ وہ عیاں ہے۔ فرماتا ہے کہ اس کی آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور وہ آنکھوں کو دیکھتا ہے۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ جب کہ خداوند تعالےٰ کا قدم بلا ابتدا اور بقا بلا انقضاء اور وحدانیت بلا عدد اور صفات خارج صفات خلق سے ثابت ہیں۔ تو پھر یہ بات ضرور واجب ہے کہ وصف کرنے والے اس کی کنہ صفت کو نہیں پہنچ سکتے۔ کیونکہ اگر اس کی کنہ صفت کو پہنچ جائیں تو اس کے لئے حدود اور مثال لازم آئیں جو فنا کی طرف پہنچاتی ہیں اور خدا کی شان محال ہے۔

حضرت محاسبی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جب جبرائیل علیہ السلام اسم اعظم کو لے کر ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو یہ ایک جنت کے ورق پر لکھا ہوا تھا۔ اور اس پر مشک کی مہر لگی ہوئی تھی اور

ابتداء اس کے یہ عبارت تھی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْقُدُّوْسِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ[1].... انس کہتے ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ مجھ کو سکھا دیجیے۔ فرمایا ہم عورتوں اور بچوں کے تئیں اس کو نہیں سکھاتے۔

نازک وقت میں کام آنے والی دعا

ایک عالم نے ایک امام سے درخواست کی کہ مجھ کو کوئی ایسی دعا دیجیے کہ کسی وقت سخت میں کام آئے۔ انہوں نے یہ دعا لکھ دی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ فِیْ حَقَائِقِ مَحْضِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ حَالٍ مِّنْ اَحْوَالِ الْحَدِّ وَالتَّعْدِيْلِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ وَالنَّظِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِیَ حَوَائِجِیْ كُلَّهَا قَضَاءً يَّكُوْنُ فِيْهِ خَيْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَحْفُوْظًا بِالرِّعَايَةِ مِنَ الْاٰفَاتِ مَلْحُوْظًا بِخَصَائِصِ الْعِنَايَاتِ يَا عَوَّادُ بِالْخَيْرَاتِ يَا مَنْ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ وَاَهْلُ الْحَسَنَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنَّهَا مَسْئَلَةُ خَادِمٍ لِعِزِّ رُبُوْبِيَّتِكَ بِاِظْهَارِ مَسْئَلَةٍ اِنَّكَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَشَاهِدُ حَقَائِقِ الْمَطَالِبِ قَبْلَ مُبَاشَرَتِهَا لِلْقُلُوْبِ فَتُتِمَّهَا لِجَمِيْلِ الْخَاتِمِ يَا خَيْرَ الْمَطْلُوْبِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ الْقُلُوْبِ[2]... اس دعا میں اسم اعظم ہے جیسا کہ بسم اللہ کی نسبت وارد ہے کہ اس میں اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں ہے۔ واللہ یقول الحق وهو يهدی السبيل۔

---

[1] اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام مخزون پوشیدہ پاک پاکیزہ قدوس حی وقیوم رحمٰن ورحیم ذوالجلال والاکرام کے ساتھ سوال کرتا ہوں ۱۲

[2] اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام کے ساتھ سوال کرتا ہوں بے شک تو مقدس خدا ہے حقائق محض تخصیص میں اور بے شک تو ہر حال میں حدو تعدیل میں خدا ہے اور بے شک تو خدائے پاک ذات اور بے شک تو وہی خدا ہے جس کی مثل کوئی نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ یہ کہ حضرت محمد پر درود وسلام بھیج اور میری کل حاجتیں پوری کر جن میں دنیا و آخرت کی بھلائی ہو۔ رعایت کے ساتھ آفات سے محفوظ ہو اور خاص عنایات کے ساتھ ملحوظ ہو۔ اے نیکیوں کے لانے والے اور اے وہ ذات جو تقوے اور مغفرت والی ہے اور حسنات والی ہے اے اللہ یہ سوال ہے تیری عزت اور رحمت کے خادم کا جو اپنے سوال کو ظاہر کرتا ہے۔ بے شک تو غیب جاننے والا اور مطالب کی حقیقت کا دل میں آنے سے پہلے واقف ہے۔ پس میرے مطلب کو اچھے انجام کے ساتھ پورا کر اے خیر مطلوب اور اللہ تعالےٰ ہمارے سردار ولی دوست حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل کرے ۱۲

خلوت اور لوازم اعتکاف

معلوم ہو کہ یہ فصل نہایت عظیم الشان ہے اور اسی سے خدا تک پہنچنے کا راستہ ملتا ہے۔ بہت سے بزرگان نے بیت الخطابیہ کے اندر جو جامع حلب میں ہے اعتکاف کیا ہے اور یہ ایک ایسی کوٹھڑی ہے کہ سوائے دروازہ کے روشنی جانے کا راستہ نہیں ہے۔ جب دروازہ کو بند کردو تو بالکل قبر کی صورت ہو جاتی ہے۔ جب نماز کا وقت ہوتا تو اس کوٹھڑی میں سے نکل آتے اور جب امام سلام پھیرتا تو فوراً چلے جاتے۔ اور قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے رہتے۔

لوح نور کا نقش اور اسرار

ایک بزرگ نے اسی کوٹھڑی میں چلہ کھینچا اور اکثر یہ دعا مانگتے تھے کہ اسم اعظم ان کو معلوم ہو جائے۔ پس ایک روز کا ذکر ہے کہ وہ موافق اپنی عادت کے ذکر و دعا میں مشغول تھے۔ ناگہاں ایک لوح نور کی ان کے سامنے آئی۔ جس میں چند شکلیں بنی ہوئی تھیں۔ انہوں نے اس خیال سے کہ میرا دھیان خدا کی طرف سے غافل نہ ہو جائے۔ اس لوح سے اپنی نگاہ ہٹالی۔ پھر وہ لوح ان کے سامنے آگئی۔ اور کسی کہنے والے نے ان سے کہا کہ اس کو خوب غور سے یاد کرلے۔ یہی وہ چیز ہے جو تجھ کو نفع دے گی۔ تب انہوں نے اپنی آنکھ کھول دی۔ اور اس کو دیکھا تو اس میں چار سطریں تھیں۔ ایک اوپر ایک نیچے۔ ایک دائیں اور ایک بائیں۔ اور ان کے درمیان میں ایک دائرہ تھا۔ اور پھر اس میں ایک اور دائرہ تھا۔ اور اندر کے دائرہ میں ایک خط تھا۔ جس نے اس کے دو حصے کر دیئے تھے۔ اور پھر اوپر کے نصف دائرہ میں دو خط دونوں جانب اور تھے۔ جنہوں نے اس کو مثلث کر دیا تھا۔ اور اس خط کے بیچ میں لکھا ہوا تھا۔ كَلَّا بَلْ هُوَ اللّٰهُ اور دونوں خطوں کے زاویہ میں ایک جیم تھا۔ اور دائیں خط کی طرف جو قطر دائرہ سے متصل حرف دال لکھا ہوا تھا۔ اور قطر خط پر اسم صَمَدٌ لکھا ہوا تھا۔ ابتدا اس کی خط مثلث سے اور انتہا قریب دائرہ کے اور قطر دائرہ پر حرف دال تھا اور نیچے دائرہ کے الف اور اسم صَمَدٌ سے پہلے اسم وَاحِدٌ تھا۔ اور اسی خط میں واحد کے آگے اسم قہار تھا۔ اور دوسرے خط پر اسم رحمٰن۔ رحیم اور اسم غفور تھے۔ اور مثلث کے اندر قطر پر حرف ط تھا اور نیچے کے آدھے دائرے میں خطوط تھے۔ جو تہائی دائرہ کے برابر۔ اور ایک اور خط نصف دائرہ تک منتہی ہوتا ہے۔ اس خط کے اندر لکھا ہوا تھا۔ مجل اور اس کے اندر دائرہ کے مقابل طرف حرف م لکھا ہوا تھا۔ اور دائرہ کی دوسری چوتھائی کے اندر حرف ھ اور باہر عسل لنا لکھا تھا۔ اور چھوٹے دائرہ میں جو نصف دائرہ کے چوتھائی ہے مختار لکھا تھا اور زاویہ کے پاس جہاں دونوں خط ملے ہیں تلك عشرة كاملة اور حرف ؛ لکھا تھا۔ اور دائرے کے اوپر اسم اللّٰه لا اله الا هو الحی القیوم جدا جدا حروف لکھے تھے۔ اس جیم کے مقابل سے جو مثلث کے اندر ہے اور حی کی ی اس واؤ کے مقابل جو اسفل دائرہ میں ہے اور قیوم کا میم الم کے مقابل اور دائرہ کی باہر کی ایک طرف لکھا تھا واللّٰه من ورائهم محیط اور دوسری طرف بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ۔ یہ بزرگ فرماتے ہیں۔ پھر وہ شکل غائب ہو گئی۔ اور

میں نے اٹھ کر نماز پڑھی۔ پھر اپنا وظیفہ پڑھنے لگا۔ تو مجھ کو نیند آ گئی۔ اور خواب میں میں نے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھا۔ کہ آپ فرماتے ہیں کہاں ہے وہ لوح میں نے اس کو پیش کیا گویا وہ میرے پاس موجود تھی۔ آپ نے اس کو لیا۔ اور کچھ اس کی تفسیر بیان کرنے لگے جس کو میں بالکل نہیں سمجھا۔ فقط اتنا سمجھ میں آیا کہ آپ نے اس دائرہ کے حرف جیم پر انگلی رکھ کر فرمایا کہ یہیں سے جلال پیدا ہوتا ہے۔ تب میں نے جانا کہ یہی اسم اعظم ہے۔ اور میں نے عرض کیا کہ حضور میں تو نہیں سمجھا۔ کہ آپ نے کیا فرمایا۔ ارشاد کیا محمد بن طلحہ تم کو سمجھا دیں گے میں جاگتے ہی وظیفہ پورا کر کے محمد بن طلحہ کے پاس پہنچا اور یہ میرے دینی بھائی تھے۔ اور سارا قصہ اُن سے بیان کیا۔ انہوں نے اس کی شرح مجھ کو سمجھائی شروع کی اور اس شرح کا نام انہوں نے العقد المنظم فی شرح الاسم الاعظم رکھا ہے اور ایک روایت میں ہے فی سر الاعظم ہے۔

کہتے ہیں پھر اس کے بعد میں نے حضور علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ کہ آپ محراب میں جلوہ افروز ہیں اور حضرت علی بھی تشریف رکھتے ہیں۔ اور اسم اعظم کا ورد کر رہے ہیں۔ اور مجھے آپ نے یہ کلمہ فرمایا۔ لم یتوقف الاسم المقدس علی غیرہ فی الدلالۃ اور حضور نے فرمایا قسم ہے حق کی اسی طرح جبرئیل نے مجھ کو تعلیم کیا ہے۔ پھر جب میں خواب سے بیدار ہوا تو شیخ کی خدمت میں آن کر سارا قصہ بیان کیا۔ انہوں نے ذرا دیر تامل کر کے اپنے پیچھے ہاتھ ڈال کر ایک پرچہ نکالا جس میں بعینہ وہ لفظ لکھے تھے یعنی الاسم المقدس لم یتوقف علی غیرہ فی الدلالۃ۔ میں نے اس کو دیکھتے ہی کہا کہ اس کو آپ شرح کے ساتھ کیوں نہیں لکھتے۔ کہا میرا خیال تھا کہ اس کو سوائے میرے اور کوئی نہ جانے۔ پھر انہوں نے استغفار پڑھی اور لکھ دیا۔ اور یہ وہ چیز ہے جس کو سوائے اہل صدق وصفا کے اور کوئی نہیں جانتا ہے کیونکہ یہ اسم اعظم اور سر کریم ہے۔ اگر تو اس کو کہیعص الم ال ل ہ ل ال د ال اہ و کہیعص جان لے تو جن وانس تیری اطاعت کریں گے۔ نا اہل سے اس کو محفوظ رکھ اور پوشیدہ و ظاہر خدا سے تقوٰی کر کہ کل کام تیرے پورے ہوں گے۔

صورت اس دائرہ کی یہ ہے۔

دائرہ اسم اعظم

زخ ط ی

مجید

یا رحمن

حم عسق ال ی ال ق ی و م

مثلث کے زاویوں کے حروف

معلوم ہو کہ مثلث کے زاویوں میں جو حرف ہیں وہ انتہا اعداد تسعہ اور ابجد کے پہلے حرف ہیں اس طرح ا ب ج د ہ و ز ح ط ی اور یا دسواں حرف ہے جو ندا کے واسطے آتا ہے تم کہتے ہو۔ یا اللہ یا باعث یا جلیل یا واحد یا زکی یا حافظ یا طاھر .. یہ سات اسماء ہیں۔ اس شکل عظیم کی یہ دعا ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ فِیْ حَقَائِقِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ وَالنَّظِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ہ اَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَسْأَلُكَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَمَا يَكُوْنُ نِيَّتُهٗ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَحْفُوْظًا بِالرِّعَايَةِ مَحْفُوْظًا مِّنَ الْاٰفَاتِ بِخَصَائِصِ الْعِنَايَاتِ يَا عَوَّادُ بِالْخَيْرَاتِ وَيَا مَنْ هُوَ فِی الْحَقِيْقَةِ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ..

اس سے پہلی فصل میں بھی یہ گزر چکا ہے۔ اور یہ اس کا آخری بیان ہے۔ اس کو خوب حاصل کرو۔ ہر ایک مطلب پورا ہو گا۔

اسرار خلوت

فرمایا ہے کہ میں خلوت[1] میں تھا جو میں نے ایک شکل دیکھی۔ جس میں دائرہ کے اندر دائرہ تھا اور اس کے اندر اسم اعظم لکھا تھا۔ اور اس میں سے ہر ایک قسم کی شاخیں نکلی ہیں اور اسی میں سے اسم جلال۔ پھر جب دو نورانی شکل میرے ذہن میں آگئی اور وہ مجھ سے جا نا رہا تو وہ شکل غائب ہوگئی اس وقت میں نے اس کو ایک کاغذ پر لکھ لیا پھر اپنے فکر کو میں نے اس طرف متوجہ کیا کہ اس میں سے ننانوے نام نکالوں مگر مجھ کو اجازت نہ ہوئی۔ اس لئے میں اس خیال سے باز آیا۔ اور یہ انیس[19] نام اسم جلال سے نکلے ہیں۔ اور بیسواں خود اسم جلال ہے۔ اس کے منافع غیر مشکوک جو ان کے طریق استعمال سے واقف ہے وہ ہر ایک کام کر سکتا ہے جو شخص کسی دینی یا دنیوی کام کا ارادہ کرے اس کو چاہیئے کہ غسل کر کے کسی خالی مقام میں جا کر دو رکعت نماز حضور قلب اور عجز و زاری کے ساتھ ادا کرے۔ نصف شب میں پھر اس کے بیسوں اسموں کو ایک ہزار چھ سو تہتر[1673] مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔ قبول ہوگی۔ خاص کر اگر کسی علم کے حاصل کرنے کی دعا مانگے۔ تو بہت جلد قبول ہو۔ اور اسم علیم کا تماشا دیکھے۔ کہ کیا کیا عجائب اس پر منکشف ہوتے ہیں۔

فوائد لوح نور

اس نقش کے بعض فوائد ایسے ہیں۔ جو بیان کئے جا سکتے ہیں۔ اور بعض ایسے ہیں جو بیان کئے نہیں جا سکتے۔ ایک فائدہ یہ ہے کہ جو کوئی اس دائرہ کو لکھ کر اسباب میں رکھے گا سفر و حضر میں محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ پھر دشمنوں میں جائے۔ ان کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن اس پر مہربان ہو کر مطیع ہو گا۔ اور کل مطلب اس کے حاصل ہوں گے جو شخص اس کو گلاب و مشک و زعفران

---

[1] اس دعا کا ترجمہ صفحہ ۶۲ میں ذرا کمی بیشی سے گذر چکا ہے ۱۲۔

وکافور سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے جسم و روح میں بہت بڑی قوت ہو اور اسماء کی برکت سے لوگ اس سے ہیبت کریں اور خود آپ اس کو اپنی طاقت معلوم ہو اور جو ان اسماء کا صبح کی نماز کے بعد ستر مرتبہ ورد کرے تو اس کو اس قدر فائدہ ہو جو بیان سے باہر ہے اور جس پر کسی ظالم نے ظلم کیا ہو اور یہ اس سے انتقام لینا چاہے تو چاہیئے کہ پہلی ساعت کمال کے ساتھ ان اسماء کا ذکر کرے۔ ایک ہفتہ کے اندر خدا اس سے انتقام لے لے گا۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ یَا اَللّٰهُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ یَا بَاعِثُ یَا بَدِیْعُ یَا عَدْلُ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ اور جو شخص دو دشمنوں میں صلح کرانی چاہے تو یہ اسماء ان کو لکھ کر پلائے۔ دونوں آپس میں دوست ہو جائیں گے اور جو تم کو کسی سے دوستی کرنی ہو تو اس کو لکھ کر پلاؤ۔ تمہارا دوست ہو جائے گا۔ اور اس کا عمل اتوار کے روز شمس کی ساعت میں یا عطارد کی ساعت میں ہوتا ہے۔ اور عنبر و مشک اور عود و مصطگی روشن کرنی چاہیئے اور خواص اس کے بہت ہیں۔ اختصار کے واسطے ہم نے تھوڑے ہی بیان کئے ہیں۔ اور وہ بیسوں اسم یہ ہیں۔ یَا اَللّٰهُ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا وَاسِعُ یَا عَدْلُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا مُتَعَالُ یَا عَزِیْزُ یَا عَفُوُّ یَا بَاعِثُ یَا فَتَّاحُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا رَفِیْعُ یَا مَعْبُوْدُ یَا نَافِعُ یَا مَانِعُ یَا بَدِیْعُ یَا کَافِیُ یَا رَءُوْفُ۔ اور اس دائرہ کی صورت یہ ہے۔

الم اللّٰه لا اله الا هو الحی القیوم
علیم عدل حلیم
اللّٰه
متعال
الصبور
سریع عزیز عدل
مصور غفور
جامع مصید باعث
وعنت الوجوه للحی القیوم

اور یہ اس کی دعا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ فَتَحْتَ بِهٖ عَالَمَ الْخَلْقِ وَالْاَمْرِ بِالتَّجَلِّیْ لِلْحَقِّ الْمُظَاهِرِ بِسَبَبِ التَّنْزِیْلِ وَالْمُتَعَالِیْ اَمْرًا وَّ وُجُوْدًا وَّ بُطُوْنًا مَعْقُوْلًا ذٰلِكَ حِسًّا لِمَنْ شِئْتَ وَهُوَ مَا تَشَاءُ بِهٖ مِنْهُ كَثْرَةً لَا تَقْدَحُ فِیْ وَحْدَةِ مَا اَحْكَمْتَ مِنْ مُّحْكَمِهٖ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا فَتَّاحُ یَا اَللّٰهُ یَا رَبُّ وَ اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا عَدْلُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ۔۔

لہ اے اللہ میں تیرے اسم کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس سے تو نے عالم خلق و امر کو کھولا ہے ساتھ تجلی کے واسطے حق کے جو ظاہر کرنے والا ہے سبب تنزیل کو اور بلند ہے امر اور وجود اور بطون میں معقول ہے از روئے حس کے اس کو جس کی تو نے تائید کی بلکہ معلوم ہے۔ اس کو جس کو تو نے بتلایا اور مجہول ہے اور اس پر جس کو تو نے بتلانا نہ چاہا۔ اس کے متشابہات سے جو تو نے اس میں محکم کیا ہے اس میں قدح نہیں ہو سکتی اے علم والے اے کھولنے والے اے اللہ اے رب اور مانگتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ اے سننے والے اے جاننے والے اے سرعت والے اے وسعت والے اے عدل والے اے بلند اے بزرگ اے برتر اے غالب معاف کرنے والے اے قبروں سے اٹھانے والے

يَا مُتَعَالُ يَا عَزِيْزُ يَا غَفُوْرُ يَا بَاعِثُ يَا شَهِيْدُ بَارِئُ يَا مَعْبُوْدُ يَا مَانِعُ يَا مُعِيْدُ يَا نَافِعُ أَسْأَلُكَ بِسِرِّ الْاِضَافَةِ الرَّابِطَةِ بَيْنَ حَضْرَتَيِ الْوُجُوْبِ أَسْأَلُكَ بِمَا بَسَطْتَهٗ فِيْ مَلَكُوْتِ جَبَرُوْتِكَ وَبِمَا بَيَّنْتَهٗ فِيْ جَبَرُوْتِ مَلَكُوْتِكَ وَبِمَا اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عَوَالِمِ الْهَيْبَتِكَ وَبِمَا غَيَّبْتَهٗ عَنْ اِدْرَاكِ الْعُقُوْلِ فِيْ سِرِّ نَهْمَرُوْتِ رَحْمَتِكَ وَبِمَا أَدْرَجْتَ فِيْ سِرِّ سِتْرِكَ فِيْ طَيِّ الْكَيْنُوْنِيَّةِ الْمَوْزُوْنَةِ وَبِمَا فَصَّلْتَ مِنَ الرُّمُوْزِ وَالْاِيْمَانِ مِنْ أَنْوَاعِ الْكَيْفِيَّةِ الْمَخْزُوْنَةِ فِيْ بَاطِنِ بُطُوْنِ التَّرْكِيَةِ أَنْ تَحْفَظَنِيْ بِحِفْظِكَ الْمَنِيْعِ مِنْ أَصْوَاتِ الشَّيْطَانِ وَنَغَمَاتِهٖ وَهَمَزَاتِهٖ وَلَمَزَاتِهِ الَّذِيْ يَجْعَلُ الْخَيْرَ شَرًّا وَّالْبَحْرَ بَرًّا وَّالنَّفْعَ ضَرًّا وَّمِنْ سُوْءِ مَكْرِهٖ وَأَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ أَنْ تَرْزُقَنِيْ بِفَضْلِكَ الْعَمِيْمِ وَكَرَمِكَ الْجَسِيْمِ النِّسْبَاءِ مَلَكِيْ نُوْرَانِيِّ الْعَوَارِفِ فِيْ مَمْلَكَتِهِ الْاَفْعَالِ وَاكْرِمْنِيْ بِكَلِمَاتِكَ فِي الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ لِاَنَالَ مَنَاهِجَ الْعَوَارِفِ وَارْزُقْنِيْ مِنْكَ الْعِرْفَانَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۝

حضرت عیسٰیؑ کا مُردے زندہ کرنا | اس بیان میں کہ عیسٰی علیہ السلام اسی اسم سے مردہ کو زندہ کرتے تھے اور یہی اسم اعظم ہے کہ جس کی برابری اور اسماء نہیں کر سکتے جیسا کہ مجھ سے اسد بن موسےٰ طبی سے اور انہوں نے ابو صالح سے روایت کی ہے کہ اس اسم مکنون کو جو شخص روزہ پاکیزگی کے ساتھ اتوار کے روز طلوع آفتاب کے وقت ہرن کی جھلی پر لکھے اور عود ہندی اور صندل سرخ کی دھونی دے اور اپنی کلائی پر باندھے ہر طرف سے خیرات و برکات اس کو حاصل ہوں۔ اس قدر کہ یہ تعجب کرے۔ اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ یہی وہ اسم ہے جو موسےٰ علیہ السلام کو تعلیم ہوا تھا۔ اور اسی اسم سے زبیدہ نے ہارون رشید کو قبضے میں رکھا تھا۔ یہاں تک کہ وہ بغیر زبیدہ کی اجازت کے کوئی کام نہ کرتا تھا۔ اور جو شخص اس کو لکھ کر ایسی جگہ لٹکائے کہ ہر وقت اس پر دھوپ رہے صبح سے شام تک

(بقیہ صفحہ سابقہ) اے گواہ اے بلند مرتبہ کرنے والے اے معبود اے دینے والے اے لوٹانے والے اے نفع دینے والے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سر اضافت کے ساتھ جو رابطہ ہے درمیان حضرت وجوب کے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے ساتھ اس کے جیز کے جو عالم جبروت میں تو پھیلائی ہے اور جو تم نے جبروت ملکوت میں ظاہر کی ہے اور جس سے تو نے اپنی عوام الہیبت میں اختیار کیا ہے اور جس کو تو نے ادراک عقول سے اپنی رحمت کے راز مخفی میں پوشیدہ کیا ہے اور جس کو تو نے اپنے پردے کے راز میں کینونیت کی پیچیدگی میں مندرج کیا ہے اور جو رمز یں اور ایمان لانے ظاہر کی ہیں انواع کیفیت سے جو مخزون ہے باطن بطون ترکہ میں یہ اپنی حفظ کامل کے ساتھ میری حفاظت کر شیطان کی آوازوں اور نغموں اور وسوسوں اور سرارتوں سے وہ شیطان جو خیر کو شر اور خشکی کو تر اور نفع کو ضرر بنا دیتا ہے۔ اور اس کے مکر کی برائی سے مجھ کو بچا۔ اور اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھ کو اپنے فضل عمیم اور کرم جسیم سے نسبت ملکی نورانی معرفت والی عنایت فرما۔ اور تصریف مملکت افعال میں اور اپنے کلاموں کے ساتھ موت اور زندگی میں مجھ کو بزرگی عنایت فرما تاکہ میں معرفت کے مرتبہ پر چڑھوں۔ اور ابتاء عرفان مجھ کو نصیب کر اے حنان اے منان اے رب العالمین ۱۲۔

تو یہ اس کے لئے لوگوں میں مقبول عظیم ہوگا اور وہ اسم یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا قَاھِرُ یَا قَیُّوْمُ یَا قَائِمُ یَا
قَرِیْبُ یَا قَدِیْرُ یَا قُدُّوْسُ یَا قَادِرُ یَا قَدِیْمُ یَا قَھَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ عَزَّزْتَ اَوْلِیَآئَکَ بِاَنْبِیَآئِکَ وَحَمَلْتَ
اَنْبِیَآئَکَ بِاحْتِمَالِ بَلَآئِکَ وَقَمَعْتَ الْاَعْدَآءَ بِبَسْطِ سَلْطَنَةِ سُلْطَانِ قُوَّتِکَ وَاسْتِیْلَآئِکَ وَاَسْئَلُکَ بِعِزِّکَ
الْمَنِیْعِ الْخَطِیْرِ وَبِجُوْدِکَ الْعَظِیْمِ الْقَدِیْرِ وَبِحَقِّکَ عَلٰی خَلْقِکَ مِنَ الْجَلِیْلِ وَالْحَقِیْرِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ
عَزِیْزًا بَیْنَ الْخَلَآئِقِ بِالْاِسْتِغْنَآءِ عَنْھُمْ وَالْاِفْتِقَارِ اِلَیْکَ وَاَکْرِمْنِیْ بِحَیَاتِکَ الْمُثْبَتَةِ فِیْ
اَسْرَارِ سَرَآئِرِھِمْ حَتّٰی اَتَجَلّٰی بِھَا وَاَتَوَجَّهَ اِلَیْکَ وَارْزُقْنِیْ عِزَّةً مِّنْ اِعْزَازِکَ لِاَوْلِیَآئِکَ فِی
الْحَالِ وَالْمَآلِ عِنْدَ جَذْبِھِمْ اِلَیْکَ وَاجْعَلْنِیْ عَزِیْزًا عَلٰی بَابِ الْحَقِّ بِالثَّبَاتِ وَالشُّھُوْدِ لِاَکُوْنَ اٰتِیًا
اِلَیْکَ وَابْسُطْ عِزِّیْ فِیْ قُلُوْبِ اَھْلِ الْاِیْمَانِ لِاَنَالَ سِرَّ ذَاتِکَ عِنْدَ ظُھُوْرِ الْحُجَّةِ وَالْبُرْھَانِ یَا حَنَّانُ
یَا مَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ تَسْمَعُ السِّرَّ وَالنَّجْوٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ تَعْلَمُ الْحُکْمَ وَالتَّقْوٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ
تُظْھِرُ فِیْ قُلُوْبِ اَحِبَّآئِکَ سِرَّ الْفَتْحِ وَالتَّجَلِّیْ وَتَسْمَعُ مَا ھُوَ اَدَقُّ وَاَخْفٰی وَتَرٰی بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ
وَلَا یَخْفٰی عَلَیْکَ دَبِیْبُ النَّمْلَةِ السَّوْدَآءِ عَلَی الصَّخْرَةِ الصَّمَّآءِ تَحْتَ طِبَاقِ الْغَبْرَآءِ فِی اللَّیْلَةِ
الظَّلْمَآءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِلَطَآئِفَ مَا اَدْرَجْتَ فِی السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَبِدَقَآئِقِ مَا وَضَعْتَ فِی الْبَصَرِ
وَبِحَقَآئِقِ مَا جَمَعْتَ بَیْنَ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَبِدَقَآئِقِ مَا کَتَمْتَ فِی الْبَصَرِ لِیَقَعَ مَوْقِعَ السَّمْعِ وَبِسَوَابِقِ مَا اَخْفَیْتَ فِی السَّمْعِ

لہ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اے قاہر اے قیوم اے قائم اے قدیر اے قدوس اے قادر اے قدیم تو ہے وہ ذات پاک جس نے نبیوں کے ساتھ اپنے ولیوں کو عزت دی اور اپنے نبیوں کو بلا کر آزمائش کے ساتھ آزمایا ہے اور تو نے اپنے دشمنوں کو اپنی قوت اور غلبہ اور سلطنت سے ہلاک کیا ہے تجھ سے میں مانگتا ہوں تیری عزت کے ساتھ جو بہت بڑی ہے اور تیری بخشش عظیم کے ساتھ اور تیرے حق کے ساتھ جو ہر مخلوق چھوٹی اور بڑی پر تیرا ہے یہ کہ تو مجھ کو خلائق میں ان سے استغناء کے ساتھ عزت والا اور اپنا محتاج بنا اور اپنی زندگانی کے ساتھ جو ان کے سینوں کے اسرار میں پوشیدہ ہے۔ مجھ کو بزرگی دے تاکہ میں تیری طرف التجا کروں اور متوجہ ہوں اور مجھ کو اپنے اولیاؤں کی عزت میں سے عزت دے حال اور مآل میں جب کہ تو ان کو اپنی طرف جذب کرتا ہے اور مجھ کو حق کے دروازے پر ثابت قدمی اور حاضر باشی کے ساتھ عزیز کرتا کہ میں تیری طرف آنے والا ہوں اور میری عزت کو اہل ایمان کے دلوں میں کھول دے تاکہ میں ظہور حجت اور برہان کے وقت تیری ذات کا راز حاصل کرلوں اے حنان اے منان تو پوشیدہ اور ظاہر بات کو سنتا ہے اور تو حکم اور تقوے کو جانتا ہے اور تو ہی اپنے دوستوں کے دلوں میں فتح اور تجلی کے اسرار ظاہر کرتا ہے تو اس کو سنتا ہے جو بہت باریک اور ادق ہے اور تو اپنی آنکھ سے دیکھتا ہے جو سوتی نہیں ہے اور ایک کالی چیونٹی کی آواز کو جو ایک سخت پتھر کے غباروں کے اندر ہو۔ اندھیری رات میں تو سنتا ہے اے اللہ میں تجھ سے ان لطائف کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تو نے سننے اور دیکھنے میں رکھے ہیں۔ اور ان دقائق کے ساتھ جو تو نے دیکھنے میں رکھے ہیں اور وہ حقائق جو سننے اور دیکھنے میں جمع کئے ہیں اور وہ باریکیاں جو تو نے بینائی میں چھپائی ہیں تاکہ واقعی سماعت میں وہ واقع ہوں۔ اور وہ سوابق جو تو نے سماعت میں پوشیدہ

لِيَقُوْمَ مَقَامَ الْبَصَرِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ اَسْرَارًا مُنْدَرِجَةً فِیْ اِحَاطَةِ الْبَصَرِ وَمُشَاهَدَةِ اَنْوَارٍ مُقَرَّرَةٍ عِنْدَ اِحْتِوَاءِ السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَارْزُقْنِیْ بِنُوْرَانِيَّتِكَ وَدَوَامِ الْمُرَاقَبَةِ لِمَا يَرِدُ مِنْ قُدْسِكَ الْاَعْلٰی وَاَيِّدْنِیْ عَلٰی فَهْمِ مُطَالَبَةِ النَّفْسِ بِدَقَائِقِ الْمُحَاسَبَةِ اِنَّكَ جَامِعُ كُلِّ خَيْرٍ وَدَافِعُ كُلِّ ضَيْرٍ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ يَا قَهَّارُ يَا قَرِيْبُ يَا قُدُّوْسُ يَا قَائِمُ يَا قَيُّوْمُ يَا قَرِيْبُ اَسْاَلُكَ بِذَاتِكَ الْاَحْدِيَّةِ وَصِفَاتِكَ الصَّمَدَانِيَّةِ يَا قَيُّوْمُ لَا يَنَامُ وَمُلْكُهٗ لَا تَضَامُ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَقْضِیَ جَمِيْعَ حَوَائِجِیْ وَمَا لَا اُرِيْدُ مِمَّا لَكَ فِيْهِ رِضًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

وہ اسماء جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے

خدا ہم کو اور تم کو اپنے اسرار کے سمجھنے اور اپنی اطاعت کی توفیق دے۔ معلوم ہو کہ یہ فصل نہایت عظیم الشان اور بڑی جلیل القدر ہے۔ خوارزمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں اس اسم کو برسوں سے تلاش کر رہا تھا۔ آخر ایک شخص کے پاس اہل علیین میں سے میں نے اس کو پایا۔ اور بہت سے اسماء اسی قسم کے اس نے اپنے پاس خط حمیری میں لکھ رکھے تھے تاکہ غیر شخص نہ پڑھ سکے خراسانی فرماتے ہیں جو شخص سات روز روزہ رکھے اور ساتویں روز ان اسماء کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے لکھے۔ پھر تاقوفہ[1] کے ملائکہ یعنی وہ فصل جس میں اس نے عمل کیا ہے اس کے مؤکلات کو پکارے اور مؤکلات ہوا کا نام لے۔ اور جو حاجت ہو اس کا ذکر کرے پوری ہوگی۔ اور اگر یہ عمل جاری پانی کے کنارے پر کرے اور دھوپ میں لٹکائے اور ملائکہ تاقوفہ اور اس کے اعوان اور ملائکہ ریاح اور کواکب کے نام لے تو افضل ہے خوارزمی فرماتے ہیں جب میں ان شخص سے ملا جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے تو میں نے اُن سے اسم اعظم کا سوال کیا انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ہر ایک نام اسم اعظم ہے میں نے کہا

(بقیہ صفحہ سابقہ) کئے ہیں تاکہ قائم مقام بصر کے ہو۔ یہ کہ مجھ کو وہ اسرار عنایت کر جو احاطہ بصر میں مندرج ہیں۔ اور ان انوار کا مشاہدہ نصیب کر جو سمع اور بصر کے ساتھ مقرر ہیں اور مجھ کو اپنی نورانیت کے ساتھ اور دوام مراقبہ کے ساتھ وہ عنایت کر جو قدس اعلیٰ سے وارد ہوتا ہے اور نفس سے حساب کا مطالبہ کرنے پر میری مدد کر بے شک تو ہر چیز کا جامع اور ہر برائی کا دافع ہے۔ اے رب العالمین اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں، تیری ذات وحدانیت اور تیری صفات صمدانیہ کے ساتھ۔ اے قیوم جو نہیں سوتا ہے اور تیرا ملک ختم نہیں ہوتا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ حضرت محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود نازل کر اور میری تمام حاجتیں جن میں چاہتا ہوں یا میں نہیں چاہتا جن میں سے تو راضی ہو سب کو پورا کر۔ اے ارحم الراحمین ۱۲۔

[1] تاقوفہ سال کی چوتھائی ۱۲۔

بیشک میں بھی ان میں سے بہت اسماء جانتا ہوں۔ تب شیخ نے مجھ سے تاقوفہ بلعم باعورا اور ثاقوفہ یوسف علیہ السلام کا سوال کیا میں نے ان کو بتلا دیئے۔ اور شیخ کا یہ خیال تھا کہ میں ان سے ناواقف ہوں۔ مگر جب میں نے ان کو بتلا دیئے تو شیخ نے فرمایا کہ میرے پاس آؤ۔ تم جیسا کوئی میرے پاس کوئی نہیں آیا۔ پھر وہ اسم سے اسماء کا ذکر کرتے رہے میں نے ان سے ان اسماء کو دریافت کیا۔ جو حضرت موسےٰ علیہ السلام کے عصا پر تھے۔ انھوں نے فرمایا اے فرزند سب اسماء سے زیادہ بزرگ یہ اسماء ہیں۔ اور کچھ یہ عجمی اور کچھ عبرانی خط میں لکھے تھے۔ تاکہ کوئی ان کو معلوم نہ کر سکے۔ اور فضائل و خواص ان کے زیاد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بیان کئے ہیں کہ ان اسماء کی فضیلت اور اسماء پر ایسی ہے جیسے لیلۃ القدر کی فضیلت اور ماہ شوال پھر اور روز جمعہ کی فضیلت اور دنوں پر۔ خوارزمی فرماتے ہیں کہ میں نے ان اسماء کو خط حمیری میں لکھا ہوا ایک شخص کے پاس شہر قزوین میں دیکھا تھا۔ جو شخص ان کے فضائل سے واقف ہے۔ اس کو چاہیئے کہ نااہل سے محفوظ رکھے اور خدا سے ڈرتا ہے۔

دل کی گھبراہٹ کا علاج

خفقان اور گھبراہٹ والے کو اس سے بہت نفع ہوتا ہے

علاج بد نظر:۔ زیاد بن عبداللہ کہتے ہیں جو شخص تین روزے رکھے اور اس آیت کو ہرن کی جھلی پر جو سفید ہو زعفران سے لکھ کر نظر والے کے گلے میں لٹکائے۔ تو نظر بد کا اثر جاتا رہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ہفتہ کے روز طہارت اور روزہ کے ساتھ جب کہ قمر اپنے خانہ میں ہو۔ لکھے بہت جلد مطلب حاصل ہو۔ اور انہیں سے عیسےٰ علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے اور کوڑھی اور اپاہجوں کو تندرست کرتے تھے اور یہی اسماء آسمان دنیا پر لکھے ہوئے ہیں۔ اور اہل علم نے اس کے ساتھ تفسیر پر اتفاق کیا ہے اور یہ وہی ہے جو حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے جو شخص ان کے ذکر پر مداومت کرے اللہ تعالیٰ خرق عادت اس کو نصیب کرے تم کو لازم ہے کہ اپنی نیت کو اس کی طرف مصروف کر کے رات دن ان کا ورد کرو اور اولیاء اللہ کے مراتب میں ترقی کرو گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم انی اسالک یاذا الجلال والاکرام یاحی یاقیوم اسالک باسمک العظیم الاعظم واسالک باسمک اللہ الصمد اللہ احد واسالک باسمک اللہ رب السموات والارض واسالک باسمک ذوالجلال والاکرام ...

دائرہ کی صفت:۔ اور دائرہ کی صفت یہ ہے

ابی ہذیل سے روایت ہے کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام جب مردہ زندہ کرتے تھے۔ تو دو رکعت نماز پڑھ کر سجدہ میں دعا کرتے تھے یَا قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا صَمَدُ اور مقاتل بن سلیمان کہتے ہیں یہ ان اسماء کو جن سے عیسٰی علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے۔ چالیس برس سے تلاش کرتا تھا۔ یہاں تک کہ ایک شخص صاحبِ علم کے پاس میں نے اس کو پایا۔ اور فرماتے تھے کہ جو شخص صبح کی نماز میں ان کو سو مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہو گی۔ اور جس شخص کے تئیں کسی ظالم کا ہلاک کرنا منظور ہو تو صبح کی نماز پڑھتے ہی کسی سے بات نہ کرے اور ان اسماء کو اسی جگہ بیٹھ کر پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ[1] يَا قَدِيْمُ يَا دَائِمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا حَيُّ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا سَنَدُ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمُسْتَنَدُ يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ سو مرتبہ پڑھ کر جو حاجت خدا سے مانگے پوری ہو گی۔ خصوصاً جب کہ کسی ظالم پر بد دعا کرے تو فوراً اثر ہو گا۔ اور اگر ان اسماء کی تصریف کا ارادہ ہو تو ایک دائرہ خمس بناؤ اور اسماء کو اندر لکھ کر خوشبو کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھو مطلب حاصل ہو گا۔ اور دعا اس دائرہ کی یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حِيْنَ صَعِدَ عَرْشَكَ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ اللّٰهِ اللّٰهِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰئِكَتَكَ الْمُلْكَ كَسْفَائِيْلَ وَدَرْدَيَائِيْلَ وَسَمْخِيَائِيْلَ وَدُوْبِيَامِيْلَ وَسَمْكَائِيْلَ وَطَهْرَيَامِيْلَ وَكُرْمِيَائِيْلَ اَجِيْبُوْا اَيَّتُهَا الْمَلٰئِكَةُ الْكِرَامُ وَالْاَرْوَاحُ الطَّيِّبُوْنَ الْمُقَرَّبِيْنَ لِلّٰهِ بِالْوَحْدَانِيَّةِ بِحَقِّ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْعَزِيْزِ الْمُقَدَّسِ الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَسْمَآءِ كُلِّهَا عَزِيْزِهَا وَكَبِيْرِهَا تُسَخِّرُ لِیْ هٰؤُلَاءِ الْمَلٰئِكَةِ الْكِرَامِ يَقْضُوْا حَاجَتِیْ وَهِیَ كَذَا وَكَذَا مِمَّا لِلّٰهِ فِيْهِ رِضًا اور اپنی حاجت کا نام لے اور حسد سے پرہیز کرے۔

بلعم باعور کی دعا

بلعم باعور اس اسم کے ساتھ جو دعا مانگتا تھا۔ قبول ہوتی تھی۔ مگر جب موسٰی علیہ السلام نے اس پر بد دعا کی تو اللہ تعالٰے نے یہ دعا اس سے سلب کر لی۔ چنانچہ اللہ تعالٰے نے اس آیت میں اس کا بیان فرمایا ہے وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِیْۤ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا آخر تک اور بہت علماء نے

---

[1] نہیں ہے نیکی و بدی کی قوت مگر اللہ بلند و بزرگ میں جو قدیم ہے اے سند اس کی جس کی سند نہیں ہے اور اے وہ ذات کہ اسی کی طرف سہارا ہے اے وہ کہ نہ پیدا ہوا نہ اس سے کوئی پیدا ہوا۔ اور نہ اس کے کوئی مقابلہ ہے اے ذو الجلال والاکرام ۱۲ ء اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ جبرئیل کے جب عرش پر چڑھے اور تیرے نام کے ساتھ جو اللہ اللہ ہے۔ یہ کہ تو اپنے ملائکہ میں سے کسفائیل دردیائیل وغیرہ موکلات کو میرا مسخر کر دے۔ اے ملائکہ کرام اور اے پاک ارواح جو اللہ تعالٰی کی وحدانیت کے مقرب ہیں۔ میری بات کو قبول کرو اے اللہ تو اپنے اسم اعظم کی طفیل سے جس کو تو نے اپنے کل بزرگ سے بزرگ ناموں پر فضیلت دی ہے یہ کہ تو میرے لئے ان ملائکہ کو مسخر کر دے تاکہ میری فلاں فلاں حاجت پوری کریں۔ جس میں اللہ کی رضامندی ہو ۱۲۔

اس دعا کی برکت سے بڑے بڑے مدارج حاصل کئے ہیں اور معلوم ہو کہ جو شخص اس نقش کو باطہارت لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہری و باطنی امور کو درست کرے اور طاعت کی توفیق عنایت فرمائے ہر شخص اپنے دشمنوں پر غالب رہے۔ جو ظالم اس کو دیکھے رعب میں آجائے۔ اور جو شخص اس کو اپنے سر پر باندھے۔ ہر ایک سرکش اس کے آگے ذلیل ہو۔ اور اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو ظاہری و باطنی قوت عنایت کرے۔ جو شخص اس نقش کو باندھ کر اپنے دشمن سے لڑا اس پر غالب ہوا اور میدان جنگ میں منصور رہا۔ اور کوئی برائی اس کو نہ پہنچی۔ اگر کوئی بادشاہ اس کو اپنے پاس رکھے تو لشکر اور کل امراء و رؤساء اس کی اطاعت کریں۔ اور ہمیشہ مؤید و منصور رہے۔ اور جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے۔ ایسی جگہ سے اس کو رزق ملے جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔ اور اس نقش میں تالیف قلوب اور محبت کا بھی اثر ہے۔ جو اس کو تامل کے ساتھ سمجھے وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ اور اس کی شکل اشکال ایام سبع کے ساتھ آئے گی۔

معلوم ہو کہ جس پر حرف میم کے اسرار اور احاطہ اور انطباق میں سے ایک بھی منکشف ہو گیا۔ وہ عالم کے عجائبات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور جس کو حافظہ کے بڑھانے کی ضرورت ہو تو اس کو سرعددی کو پنجشنبہ کے روز وضو کے ساتھ قبلہ کی طرف منہ کرکے لکھے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام پاک بھی چالیس بار لکھے۔ اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس روز پیوے اور یہ دعا کرے کہ اللہ اس کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی کر۔ اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر و باطن کو کھول دے گا۔ یہ اس کے واسطے ہے جو اس رمز کو سمجھ گیا ہو۔ کیونکہ وہ ان اسرار کا مشاہدہ کرتا ہے جن کے ساتھ حرف میم قائم ہے اور اسی سبب سے یہ کشادگی اس کو حاصل ہوتی ہے۔ اور جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور دشمنوں میں چلے تو اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے۔ اور دشمنوں کو ذلیل کرے۔ اور جو شخص کسی دشمن سے ڈرتا ہے تو وہ بھی اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ بلکہ اس کے آگے ذلیل ہو جائے گا۔ اور کل مرادیں اس کی پوری ہوں گی۔ جو شخص اس نقش کو لکھ کر دھوپ میں لٹکائے۔ اس طرح کہ صبح سے شام تک اس پر دھوپ رہے تو یہ اس کے لئے تمام خلائق میں قبول عظیم ہوگا۔ صورت اس نقش کی یہ ہے۔

۵	۹۲	۱۰۲	۱۰۳	۱۰۴	۱۱۷	۱۰۴	۷۷
۵	۱۰۲	۷۶	۷۹	۷۹	۸۱	۸۱	۱۰۳
۹۱	۷۲	۸	۴	۱۰۱	۴	۵۱	۱۱۸
۲۷	۷۸	۷۱	۱۲	۱۳	۵۹	۲۱	۸۲
۵۹	۸۷	۸۱	۵۷	۴	۷۶	۶۰	۱۸۶
۵۹	۶۹	عما	۸۸	۲۵	۱۲۱	۱۳	۶۶
۱۱۱	۱۴	۷۱	صہا	۸۸	۲۵	۷۱	۶۶
۱۲۰	۷۰	۱۱۷	۹۲	۲۲	۸۰	۱۷	۱۹

۸: توابع وارابع کے مخصوص دائرے

معلوم ہو کہ اسی فصل پر اس کتاب کا مدار ہے اور اس میں اسرار عظیمہ ہیں۔ جب تم کو یہ منظور ہو کہ ان اسماء مبارکہ اور توفیق جلیلہ اور اسماء ملائکہ کا جو زمانہ کا انتظام کرتے ہیں۔ اور اسماء رباح و کواکب کا عمل کرو۔ تو پہلے تم کو جاننا چاہیئے۔ کہ سال کے بارہ مہینے ہیں۔ اور ان کے تین تین ماہ کی

چار قسمیں ہیں فصل گرما۔ فصل سرما۔ فصل ربیع۔ فصل خریف۔ اور ان میں سے ہر ایک فصل کو ثاقوفہ کہتے ہیں (پہلا ثاقوفہ فصل ربیع ہے) جو بیسویں مارچ سے شروع ہوتا ہے۔ دوسرا ثاقوفہ فصل گرما ہے۔ جو چوبیسویں جون سے شروع ہوتا ہے۔ تیسرا ثاقوفہ فصل خریف ہے۔ جو چوبیسویں ستمبر سے شروع ہوتا ہے۔ چوتھا ثاقوفہ فصل سرما ہے۔ جو چوبیسویں دسمبر سے شروع ہوتا ہے۔

فصل اسماء ملوک کے بیان میں جو انتظام زمانہ کرتے ہیں۔ شرق کے مؤکل کا نام دیبنائیل ہے اور صاحب غرب کا دردبائیل ہے۔ اور جنوب کا تحرقبائیل اور صاحب شمال کا اسیائیل اور مؤکل شرق صاحب گرما سے تعلق رکھتا ہے۔ اور مؤکل غرب فصل سرما سے اور مؤکل شمال فصل ربیع سے اور مؤکل جنوب فصل خریف سے ہے۔

فصل قسمۂ اعوان کے بیان میں۔ اقطار اربعہ پر مؤکل شرق کے یہ (مؤکل) اعوان (یعنے وکار و ما تحت) ہیں۔ وجہائیل حمرائیل۔ سمعائیل۔ اور مؤکل غرب کے یہ اعوان ہیں۔ جبرقیل۔ مصمائیل۔ سرعائیل اور مؤکل شمال کے یہ ہیں۔ قرعربائیل۔ طائیل۔ اور مؤکل جنوب کے یہ ہیں۔ سبائیل مرحبائیل۔ حمرمیکاکیائیل۔

اسمائے حاجت دعوات

جب تم فصل ربیع میں ہو اور ثاقوفہ کی دعا پڑھنی چاہو تو یوں پڑھو۔

اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ یَاتبیائیلُ وَاَعْوَانَكَ فَرْحُوبیلُ وَطَاحُولُ وَالرِّیَاحُ وَمَاسُولُ وَمَیْسُورُ وَسَمَاوَطَشُ وَعَلَى الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ مَاخَفَتْ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاسْمِهِ الشَّدِیْدِ رَبِّ الْاٰخِرَۃِ وَالْاُوْلٰى لَا غَایَةَ لَهٗ وَلَا مُنْتَهٰى لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى اَللّٰهُ عَظِیْمٌ قَاهِرُ الْاَعْدَاءِ دَائِمُ النَّعْمَاءِ رَحِیْمُ الرُّحَمَاءِ قَادِرٌ غَیْرُ مَقْدُوْرٍ وَقَاهِرٌ غَیْرُ مَقْهُوْرٍ وَعَادِلٌ یَوْمَ الْحَشْرِ وَالنُّشُوْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اِلٰى اٰخِرِهَا اِنِّیْ اَسْأَلُكَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ بِاسْمِكَ التَّامِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ شَیْءٍ دُوْنَ اللّٰهِ بَاطِلٌ اٰمَنْتُ بِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ لَا رَبَّ سِوَاكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ

---

[1] قسم دیتا ہوں میں تجھ کو اے تبیائیل اور تیرے اعوان فرحوبیل وغیرہ کو ساتھ نام اللہ کے اور ساتھ نام اس کے جو زبردست ہے رب آخرت اور اولیٰ کا۔ نہ اس کی غایت ہے نہ انتہا۔ اسی کے واسطے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ انکے درمیان میں ہے۔ اور جو تحت الثریٰ میں ہے۔ اللہ عظیم ہے دشمنوں پر قاہر ہے۔ ہمیشہ نعمت رکھنے والا ہے ہر بالوں کا مہربان ہے وہ سب پر قادر ہے۔ اس پر کوئی قادر نہیں وہ قاہر ہے اس پر کوئی قاہر نہیں حشر کے روز عدل کرنے والا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ علیم حکیم اور رحمٰن و رحیم ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے رب العالمین تیرے پورے نام کے ساتھ اے حی قیوم میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ کل چیز سوائے خدا کے باطل ہے۔ ایمان لایا ہوں میں تیرے ساتھ تو ہی معبود ہے تیرے سوا کوئی رب نہیں تیرے نام کے ساتھ جو بزرگ ہے اور جس کو تو نے اپنے

الَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ عَلٰی جَمِیْعِ اَسْمَآئِكَ كُلِّهَا اَنْ تُسَخِّرَلِیْ صَاحِبَ الدَّعْوَۃِ وَصَاحِبَ التَّاثُوْنَۃِ وَالنَّوَاحِیْ الْاَرْبَعَۃَ
یَكُوْنُوْنَ عَوْنًا لِّیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ بِاِذْنِكَ یَااللّٰہُ اِلٰهِیْ اِنَّكَ اَنْتَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ اَجِیْبُوْا یَامَعَاشِرَ
الْاَرْوَاحِ وَاقْضُوْا حَاجَتِیْ بِحَقِّ مَنْ لَّہُ الْعِزَّۃُ وَالْجَبَرُوْتُ وَبِحَقِّ الْحَیِّ الَّذِیْ لَایَمُوْتُ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ الْقَآئِمِ
الَّذِیْ اِسْمُہٗ لَایُنْسٰی وَنُوْرُہٗ لَایُطْفٰی وَعَرْشُہٗ لَا یَزُوْلُ وَكُرْسِیُّہٗ لَایَتَحَرَّكُ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتَابَ اَسْاَلُكَ
یَااللّٰہُ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مَالِكُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَسْاَلُكَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَاَنْ تُسَخِّرَلِیْ رُوْحَانِیَّۃَ خُدَّامِ هٰذِهِ
الْاَسْمَآءِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اور اگر فصل خریف ہے تو اسطرح شافو کی دعا کرو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ یَادُبْیَائِیْلُ وَعَلٰی اَعْوَانِكَ یَا حَمْیَائِیْلُ وَعَزْمَائِیْلُ وَسَمْعِیَائِیْلُ وَعَلٰی الرِّیَاحِ الْقَدْحِ
وَتَغَمْهُوْنَ وَمَرْدُوْدُ وَعَارُوْدُ وَعَلَی الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ مَاخُوْذُ مَسَادِیْنَ. بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ - اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ حَیٌّ لَّاتَمُوْتُ وَغَالِبٌ لَّاتُغْلَبُ وَخَالِقٌ
لَاتُخْلَقُ وَبَصِیْرٌ لَّاتَرْتَابُ وَسَمِیْعٌ لَّاتُصَمُّ وَقَهَّارٌ لَّاتُقْهَرُ وَصَمَدٌ لَّاتُطْعَمُ وَقَیُّوْمٌ لَّاتَنَامُ وَوَفِیٌّ لَّاتُخْلِفُ وَعَدْلٌ
وَحَكَمٌ لَّاتَجُوْرُ وَغَنِیٌّ لَّاتَفْتَقِرُ وَكَنْزٌ لَّایَعْدَمُ وَحَلِیْمٌ لَّاتَعْجَلُ وَمَعْرُوْفٌ لَّاتُنْكَرُ وَنَرْدٌ لَّاتُثْنٰی وَوَهَّابٌ
لَّاتُرَدُّ وَسَرِیْعٌ لَّاتَذْهَلُ وَلَاتَضِلُّ وَدَآئِمٌ لَّاتَبْلٰی وَمُجِیْبٌ لَّاتَسَامُ وَبَاقٍ لَّاتَفْنٰی وَفَرْدٌ
لَّاشَبِیْہَ لَكَ وَمُقْتَدِرٌ لَّاتُنَازِعُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ یَاحَیُّ لَّایَمُوْتُ وَخَالِقٌ لَّایُخْلَقُ

تمام ناموں پر فضیلت دی۔ یہ کہ تو صاحب دعوت اور صاحب تاثونہ اور نواحی اربعہ کو میرا مسخر کردے جو قضائے حاجت میں میرے مددگار ہوں۔ تیرے حکم سے اے اللہ بے شک تو حکم کرتا ہے اور تیرے اوپر حکم نہیں کیا جاتا۔ قبول کرو اے گروہ ارواحوں کے اور میری حاجت کو پورا کرو اس ذات کی طفیل سے جس کی عظمت و جبروت ہے۔ اس ذات کی طفیل جو زندہ اور قائم ہے۔ مرتا نہیں۔ نہیں ہے مثل اس کے کوئی چیز۔ ایسا قائم ہے کہ اس کا نام بھولا نہیں جاتا۔ اور اس کا نام نہیں بجھتا اور عرش اس کا زائل نہیں ہوتا۔ اور کرسی اس کی حرکت نہیں کرتی اپنے بندے پر اس نے اپنی کتاب نازل کی ہے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو مالک ہے دنیا و آخرت کا مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ میری حاجت پوری کر اور ان اسماء کے نام کی روحانیت میری مسخر کردے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

۵ میں تجھ سے قسم دیتا ہوں اے دبیائیل اور تیرے اعوان کو اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہی زندہ ہے نہیں مرتا اور غالب ہے مغلوب نہیں ہوتا۔ اور خالق ہے پیدا نہیں کیا گیا۔ تو بینا ہے شک نہیں کرتا۔ تو سنتا ہے بہرہ نہیں ہے اور تو قہر کرنے والا ہے۔ مقہور نہیں ہے۔ اور تو پاک ہے کھاتا نہیں۔ اور قیوم ہے سوتا نہیں۔ اور وفادار ہے وعدہ خلاف نہیں کرتا۔ اور حاکم ہے ظلم نہیں کرتا۔ اور تو غنی ہے فقیر نہیں ہوتا۔ اور حلیم ہے جلدی نہیں کرتا۔ اور خزانہ ہے معدوم نہیں ہوتا۔ اور مشہور ہے ان پہچان نہیں۔ اور یکتا ہے ثانی نہیں رکھتا۔ اور بخشنے والا ہے رد نہیں کیا جاتا۔ اور جلد کرنیوالا ہے سُست نہیں ہوتا نہ بھولتا ہے اور ہمیشہ رہتا ہے پرانا نہیں ہوتا اور دعا کا قبول کرنے والا ہے اور باقی ہے فنا نہیں ہوتا اور فرد ہے کوئی مشابہ نہیں رکھتا۔ اور مقتدر ہے جلدی نہیں کرتا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ تو زندہ ہے مرتا نہیں۔ اور خالق ہے پیدا نہیں کیا جاتا۔

وَقَيُّوْمٌ لَّا تَسْاَمُ وَصَادِقٌ لَّا تُخْلِفُ وَعْدَكَ وَعَدْلٌ لَّا تَظْلِمُ وَمُحْتَجِبٌ لَّا تُرٰى وَسَمِيْعٌ لَّا تَصِمُّ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْاَلُكَ بِعِزَّتِكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ جَمِيْعَ الرُّوْحَانِيَّاتِ
يَا اَللّٰهُ يَا عَظِيْمُ بِاسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ وَبِحَقِّ جَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ
اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَقِّ اَسْمَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى الْعِظَامِ هَيَا الْعَجَلُ الْوَحَا السَّاعَةُ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ ۔ اور اگر
فصل خریف ہے اور صاحب جنوب کو بلانا ہے تو یہ دعا پڑھے ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ
يَا عَيْنَائِيْلُ وَحَزْمِيَائِيْلُ وَسَرْعِيَائِيْلُ وَعَلَى الرِّيْحِ الشَّدِيْدِ وَعَلَى الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ اَسْاَلُكُمْ اَنْ
تَنْزِلُوْا اِلٰى مَكَانِيْ وَتَمْتَثِلُوْا جَمِيْعَ مَا اٰمُرُكُمْ بِهٖ وَمَآ اَطْلُبُهُ مِنْكُمْ اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا
مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ وَيَا عَالِمَ الْاَسْرَارِ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْقَهَّارُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاكَ يَا اَللّٰهُ ۳
بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الْعِظَامِ اللّٰهُ ۳ بار الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ الْحَكِيْمُ الْكَرِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ
وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَسْاَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَاسْتِوَآئِكَ عَلٰى عَرْشِكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ صَاحِبَ
الْيَوْمِ وَالسَّاعَةِ وَالنَّاقُوْفَةِ وَالنُّوَّامِ الْاَرْبَعَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ يَآ اَللّٰهُ ۳
اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اِحْتَجَبْتَ فَلَا تُرٰى وَلَا يُدْرَكُ نُوْرُكَ اٰمَنْتُ بِكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ اَنْتَ
اللّٰهُ الَّذِيْ يَذِلُّ لَكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ وَيَخْضَعُ لَكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْقَاهِرُ الرَّفِيْعُ جَلَالُكَ تَعَالَيْتَ فَوْقَ عَرْشِكَ فَلَا يَصِفُ عَظَمَتَكَ

اور قیوم ہے سست نہیں ہوتا۔ اور سچا ہے خلاف نہیں کرتا وعدہ کا۔ اور عدل ہے ظلم نہیں کرتا۔ اور حجاب والا ہے اور سننے والا ہے۔ بہرہ نہیں ہے۔ تیرے
سوا کوئی معبود نہیں ہے اے رب العالمین۔ تجھ سے تیری عزت کی طفیل سوال کرتا ہوں کہ میری حاجت پوری کر اور تمام روحانیت کو میرا مسخر کر۔ اے اللہ
اے بزرگ ساتھ تیرے اسم مکنون کے اور تیرے جلال کے اور نور ذات کے بے شک یہ تیرے اوپر آسان ہے قسم دیتا ہوں تم کو اللہ بزرگ کی۔ اور
اسماء الہی کی بہت جلد اللہ تم کو برکت دے۔ میں تم کو قسم دیتا ہوں۔ اے عینائیل وحزمیائیل وغیرہ میں تم سے سوال کرتا ہوں کہ تم میرے مکان میں
نازل ہو۔ اور جو میں کہتا ہوں اس کو بجالاؤ۔ اور جو میں تم سے طلب کروں وہ مجھ کو دو۔ مانگتا ہیں تجھ سے اے اللہ اے نور النور اور اے مدبر الامور
اور اے اسرار کے جاننے والے۔ تو اللہ ہے بادشاہ قاہر۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ بطفیل ان اسماء بزرگ کے اللہ برتر بزرگ
حکمت والا۔ بزرگ زندہ قائم یکتا۔ پاک وہ اللہ جو نہیں پیدا ہوا اور نہ اس کا کوئی قبیلہ ہے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیری عزت اور تیرے عرش
پر قائم ہونے کے ساتھ کہ میری حاجت پوری کردے اور صاحب یوم وساعت اور صاحب ناقوفہ اور چاروں جہت والوں کو میرا مسخر کردے
بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ پس بے شک تو ہی حکم لگاتا ہے اور تیرے اوپر حکم نہیں لگایا جاتا اے اللہ تو ہی اللہ ہے نہیں ہے کوئی معبود
مگر تو حجاب میں ہے تو پس نہیں دکھائی دیتا ہے اور نہ تیرا نور ادراک کیا جاتا ہے۔ میں تیرے ساتھ ایمان لایا ہوں۔ اور تجھ پر
توکل کیا ہے تو ہی اللہ ہے اور تمام مخلوق تیرے سامنے ذلیل ہے اور مطیع ہے تو ہی اللہ قاہر ہے بلند ہے مرتبہ تیرا بلند ہے تو
اپنے عرش پر تیری عظمت کی کوئی چیز تعریف نہیں کرسکتی اور نہ کوئی تیری مخلوق میں سے اے نور النور اہل آسمان و زمین تیرے نور

شَیْءٌ وَّلَا اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ قَدِ اسْتَنَارَ مِنْ نُوْرِكَ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا اَللّٰهُ تَعَالَيْتَ اَنْ يَّكُوْنَ لَكَ شَرِيْكٌ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَحْمَدُ بِنُوْرِكَ كُلُّ نُوْرٍ وَيَا مَالِكُ وَكُلٌّ يَفْنٰى وَاَنْتَ الْبَاقِيْ لَا تَحُوْلُ وَلَا تَزُوْلُ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ بِرَحْمَتِكَ تُطْفِيْ عَنِّيْ غَضَبَكَ وَسَخَطَكَ وَتَرْزُقُنِيْ بِهَا سَعَادَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَاَنْ تُسْكِنَنِيْ جَنَّتَكَ الَّتِيْ اَسْكَنْتَهَا الْخِيَرَةَ مِنْ خَلْقِكَ يَا اَللّٰهُ۔ اور اگر فصل سرما ہے تو صاحبِ غرب کو اس طرح بلائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا دُرْدِيَائِيْلُ وَعَلٰى اَعْوَانِكَ حَزْنِيَائِيْلَ وَمُصْحِيَائِيْلَ وَصَرْنِيَائِيْلَ وَعَلَى الرِّيَاحِ مَعْدُوْدٍ وَعَادُوْرٍ وَمَعْدُوْرٍ وَالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ خَادِمٍ وَحَاسِدٍ وَسَبِيْنٍ اَسْاَلُكُمْ اَنْ تَقْضُوْا حَاجَتِيْ بِحَقِّ مَا بِهٖ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ يَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ وَعَالِمَ الْاَسْرَارِ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْجَبَّارُ الْعَزِيْزُ الْقَهَّارُ لَكَ الْحَمْدُ وَالثَّنَاءُ وَالْفَخْرُ وَالنَّعْمَاءُ اٰمَنْتُ بِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا رَبِّ اَسْاَلُكَ يَا مُحِيْطُ يَا عَلِيْمُ يَا قَدِيْرُ يَا بَصِيْرُ يَا وَاسِعُ يَا بَدِيْعُ يَا سَمِيْعُ يَا كَافِيْ يَا رَزَّاقُ۔

يَا شَاكِرُ يَا اَللّٰهُ يَا وَاحِدُ يَا غَفُوْرُ يَا حَلِيْمُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا وَلِيُّ يَا حَمِيْدُ يَا وَهَّابُ يَا قَائِمُ يَا سَرِيْعُ يَا رَقِيْبُ يَا خَبِيْرُ يَا مُحْيِيْ يَا مُمِيْتُ يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ يَا حَفِيْظُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا قَوِيُّ يَا مَتِيْنُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا مَنَّانُ يَا خَلَّاقُ يَا صَادِقُ يَا بَاعِثُ يَا كَرِيْمُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ يَا فَتَّاحُ يَا غَفَّارُ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا ذَا الْجَلَالِ يَا ذَا الطَّوْلِ يَا رَزَّاقُ يَا بَاطِنُ يَا قُدُّوْسُ

سے روشن ہیں اے اللہ بلند ہے تو اس بات سے کہ تیرا شریک ہو اے نور کے نور تیرے نور کی ہر نور تعریف کرتا ہے۔ ہر چیز فنا ہو جائے گی مگر تو باقی رہے نہ ڈگمگاتا ہے نہ ہلتا ہے اے تو ہی رحمٰن و رحیم ہے تیری رحمت سے تیرا غضب و غصہ مجھ سے خاموش ہوگا اور تو اپنی رحمت سے مجھ کو اپنے پاس سے سعادت نصیب کر اور اپنی جنت میں جگہ دے جس میں تو اپنے نیک بندوں کو جگہ دیتا ہے اے اللہ ۲ اے اللہ قسم دیتا ہوں میں تجھ کو اے دردیائیل اور اعوان کو اور تم سے یہ چاہتا ہوں۔ کہ میری حاجت پوری کرو بطفیل اس کے جو میں نے تم کو قسم دی اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے نوروں کے نور اور بھیدوں کے جاننے والے تو ہی اللہ بادشاہ زبردست ہے غالب ہے قہر والا ہے تیرے واسطے حمد و ثنا ہے اور فخر و نعمت ہے۔ میں تیرے ساتھ ایمان لایا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ اے رحمٰن اے رحیم اے رب تجھ سے سوال کرتا ہوں اے احاطہ کرنے والے اے علم والے اے قدرت والے اے دیکھنے والے اے عجیب و غریب پیدا کرنے والے اے سننے والے اے کافی اے رزق دینے والے اے شکر کرنیوالے اے اللہ اے واحد اے غفور اے حلیم اے قبض کرنے والے اے کھولنے والے اے زندہ اے قائم اے بلند اے بزرگ اے دوست اے تعریف کے لائق اے بخشنے والے اے قائم اے سریع اے نگہبان اے باخبر اے زندہ کرنے والے اے مارنیوالے اے اچھے مولا اور اچھے مددگار اے حفاظت کرنیوالے اے قریب اے قبول کرنیوالے اے قوت والے اے زبردست اے جو چاہے کرنیوالے اے بڑے اے بلند اے احسان کرنیوالے اے پیدا کرنے والے اے مردے کو اٹھانیوالے اے بزرگ اے حق اے ظاہر کرنیوالے نور اے ہادی اے کھولنے والے اے مغفرت والے اے سخت پکڑنیوالے اے جلال و بزرگی والے اے بخشش والے اے روزی رساں اے باطن اے پاک

یَاسَلَامُ یَامُؤْمِنُ یَامُهَیْمِنُ یَاعَزِیْزُ یَاجَبَّارُ یَامُتَکَبِّرُ یَاخَالِقُ یَابَارِیُٔ یَامُصَوِّرُ یَامُبْدِیُٔ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَامَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا اَللّٰهُ ۳ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ عِنْدَکَ وَسِرِّهَا لَدَیْکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّةَ هٰذَا الْیَوْمِ وَهٰذِهِ السَّاعَةِ وَهٰذِهِ الشَّاقُوْنَةِ وَالنَّوَاحِی الْاَرْبَعَةِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّةُ اَنْ تَکُوْنُوْا عَوْنًا لِّیْ فِیْ مَا اَطْلُبُ اَجِبْ یَامَطْلُوْبُ وَافْعَلِ الَّذِیْ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ بِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْهًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ۔ توافیق اربعہ تمام ہوئے صورت اس کی یہ ہے۔

۵۱	۱۴	۴۷	۵۴	۶۱	۷۶	۲۴	۲۵	۲۶	۳
۳	۴۶	۵۴	۷۲	۱۲	۲۰	۵	۷ع	۶۴	۲۸
۴۱	۷۷	۸۷	۹۲	۲۷	۱۶	۱۴	۷۸	۲۰	۸۴
۸۶	۷۵	۱۴	۲۸	۲۱	۶۵	۴۵	۳۸	۸۸	۶۴
۸۰	۹۵	۹۴	۴۵	۵۲	۷۱	۷۰	۲۷	۲۷	۹۴
۷	۷۸	۱۷	۱۲	۴۹	۵۶	۲۳	۴۳	۹۸	۵۹
۳۸	۹۵	۷۴	۱۲	۵۰	۵۲	۹۷	۶۷	۸۲	۹
۴۰	۳۴	۴۵	۷۱	۵۷	۷۱	۶۱۱	۷۰	۵۸	۶۲
۲۱	۲۵	۶۷	۸۸	۲۰	۱۱	۹۸	۷۷	۵۹	۲۰
۱۹	۲۲	۳۴	۲۴	۴۷	۷۳	۹	۸۱	۵۷	۳۷۷

بعض اسمائے حسنیٰ کے خواص

الرحمٰن الرحیم۔ یہ دونوں اسم بڑے عظیم الشان ہیں اور انکی دعا مضطر کو نفع کرتی ہے اور خوف والے کو امن دیتی ہے اور جو کوئی جمعہ کی آخری ساعت میں چاندی کی انگشتری پر کندہ کر کے پہنے تو پھر کوئی برائی نہ دیکھے اور جو ان دونوں ناموں کا ذکر کرتا رہے کل کام اس کے آسان ہوں کیونکہ رحم میں وہ چیز ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ جو تجھ کو ملائے گا اس سے ملوں گا۔ اور جو تجھ کو قطع کرے گا میں اس سے قطع کروں گا۔ اور اگر تو غور کرے تو محمدؐ اور الرحمٰن کو مجتمع دیکھے سر او ر نجونی اور جو اسم سبعہ میں جو شخص اسم الرحمٰن کو ایک برتن میں لکھ کر دھوئے اور ایسے شخص کو پلائے جس کے دل میں سختی ہو تو اللہ تعالےٰ اس کی سختی نرمی سے بدل دے گا۔ مگر شرف قمر میں لکھنا اور مینہ کے پانی سے دھونا چاہیئے۔ صورت اس کی یہ ہے۔......

ر	ح	م	ن
۴۴	۴۹	۲۰۱	۷
۴۸	۳۹	۱۰	۲۰۲
۹	۳۰۳	۴۷	۴۰

اے سلام اے امن دینے والے اے نگہبان اے غالب اے حاکم زبردست تکبر والے اے خالق اے باری اے مصور اے شروع کرنے والے اے یکتا اے پاک اے وہ ذات جس نے نہ جنا نہ جنا گیا اور نہ اس کا کوئی مقابلہ ہے اے اللہ (سہ بار) نہیں ہے کوئی معبود مگر تو تجھ سے ان اسما کی عزت سے جو تیرے پاس ہے اور ان کے بھیدے تیرے پاس ہے اور ان کے بھید سے تیرے پاس ہے سوال کرتا ہوں کہ اس روز اور ساعت اور تاقوفہ اور چاروں کی روحانیت میرے مسخر کر دے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ میں تم کو قسم دیتا ہوں اس بات پر کہ تم میرے مددگار ہو جس واسطے میں تم کو طلب کروں اے مطلوب قبول کر اور میرے اور تیرے درمیان میں جو ہے جو اس کے تو بطفیل اس ذات کے کہ جس نے آسمانوں اور زمین سے کہا کہ تم دونوں حاضر ہو خوشی سے یا جبراً انہوں نے کہا ہم خوشی سے آتے ہیں ۲۲-۷ا

م	ی	ح	ر
۶۷	۲۱	۳۰	۱۱
۲۰۲	۱۰	۸	۳۸
۹	۳۷	۲۳	۵

اسم رحیم کو جو شخص شرف قمر میں لکھ کر اپنے پاس رکھے کل آفات و بلیات سے محفوظ رہے اور سخت دل اس کے سامنے نرم ہوں اور شہوت نفسانی اس کی جاتی رہے۔ صورت اس کے نقش کی یہ ہے۔

اسم مَلِکُ جو شخص ذکر کرتا رہے۔ سرکش اس کے مطیع ہوں اور فرمانبرداری کریں۔

اسم سَلَامٌ کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے۔ کل آفات سے خدا اس کو سلامت رکھے۔ اور جس پر اس کا حال غالب ہو جائے اور پھر وہ سانپ یا بچھو کو ہاتھ میں لے لے تو کچھ ضرر نہ ہو۔ اور اس کا ایک نقش مربع ہے۔ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ظالم کے پاس جائے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔ اور کوئی منتفیاد اس پر اثر نہ کرے۔ صورت اس کے نقش کی یہ ہے:۔ . . . .

م	ا	ل	س
۷۱	۳۹	۲	۲۹
۳	۴۷	۵۸	۲۸
۴۱	۲۹	۴۱	۴

اسم مُؤمِنُ جو شخص اس کو ہر روز ایک ہزار ایک سو بتیس ۱۱۳۲ مرتبہ پڑھے اللہ تعالےٰ اس کو طعن و طاعون سے امن دے۔

اسم مُھَیمِنُ جو شخص شرف قمر میں اس کو نقش کرے۔ اور پہنے۔ شر جن و انس سے محفوظ رہے

اسم عَزِیزُ۔ جو شخص اکثر اس کا ذکر کرتا رہے اللہ تعالےٰ اور لوگوں کے نزدیک عزیز ہو۔ اسم جَبَّارُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے سب لوگوں میں ہیبت والا ہو۔ اسم مُتَکَبِّرُ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کا حکم جاری ہو۔ اسم خَالِقُ۔ جو شخص اس کو طالع برج آتشی میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرے اور پہن کر اپنی بیوی سے صحبت کرے حکم الہیٰ سے حاملہ ہوگی۔ اسم بَارِئُ۔ جو اکثر اس کا ذکر کرتا رہے اللہ تعالےٰ اس کو آثار بدیعہ و اسرار دقیقہ سے واقف کرے۔ اسم مُصَوِّرُ۔ جو اس کا ذکر کرتا رہے۔ اللہ تعالےٰ اس پر صورت جسمانی میں روحیں نازل کرے۔ اسم یَا غَفَّارُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کے گناہ معاف ہوں۔ اسم قَہَّارُ۔ جو اکثر اس کا ذکر کرے اس کی نفسانی شہوات مغلوب ہوں۔ اسم وَھَّابُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے پھر جو خدا سے مانگے عنایت ہو۔ اسم رَزَّاقُ۔ جو اکثر اس کا ذکر کرے اسباب رزق اس پر مفتوح ہوں۔ یا فَتَّاحُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ظاہری و باطنی خیر کے اسباب مفتوح ہوتے ہیں۔ اسم قَابِضُ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک طرح کی قبض اور بندش دور ہوتی ہے۔ اسم یَا بَاسِطُ۔ اس کے ذکر کرنے سے دل کشادہ ہوتا ہے۔ اسم یَا حَافِظُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے پھر کسی دشمن پر بددعا کرے فوراً دشمن ہلاک ہو۔ اسم رَافِعُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کی قدر و منزلت زیادہ ہو۔ اسم یا مُعِزُّ۔ اس کے ذکر کرنے سے دینی و دنیاوی عزت حاصل ہوتی ہے۔ اسم یَا مُذِلُّ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک جبار سرکش ذلیل ہوتا ہے۔ اسم یا سَمِیعُ۔ جو اس کا ذکر کرے اس کی ہر ایک دعا قبول ہو۔ اسم یَا بَصِیرُ۔ اگر اس کو لکھ کر بارش کے پانی سے دھوئے اور نہار منہ پیوے تو ذہن کشادہ ہو۔ اور

دل مضبوط ہو۔ اسم یَا حَکَمُ۔ حکم جاری ہونے کے واسطے اس کا ذکر مفید ہے۔ اسم یَا عَدْلُ۔ جو اس کا ذکر کرے، ہر ایک بات میں انصاف اس کو نصیب ہو۔ اسم یَا لَطِیْفُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر بیماری اور سختی دور ہوتی ہے۔ اسم یَا خَبِیْرُ۔ جو شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں انگوٹھی کے نگینہ پر اس کو نقش کرے اور منہ میں رکھے تو پیاس جاتی رہے۔ اور اگر پانی میں اس انگوٹھی کو دھو کر پیوے تو پھر کبھی پیاس نہ لگے۔ اسم یَا حَلِیْمُ۔ اس کا ذکر بے چینی اور پریشانی کو دور کرتا ہے۔ اسم یَا عَظِیْمُ۔ جو اس کا ذکر کرے ہر ایک خوف کی بات سے خدا اس کو محفوظ رکھے۔ اسم یَا شَکُوْرُ۔ اس کے ذکر کرنے سے قدر و منزلت بلند ہوتی ہے۔ اسم یَا عَلِیُّ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک شر سے محفوظ رہتا ہے۔ اسم کَبِیْرُ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے لوگوں کی آنکھوں میں بہت بڑا معلوم ہو۔ اور جو دیکھے اس کی تعظیم کرے۔ اسم یَا حَفِیْظُ۔ یہ اسم ذکر کرنے سے ہر ایک بری بات سے خدا محفوظ رکھتا ہے۔ اسم یَا مُقِیْتُ۔ جو اس کا ذکر کرے، بھوک کی سختی معلوم نہ ہو۔ اسم یَا حَسِیْبُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک حاجت پوری ہو۔ اسم یَا جَلِیْلُ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے تمام عالم میں جلیل القدر ہو۔ اسم یَا کَرِیْمُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے ہر کام میں خدا اس کی حفاظت کرے۔ اسم یَا رَقِیْبُ۔ اس کے ذکر کرنے سے انجام کار کی بھلائی معلوم ہوتی ہے۔ اسم مُجِیْبُ۔ اس کے ذکر کرنے سے دعا قبول ہوتی ہے۔ اسم یَا وَاسِعُ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کے دل سے حکمت کی نہریں اس کی زبان سے جاری ہوں۔ اسم یَا وَدُوْدُ۔ اس کے ذکر سے تمام ارواحیں رجوع ہوتی ہیں۔ اسم یَا مَجِیْدُ۔ اگر اس کا ذکر کوئی بادشاہ کرے تو اللہ تعالےٰ اس کے ملک کو ترقی دے۔ اسم یَا بَاعِثُ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک طرح کی بھلائی آتی ہے۔ اسم یَا شَهِیْدُ۔ اس کے ذکر کرنے سے مراقبہ میں مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔ اسم یَا حَقُّ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کا کلمہ بلند ہو۔ اسم یَا وَکِیْلُ۔ اس کے مربع کو نایع عقرب میں جو شخص سنگِ رخام پر نقش کر کے اپنے گھر میں رکھے تو تمام سانپ اور بچھو اور حشرات الارض اس میں سے نکل جائیں گے۔ اسم یَا قَوِیُّ۔ اس کے ذکر سے دل قوی اور محبت دائم ہوتی ہے۔ اسم یَا مَتِیْنُ۔ اس کے ذکر سے ضعف قوت سے نجات ملتی ہے۔ اسم یَا وَلِیُّ۔ جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اللہ تعالےٰ اس کو اپنا دوست بنائے۔ اسم یَا حَمِیْدُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے اور اس کے اعداد کے موافق ایک انگوٹھی پر نقش کرے اور دھو کر بیمار کو پلائے اللہ اس کو تندرست کرے۔ اسم مُحْصِیُ۔ اس کے ذکر کرنے سے ہر ایک برائی سے محفوظ ہے۔ اسم یَا مُبْدِئُ۔ جو اس کا ذکر کرے، اور کوئی کام کرے درست ہوگا۔ اسم یَا مُعِیْدُ۔ جو شخص اس کے مربع کو برج منقلب کے طالع پر لکھ کر ہوا میں لٹکائے اور رات دن برابر اسم کو پڑھتا رہے بھاگے ہوئے یا غائب کا نام لے کر وہ فوراً آوے۔ اسم مُحْيِی۔ جو شخص اس کا ذکر کرے تو معرفت سے اس کا دل زندہ ہو۔ اسم یَا مُمِیْتُ۔ اس کے ذکر سے ظلمانی شہوتیں دور ہوتی ہیں اسم یَا حَیُّ۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اور زہرہ شرف میں ایک سو بیس مرتبہ لکھ کر اپنے گھر کے دروازے میں دفن کرے اس گھر کے رہنے والے کل برائیوں سے محفوظ رہیں گے۔ اسم یَا قَیُّوْمُ۔ اس کا ذکر کرنے سے علوم و

معارف اپنے دل میں پاتا ہے اسم یَا وَاجِدُ۔ اس کے ذکر سے ایمان و تقویٰ حاصل ہوتا ہے۔ اسم یَا مَاجِدُ۔ اور اس کے ذکر کرنے والے کا ذکر اور مرتبہ بلند ہوتا ہے۔ اسم یَا وَاحِدُ۔ اس کے ذکر کرنے سے لوگوں سے وحشت ہوتی ہے اور خلوت کو پسند کرتا ہے۔ اسم یَا اَحَدُ۔ جو اس کا ذکر کرے سب سے بے پرواہ ہو۔ اسم یَا صَمَدُ۔ اس کے ذکر سے قوت روحانی اور عرفانی عنایت ہو۔ اسم یَا مُقْتَدِرُ۔ اس کے ذکر سے کل روحیں مسخر ہوتی ہیں۔ اسم یَا مُقَدِّمُ۔ اس کے ذکر سے اللہ تعالیٰ اسباب میں تصرف نصیب کرتا ہے۔ اسم یَا مُؤَخِّرُ۔ جس پر پردہ پڑا ہوا ہو اور دروازہ اس کا بند ہو۔ اس کے واسطے ذکر اس کا مفید ہے۔ اسم یَا اَوَّلُ۔ اس کا ذکر کرنے والا ہر ایک نیکی میں آگے رہتا ہے۔ اسم یَا اٰخِرُ۔ اس کے ذکر سے ہر ایک بھلائی حاصل ہوتی ہے۔ اور ایک پوشیدہ علم ہے۔ اسم ظَاهِرُ۔ اس کے ذکر سے پوشیدہ اسرار معلوم ہوتے ہیں۔ اسم یَا بَاطِنُ اس کا ذکر کرنے والا جس چیز کو چاہے حاصل ہوگی۔ اور حاجت پوری ہوگی۔ اسم یَا وَالِی۔ اس کے ذکر سے لوگوں میں ہیبت ہوتی ہے۔ اسم یَا مُتَعَالِی۔ جو شخص اس کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو روحانیت عظیمہ عنایت کرے۔ اسم یَا بَرُّ۔ اس کے ذکر کرنے والے پر اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہوتی ہے۔ اسم یَا تَوَّابُ اس کو لکھ کر اور مینہ کے پانی سے دھو کر شرابی کو پلائے اور اس اسم کو کثرت کے ساتھ پڑھے تو شرابی شراب سے توبہ کرے۔ اسم یَا مُنْتَقِمُ۔ اس کے ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ دشمنوں سے انتقام لیتا ہے اسم یَا عَفُوُّ۔ اگر خوف والا اس کا ذکر کرے تو امن نصیب ہو۔ اسم یَا رَؤُفُ۔ اس کے ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ مہربان ہوتا ہے۔ اسم یَا مَالِكَ الْمُلْكِ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے اور ملک کا طالب ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کو عنایت کرے۔ اسم یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔ اس کا ذکر کر کے جو چیز خدا سے مانگے عنایت ہو۔ اسم یَا مُقْسِطُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے۔ ہر ایک کام میں انصاف کرے۔ اسم یَا جَامِعُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے۔ ہر گم شدہ چیز اس کی پائی جائے۔ اسم۔ یَا غَنِیُّ۔ جو اس کا ذکر کرے۔ اسباب غنی و رزق اس کے واسطے مہیا ہوں۔ اسم یَا مُغْنِیُ۔ اس کا ذکر کرنے والا تمام مخلوق سے بے پرواہ ہو۔ اسم یَا مَانِعُ۔ جو شخص اس کا ذکر کرے۔ ہر ایک ضرر سے خدا اس کو محفوظ رکھے۔ اگر ساعت زہرہ میں شہر کی فصیل پر ایک سو اکسٹھ مرتبہ لکھے تو اللہ تعالیٰ اس شہر کو محفوظ رکھے۔ حکماء نے اس کو قلعہ ماردین کی فصیل پر لکھا تھا پس اس کو بادشاہ فتح نہ کر سکا۔ اور قدرت الٰہی سے ہر ایک شر سے محفوظ رہا۔ اسم یَا ضَارُّ اس کے ذکر سے جس ظالم کو ضرر پہنچانا چاہے پہنچا سکتا ہے۔ اسم یَا نَافِعُ۔ اگر بیمار اس کا ذکر کرے فوراً آرام ہو۔ اور جو شخص اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو۔ پھر وہ جس مریض پر ہاتھ پھیرے گا۔ فوراً اس کو آرام ہوگا۔ اور اگر اس کے مربع کو شرف قمر میں، چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرے۔ اور مریض اس کو پہنے آرام ہو۔ اس اسم میں اسم معانی کی طرف اشارہ ہے اور اس کے حروف دونوں اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو آر شفا ہیں۔ اسم یَا نُوْرُ۔ اس کے ذکر سے قلب روشن ہوتا ہے۔ اور اگر اس کے ساتھ یَا نَافِعُ بھی ملالیں تو ہر مرض کی دوا ہے جس کے علاج سے لاچار ہو گیا ہو۔ اس کو لکھ کر پلانا چاہیئے

اور اس اسم کا ایک مربع ہے جس کی صورت یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

نو	ر	تا	ئع
مطلع	٦٦	٥٧	جمید
٧١	٥١	٥٤	٥٨
موجد	٥٠٩	٦٠	عاصم

اسم یَا ھَادِیُ ۔ اس کے ذکر کی کثرت سے دل میں نور اور ہدایت پیدا ہوتی ہے اور معرفت کے اسرار منکشف ہوتے ہیں اور دین دنیا کا جو ظاہری و باطنی کام مشکل ہو اس کے واسطے دو رکعتیں سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی کے ساتھ پڑھ کر اس اسم کا ورد کرے ۔ یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سانس تھک جائے ۔ مطلب حاصل ہوگا ۔ اسم یَا بَدِیْعُ جو شخص اس کا ورد کرے ۔ اس پر عجائب علوم الٰہیہ اور اسرار لدنی منکشف ہوتے ہیں ۔ اسم یَا بَاقِیُ ۔ اس کے ذکر کرنے والے کے ہر ایک کام میں برکت ہوتی ہے ۔ اسم یَا وَارِثُ ۔ اس کا ذکر کرنے والا چاہے اگر کسی عزیز و اقارب کا وارث بنے ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کا وارث کر دے گا ۔ اسم یَا رَشِیْدُ ۔ جو اس کا ذکر کرے ۔ اس کے انجام کار اچھے ہوں گے ۔ اسم یَا صَبُوْرُ ۔ اس کے ذکر کرنے والے کو اللہ تعالیٰ سختیوں اور مہمات میں ثابت قدم رکھے گا ۔

۹ ۔ خواص حروف مقطعات و آیات محکمات

معلوم ہو کہ قرآن شریف میں جو بعض سورتوں کے اول میں حروف مقطعات ہیں ان کی علماء نے بہت تفسیر بیان کی ہیں چنانچہ المٓصٓ معنے اس کے یہ ہیں کہ میں خدا ہوں ۔ حق فرماتے ہیں الف ازل سے ہے اور لام ابد سے اور میم اور صاد اتصال کے لئے ہیں جو اتصال چاہے اور انفصال کے لئے ہیں ۔ جو انفصال چاہے اور در حقیقت نہ اتصال ہے نہ انفصال ۔ علماء کے یہ بیان عادت کے موافق ہیں ۔ مگر جس کو خدا محفوظ رکھتا ہے وہ بیان نہیں کرتا اور اسماء الٰہی میں سے ہر ایک تم کو ایک مرتبہ میں پہنچا سکتا ہے ۔ کیونکہ یہ ایسی ذات کا اسم ہے جو صفات مقدسہ کے ساتھ موصوف ہے ۔ اور تمام اسماء اسی کی طرف راجع ہیں ۔ اور جو شخص اس کے معنوں سے واقف ہو گیا ۔ اور وہ اسماء باطنہ کے معانی سے بھی واقف ہو گیا ۔ جو حروف مفردہ ہیں ۔ ان اشاروں کو خوب سمجھ لو ۔ تم یقین والوں میں سے ہو جاؤ گے ۔ اور بیابانوں کی طرف خیال نہ کرو ۔ اور چونکہ مراتب اسرار کو اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے اندر رکھا تھا ۔ اور ملائکہ کو اس سے خالی رکھا تھا ۔ اسی سبب سے آدم علیہ السلام کی زبان فنون حرکات اور انواع لغات میں حروف ظاہر ہوئے جن کی صورتیں اللہ تعالیٰ نے دل میں رکھی ہیں ۔ اور وہ صورت ہی وہ روحانیت ہے جو نطق انسانی اور خط جسمانی میں ظاہر ہوتی ہیں اور یہی اللہ تعالیٰ کے اس کلام کے معنی ہیں ۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ ۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ۔ اور یہ حروف ہی آیات کتاب اللہ پر دلالت کرتے ہیں ۔ جس میں اہل عقل کے واسطے نصیحت ہے ۔ اور ہر حرف میں بحسب حرکات ثلثہ تین مقامات ہیں ۔ پیش اور زبر اور زیر اور ان میں حرف مد و لین مشابہ عناصر ہیں ۔ اور پھر ان تینوں میں سے ہر ایک جسمانی اور روحانی

اور نفسانی ہے۔ پس یہ نو ہوئے اور اعداد بھی نو ہیں۔ اور افلاک بھی نو ہیں اور طبائع اور حواس بھی نو ہیں یہ مناسبت ظاہر ہو گئی ہے۔ اب تمام اسرار عدد و حروف سے بحث کرو۔ ان کے اجتماع و افتراق میں عمدہ عمدہ اسرار تم کو مقتضائے رحمانیہ اور رحیمیت میں معلوم ہوں گے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ میں جو بسم اللہ ہے اس سے تمام عالم کون کھاتا پیتا ہے سر قرآن میں تأمل کرو۔ چھ کے نو میں ضرب سے پاؤ گے۔ اور قرآن کی سورتیں بھی اسی طرح ہیں اور اعداد کے اندر چھ کا عدد تام یعنے پورا ہے۔ کیونکہ چھ ہی روز میں اللہ تعالےٰ نے آسمان و زمین اور ان کی اندرونی اشیاء کو پیدا کیا ہے۔ پھر سات آسمان اور عرش و کرسی اور یہ ہیں دس اور نو پہلے سب مل کر انیس ہوئے۔ اوائل سُوَر میں جو حروف ہیں۔ ان کے پانچ مرتبے ہیں۔ سواء ثنائی اور رباعی کے جن کا مجموعہ اٹھتر ہوئے۔

اقسام حروف

ایک وہ جن پر دو نقطے ہیں۔ ایک وہ جن پر تین نقطے ہیں۔ اور وہ یہ دو حروف ہیں شین اور ثا شین جمع مفترق پر دلالت کرتا ہے۔ اور ثا جمع مجتمع پر۔ اور دو نقطے والے یہ تین حروف ہیں تا یا قاف تا سے ظہور فی الملک مراد ہے اور یا سے ظہور فی القدرۃ اور قاف سے ظہور فے المنت اور ہر چیز جس سے مظہر القائم والنفاد اور ہر چیز جو ظاہر اور محیط ہے بمثل روشنی سورج اور ستاروں کے سب مراد ہیں اور حرف یا دونوں نسبتوں میں تمیز ہے۔

حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ ہر چیز کا علم قرآن شریف میں ہے۔ اور قرآن شریف کا علم ان حروف میں ہے جو سورتوں کے اول میں ہیں۔ معلوم ہو کہ کل حرف لام الف میں ہیں۔ اور لام الف کا علم الف میں۔ اور الف کا علم نقطہ میں۔ اور نقطہ کا علم معرفت اصلی میں جو ازل اور مشیت میں ہے۔ اور مشیت کا علم غیب ہوی میں اور غیب ہوی کا علم لیس کمثلہ شیئ۔۔ میں بعضے کہتے ہیں کہ اسماء الہیٰ میں سے تین بھی ایک اسم ہے اور تمام حروف نورانی جو اوائل سور میں ہیں چودہ ہیں بلا تکرار کے اور وہ یہ ہے۔ ا ح ر ط ك ل م ن س ع ق ص ه ی ۔ ابن عباسؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں۔ کہ اوائل سور اسماء الہیٰ سے ماخوذ ہیں۔ ابو العالیہ کہتے ہیں۔ ان حروف میں سے جو حرف ہیں۔ وہ اسماء الہیٰ میں سے ایک اسم کی کنجی ہے۔ الف اللہ سے اور لام لطیف سے اور م مالک سے اور صاد صادق سے ۔ اور را رب سے اور کاف کریم سے اور طا طیب سے اور سین سمیع سے اور حا حمید سے اور قاف قدیر سے اور نون نور سے ماخوذ ہیں۔ اور ابو العالیہ نے ان کی ترکیب اس طرح کی ہے۔ ال م ص ال ر ك ه ی ع ص ط س ح ق ن حرف اشارہ یعنے حرف ھا۔ اور حرف یا کو بیچ میں رکھا ہے۔ اور باقی حروف المص اور المر اور کھیعص اور طس اور حا حوامیم سے اور ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ سے اور ن وَالْقَلَمِ سے ابن عباس کہتے ہیں۔ الٓمٓ کے معنی یہ ہیں۔ میں اللہ ہوں میں جانتا ہوں اور المر کے معنے یہ ہیں۔ میں اللہ ہوں جانتا ہوں اور دیکھتا ہوں۔ الف کے معنی ہیں۔ اور لام سے مراد اسم اللہ اور میم سے مراد علم اور را سے مراد رویا۔ ترکیب ان حروف کی اس طرح ہے۔ المر۔ المص۔ المر۔ کھیعص۔ طہ۔

طس ۔طسم۔ یٰس ۔حم۔ حمعسق ۔ ق ۔ن ۔ ان میں سے بلا تکرار کل چودہ حرف ہیں۔ اور ابو العالیہ نے ابن عباس کے قول کی طرف اشارہ کیا ہے۔ کہ حروف اوائل سورہ ہی اسم اعظم ہیں۔

فوائد اسمائے حسنیٰ

اسمائے حسنیٰ اعداد درجات جنت کے موافق ہیں۔ اور انہیں اسماء میں سے علم نکلا ہے۔ اور انہیں کی طرف واپس ہوگا۔ اور انہیں سے موجودات ظاہر ہوئی ہے ۔ اور موجودات اسماء حسنیٰ پر ایک روشن نشانی ہے۔ پھر یہ اسماء ارواح و اجساد میں سرایت کر گئے۔ یہاں تک کہ موجودات میں سے کوئی فرد ایسا نہیں ہے جس کے ساتھ آنکھ ناک وغیرہ میں اسماء نے احاطہ نہ کیا ہو۔ اور اسم ذات یعنی اللہ تمام اسماء کے معانی کا جامع ہے۔ الف حرف قائم ہے۔ اور اسی سے کل حروف نکلے ہیں۔ پس یہ مثال عقل اور علم اور عرش اور لوح کی ہے۔ حرف لام ادنیٰ اور اعلیٰ کو ملانے والا ہے۔ اور اس کی مثال لوح و کرسی اور نفس ہیں۔ لام کے بعد حرف میم ہے۔ اور یہ حرف تمام پر دلالت کرتا ہے۔ مثال اس کی جسم ہے۔ پس عقل پہلی مخلوق ہے۔ اور مخلوقات کا جسم ہونا ہے۔ حروف کے تمام حرف الف میں داخل ہیں اور الف مبنیٰ جمع و اجمال ہے جیسے کہ حروف علم میں مجملہ ہیں۔ ان کو سمجھو تاکہ معانی اسرار تم پر منکشف ہوں۔ معلوم ہو کہ اولیاء اللہ نے علم حروف و اسماء میں نہایت نادر طریق سے گفتگو کی ہے۔ اور ان اسماء کے ساتھ تین باتوں میں وہ اوروں سے مخصوص تھے۔ ایک تو یہ کہ ان لودونہ ناموں کے معانی ان کو تائید غیبی اور الہام سے معلوم ہوئے تھے جس کو دوسرا کوئی نظر و برہان سے نہیں جان سکتا۔ دوسرے یہ وہ ان لودنہ اسماء کے علاوہ باطنی اسماء کو بھی جانتے تھے۔ تیسری بات یہ وہ اسم اعظم سے بھی واقف تھے۔ اور انبیاء علیہم السلام کو یہ لودنہ نام لوز وحی سے معلوم ہوئے جو اولیاء کو الہام سے معلوم نہیں ہو سکتے تھے۔ اور اسماء باطنہ کا علم اسم اعظم کے علم سے ہوتا ہے۔ مگر ہر اسم کے پورے خواص سوائے خداوند تعالےٰ کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اور وہ اپنے ہی علم میں سے جس قدر چاہتا ہے۔ اپنے انبیاء و اولیاء کو عنایت کرتا ہے۔ جس کے آثار اس نے عالم غیب میں رکھے ہیں۔ اور جن پر مخلوق میں سے کسی کو مطلع نہیں کیا گیا۔ نہ نبی مرسل کو نہ مقرب فرشتے کو۔ اور جب اللہ تعالےٰ اپنے کسی بندے کو اس علم کے ساتھ عزت دینی چاہتا ہے تو پہلے اسے علم لدنی سکھاتا ہے۔ جس سے وہ ولایت کے مقام میں پہنچتا ہے۔ اور ان لودنہ ناموں میں سے کسی علم کے علوم اس پر کھول دیتا ہے۔ جو عالم کو نظر و برہان سے معلوم نہیں ہو سکتے۔ پھر اسماء باطنہ کی طرف اس کو متوجہ کرتا ہے۔ پھر ان کے معلوم کرنے کے بعد اشیاء باطنہ کی تعلیم کرتا ہے۔ جن سے حروف مفردہ مراد ہیں جو چودہ حروف ہیں۔ اور قرآن شریف کی سورتوں کے اول میں ہیں۔ پھر ان کے سمجھنے کے بعد اسم اعظم بتلاتا ہے۔ جس کے ساتھ جو دعا کی جائے قبول ہو۔ اور جو مانگا جاوے دیا جائے ۔ اور اسم اعظم حضرت خضر علیہ السلام سے تعلیم ہوتا ہے۔ اور بعض وقت بطریق الہام بھی ولی کو اسم اعظم معلوم ہو جاتا ہے۔ اور اولیاء اللہ میں اس کے حاصل ہونے کے مختلف طریقے ہیں۔ اور کمال اسم اعظم کا یہ ہے کہ اس کے جاننے والے کے واسطے زمین سمٹ جاتی ہے یعنی ایک دن میں ایک سال کا

راستہ طے کر سکتا ہے اور ہوا میں اُڑ سکتا ہے۔ اور بہت سی کرامتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ یہ علم کتابوں میں نہیں ہے۔ بلکہ خداداد ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کل وجود پہلے اسماء باطنہ پر پھر اسماء ظاہرہ کے ساتھ قائم ہے۔ اور اسماء باطنیہ ہر چیز کی اصل ہیں۔ امور دنیا اور آخرت سے۔ اور انہیں سے کل اسماء نکلے ہیں۔ اور انہیں سے کل امور فیصل ہوتے ہیں۔ اور ام الکتاب میں شامل ہیں۔ ابن حنیفہؒ سے کسی شخص نے کھیعص کے معانی دریافت کئے فرمایا اگر میں تجھ کو بتلا دوں۔ پس تو پانی پر راستہ چلے۔ اور تیرے پیر تر نہ ہوں۔ سہل بن عبداللہ کہتے ہیں حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہم بلخی شیخ الصوفیہ کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ یٰسین کی نسبت آپ کیا فرماتے ہیں۔ فرمایا اس میں ایک ایسا اسم ہے کہ جو شخص نیک یا فاسق اس کے ساتھ دعا کرے قبول ہو۔

حروف مقطعات میں سے اسم اعظم

حروف مقطعات میں سے ہر ایک حرف کے معنے ہیں اگر اللہ تعالیٰ ان پر کسی بندے کو مطلع کرے تو کرامتیں اس سے ظاہر ہوں۔ حدیث صحیح میں وارد ہے۔ کہ حضورؐ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ جب کل تم دشمن سے ملاقات کرو۔ تو یہ کہو حمٓ لا ینصرون۔ حمٓ اسماء باطنہ میں سے ایک اسم ہے اس کو جان لو سہل بن عبداللہ تستری فرماتے ہیں۔ کل حروف معجمہ میں اشرف حروف یہ نو ہیں۔ اور انہیں کے نور سے کل حروف روشن ہیں اور وہ یہ حروف ہیں۔ ا ل ر ح ق م ک ل ص اجسام ظاہرہ ان پر اور ان کے شرف پر دلالت کرتے ہیں اور وہ اجسام ساتوں آسمان اور کرسی اور عرش ہیں اور یہی وہ ساتوں مجسمات ہیں جن سے خداوند تعالے نے اپنے کلام میں مراد لیا ہے المص۔ المر۔ حم۔ کھیعص اور طس اور یہی وہ چودہ حروف ہیں جن کو ظاہر و باطن اسم اعظم کہا گیا ہے۔ اور مشائخ اہل تحقیق اور ائمہ دین اور علماء شریعت فرماتے ہیں کہ اسم اعظم اسماء ظاہرہ میں سے ہے اور قریب قریب اس پر اجماع ہے۔ اور تفسیر اس اسم کی یہ ہے کہ یہ اشیاء کو عدم سے وجود میں لاتا ہے۔ الف ذات کریمہ کی طرف اشارہ کرتا ہے اور قبول سر کے واسطے حرف حا ہے اور یہ حرف اسماء اعظم میں سے ہے۔ کیونکہ سینہ جملۃً و تفصیلاً علم کی جگہ ہے۔ اور اسی کا بیان اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ .... پس یہ سینہ کو کھولتا ہے۔ اور چونکہ الف کی جبلت میں یہ بات ہے کہ حرکت یا سکون کے ساتھ وصف کیا جائے۔ بسبب انفصال اس کے ازلیت میں اور اسی کی طرف انتہائے غایات ہے۔ پس یہ آخرت میں حرکت کے ساتھ ہے اور حرکت کی چار قسمیں ہیں۔ پیش زبر زیر سکون اور اسم اللہ میں سے پہلا لام ساکن ہے۔ اسی کی نسبت سے پھر حرکت والا ہوا اس کی نسبت سے جو نعمت ثابتہ اس کے ساتھ متصل ہے۔ پھر حا اپنے سر احاطہ کے ساتھ اس میں شامل ہوئی۔ پس اسی سے سر حرکت میں ہوا۔ اور سکون بھی اسرار حرکت میں سے ہے۔ اور اسی سبب سے یہ باطن الباطن ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ هُوَ الْحَيُّ پس یہ سینہ کو کھولتا ہے۔ اور الف اشارہ ذات کا ہے اور لام اول لے دنیا لے عہد میثاق ایمانی کے واسطے ہے قبول تلقی شرعی

کے بہ سبب اس کے جو اس میں واسطے ہے الف کے راز کا پھر تھا قیامت میں تمام امر کے واسطے ہے۔ کیونکہ قیامت میں کل اولین و آخرین جمع ہوں گے۔ پس اسی حکمت ربانی کے ساتھ یہ چودہ حرف گردش کرتے ہیں۔ اور الف ہی کو تم اس اسم کے اوّل اور آخر میں پاؤ گے۔ اس طرح بسط کے ساتھ (ال ف ل ا م ال ف ۱۴) حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ وہی ظاہر ہے جس کے اوپر کچھ نہیں اور وہی باطن ہے جس کے نیچے کچھ نہیں۔ اور چونکہ مجموعہ چودہ حروف سے ہے۔ اسی سبب سے ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں اور جو ملک اور ملکوت ان کے درمیان ہے سب سرّ الٰہی سے قائم ہے۔ پس عالم کے ہر ایک ذرہ میں اسم الٰہی کا راز ہے۔ اور اسی کے سبب سے وہ ذرہ اس کی توحید کی گواہی دے رہا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا یعنی کیا پاتا ہے تو اس کا ہم نام۔ اور فرماتا ہے قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ (یعنے کفاروں سے کہہ کہ رب تمہارا اللہ ہے پھر ان کو چھوڑ دے) اور شیخ فخر الدین خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ نے ۸۲۹ھ حرم مکہ کے اندر فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے اس کے حال کے موافق اپنا اسم بتلایا وہی اسم اعظم اس کے واسطے ہے جیسے کہ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ایوب کے واسطے مخصوص تھا۔ جو ان کی اس دعا میں مذکور ہے رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ اور اسم وہاب سلیمان کے واسطے جب کہ انہوں نے یہ دعا کی رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اور خیر الوارثین حضرت زکریا کے واسطے اس دعا میں رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول کی۔ اور حضرت یحییٰ پیدا ہوئے۔ اور حضرت سلیمان کو ملک عنایت ہوا۔ اور حضرت ایوب کو سخت بیماری سے صحت ہوئی۔ پس جو شخص اسماء الٰہی میں اپنی حاجت کے مطابق اسم کے ساتھ دعا مانگے گا قبول ہو گی۔ بعض مشائخ کا قاعدہ تھا کہ جب مریدان کی خدمت میں حاضر ہوتا تو وہ لوح پر نام اس کے سامنے پڑھتے۔ اور اس کے چہرہ کو غور کر جاتے۔ پھر اس اسم کے ساتھ اس کے تعلق کو دیکھتے وہی اسم اس مرید کو تعلیم کرتے۔ پس اسی اسم سے اس کا کشود کار ہوتا۔ اسم اعظم کا یہی علم ہے۔ اور اسم اعظم کی ایک لولوئے مکنون اور سرّ مخزون ہے۔ اور اس کتاب کے نفائس میں سے ہے۔ عزت کے پردے اور ہیبت کے حجاب اس پر پڑے ہوتے ہیں۔ اور اس اسم کا تثنیہ اور جمع نہیں آتی۔ بخلاف اس کے کل اسماء کا تثنیہ و جمع آتی ہے۔ اور یہی اس بات کی دلیل ہے۔ کہ یہ اسم اعظم ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (یعنے اللہ ہی کے واسطے اسماء حسنےٰ ہیں پس اسماء حسنےٰ کی اضافت اللہ تعالیٰ کی طرف ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ اسموں سے بڑا ہے۔ اور یہی اسم ذات ہے۔ اور باقی اسماء صفات ہیں اور اسم ذات اسماء صفات سے افضل ہے۔ اور دلیل اس اسم کی صحت کی یہ ہے کہ بغیر اس اسم کے ایمان پورا نہیں ہوتا حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے میں لوگوں کے قتل کرنے کا حکم دیا گیا ہوں یہاں تک کہ وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہیں پس جب وہ یہ کہیں گے تو اپنے مال و جان کو مجھ سے محفوظ رکھیں گے۔ پس دوسرا اسم اس کے بدلہ کافی نہیں ہے۔

اور یہی اس بات کی دلیل ہے۔ کہ یہ اسم اعظم ہے۔ اور یہی دوزخ سے نجات دلانے والا ہے۔ اور حضور ہی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جو شخص مرا اور وہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی خلوص دل سے گواہی دیتا تھا خدا اس کو دوزخ پر حرام کرے گا۔ یہی اسم بزرگ جنت کی کنجی ہے۔ اور اسی سے جنت میں داخل ہوتا اور دوزخ سے محفوظ رہتا ہے۔ اور اسی کے ساتھ ایمان و اسلام و دعا ہے۔ جس کے مطابق پہلے حدیث گزر چکی ہے اور نماز کی کنجی اذان ہے جو بغیر اس اسم کے نہیں ہو سکتی۔ اور جتنے اذکار اور دعائیں اور بیماریوں کے رُقیے ہیں کوئی اس اسم اعظم سے خالی نہیں ہیں۔ اَللّٰهُمَّ میں میم زیادہ کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ بالاحاطہ کل اسماء کی جمع ہے۔ غرض کہ کوئی ایسا نہیں ہے کہ جس میں یہ اسم نہ ہو۔ چنانچہ نماز جو دین کا ستون ہے اس کی خاص تکبیر احرام میں بھی یہی اسم ہے جس کے بغیر بالاجماع نماز نہیں ہو سکتی ایسے ہی اذان اور اقامت اور اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ مطلب یہ کہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر نماز شروع ہوتی ہے اور رَحْمَةُ اللّٰهِ پر ختم ہوتی ہے۔ تو اول و آخر نماز کے یہی اسم ہیں۔

اسم اعظم کا مسمیٰ و مقتضا

اور یہ اسم ان اسماء میں سے ہے جن سے اللہ نے اپنے علم میں اثر لیا ہے۔ میں اس کی مثال بیان کرتا ہوں جس سے تم کو معلوم ہو جائے گا۔ اور وہ یہ کہ انسان بعض دفعہ ایک دوا کا نام جانتا ہے اور اس کی قوت اور منافع سے بھی واقف ہوتا ہے۔ پھر اس کا استعمال کرتا ہے۔ پس یہی ہر چیز علم کا مرتبہ ہے۔ کہ اس کو اس کے موقع پر استعمال کرے۔ پس اسی طرح جب انسان نے ایک لفظ کو معلوم کیا۔ اور اس کی پوری تحقیق کر لی تو یہی حقیقت ہے۔ پھر اس کو استعمال کرے۔ تو ضرور اس کا پھل حاصل ہوگا۔ اور لفظ کی دو حالتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو انسان کی زبان پر جاری کرے اور اس کو معلوم نہ ہو کہ یہی اسم اعظم ہے۔ اور دوسرے یہ کہ وہ شخص واقف ہو۔ یہ بڑا مرتبہ ہے اور اس سے خدا کی رحمت میں زیادہ طمع ہوتی ہے۔ اور وہ بات کہ جس سے بندہ کو کمال حاصل ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس اسم کی حقیقت سے واقف ہو۔ اور اگر واقف نہیں ہے۔ تب بھی اس میں خیر و برکت ضروری ہے۔ اور واقفیت کے اندر بھی درجے ہیں جتنے جس کو نصیب ہوں اس کو سمجھ لو۔ ایک تو وہ شخص ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے واقف کیا۔ اور وہ دعا کرتا ہے۔ اور ایک وہ ہے جو واقف نہیں ہے۔ اور وہ یہی دعا کرتا ہے تو دونوں کیسے برابر ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح سب درجوں کو خیال کر لو۔ اور واقف ہونے کی بات یہ صورت ہے کہ یہ اسم اعظم ہے۔ جیسے کہ یہ اسماء خیر و برکت کے واسطے مشہور ہیں۔ يَا جَلِيْلُ يَا جَوَادُ يَا مَجِيْدُ يَا مَاجِدُ يَا جَامِعُ حرف خاء اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فِيْهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ اسماء الٰہی میں سے ایک اسم خَبِيْرٌ ہے۔ فرماتا ہے وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اور حرف زاء زینت اور زہو پر دلالت کرتا ہے۔ اور فرماتا ہے۔ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ اور فرماتا ہے زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ اور زہو کے معنے درختوں کے پھلوں کے ساتھ زینت حاصل کرنے کے ہیں۔ حرف شین شہادت اور شہید اور مشاہدہ پر جو معائنہ ہے۔ دلالت کرتا ہے

فرماتا ہے۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ اور شہداء کے شان میں فرماتا ہے اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ اور شرب پر دلالت کرتا ہے وَيُشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا پھر فرماتا ہے عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا اور شفا پر فرماتا ہے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے شِفَآءُ اُمَّتِیْ فِیْ ثَلٰثٍ اٰيَةٍ مِّنْ كِتٰبِ اللّٰهِ اَوْ لَعْقَةٍ مِّنْ عَسَلٍ اَوْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ۔ حرف ظاء ظل مَمْدُوْدٍ پر دلالت کرتا ہے اور ظل ممدود ہی ظہور ہے۔ فرماتا ہے عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ اور فرماتا ہے فَاَصْبَحُوْا ظَاهِرِيْنَ اور اسماء الٰہی میں سے اسم ظَاهِرُ پر دلالت کرتا ہے۔ حرف فا، فطرت اور فاکہہ اور فطور پر دلالت کرتا ہے۔ فرماتا ہے فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا اور فرماتا ہے فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور فرماتا ہے هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ اور فرماتا ہے فٰكِهُوْنَ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِیْ ظِلٰلٍ اور فرماتا ہے وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ اور ثا اور را اور جیم۔ یہ حروف بارہ ہیں اور مزاج پانی کا رکھتے ہیں اور قمر کا مزاج ظل ممدود اور جنت خلد کا مزاج ہے۔ اور حرف خا اور شین سرد خشک خاکی اور آبی مزاج رکھتے ہیں اور حرف (صاد) تر ہے اور حرف فا گرم خشک ناری مزاج رکھتا ہے اور اس کے ستارے شمس و قمر ہیں اور ان کے یہ سات نام ہیں۔ پہلا ثَابِتٌ جو بندوں کو ثابت رکھتا ہے اور جَبَّارٌ اور خَبِيْرٌ اور وَلِیٌّ اور ظَاهِرٌ فَرْدٌ اور شَهِيْدٌ اور حرف ثاء فقط اسم بَاعِثٌ اور وَارِثٌ میں ظاہر ہوتی ہے۔ آخر مرتبہ عالم و المعنی میں اور حرف معجمہ میں سوائے ان دو حرفوں ثا اور شین کے تین نقطے والا اور کوئی حرف نہیں ہے کیونکہ شین تو اپنے ماسوا سب کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور ثا سب میں سرایت کئے ہوئے ہے اور خاصیت اس کی محض عالم اجسام سفلیہ ہی پر منحصر ہے اور یہ حرف سرد خشک زمین اور پہاڑ کا مزاج رکھتا ہے۔ اور حرف فا خشک ہے۔ حرف حرارت اس میں تصرف کرتا ہے اور یہ حرارت کے پانچویں درجہ میں ہے اسماء اس کے فَاطِرٌ اور فَالِقٌ ہیں۔ حرف شین سرد ہے اور حرف معجمہ میں کوئی حرف ایسا نہیں ہے جس میں تین علامتیں اور تین شکلیں ہوں۔ سوائے شین کے اور شین ہی ذات رتبہ احاد اور عشرات کی جمع ہے۔ اور شین ہی شَهِدَ اللّٰهُ میں رکھا گیا ہے جس میں تین شہادتیں نکلی ہیں۔ شہادت ملائکہ اور شہادت اولی العلم اور شہادت من سوے اولی العلم۔

گراں قدر انوار کل انوار توحید عرش میں مجتمع ہیں۔ جس کا بیان حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ کہ جب کوئی شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتا ہے تو یہ کلمہ عرش پر جاتا ہے: اور عرش اس سے ہلتا ہے۔ اللہ تعالےٰ عرش سے فرماتا ہے کہ ٹھہر جا وہ عرض کرتا ہے کہ اس کلمہ کے کہنے والے کو بخش دے اور وجہ اس کی یہ ہے۔ کہ چونکہ خداوند تعالیٰ جانتا تھا کہ وہ بندوں کے تصور میں نہیں آ سکتا۔ اور نہ ان کی عقلوں میں مکیف ہو سکتا ہے۔ اس واسطے اس نے بندوں کے لئے ایک مخلوق (یعنے عرش) پیدا کی اور اپنی ذات کی طرف اسکو منسوب کیا۔ اور فرمایا۔ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ط پس عرش ایسا ہے

جیسے کہ بادشاہوں کے ہاں دربان ہوتے ہیں۔ جو بادشاہ تک پہنچنے کے مانع مگر وجود بادشاہ اور اس کی عزت اور سلطنت کی دلیل ہوتے ہیں۔ کیا تم کو معلوم نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ایک کتاب لکھ کر عرش پر رکھ لی ہے جس میں یہ لکھا تھا کہ میری رحمت میرے عذاب پر سبقت کر گئی ہے۔ اور حضورؐ نے فرمایا ہے کہ سعد بن معاذ انصاری کی موت سے عرش ہل گیا۔ پس یہ فرد واحد (یعنے اللہ تعالیٰ) کے عرش پر استقامت کی ظاہر دلیل ہے تاکہ معلوم ہو جائے۔ کہ عرش پر آثار قدرت عدم سے ظاہر ہوتے ہیں اور یہی سبب ہے کہ شین عرش کا آخری حرف ہے۔ اور یہ توحید عوالم مفردہ سے ہے اور چونکہ عرش کی ترتیب ہر عرش کے واسطے مرتب ہے۔ اسی سبب سے شین عرش الحروف ہے اور یہ اس کی بلندی مرتبہ کا سبب ہے۔ حروف میں کوئی حروف ایسا نہیں جو ان کے عروش کو کامل کردے۔ سواء حرف الف کے کیونکہ یہی درخت حروف کی جڑ ہے۔ اور شین کی طرف سب حروف کی انتہا ہے۔ اب جو حرف شین کے بعد ہیں۔ وہ اسی کے باطن سے نکلے ہیں۔ ایسے ہی الف سے پہلے جو ہوگا وہ اسی میں سے ہوگا۔

اسرار حرف شین

شکل شین مثل الف کے ہے اس لئے ان میں بہت عمدہ مناسبت شکلی ہے شین میں بھی تین حرف ہیں۔ ش ی ن۔ اور الف میں بھی تین حرف ہیں۔ ا ل ف۔ اور اگرچہ شین کے علاوہ اور حرف بھی تین حرف سے مرکب ہیں۔ مگر ان کا عرش شین کے عرش جیسا نہیں ہے کیونکہ کوئی حرف ایسی پوری مناسبت نہیں رکھتا۔ اور قول شہد اللہ میں اشارہ ہے رسوخ توحید اور عدم وجود دارین اور عالمین کی طرف۔ حرف شین عرش الف کی کرسی ہے۔ کیونکہ ہر لطیف عرش ہے اور ہر کثیف کرسی ہے۔ اور کرسی عرش کی حامل ہوتی ہے۔ کیونکہ تم دیکھتے ہو کہ حرف میم عرش شین کی کرسی ہے۔ اور در حقیقت بات یہ ہے کہ ہر لطیف کثیف کے ساتھ قائم ہوتا ہے۔ اور یہی سبب ہے۔ کہ حرف الف سب سے زیادہ ہلکا اور لطیف ہے۔ بسبب عدم تشبیہ کے اور احاد حرفیہ میں اس کی تشبیہ ہے اور نہ اس کے بغیر سے انتہا اس کی معلوم ہو سکتی ہے۔ پس یہ اولیت اور آخریت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کیونکہ عالم کرسی عالم عرش سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے تم جانتے ہو کہ کرسی محل صُوَر ہے اور عرش انوار ہے جو تمام عالم میں پہنچے ہیں۔ جو شخص حرف شین میں تامل کرے گا۔ وہ اس کے حقائق و عجائب سے واقف ہوگا۔ اور تصریف حروف کے اسرار مشاہدہ کرے گا۔ اور چونکہ حرف شین آخر مرتبہ عرش علی الجملہ ہے۔ اس لئے علی التفصیل بھی آخر مرتبہ ہے۔ اس طرح شین آخر حرف اس کا نون ہے اور وہ مچھلی ہے جس کی پشت پر دنیا قائم ہے۔ نون شین سے مدد لیتی ہے۔ اور تمام عالم نون سے مدد لیتا ہے اور ایسے ہی شُرُوح بھی نون سے مدد لیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ن وَالقلم وما یسطرون بس قلم باطن نون سے مدد لیتا ہے۔ جو اس امر کا ظاہر ہے۔ جس کا کاف باطن ہے (یعنی لفظ کن) اور جو سر مکتوم پر دلالت کرتا ہے اور وہی شین کا راز ہے۔ حرف شین کو جو شخص ایک مرتبہ اپنی حاجت کے مناسب روز میں یعنے اگر خیر کی حاجت ہے تو خیر کے روز میں اور اگر شر کی حاجت ہے۔ تو شر کے روز کی پہلی ساعت میں

لکھے مطلب پورا ہوگا۔ بعض ایّام شر کے واسطے ہیں۔ جیسے ہفتہ اور منگل۔ اور بعض خیر کے واسطے ہیں۔ جیسے جمعرات اور جمعہ۔

حروف شین کے اسرار عالم جسمانی بلکہ گنتی سے باہر ہیں جس کے اعضاء میں درد ہو یا عورت کو درد زہ ہو۔ تو اس کو لکھ کر باندھیں آرام ہوگا۔ اور کسی کو ضرر پہنچانے کی اس میں بہت بڑی خاصیت ہے۔ دیکھو اسم یَا شَدِیْدُ میں یہ حرف واقع ہے۔ اور یہ اسم کیا خاصیت رکھتا ہے۔ جو شخص اس حرف کے رتبہ اور اس کی طبعی سے مجملاً یعنی شین اور تفصیلاً یعنی ش ی ن۔ اور ان کے طبائع اور نسبت عددی سے واقف ہوا اور وہ اسرار کا مشاہدہ کرے گا۔ اور حال انفعال و تصریف سے واقف ہوگا۔ عرش کا ع علاء سے مدد لیتا ہے۔ جس کے اوپر بلندی نہیں ہے۔ اور ر آم رحمت سے جس کے اوپر نہ کوئی رحمت ہے۔ نہ اس کے سوا مرحوم ہے اور شین شہادت سے جس کے اوپر نہ شہادت ہے نہ اس کے سوا مشہود ہے۔ پس دیکھو کس طرح تم شہادت کو شاہد اور مشہود پاتے ہو اور رحمت کو مرحوم اور راحم اور عزت اللہ و رسول اور مومنوں ہی کے واسطے ہے۔ خدا کی عزت اس کا دوام بقا اور قدم ہے اور انبیاء کی عزت وجود رسالت ہے اور مومنوں کی عزت وجود ایمان ہے۔ پس یہ مراتب حرف شین کے ہیں۔ اسم شہید۔

قبولیت دعا بذریعہ اسم شہید قول اول کے موافق یہ ساتوں حرف عذاب کے ہیں۔ اور عذاب ہی کے واسطے ان کو لکھنا چاہیئے۔ حرف شین سے شروع کرو۔ ایام کی ترتیب سے اور ان کے حروف کی اور اس کے برعکس کرنے سے برعکس مطلب ہوتا ہے اور اس طرح دعا کرو۔ الاما انتم من فلاں۔

اور جو عذاب اس کو کرنا چاہتے ہو۔ اس کا نام لو حروف لکھنے کے بعد اور دن اور حاجت کے بعد یہ الفاظ کہو۔ بحق هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ یَا شَدِیْدُ یَا عَزِیْزُ یَا وَاحِدُ یَا ظَاهِرُ یَا وَارِثُ یَا جَبَّارُ یَا وَارِثُ یَا قَاهِرُ اَللّٰهُمَّ یَا شَدِیْدُ یَآ اَحَدُ بَعْدَ فَنَآءِ خَلْقِهٖ عَلَی الْاَمْرِ الَّذِیْ اَرَدْتَ وَالْقُدْرَةِ الَّتِیْ قَدَّرْتَ لَا اِتِّصَالَ بِوُجُوْدِهٖ وَلَا انْتِهَآءَ لَهٗ یَا مَنْ لَّا یُدَانِیْهِ اِلَّا رُتْبَتُهٗ وَلَا انْقِطَاعَ لَهٗ یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰهُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ اِنَّ الْخِزْیَ الْیَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَی الْكٰفِرِیْنَ یَا شَدِیْدَ الْعِقَابِ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ وَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَهُمْ فِیْهَا زَفِیْرٌ وَّشَهِیْقٌ اِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِیْمِ كَالْمُهْلِ یَغْلِیْ فِی الْبُطُوْنِ كَغَلْیِ الْحَمِیْمِ یَا عَزِیْزُ یَا غَالِبُ یَا مَنْ لَآ

[1] اے اللہ اے قوت والے اے تنہا رہنے والے بعد فنا مخلوق اپنی کے اوپر اس امر کے جو ارادہ کیا۔ اور اس قدرت کے جو مقدر کی۔ اے وہ ذات جس کے وجود کے واسطے نہ اتصال ہے نہ انتہا۔ اے وہ ذات جس کے لائق اسی کا مرتبہ ہے۔ اور نہیں ہے انقطاع اس کے واسطے جس کہ نہ ذلیل کریگا۔ اللہ نبی کو اور ان لوگوں کو جو نبی کے ساتھ ایمان لائے۔ بیشک ذلت اس دن کی اور برائی کافروں پر ہوگی اے سخت عذاب والے۔ بیشک تیرے رب کا پکڑنا بہت سخت ہے۔ بیشک کہ جو لوگ بد بخت ہوئے پس جہنم میں ہوں گے۔ اور ان کے لئے بھیانک آوازیں ہوں گی۔ زقوم کا درخت گناہ گار کا کھانا ہے مثل گرم پانی کے پیٹ میں جوش مارے گا اے عزت والے اے غالب اے وہ جس کی

مِثْلَ لَهُ وَالْحَوَائِجُ كُلُّهَا لَدَيْهِ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْمُطْلَقُ الْأَزَلِيُّ لَا يُوَازِنُكَ فِي عِزِّكَ يَا ظَاهِرَ الْقُدْرَةِ يَا مَنْ قَالَ وَهُوَ
أَصْدَقُ الْقَائِلِينَ كَلَّا إِنَّهَا لَظَىٰ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ لَا ظَلِيلٍ وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ يَا وَارِثُ أَنْتَ الَّذِي يَرْجِعُ إِلَيْكَ
الْأَمْرُ كُلُّهُ يَا مَنْ يُفْنِي الْأَكْوَانَ وَمَنْ فِيهَا وَيُنَادِي لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ كُلَّ مَنْ لَهُ دَعْوَةٌ مِنْ
أَمْرٍ ظَاهِرٍ أَوْ بَاطِنٍ قَلَّ أَوْ كَثُرَ يَرْجِعُ إِلَيْكَ اللَّهُمَّ أَنْزِلْ بِفُلَانٍ الثُّبُورَ وَالْوَيْلَ وَالْعَذَابَ وَالْاِنْتِقَامَ لَا
تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُورًا وَاحِدًا وَادْعُوا ثُبُورًا كَثِيرًا يَا جَبَّارُ أَنْتَ الَّذِي حُكْمُكَ مَاضٍ عَلَىٰ طَرِيقِ الْجَبْرِ
وَعَلَىٰ لَا يَدْفَعُهُ حَذَرُ حَاذِرٍ وَأَنْتَ الَّذِي رَبَطْتَ الْقُوَى النَّفْسَانِيَّةَ وَالْقُوَى الْقَلْبِيَّةَ فِي كَثَائِفِ الْأَجْسَامِ
لَا يَجِبُ ذٰلِكَ إِلَّا عَلَى الَّذِي نَزَّهَهُ فِي خَلْقِكَ وَجَعَلَهُمْ بِصَنْعَةِ هُوِيَّتِكَ وَمَظْهَرًا لِقَهْرِيَّتِكَ وَصِفَةً لِأَزَلِيَّتِكَ فَإِنَّكَ أَنْتَ
ذُو الْقُدْرَةِ وَالْجَبَرُوتِ وَالْعِزَّةِ وَالرَّهْبَةِ وَبِحَقِّ مَلَكُوتِكَ الَّذِي اخْتَرْتَهُ بِعَيْنِ تَقْدِيرِكَ وَأَحْكَامِ إِلٰهِيَّتِكَ وَأَنْوَارِ
مُخْزَنَاتِكَ لَا يَعْلَمُهُ غَيْرُكَ تَعَالَىٰ شَانُكَ وَعَظُمَ سُلْطَانُكَ فَكُلُّ حَرَكَةٍ فِي عَالَمِ الْمُلْكِ
وَالْمَلَكُوتِ وَالْجَبَرُوتِ وَقَدْ أَعَانَ بِهَا مَعْنَىٰ اسْمِكَ الْجَبَّارِ بِحَقِّ مَا اخْتَرْتَ بِحَبْرِ التَّدْبِيرِ
الْأَزَلِيِّ الْجَلِيلِ الْمُتَعَالِ يَا مَنْ خَيْرُ الْعَالَمِ الْآتِ إِنِّي بِحَرَكَةٍ مَا فِيهِ مِنْ سِرِّ الْحَيَاتِ...
الْمَخْلُوطَةِ بِالرُّوحِ بِأَزِمَّةِ الْمَقَادِيرِ وَظُهُورِ الْحِكْمَةِ أَظْهِرْ فِي فُلَانٍ مِنْ شِدَّةِ...
جَبَرُوتِكَ وَقَهْرِكَ مَا تَسْكُنُ بِهِ حَوَاسُّهُ عِنْدَ مُصَادَمَتِي وَتَخْمُدُ دَعَائِمُهُ

مثل نہیں ہے۔ اور کل حاجتیں اس کے پاس ہیں تو وہی غالب مطلق ازلی ہے تیری عزت کے سوائے تیرے کوئی موازنہ نہیں ہو سکتا۔ اے ظاہر
قدرت کے اے وہ جس نے فرمایا ہے۔ اور بڑا سچا ہے بیشک جہنم البتہ شعلہ مارنے والی ہے اور سر کی کھال کھینچنے والی ہے نہ سایہ دار ہے۔ اور
شعلوں سے بچا سکتی ہے اے وارث تو ہی وہ ذات ہے کہ کل کام تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اے وہ جو تمام عالم کو فنا کر کے کہے گا کہ آج
کے دن کس کی سلطنت ہے پھر آپ ہی فرمائے گا۔ اللہ کی جو یکتا اور زبردست ہے جو کوئی کسی ظاہری یا باطنی کام کی تھوڑی یا بہت حاجت
رکھتا ہے تیری طرف رجوع کرتا ہے اے اللہ فلاں شخص پر ہلاکت اور ویل اور عذاب نازل کر اور انتقام لے آج کے دن ایک ہلاکت
کو نہ پکارو۔ بلکہ بہت سی ہلاکتوں کو پکارو اے جبار تو ہی وہ ذات ہے کہ تیرا حکم جبر کے طریق چلنے والا ہے۔ اور کسی حذر کرنے والے کا حذر
اس کو دفع نہیں کر سکتا۔ تو ہی وہ ذات ہے جس نے جسم کی کثافتوں میں قوائے نفسانی اور قوت قلبی کو ملایا ہے۔ نہیں واجب ہے۔ یہ مگر
اس پر جس نے تیری تنزیہ کی اور تو نے ان کو اپنی ہویت کے واسطے بضعہ اور اپنی قہریت کے واسطے مظہر اور اپنی ازلیت کی صفت بنایا
ہے بیشک تو قدرت اور جبروت اور رہیبت والا ہے۔ بطفیل اپنے اس ملکوت کے جس کو تو نے اختیار کیا ہے ساتھ عین تقدیر اپنی
کے اور احکام الہیت اپنے کے اور انوار مخزنات اپنے کے نہیں جانتا ہے سوا تیرے نشان تیری اور نہ عظمت بادشاہی تیری کی۔ پس
عالم ملک و ملکوت اور جبروت میں جو حرکت ہے اس کی امداد تیرے اسم جبار کے معنے نے کی۔ بطفیل اس کے جو تو نے خبر تدبیر سے اختیار کیا
فلاں شخص میں اپنی شدت جبروت ظاہر کر اور اپنا قہر جس سے اس کے حواس میرے مقابلہ کے وقت خاموش ہو جائیں (باقی بر صفحہ آئندہ)

عِنْدَ وُجُوْدِیْ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْاَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ وَقُدِّرَتْ بِهَا الْاَكْوَانُ الْعُلْوِيَّةُ وَالسِّفْلِيَّةُ وَبِحَقِّ الْكَلِمَةِ الْاُوْلٰى الَّتِیْ فَطَرْتَ بِهَا الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ بِقَوْلِكَ الْحَقِّ ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَاۤ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ اِفْعَلْ لِیْ كَذَا وَكَذَا جو مطلب ہو اس کو ذکر کرے۔

۱۰۔ اسرار خواص ودعوات سورہ فاتحہ

جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو۔ اس کو چاہیئے کہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے حاجت پوری ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ رَبِّ اَسْاَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ فَتَحْتَ بِهٖ عَالَمَ الْاَمْرِ وَالْخَلْقِ بِسِرِّ التَّجَلِّی الْمُظْهِرِ بِسَبَبِ التَّنْزِيْلِ وَالْمُتَعَالِیْ اَمْرًا وَّوُجُوْدًا وَّبُطُوْنًا وَّمَعْقُوْلًا ذٰلِكَ حِسًّا لِمَنْ اَبْدَتَ بَلْ مَعْلُوْمًا لِمَنْ اَشْهَدْتَ مَجْهُوْلًا لِمَنْ شِئْتَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ لَا تَنْقُدُ وَحْدَةٌ مَّا اَحْكَمْتَ مِنَ الْحِكْمَةِ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا فَتَّاحُ يَا رَبِّ اَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّ الْاِضَافَةِ الرَّابِطَةِ بَيْنَ حَضْرَةِ الْوُجُوْدِ وَالْاِمْكَانِ الْمُقْتَضِيَةِ لِظُهُوْرِ النَّعْتِ الْاَعْظَمِ وَالسِّرِّ الْمُبِیْ بِثُبُوْتِ الْاِلٰهِيَّاتِ عُمُوْمًا وَّخُصُوْصًا بَدْاً وَّعَوْدًا عَنْ سِعَةِ عُلُوْمِ الرُّوْحَانِيَّةِ الَّتِیْ لَا تَتَنَاهٰى اسْتِقْرَارًا وَّثُبُوْتًا عَنْ فَيْضِ خَاصِ الرَّحِيْمِيَّةِ الَّتِیْ لَا تَتَنَاهٰى الْوَاقِعَةِ بِشُهُوْدِ الْبَيَانِ الْمُقْتَرِبِ بِالْقُرْبِ الْمَجْهُوْلِ الْمَاهِيَّةِ

(بقیہ صفحہ سابقہ) اور اس کی روحانیت میرے سامنے ٹھنڈی ہو جائے بیشک جہنم ان سب کا وعدہ گاہ ہے اور بیشک جہنم کے واسطے ہم نے بہت سے جن وانس پیدا کئے ہیں۔ اے آسمان وزمین کے پیدا کرنیوالے میں تجھ سے تیری اس قدرت کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس سے تو نے عالم علوی اور سفلی کو بنایا ہے اور بطفیل اس پہلے کلمہ کے جس سے تو نے زمین و آسمان کو اپنے قول حق کے ساتھ پیدا کیا۔ پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا۔ حالانکہ اس وقت وہ دھواں تھا پس اس سے اور زمین سے فرمایا کہ تم دونوں خوشی سے یا زبردستی سے آجاؤ۔ ان دونوں نے کہا کہ ہم خوشی سے حاضر ہیں۔ میرے واسطے ایسا اور ایسا کر اے رب میں تجھ سے بذریعہ اس اسم کے ساتھ سوال کرتا ہوں جس سے تو نے عالم خلق و امر کو مفتوح کیا ہے۔ ساتھ راز تجلّی کے واسطے حق کے جو ظاہر کرنے والی ہے واسطے بسبب تنزیل کے اور بلند ہے امر اور وجود اور بطون میں اور یہ معقول ہے از روئے حس کے واسطے اس کے جس کی تو نے ابد کرے۔ بلکہ معلوم ہے اس کے لئے جس کو تو موجود کردے اور اس کے متشابہ ہیں۔ اس کے واسطے جس کو تو چاہے۔ جس حکمت کو تو نے محکم کیا ہے۔ اس کی وحدت میں قدح نہیں ہو سکتا۔ اے علیم اے حلیم اے فتاح اے رب میں تجھ سے اے اللہ سر اضافت کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو رابطہ ہے درمیان حضرت وجود اور امکان کے اور مقتضی ہے واسطے ظہور نعت اعظم کے اور سر مبیں کے ساتھ ثبوت الہیات کے عموماً خصوصاً بدا و عودا ان علوم روحانیت کی گنجائش سے منتہی نہیں ہوتے ہیں۔ استقرار اور ثبوت میں فیض خاص رحیمیہ سے جو منتہی نہیں ہوتی ہے واقع ہے ساتھ شہود بیان کے اور قربت حاصل کرنے والی ہے ساتھ قرب مجہول الماہیۃ کے (باقی بر صفحہ آئندہ)

يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا فَتَّاحُ اَسْأَلُكَ التَّنْوِيْرَ وَالتَّيْسِيْرَ وَالْمَعُوْنَةَ وَالتَّقْدِيْرَ وَالْحِفْظَ وَالْفَوْزَ وَالرِّعَايَةَ وَالسَّتْرَ وَ
التَّكْمِيْلَ وَطِيْبَ الرِّزْقِ وَالْبَرَكَةَ وَالرَّجَا وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ وَالْيَاْسَ مِنْ غَيْرِكَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
تَكُوْنُ بِاَمْرِكَ وَنَكُوْنُ بِوُجُوْدِكَ وَبَرَكَةٍ مِّنْكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ بِكَ اٰمَنَّا وَلَكَ سَلَّمْنَا
وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا حَقِّقْنَا اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ يَا مَالِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ وَنَوِّرْ بَصَائِرَنَا بِنُوْرِكَ يَا بُرْهَانُ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ
لَا هَادِيَ غَيْرُكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَغْنِنَا بِكَ عَنْ غَيْرِكَ يَا غَنِيُّ يَا مُغْنِيُّ يَا اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ہ شُهُوْدُ ذَاتِكَ يَا
رَحْمٰنُ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ہ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ہ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ
اللّٰهُ فِيْ حَقَائِقِ مَحْضِ التَّخْصِيْصِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مِّنَ الْاَحْوَالِ الْجَدِيْدِ
التَّعْدِيْلِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمُقَدَّسُ بِخَصَائِصِ الْاَحَدِيَّةِ وَالصَّمَدِيَّةِ عَنِ الضِّدِّ وَالنِّدِّ وَالنَّقِيْضِ
وَالنَّظِيْرِ وَالظَّهِيْرِ وَبِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اَسْأَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اَسْأَلُكَ اَنْ تُنْعِمَ عَلَيَّ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ وَمَا يَكُوْنُ لِيْ فِيْهِ مِنْ خَيْرِ
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مَحْفُوْظًا بِالرِّعَايَةِ مِنَ الْاٰفَاتِ بِخَصَائِصِ الْعِنَايَاتِ يَا عَوَّادُ بِالْخَيْرَاتِ

اے رحمٰن اے رحیم اے فتاح مانگتا ہوں میں تجھ سے روشنی اور آسانی اور مدد اور قوت اور حفاظت اور کامیابی اور پردہ پوشی اور رعایت اور تکمیل اور عمدہ رزق اور برکت اور امید اور نیک گمانی تیرے ساتھ اور ناامیدی تیرے غیر سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تیرے ہی حکم سے ہوتی ہے اور ہوتی ہے تیرے وجود سے اور برکت تجھ سے برکت والا ہے نام تیرا اور بلند ہے رتبہ تیرا اور نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے۔ تیرے ہی ساتھ ایمان لائے۔ ہم اور تیرے واسطے تسلیم کی ہم نے اور تیرے اوپر بھروسہ کیا ہم نے۔ تحقیق دے ہم کو اے اللہ ساتھ نور اپنے کے اے مالک روز جزا کے اور روشن کر ہمارے دیدہ دل کو اپنے نور سے اے برہان اے نور کے نور اے ہدایت کرنے والے گمراہوں کے۔ تیرے سوا کوئی ہادی نہیں ہے۔ الحمد للہ رب العالمین غنی کر ہم کو اپنے غیر سے اے غنی اے مغنی اے اللہ اے الرحمٰن الرحیم گواہی ہے تیری ذات کی اے رحمٰن اسلام ہے قول رب رحیم سے مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بایں طور کہ تو ہی اللہ ہے بیچ حقائق محض تخصیص کے اور بایں طور کہ تو ہی اللہ ہے ہر حال میں حالوں جدا اور تعدیل سے اور بایں طور کہ تو اللہ مقدس ہے ساتھ خصائص احدیت اور صمدیت کے ضد اور ند اور نقیض اور نظیر اور مددگار سے اور بایں طور کہ تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے مثل کوئی چیز نہیں ہے اور تو ہی سننے اور دیکھنے والا ہے۔ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ ہمارے حضورؐ پر اور ان کی آل و اصحاب پر درود بھیج اور میری یہ حاجت پوری کر دے۔ بحق اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم مانگتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ انعام کر تو مجھ پر ساتھ قضا حاجت میری کے۔ اور جس میرے واسطے دین و دنیا کی بھلائی ہو۔ رعایت کے ساتھ محفوظ ہو۔ آفات سے خاص عنایت کے ساتھ اے لانے والے بھلائیوں کے اے وہ ذات

يَا مَنْ هُوَ فِي الْحَقِيْقَةِ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاجْعَلْنَا مِنْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَلَا عَنْ وَجْهِكَ اٰيِسِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

(اور یہ دوسری دعا ہے) اس کو بہت بڑے سخت کاموں کے وقت پڑھنا چاہیئے۔ اور وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَمْدًا يَّفُوْقُ حَمْدَ الْحَامِدِيْنَ رَبِّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ حَمْدًا يَّكُوْنُ لِيْ رِضًا وَّحِفْظًا عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الَّذِيْ وَحَّى الْاَقَالِيْمَ وَاخْتَارَ مُوْسَى الْكَلِيْمَ مُحْيِ الْعِظَامِ وَهِيَ رَمِيْمٌ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَهُمَا اِسْمَانِ شَرِيْفَانِ وَدَوَاءٌ لِّكُلِّ سَقِيْمٍ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ الَّذِيْ لَيْسَ لَهٗ فِي الْمُلْكِ مُنَازِعٌ وَّلَا قَرِيْنٌ وَّلَا وَزِيْرٌ وَّلَا مُشِيْرٌ بَلْ كَانَ قَبْلَ وُجُوْدِ الْعَالَمِ وَالْعَوَالِمِ اَجْمَعِيْنَ اَنْتَ اِحَاطَتِيْ وَعُدَّتِيْ مِنْ جَمِيْعِ الشَّيَاطِيْنِ وَعَوْنِيْ عَلَى الْاَبْعَدِيْنَ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَوُجْهَتِيْ عَلَى الْاَجْنَاسِ الْمُخْتَلِفِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ بِالْاِقْرَارِ وَتَخَجُّلٍ مِّنَ الذُّنُوْبِ وَالْخَطَايَا وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ الذُّنُوْبِ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا نِدَّ لَهٗ وَلَا شَبِيْهَ لَهٗ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ عَلٰى كُلِّ اِجَابَةٍ وَّاَمْرٍ مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِنَ

کہ وہ در حقیقت اہل تقوےٰ اور اہل مغفرت ہے۔ اے مت کر تو ہم کو اہل ذلت سے زندگانی دنیا میں اور کر ہم کو ان لوگوں میں سے جن پر نہ غصہ کیا گیا ہے اور نہ وہ گمراہ ہیں۔ آمین۔ اے اللہ نہ کر تو ہم کو گمراہ اور نہ گمراہ کرنے والے۔ اور نہ تیرے دروازے سے دور کئے گئے۔ اور نہ تیری ذات سے ناامید اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین اور خدا ہمارے حضور پر اور انکی آل پر درود سلام نازل کرے۔

حمد ہے خدا کے لئے وہ حمد جو کل حمد کرنے والوں کی حمد پر فوق رکھتی ہے وہ رب ہے اولین و آخرین کا ایسی حمد جو میرے واسطے اور حفاظت ہو نزدیک رب العالمین کے الرحمٰن الرحیم جس نے اقلیموں کو بچھایا اور موسیٰ کلیم اللہ کو برگزیدہ کیا۔ زندہ کرنے والا ہے ہڈیوں کا جب کہ وہ ریزہ ریزہ ہو گئی ہوں گی۔ رحمٰن و رحیم دو بزرگ نام ہیں۔ ان میں ہر ایک بیماری کی دوا ہے مالک یوم الدین وہ مالک جس کے ملک میں کوئی اس کا مخالف نہیں ہے اور نہ کوئی دوست ہے نہ وزیر ہے نہ مشیر بلکہ تھا وہ پہلے وجود عالم کے اور سب عالموں کے تو ہی میری حفاظت اور میرا احاطہ ہے شیاطین سے۔ اور تو ہی میرا مددگار ہے قریب و بعید پر اور تو میری ۔ت توجہ ہے اجناس مختلفہ پر تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ ہم ساتھ اقرار کے اور خجل ہیں ہم گناہوں سے اور خطاؤں سے۔ اور توبہ کرتے ہیں تیری طرف گناہوں سے اور گواہی دیتے ہیں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اکیلا ہے بغیر شریک کے جلال اور بزرگی والا۔ اور گواہی دیتا ہوں میں کہ ہمارے سردار حضرت محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں اور تجھ ہی سے ہر اجابت اور ہر دینی اور دنیوی کام پر مدد مانگتے ہیں۔ اے گمراہوں کے ہدایت کرنے والے ہدایت کر ہم کو سیدھے راستہ کی۔ ان لوگوں کے راستہ کی جن پر تو نے انعام کیا (باقی بر صفحہ آئندہ)

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ
الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ خَالِقِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ بَاعِثِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ
بِالْحَقِّ قَادِرٌ قَاهِرٌ جَلِيْلٌ مُغْنِي الرَّحِيْمُ رَبٌّ وَّاحِدٌ فِي الْعٰلَمِيْنَ الْمَعْبُوْدُ فِيْ كُلِّ مَكَانِ الْمُوَحَّدُ بِكُلِّ
لِسَانِ الْفَاضِلُ الْقَدِيْمُ الْمُتْقِنُ لِمَا صَنَعَ الْقَاهِرُ لِخَلْقِهٖ اَجْمَعِيْنَ قُدُّوْسُ الَّذِيْ ذَلَّتْ لَهُ الرِّقَابُ وَ
خَضَعَتْ لَهُ الشُّمُّ الشَّامِخَاتُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَامُقَدِّمُ
يَامُؤَخِّرُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَاوَالِيْ يَا مُتَعَالِيْ يَا بَرُّ يَا تَوَّابُ يَا مُنْتَقِمُ يَا عَفُوُّ يَا رَؤُوْفُ يَامَالِكَ
الْمُلْكِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ قَآئِمٌ قَيُّوْمٌ دَآئِمٌ دَيْمُوْمُ الْاَبَدِ كُوْ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ يَا حَيُّ
يَا قَيُّوْمُ ٣ اَنْتَ تَرَانِيْ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَضَرُّعِيْ وَشَكْوَايَ اَنْتَ مَقْصِدِيْ وَسُؤَالِيْ وَرَجَآئِيْ وَاَنَا
الْمُحْتَاجُ اِلَيْكَ وَاَنْتَ عَالِمُ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى وَلَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ اَنْتَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ٣ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَدِيْنًا قِيَمًا وَّيَقِيْنًا صَادِقًا وَّحِكْمَةً بَالِغَةً يَاقَيُّوْمُ يَانُوْرُ اَسْاَلُكَ
كَشْفَ حِجَابِ الْغَيْبِ بِمَا فِيْهِ حَتّٰى اُشَاهِدَ الرُّوْحَ الْبَاقِيْ اهـ ٣ اَنْتَ يَاقَيُّوْمُ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اَنْ تَكْشِفَ لِيْ عَنْ اَسْرَارِ اَسْمَآئِكَ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ بِالطَّاعَةِ وَقَلْبِيْ لَكَ بِالْعِبَادَةِ
وَاَنْ تَرْزُقَنِيْ اَنْوَارَ هٰذِهٖ اٰيٰتِكَ وَمَعْرِفَةَ اَسْرَارِكَ حَتّٰى اَكُوْنَ مُبْتَهِجًا بِبَاهِرِ مَا يَظْهَرُ مِنْ

نبیوں صدیقوں ۔ شہیدوں اور نیکوں سے نہ ان لوگوں کی جن پر غصہ کیا گیا اور نہ ان لوگوں کی جو گمراہ ہیں ۔ ایسا ہی کیجیو ۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے پہلوں کا اور پچھلوں کا پیدا کرنے والا ہے اس کا جو آسمان و زمین میں ہے بھیجنے والا ہے نبیوں اور رسولوں کا اور مومنوں کا ساتھ حق کے ۔ قادر ہے ۔ قاہر ہے ۔ جلیل ہے مغنی ہے ۔ رحیم ہے رب ہے ۔ یکتا ہے ۔ تمام عالموں میں معبود ہے ۔ بیچ ہر مکان کے توحید کیا گیا ہے بیچ ہر زبان کے ۔ فضیلت والا ہے ۔ قدیم ہے مضبوط کرنے والا ہے اس کو جو بنایا اس نے ۔ قہر کرنے والا ہے اپنی تمام مخلوق پر ۔ ایسا پاک ہے جس کے واسطے گردنیں جھک گئیں ۔ اور اونچے بلند ہونے والے اس کے آگے — ہو گئے اور ذلیل ہوئے چہرے واسطے زندہ قائم کے ۔ اور نقصان والا ہوا وہ جس نے ظلم اٹھایا ۔ اے زندہ اے قائم اے مقدم اے مؤخر اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے والی اے متعالی ۔ اے نیکی کی توفیق دینے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے انتقام لینے والے اے معاف کرنے والے اے مہربان اے مالک اے جلال و بزرگی والے ۔ قائم قیوم ۔ دایم دیوم ہمیشہ ذکر الٰہی کے ساتھ دل مطمئن ہوتے ہیں ۔ اے زندہ اے قائم تو مجھے دیکھتا ہے اور میرا سنتا ہے اور میری عجز و زاری اور شکایت کو ۔ تو میرا مقصد ہے اور سوال ہے اور امید ہے اور میں محتاج ہوں تیری طرف اور تو جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا ۔ اور زمین و آسمان میں کوئی چیز تجھ پر پوشیدہ نہیں ہے تو ہے رب عرش عظیم کا مانگتا ہوں میں تجھ سے علم نافع اور دین قائم اور یقین سچا اور حکمت بالغہ اے قیوم اے نور مانگتا ہوں میں تجھ سے کھلنا حجاب غیب کا مع اس کے جو اس کے اندر ہے یہاں تک کہ مشاہدہ کروں میں روح باقی کا ۔ تو اے قیوم اے نور آسمان و زمین (باقی بر صفحہ آئندہ)

مِنْ لُطْفِكَ يَا لَطِيْفَ اللَّطِيْفِ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔ اس دعا کو پڑھ کر جو دینی یا دنیاوی حاجت مانگے پوری ہوگی۔

(اور یہ دعا دوسری ہے) ایک مکان میں خلوت کے ساتھ ہر نماز کے بعد پانچوں وقت با طہارت اٹھارہ مرتبہ چودہ روز تک پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ بَصَآئِرِ الْعَارِفِيْنَ بِأَنْوَارِ الْمَعْرِفَةِ وَالْيَقِيْنِ وَجَاذِبِ سَآئِرِ الْمُحَقِّقِيْنَ بِجَذَبَاتِ الْقُرْبِ وَالتَّمْكِيْنِ وَفَاتِحِ أَقْفَالِ قُلُوْبِ الْمُوَحِّدِيْنَ بِمَفَاتِيْحِ التَّوْحِيْدِ وَجَاذِبِهَا بِجَذَبَاتِ الْقُرْبِ وَالْفَتْحِ الْمُبِيْنِ الَّذِيْ أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَكِيْمِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الْأَزَلِيِّ الْقَدِيْمِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ الَّذِيْ كَتَبَ اٰيٰتِ التَّوْحِيْدِ بِأَقْلَامِ الْقُدْرَةِ فِيْ صُدُوْرِ أَهْلِ التَّعْلِيْمِ وَرَقّٰى صُدُوْرَ أَهْلِ الْهِدَايَةِ فِيْ طُرُقِ سِرِّ أَهْلِ الْمَعْرِفَةِ لِأَهْلِ الْوِلَايَةِ وَنَاهِيْكَ بِأَهْلِ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ خَاطَبَ مُوْسَى الْكَلِيْمَ بِكَلَامِ التَّكْرِيْمِ وَشَرَّفَ نَبِيَّهُ الْكَرِيْمَ بِقَوْلِهٖ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ۔ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ قَاصِمِ الْجَبَابِرَةِ وَالْمُتَمَرِّدِيْنَ وَمُبِيْدِ الطُّغَاةِ وَالْمُعْتَدِيْنَ وَقَامِعِ رُءُوْسِ الْفَرَاعِنَةِ وَأَهْلِ الْبِدَعِ وَالْمُلْحِدِيْنَ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ يَا مَنْ زَيَّنَ الْكَائِنَاتِ...

کے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے یہ کہ ہمارے حضور پر درود سلام نازل کر اور یہ کہ میرے واسطے اپنے اسماء کے اسرار کھول دے اور تمام مخلوق کو طاعت کے ساتھ مسخر کر دے اور میرے دل کو اپنی عبادت کے واسطے اور اپنے انوار ہدایت اور معرفت اسرار مجھ کو نصیب کر یہاں تک کہ زینت والا ہو جاؤں۔ ساتھ روشن چیز کو جو تیرے لطف سے ظاہر ہوا ہے اے لطیف اللطیف اے ارحم الرحمین سب حمد ہے اللہ کو جو پرورش کرنیوالا ہے تمام عالموں کا روشن کرنے والا ہے دیدہ دل عارفوں کی انوار معرفت اور یقین کے ساتھ اور جذب کرنے والا ہے تمام محققین کا ساتھ جذبات مقرب و تمکین کے اور کھولنے والا ہے قفل دلوں موحدین کا ساتھ کنجیوں توحید کے اور جذب کرنیوالا ہے ان کو ساتھ جذبوں قرب اور فتح مبین کے وہ ذات پاک جس نے ہر چیز کی خلقت کو اچھا کیا اور ابتداء کی پیدائش انسان کی کیچڑ سے پھر کی نسل اسکی خاص پانی ذلیل سے۔ الرحمٰن الرحیم حکیم ہے علیم عظیم ہے۔ ازلی ہے۔ قدیم ہے۔ سننے والا جاننے والا ہے۔ توحید کی آیات کو اس نے قدرت کی قلم سے اہل تعلیم کے سینوں پر لکھا ہے اور ترقی اہل ہدایت کے دلوں کو سرّ اہل معرفت کے راستوں میں جو اہل ولایت کے ہیں اور کافی ہیں تجھ کو اصحاب کہف و رقیم خطاب کیا موسٰے کلیم سے کلام تکریم کا اور بزرگی دی اپنے نبی کو اس فرمان کے ساتھ کہ بیشک دی ہیں ہم نے تم کو سبع مثانی اور قرآن عظیم مالک ہے روز قیامت کا اور ہلاک کرنے والا ہے جباروں اور سرکشوں کو اور شریروں حد سے بڑھنے والوں کو اور نیست کرنے والا ہے سردار متکبروں اور اہل بدعت اور ملحدین کو یہ اللہ تمہارا ہے پس برکت والا ہے۔ اللہ رب عالموں کا۔ اے وہ ذات جس نے زینت دی کائنات (باقی بر صفحہ آئندہ)

بِمَلَابِسِ التَّكْوِيْنِ وَاَرْسَلَ نَجَائِبَ الْمَلَكُوْتِيَّاتِ تَقُوْدُ جَنَائِبَ الْمُكَرَّمِ الْمَتِيْنِ يَا مَنْ نَشَرَ سَحَائِبَ عُقُوْدِ عَفْوِهٖ عَلٰى كَآفَّةِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ وَلَا مُعِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ معترفين عن القيام بحق عبادتك بالعجز وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ عَلٰى مَا اَمَرْتَ مِنَ الْقِيَامِ بِحُقُوْقِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ يَاذَا الْفَوْزِ الْعَظِيْمِ يَاذَا الْفَضْلِ الْعَمِيْمِ يَا مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ اَهْلِ الدِّيْنِ الْقَوِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِسْتِقَامَةِ وَالتَّقْوِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ نَظَرْتَ بِعَيْنِ عِنَايَتِكَ اِلَيْهِمْ هُمْ اَهْلُ الْعَزْمِ وَالْقَلْبِ السَّلِيْمِ صِرَاطَ اَهْلِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّسْلِيْمِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ تَمَسَّكُوْا.... بِالْهُدٰى وَفَرِحُوْا بِهَا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَاَمْدِدْنَا بِمَلَائِكَةِ الظَّفَرِ وَالتَّمْكِيْنِ وَصَرِّفْنَا فِي الْكَائِنَاتِ وَالْمُكَوَّنَاتِ وَالتَّكْوِيْنِ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ لَا تَجْعَلْنَا ضَالِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ وَلَا عَنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَةِ الْمُتَّقِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اور یہ دعا کا زجر ہے اسکو پڑھے۔ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَّةُ ذَوَاتُ الذَّوَاتِ.. النُّوْرَانِيَّةِ الْمُتَشَعْشِعَةِ بِالْمِنَنِ الرُّوْحَانِيَّةِ وَالنَّوَامِيْسِ الرَّبَّانِيَّةِ الدَّائِمَةِ فِيْ لَطَائِفِ تَصْرِيْفِ الْحُرُوْفِ وَدَقَائِقِ مَعَارِفِهَا الْمُكَوَّنَةِ الْمُوَكَّلَةِ بِتَسْخِيْرِ الْقُلُوْبِ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَّةِ رُوْحَانِيَّةِ الْاَعْدَادِ وَعَوَالِمِ اَسْرَارِهَا

کو ساتھ لباس تکوین کے اور بھیجا بجائب ملکوتیات کو ہکاتی تھی جنائب مکرم متین کو اے وہ ذات جس نے پھیلائے ابر عقود عفو اپنے کے اوپر تمام خلق کے۔ اے وہ ذات جس کا کوئی نہ ملک میں شریک ہے نہ مددگار ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم اقرار کرنے والے ہیں اس بات کا کہ تیری عبادت کا حق ادا نہیں کر سکتے۔ اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہم اوپر ان حقوق کے جن کا حکم کیا تو نے ہر وقت و زمانے میں۔ اے وہ ذات جو بڑی کامیابی والا ہے۔ اے وہ ذات جو بڑے عام فضل والا ہے۔ اے وہ ذات جو شکستہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے ہدایت ہم کو سیدھی راستہ کی راستہ اہل دین قویم کی۔ راستہ اہل استقامت اور تقویم کی راستہ ان لوگوں کی جن کی طرف تو نے نظر عنایت سے دیکھا۔ راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام کیا ہے۔ نبیوں اور صدیقوں اور شہداء اور صالحین میں سے۔ راستہ ان لوگوں کا جو وہ اہل عزم اور قلب سلیم ہیں۔ راستہ اہل اخلاص اور تسلیم کا راستہ ان لوگوں کا جنہوں نے ہدایت کے ساتھ تمسک کیا اور خوش ہوئے ساتھ اس کے اور مدد دے ہم کو ساتھ ملائکہ ظفر اور تمکین اور تصرف دے ہم کو کائنات اور مکونات اور تکوین میں غیر المغضوب علیہم ولا الضالین آمین مت کر ہم کو گمراہوں اور نہ گمراہ کرنے والوں میں سے۔ اور نہ اپنے دروازہ سے دور کئے ہوئے میں سے اور حشر کر ہمارا بیچ زمرہ متقیوں کے اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الرحمین اور ہمارے حضور اور ان کی آل و اصحاب پر درود سلام بھیج۔ اے روحانی روحوں نور کی ذات والیو چمکدار ساتھ بخششوں رحمانی و نوامیس ربانی کے ہمیشہ رہنے والے بیچ لطائف تصریف حروف اور دقائق معارف ان کے جو مقررہ اور موکلہ ہیں۔ ساتھ تسخیر قلوب اور ارواح روحانیت اعداد کے اور عوارف اسرار انکے

اَلْمَخْزُوْنَةِ اَجِیْبُوْا اَیَّتُھَا الْاَرْوَاحُ الْعِظَامُ وَالْمَلَآئِکَۃُ الْکِرَامُ جِبْرَئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ وَرُوْقِیَائِیْلُ تَوَکَّلُوْا بِخِدْمَةِ مَنْ دَعَاکُمْ وَکُوْنُوْا عَوْنًا لِیْ وَاتِّصَالِ الْاِجَابَةِ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِھْیًا اِشْرَاھِیًا اَدُوْنَائِیْ اَصْبَاءُوْتَ اٰلْ شَدَّائِیْ اَفْھَمُوْا مُرَادِیْ وَاقْضُوْا حَاجَتِیْ وَتَوَلَّوْا خِدْمَتِیْ بِحَقِّ اللّٰهِ الْفَتَّاحِ الرَّزَّاقِ الْحَلِیْمِ الْوَهَّابِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ الْاٰلَآءِ اللَّطِیْفِ الْکَبِیْرِ کَرَھْلِیَعَصْ حٰمٓعٓسٓقٓ اَجِبْ اَیَّتُھَا الْمَلِکُ الْاَخْضَرُ بَارَکَ اللّٰهُ فِیْکَ وَعَلَیْکَ

جب چودھویں رات ہوگی تو تمہارے پاس ایک سبز پرندہ آئے گا۔ اور تمہارے سامنے کھڑا ہو جائے گا تم خود اس کو سلام کرو۔ کیونکہ وہ بڑا بادشاہ ہے پھر وہ تم سے کچھ عہد و پیمان لے گا۔ اور جس کام کو تم حکم کروگے۔ اس کو بجا لائے گا اور وہ عہد و پیمان جو وہ تم سے لے گا۔ اس قسم کے ہوں گے کہ تم جھوٹ نہ بولو اور مال حرام یا کوئی چیز حرام استعمال نہ کرو۔ اور خدا کی نافرمانی یعنے گناہ کا کام نہ کرو۔ اگر ان باتوں پر تم مستقیم رہوگے تو وہ بھی تمہارے ساتھ مستقیم رہے گا اور خادم تمہارے واسطے مقرر کر دے گا۔ جو تمہارے سب کام کیا کرے گا۔ اور وقت پڑھنے کے کچھ خوشبو مثل عود و جاوی و ندا سود و مصطگی و عنبر خام وغیرہ روشن کرنا چاہیئے۔

عمل برائے محبت و حاجت

محبت کے واسطے جمعرات کے روز اور پیر کے روز روزہ رکھ کر افطار کے وقت پندرہ مرتبہ اور فجر کے وقت بھی اسی قدر اس دعا کو پڑھا کرو۔ اور خدا سے دعا کرو کہ مطلوب کا دل تمہاری طرف رجوع ہو۔ اور اس کلام میں۔ عجائب مشاہدہ کروگے۔ اگر قضائے حاجت کی ضرورت ہو، تو پنجشنبہ کے روز روزہ رکھ کر خلوت میں بیٹھو۔ اور کثرت کے ساتھ اس دعا کو پڑھو۔ حضور قلب کے ساتھ۔ حاجت پوری ہوگی۔ اور ریاضت اس کی لوز روزہ ہے۔ اور کم سے کم سات دن ضرور چاہیئے۔

مطلوب کا دل مائل کرنے کا عمل

اور جب محبت کے واسطے سورۂ فاتحہ کی دعا کو پڑھے جیسا کہ بیان ہوا تو چاہیئے کہ اس کے اعداد کا جو ۹۲۶۰ ہیں جو بغیر بسم اللہ کے ایک وفق بنائے اور پڑھنے کے دونوں وقت یعنی افطار اور فجر کے اس نقش کو اپنے سامنے رکھے اور صبح تک خوشبو کو روشن رکھے پھر نقش کو اٹھا کر اپنے پاس رکھے مقصد پورا ہوگا۔ صورت نقش فاتحہ کی یہ ہے۔

۲۲۴۲	۳۲۴۵	۴۴۳	۳۳۲۹
۳۳۴۲	۲۲۳۸	۲۲۳۳	۲۴۳۴
۲۳۳۴	۲۳۳۵	۲۳۳۶	۲۳۴۱
۲۳۴۶	۲۳۳۵	۲۳۳۶	۲۳۴۱

جواب قبول کرو تم اے عظیم الشان روحو۔ اور بزرگ موکلو۔ جبرائیل اور میکائیل۔ اسرافیل روقائیل مقرر ہو تم ساتھ خدمت اس شخص کے جس نے بلایا تم کو۔ اور ہو تم میرے مددگار۔ اور اتصال اجابت کا ہے واسطے اللہ اور رسول کے میری مراد کو سمجھو۔ اور میری حاجت کو پورا کرو۔ اور میری خدمت بجا لاؤ۔ بحق اللہ فتاح رزاق وہاب علیم علے عظیم آلاء اللطیف الکبیر۔ قبول کر اے ملک اخضر اللہ تیرے اندر اور تیرے اوپر برکت دے ۱۲

كُلُّهُمْ نَكَ وَصَرِّفْنَا فِي الْكَائِنَاتِ وَالْمُكَوَّنَاتِ وَافِضْ عَلَيْنَا مِنْ فَيْضِ نِعَمَا يِكَ
بَرَكَاتٍ تُعِيدُ إِلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ وَلَا تَجْعَلْنَا ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ
وَلَا تَحْشُرْنَا فِي زُمْرَةِ الْبَاغِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِيْ وَاَدْرِكْنِيْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ
ذَاتَ مَنْ اَخْفَيْتَهُ تَحْتَ خَفِيِّ لُطْفِكَ فَقَدْ خَفِيَ وَشَفِيَ وَعُوْفِيَ وَكُفِيَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۷ مرتبہ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ كَنَفِكَ الْوَفِيِّ الْحَصِيْنِ الْمَنِيْعِ الْكَافِي
الْحَفِيْظِ السَّاتِرِ الْمُحِيْطِ وَاَغْمِسْنِيْ فِيْ سَعَةِ رِزْقِكَ مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
وَنَزِّحْ عَنِّيْ كُلَّ كَرْبٍ يَا مُفَرِّجَ الْمَكْرُوْبِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ شَهْتَ اَشْرَهَتْ
الْمُقْسِطِ الْوَاحَا الْعَجَلُ يَا مَيْمُوْنُ وَشَهَدْ اَنَّ الْوَحَا يَا شَهَدْ اَنَّ الْعَجَلَ تَوَكَّلُوْا بِكَذَا وَكَذَا اَقْسَمْتُ
عَلَيْكُمْ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
اِلَّا مَا اَجَبْتَ وَاَسْرَعْتَ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ وَهِيَ كَذَا وَكَذَا اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

آخر سورۂ یٰسین تک تین بار پڑھے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے جس شخص نے تین بار سورۂ فاتحہ اور اخلاص تین بار معوذتین پڑھے تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں رہے۔ جب امام حسن اور حسین علیہما السلام بیمار ہوئے تو حضور علیہ السّلام کو بہت رنج ہوا تب اللہ تعالٰے نے وحی کی کہ سورۂ فاتحہ ۴۰ بار پانی پر دم کرکے اس سے ان کے ہاتھ اور پیر اور منہ دھلاؤ اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ علماء فرماتے ہیں جس مریض کو سورۂ فاتحہ پاک برتن پر لکھ کر پلاوٗ اللہ تعالیٰ اس کو آرام کرے۔ جس کو بھول کثرت سے ہو اور وہ اس کو دھو کر پیئے تو بھول جاتی رہے گی۔ اور جو اس کو کثرت کے ساتھ پڑھتا رہے گا۔ اس کا دل پاکیزہ اور

کے اور تصرف دے ہم کو کائنات اور مکونات میں اور بہا ہم پر اپنی نعمتوں اور برکتوں کا فیض جو لوٹائے ہم پر پہلے اور پچھلوں کی برکتیں اور نہ کر ہم کو گمراہوں یا گمراہ کرنے والوں میں سے اور باغیوں کے زمرے میں ہمارا حشر نہ کیجیو۔ اے فریاد رس فریاد رسوں کے۔ اور پہنچ مجھ کو اپنے لطف خفی کے ساتھ کیونکہ جس کو تونے اپنے لطف میں کیا۔ پس بے شک اس کی پردہ پوشی ہوئی۔ اور اس نے شفا پائی۔ عافیت پائی اور کفایت ہوگیا تیرے سوا معبود نہیں ہے۔ بے شک میں ظالم ہوں۔ اور مجھ کو اپنی کنف یعنی سایہ رحمت میں جو پورا مضبوط قلعہ اور کافی اور حفاظت کرنے والا ڈھانکنے والا گھیرنے والا ہے۔ داخل کر اور ڈبو دے مجھ کو اپنی وسعت رزق میں اپنی رحمت کے خزانوں میں سے اس رحمت کے جو وسیع ہے ہر چیز کو اور دور کر مجھ سے ہر ایک سختی اے دور کرنے والے سختیوں کے اپنی رحمت سے اے الرحم الرحمین قسم دیتا ہوں میں تم کو اللہ کی عزت اور اس کی ذات کے نور کی فاتحۃ الکتاب کی۔ اور اس کی جس کے ساتھ قلم جاری ہوا اللہ کے پاس سے۔ مگر یہ کہ تو قبول کر۔ اور جلدی کر میری حاجت پوری کرنے میں جو یہ اور یہ ہے بے شک حکم اس کا جب کہ وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اسے کہتا ہے ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔

کل خطرات نفسانیہ سے صاف ہو جائے گا۔ جو شخص اس کو شیشے کے برتن پر لکھ کر روغن بلسان سے دھوئے۔ اور عرق النسا یا جس درد کو ملے آرام ہو گا۔ اور فالج اور لقوہ کو بھی فائدہ ہو گا۔ اور ہر خشک یا تر بیماری کو نفع کرتا ہے۔ جو شخص سورۂ فاتحہ کو سونے کے برتن پر جمعہ کی پہلی ساعت میں مشک و زعفران و کافور سے لکھ کر گلاب سے دھوئے اور ایک شیشی میں بھر کر رکھ لے۔ اور جب کسی حاکم کے پاس جائے۔ تھوڑا سا اس میں سے منہ پر مل لے۔ قبول عظیم ہو گا۔ اور جو شخص کسی ظالم کے پاس جائے۔ اور سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے شر سے محفوظ رہے۔ امام شعبی کو درد کی شکایت ہوئی۔ کسی نے کہا۔ کہ سورۂ فاتحہ سے علاج کیجیے۔ انہوں نے اس کو پڑھ کر دم کیا۔ اور پانی پر دم کر کے پی لیا آرام ہو گیا۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔ ہر چیز کا اساس ہے اور اساس قرآن شریف کا سورۂ فاتحہ ہے۔ اور سورۂ فاتحہ کا اساس بسم اللہ ہے

ابن قیم کا تجربہ

ابن قیم فرماتے ہیں سب سے بہتر علاج سورۂ فاتحہ کے ساتھ ہے اور وہ اپنا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک مدت سے مکہ شریف میں رہتا تھا۔ اور مجھ کو ایک ایسا مرض تھا کہ کسی حکیم کے علاج سے آرام نہ ہوا۔ تب میں نے سوچا کہ میں خود ہی اس کا علاج کروں اور سورۂ فاتحہ سے میں نے اس کا علاج کیا۔ مجھ کو آرام ہو گیا۔ پھر جس شخص کو میں دیکھتا کہ اس کو سخت بیماری ہے اسی کو بتا دیتا۔ اس کو آرام ہو جاتا۔ جو شخص اس کو ۹ مرتبہ پڑھ کر کسی ظالم کے سامنے جائے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔

زہر کے اثرات کو زائل کرنے کا عمل

اور جو شخص ہر روز اس دعا کو تین بار پڑھ لیا کرے۔ زہر وغیرہ کوئی چیز اس کو نقصان نہ کرے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ جو شخص حروف اوائل سُور کو شیشے کے برتن پر لکھ کر زہر خوردہ کو پلائے۔ زہر اثر نہ کرے۔ کتنی ہی مرتبہ اس کا تجربہ کیا گیا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھ کر یہ آیت پڑھی اس کے واسطے یہ سوائے موت کے کل بیماریوں کی شفا ہے اور آیت یہ ہے۔ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ آخر سورہ حشر تک۔

حضرت شہاب الدین سہروردی کا تجربہ

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی فرماتے ہیں جو شخص سورۂ بروج نماز عصر میں پڑھا کرے۔ دملوں سے محفوظ رہے۔ جو شخص یہ تحریر لکھ کر پانی سے دھوئے اور پھر تھوڑا پانی اس میں ملاتا رہے۔ برکت اس کے ہاں ظاہر ہو گی۔

لہ ساتھ تمام اللہ کے جس کا نام سب ناموں سے بہتر ہے۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے آسمان و زمین کا ساتھ نام اللہ جس کے نام ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں کرتی۔ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے ۱۲

حرفی خواص

سورۂ فاتحہ کی حرفی صورتوں کے خواص یہ ہیں کہ جو شخص اس کے حروف کے معانی سمجھ کر شیشے کے برتن میں لکھ کر مینہ کے پانی کے ساتھ دھو کر پچیس دن کے روزہ کے بعد پیوے اللہ تعالیٰ اس پر اپنے ظاہری و باطنی لطف کا دروازہ کھول دے۔ اور اگر پانچ روز کے روزہ کے بعد با طہارت اس کو لکھ کر یہ آیت بھی اس کے ساتھ لکھے۔ ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض۔ رب العلمین تک جمعہ کے روز ساعت زہرہ میں پھر اس کو اپنے سر پر باندھے۔ خدا تعالیٰ اس کا رعب لوگوں کے دلوں میں داخل کرے اور جس شخص کو نسیان بہت ہو۔ اس شخص کو بھی اس کا دھو کر پینا فائدہ کرتا ہے۔ اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے گھر میں رکھے۔ اس میں موذیات داخل نہ ہوں گے۔ اور یہ بسبب اس کے امالہ قلبیہ کے ہے کیونکہ طالع سے مراد جس کو اہل رصد لیتے ہیں۔ قوت روحانی ہے پس اگر تو قوت ایمانی قلبی کو پاوے تو بہ بہتر ہے۔ اور ان کاموں میں ناپاکی سے بہت پرہیز کرنا چاہیئے۔ جتنا پرہیز کرے گا عمل درست ہو گا۔ اس نقش کی صورت یہ ہے۔

ح	ما	مل	ا
یح	د	د	ب
ج	یو	ط	و
ی	ہ	د	عہ

عمل آیات لطیف

آیات لطف قرآن شریف میں چار جگہ ہیں۔ ایک سورۂ انعام میں۔ لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ۔ یہ آیت اس شخص کے واسطے جو کسی ظالم سے خوف رکھتا ہو۔ اس کو لازم ہے کہ اسم لطیف صبح و شام آیت مذکورہ بالا کے بعد ۱۲۹ بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو اس کے شر سے امن میں رکھے گا۔ دوسری آیت سورۂ یوسف میں ہے إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ۔ یہ آیت اس شخص کے واسطے ہے۔ جو کسی رنج یا غم یا سختی شدت میں مبتلا ہو۔ اس کو چاہیئے کہ اسم یا لطیف کو اس کے اعداد کے موافق آیت کے بعد پڑھے۔ ہر ایک رنج سے خلاصی ہو گی۔ تیسری آیت سورۂ شوریٰ میں ہے اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ جو شخص اسم یا لطیف اور اس آیت کو ہر روز پڑھے۔ دنیا اس کے پاس کثرت سے آوے گی۔ چوتھی آیت سورۂ ملک میں ہے۔ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ یہ آیت اس شخص کے واسطے ہے۔ جو کسی منصب کا مثلاً حکومت وغیرہ کا طالب ہو۔ اور اس آیت اور اسم یا لطیف کو ہر روز صبح و شام پڑھے۔ مطلب حاصل ہو گا۔

ہر مرض سے نجات کا عمل

اب ہم سورۂ فاتحہ کے خواص کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جو شخص سورۂ فاتحہ کو لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور مریض کے منہ اور ہاتھوں پر ملے۔ اور اس پانی کو تین مرتبہ پیوے اور پیتے وقت یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ وَاكْفِ اَنْتَ الْكَافِيْ وَعَافِ اَنْتَ الْمُعَافِيْ

[1] اس کو آنکھیں نہیں پہنچتیں اور وہ آنکھوں کو پہنچتا ہے اور وہ مہربان خبردار ہے [2] اللہ اپنے بندوں کے ساتھ مہربان ہے جس کو چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہ قوی غالب ہے [3] اے اللہ تو شفا کر تو ہی شافی ہے اور کفایت کر تو ہی کافی ہے اور تو ہی عافیت دے تو ہی معافی ہے ۱۲

۲ مرتبہ اللہ تعالیٰ اس کو ہر ایک بیماری سے شفا دے۔ بشرطیکہ موت نہ آئی ہو۔ اور اگر خفقان والا اس پانی کو پیوے خفقان اس کا جاتا رہے اور اگر اس کو مشک و زعفران سے چینی کے برتن میں لکھے اور گلاب سے دھوئے پھر جو بیماری والا پیوے آرام ہو۔ اور کند ذہن سات روز پیوے۔ ذہین ہو جاوے۔ اور جو بات سنے یاد رہے اور اگر مشک کے ساتھ چینی کی طشتری پر لکھ کر مینہ کے پانی سے دھوئے اور پھر اس پانی سے سرمہ اصفہانی حل کرے اور آنکھوں میں لگائے ضعفِ بصارت جاتا رہے اور نگاہ تیز ہو۔ اور آنکھ کی کل بیماریاں دور ہو جائیں۔ اور اگر اس سرمہ میں سفید مرغ کا پتّہ اور سیاہ مرغی کا پتّہ آمیز کر کے آنکھ میں لگائے تو روحانی اشخاص کو دیکھے اور وہ اس سے ایسی باتیں کریں۔ جو اس کی سمجھ میں نہ آئیں۔ جو شخص سورۂ فاتحہ کثرت کے ساتھ پڑھے۔ اس کو تکان اور سستی اور درد نہ ہو۔ اور اگر اس کو پاکیزہ برتن میں لکھ کر گلاب سے دھوئیں۔ اور درد والے کان میں ڈالیں۔ تو درد کو آرام ہو جائے۔ اور اگر اس کو لکھ کر خالص روغن بکائن سے دھوئیں اور ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ پھر فالج اور عرق النساء والے کو ملیں آرام ہو۔ اور جس شخص کو کوئی حاجت ہو۔ اس کو لازم ہے کہ اس سورۃ کو بترتیب و تنزیل ایمان اور تصدیق کے ساتھ قبلہ کی طرف منہ کر کے ۷ مرتبہ پڑھے اور اس سے پہلے دو رکعت نماز فاتحہ اور اخلاص سہ بار کے ساتھ پڑھ چکا ہو۔ جب خدا سے حاجت مانگے پوری ہوگی۔ اور بارہا تجربہ ہوا ہے کہ جو شخص فرض و سنت فجر کے درمیان الم بالہ سورۂ فاتحہ چالیس روز تک پڑھے۔ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

اور یہ ابیات کتاب کنز المقربین سے۔ جو علامہ سبعین کی تصنیف ہے۔ نقل کئے جاتے ہیں اور حضرت امیر المؤمنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی طرف منسوب ہیں۔ ابیات۔

إِذَا مَا كُنْتَ مُلْتَمِسًا بِرِزْقٍ
وَتَأْمَنُ مِنْ مُخَالَفَةٍ وَغَدْرٍ
فَلَازِمْ دَرْسَهَا عُقْبَى عِشَاءٍ
إِلَى التِّسْعِيْنَ تُتْبِعُهَا بِعَشْرٍ
وَعِزٍّ لَا تُغَيِّرُهُ اللَّيَالِي
وَتَأْمَنُ مِنْ نَكَالَةِ كُلِّ شَرٍّ
وَمِنْ جُوْعٍ وَدَعْوٰى وَانْقِطَاعٍ
عَلٰى طُوْلِ الْمَدَا فِيْ كُلِّ دَهْرٍ

وَنُجْحُ الْقَصْدِ مِنْ عَبْدٍ وَحُرٍّ
فَفَاتِحَةُ الْكِتَابِ فَإِنَّ فِيْهَا
وَفِيْ صُبْحٍ وَظُهْرٍ ثُمَّ عَصْرٍ
تَنَالُ مَا شِئْتَ مِنْ عِزٍّ وَجَاهٍ
بِحَادِثَةٍ مِنَ النُّقْصَانِ تَجْرِيْ
وَلَا تَحْتَجْ إِلٰى أَحَدٍ بِشَيْءٍ
وَمِنْ بَطْشٍ لِذِيْ نَهْيٍ وَأَمْرٍ
فَإِنَّكَ إِنْ فَعَلْتَ أَتَاكَ آتٍ

وَتَظْفَرُ بِالَّذِيْ تَهْوٰى سَرِيْعًا
بِمَا أَمَّلْتَ سِرًّا أَيَّ سِرٍّ
وَلَازِمْهَا بِمَغْرِبِ كُلِّ لَيْلٍ
وَعِظَمِ مَهَابَةٍ وَعُلُوِّ قَدْرٍ
وَلَا تُوْبِيْنِيْ وَافْرَاحٍ ذَكَا مَا
وَلَا تُفْجَعْ بِمَكْرُوْهٍ وَضُرٍّ
تُصَانُ وَتَبْلُغُ الْآمَالَ حَقًّا
بِمَا يُغْنِيْكَ عَنْ زَيْدٍ وَعَمْرٍو

خلاصہ ابیات فراخی رزق کے واسطے الحمد کو اس ترکیب سے پڑھنا چاہیئے کہ بعد نماز عشاء ۵۰ بار اور بعد نماز فجر کے ۶۰ بار اور اسی طرح سے مغرب کے بعد ۹ بار پڑھے۔ اللہ ایک مؤکل ایسا بھیجے گا۔ جو اس کو غنی کر دے گا ۱۲

ریاضت سورۂ فاتحہ

طریقہ اس کا یہ ہے کہ ایک ایسے اندھیرے مکان میں جس میں سوائے خدا کے کوئی تجھ کو نہ دیکھ سکے۔ اعتکاف کرے۔ اور یکشنبہ سے لے کر تین روز روزہ رکھ اور کوئی روحانی چیز نہ کھا۔ یعنی پورا ترک حیوانات کر فقط جو کی روٹی اور روغن زیت سے روزہ افطار کیا کرے۔ اور یہ روٹی بھی پیٹ بھر کر نہ کھانی چاہیئے۔ اور ہر نماز پنجگانہ کے بعد سو بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ لُجَّةَ بَحْرِ اَحَدِیَّتِكَ وَطَمْطَامِ فَرْدَانِیَّتِكَ حَتّٰی اَخْرُجَ[1] اِلٰی فَضَاءِ رَحْمَتِكَ وَعَلٰی وَجْهِیْ لَمَعَاتُ الْقُرْاٰنِ مِنْ اٰثَارِ رَحْمَتِكَ مَهَابًا بِهَیْبَتِكَ قَوِیًّا بِقُوَّتِكَ عَزِیْزًا بِعِزَّتِكَ وَاَلْبِسْنِیْ خِلَعَ الْعِزِّ وَالْقَبُوْلِ وَسَهِّلْ عَلَیَّ تَسَاهِیْلَ الْوَصْلِ وَالْوِصَالِ وَتَوِّجْنِیْ بِتَاجِ الْكَرَامَةِ وَاَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَحْبَابِكَ یَا مَالِكَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَا مَنِ اتَّخَذَ اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلًا وَّكَلَّمَ مُوْسٰی تَكْلِیْمًا وَّكَرَّمَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَكْرِیْمًا سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ یَا مَالِكَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ

پھر تیسرے روز تمہارے آگے سے ایک سفید ٹکڑا نکلے گا۔ جو اس مکان میں پھیلنا شروع ہوگا یہاں تک کہ سارے مکان میں بھر جائے گا۔ اس کے اندر سے ایک شخص نکل کر پوچھے گا۔ کہ تمہاری کیا حاجت ہے۔ تم کہو کہ میں اسم اور خاتم چاہتا ہوں وہ تم سے چند شرائط لے کر دیدے گا پھر ہر نماز کے بعد تیس ۳۰ بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ حَمْدًا یَّكُوْنُ لِیْ رِضَاءً وَّلِیْ مَرْضَاةً عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ وَحَی الْاَقَالِیْمَ وَاخْتَصَّ مُوْسَی الْكَلِیْمَ یُحْیِی الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ فَهُمَا اِسْمَانِ عَظِیْمَانِ شِفَآءٌ[2] لِّكُلِّ دَآءٍ سَقِیْمٍ وَّ

---

[1] اے رب داخل کر مجھ کو اپنے بحر احدیت کی تہ میں اور تمام فردانیت اپنے میں۔ یہاں تک کہ میں تیری رحمت کی سرسبزی میں چلوں اور پھروں اور میرے منہ پر موں چمکیں۔ قرآن کی تیری رحمت کے اثر سے ہیبت والا ہو جاؤں تیری ہیبت کے اور قوی ہوں میں تیری قوت کے ساتھ۔ پہنا مجھ کو قبول اور عزت کے خلعت اور آسان کر مجھ پر راستے وصل وصال کے اور پہنا مجھ کو تاج کرامت کا۔ اور الفت کر میرے اور اپنے احباب کے درمیان میں اے مالک دنیا و آخرت کے۔ اے وہ ذات جس نے ابراہیم خلیل اور موسیٰ کلیم سے حضرت محمد علیہ السلام کو بزرگی دی سلام ہے قول رب رحیم سے اے مالک روز جزا کے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ ہم اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ہم آخر تک۔

[2] رب العالمین کے واسطے وہ حمد ہے جو اس کے نزدیک میرے لئے رضامندی کی سبب ہو وہ رحمٰن و رحیم ہے جس نے اقالیم کو بچھایا اور موسیٰ کلیم کو مخصوص۔ زندہ کرتا ہے ہڈیوں کو اور وہ ریزہ ہوتی ہیں۔ پس یہ دونوں اسم بہت بڑے ہیں شفا ہیں واسطے ہر بیماری کے راستہ میں جنات نعیم کا۔ اور نجات ہیں عذاب دوزخ سے مالک ہے روز جزا کا نہیں اس کے ملک میں

طَرِيْقٌ لِجَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَنَجَاةٌ مِنْ عَذَابِ الْجَحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ لَيْسَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ شَرِيْكٌ وَلَا مُنَازِعٌ وَلَا مُعِيْنٌ اِيَّاكَ نَعْبُدُ بِالْاِقْرَارِ وَنَعْتَرِفُ بِالتَّقْصِيْرِ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ الصَّادِقُ الْاَمِيْنُ وَاللّٰهُ مُكَوِّنُ الْاَكْوَانِ وَعَالِمُ خَفِيَّاتِ الْاَضْمَارِ وَمُكَوِّرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مُحِبَّتِيْ لِكُلِّ الْعٰلَمِيْنَ وَوَجَاهَتِيْ اِلَى الْاَقْرَبِيْنَ وَالْاَبْعَدِيْنَ مِنَ الْاَجْنَاسِ الْمُخْتَلِفِيْنَ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِكَ عَلٰى كُلِّ حَاجَةٍ مِّنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ يَا مَالِكَ مُلُوْكِ الْعَوَالِمِ كُلِّهَا اَجْمَعِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ٥ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَدْرِكْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَنَجِّنِيْ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ٥

پھر ریاضت سے فارغ ہونے کے بعد ہر روز سورۂ فاتحہ ہر نماز کے بعد ۸ بار اور وتر کے بعد ۲۵ بار پڑھا کرے۔ بغیر روزہ اور ریاضت کے اور اگر تم سات روز کی ریاضت کرو اور ان دعاؤں کے بعد یہ بھی پڑھو اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ عَبْدَكَ الْاَخْضَرَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور بخور عود لبان جاوی ہر روز روشن کرو۔ اور اثنائے ریاضت میں کسی سے بات نہ کرو۔ تو بہت جلد کامیاب ہو گے اور دنیا و آخرت کا خیر حاصل ہوگا۔

نقش سورۂ فاتحہ برائے محبت

اور نیز محبت کے واسطے سورۂ فاتحہ کے نقش کو ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اور اس دعا کو پڑھے مطلب جلد پورا ہوگا۔ نقش یہ ہے۔ . . . .

جبرئیل	والقیت علیک				میکائیل
ولتصنع	۲۰۶	۲۰۶	۴۰۲	۲۰۰	علی عینی
	۴۰۴	۴۹۹	۴۴۹	۲۰۵	
	۱۹۸	۴۰۱	۲۰۷	۲۹۵	
	۲۰۶	۳۵۶	۲۹۷	۱۴۲	
[illegible]	محبۃ منی				[illegible]

کوئی شریک جھگڑا کرنے والا۔ نہ مددگار۔ تیری عبادت کرتے ہیں ساتھ اقرار اور اعتراف قصور کے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے تنہا ہے شریک اس کا نہیں ہے۔ اس کے واسطے ہے ملک حق سے ظاہر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمد اللہ کے رسول صادق امین ہیں۔ اور اللہ بنانے والا ہے عالم کا اور جاننے والا ہے پوشیدہ دل کی بات کا اور گردش دینے والا ہے رات دن کا محبت میری واسطے تمام عالموں کے اور میری عزت ہے قریب اور دور کے لوگوں پر۔ اجناس مختلفہ سے اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ اور دینی یا دنیاوی حاجت کے۔ اے اللہ اے مالک بادشاہوں عالم کے سب کا تو ہی معبود ہے پاکی ہے تجھ کو بے شک میں ظالموں سے ہوں اے رب میرے مجھ کو پہنچ اور مجھ کو نجات دے اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین نجات دے مجھ کو اس چیز سے جس سے میں خوف اور حذر کرتا ہوں۔ ہدایت کر ہم کو سیدھے راستہ کی آخر تک ۱۲۔

اور دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تَوَکَّلْ یَا جِبْرَئِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُکَ بِحَقِّ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ الْکَرِیْمِ الْوَهَّابِ الْقَهَّارِ اَللّٰهُمَّ اَلْقِ مَحَبَّةَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ وَبِحَقِّ اللّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ تَوَکَّلْ یَا اِسْرَافِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُکَ وَاَلْقِ مَحَبَّةَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُقْتَدِرِ الْمُقَدِّمِ الْمُبْدِئِ الْمُعِیْدِ تَوَکَّلْ یَا دَرْدَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُکَ وَاَلْقُوْا مَحَبَّةَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ وَبِحَقِّ الْفَرْدِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ تَوَکَّلْ یَا نُوْرَائِیْلُ وَاَعْوَانُکَ وَاَلْقُوْا مَحَبَّةَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْعَلِیْمِ الْجَوَّادِ الْکَرِیْمِ تَوَکَّلْ یَا عِزْرَائِیْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُکَ سَمِیْعًا مُطِیْعًا وَاَلْقُوْا مَحَبَّةَ کَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۞ وَبِحَقِّ الْقَاهِرِ الْعَزِیْزِ الْجَلِیْلِ الْکَبِیْرِ تَوَکَّلْ اَنْتَ وَاَعْوَانُکَ سَامِعًا مُطِیْعًا وَاَلْقُوْا مَحَبَّةَ کَذَا وَکَذَا فِیْ قَلْبِ کَذَا بِحَقِّ یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ[1]

ہر بلا سے محفوظ رہنے کا عمل

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے ہر مرض کے واسطے پانی پر سورۂ فاتحہ و آیۃ الکرسی ۷ بار اور معوذتین ۷ بار پڑھ کر تمہارا مریض پی لیوے۔ اللہ تعالیٰ ہر بلا سے محفوظ رکھے۔

عارفان خدا فرماتے ہیں۔ سورۂ فاتحہ میں ایک ہزار خاصیتیں ہیں ظاہری اور ایک ہزار باطنی جس مرض کے واسطے اس کو پلایا جاوے فائدہ ہوگا۔ اور حضورؐ نے فرمایا ہے جب بیں بچھونے پر لیٹ کر سورۂ فاتحہ اور اخلاص کو پڑھ لیتا

---

[1] الحمد للہ رب العالمین۔ منفرد اور تیار ہو جا اے جبرائیل تو اور تیرے ماتحت بطفیل عزیز کریم بخشش والے زبردست کے اے اللہ ڈال دے محبت فلاں شخص کی فلاں کے دل میں بحق مالک یوم الدین اور بحق اللہ زندہ قائم یکتا کے۔ تیار ہو اے اسرافیل تو اور تیرے ماتحت اور ڈال دو محبت کو اس کی اس کے دل میں بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین کے اور بحق بادشاہ قادر مقدم پہلی بار پیدا کرنے والے اور دوبارہ پیدا کرنے والے تیار ہو اے دردائیل تو اور تیرے مددگار اور ڈال دے محبت کو اس کی اس کے دل میں بحق اہدنا الصراط المستقیم اور بحق فرد حی قیوم کے۔ تیار ہو اے نورائیل تو اور تیرے مددگار اور ڈال دے محبت فلاں کی فلاں کے دل میں بحق واحد علیم بخشش والے کریم کے۔ تیار ہو اے عزرائیل تو اور تیرے مددگار سننے والے اور اطاعت کرنے والے اور ڈال دے محبت فلاں کی فلاں کے دل میں بحق صراط الذین آخر تک اور بحق قہر والے عزت والے بزرگ بڑے تیار ہو تو اور تیرے مددگار سننے والے اطاعت کرنے والے۔ اور ڈال دو محبت فلاں کے دل میں بحق یحبونہم کحب اللہ۔ والذین آمنوا اشد حبا للہ ۱۲۔

ہوں تو ہر چیز سے امن و امان میں ہو جاتا ہوں۔ اور فرمایا ہے جس شخص نے اپنے سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر آخر سورۂ حشر کی تین آیتیں پڑھیں۔ اور خدا تعالےٰ سے شفا مانگی ہر مرض سے شفا ہوگی۔

حجاب القفل پڑھنے کا طریقہ

اَحْتَجِبُ بِعِزَّةِ اللهِ تَعَالٰی الْعَزِیْزِ بِعِزِّ عِزَّةٍ بِطُوْلِ ال ٣ هِیل ٣ تجار صقا بطش اعلشا هیرش عرزش مراش ٣ برکیاهلیل عمردهایت ٣ بلیا بح یمد دکم ربکم بثلاثة الکرام بالمص کرلھیعص حمعسق ص وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ لاٰیٰتٍ ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ن وَ الْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ حافظ تک وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا اور سورۂ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰی اور سورہ وَالْقَمَرِ ساری پڑھ کر وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ آخر تک قال ادعوا الی شططا تک حفظت جمیع جسمی وشعری وبدنی من شر الجن والانس والروحانیۃ و السفلیۃ بطوس دبرس دسرس وبالاسم العظیم الاعظم وب لحجاب المنیع لجمیع مردۃ الشیاطین وجنود ابلیس اجمعین بلطف ٣ ساطع اسماطون مهلش کوهبوش علیا تشتوا اهبطوا ایها الارواح الروحانیۃ کلکم وانت یا صرنبائیل واحجبوا عن کذا وکذا ما به من الارواح والخوف والفزع ومن شر طوارق اللیل والنهار ومن شر کل شیطان مارد معاند ویحق طلح اطرارنج عطلمیا کهیعص کفیت حمعسق حبیت یحق نفح مخبت قوله الحق وله الملک یوم ینفخ فی الصور عالم الغیب والشهادۃ وهو الحکیم الخبیر ویحق اهیا شراهیا اذوناى اصباؤت آل شدای ابرهیم وانه لقسم لو تعلمون عظیم، فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم۔ اجیبوا یا خدام هذه الاسماء وتوکلوا بکذا وکذا

اور یہ عزیمت املاک اربع ہے جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے قبول عظیم ہو۔ اور جب کسی بادشاہ یا بڑے شخص

لہ حجاب کرتا ہوں میں ساتھ عزت اللہ تعالےٰ کے جو عزت والا ہے اپنی عزت میں مدد دیگا تم کو تمہارا رب ساتھ بزرگ فرشتوں ۵ محفوظ کیا میں نے اپنے تمام جسم کو اور بال کو اور بدن کو شر جن و انس سے اور روحانیت و سلفیت سے اور ساتھ اسم عظیم اعظم کے۔ اور ساتھ حجاب زبردست مضبوط کے تمام سرکش شیطانوں اور شیطانی لشکروں سے۔ اے ارواح روحانیہ تم سب اتر آؤ۔ اور تو اے صرفائیل اور حجاب کر وان چیزوں سے جو اسکے ساتھ ہیں ارواح اور خوف اور گھبراہٹ سے اور برائی رات اور دن نکلنے والے سے۔ اور ہر ایک سرکش شیطان عداوت والے سے قول اسکا حق ہے اور اسی کیواسطے ہے ملک جسدن کہ پھونکا جائیگا صور جاننے والا غیب اور حاضر کا۔ اور وہی حکمت والا خبردار ہے۔ بیشک یہ قسم اگر تم جانو تو بہت بڑی ہے۔ پس عنقریب کافی ہوگا تجھ کو ان سے اللہ اور وہ سننے والا علم والا ہے۔ قبول کرو اے خدام ان اسماء کے۔ اور نیابہ ہو اس کام کے واسطے ۱۲

کے پاس جاوے تو سورۂ فاتحہ کی خاتم مسدس اپنے پاس رکھے۔ مؤید و منصور رہے اور جو اس کی مخالفت کرے۔ ذلیل ہوا اور وہ حروف یہ ہیں۔ ھو س ھو س ث ہ ی ع ص احیا محیی حمیت محتوی قائم قیوم فاھر ح م ع س ق بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَدِیْعٌ رَفِیْعٌ سَمِیْعٌ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ اِنَّمَآ اَمْرُہٗۤ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۞ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْہُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّکِیْلٌ ۔ ص ق ن فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ شَیْئًا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۔ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ لَہٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ وَحَفِظْنٰھَا مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۔ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ اَللّٰہُ حَفِیْظٌ عَلَیْھِمْ وَمَآ اَنْتَ عَلَیْھِمْ بِوَکِیْلٍ لِکُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٌ ۔ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ بیجعسلحان صعب لرھیال ملکھا عسال۔

لہ بے مثل پیدا کرنے والا ہے آسمان و زمین کا پیدا کرنے والا بلند مرتبہ والا سننے والا تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں بیشک میں ظالموں سے ہوں بیشک حکم اس کا جب وہ کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو اسے فرماتا ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے پس پاکی ہے اس ذات کو جس کے قبضہ میں ہے ملک ہر چیز اور اسی کی طرف رجوع کئے جاؤ گے تم پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ہر بر وکیل ہے پس عنقریب کافی ہو گا تجھ کو ان سے اللہ اور سننے والا علم والا ہے اور نہیں بڑھتی ہے اور تجاوز کرتی ہے اس سے حفاظت ان دونوں کی۔ اور وہ برتر اور بزرگ ہے اور نہیں ضرر پہنچا سکتے ہو تم اس کو کچھ بیشک رب میرا ہر چیز پر نگہبان ہے اور اللہ ہی بہتر حافظ ہے اور وہ الرحم الرحمین ہے اس کے واسطے ہیں محافظ آگے اور پیچھے سے حفاظت کرتے ہیں اس کی خدا کے حکم سے حفاظت کی ہے ہم نے اس کی ہر ایک شیطان مردود سے اور حفاظت یہ ہے۔ تقدیر عزیز علیم کی۔ اور حفاظت ہر ایک شیطان مردود سے اللہ نگہبان ہے۔ اور تو ان پر وکیل نہیں ہے۔ واسطے ہر ابواب حفیظ کے بلکہ وہ قرآن بزرگ ہے۔ لوح محفوظ یا لکھا ہوا ہے۔ یسطرون ۱۲۔

صورت نقش مسبع کی یہ ہے۔

ملکوتی اسرار و انوار اور اللہ تعالیٰ کی رحمت

معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ارواح پیدا کرنے سے ستر ہزار برس پہلے ان برسوں کے حساب سے جن کا ایک دن ہمارے حساب سے پچاس ہزار برس کا ہوتا ہے ایک کتاب لکھی جس کا علم سوائے اس کے کسی کو نہیں ہے۔ مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو مطلع کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کرنے سے ستر ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی تھی وہ عرش پر اس کے پاس ہے اور اس میں لکھا ہے کہ میری رحمت میرے عذاب پر سبقت لے گئی ہے پس یہی وہ حقیقت ہے جس پر اہل عقل نے جن کو خدا نے راہِ راست کی ہدایت کی ہے اور جن سے اس کو محبت ہے تکبیر کہی ہے

پس اسی حقیقت کے سبب سے انہوں نے پہچانا۔ اور توحید کے سبب سے نعمتوں کے دریا میں غرق ہوئے یہی وہ لوگ ہیں جن کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہی وارث ہیں جو جنت الفردوس کے وارث ہوں گے۔ اور اس میں ہمیشہ رہیں گے اور ہمیشہ حقائق مراتب علیا کے ساتھ غالب ہوں گے۔

اور معلوم ہو کہ جب اللہ تعالےٰ نے سرادق اعلیٰ کو نازل کر کے کرسی الٰہی پر بٹھایا اور نور روشن کا حلہ اور حکمت علیا کا تاج پہنایا اور یوم الرضا کے درجہ میں حقائق پر اس کو نور مطلق سے مطلع کیا اور حقائق مطفیات اور عوارف جلیات میں اس کو اپنی قربت عنایت کی اس وقت اہل خلوت نے اپنی علوتوں اور ثابت قدمیوں میں اپنی بساط پر اپنے میدان موقف میں حظیرۃ القدس کے اندر فضائے ملکوت کا میدان وسیع دیکھا جس کے اوپر عالم نہایات اور عالم علویات ہے۔ پس اسی راستہ کو انہوں نے اپنا مقصود اور اپنا دوست ٹھہرایا اور یہ دعا کی کہ اے ہمارے رب ہم کو ایسا راز عنایت فرما جس سے ہم راز کے ہم راز سے واقف ہوں اور حقائق فکر ہم پر منکشف ہوں۔ کیونکہ ہمارے درمیان میں فلک محیط اور شکل بسیط ہے۔ جب خدا تعالےٰ نے ان کی یہ حقیقت اصلی معلوم کی۔ اس وقت ان پر اس کتاب کے معانی مفتوح کئے۔ جس کے فضائل اور فخر مشہور ہیں۔ اور دائرہ رحموتیہ کے اسرار پر ان کو گواہ کیا اور اس دائرہ کے سر کا نقش ان کے سر میں منقش ہو گیا جس کے سبب سے وہ بہت سے اسرار سے واقف ہو گئے۔ پس ناگہاں وہ ایک چمکدار دائرہ تھا۔ جو کشادہ ہو گیا اور پھیل گیا۔ اور اپنے کھونٹے کے ساتھ اس نے بہت سے مُردوں کو زندہ کیا اور وہیں ایک اور دائرہ ظاہر ہوا۔ جس کا ظاہر اور باطن تھا۔ پس ظاہر میں اُس کے ۷ ۶ ۵ حروف تھے اور باطن میں ۲۳۱ پس ۱۲۰ کی نسبت ازلی ہے۔ اور یہ وہی نسبت مکنونہ ہے اور ۲۳۱ کی ابدیہ ہے اور یہی کتاب مکنونہ ہے۔ پس جب اس کی گفتگو سے ان کو علم و فہم کامل اور فیض الٰہی اور روح قدسی عنایت ہوئی۔ اس سبب سے یہ بھی اس کے پیچھے رہے۔ اور وہ نسبت ان کے سامنے حق کو واضح کرتی رہی۔ تب انہوں نے دارالمقام کے واسطے اس کو امام اور دارالسلام کے واسطے توشہ بھروسہ بنایا۔ جب تو اس کا ارادہ کرے۔ تو عدد ثانی کے راز کی تحقیق کر اس وقت تجھ کو علم اول اور سر ظاہر معجل ہوگا۔ اور اس کا سبب یہ ہے کہ سرادقات اعلیٰ جن پر کرسی اسی مستولی ہے وہ راز اور روشنی سر مراد فی المراد کے ساتھ پوشیدہ ہیں اور بیشک وہ مشہور الایجاد فی الاحاد ہے۔ حیثیت مراتب سے نہ حیثیت عدد سے اس کو سمجھو کیونکہ لوگ اس مقام میں اعتبار ادراک کے مختلف مرتبہ رکھتے ہیں۔ جس نے کتاب اول کو منطوی دیکھا اس نے سرادق اعلےٰ کو حجابوں کا مشاہدہ کیا اور جس نے سر کتابت کا مشاہدہ کیا۔ اس نے سرادق الٰہی کو دیکھا۔ اور پھر اس کے بعد کوئی درجہ نہیں ہے۔ جس میں ترقی کی جائے مگر اسی عنایت کے راز کے ساتھ جو اسرار دائرہ رحمانی کے ساتھ محیط ہے۔ اور اب میں تمہارے واسطے ایک مثال بیان کرتا ہوں جس سے جلدی سمجھ میں آ جائے گا۔ وہ یہ ہے کہ ہوا میں ایک دائرہ فرض کرو۔ بغیر ستون کے۔ ظاہر اس کا فوق الفوق

ہے اور باطن اس کا تحت التحت اور اول اس کا اول الاول اور آخر اس کا آخرالآخر ہے اور دایاں اس کا ازل اور بایاں اس کا ابد ہے۔ اور وہ دائرہ جو ا ج د کا دائرہ ہے اور ظاہر اس کا دال ہے اور باطن اس کا باطن الف ہے۔

یہ دائرہ الف کی تفسیر کرتا ہے۔ کیونکہ الف ظاہر ہے بہ نسبت فوق الفوق کے۔ اس لئے کہ اس کے اوپر فوق نہیں ہے اور اس کی بلندی ہی حقیقت توحید ہے۔ بغیر تمثیل اور تشکیک اور تشبیہ اور حصر اور اطلاق اور فوق و تحت کے اور بغیر یمین و شمال اور خلف و امام کے پس سرادق کو سمجھ۔ اور ذکر صادق کی تصدیق کر۔ اگر تو نے اس مہر کو کھول لیا۔ پس تو جنت المعارف میں سلامتی کے ساتھ داخل ہوگیا۔ اور نور رحمونیہ کے ساتھ قائم ہوا گر تو اس کے ساتھ قائم ہوگیا تو گویا اس کے اوپر قائم ہوگیا۔ اور فیض الہیٰ رحموتی جاری ہوا اب تم اس کی حد سے جو مقدم ہوا اور اس کی حد سے جو مؤخر ہوا اور جو باطن ہوا واقف ہوگے اور حقائق کی اشیاء سے تجھ کو بشارت دینے والی ہوں گی۔ اور تیرے نعل کی طرف ڈرانے والی اور تو ان لوگوں سے مل جائے گا جن کی شان میں وارد ہے۔ بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیھم فی الحیٰوۃ الدنیا۔

یعنے وہ لوگ جو از روئے عمل کے نقصان والے ہیں۔ اور جن کی کوشش دنیا میں گم ہوگئی۔ اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اچھے کام کرتے ہیں۔ عالم سرادق میں وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا۔ عالم حجاب میں خدا کی آیتوں اور اس کی ملاقات کے ساتھ عالم سرادق میں حبط ہوگئے اعمال ان کے روز حسرت میں۔ پس نہ قائم کریں گے ہم واسطے ان کے عالم برزخ میں وزن روز بعث میں یہ جزا ان کی جہنم ہے۔ عالم حجاب میں بہ سبب اس کے کہ کفر کیا انہوں نے عالم کرسی میں اور میری آیتوں کا عالم رفرف میں۔ اور میرے رسولوں کا عالم سرادق میں مذاق اڑایا۔ پس اگر یہ لوگ دائرۂ رحمت میں داخل ہو جاتے ہیں تو اسرار ملکوت ان پر رحمت کرتے۔ تنبیہ لا الہ الا اللہ کہنے سے دو دائرے پیدا ہوتے ہیں۔ نفی اور اثبات پس نفی کا دائرہ موحد کے واسطے نفی کے دائروں میں سے ہے یا اثبات کے اور اسی طرح اثبات کا دائرہ اور اس دائرہ میں دو سطریں ہیں۔ ایک نفی عالم عملیات میں اور دوسری سطر اثبات علے العملیات کی۔ اور چونکہ سطر نفی پانچ حروف پر مشتمل ہے۔ اس لئے منفیات بھی پانچ ہیں اعتبارات مراوات سے اور وہ تیرا وجود ہے تصدیق قدرت سے تیرے قیام پر ساتھ اعمال کے۔ پس یہ پانچ تعلقات اعمال ہیں واسطے نفس کے جس نے ان کو قطع کیا۔ وہ دائرہ اثبات میں ترقی کر گیا۔ اور اس میں سات مرتبہ ہیں۔ اس کے حروف کے اعداد کے موافق۔ بس اس وقت اس کی حیات توحید کے ساتھ اور اس کی قدرت رضا کے ساتھ اور اس کا عمل شہود کے ساتھ اور اس کی تصریف حکمت کے ساتھ اور نظر بصیرت کے ساتھ اور شہود حقیقت کے ساتھ اور سماعت کشف کے ساتھ اور نجات توحید ساتھ اس کی حقیقت کا ادراک کرتا ہے اور علم شہود کے ساتھ انواع بقا کا ادراک کرتا ہے۔ پس گذشتہ احوال کے مطلع ہونے سے اس کا نفس خوش ہوا۔ اور حکمت کی گفتگو کرنے سے لغزشوں سے محفوظ رہا۔ اور نظر بصیرت کے حاصل ہونے سے انجام کار سے آگاہ ہوگیا۔ اور اسرار کے سننے سے عالم حقیقت میں رؤیا اس کے لئے ثابت ہوگیا۔ بس یہ انہیں کل باتوں کی فضیلت ہے

اور چونکہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں بارہ حروف ہیں اس لئے دائرہ کمال موجودات یعنی وہ دائرہ جس میں چاروں فصلیں ہیں اور جس میں کل نباتات، حیوانات، جمادات اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔ اس کے بارہ حصے ہیں، یعنے بارہ مہینے ہیں اور ہر روز کی بارہ ساعتیں ہیں پس ہر مہینہ ایک حرف کے ساتھ قائم ہے۔ بلکہ ہر حرف ایک مہینہ میں دورہ کرتا ہے اور ہر مہینہ حروف کے ظروف ہیں اور ان حروف ہی کے سبب سے رحمت نازل ہوتی ہے۔ اور کلمہ ظاہر ہوتا ہے اور حکمت بہتی ہے۔ اور ہدایت اور فوائد واقع ہوتے ہیں اور ارزانی اور نیکیوں کی کثرت ہوتی ہے یہ بیان تو مجملاً ہوا۔ اب مفصلاً اس طرح پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف خفی کے ساتھ ایک روز کو بارہ ساعتوں میں مرتب کیا ہے ہر ماہ سے پہلے ایک ساعت ہے جس میں اس مہینہ کا راز ہے۔ پس فصل ربیع کا راز ربیع کی تین ساعتوں میں ہے خریف کا راز ثوالث کی تین ساعتوں میں اور پیدائش کا راز روابع کی تین ساعتوں میں ہے۔ پس گویا ہر ساعت ان حروف میں ایک حرف کے ساتھ قائم ہے اور چونکہ دن کی بارہ ساعتیں اور اسی کے ساتھ حکم پورا ہوا ہے۔ اور یہ بات کہ عالم بشری حرکت اور سکون سے مرکب ہے لہٰذا اس کا فنا ضروری ہے اسی واسطے اس کے لئے رات مقرر کی گئی ہے جو اس کو پوشیدگی کا وجود اور اس کا رجوع ہے عالم حقیقت کے ساتھ تر نقل اور بعث سے پھر رات کی بھی بارہ ساعتیں ہیں اس لئے محمد رسول اللہ میں بھی بارہ حروف ہیں۔ ہر ساعت اور ہر مہینہ کے واسطے ایک حرف ہے۔ اور چونکہ توحید لا الہ الا اللہ سے مع محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام ہوتی ہے ایسے ہی دن کا دائرہ رات کے دائرہ سے پورا ہوتا ہے اور حکمت خداوندی رات دن میں امتزاج رحمت کے ساتھ کامل ہوئی چنانچہ فرماتا ہے۔ ومن رحمته جعل لكم الليل والنهار لتسكنوا فيه ولتبتغوا من فضله ولعلكم تشكرون۔۔ اور مفہوم اس کا یہ ہوا کہ جس شخص نے ان شرائط کے ساتھ جو ہم نے ذکر کئے ایک بار لا الہ الا الله محمد رسول الله .... کہا تو گویا اس نے ایک سال کامل اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ اور اسی سبب سے حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ افضل کلام جو میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں نے کہا لا الہ الا اللہ ہے اور معلوم ہو کہ چاروں حرفوں کے مقابلہ میں چوبیس عالم ہیں مع سات علوی اور سفلی برزخوں کے اور گیارہ افلاک اور دائرے ہیں۔ اور ہر ایک عالم کے واسطے ایک ابداع اور چار علویات ہیں۔ جو حقائق اوائل عالم اختراع ہیں۔ پس یہ چوبیس عالم ہوئے۔ ان میں سے ہر ایک عالم میں ایک حرف نورانی کا ظہور ہے۔ اور وہی حرف اس عالم کا متولی ہے اور پھر جب کہ عالم اور سفلی کی حقیقت ذات عرش کے واسطے منسوب ہوتی ہے تب یہ اس میں نور کی دوسری سطر سبز نور کی یعنی محمد رسول اللہ۔ پس یہ دونوں نورانی سطریں عرش کے نیچے لکھی ہوئی ہیں۔ اس نورانی لطیفہ کی حقیقت کو سمجھو۔ اور چونکہ وہ آٹھ فرشتے جو عرش کو اٹھاتے ہیں۔ انہیں سے ارواح ملکوتیات اور انوار جبروتیات صادر ہوتے ہیں۔ پس عالم علوی جس سے مراد عرش ہے۔ کل انوار اور نور الانوار ہے۔ اور اس کو روشن کرنے والا اللہ ہے اور وہ فلک کے تین حرف ہیں جن کا ہر حرف نور سے پیدا ہوا ہے۔ پس نور ملکوت عقل کو مدد دیتا ہے۔ اور نور جبروت ارواح

کو مدد دیتا ہے اور نور ملک قلب کو مدد دیتا ہے۔ پس یہ چوبیس ہوئے۔ آٹھ فرشتوں کو تین لوحوں میں ضرب دی تو چوبیس ہو گئے۔ اور اسی سبب سے کلمہ طیبہ عرش پر چڑھتا ہے۔ کیونکہ اس مقام سے اس کو نسبت ہے۔ اور ملکوت میں صعود کرنے کی قوت رکھتا ہے۔

فوائد کلمہ طیبہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ الیہ یصعد الکلم الطیّب والعمل الصالح یرفعہ اور اسی سبب سے حدیث میں وارد ہے اور جو شخص ——— با طہارت کلمہ طیبہ کو پڑھ کر سو رہے۔ اس کی روح عرش کے نیچے رات گزارتی ہے۔ اور اپنے قواسے کے موافق غذا حاصل کرتی ہے۔ اور اسی طرح جو شخص چاند بجھنے کے وقت اس کو پڑھے۔ تمام بیماریوں سے محفوظ رہے۔ اور جو شخص شہر میں داخل ہوتے کے وقت اس کلمہ طیبہ کو پڑھے۔ اس شہر کے فتنوں سے محفوظ رہے۔ اور جو شخص اس خیال سے اس کو پڑھے کہ حالات غیب اس پر منکشف ہوں تو کشف اس کو نصیب ہوگا اگر ان شرطوں کی پابندی کرے گا۔ جو ہم نے ذکر کیں ہیں۔

اور معلوم ہو کہ وہ دن یعنی روز قیامت جس کی مقدار مرتبہ ثانیہ میں پچاس ہزار برس کی ہے۔ اسی کی مقدار مرتبہ ثالثہ میں دو رکعت فجر کے برابر ہے۔ اسی کے واسطے جس پر وحدانیت کا راز کھل گیا اور جس نے لا الہ الا اللہ کہہ لیا۔ اور جس نے نہیں کہا اس کے واسطے وہی پچاس ہزار برس کی مقدار ہے۔

اور معلوم ہو کہ ہر عالم سب کا سب علوی و سفلی سر حیات سے قائم ہے۔ حیات پانی میں رکھی گئی ہے پس اس میں سر جعل ہے۔ اور پانی کے اجزا میں سر حیات ہے۔ پس حا حیات سے ہے۔ سر حیات کے ساتھ اور جیم جعل سے سر جلالت کے ساتھ۔ اور جیم ہی سے سر تسخیر اس کے لئے واقع ہوا ہے۔ اور حا سے سر بقا پس باطن اس کا حا حرارت سے ظاہر ہے اور ظاہر اس کا جیم جلالت سے معلوم ہو کہ سرادقات علیا اور انوار مطہرہ حجاب ہیں انوار عقل پر۔ اور سرادق رحمانیہ ظہور ہیں ارواح مخترعات ہیں۔ اور عقل سرادق علیا ہے۔ جس پر فکر لطیف نے حجاب ڈال رکھا ہے۔ پس ملکوت ازہر کا باطن اجزا و ملکوت ابہر سے ہے۔ اس کو اگر تم سمجھنا چاہو تو اس مثال سے سمجھو۔ کہ چار پرندے لو ایک اسم مکنون دوم مخزون سوم محجوب چہارم اعظم پھر ان پرندوں کو اپنے سے خوب ملاؤ اور جب تم کو ان پر خوب قبضہ ہو جائے۔ اور ان کے راز کا تم مشاہدہ کر لو۔ تب خطیرۃ القدس میں لے جا کر جبل کر ملا لو۔ پھر جبل در حنۃ الطیر پر اعظم کا جزو رکھو۔ پھر طیر مطلوب محجوب کا جزو جبل جبروت پر رکھو۔ اور جبل ملکوت پر طیر مخزون کا جزو رکھو۔ اور جبل رفرف پر طیر مکنون کا جزو رکھو۔ پھر ان کو پکارو تو تمہارے پاس دوڑ کر آئیں گے۔ یہ اس کی سمجھ میں آئے گا۔ جو اسم عزت کی کر چکا ہے۔ اور اگر تو کشفی و نورانی راز سمجھ گیا ہے تو چار پرندے لے کر ان کو ملا۔ پہلا پرندہ حیات ہے۔ دوسرا علم جو خدا تک پہنچائے۔ تیسرا قدرت چوتھا ارادہ حیات کی تحقیق سمات ایمانی سے کرنی چاہیئے جس کو فنا کرے۔ اور علم کی تحقیق سر تفکر کے ساتھ ابداع میں اور جبل ترکیب پر سر قدرت کے ساتھ اور جبل ترتیب پر سر ارادہ کے ساتھ رکھ دو۔ پھر زبان حکمت سے ان کو بلاؤ

دوڑ کر تمہارے پاس آویں گے۔ یہ مطلب اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب بالکل خدا کی طرف متوجہ ہو کر اس کلام قدسی کا مصداق بن جائے کہ خداوند تعالےٰ فرماتا ہے۔ جب بندہ میری طرف تقرب حاصل کرتا ہے تو میں اس کا کان ہو جاتا ہوں مجھ ہی سے وہ سنتا ہے۔ اور میں اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں۔ مجھ ہی سے دیکھتا ہے۔ آخر حدیث تک۔

معلوم ہو کہ دوزخ نے خدا سے شکایت کی۔ کہ اے رب میرے بعض حصہ نے بعض کو کھا لیا۔ تب خدا نے دو سانس لینے کی اس کو اجازت دی۔ ایک سانس گرمی میں۔ دوسرا سانس جاڑے میں۔ اور یہ دونوں مختلف سانس ایک ہی سانس میں سے ہیں اور تفریق ان کی لطافت خفیہ کے سبب سے ہے۔ اور اگر تو فنا کو بقا میں درج کرے۔ اور شہود کو بقا میں۔ پس چار پرندے لے کر ان کو ملا لے اور اس کے وجود کو ان کے شہود میں تحقیق کر لے۔ پھر جبل عقل پر طیر نبوت کو رکھ اور جبل جسم پر طیر صالحیت کو رکھ۔ پھر ان کو بلا تیرے پاس دوڑ کر آویں گے۔ پھر اگر تیرا مقام ثابت رہا تو ان باتوں کو سمجھ لے گا۔ پھر چار پرندے لے کر ان کو ملا۔ ایک طیر عقل جو سر حیات ہے۔ دوسرا طیر روح جو سر علم ہے تیسرا طیر قلب جو سر ارادہ ہے چوتھا طیر سر جو سر قدرت ہے۔ پھر جبل حیات اولیت پر طیر عقل کو رکھ اور جبل حیات آخری پر طیر سر کو اور جبل حیات مخلدہ پر طیر قلب کو رکھ۔ پھر ان کو بلا تیرے پاس دوڑ کر آئیں گے۔

معلوم ہو کہ جس شخص نے خلد کا حلہ پہنا اس کے واسطے تنجیر کا شہود صحیح نہیں ہے اور حلّہ عقل ربانی اور حلّہ روح روحانی۔ کیونکہ عزت قطب حلّہ ہے۔ اگر تو اس مقام میں پہنچنا چاہے تو جس طرح ہم نے بیان کیا ہے اس کے موافق عمل کر۔ اہل حقائق میں سے ایک بزرگ کہتے ہیں میں ایک کشتی میں سوار ہوا جس میں ایک کم تیس تختے تھے۔ اور یہی شرط سفینہ نجات کی ہے اور چاروں فصلوں کے دن میں نے دریا میں گذارے اور موافق ہوا کے میری کشتی چلتی رہی یہاں تک کے میں سمندر کے کنارہ پر پہنچا۔ اور وہاں میں نے نفیس جواہر اور قیمتی یاقوت اور کبریت احمر اور آب حیات کا چشمہ دیکھا جو ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ میں نے اس کا پانی پیا اور اس میں غسل کیا جس کے پینے سے پھر نہیں مرتا۔ اس کے بعد پھر میں اپنی کشتی میں سوار ہو کر اپنے وطن کو واپس ہوا اور یہ میرا سفر مشرق سے مغرب کی طرف تھا۔ اور وہیں وہ مبارک ساحل ہے۔

اور معلوم ہو کہ حرکتیں چار ہیں۔ پہلی حرکت کشف کی ہے۔ دوسری ستر کی۔ اور حرکت کشف ہی حرکت ذاتی ہے۔ اور یہی حرکت عقل اور حرکت سیر اول اور حرکت نفس ہے۔ اور یہی ارادی اور حرکت سیر ہے۔ اور دوسری حرکت ذواتی ہے اور یہی حرکت شوق ہے۔ پس کشف اول اس روز ازل کے واسطے ہے۔ جس دن کہ اس نے عالم ہبا میں عقل سے خطاب کیا۔ اور یہ ہیادی اولیات ہیں اور تیسرا روز کشف ثانی کا ہے۔ جس روز کہ اس نے میثاق لیا۔ اور چوتھا روز سیر ثانی کا ہے اور یہی روز ابد ہے۔ مگر آخر اس کا کشف ہے۔ پس کشف اول عرش اول اور سیر اول کرسی ازل ہے۔ پھر کشف ثانی عرش ابد ثانی کرسی ابد ہے۔ اور یہ سب اطوار اور ادوار در حقیقت رحمانی اور رحق رحیمیہ ہیں۔ اور

حقیقت رحمانیہ سرامتزاجی ہے۔ یعنی وہ نفخہ جو حضرت ربوبیت طاہرہ کی طرف مضاف ہے۔
اور لیکن سر حجابات کا بیان ہمارے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے خدا کی طرف سے اس طرح فرمایا ہے۔ کہ ستر حجاب نور اور ظلمت کے ہیں اگر ان کو ہٹا دے تو اس کے چہرے کی شعاعیں جہاں تک اس کی نگاہ پہنچے۔ وہاں تک جلا دیں۔ اور یہ حجاب تیری نسبت سے ہیں نہ اس کی نسبت سے کیونکہ دونوں طرف سے ان کا ہونا محال ہے۔ کیونکہ جسم ہی سے حجاب کیا جاتا ہے۔ اور خداوند تعالیٰ کا جسم نہیں ہے۔ تیسری بات یہ کہ محجوب یعنے حجاب والی چیز کے واسطے جہت ہونی لازمی ہے اور خدا تعالےٰ جہت سے پاک ہے۔ پس ظلمت کے حجاب سے مراد نور سے انکار کرنا ہے۔ اور نور کے حجاب سے مراد حجاب اولیات ہیں مبادی ذات سے یعنی حقیقت ان کی کیونکہ اگر یہ بات نہ ہوتی تو یہ حجاب زائل ہو جاتے معلوم ہوا کہ لطائف کثائف کے اٹھانے والے ہیں۔

اسرار الٰہی

اور ہیں اب تم کو اسرار اعداد اور تعاقد حروف بتلاتا ہوں معلوم ہو کہ اسرار الٰہی اور اس کی معلومات لطائف اور کثائف اور علویات و سفلیات و ملکوتیات دو قسم ہیں۔ اعداد اور حروف پس حروف کے اسرار اعداد میں ہیں اور اعداد کی تجلیات حروف میں ہیں۔ اعداد علویات روحانیت کے واسطے ہے۔ اور حروف دوائر جسمانیات اور ملکوتیات کے واسطے ہیں۔ اور اعداد اقوال کا راز ہیں اور حروف افعال کا راز ہیں۔ پس عالم عرش اعداد ہے۔ اور عالم کرسی حروف ہے پس نسبت حروف کی اعداد سے ایسی ہے۔ جیسے کرسی کی نسبت عرش سے اور اعداد ہی کے راز سے قدرت سمجھی گئی ہے۔ چنانچہ خود خداوند تعالےٰ سر اعداد کے ساتھ اپنی تعریف فرماتا ہے وکفی بنا حاسبین یعنے کافی ہیں ہم حساب کرنے والے۔ اور اس آیت میں حروف کے ساتھ مدح کی اقرأ باسم ربك آخر آیت تک۔ اور چونکہ کرسی واقع منفصل ہے کرسی محیط سے اس لئے حرف کا یہ مرتبہ اعداد سے مؤخر کیا۔ پس اعداد ہی سے سر عقل ربانی سمجھا جاتا ہے۔ اور سر حروف سر روح روحانی سمجھا جاتا ہے۔ پس عقل کا آخری مرتبہ نفس علویہ کا پہلا مرتبہ ہے۔ اور یہی فیض اول ہے۔ اور جیسے کہ حروف حرف شئے سے ماخوذ ہے۔ یعنے حرف کے معنے کنارے کے ہیں۔ ایسے ہی عدد سے مراد اول اور درمیان ہے۔ اور ہر اول کے واسطے وسط اور طرف ہوتا ہے۔ پس سر حروف ہی سر کرسی اعلےٰ اور کرسی واسع ابہٰی سمجھا گیا ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ عالم علوی اور سفلی کی ذاتیں مختلف ہیں۔ اس لئے کہ وہ کرسی اعلیٰ میں مختلف ہیں اور اس کی نقل واطوار کا کرسی ابہٰی میں اختلاف اول مبادی عرش سے ہے نسبت اول انبعاثات حقائق ملکوتیات سے اور سفلیات کے آخری درجہ کی استمداد عادیات کا پہلا درجہ ہے۔ اور معلوم ہو کہ ابہٰی نور اول کا فیض ہے اور کرسی واسع نور ثانی کا فیض ہے۔ اور کرسی اعلیٰ نور ثالث کا فیض ہے۔ پس فیض اول ہی فیض ثالث ہے اور ثالث ہی اول حروف اور آخر مرتبہ عدد ہے۔ اور یہی وہ راز ہے جس سے حقیقت بشر کے ساتھ تعبیر دی گئی

گئی ہے۔ اور اس آیت میں اس کی طرف اشارہ ہے انی خالق بشرا من طین یعنے فرماتا ہے۔ میں ایک بشر مٹی سے پیدا کرنے والا ہوں۔ اور جب کہ وہ تیار ہوگیا۔ اس وقت اس کو اس کے حقیقی نام انسان سے خطاب کیا۔ اور فرمایا فاذا سویتہ ونفخت فیہ من روحی فقعوالہ ساجدین یعنے جب میں نے اس کو تیار کیا۔ اور اپنی روح اس کے اندر پھونکی۔ پس گر پڑنا تم اس کے واسطے سجدہ میں۔ یعنی دونوں آخری قبضے اور فیض اول پس عالم کا کل علوی ہے یا سفلی انہیں تینوں اضافتوں کی حقیقت سے۔ کیونکہ عالم میں کوئی ایسا ہے۔ جس نے ایک فیض اٹھایا۔ اور کوئی ایسا ہے جس نے دو فیض اٹھائے۔ اور کوئی ایسا ہے جو تین فیض اٹھائے اور یہی عالم قطب حاوی ہے۔ اور اسی سبب سے حامل ثابت ہے۔ ذاتوں کے واسطے اصل فیض کرسی معلومہ پر اور اپنے اعداد کے حقائق کا بدلنے والا نہیں ہے اور نہ اپنے ذوات جرم کا متغیر کرنے والا ہے۔ بسبب اس کے جو عالم حقیقۃ بشریہ اور سر ترکیب میں جو حقائق کرسی اعلیٰ ہیں ظاہر ہوتا ہے کہ یہ عالم کا ذکر ہے اور حقیقت عالم انسانی جو کرسی واسع عالم جبروت ہے وہ بھی اس کے سامنے ظاہر ہوتی ہے۔ اور روح علویہ کے حقائق میں کرسی الٰہی کے اسرار بھی موجود ہوتے ہیں۔ پھر نشاۃ آخرے یعنے صور قیامت کی حقیقت بھی پائی جاتی ہے۔ پس اس وقت اس کی ذات کامل اور اس کی حقیقت ظاہر ہوتی ہے۔ پھر جو شخص خط مستقیم سے نکل کر خط منحرف پر چلا گیا وہ تحصین میں داخل ہو گیا خط منحرف کو جب خط منحرف کی طرف مضاف کریں اور دونوں کو نکالیں تو دونوں مل جائیں گے۔ اور ایسے ہی مستقیم کو جب مستقیم کی طرف مضاف کریں تو وہ بھی دونوں مل جائیں گے۔ پس جس نے عالم برزخ کی طرف انتقال کرنے کے وقت اس کو پورا کیا۔ اس نے تینوں عرشوں کے حقائق کے ساتھ ترقی کی۔

اور یہ جو ہم نے بیان کیا ہے۔ کہ لطائف وکثائف کے ساتھ قائم ہیں۔ اس کے راز کو سمجھو۔ اور اس کی حقیقت کو معلوم کرو۔ یہ بات حق ہے کہ جس نے اپنے نفس کو پہچانا۔ اس نے اپنے رب کو پہچانا۔ اور معرفت الٰہی سے زیادہ شریف کوئی چیز نہیں ہے۔ جو شخص اس لطیفہ کا راز سمجھا وہ نفس لطیف کا راز اور کثائف سے اس کی نسبت کو بھی سمجھ گیا۔ پس اس راز کو سمجھو۔ یہ اتصال ہے۔ ساتھ معرفت کے۔ اور ان ریاضیات کا راز ہے جو بالکلیہ اس کی طرف پہنچاتی ہے۔ اور پھر اس کے بعد فیض اور فتح ربانی تجھ پر مفتوح ہوگی۔ جو تجھ کو دائرہ حصر ترکیبی سے نکال کر دائرہ اطلاق تشکلی میں پہنچا دے گا۔ پھر اس وقت یہ پردہ کھل جائے گا۔ اور میدان وسیع تیرے واسطے ظاہر ہوگا۔ اور سدرۃ المنتہی پر تو ترقی کرے گا۔ اور جنت الماویٰ میں اترتا پھرے گا۔ یہ میں نے تیرے واسطے راز پوشیدہ اور علم کامل کی تصریح کی ہے۔ ایمان والوں کو خدا وند تعالےٰ زندگانی دنیا اور آخرت میں قول ثابت کے ساتھ ثابت قدم رکھتا ہے۔ اللہ تعالےٰ ہم پر عالم میں اپنی حقیقت ثابت رکھے۔ اور اپنی رحمت ہم پر پھیلا دے بے شک وہ

سلہ بے شک میں پیدا کرنے والا ہوں ایک بشر کا مٹی اور پانی سے ۱۲

بزرگ و مہربان ہے۔ پس یہ ہے حقیقت تشکیک ارواح اور امدادیات اور حقائق محجوبات کی انوار عظمت ہیں تو اس کے ساتھ ایمان لانے والا۔ اور اس کے حقائق کی تصدیق کرنے والا ہو جا۔ خدا تعالےٰ تجھ پر رحمت کرے گا اپنے احسان و عنایت سے بیشک احسان اس کا بہت عام ہے۔ اور جس کو وہ چاہتا ہے سیدھے راستہ کی ہدایت کرتا ہے۔ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اس کا درود و سلام ہو۔

فوائد اسم اعظم اور اس کی تصریفات

معلوم ہو کہ اسم اعظم سے بہت اشارات و خواص ہیں۔ اور میں ان کو واضح طور پر بیان کرتا ہوں تاکہ ان اسرار سے طالب کو فائدہ پہنچے۔ اور وہ اس کے معانی و عجائب کو سمجھے۔

علاج ہر بیماری یہ اسم ہر ایک بیماری اور درد کو آرام کرتا ہے۔ اور حفاظت کے واسطے یہ ایک مضبوط قلعہ ہے۔ اس کو لکھ کر میت کے ساتھ قبر میں دفن کرے۔ تو میت عذاب قبر سے محفوظ رہے۔ اور اگر اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے قبول عظیم ہو۔ اور جب کسی بادشاہ یا امیر کے پاس جائے۔ اس کے شر سے محفوظ رہے۔ اور ہر ایک دشمن پر غالب ہو گا۔ اور یہ اسم سحر کو باطل کرتے اور مفقود کے کھولنے اور قیدی کے واسطے مفید ہے۔

علاج مرگی اور مرگی والے کو بھی فائدہ کرتا ہے اور جنات کا خلل بھی جاتا رہتا ہے۔ اگر جنات نہ بھاگے گا تو جل جائے گا۔ اور اگر کوئی شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں چاندی کی انگوٹھی پر اس کو نقش کرے۔ اور نقش کرنے والا روزے دار ہو۔ پھر اس کو پہن لے۔ پس جس کی نظر اس پر پڑے گی اس سے محبت کرے گا۔ اور اس کی حاجت پوری کرے گا۔ اور اگر بادشاہ کے پاس جائے گا۔ کامیاب ہو گا۔ اور انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہننی چاہیئے۔ اور اگر جنگ میں جائے۔ تو بائیں ہاتھ میں پہنے اور اگر اس انگوٹھی کو ویران مکان میں رکھے تو وہ آباد ہو۔

عمل شادی جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو۔ وہ اس کو پہنے تو شادی ہو جائے اور اگر کوئی شخص فزاقوں سے ڈرتا ہو تو امن میں رہے گا۔ اور اگر لشکر کے نشان پر اس کو نصب کیا جائے۔ تو مظفر و منصور ہو۔ بادشاہ چین نے کفاروں کے ایک شہر پر لشکر کشی کی۔ اور بہت مدت تک اس کا محاصرہ کیا۔ یہاں تک کہ مسلمانوں نے اس کے گرد ایک دوسرا شہر آباد کر دیا۔ مگر وہ شہر فتح نہ ہوا۔ آخر اس بادشاہ نے لاچار ہو کر ایک بزرگ کو تلاش کروایا۔ اور ان سے دعا کی درخواست کی۔ ان بزرگ نے یہی اسم بادشاہ کو مکرر مبسوط لکھ کر دیا۔ اور کہا کہ اس کو اپنے سر پر رکھو اور کفاروں پر دھاوا کرو۔ فتح کرو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کہ ایک ساعت میں قلعہ فتح ہو گیا۔ اور بہت غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ آئی۔ اس میں سے کچھ نذرانہ بادشاہ نے ان بزرگ کو بھیجا۔ انہوں نے قبول نہ کیا۔ اور فرمایا میرے پاس

غنیمت کپڑے ہیں مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔

حکایت آل جعفر منصور میں سے ایک شخص کو بادشاہ نے قتل کرنے کے واسطے بلایا۔ جب وہ شخص دربار میں
حاضر ہوا تو بادشاہ نے اس کی گردن مارنے کا حکم دیا۔ جلاد نے تلوار ماری۔ مگر اس نے کچھ اثر نہ کیا۔
یہاں تک کہ تین مرتبہ یہی ہوا۔ تب بادشاہ نے حکم دیا کہ اس کے کپڑے اتار کر دیکھو کہ اس کے پاس کیا چیز ہے۔ چنانچہ جب
دیکھا گیا تو یہی اسم اعظم ایک کاغذ پر لکھا ہوا اس کے پاس سے نکلا۔ اور یہ سات حروف ہیں۔ ان کو بہت حفاظت سے
رکھنا چاہیئے۔ اور یہ حروف کعبہ شریف کے دروازے پر لکھے ہوئے تھے۔ اور اکثر اعمال میں یہ حروف کام آتے ہیں
اور خزانے بھی اسی سے نکلتے ہیں۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ اس اسم کو زعفران سے لکھ کر سفید مرغ کی گردن میں باندھے
اور جہاں دفینہ کا خیال ہو اس کو چھوڑ دے۔ اسی جگہ وہ مرغ کھڑا ہو کر چونچ سے کھود دے گا۔ اور آواز دے گا۔
اور جب تم کو کسی مکان یا قلعہ کا برباد کرنا منظور ہو تو اس خاتم خیر کو موم پر ایک طرف نقش کر کے دوسری طرف خاتم شر کو
نقش کر دو۔ اور دروازے کے نیچے دفن کر کے اوپر سے حمام کی موری کا جوڑ اچھڑک دے۔ اور جب تو کسی شخص کو
کسی جگہ سے نکالنا چاہے تو اس شخص کے اس کی ماں کے نام کے ساتھ اس اسم کو لکھ کر ایک چڑیا کے پیر میں باندھے
اور اس کو اپنے بائیں ہاتھ میں لے کر پیٹھ کے پیچھے چھوڑ دے۔ اور چھوڑتے وقت کہہ دے کہ فلاں شخص اس جگہ
سے بھاگ جاوے بطفیل ان اسماء کے۔ اور نیز اسی کام کے واسطے ایک کاغذ پر خاتم شر کو لکھ کر حمام کے جوڑے
سے دھوئے۔ اور ساعت منحوس میں جس مکان میں ڈالے گا۔ وہی مکان برباد ہوگا۔ اور یہ الفاظ کہے یا خدام

هذه الاسماء بكذا وكذا فاصبحوا لا يُرى الا مساكنهم الاية الوحا العجل

اور جب تم کسی پر پتھر برسانے چاہو تو آیت شر کو ایک کوری ٹھیکری پر لکھ کر مکان کی چھت پر گاڑ دو۔ اور یہ آیت بھی
اس پر لکھ دینا۔ وامطرنا علیهم حجارة من سجیل اور سورۂ فیل اور بخور بھی شر کا روشن۔ اگر تم کسی
کو جلانا یا اس کے گھر میں آگ لگانی چاہو تو ساعت منحوس میں خاتم شر کو شمع پر لکھو۔ اور موکل کے سپرد کر دو۔ پھر اس
شمع کو روشن کر دو۔ جس وقت آگ سے اسم پگھلے گا۔ فوراً وہ دشمن اور اس کا گھر آگ سے جلے گا۔ بعض عالموں نے اس
کو ظالم بادشاہوں کے واسطے کیا ہے۔ اور وہ ہلاک ہوا ہے۔ اور جب یہ چاہے کہ کشتی دریا میں نہ چلے۔ اور
اگر چلے تو ڈوب جائے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ کہ خاتم شر کو ایک لکڑی پر حمام کی موری کے پانی اور اس دریا کے
پانی سے لکھ کر اور کچھ پانی منہ میں لے کر کشتی میں کلی کر دے۔ پس وہ کشتی نہ چلے گی۔ اور مامون خلیفہ جب دریا
دجلہ میں فرجہ ڈالنا چاہتا تھا۔ تو اس خاتم کو ایک بلند جگہ میں سفید ریشم کے دھاگے میں باندھ دیتا۔ ہر طرف سے
موجیں اس پر متوجہ ہوتیں۔ اور لوگ ڈوبنے کے قریب ہو جاتے پھر ان کو خبر ہوتی کہ خلیفہ کی کارستانی ہے تب وہ
فریاد کرتے اور غل مچاتے۔ اس وقت وہ اس تعویذ کو منگوا لیتا۔ اور طوفان دریا کا جاتا رہتا۔ اور اگر کسی

بیمار کی بیماری دور کرنی ہو تو یہ خاتم اس کی پیشانی پر لکھ دے اور عزیمت کو پڑھے۔ آرام ہوگا۔ اور جب قیدی کے خلاص کرنے کا ارادہ ہو تو تھوڑی سی قبر کی مٹی لے کر قیدی اپنے گریبان میں سے نکالے اور پھر الٹا کرے اور عزیمت پڑھے خلاصی پاوے گا۔

غائب کو حاضر کرنا جب کسی آدمی کو دور سے بلاتا ہے تو اس خاتم کو اس کے نشان قدم پر اگر ممکن ہو تو لکھے ورنہ ایک کاغذ پر مع اس کے نام لکھے۔ اور اطفاء جان کی دھونی دے کر ہوا میں لٹکائے۔ بہت جلد حاضر ہوگا۔

اور معلوم ہو کہ اس اسم کے سب اعمال صحیح ہیں مگر ریاضت و روزہ کی شرط ہے اور ترک دنیا کرے تاکہ مقصد حاصل ہو۔ حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے۔ قرآن شریف کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن ہے۔ ظاہر تو وہ ہے جو دیکھا جاتا ہے۔ اور باطن عزیمت ہے اگر ہنڈیا جوش کھا رہی ہو اس پر خاتم کو لکھ دے۔ اس کا جوش جاتا رہے گا۔ اور جب تم کسی غائب کا بلانا چاہو تو اس خاتم کو ایک ورق پر لکھ کر اس کے گرد والسماء والطارق لکھ دو جدا جدا حرف اور پھر اس کو سورج کے سامنے ساعت موافق میں جب کہ قمر برج ہوائی میں ہو لٹکا دو اور ۲۱ بار عزیمت کو پڑھو فوراً وہ شخص حاضر ہوگا۔

دشمن کی آنکھ میں درد پیدا کرنے کا عمل جب تو چاہے دشمن کی آنکھ میں درد ہو۔ تو موم کی ایک مورت بنا کر اس کی صورت جس پر عمل کرنا چاہتا ہے۔ اور اس پر خاتم کو نقش کر کے اس مورت کی دونوں آنکھیں پھوڑ دے دو کانٹوں سے۔ پھر اس کو ایک سیاہ ہانڈی میں رکھ کر تھوڑی بغیر بجھی سفیدی اس پر ڈال کر حمام کا چوڑا اس پر ڈالے۔ اس عمل کے کرتے ہی معمول آنکھوں کو پکڑ کر چیخے گا۔ کہ ہائے آنکھوں میں آگ لگ گئی۔ پھر اس ہنڈیا کو ایسی جگہ دفن کرے۔ جہاں آگ جلا کرتی ہو۔ پھر جب اس شخص کو تندرست کرنا منظور ہو تو اس مورت کو نکال کر پانی میں ڈال دے معمول تندرست ہو جائے گا۔

معلوم ہو کہ شہادت توحید کی حقیقت وہی ہے جو خدا تعالےٰ نے اپنی ذات کے واسطے شہادت دی اس واسطے کہ وہ خود اپنی ذات کا آپ شاہد ہے اور اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہا اس نے اپنا شاہد بنا لیا۔ ان کے پیدا کرنے سے پہلے ان کی تنبیہ کے واسطے یا بایں طور کہ وہ خود عالم ہے اپنی شہادت کا اپنی ذات کے واسطے جو اس نے صدق کی شہادت دی یہانتک کہ انہیں صادقین موحدین کی شہادت قبول کی جاتی ہے۔ جو عنقریب آئیں گے اور اس کو پہچانیں گے۔ اور اس کی توحید کریں گے اور اس کے معبود اور رب ہونے کی شہادت دیں گے۔ چنانچہ اس آیت میں شہد اللہ سے ظاہر ہے کہ پس یہ شہادت اضطراری ہے کیونکہ اس کی عظمت اور آثار غیب کے ظاہر دیکھنے سے یہ شہادت دی گئی ہے اور وہ لوگ اسی جبلت پر پیدا کئے گئے ہیں اور اولوالعلم سے علماء مراد ہیں جو اہل حقائق ہیں اور فرد کے ساتھ منفرد ہیں کل سے۔ احد صمد کی توحید کرتے ہیں۔ اسماء حق کے معانی اور حقائق صفات کو جانتے ہیں۔ اور غیبوں کا معائنہ کرتے ہیں۔ شہروں میں خدا کی حجت ہیں۔ اور بندوں کی پناہ ہیں۔ حضوری میں ان کا مقام ہے اور مقعد صدق میں بادشاہ قادر کے پاس ان کے بلند مرتبے ہیں۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں خدا تعالےٰ نے یہ گواہی مخلوق سے ان کے پیدا کرنے سے دو ہزار برس پہلے لی تھی۔ اور ایک روایت میں ہے کہ بارہ ہزار برس پہلے ہر سال ۳۶۰ دن اور ہر دن ہمارے حساب سے ایک ہزار برس کا۔ بزرگوں سے منقول ہے کہ دریاء دلالت میں خوض کرنا نہ چاہیئے کیونکہ وہ تفرقہ کا موجب ہے بلکہ دریاء فہم میں اس آیت شہد اللہ کو سن کر خوض کرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ مقام بحر ہے وہی اول ہے اول میں اور وہی آخر ہے آخر میں۔ پھر اس کے بعد لا الہ الا ھو کے دریاء اسرار میں خوض کرتا ہے۔ اور یہ ذوق سے متعلق ہے۔ معلوم ہو کہ قرآن عظیم میں تین قسمیں ہیں۔ ایک قسم ذات وصفات اور توحید پر دلالت کرتی ہے۔ اور ایک قسم امور شرعیہ پر اور ایک قسم معرفت امور آخرت پر دلالت کرتی ہے۔

علامت عارف

اس شخص کی علامت جس شخص نے خدا کو پہچاننے کے حق کے ساتھ پہچانا یہ ہے کہ اگر اس کے اسرار پر مطلع نہ ہو تو اس کا علم بھی نہ پائے اور اللہ تعالےٰ نے اس حالت کے ساتھ بعض لوگوں کو بعض

پر فضیلت دی ہے۔

اللہ کی قربت جب تم کو یہ منظور ہو کہ خدا کو تمہارے مقام کے روشن پر تو نے تم کو دکھائے تو اپنے اعضا کو کسل اور سستی سے روکے اور نفس اور عقل اور قلب کو جدل اور زلل اور روح کو امید و تملے اور سر کو رویہ عمل سے باز رکھے۔

توفیق الٰہی قاعدہ تحقیق کا یہ ہے کہ اشارہ کے سمجھنے میں تیرے واسطے توفیق خداوندی کی ضرورت ہے جس کو خدا تعالے ہدایت کرنی چاہتا ہے اس کے دل کو اسلام کے واسطے کھول دیتا ہے۔ اور پھر باوجود اس کے چار قاعدے بندے کے واسطے مقرر ہیں توحید سب سے زیادہ ضروری ہے اور فقیر کے واسطے اور ارادہ اور ادراک بس یہی چاروں اصل اصول ہیں اور انہیں پر تحقیق کی بنا ہے جس کو یہ حاصل ہو گئے وہ کمال انسانی کو پہنچ گیا اور خلاص روحانی اور تعلق رحمانی اس کو حاصل ہوا۔ جس سے پورا تصرف کر سکتا ہے۔

تاثر عمل خالی مکان میں بیٹھ کر دل کو خواص طبعی سے خالی کر اسم کی تاثیر تجھ پر ظاہر ہو گی اور وہ لطف تجھ کو حاصل ہو گا جس سے تو حیران اور متعجب رہ جائے گا اور دیکھے گا کہ میں بھی جبروت اعلیٰ کا ایک جزو ہوں اور نورانی محبت تجھ پر جلوہ گر ہو گی اور ایسا نور تجھ کو اپنے اندر معلوم ہو گا جس کی سنبھال تجھ سے نہ ہو سکے گی اور نیز ادراک ذہن عاجز اور فہم قاصر رہ جائے گا۔ اور اس مقام سے تجھ کو تنزل ہو گا۔ پھر کوشش کر کے وہاں پہنچنا چاہیئے یہاں تک کہ اس مقام سے الفت ہو جائے اور پھر تنزل واقع نہ ہو۔

عمل مشکل کشائی مقاتل بن سلیمان سے روایت ہے کہ جس شخص کو کوئی مشکل کام پیش آئے لازم ہے کہ وضو کر کے اپنے گھر کے سب سے پرلے یعنی آخری حصہ میں داخل ہو کر دو رکعت نماز نہایت خوبی کے ساتھ ادا کرے اور سلام کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ مَلِيْكٌ مُّقْتَدِرٌ وَّاِنَّكَ عَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ ذُنُوْبِيْ سَلَفَتْ وَاخْتَسَفَتْ وَجْهِيْ وَعَظُمَتْ خَطِيْئَتِيْ وَحَالَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ قَضَآءِ حَاجَتِيْ فَاِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيْمِ عَفْوِكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَغْفِرَلِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَتُفَرِّجَ عَنِّيْ پھر پکار کر کہے۔ يَا مُحَمَّدُ يَا اَحْمَدُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اِنِّيْ اَتَوَسَّلُ وَاَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى لِيَغْفِرَلِيْ وَيَرْحَمَنِيْ وَيَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَحَوَآئِجِيْ وَيُفَرِّجَ كَرْبِيْ وَهَمِّيْ وَغَمِّيْ ۔ پھر اگر اس وقت رونا آجائے، تو یہ مقبولیت کی علامت ہے۔ دعا مانگ قبول ہو گی ورنہ دوبارہ سہ بارہ عمل کرے

دعا امام مقاتل مقاتل رضی اللہ عنہ ہی سے ایک اور مجرب دعا منقول ہے جس سے عیسیٰ علیہ السلام

مردہ کو زندہ کرنے کے لئے، جب تو اس دعا کو پڑھنا چاہے تو صبح کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھ کر ایک سو بار۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا فَرْدُ یَا اَحَدُ یَا وِتْرُ یَا صَمَدُ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

پھر جو دعا مانگے قبول ہوگی اور اگر قبول نہ ہو۔ تو مقاتل کو لعنت کرے۔

دعا دافع مصیبت جس شخص کو کوئی مصیبت درپیش ہو اس کو چاہیئے کہ شب جمعہ کو غروب آفتاب کے بعد غسل کر کے اعتکاف میں بیٹھے اور کسی سے کلام نہ کرے یہانتک کہ عشاء کی نماز پڑھ کے وتر کے آخری سجدہ میں یہ الفاظ سو بار کہے۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِکَ اَسْتَغِیْثُ یَا اَللّٰہُ۔ اور حاجت مانگے پوری ہوگی

دعا حاجت روائی امام ترمذی انس رضؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو کوئی حاجت خدا سے یا بندہ سے ہو وہ دو رکعت نماز پڑھ کے یہ دعا مانگے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا کَشَفْتَہٗ وَلَا کَرْبًا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً اِلَّا قَضَیْتَھَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

قضاء حوائج کے واسطے یہ دعا بڑی عظیم النفع ہے دو رکعت نماز پڑھ کے خلوص نیت کے ساتھ خدا کی حمد کر کے استغفار پڑھ کے آنحضرتؐ پر درود و سلام بھیج کر یہ

(حواشی صفحہ نمبر ۲۴۷) لہ اے اللہ بیشک تو بادشاہ قدرت والا ہے اور بیشک تو ہر چیز پر جس کو تو چاہے قادر ہے۔ اے اللہ اگرچہ میرے گناہ گم ہو گئے اور مختلف ہوئی توجہ میری اور عظیم ہے خطا میری اور حائل ہے درمیان میرے اور میری قضا حاجت کے پس میں سوال کرتا ہوں ساتھ جلال تیری ذات بزرگ کے اور تیرے عظیم عفو کے اور توبہ کرتا ہوں تیری طرف ساتھ تیرے نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ کہ بخشے تو گناہ میرے اور رحم کر مجھ پر اور میرا رنج دور کر دے اے محمد احمد اے ابوالقاسم میں وسیلہ گردانتا ہوں آپ کو اور توجہ دلاتا ہوں آپ کے ساتھ خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں تاکہ بخشے مجھ کو اور رحم کرے مجھ پر اور پوری کرے حاجتیں میری اور دور کرے رب میرا رنج و غم میرا ۱۲ سید یس علی نظامی مترجم کتاب ہذا (حواشی صفحہ ہذا) لہ نہیں ہے حول اور نہ قوت مگر خدا برتر و بزرگ ہی سے اے اللہ تجھ سے سوال کرتا ہوں اے قدیم اے دائم اے خدا اے برتر اے بے نیاز اے زندہ اے قائم اے جلال اور بزرگی والے پس اگر پھریں وہ تو کہہ کافی ہے مجھ کو اللہ تعالیٰ نہیں ہے معبود مگر وہ اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہی رب ہے عرش عظیم کا ۲ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ حلم والا بزرگ، نہیں ہے معبود مگر اللہ رب عرش عظیم کا، نہیں ہے معبود مگر اللہ پاک ہے رب ساتوں آسمانوں کا اور زمینوں کا اور رب عرش کریم کا اے اللہ مانگتا ہوں میں تجھ سے اسباب تیری رحمت کے اور بڑی مغفرت تیری اور غنیمت ہر نیکی سے اور سلامت ہر گناہ سے نہ چھوڑ میرا گناہ مگر کہ بخش اسکو اور نہ رنج و غم مگر کہ دور کر اسکو اور کرب مگر کہ کھول دے اسکو اور نہ حاجت مگر کہ پورا کر اسکو رحمت اپنی سے اے ارحم الراحمین ۱۲ ❊

دعا پڑھے ۔ اَللّٰهُمَّ یَا جَامِعَ الشَّتَاتِ وَیَا مُخْرِجَ النَّبَاتِ وَیَا مُحْیِیَ الْعِظَامِ الرُّفَاتِ وَیَا مُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ وَیَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَیَا مُفَرِّجَ الْکُرُبَاتِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ وَیَا فَاتِحَ خَزَائِنِ الْکَرَامَاتِ وَیَا مَالِكَ خَوَاتِمِ الْعَالَمِیْنَ سَمِعَ سَمْعُكَ الْاَصْوَاتَ وَاَحَاطَ عِلْمُكَ بِکُلِّ شَیْءٍ اَسْأَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِقُدْرَتِكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَبِاسْتِغْنَائِكَ عَنْ جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِحَمْدِكَ اَنْ تَجُوْدَ عَلَیَّ بِحَاجَتِیْ ...... اور حاجت کا نام لے پوری ہوگی ۔

دعائے بصارت حسن بن سالم کہتے ہیں کہ میری دادی اندھی تھی اس کے پاس رات کو ایک شخص نے آکر کہا کہ میں تجھ کو ایسی بات بتاتا ہوں جس سے خداوند تعالیٰ تیری بینائی واپس کردے میری دادی نے کہا خدا تیری مغفرت کرے اس نے کہا اپنے ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھو پھر ہاتھوں کو اپنے منہ پر اور آنکھوں پر مل لے چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی واپس کردی اور اس نے اپنے آگے ایک بزرگ کو کھڑے ہوئے دیکھا پھر وہ غائب ہوگئے اور میری دادی نے مرنے کے وقت اس دعا کو بیان کیا ۔ اور یہ دعا شروع سورۂ حدید سے علیم بذات الصدور تک اور آخر سورۂ حشر ہے ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کسی نے ایسی دعا کی نسبت سوال کیا جو حضور نے خاص آپ کو تعلیم کی ہو ۔ حضرت علیؓ نے فرمایا ۔ مجھ کو یہ خیال نہیں تھا کہ کوئی مجھ سے اس کا سوال کریگا ۔ پھر فرمایا شروع سورۂ حدید کی چھ آیتیں اور لو انزلنا ہذا القرآن سے آخر سورۂ حشر تک پڑھ کے کہے اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ هُوَ کَذَا اَوْ کَذَا اِفْعَلْ بِیْ کَذَا اَوْ کَذَا ۔ پھر جو دعا مانگے مقبول ہوگی ۔

دعائے نجات برائے رنج وغم شیخ ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں ایک رات مجھ کو بے حد رنج وغم تھا اس وقت مجھ کو الہام ہوا کہ یہ دعا پڑھ ۔ اِلٰهِیْ مَنَنْتَ عَلَیَّ بِالتَّوْحِیْدِ وَالطَّاعَاتِ وَالْخَلْطَةِ فِی الشَّهْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْمَعْصِیَةِ وَطَرَحَتْنِی النَّفْسُ فِیْ بَحْرِ الْهَوٰی وَالظُّلْمَةِ فَهِیَ مُظْلِمَةٌ وَعَبْدُكَ مَظْلُوْمٌ مَحْزُوْنٌ مَهْمُوْمٌ مَغْمُوْمٌ قَدِ الْتَقَمَهُ الْهَوٰی وَهُوَ یُنَادِیْكَ بِنِدَاءِ الْمَعْصُوْمِ الْمَحْبُوْسِ عَبْدِكَ یُوْنُسَ وَیَقُوْلُ لَا اِلٰهَ

لہ اے اللہ اے جمع کرنے والے متفرق چیزوں کے اے نکالنے والے نباتات کے اے زندہ کرنیوالے پرانی ہڈیوں کے اور اے قبول کرنے والے دعاؤں کے اور اے پورا کرنے والے حاجات کے اور اے کھولنے والے کربوں کے سات آسمانوں کے اوپر سے اور اے کھولنے والے خزانوں کرامات کے اور اے مالک سارے جہانوں تمام عالم کے سنتا ہے کان تیرا تمام آوازوں کو اور احاطہ کیا ہے تیرے علم نے تمام چیزوں کا مانگتا ہوں تجھ سے تیری قدرت کے ساتھ جو ہر چیز پر ہے اور تیرے استغنا کے ساتھ کل مخلوقات سے اور تیری حمد اور بزرگی کے ساتھ یہ کہ احسان کرے تو مجھ پر میری قضا حاجت کے ساتھ ۱۲ ﷺ اے اللہ احسان کیا تو نے مجھ پر توحید اور طاعت کے ساتھ اور گھیر لیا ہے مجھ کو شہوت اور غفلت معصیت نے اور پھینک دیا ہے مجھ کو نفس نے دریائے خواہش اور ظلمت میں پس وہ اندھیرا ہے اور تیرا بندہ مظلوم ہے اور غمگین اور رنجیدہ ہے خواہش نے اس کا لقمہ کرلیا ہے اور پکارتا ہے مثل پکارنے تیرے بندے حضرت یونس علیہ السلام معصوم اور محبوس کے اور کہتا ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو پاکی ہے تجھ کو بیشک میں ظالموں میں سے ہوں ۔ پس میری بھی دعا قبول کر جیسے کہ ان کی دعا قبول (باقی بر صفحہ آئندہ)

إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ فَاسْتَجِبْ لِي كَمَا اسْتَجَبْتَ لَهُ وَاهْدِنِي بِعِزِّ الْمَحَبَّةِ فِي مَحَلِّ التَّفْرِيْدِ وَالتَّوْحِيْدِ وَالْوَحْدَةِ وَأَنْتَ اللَّطِيْفُ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ وَلَيْسَ لِي إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَلَا تُخْلِفُ وَعْدَكَ لِمَنْ آمَنَ بِكَ فَإِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ.

ظالم کی بربادی کی دعا

یہ دعا امام محمد بن ادریس خوارزمی رحمہ اللہ کی ہے۔ اس دعا سے فرشتے کانپتے ہیں اَللّٰهُمَّ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِمَا يُرِيْدُ يَا ذَا الْعِزَّةِ الَّتِي لَا تُرَامُ وَالْمُلْكِ الَّذِي لَا يُضَامُ يَا مَنْ عَلٰى نُوْرِهٖ أَرْكَانَ عَرْشِهٖ يَا مُغِيْثُ أَغِثْنِي إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اور ایک دوسری روایت میں اس طرح ہے يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِمَا يُرِيْدُ أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِي مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِي قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ أَغِثْنِي تین بار فرماتے ہیں ایک مظلوم نے یہ دعا پڑھی اسی وقت ایک لڑکا کی آواز آسمان سے آئی اور ایک اسما ہاتھ میں برچھا لئے ہوئے نازل ہوا اس قزاق پر جو اس مظلوم کو قتل کرنا چاہتا تھا قتل کیا۔ اور کہا اے زید جب تو نے پہلی مرتبہ خدا سے دعا کی تو میں ساتویں آسمان پر تھا جبرائیل نے آواز دی کہ اس مظلوم کی مدد کو کون جاتا ہے میں نے کہا میں جاتا ہوں۔ پھر جب تو نے دعا کی تو میں آسمان دنیا پر تھا پھر جب تو نے تیسری بار دعا کی تو میں آن پہنچا۔ اور جو اس دعا کو پڑھ کر دعا مانگے گا۔ اس کی دعا قبول ہوگی۔ پھر جب زید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے تجھ کو اپنا اسم اعظم تلقین کیا جس کے ساتھ جو دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے۔

استخارہ مجربہ

جب تم کو کسی کام کا انجام معلوم کرنا ہو تو چھ رکعتیں عشاء کے بعد پڑھو۔ دو، دو کر کے پہلی رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ والضحیٰ دوسری میں والتین تیسری میں الم نشرح چوتھی میں القدر پانچویں میں

(بقیہ صفحہ سابقہ) کی اور ہدایت کر مجھ کو عزت محبت کے ساتھ محل تفرید اور توحید میں تو مہربان عنایت اور بخشش کرنیوالا ہے اور نہیں ہے میرے واسطے مگر تو اکیلا بلا شریک کے تو وعدے کا خلاف نہیں کرتا اس واسطے جو تجھ پر ایمان لاتا ہے بیشک تو نے فرمایا ہے اور قول تیرا حق ہے پس قبول کیا ہم نے واسطے اسکے اور نجات دی ہم نے انکو غم سے اور ایسے ہی نجات دیتے ہیں ہم مومنوں کو اور اللہ تعالیٰ حضرت سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکو آل اور اصحاب پر درود بھیجے ۱۲ ؎ اے اللہ اے محبت والے اے عرش مجید والے اے پیدا کرنیوالے اے اعادہ کرنیوالے اے عزت والے جو فنا نہیں ہوتی ہے اور اے ایسے ملک والے جو زائل نہیں ہوتا ہے اے وہ ذات جس کا نور اسکے ارکان عرش بلند پر ہے اے مغیث مدد کر میری بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اے کرنیوالے ہر اس چیز کے جس کا ارادہ کرے میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ جسنے ارکان عرش کو بھر دیا اور تیری قدرت کے ساتھ جو تمام مخلوقات پر رکھتا ہے اور تیری رحمت کے ساتھ جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر تو اے پناہ دینے والے پناہ مانگنے والوں کے ۱۲

زلزلت چھٹی میں اخلاص پھر سلام کے بعد کاغذ کے ایک ٹکڑے پر یہ رقعہ لکھے۔ اِلَى الرَّبِّ الْجَلِيْلِ الْكَرِيْمِ الْوَدُوْدِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ الْمُتَكَبِّرِ مِنْ عَبْدِهٖ فُلَانٍ الْفَقِيْرِ الذَّلِيْلِ الْمُحْتَاجِ الْبَائِسِ الْفَقِيْرِ السَّائِلِ الْمُضْطَرِّ الَّذِيْ لَمْ يَجِدْ لِحَاجَتِهٖ سِوَاكَ يَطْلُبُ وَيَرْغَبُ مِنْكَ حَاجَةً كَذَا وَكَذَا اور اپنی حاجت کا نام لے پھر لکھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّبَيَانًا شَافِيًا وَّاَنْ تَقْضِيَ عَلَيَّ اور اپنی حاجت کا ذکر کرے محبت کی ہو یا کسی مشکل امر کی معلوم کرنے کی ہو غرضیکہ جو کچھ بھی پھر اس کاغذ کو لبان ذکر کی دھونی دے اور لپیٹ کر موم لگا کر ایک ترسل میں نلکی میں بند کر کے اوپر سے خوب موم لگا کر تاگے سے مضبوط باندھ دے اور جاری پانی میں ڈالے اور کہے فلاں بن فلاں کے قلب کو میں نے جاری کیا ہے۔ یا ایک برتن میں پانی بھر کے اس میں ڈال کر اپنے سرہانے رکھ لے اور باوضو سو رہے۔ حاجت پوری ہوگی۔

خوف سے نجات کے مجرب اعمال

یہ دعا عبداللہ بن قیروانی سے منقول ہے فرماتے ہیں ہر ایک چور قزاق اور ظالم کے شر سے بچاتی ہے۔ خوف اور مصیبت میں اس کو ضرور پڑھنا چاہیئے اور وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ يَا مَوْضِعَ كُلِّ شَكْوٰى وَيَا شَاهِدَ كُلِّ نَجْوٰى وَيَا عَالِمَ كُلِّ خَفِيَّةٍ وَيَا كَاشِفَ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَيَا مُنْجِيَ مُوْسٰى وَمُحَمَّدٍ وَاِبْرَاهِيْمَ الْخَلِيْلِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَسَلَامُهٗ اَدْعُوْكَ يَا اِلٰهِيْ دُعَاءَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهٗ وَضَعُفَتْ قُوَّتُهٗ وَقَلَّتْ حِيْلَتُهٗ دُعَاءَ الْغَرِيْقِ الْمَلْهُوْفِ الَّذِيْ لَا يَجِدُ لِكَشْفِ مَا بِهٖ اِلَّا اَنْتَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِكْشِفْ عَنَّا مَا نَزَلَ بِنَا مِنْ عَدُوِّنَا وَعَدُوِّكَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَغُوْثَاهُ يَا اَللّٰهُ يَا هَادِيْ لَا بِدَايَةَ لَكَ يَا دَائِمُ...

۱؎ طرف رب بزرگ کریم مہربان عزت والے جبار متکبر کے اس کے بندے فلاں فقیر ذلیل محتاج ناامید فقیر سائل مضطر کی سے جو نہیں پاتا ہے اپنی حاجت کے واسطے سوائے تیرے طلب کرتا ہے اور رغبت کرتا ہے تجھ سے فلاں فلاں حاجت کی اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر اسم کے ساتھ جو تو نے اپنے نام مقرر کئے ہیں یا اپنی کتاب میں نازل کئے ہیں یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھائے ہیں یا علم غیب میں اپنے پاس انکو پسند کیا ہے یہ کہ کرے تو میرے واسطے میرے امر سے کشادگی اور نکلنا اور بیان شافی اور یہ کہ پوری کرے تو حاجت میری ۱۲

۲؎ اے اللہ اے موضع ہر شکایت کے اور اے دیکھنے والے ہر پوشیدہ کے اور اے جاننے والے ہر مخفی کے اور اے کھولنے والے ہر بلا کے اور اے نجات دینے والے موسٰی اور محمد اور ابراہیم خلیل کے ہیں تجھ سے اے اللہ اس شخص کی سی دعا کرتا ہوں جس کا فاقہ سخت ہو اور قوت ضعیف ہو اور حیلہ کم ہو گیا ہو۔ دعا ڈوبنے والے مظلوم کی جو نہیں پاتا ہے کھولنے والا اپنی مصیبت کا مگر تجھ کو نہیں ہے معبود مگر تو اے ارحم الرحمین دور کر ہم سے اس چیز کو جو نازل ہوئی ہے ہم پر ہمارے اور تیرے دشمن شیطان رجیم سے اے رب العالمین بے شک تو ہے ہر چیز پر قادر اے مدد گار اے اللہ اے ابتدا والے جس کی ابتدا نہیں ہے

(باقی برصفحہ آئندہ)

لَا نَفَادَ لَكَ يَا حَيُّ يَا مُحْيِي الْمَوْتٰى يَا قَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اِلٰهِيْ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَسْأَلُكَ بِالْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ الْاَمْنَ وَالْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَالْاَهْلِ وَالْجَسَدِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ وَلِسَآئِرِ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَكْشِفْ عَنِّيْ مَا نَزَلَ بِيْ مِنْ ضِيْقٍ وَّ كُلَّمَا اَرَدْتُ وَخَلِّصْنِيْ خَلَاصًا جَمِيْلًا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ اور اپنا گمان درست رکھ خدا کامیاب کرے گا معلوم ہوا کہ یہ حروف الواح صدور علماء میں مرقوم ہے اور یہ اعداد صحائف اسرار علماء میں مرسوم ہے اور یہ کیمیا خطیرہ کنز قدماء میں مخزون ہے اور یہ تسخیر قلوب اولیاء میں مکتون ہے اور یہ اسماء آئینہ بصیرۃ انبیاء میں مرقوم ہے کہ یہ کلام عرش سماء ارواح میں مکنون ہے ان قدسی اشارات کو سمجھو معانی ذوقیہ کا لطف تم کو حاصل ہوگا۔

ضروری شرائط معلوم ہو کہ ہر دعوت کے واسطے ایک اسم ہے اسماء الٰہی سے اور ایک دروازہ جس میں سے اس میں داخل ہوتے ہیں اور اسی دروازہ میں سے قبولیت آتی ہے اور معلوم ہو مقامات ویقین تین ہیں مقام اسلام ۔ مقام ایمان اور مقام احسان ۔ اور مراتب جنان بھی تین ہیں جنت الاعمال اور جنت المیراث اور جنت الامتنان اور انواع اقصاء بھی تین ہیں ۔ ایک تعلیق مقام اسلام میں دوسرے تخلیق مقام ایمان میں تیسرے تحقیق مقام احسان میں جب سالک مقام اسلام میں ترقی کرتا ہے تب ہر ایک اسم کے آثار اس کو اپنے نفس اور بدن اور تمام قوائے اور اعضاء اور حالات میں معلوم ہوتے ہیں اور وہ ان سب کو ان اسماء کے احکام اور آثار سے دیکھتا ہے اور ہر اثر کا اس کے لائق چیز کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے مثلاً انعام کا شکر سے اور بلا کا صبر سے وغیرہ ۔ پس یہ اعضاء جنت الاعمال میں داخل ہے جو محل ہے ستر اعراض زائلہ کا ساتھ اعیان ثابتہ باقیہ کے جس کو ابراہیم علیہ السلام نے اختراع کیا ہے بایں طور کہ یہ قیعان جنت ہے اور اس کے درخت سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر ہیں اور تخلیق کے ساتھ ایمان میں احصاء ان کی اطلاع روحانی کے ساتھ ہے واسطے حقائق ان اسماء اور ان کے معانی اور مفہوم کے اور اس تخلیق کی خبر حضور علیہ السلام نے ان الفاظ میں دی ہے کہ تخلقوا باخلاق اللہ تعالےٰ یعنی متخلق اس اسم کے ساتھ خلق حاصل کرلے یعنی جو اسماء الٰہی کا مفہوم ہے اس کے موافق عمل کرے اور یہ احصاء متخلق کو جنت المیراث میں داخل کرتا ہے

(بقیہ صفحہ سابقہ) اے دائم جس کی انتہا نہیں ہے اے زندہ کرنے والے مردہ کے اے قائم اوپر ہر نفس کے ساتھ اس کے جو کسب کیا اس نے الٰہی تو جبار غالب ہے نہیں معبود مگر تو معبود واحد سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے پورے کلموں کے ساتھ امن اور عافیت اور معافات دائمہ دین و دنیا و آخرت میں اور اہل اور جسم اور مال اور ولد اور کل مسلمانوں میں اے رب العالمین بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے مجھ پر رحم کر اپنی رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین اور دور کر مجھ سے اس چیز کو جو نازل ہوئی مجھ پر تنگی ہے اور ہر اس چیز سے جو ارادہ کرے تو اور خلاصی دے مجھ کو خلاصی ۔ اے رب العالمین ۱۲

اور یہ جنت پہلی جنت سے اعلیٰ ہے یعنی پہلی جنت کا باطن ہے جس سے عالم ملک و ملکوت نازل ہوا ہے اور اسی کی طرف حضور علیہ السلام نے اشارہ کیا ہے کہ تم میں سے ہر ایک کا مقام جنت میں ہے اور دوزخ میں ہے پھر جب وہ مرتا ہے اور دوزخ میں داخل ہوتا ہے تو اہل دوزخ کے مقام کا وارث ہوتا ہے۔ اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو۔ اُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ الایة اور احصاء اس کی تحقیق کے ساتھ مقام احسان میں ان سب باتوں سے علیحدہ ہو جانے اور حضرت حقیقہ کے ساتھ روشن ہونیکے ہے یعنی اپنے وجود کے فنا کرنے اور خدا کے ساتھ باقی ہونیکے کے ہے۔ شاعر کہتا ہے۔

تَسَتَّرْتُ مِنْ دَهْرِيْ بِظِلِّ جَنَاحِهٖ ۔۔۔ بِحَيْثُ اَرٰى دَهْرِيْ وَلَيْسَ يَرَانِيْ

فَلَوْ تَعْلَمُ الْاَيَّامُ اِسْمِيْ مَا دَرَتْ ۔۔۔ وَاَيْنَ مَكَانِيْ مَا دَرَيْنَ مَكَانِيْ

پس یہ احصاء تخلق کو جنت الامتنان میں داخل کرتا ہے جو محل ہے رازغیب الغیب کی اور جس کی طرف اس فرمان میں اشارہ ہے کہ اس میں وہ چیزیں ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں اور نہ کسی کان نے سنیں۔ اور نہ کسی قلب پران کا خطرہ گزرا۔ اور اس آیت میں بھی اسی کی طرف اشارہ ہے۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ[1]۔ میں کہتا ہوں اگلے بزرگان نے جو کچھ ترقی حقائق ملکوت اور عجائب جبروت میں کی وہ محض تخلق بالاسماء کے ساتھ کی ہے یہانتک کہ ہر ایک اسم ان کے مقام کے حق میں اسم اعظم ہوا اور خدائے تعالےٰ کی بخشش اور عنایتیں ان پر ظاہر ہوئیں اور جب تم اس گروہ سے اسم اعظم سنو گے تو اس کی حقیقت وہی ہے کہ جب انہوں نے ایک اسم معلوم کر لیا اور اس کے ساتھ تخلق ہو گئے پھر اس سے بڑھ کر اسم کے ساتھ کوشش کی اور کل اسماء صفات سے اسم ذات کے تخلق میں مدد حاصل کرتے ہیں۔ کیونکہ اصل مقصود یہی ہے اور یہی حقیقت تخلق ہے چنانچہ فرمان قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ کہہ دے خدا ہے اور پھر ان کو چھوڑ دے اور جب سالک تحقیق اور اخلاص کے ساتھ اسماء کے راستہ میں عروج حاصل کرے گا تو بہت جلد اس پر تشکلات اسمائیہ اور اسرار ملکوتیہ جلوہ گر ہوں گے۔

اسم کی تحقیق

لوگوں نے اختلاف کیا ہے کہ اسم سمو سے مشتق ہے یا سمت سے اور اس میں ایک لطیف اشارہ ہے اور معلوم ہو کہ خدا کی طرف سفر کرنے والے بھی دو قسم ہیں مراد مقام یا مرید قائم پس ہر ایک اسم کے ساتھ قائم ہے۔ پس یہ اسم وسم سے ماخوذ ہے۔ اور اگر یہ مراد ہے یا درجہ مراد میں ترقی کرتا ہے تو اسماء اس کو اس درجہ میں پہنچا دیں گے حالانکہ یہ شخص معانی اسماء میں انوار تجلے کے مشاہدہ میں مستغرق ہے پس اسم اس کے حق میں بلندی ہوا جو سما یسمو سے ماخوذ ہے بمعنے بلندی کے اور اس کو یوں بھی سمجھنا چاہیئے کہ آنحضرت

[1] پوشیدہ ہوا میں اپنے زمانہ سے اس کے بازو کے سایہ میں اس طرح کہ دیکھتا ہوں میں اپنے زمانہ کو اور نہیں دیکھتا وہ مجھ کو پس اگر ایام میرا نام جاننا چاہیں تو نہ جانیں اور اگر میرا مکان چاہیں تو وہ بھی نہ جانیں ۱۲ ۔ بے شک متقی لوگ باغ اور نہروں میں ہوں گے صدق کی جگہ میں بادشاہ قدرت والے کے پاس ۱۲ پ

کا انجام بقا ہے اور دنیا کا انجام فنا ہے پس تیرے دنیاوی اوصاف فانی ہیں دنیا کی نسبت سے اس لئے کہ اللہ تعالےٰ نے مجھ پر احسان کیا اپنے اسماء باقیہ کے ساتھ تاکہ تو ان کا مشاہدہ دنیا میں ہی کرے جیسا کہ حضرت صدیق نے فرمایا ہے کہ اگر حجاب اٹھ جائے تو میرا یقین زیادہ نہ ہو۔ اور دوسری یہ بات کہ اگر تو اپنے اسماء کے ساتھ اس کو پکارے تب تو نے باقی کو فانی کے ساتھ پکارا۔ کیونکہ جب تو اپنے ساتھ قائم ہے تو فانی کے ساتھ ہے اور جب تو اس کے ساتھ قائم ہے تو باقی کے ساتھ ہے پس دیکھ لو کہ دونوں میں کس قدر فرق ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ دوڑو خدا کی طرف یعنے اپنے نفسوں اور اپنے اوصاف سے خدا کی طرف رجوع کرو۔ اور فرماتا ہے اللہ ہی کے واسطے اسماء حسنیٰ ہیں انکے ساتھ پکارو یہ دوسرا اشارہ ہے اور اس نے تیرا ازل و ابد میں اپنے اسماء کے ساتھ ذکر کیا چنانچہ فرماتا ہے۔ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ آخر آیت تک پھر تجھ کو حکم فرمایا کہ اس کی حمد کے ساتھ اس کا ذکر کر پس تو حیران ہوا اور اس سمندر میں تیری عقل نے غوطہ کھایا کہ وہ کیا اسماء ہیں تب پھر اسی نے تجھ کو ہدایت کی اور اسی طرح بتلایا ھُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ یعنی تجھ کو حکم کیا کہ ان اسماء کا ذکر کر اور اسی بات کی طرف اس آیت میں اشارہ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ تسبیح و صلوٰۃ ایک ہیں۔ اور تسبیح کے معنے حقیقت میں تنزیہہ کے ہیں۔ ہر ایک وصف محدث ہے پس اسم صلہ ہوگا یعنے مسمی کے کچھ فرق کے ساتھ درمیان اسم اور مسمے کے پس تسبیح اللہ کی اس کی تنزیہہ کرتا ہے اور یہ بعض دفعہ قول سے اور بعض دفعہ اعتقاد سے ہوتی ہے اور صحت اس تسبیح کی اس وقت ہوتی ہے جب معرفت کا ثبوت ہو جائے اور تفرید میں فنا ہو اور یہ مرتبہ اہل حق کا ہے۔ جنہوں نے اس کو صفات جلال کے ساتھ پہچانا ہے انواع کمال کے ساتھ اس کا وصف کیا ہے پس ربوبیت کو اسی کی طرف وصف کیا ہے اور اپنی ذاتوں کو اس کے سامنے قید عبودیت میں ڈال دیا۔ اور تیری تسبیح اس وقت تک درست نہیں ہے جب تک کہ تو اپنے نفس کو ہر ایک شہوت سے اور اپنے ایمان کو ہر ایک نقص سے اور اپنی عقل کو خواہش سے اور اپنی التفات کو ما لوفات سے اور اپنے قلب کو غفلت کی ظلمت سے اور اپنے جسم کو عادات اور مخالفات اور اکل حرام سے پاک نہ کرے گا تب اس وقت تجھ پر ہر ایک اسم ذات و صفات کا جلوہ ہوگا حضرت ابراہیم خواص سے حکایت فرماتے ہیں میں نے اپنے دل سے تمام خواہشیں دور کر دی تھیں صرف ایک انار کی خواہش رہ گئی تھی۔ ایک روز میں ایک بیمار شخص کے پاس سے گزرا۔ جس کے تمام جسم پر بھڑیں لپٹی ہوئی تھیں اور تمام گوشت اس کا کھا لیا تھا میں نے اس شخص کو سلام کیا اس نے مجھ کو جواب دیا اور میرا نام لیا حالانکہ پہلے کبھی اس سے ملاقات کا موقعہ نہ ہوا تھا میں نے اپنے دل میں کہا اگر یہ شخص اولیاء اللہ میں سے ہے تو خدا سے دعا کرے کہ ان بھڑوں سے ان کو نجات دے۔ میرے دل میں یہ خیال آیا اور اس شخص نے کہا کہ غیبت حرام ہے تو خود خدا تعالےٰ سے دعا کر کہ مجھ کو انار کی خواہش سے نجات دے کیونکہ بھڑوں کا جسم کو نوچنا بہتر ہے خواہشوں کے

دل کو لوچنے سے یہ ادب اقوال ہے اور بعض بزرگوں نے یہ ادب مثال دے کر تعلیم کیا ہے، چنانچہ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مجھ سے ایک نوجوان نے ملاقات کی جو ایک عبا پہنے اور ہاتھ میں چھاگل پانی کی لئے ہوئے تھے۔ اور مجھ سے کہنے لگے کہ میں ایک ایسا شخص ہوں جس نے ورع یعنی پرہیزگاری کا قصد کیا اور بس وہی چیز کھاتا ہوں جس کو لوگ پھینک دیتے ہیں مگر بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ میرے اٹھانے سے پہلے اس چیز پر چیونٹیاں آجاتی ہیں تو اب میں اس چیز کو کھاؤں یا نہ کھاؤں اور اگر کھالوں تو مجھ پر اس کا مواخذہ ہے یا نہیں یہ بزرگ کہتے ہیں میں اپنے دل میں یہ خیال کرنے لگا کہ یہ شخص بڑے پرہیزگار ہیں پھر جو میں نے ان کی طرف نظر کی تو دیکھا کہ وہ چاندی کی زمین پر بیٹھے ہوئے ہیں، اور مجھ سے کہا کہ اے شخص غیبت حرام ہے اور پھر میری نظر سے غائب ہوگئے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی آنکھوں کو اللہ تعالیٰ نے روشن اور ان کے ذکر کو پاک کیا ہے۔

تسبیح کی تعریف و تحقیق

تسبیح تفعیل کے وزن پر ہے مصدر اس کا سبح ہے جس کے معنی آنے جانے کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا یعنے تمہارے واسطے دن میں آمد و رفت بہت ہے اور بعض صوفیہ کہتے ہیں (سبح کے معنی تیرنے کے ہیں) یعنے سرباطن کے ساتھ عجائب ملکوت اور لطائف حقائق جبروت میں سیر کرنا سالک اپنے ذکر کے ساتھ دریائے قلب میں تیرتا ہے اور عارف اپنے سر سے بحر غیب میں اور صدیق اپنے سر سے بحر انوار قدسیہ میں تیرتا ہے وہ انوار جو منبعہ ہیں معانی اسماء سے سبحا اور یہ شہود اس کا پورا نہیں جب تک کہ شہود اس کو بحر اور حضوری اس شہود میں عنایت نہ کرے اسی سبب سے سب سے بڑھ کر شہود والے یعنی ہمارے حضور فرماتے ہیں۔ لَا اُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔ یعنی میں تیری تعریف نہیں کر سکتا جیسے کہ تو نے اپنی آپ تعریف کی اور فرماتے تھے کہ اے اللہ مجھ کو اپنے اندر حیرت میں زیادہ کر۔ اور فرماتے تھے کہ اسماء حسنے میں بجز اسم اللہ کے دوسرا اسم ذات نہیں ہے کیونکہ اسم ذات وہ ہے جو حقیقت کے واسطے وضع کیا گیا ہو بغیر کسی اعتبار کے تاکہ وہ اسم حقیقت پر دلالت کرے۔

اسماء افعال

معلوم ہو کہ اسماء افعال دو قسم ہیں، ایک تو وہ ہیں جن کے فعل کا ذکر شرع میں وارد ہوا ہے۔ بغیر اسم کے جیسے سَخِطَ اللّٰهُ وَغَضِبَ اللّٰهُ وَلَعْنَةُ اللّٰهِ وَفَضْلُ اللّٰهِ اور دوسرے وہ ہیں جن کا ذکر شرع میں وارد ہوا ہے یَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَاللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ اور معلوم ہو کہ حقائق اسماء دو قسم ہیں ایک وہ جس کے واسطے صورت ظاہری نہیں ہے جو ہم کو اس پر دلالت کرے۔ اور اسی کی طرف حضور کے اس فرمان میں اشارہ ہے کہ اے اللہ میں تجھ سے ہر اس اسم کے ساتھ سوال کرتا ہوں جو تیرا ہے جس کے ساتھ تو نے اپنے تئیں موسوم کیا ہے اور اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا علم غیب میں اپنے اختیار کیا ہے اور دوسری قسم وہ ہے جس کے واسطے ہمارے پاس صورت ظاہری لفظی یا ذمی ہے۔ یہی

وہ اسم ہے جو ہم کو اس پر دلالت کرتا ہے اور اس کی بھی دو قسمیں ہیں ایک مضمر اور دوسرا مظہر اس کو سمجھو۔

مردان غیب کا اسمائے سے رابطہ

معلوم ہو کہ وہ جو ہر شخص کے یا غیر اسکے کے سند میں طرف کلی یا جزئی کے اسماء الہیہ سے اس کو سمجھو کامیاب ہوگے۔ اور معلوم ہو کہ جیسے خدا کے ننانوے نام ہیں ایسے ہی ننانوے مرد ہیں جن کو مردان غیب کہتے ہیں۔ اور جیسے کہ ان اسماء میں ایک اسم ذات ہے ایسے ہی ان مردوں میں ایک مرد ہے جس کو قطب اور غوث کہتے ہیں۔ اور باوجودیکہ کل مردان غیب قطب سے مدد لیتے ہیں۔ مگر پھر بھی ان کو نہیں جانتے اور جو اسم اسم اعظم سے عدد حرفی اور عددی اور کسر میں متفق ہو تو وہ اس شخص کے حق میں اسم اعظم ہوگا۔ اور وہی کام کرے گا جو اسم اعظم کرتا ہے اور میں نے ایک عارف بزرگ سے سنا ہے کہ ہر دعا کرنے والے کے واسطے ایک اسم مخصوص ہوتا ہے اس کی دعا کے مناسب جو اس کے حق میں اسم اعظم کا کام کرتا ہے جیسے کہ حضرت ایوب کے حق میں ارحم الراحمین اور حضرت سلیمان کے حق میں وہاب اور حضرت یونسؑ کے حق میں لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ یہ دعا کرنے والے کی حالت کے مناسب ہے اور یہی قول انسب اور جمہور صوفیہ کا ہے اور شیخ محمد خوارزمی نے حرم مکہ معظمہ میں ۸۴۰ھ میں فرمایا کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اسم وتر کو حال و قال میں معلوم کر لیا پس یہی اسم اعظم ہے معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطف خفی سے مختلف ترکیب کے اسماء ظاہر کئے تا کہ ہر اسم اس کے علیحدہ علیحدہ افعال پر دلالت کرے۔ اور ہر سالک اپنے لائق مسلک اختیار کر لے۔ پس یہ اسم اعظم اس کے مقصد کے موافق ہوگا اور جب یہ اس اسم کے ساتھ اس کے مناسب وقت میں توجہ قلب کے ساتھ دعا مانگے گا تو ضرور جلد قبول ہوگی۔ اور اسی بات کی طرف اس کلام نبوی میں اشارہ ہے کہ تمہارے دلوں میں نفحات ہیں۔ خبردار پس ان کو تلاش کرو۔ اور نفحات سے مراد وقت کا طلب کے واسطے موافق ہونا اور اسم کا مقصد کے مطابق ہونا ہے یہ وہ راز ہے جو مرسلین اور مقربین پر منکشف ہوا ہے۔

دعائے عمل کے طریقے

دعا میں سر جامع اور سیف قاطع یہ ہے کہ اسم کے عدد کو بغیر الف لام کے جیسے خبیر وغیرہ۔ پھر ان عدد کو ہفتہ کے ایام میں ضرب دو۔ اور حاصل ضرب کے موافق اسم کو ہمت اور صفا باطن کے ساتھ ذکر کرو خالی مقام میں جلد قبول ہوگی۔

اور بعض بزرگان فرماتے ہیں کہ دعا میں سارا راز یہ ہے کہ حروف اسم کے عدد صوری اور رقمی لے کر ان کے موافق ذکر کرو مطلب حاصل ہوگا۔ مثال اس کی اسم اللہ اس کے چار حروف اور ۶۶ عدد ان دونوں کو جمع کیا۔ تو ۷۰ ہوئے۔ پس خالی مکان میں حضور دل کے ساتھ ۷۰ بار ذکر کر کے دعا مانگے حاجت پوری ہوگی۔ معلوم ہو کہ بعض اسم ایسے ہیں جن میں صرف ایک ہی خاصیت ہے اور بعض ایسے ہیں جن میں خاصیت میں اور بھی اسماء شریک ہیں جیسے ایک معنی کے کئی اسم ہیں اس میں سر عجیب اور رمز غریب ہے معلوم ہو کہ خاصیت ہر اسم کی مشتق سے ہے۔ اور

تصرف اس کی اس کے مقتضا سے اور یہی سر غامض ہے جس کا دروازہ بجز صالحین کے کسی دوسرے کے واسطے نہیں کھلتا اور جس کے واسطے اس علم کا دروازہ کھل گیا۔ وہ علم آل محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت بڑے حصہ کے ساتھ کامیاب ہوا۔ اور اللہ ہی کھولنے والا ہے۔

خواص اسماء الٰہی

اسماء الٰہی میں سے جس اسم کے حروف وتر ہیں۔ وہ تفریق کے واسطے ہے اور جس کے حروف شفع وہ وصل ومحبت کے واسطے ہے۔ اور معلوم ہو کہ ہر اسم کے حروف اور اعداد اور وفق ہیں پس جس نے ان تینوں کو جمع کیا اس پر راز منکشف ہو گیا اور ہر اسم کے واسطے علدد روحانی ہے مگر میں اس کی تشریح نہیں کرتا کیونکہ اس میں بہت بڑا خوف ہے اور اگر مجھ کو یہ یقین ہوتا کہ ہر کس وناکس پر یہ اسرار ظاہر نہ ہوں گے تو ضرور اس جگہ میں بہت سے امور عجیبہ وغریبہ بیان کرتا۔ پس اس دریا میں تیر اگر تیرنے والا ہے۔ اور چل اگر تو چلنے والا ہے اور تھوڑی قیمت (یعنے محنت) کے ساتھ اس دُرِ بے بہا کو حاصل کر وورنہ پھر حسرت کرے گا حالانکہ اس وقت حسرت سے کچھ نفع نہ ہو گا۔

اور تم کو معلوم ہو کہ اسماءٔ اور اذکار کے واسطے شروط عمل بہت ہیں۔ مگر میں ان امور میں سے ان شرائط کو بیان کرتا ہوں جو کل اعمال کے واسطے ضروری ہیں۔ اور ان کو جو بعض اعمال کے واسطے ضروری ہیں۔

ضروری شرائط برائے عمل

جماعت کا لازمی کرنا اور اعتقاد صحیح جو مطابق ہو کشف صریح کے اور طہارت حسی اور معنوی اور ریاضت فکری اسماء کے قائل ہیں اور یقین کامل معرفت اسرار کے واسطے اور تاثیر پر پورا بھروسہ کرنا اور جو شخص پوری تصریف کرنی چاہتا ہے اس کو تمام اسماء کے ساتھ اس کو یہ حاصل کرنا چاہیئے تاکہ ہر ایک اسم اس کو اپنی قوت عنایت کرے اور اسی کے ساتھ اس کو یہ حاصل ہوتا ہے ساتھ تجلی کے اوپر ہر وصف کے اور تفریغ محل کے ہر چیز سے پس جو شخص کسی اسم کی تصریف کرنی چاہتا ہے۔ اس کو چاہیئے کہ اس اسم کی حضرت کی طرف توجہ کرے مستعد ہونے والا واسطے قبول کرنے اس چیز کے جو اس پر وارد ہوتی ہے اس اسم کے انوار سے اور بجز ان انوار کے اس کے اندر دوسری چیز کی جگہ نہ رہے پھر جب یہ شخص اس مقام میں پہنچ گیا تو اس اسم کی تصریف اس کو حاصل ہو گئی اور جب ایک اسم کے ساتھ اس نے تخلق حاصل کر لیا تو یہ دو بات سے خالی نہیں۔ کیونکہ یا تو یہ اسم اصول کلیہ سے ہو گا۔ تب اس وقت اس اسم کی تصریف کرنے والا یا اس کے ساتھ متخلق ہونے والا ضرور ان اسماء کے ساتھ بھی بحیثیت اشتمال متخلق ہو گا جو اس اسم کے اندر ہیں جیسے کہ حضرت شیخ ابو العباس سبتی سے حکایت ہے کہ آپ اسم جواد کے ساتھ متخلق تھے اور بخشش وسخاوت میں حاتم سے بھی فوقیت لے گئے تھے اور حضرت شیخ ابو موسے سبدرانی

رات دن میں ستر ہزار ختم کرتے تھے۔ کیونکہ اسم باسط کے ساتھ ان کا تخلق تھا اور اسی طرح تمام بزرگان نے اسماء کے ساتھ تخلق حاصل کیا ہے جیسے کہ حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی اور ابو حامد غزالی اور ابوالحسن حرالی اور ابو عبداللہ کوفی وغیرہم جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اور معلوم ہو کہ خود انسان ہی اسم اعظم ہے جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے رب کو پہچانا۔ شیخ ابوالحسن شاذلی فرماتے ہیں ایک روز میں اپنے استاد شیخ عبدالسلام بن مشیش کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کے سامنے بیٹھ گیا اور شیخ کا ایک چھوٹا سا بچہ پھر رہا تھا۔ اس کو میں نے اپنی گود میں بٹھا لیا۔ پھر میرے دل میں خیال آیا کہ میں شیخ سے اسم اعظم کی نسبت سوال کروں اس بچہ نے میری ٹھوڑی پکڑ کر کہا کہ اے چچا تم ہی اسم اعظم ہو یا کہا کہ تمہارے ہی اندر اسم اعظم ہے۔ شیخ نے فرمایا۔ بچہ نے تم کو جواب دے دیا اس کو سمجھ لو۔

بعض اعمال کی لازمی شرائط

جگہ اور وقت کی پابندی اور بخور لائق عمل کے روشن کرنا اور عمل کے وقت خاص لباس پہننا جو دوسرے وقت میں اتار دیا جائے۔ اور یہ شرط ان کمزور لوگوں کے واسطے ہیں جو کمال کو نہیں پہنچے اور معلوم ہو کہ جو شخص ان شرائط کی پابندی کرے وہ عمل کے واسطے ایک خاص جگہ مقرر کرے۔ جس میں سوائے اس کے دوسرا شخص داخل نہ ہو۔ اور وہ جگہ اس قدر تنگ ہو کہ بس یہی شخص اس میں اٹھ بیٹھ سکے۔ اس سے زیادہ فراخ نہ ہو۔ اور نہ کوئی روشن دان ہو۔ جس میں سے اجالا آجائے۔ اور آبادی سے اس قدر دور ہو کہ کوئی آواز بھی وہاں نہ پہنچے اور جب بیٹھے تو زمین پر بیٹھے یا زمین سے پیدا ہوئی چیز پر مثلاً بوریا وغیرہ اور جب نیند بہت غلبہ کرے اس وقت سوئے۔ اور اکثر اوقات عمدہ بخورات روشن کرے۔

عزلت کے معانی ایک بزرگ سے کسی نے عزلت کا سوال کیا۔ انہوں نے فرمایا۔ اس کی لغت اس کے معنوں سے بے پرواہ کرتی ہے اور اس کی صورت اس کے مخواے سے غنی کرتی ہے۔ یعنے جس نے عزلت کو اختیار کیا تو یہ سب سے بہتر کام ہے اور اعلیٰ ہے۔

معلوم ہو کہ خلوت ضبط ہے اہل صفوت کے واسطے اور عزلت وصلت کی نشانی ہے اس کو سمجھو اور حضور علیہ السلام نے فرمایا ہے۔ خاموشی معرفت الٰہی پیدا کرتی ہے اور خلوت سے معرفت دنیا حاصل ہوتی ہے اور بھوک سے معرفت شیطان اور جاگنے سے معرفت نفس بندگان سلف نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ فتح زبانی اور کشف صمدانی اس شخص کو حاصل نہیں ہو سکتا جس کے معدہ میں ذرہ برابر بھی کھانا ہے اور یہی جسمانی پاکی کی حد ہے اور اس بات میں اختلاف ہے کہ کس قدر عرصہ میں یہ بات حاصل ہو جاتی ہے بعض کہتے ہیں

دو ہفتہ ہیں مگر زیادہ مشہور قول یہی ہے کہ چالیس روز ہیں ہوتی ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چالیس ہی روز کا حکم فرمایا تھا: تاکہ ان کا معدہ غذا کی کثافتوں سے پاک ہو جائے۔ اور عقل صاف ہو کر روح اور قلب قوی ہو جائیں اور نفس پاک بن جائے۔ پس یہی ارواح کی پاکی ہے اور بزرگان سلف نے ساٹھ روز تک اس کی انتہا رکھی ہے اور انہیں ساٹھ روز میں عجائب ملکوت اور لطائف جبروت اور اسرار ملک اس پر منکشف ہو جاتے ہیں اور عقلوں کی پاکیزگی ستر روز میں ہوتی ہے اور انتظار کرنے والوں کے واسطے یہی مدت ہے۔ اور اسی سے دوبارہ کی پیدائش ہے جو مخصوص ہے الوار اختصاصیہ کے ساتھ پس کوئی ارباب احوال میں سے اس سے گذر نہیں سکتا اور اسرار یہاں ظاہر ہو کر ان پر سے پردہ اٹھ جاتا ہے اور یہی وہ شخص ہے جو فنا کے ساتھ مر کر پھر بقا کے ساتھ زندہ ہوتا ہے اور یہی انسانیت میں صمدانیت کا آخری مرتبہ ہے جس میں اس کے علم اور اقسام تجلیات کا مجموعہ ہے۔

ریاضت و اعمال کی قسمیں

معلوم ہو کہ شہوت طبعی کا مادہ بغیر ایک سال بھوکے رہنے کے معدوم نہیں ہوتا ہے، اسرار ریاضیات میں یہی عادت قدیم سے جاری ہے لیکن طبائع کی پاکی کی حد اٹھائیس روز ہیں۔ مگر اسرار صمدانیہ کے سالک کو اکتالیس روز کا چلہ کرنا ضروری ہے اور اہل کمال ایسے شخص کو جس کا نفس خواہشات کی طرف زیادہ مائل ہوتا ہے اپنی خلوتوں سے نکال دیا کرتے تھے کیونکہ ان کو معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ اس کا باطن خراب ہے۔ مواد ربانی اور مواہب ایمانی کی قابلیت نہیں رکھتا۔ بعض لوگ اپنے کھانے میں سے ہر روز ایک کھجور کی گٹھلی کے برابر کم کیا کرتے تھے۔ اور بعض لوگ کم نہ کیا کرتے تھے۔ بلکہ دیر کر کے کھاتے تھے۔ یہاں تک کہ سات سات روز اور دس دس روز اور چالیس چالیس روز میں ایک بار کھایا کرتے تھے اور بعض لوگ اپنے کھانے کے ہم وزن ایک گیلی لکڑی رکھ لیتے تھے اور جس قدر یہ سوکھتی جاتی اسی قدر وہ کھانا کم کرتے جاتے حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جو شخص چالیس روز بھوکا رہا ملکوت میں آثار قدرت اس پر ظاہر ہوتے ہیں ہم نے اسرار سلوک ظاہر کر دیئے اور راستہ واضح کر دیا۔ اس کو تم خوب سمجھ لو۔

نماز کفایہ کی ترکیب

کہ جس وقت تمہارا جی چاہے چار رکعتیں پڑھ کر بیٹھ جاؤ اور یہ پڑھو۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ پھر اس کے بعد تکبیر کہے اور سجدہ کر کے سات بار سورہ فاتحہ اور سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ دس بار پھر کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ

وَمُنْتَہَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِكَ وَبِحَقِّ اِسْمِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَمَجْدِكَ الْاَعْلٰی وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّۃِ
پھر جو حاجت ہو اس کو مانگے پھر سر اٹھالے۔ اور ایک دنبہ بے عیب جیسا کہ قربانی میں ہوتا ہے ذبح کرے اور اگر دنبہ نہ ہوسکے تو بکرا اور بھیڑ بھی کافی ہیں۔ مگر خلوت کی جگہ ذبح نہ کرنا چاہیئے۔ قبلہ رو کرکے۔ اور ذبح کے وقت یہ الفاظ کہے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا مِنْكَ وَاِلَیْكَ فَاجْعَلْہُ فِدَائِیْ وَتَقَبَّلْ مِنِّیْ۔ پھر وہیں ایک گڑھا کھود کر اس کی غلاظت کو اس میں دفن کردے۔ اور گوشت کے سات ٹکڑے کرکے فقراء اور مساکین کو تقسیم کردے یا عمدہ کھانا پکا کر ان کو کھلاوے۔ اور سات درہم سات مساکین کو تقسیم کرے تو یہ جن بلائی سے خوف کرتا ہے اس سے محفوظ رہے گا۔

وظیفہ عجیب و غریب

اور اب ہم اس فصل کو ایک ذکر عجیب اور ورد غریب کے ساتھ ختم کرتے ہیں جو غلام اس کو پڑھے آزاد ہو جائے اور جو قیدی اس کو پڑھے خلاصی پائے۔ اور جو خائف پڑھے امن حاصل ہو اور جو فقیر پڑھے غنی ہو جائے۔ اور جو ذلیل پڑھے عزت پائے اور اس میں ظالموں کے ہلاک کرنے کی عجیب تاثیر ہے اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ہر ایک شیطان اور سرکش اس کا مطیع ہوگا اور جو اس کو دیکھے گا مطیع ہوگا۔ اور جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے گا۔ اس کا دل اللہ تعالےٰ نور معرفت کے ساتھ زندہ کرے گا اور اس کی جان و مال اور اہل و عیال سب کی حفاظت کرے گا۔ اور جس کے شر سے خوف کرتا ہے اس سے محفوظ رہے گا۔ اور جو بادشاہ اس ذکر کو پڑھے گا اس کا ملک وسیع ہوگا اور حکم جاری ہوگا۔ اور اس میں اسم اعظم ہے اور جو اس کو کسی حاکم کے سامنے پڑھے اس کا غصہ جاتا رہے اس کو پڑھ کر خدا سے جو حاجت مانگے وہ حاصل ہو۔ پس اس کے پوشیدہ راز کو سمجھو اور یہ بہت سے افکار سے بے پروا کر دیتا ہے اور سلاطین و امراء اور صلحاء و علماء اور حکماء کو لازم ہے کہ جمعہ کی پہلی ساعت میں اس کو شروع کریں یا اتوار کی یا یوم عرفہ کی یا عیدین کی یا عاشورہ کی یا شب نصف شعبان یا ستائیسویں رمضان میں یا ہر ماہ کے غرہ میں یا جس رات میں ہوسکے کوئی سی رات ہو شروع کرے۔ دین و دنیا کی خیر حاصل ہو اور سعادت عظمیٰ نصیب ہو اور وہ ورد یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰۤی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰۤی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۲۶ بار حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَكَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۷ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۳ بار یَا ذَاالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَبِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ أَغِثْنِيْ ۳بار اَللّٰهُمَّ يَا عَلِيُّ يَا
عَظِيْمُ يَا وَلِيُّ يَا عَلِيْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا جَمِيْلُ يَا عَطُوْفُ يَا كَرِيْمُ
يَا رَؤُوْفُ أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ أَنْ تُفِيْضَ عَلَيَّ مِنْ فَيْضِ جَمَالِكَ الْأَقْدَسِ وَكَمَالِكَ الْأَنْفَسِ
بِسِرًّا رَبَّانِيًّا وَاسْمًا رَبَّانِيًّا حَتّٰى أَتَصَرَّفَ فِي النُّفُوْسِ وَالْأَرْوَاحِ وَالْمُهَجِ وَالْأَشْبَاحِ بِهَيَجَانِ
الْمَحَبَّةِ وَهَيَجَانِ الْمَوَدَّةِ وَيَا مَنْ يُفَرِّجُ عَنِ الْمَحْزُوْنِيْنَ يَا أَنِيْسَ الْمُسْتَوْحِشِيْنَ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ
أَسْأَلُكَ بِسِرِّ الْأَلِفِ الْمَعْطُوْفِ الَّذِيْ هُوَ مَبْدَأُ الْحُرُوْفِ يَا وَهَّابُ يَا نَافِعُ يَا تَوَّابُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ
أَسْأَلُكَ شَوْقًا يُوْصِلُنِيْ إِلَيْكَ وَنُوْرًا يَدُلُّنِيْ عَلَيْكَ وَتُلْقِنِيْ بِالرَّوْحِ وَالرَّيْحَانِ وَتُفَرِّحُنِيْ بِالْأَمْنِ
مِنْكَ وَالرِّضْوَانِ يَا بَاسِطُ يَا وَاحِدُ يَا مَاجِدُ يَا اَللّٰهُ ۳بار رَبِّيْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا أُشْرِكُ
بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُمَّ مَنْ أَرَادَنِيْ بِسُوْءٍ أَوْ ضَرٍّ أَوْ شَرٍّ فَاقْمَعْ رَأْسَهٗ وَاعْقِلْ لِسَانَهٗ وَأَلْجِمْ

لہ شروع ہے اللہ کے نام سے جو مہربان اور رحم والا ہے نہیں ہے نیکی اور نہ بدی کی قوت مگر خدا بزرگ و برتر ہیں۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد اور ان کی آل و اصحاب پر اور سلام بھیج جیساکہ حضرت ابراہیم اور انکی آل پر تمام عالموں میں تونے درود بھیجا بیشک تو حمد والا بزرگ ہے نہیں ہے معبود مگر تو پاکی ہے تجھ کو بیشک میں ظالموں میں سے ہوں۔ کافی ہے مجھ کو اللہ اور اچھا کارساز ہے کافی ہے اللہ اسی پر بھروسہ کیا میں نے وہی ہے رب عرش عظیم کا۔ شروع ہے اللہ کے نام سے جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں کرتی ہے نہ زمین میں نہ آسمان میں اور وہی ہے سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اے عرش مجید والے اے ابتدا اور انتہا کرنے والے اے کرنیوالے اس چیز کے جس کا ارادہ کرے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ جس نے بھر دیا ہے تیرے ارکان عرش کو اور تیری قدرت کے ساتھ جو تمام مخلوقات پر رکھتا ہے اور تیری رحمت کے ساتھ جو ہر شئے پر وسیع ہے نہیں ہے معبود مگر تو اے غیاث المستغیثین مدد کر میری اے اللہ اے بلند اے بزرگ اے دوست اے جاننے والے اے مہربان اے بخشش کرنے والے اے رحیم اے رحمٰن اے بزرگ اے مہربان اے کریم سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے اسم مخزون کے ساتھ یہ کہ ڈالے تو مجھ پر اپنا فیض جمال اقدس اور کمال نفس سے اور سرِ ربانی اور اسم نورانی یہاں تک کہ تصرف کروں میں نفسوں روحوں اور جسموں میں ساتھ آمادگی محبت اور مودت کے اے وہ ذات جو غمگینوں سے غم دور کرتا ہے اور اے انیس وحشت زدوں کے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سرِ الف کے ساتھ جو معطوف ہے جو مبدء حروف ہے۔ اے بخشنے والے۔ اے نافع اے توبہ قبول کرنیوالے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس شوق کا جو مجھ کو تیری طرف پہنچائے اور نور جو تیرا راستہ مجھ کو بتائے اور ملائے مجھ کو روح و ریحان اور فرحت دے مجھ کو اپنے امن سے اور رضامندی سے اے کشادہ کرنیوالے اے واحد اے ماجد اے اللہ میرے رب نہیں ہے اس کا شریک اور نہ میں اس کے ساتھ شریک کرتا ہوں کسی چیز کو اے اللہ جو میرے ساتھ برائی اور شر کا ارادہ کرے اس کا سر توڑ دے اور اس کی زبان بند کردے اور منہ میں اس کے لگام دے اور اس کے مکر کو روک دے اور حائل کردے میان میرے اور درمیان اس کے اے دائم

فَاهُ وَاحْبِسْ كَيْدَهُ وَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ يَا دَائِمُ يَا حَمِيْدُ يَا مُجِيْبُ يَا مَجِيْدُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۹ بار اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِالسِّرِّ الْجَامِعِ وَالنُّوْرِ السَّاطِعِ اَنْ تَهَبَنِيْ فُرْقَانًا مِّنْكَ
تَشْرَحُ بِهٖ صَدْرِيْ وَتَرْفَعُ بِهٖ قَدْرِيْ اَنْتَ وَجْهِيْ وَجَاهِيْ وَاِلَيْكَ الْمَرْجِعُ وَالتَّنَاهِيْ تَجْبُرُ الْكَسِيْرَ
وَتَرْحَمُ الْفَقِيْرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ الْعَظِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَآئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ
وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَآئِيْلَ وَاِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ عَافِنِيْ وَاعْفُ عَنِّيْ وَلَا تُسَلِّطْ
عَلَيَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ يَا اللّٰهُ بِشَيْءٍ لَا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ يَا سَمِيْعَ الدُّعَآءِ يَا مُجِيْبَ النِّدَآءِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ
اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ
يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا
اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مُمْسِكُ
السَّمَآءِ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط مِنْ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّشَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
اَمَانًا مِّنَ الْفَقْرِ وَاَمَانًا مِّنَ الرِّدَّةِ وَاَمَانًا مِّنَ الذَّمِّ وَاَمَانًا مِّنَ الْهَمِّ وَاَمَانًا مِّنَ الْغَمِّ وَاَمَانًا
مِّنَ الذُّلِّ وَاَمَانًا مِّنَ الْجَهْلِ وَاَمَانًا مِّنَ الْفِتَنِ وَاَمَانًا مِّنَ الْخَسْفِ وَاَمَانًا مِّنَ الرَّجْفِ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ

اے حمید اے مجیب اے مجید بحرمت محمد علیہ السلام کے لے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ سر جامع اور نور ساطع کے یہ کہ
بخش مجھ کو فرقان اپنے پاس سے جو کھول دے سینہ میرا اور بلند کرے قدر میرا تو میرا قبلہ اور سہارا ہے اور تیری ہی طرف رجوع
اور انتہا ہے جبر نقصان کرتا ہے تو شکستہ کا اور رحم کرتا ہے تو فقیر پر نہیں معبود مگر اللہ علم اور بزرگی والا نہیں ہے معبود مگر اللہ
رب عرش عظیم کا نہیں ہے معبود مگر اللہ رب آسمانوں اور زمین کا اور رب عرش کریم کا اے اللہ رب جبرئیل و میکائیل و اسرافیل
و عزرائیل اور ابراہیم و اسمٰعیل اور اسحاق و یعقوب کے عافیت دے مجھ کو اور معاف کر مجھ کو اور مت کر مجھ پر کسی کو اپنی مخلوق
میں سے اے اللہ کی چیز لے ساتھ جس کی مجھ کو طاقت نہ ہو اے سننے والے دعا کے لے قبول کرنے والے ندا کے پس عنقریب کافی ہے
تجھ کو ان سے اللہ اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے توکل کیا ہے میں نے اس زندہ پر جو نہیں مرتا ہے اور حمد ہے اس اللہ
کی جس کے بیٹا نہیں ہے اور نہیں ہے شریک اس کا ملک میں اور نہیں ہے ولی اس کا ذلت ہے اور تکبیر کہہ اس کی تکبیر
کہنا اللہ اکبر اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے ان چیزوں سے جن سے خوف کرتا ہوں میں اور حذر کرتا ہوں میں اور پناہ
مانگتا ہوں اس اللہ کے ساتھ جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ روکنے والا ہے آسمانوں کا اس بات سے کہ گر پڑیں زمین پر مگر اس
کے حکم سے ہر ایک جبّار سرکش اور شیطان مردود سے اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے امان کا فقر سے اور امان کا
ارتداد سے اور امان کا مذمت سے اور امان کا رنج و غم اور امان کا ذلت سے اور امان کا جہالت سے اور امان کا فتنوں

عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِمُحَمَّدٍ السَّيِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ نُوْرِ أَنْوَارِ الْمَعَارِفِ وَسِرِّ أَسْرَارِ الْمَعَارِفِ وَصَفْوَةِ خَلْقِكَ وَسِرِّ عِلْمِكَ وَمِرْآةِ ذَاتِكَ وَمَشْهَدِ صِفَاتِكَ وَأَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ وَبِسَاطِ رَحْمَتِكَ وَبِالسَّبْعَةِ وَالثَّمَانِيَةِ وَأَسْرَارِهَا الْمُتَّصِلَةِ مِنْكَ يَا اَللّٰهُ يَا أَحَدُ يَا صَمَدُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ أَنْ تَهَبَنِيْ مِنْ عِلْمِكَ عَقْلًا وَّمِنْ حَيَاتِكَ رُوْحًا وَّمِنْ اِرَادَتِكَ حُكْمًا وَّمِنْ قُدْرَتِكَ فِعْلًا وَّمِنْ كَلِمَاتِكَ لِسَانًا وَّمِنْ سَمْعِكَ فَهْمًا وَّمِنْ بَصَرِكَ كَشْفًا وَّمِنْ اِحَاطَتِكَ قِيَامًا وَّامْنَحْنِيْ مِنْكَ بِكَ سِرًّا تَخْضَعُ لَهٗ أَعْنَاقُ الْمُتَكَبِّرِيْنَ وَتَنْقَادُ اِلَيْهِ نُفُوْسُ الْجَبَابِرَةِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ عَلٰى كُلِّ بِدَايَةٍ وَّلَكَ الشُّكْرُ عَلٰى كُلِّ نِهَايَةٍ اِنَّكَ أَنْتَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ اَللّٰهُمَّ أَنِمْنِيْ عَلٰى فِرَاشِ رَحْمَتِكَ بِمَنِّكَ وَاحْرُسْنِيْ بِحَارِسِ حِفْظِكَ وَصَوْنِكَ وَرَدِّنِيْ بِرِدَاءِ الْهَيْبَةِ وَاَجْلِسْنِيْ عَلٰى سَرِيْرِ الْعَظَمَةِ مُتَوَّجًا بِتَاجِ الْبَهَاءِ وَاضْرِبْ عَلَيَّ سُرَادِقَاتِ الْحِفْظِ وَانْشُرْ عَلَيَّ لِوَاءَ الْعِزِّ وَيَسِّرْ لِيَ الرِّزْقَ وَامْلَأْ بَاطِنِيْ خَشْيَةً وَّرَحْمَةً وَّظَاهِرِيْ عَظَمَةً وَّهَيْبَةً وَّمَلِّكْنِيْ نَاصِيَةَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّشَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَاعْصِمْنِيْ مِنَ الْخَطَاءِ وَالزَّلَلِ وَاَيِّدْنِيْ فِي الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِكَ وَبِمَا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ ذَاتُكَ مِمَّا لَا يَعْلَمُهٗ أَحَدٌ سِوَاكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الذَّاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ وَ

سے اور اماں کا تحست سے اور اماں کا رجعت سے اے اللہ انجام اچھا کر ہمارا کاموں میں اور بچا ہم کو ذلت دنیا و آخرت سے اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بطفیل محمد سید کامل فاتح خاتم انوار معارف کے نور اور اسرار معارف کے راز اور تیرے برگزیدہ خلق اور تیرے علم کے اور تیری ذات کے آئینہ کے اور تیری صفات کے مشہد اے اللہ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے تیرے نور ذات کے ساتھ اور بساط رحمت کے ساتھ۔ اور ساتھ سبعہ ثمانیہ کے اور ان کے اسرار کے جو تجھ سے متصل ہیں۔ اے اللہ اے یکتا اے بے نیاز اے زندہ بہ کہ بخشے تو مجھ کو اپنے علم سے عقل اور اپنے حیات سے روح اور اپنے ارادہ سے حکم اور اپنی قدرت سے فعل اور اپنے کلموں سے زبان اور اپنی سماعت سے فہم اور اپنی بصارت سے کشف اور اپنے احاطہ سے قیام اور عنایت کو مجھ کو اپنے پاس بھید جس کے سامنے جھکیں متکبروں کی گردنیں اور مطیع ہوں نفس جباروں کے پس تجھ ہی کو ہے حمد اے رب اوپر ہر ہدایت کے اور تجھ ہی کو ہے شکر اوپر ہر عنایت کے بیشک تو غنی حمید ہے اے اللہ مجھ کو سلا فراش رحمت پر اپنے احسان سے اور حفاظت کر میری ساتھ اپنی حفاظت کے اور اوڑھا مجھ کو چادر ہیبت کی اور بٹھا مجھ کو تخت ہیبت پہنا تاج عزت کے ساتھ اور ڈال مجھ پر پردے حفاظت کے اور پھیلا مجھ پر جھنڈا عزت کا اور آسان کر میرے واسطے رزق اور بھر میرے باطن کو اپنے خوف اور رحمت سے اور ظاہر کر میرے عظمت اور ہیبت سے اور مالک کر مجھ کو پیشانی کا ہر ایک جبار اور سرکش اور شیطان مردود کی اور بچا مجھ کو خطا اور لغزش سے اور قوت دے مجھ کو قول اور عمل میں اے اللہ مانگتا ہوں میں تجھ سے تیرے ساتھ اور اس کے ساتھ جس پر تیری ذات مشتمل ہے جس کو تیری

اللَّطِيفَةِ الْأَحْمَدِيَّةِ شَمْسِ سَمَاءِ الْأَسْرَارِ وَمَظْهَرِ الْأَنْوَارِ وَقُطْبِ فَلَكِ الْجَمَالِ وَمَرْكَزِ مَدَارِ الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ
إِنِّي أَسْأَلُكَ بِسِرِّهِ لَدَيْكَ وَبِسَيْرِهِ إِلَيْكَ أَنْ تُؤْمِنَ خَوْفِي وَتُقِيلَ عَثْرَتِي وَأَذْهِبْ حُزْنِي وَحِرْصِي
وَكَمِّلْ نَقْصِي وَاجْذِبْنِي إِلَيْكَ وَارْزُقْنِي الْقَنَاعَةَ وَلَا تَجْعَلْنِي مَفْتُونًا بِنَفْسِي مَحْجُوبًا بِحِسِّي
وَاكْشِفْ لِي عَنْ كُلِّ سِرٍّ مَكْتُومٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ وَاكْفِنِي بِلُطْفٍ تَرْتَاحُ إِلَيْهِ أَرْوَاحُ الْأَوْلِيَاءِ وَ
تَنْبَسِطُ لَهُ نُفُوسُ السُّعَدَاءِ فَلَكَ الْمَجْدُ الْأَوْسَعُ وَالْمُلْكُ الْأَجْمَعُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ
سَبَقَ فِي عِلْمِكَ إِنَّكَ لَا تَمْنَعُ مِنَ السُّؤَالِ بِهِ طَالِبًا وَلَا تَرُدُّ مَنْ سَأَلَ بِهِ خَائِبًا أَسْأَلُكَ أَنْ تَقْضِيَ
حَاجَتِي فِيمَا أُرِيدُ وَأَنْ تُصْحِبَنِي بِحُسْنِ الْعَاقِبَةِ إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا أُرِيدُ وَلَكَ مَقَالِيدُ الْأُمُورِ وَأَنْتَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ أَنْ تُفِيضَ عَلَيَّ
مِنْ مَلَابِسِ أَنْوَارِكَ مَا يَرُدُّ عَنِّي أَبْصَارَ الْأَعْدَاءِ خَاسِئَةً وَأَيْدِيَهُمْ خَاسِرَةً وَأَنْ تَكْسُوَنِي فِي كُلِّ
مَا أُحَاوِلُ بَهْجَةً مِنْكَ تَرْتَاحُ إِلَيْهَا أَرْوَاحُ الْمُدْرِكِينَ وَتَشْخَصُ لَهَا أَبْصَارُ النَّاظِرِينَ وَتَسِيرُ بِهَا
أَسْرَارُ الْعَارِفِينَ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ وَمُعَلِّمُهَا وَكَاشِفُ الْأَسْرَارِ
وَمُفْهِمُهَا فَلَكَ الْحَمْدُ وَالْمَدْحُ وَبِيَدِكَ الْخَيْرُ وَالْفَتْحُ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى أَنْبِيَائِكَ وَالْمُرْسَلِينَ وَمَلٰئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِينَ وَأَوْلِيَائِكَ

سوا کوئی نہیں جانتا یہ کہ درود بھیجے تو ہمارے سردار حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جن کی ذات محمدیہ اور لطیفہ احمدیہ ہے آفتاب ہیں آسمان اسرار کے اور مظہر ہیں انوار کے اور قطب ہیں فلک جمال کے اور مرکز ہیں مدار جلال کے۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ساتھ راز ان کے جو تجھ سے ہے اور ساتھ انکے کے جو تیری ذات ہوا یہ کہ امن دے تو مجھ کو خوف سے اور دور کر میری مشقت کو اور دفع کر میرے حرص اور غم کو اور پورا کر میرے نقصان کو اور لے مجھ کو اپنی طرف اور دے مجھ کو قناعت اور مت کر مجھ کو فتنہ میں نفس کے محجوب کے ساتھ حواس کے اور کھولدے میرے واسطے ہر ایک راز پوشیدہ ملے زندہ اے قائم اے کفایت کر مجھ کو ساتھ ایسے لطف کے کہ راحت حاصل کریں اس کی طرف روحیں اولیاؤں کی اور خوش ہوں اس کے واسطے نفس نیکوں کے پس تیرے ہی واسطے بزرگی وسیع اور ملک تمام اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے ہر علم کے ساتھ جس نے سبقت کی تیرے علم میں بے شک تو انکے ساتھ سوال کرنیوالوں کو محروم نہیں رکھتا ہے اور جو انکے ساتھ سوال کرے تو اس کو رد نہیں کرتا ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری حاجت پوری کر جو میں ارادہ رکھتا ہوں اور حسن انجام مجھ کو عنایت کر بیشک تو جانتا ہے جو میں ارادہ رکھتا ہوں اور تیرے ہی پاس خزانوں کی کنجیاں ہیں اور تو ہر چیز پر قادر ہے اور اے اللہ میں تجھ سے بطفیل بسم اللہ کے سوال کرتا ہوں کہ ڈالدے مجھ پر لباس اپنے انوار کے جو رد کریں مجھ سے نظر دشمنوں کی ذلت کے ساتھ اور ہاتھ ان کے ناکامیابی کے ساتھ اور یہ کہ پہنا تو مجھ کو عمدگی اور تازگی جس کی طرف ادراک کرنے والوں کی روحیں کوشش کریں اور تشخیص کریں واسطے اسکے آنکھیں ناظرین کی اور سیر کریں ساتھ اسکے اسرار عارفوں کے بیشک تو علام الغیوب ہے اور بتلانے والا انکا ہے اور اسرار کھولنے والا اور

الصّٰلِحِیْنَ وَعَلٰی اَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ وَبَلِّغْھُمْ سَلَامَنَا وَتَحِیَّتَنَا وَبَلِّغْنَا شَفَاعَتَھُمْ بِسُؤْلِنَا وَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ صَرَفْتُ رَجَآئِیْ اِلٰی وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَاَحْسَنْتُ ظَنِّیْ فِیْ عَفْوِکَ الْعَظِیْمِ فَارْحَمْنِیْ وَارْحَمْ وَالِدَیَّ وَاغْفِرْلِیْ وَلِلْمُسْلِمِیْنَ وَلَا تَصْرِفْ رَجَآئِیْ عَنْ وَجْھِکَ خَائِبًا وَلَا تَجْعَلْ حُسْنَ ظَنِّیْ فِیْ عَفْوِکَ کَاذِبًا اَللّٰھُمَّ کَیْفَ نَصْدُرُ عَنْ بَابِکَ بِخَیْبَۃٍ وَّقَدْ اَمَرْتَنَا بِدُعَآئِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ اِذَا انْقَضٰی اَجَلِیْ وَانْقَطَعَ عَمَلِیْ وَلَبِسْتُ کَفَنِیْ وَفَارَقْتُ سَکَنِیْ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُغْنِیَ الرِّقَابِ وَیَا کَاشِفَ الْعَذَابِ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ الٓمّٓ الٓمّٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ طٰسٓمٓ طٰسٓ حٰمٓ قٓ نٓ وَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

ایک ہزار بار یا لطیف ۱۲۹ بار یا کافی ایک سو گیارہ بار یا حلیم ۹۸ بار یا مجیب ۵۵ بار یا سلام ۱۳۱ بار یا حفیظ ۹۹۸ بار پھر اس کے بعد جو دینی یا دنیاوی حاجت ہو۔ اس کے واسطے دعا مانگے قبول ہوگی۔ یہ دعا ایک بہت بڑا اسرار ہے اس کو سمجھو اور یاد رکھو اور نااہل کو نہ سکھاؤ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔

۱٦۔ اسمائے حسنیٰ اور ان کے نافع نقوش

یہ فصل ایک لولو مکنون ہے جو وادی صفا سے دوستان باوفا کے واسطے صادر ہوا ہے خصوصاً وہ صوفیا کرام جو ہوائے شوق پر سوار ہیں اور ذوق کے پروں سے اڑ کر ان علوم وہبی اور رسوم فتحی اور رقوم ہندی اور لطائف حرفی اور معادن عددی اور اسمار نورانی اور حقائق عرفانی کی کچھ حاصل کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں اسمائے الٰہی اس نظر سے

سمجھانے والا ہے پس تیرے واسطے حمد و ثنا ہے اور تیرے ہی ہاتھ میں خیر و فتح ہے اے اللہ درود بھیج اپنے انبیاء اور مرسلین پر اور ملائکہ مقربین پر اور اولیاء صالحین پر اور تمام اہل طاعت پر اور پہنچا ان کو سلام ہمارا اور تحیہ ہمارا اور پہنچا ہم کو شفاعت ان کی ہمارے سوال اور آرزو سے اے اللہ میں نے اپنی امید کو تیری ذات بزرگ کی طرف متوجہ کیا ہے اور عمدہ کیا ہے میں نے اپنے گمان کو تیرے عفو عظیم میں پس رحم کر مجھ پر اور میرے ماں باپ پر اور بخش مجھ کو اور مسلمانوں کو اور مت پھیر میری امید کو اپنی ذات سے محروم اور نہ کر میرے حسن ظن کو اپنی معافی سے جھوٹا اے اللہ ہم کس طرح تیرے دروازے سے ناکامیاب جائیں حالانکہ تو نے ہم کو دعا کا حکم کیا ہے اے ارحم الرحمین اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ کہ رحم کر مجھ پر جب میرا وقت آخر ہو اور عمل میرا ختم ہو اور میں اپنا کفن پہنوں اور اپنی جگہ سے جدا ہوں۔ اے رب الارباب اے مسبب الاسباب اے آزاد کرنیوالے گردنوں کے اور اے کھولنے والے عذاب کو مجھ کو نقصان پہنچا اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا شروع ہے۔ اللہ شافی کے نام سے شروع ہے۔ اللہ کافی کے نام سے شروع ہے۔ اللہ معافی کے نام۔ پس اللہ بہتر حافظ ہے اور بڑا مہربان ہے نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ ۱۲

جو کتاب وسنت میں وارد ہیں یا بصیغہ اسم ہیں یا بہ صیغہ فعل۔ مگر اس سے بھی اسم مشتق ہے اور اہل کشف جو حقائق اسمار پر مطلع ہوئے ہیں وہ بہت کثرت کے ساتھ ہیں کیونکہ جب ہم نے قاہر اور قہار اور شاکر اور شکور دونوں اسموں کو عدد کیا تو یہ تین سو اسم اور بعض کہتے ہیں چھ ہزار اسم تک پہنچتے ہیں اس اشارہ سے غرض اختصار اور اس علم مکنون کی طرف ایمار کرنا ہے واسطے تنبیہہ طالبین اسکے کے جس شخص کے نصیب میں اس علم کا کچھ حصہ ہو اس کو لازم ہے کہ خلوت میں بیٹھ کر سلوک کے منازل طے کریں۔ اور اخلاق مذمومہ چھوڑ کر اخلاق محمودہ سے آراستہ ہوں۔ تب اس وقت وہ اس علم کے موقوعات سے واقف ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ۔ یعنے پس نہیں جانتا ہے کوئی نفس اس چیز کو جو ان کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک سے پوشیدہ رکھا گیا ہے بدلہ اس کا جو وہ عمل کرتے ہیں پس اسی واسطے تو در نہ نام کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ اور پہلے ان کو مجموعی صورت سے ذکر کرکے پھر فرداً فرداً تشریح کروں گا۔ پس میں کہتا ہوں ترمذی نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالےٰ کے ننانوے نام ہیں جس نے ان کو احصار کر لیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور وہ یہ ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْحَلِيمُ . . .

الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ الْعَلِيمُ الْعَظِيمُ الْغَفُورُ الشَّكُورُ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ الْحَفِيظُ الْمُقِيتُ الْحَسِيبُ الْجَلِيلُ الْكَرِيمُ الرَّقِيبُ الْمُجِيبُ الْوَاسِعُ الْحَكِيمُ الْوَدُودُ الْمَجِيدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيدُ الْحَقُّ الْوَكِيلُ الْقَوِيُّ الْمَتِينُ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ الْمُحْصِي الْمُبْدِئُ الْمُعِيدُ الْمُحْيِي الْمُمِيتُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْأَوَّلُ الْآخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِي الْمُتَعَالِي الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُوفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ الْمُقْسِطُ . . .

الْجَامِعُ الْغَنِيُّ الْمُغْنِي الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّورُ الْهَادِي الْبَدِيعُ الْبَاقِي الْوَارِثُ الرَّشِيدُ الصَّبُورُ

پس یہ ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرے جنت میں داخل ہوگا۔ حضور علیہ السلام نے ان کا احصار کیا ہے اور ذکر کے ساتھ ان کو مخصوص کیا ہے کیونکہ یہ اسماء ان معانی پر مشتمل ہیں جو جنت کے درجہ ہیں اور اسی واسطے فرمایا کہ جس نے ان کا احصار کیا وہ جنت میں داخل ہوگا اور حضور علیہ السلام کے نام مبارک جو پورے سو ہے وہ ان کے ساتھ ذکر نہیں کیا گیا کیونکہ وہ درجات جنت کا وسیلہ ہے جو سوائے حضور کے بندگان خدا میں سے اور کسی کو لائق نہیں ہے۔ معلوم ہو کہ جو شخص خزانے میں داخل ہوا اور پھر ناکامیابی کے ساتھ وہاں سے باہر نکلا وہ آتش حسرت سے جل کر مر گیا اور جسنے پھر وہاں جانا چاہا اسکا پیرہن شمس ہو گیا۔ شعر

عَلٰى نَفْسِهٖ فَلْيَبْكِ مَنْ ضَاعَ عُمْرُهٗ ۔۔۔ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْهَا نَصِيبٌ وَلَا سَهْمٌ

یعنے اپنی جان پر وہ شخص روئے جس کی عمر ضائع ہوئی اور کچھ حصہ اس میں سے اس کو نہ ملا۔ پس نہایت حسرت و افسوس ہے اس پر جس نے اپنی غفلت و سستی میں ترقی اور زیادتی کی اور اپنے زمانی رفیقوں سے پیچھے رہ گیا خدا کے ہاں اسکا نقصان ظاہر ہو گیا اور لوح مقربین سے اس کا نام مٹ گیا۔ اس کو سمجھ ہدایت پائے گا۔

اسم لاالہ الاہو کے فوائد

اگر تم کہو کہ الہ کو اسماء میں کیوں شمار نہیں کیا گیا میں کہتا ہوں حضور علیہ السلام نے اس کو اسماء میں شمار نہیں کیا ہے بلکہ جس طریقے سے کہ یہ وارد ہوا ہے توحید پر اسی پر جاری رکھا ہے اور محض اس اسم کو مستقل اسم قرار نہیں دیا بلکہ ہو اللہ الذی لا الہ الا ہو سارا اسم ایک ہے اور اس میں ایک راز ہے جس کو اہل بصائر جانتے ہیں۔ اور اسم ہو ضمیر غائب ہے اور یہ اسماء الہی میں سے خاص ترین اسمائے ہے کیونکہ یلیت حقیقت الہی کے واسطے ہے۔ اس لئے کہ عقل اس کا تصور نہیں کر سکتی اور نہ وہم اس کو محدود کر سکتا ہے اور یہ اسم ذات ہے باعتبار احاطہ عینی اور اطلاق کے کل قیود اور اوصاف سے جو موجب تعدد نہیں اور یہی اسم فاتحۃ الاسماء اور ام کتاب ہے اور یہ اسم بڑا جلیل القدر اور یہی اسم اعظم ہے۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے پس اس کے دل میں سوائے اس کے اور کوئی خطرہ پیدا نہ ہوگا۔ اور اللہ تعالے کشف کا دروازہ اس پر مفتوح کریگا اس کی استعداد کے موافق اور اسم اسماء مخصوصہ بالمتولین میں سے ہے عدد اس کے ۱۱ ہیں اور یہ چوتھا عدد ہے اور یہی عدد اس کے مقتضیات میں سے ہے۔ پس اسی واسطے پانچواں عدد فرد ہے۔ اور وہ عدد ثانی ہے کیونکہ وہ جامد ہے بغیر اشتقاق کے اور اس کے حروف کے اسماء اسم واحد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور مربع اس کا اس طرح ہے۔

۴۲۱	۱۲۸	۱۲۳
۱۲۶	۱۲۴	۱۲۲
۱۲۵	۱۳۰	۱۲۷

ایک مربع اس کا سہ در سہ ہے جہت شفع سے اور مربع چہار در چہار ہے۔ جہت عدد وتر سے اور مبدء مثلث اس کا حروف ہا سے ہے جو شخص اس مثلث کو شرف زحل میں چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے پہنے تمام روحانی اس کی اطاعت کریں گے اور جو کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے۔ وہ ہیبت والا ہوگا۔ اور اگر کوئی عارف اس کا ذکر کرے گا تو روحانی اس سے گفتگو کریں گے مگر یہ بات روزہ اور ریاضت کے بعد ہوتی ہے اس وقت یہ ان سے جو چاہے سوال و جواب کر سکتا ہے اور عدد لفظی اسکے ۲۷ اور قمی ۳۶ ہیں اور یہ اسم ان اسمائیں سے ہے جو شفع اور وتر کے جامع ہیں اور ۳۴ معنا ہیں واسطے دخول وافر کے ہا میں اور مربع اس کا اس صفت پر ہے۔

ماجد	حفی	منجی
عزیز	عدل	مبین
کہف	منجد	دائی

ہمزہ	لام	الف	حا
۸	۱۱۰	۷۴	۵۶
شین	ہادی	اول	مبین

ط	لو	ما
۸	۸	لی
ع	ح	یہ

۱۔ خواص اسم اللہ

بالاتفاق یہی اسم اعظم ہے اور فقط ذات باری کا نام ہے معنے اس کے سردار کے ہیں اور یہی اسم ذات ہے اور باقی کل اسمار اس کی صفات ہیں مگر یہ کسی اسم کی صفت نہیں ہے۔ جو شخص اس کا ذکر کرے کوئی شخص بسبب بزرگی کے اس کو دیکھ نہ سکے۔ جو شخص اس کو شرف زحل میں کسی پاک چیز پر لکھ کر جلائے ہر ایک شیطان خبیث جل جائے اور بخت سردی میں اس کا ذکر کرے تو سردی کے الم سے محفوظ رہے اور بلغمی بخار والا اگر اس کو انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے تو فوراً بخار جاتا رہے اور اگر ہرن کی جھلی پر جب کہ آفتاب برج اسد میں ہو تو لکھ کر تین سو ستر بار اس کا ذکر کرے پھر جس پانی پر ہاتھ رکھے وہ خشک ہو جائے گا مگر صاحب حال ہونا شرط ہے اور جو اس کی قدر کو پہچانے گا۔ وہ اس کے سوا ہر ایک چیز سے غنی ہو جائے گا کیونکہ یہی وہ اسم اعظم ہے جس کے ساتھ دعا کی جائے۔ تو قبول ہو۔ اور جو مانگا جائے مل جائے۔ چنانچہ اسی سبب سے اس کے قوائے ظاہری اسم مجیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہی پہلا اسم اسمار مظہرہ میں سے ہے اور جامع ہے حقائق کے واسطے اور مشتمل ہے اس کے دقائق پر اور اس کا خمس جلیل القدر ہے جو اس کو لکھے اور اپنے پاس رکھے کوئی کام اس پر مشکل نہ ہوگا اور کل سختیاں آسان ہوں گی۔ اور یہ ذکر اکابر مولہیں کا ہے اہل خلوات میں سے ہے اور جس کا نام محمد ہے اس کے واسطے یہ ذکر مناسب ہے اس طرح اللہ اللہ کیوں کہ حضور فرمایا کرتے تھے۔ اللہ اللہ ربی لا اُشرِکُ بہ شیئًا اور جس کا نام عبداللہ ہے اس کے واسطے بھی مناسب ہے اس کے عدد لفظی ۶۷ ہیں اور عدد رقمی ۹۹ ہیں اور اور اسمار حروف ۲۶ دو۔ بزرگ اسمار کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے۔

۱	۱۴	۲۳	۱۵	۱۸
۱۵	۸	۱۶	۴	۱۲
۱۶	۲	۱۵	۲۴	۶
۱۲	۲۳	۹	۱۷	۵
۷	۲۰	۳	۷	۲۱

(۲) اسم رحمٰن برائے حل المشکلات

اس اسم شریف کا مربع ۵۵۵ ہے جو شخص اس کو نداخل کے ساتھ شرف زحل میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ کی مہربانی میں رہے گا اور جو اس کو دیکھے گا نرم ہوگا اور بہت نعمتیں اس کو حاصل ہوں گی اور اگر اس کو پانی میں گھول کر گرمی کے بخار والے کو پلائے تو فوراً جاتا رہے اللہ تعالیٰ اس پر نظر عنایت کرے اور جس کا نام عبدالرحمٰن ہو اسکے واسطے اس کا ذکر کرنا مناسب ہے اور جو اس پر مواظبت رکھے اس پر مہربانی ہو گی ہر حال میں صورت اس کی یہ ہے۔ . . . .

ر	ح	م	ا	ن
۴	۲۸	۱۹۸	۱۱	۲۸
۹	۲۱۰	۲	۵۱	۱۶۶
۴۹	۹۹	۷	۲۱	۵
۳۷	۳	۵۲	۲۹	۶

حضرت خضر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز بعد نماز عصر کے غروب آفتاب تک یا اللہ یا رحمٰن ذکر کرتا رہے اور دعا مانگے قبول ہو گی اس کے عدد ۹۹ ہیں اور یہ زوج فرد ناقص ہے اور اجزا اس کے ۱۰۳۷ اسم مبقی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

بہ حیثیت رقم سے ہے لیکن حیثیت لفظ سے اس کے عدد ۳۹ ہیں اور یہ عدد فرد ناقص ہے اجزاء اس کے ۷،۱۳ اسم آلہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسکے اسماء حروف ۳۹ اسم مبدع اور فاطر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

۳۔ اسم رحیم برائے قبولیت دعا و شفائے امراض

اس اسم جلیل القدر کا مربع ۴ در ۴ ہے بمرز داخل کے ساتھ اور اس کا حامل کل احوال میں ملطوف رہتا ہے اور کثرت سے اس کا ذکر کرنے والا مستجاب الدعوات ہوتا ہے اور یہ اسم حوادث زمانہ سے امان ہے اور اس کے واسطے بہتر وقت شرف قمر کا ہے اور کل گرم بخاروں کو نفع کرتا ہے اور اس کے ساتھ یہ آیت بھی لکھنی چاہیئے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ آخر تک جس کا نام ابراہیم ہو اس کے واسطے اس کا ذکر بہت مناسب ہے اور اس کے ساتھ اسم مطہر کو بھی ملائے۔ عدد اس کے ۲۵۹ ہیں اور یہ زوج فرد مستطیل مرکب ہے مثنے لطیف اور مثلث بدیع اور مسدس اول اور یہ عدد زائد ہے اجزاء اس کے ۲۱۹۔ اسم کریم کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۳۱۳۔ اسم یا بصیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں مع یاء نداء کے صورت اس کی یہ ہے۔

ر	ح	ی	م
۱۱۰	۳۹	۳۱	۲۱
۳۸	۸	۲	۲۰۲
۹	۳۳	۳۷	۹۰

۷۳	۱۰	۸۵
۸۸	۸۶	۸۴
۸۷	۸۳	۸۹

معلوم ہو کہ اسم رحمٰن و رحیم مضطر اور خوف زدہ کے واسطے امان ہیں جو شخص جمعہ کے روز آخر دن میں انگوٹھی پر ان کو نقش کر کے پہنے کل کام اس کے درست ہوں۔

(۴) خواص اسم ملک

یہ ذکر بادشاہوں کے مناسب ہے اور اس کا مربع ۳ در ۳ سونے کی تختی پر آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ کے ساتھ نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہو کیونکہ یہ اسرار جلیلہ میں سے ہے اور جس کا نام عبدالملک ہو اسکے واسطے اس کا ذکر بہت مناسب ہے صورت یہ ہے۔

۲۷	۲۴	۲۹
۳۲	۳	۲۸
۳۱	۲۶	۲۳

اور جب اس کی مثلث عددی کو سونے کے ورق پر لکھ کر انگوٹھی میں رکھ کے اوپر سے یاقوت کا نگ جڑائے پھر اس کو پہن کر جس حاکم کے پاس جائے وہ اس کی طرف نظر بھی نہ کر سکے اور بہت خاطر سے پیش آئے۔ حکیم افلاطون نے بھی سکندر ذوالقرنین کے واسطے تیار کیا تھا جس کے اثر سے شیر اسکے سامنے سے بھاگتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ....

۳۷	۱۳	م
۲۳	ل	۲۷
ك	۴۷	۳۳

اور عدد اس کے ۹ ہیں۔ حسب اور یہ حقائق حروف میں سے ہے اور اسماء منظومہ میں سے موافق مراتب عدد کے از روئے تنزیل کے اور یہ زوج فرد مستطیل ہے اجزاء اس کے ۴۴ ہیں جو اسم الباقی کی طرف مع ال کے اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف

اس کے ۶۲ اسم مجیب الدعوت کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور بعض نے اس کا نقش اس طرح وضع کیا ہے۔ . . . .

۵۔ فوائد اسم قدوس

اس اسم جلیل القدر کا جو شخص کثرت کے ساتھ ذکر کرے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے تو اللہ تعالےٰ اس سے ہر ایک بری خواہش کو دور کر دے گا اور اگر اس کے مثلث عددی کو مربع حرفی کے اندر اس طرح سے کہ وہ اس کا احاطہ کرلے شب جمعہ کو شب مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ اس سے برے اخلاق دور کر کے اچھے اخلاق سے اس کو آراستہ کرے اور لوگوں میں محبوب ہو اور سب اس کی تعریف کریں اس کا ذکر اس کو مناسب ہے جس کا نام عبد القدوس ہے عدد لفظی اس کے ۱۷۰ ہیں اور رقمی ۱۷۰ ہیں اور یہ من کل الوجوہ اسم اسماء عظیمہ شفعیہ میں سے ہے اور یہ عدد لفظی زوج فرد مستطیل ہے صورت اس کی یہ ہے۔ اور اجزا اس کے . . . . ۱۷۶، اسم موسع کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اس کے عدد رقمی بھی زاید ہیں جو ام ۲ میں اور آلہ اور رقیب دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

ق	د	و	س
۷	۵۹	۱۰۱	۱۰۲
۵۸	۵	۱۰	۶۲
۹	۱۰۳	۵۷	۵

۶۔ اسم سلام برائے حفاظت

اس اسم کو لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا وہ کبھی کوئی برائی نہ دیکھے گا۔ اور جو کثرت سے اس کا ذکر کرے گا وہ ہر ایک آفت سے سلامت رہے گا اور اس کے ذکر میں اہل ہدایات و نہایات کے واسطے بہت اسرار ہیں اور اگر خائف اس کا ذکر کرے تو خوف سے اس کو امن ہو عدد اس کے ۱۳۱ ہیں اور یہ پہلے عدد ہیں جو اسم کافل کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۳۹۲ ہیں رحمٰن اور رعنز دو اسماء کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور جس کا نام محمد ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مفید ہے صورت اس کی یہ ہے . . . .

س	ل	ا	م
۴	۳۷	۵	۳۱
۲۸	۳	۳۲	۸ ح
۲۹	۶	۳۹	۲

اگر وتر سلام کو ایک عدد کے ساتھ شفع کر لیا جائے تو یہی اسم محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے اور وہ قلب عالم ہے جیسا کہ یٰسین کا قلب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِیمٍ یہ آیت بڑی جلیل القدر ہے اور اسی میں اسم اعظم ہے۔ اور اس کا ایک بہت بزرگ نقش بھی ہے جو کوئی اس کو شرف مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق میں مقبول ہو اور دین و دنیا کے کام اس کے آسان ہوں۔

۷۔ اسم مومن برائے رفع حاجات

معلوم ہوا کہ اس اسم اعظم الشان کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے اس کی حاجتیں پوری ہوں گی اور سب دعائیں قبول ہوں گی۔ اور جس شخص کو

دسواں اس کا عارضہ ہو وہ سونے کی یا چاندی کی تختی پر اس کے مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے عارضہ اس کا جاتا رہے اور جو اس کے ذکر کی کثرت کرے جھوٹ بولنے سے محفوظ رہے اور اگر اس کے مربع کو شرف مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھے قبول عظیم ہو اور بہت نعمتیں ہاتھ آئیں جس کا نام عبدالمومن ہے اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد اس کے ۱۳۶ ہیں اور یہ زوج الزوج ہے اور عدد ناقص ہے اجزاء اس کے ۱۴۳ ہیں اور اسم صمد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسمار حروف اس کے ۱۳۹۹ اسم رحمٰن کی طرف اشارہ کرتے ہیں، صورت اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔

م	و	م	ن
۲۳	۳۷	۳۹	۴۷
۴۱	۲۹	۳۱	۳۵
۴۳	۴۲	۴۱	۴۹

۸۰۔ اسم مہیمن برائے حفاظت از ظالم حاکم

یہ اسم اسمار جامعہ میں سے ہے جو شخص اس کے ذکر پر مداومت کرے اس کو اپنی ذات اور اس کے اسرار کا علم نصیب ہو اور ایمان و اقرار جو اللہ تعالےٰ نے اس کی ذات میں ودیعت رکھا ہے اس سے وقوف ہو۔ اور اگر شرف قمر یا شرف زحل میں اس کے مربع کو نقش کرکے اپنے پاس رکھے اور اسم کو اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے بادشاہ کے شر سے محفوظ رہے اور جو شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے اس کو پوشیدہ مکروں سے مطلع کرے یہ اسم اسماء احاطہ میں سے ہے اس کی قدر کو وہی لوگ جانتے ہیں۔ جن پر حقائق اسمار منکشف ہو گئے ہیں عدد اس کے ۱۴۵ ہیں اور یہ عدد فرد مستطیل ہیں اور یہ ضرب باطن جمیع حروف محققہ سے ہے اور یہ اس کے ظاہر سے بھی ہے۔ یہاں تک کہ ظاہر نفس اس کے سے اور یہیں سے احاطہ اس میں صحیح ہوا ہے اور یہ عدد ناقص ہے کل امر کے رجوع کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اسمار حروف اس کے ۳۳ ہیں۔ احد اور فاطر دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں حضرت امیرالمومنین عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ آپ سے کسی نے اسم کے معنے دریافت کئے آپ نے جواب میں توقف کیا کہ اتنے میں ایک بدوی فصیح عورت اپنے خاوند کی شکایت کرتے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی اے امیرالمومنین میرے خاوند پر میرا حق چاہیئے اور میرا مہیمن اس پر موجود ہے کیا آپ کسی حافظ کو بھیج کر دلوا سکتے ہیں اس وقت حضرت عمرؓ نے مہیمن کے معنی گواہ کے ساتھ فرمائے اس کا مربع ۵ در ۵ ہے اور یہ اسرار مکتونہ میں سے ہے اور پانچ کے ساتھ ابتدا کرنا داخل کے ساتھ ہے اللہ تعالےٰ کا قول ہے کہیعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ اور یہ فرد طبعی ہے اس سبب سے کہ افراد تقاضا کرتے ہیں عالم فیض و جلال و ازواج سے واسطے عالم بسط و جمال کے صورت اس کی یہ ہے۔

م	ہ	ی	م	ن
۱۳	۳۸	۴۸	۴۲	۳
۴۱	۴۱	۶	۱۱	۳۶
۴	۱۹	۵۵	۴۱۹	۲۴
۲۲	۲۲	۵۲	۳	۱۲

مہ	ی	م	ن
۴۱	۴۹	۴۶	۹
۴۸	۳۸	۱۲	۴۷
۱۱	۴۸	۴۷	۳۹

اور اس کے اندر ان اسماء کا راز ہے جَمِیْلٌ جَلِیْلٌ مُجْمِلٌ مُکْرِمٌ غَالِبٌ فِی الْحُکْمِ مُنْزِلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ مَالِکُ الْمُلْکِ المطہ مانی ملی زکی مبدل مجید منجی الله اور جو اسماء ان کے مناسب ہیں اور کل یہ دس حروف ہیں۔ ا ح ھ ر ط ی ک ل م ن اعداد ان کے ۵۷۱ ہیں اور یہی عدد وفق شکل مسبع کے ہیں مناسبات حرفیہ میں عجیب و غریب اسرار ہیں ان لوگوں کے واسطے جو حکمت الہامیہ کا ذوق رکھتے ہیں اور ایسے لوگ مولہین میں سے بہت کم ہوتے ہیں۔ در حقیقت اللہ تعالٰے ہی فہم اسرار کی توفیق دینے والا ہے۔

۹۔ اسم عزیز برائے غلبہ و عزت اس اسم کا مربع ہم درہم ہے مگر اس کا وضع کرنا سوائے سر تداخل کے ممکن نہیں ہے کیونکہ اس میں حرف ز مکرر ہے جو شخص شرف مریخ میں اس کو چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمنوں پر اس کا غلبہ ہو اور جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اور کسی حاکم کے سامنے ذلیل ہونے کا خوف رکھتا ہو تو اس حاکم اور ہر ایک شخص کی آنکھوں میں اس کی عزت ہوگی اور دین و دنیا میں عزت پائے گا اور خوف سے امن میں رہے گا جس کا نام عبد العزیز ہو اس کے واسطے اس کا ذکر موافق رہے اور جو شخص اس اسم کے اسرار کو سمجھ گیا اللہ تعالٰے اس کے باطن کو اسرار عزت سے آراستہ کردے گا کیا تم کو معلوم نہیں کہ یہ اسم عزیز اسم یا جلیل کی طرف ساتھ یا ندا کے اشارہ کرتا ہے عدد اس کے ۹۴ ہیں۔ اور یہ زوج فرد ناقص ہے۔ جزا اس کے ۵۰ حرف ن کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو کل چیز کا مدار ہیں۔ علم باطن اور رزق ظاہر سے کیوں کہ ہر شے اپنی حاجت طلبی کے واسطے اس کے سامنے ذلیل ہوتی ہے اور عزیز کے دو مرتبہ بعد والی ہے پس ولایت اولیٰ باطن ہے اور ثانیہ ظاہر ہے اور اسماء حروف اس کے ۸۰ ہیں جو دو بزرگ اسموں ملک اور حلیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں صورت اس کی یہ ہے:-

۵۲	۵۸	۵۳	۴۴
۵۲	۴۵	۵۵	۵۲
۳۶	۵۵	۵۶	۴۱
۵۸	۴۵	۴۷	۵۴

۱۰۔ فوائد اسم جبّار اس کے ذاکر پر جس کی نظر پڑے گی وہ اس کی ہیبت میں آجائے گا اور اس کی طرف کوئی نظر بد نہ دیکھے گا مربع اس کا ہم درہم ہے سر تداخل کے ساتھ شرف مریخ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے سامنے رعب والا ہو اور جو اس کو دیکھے اس کے آگے ذلیل ہو اور اپنی مراد کو چھوڑ کر اس کی مراد کی کوشش کرے جس کا نام عبد الجبار ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے اور جس کا نام موسٰے ہو اس کے واسطے بھی عدد لفظی اس کے ۲۸۸ ہیں اور رقمی ۲۰۸ عدد اول زوج اور فرد ناقص ہیں اور یہ ضرب عدد اسم سے ہیں جو اعداد زائدہ میں سے ہے اجزا اس کے ۲۲۶۔ اسم الصادق کی طرف مع ال کے اشارہ کرتے ہیں کیونکہ خبر میں مصادقت ضروری ہے۔

نکتہ کسی بادشاہ نے اپنے وزیر سے جو حکیم تھا دریافت کیا کہ مکھی کو اللہ تعالٰے نے کس واسطے پیدا کیا ہے وزیر نے کہا متکبروں کو ذلیل کرنے کے لئے کہ پہلے ان کی نجاست پر بیٹھ کر پھر ان کی داڑھی پر بیٹھے اسی طرح مکھی سب پر بیٹھتی ہے مگر جو ذات پاک کہ نجس سے بالکل بری تھے ان پر نہ بیٹھتی تھی یعنے ہمارے حضور صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم

جو شخص اس کے ذکر کی ملازمت کرے اور ایک تانبے کی تختی پر اس کو لکھ کر کسی ظالم کے گھر میں ڈال دے وہ گھر اجڑ جائے گا۔ اس کا ذکر بادشاہوں کے واسطے مناسب ہے تاکہ ہر ایک شخص ان سے خوف کرے۔ اور جو شخص اسم جبار اور ذوالجلال والاکرام کو کسی وقت لکھ کر اپنے عمامہ میں آگے کی طرف رکھ کر لوگوں میں بیٹھے اس کی عظمت ہو اور سب اس سے محبت کریں اسما بحروف اس کے ۲۰۶۷ ہیں اور یہی ان دو اسموں کے اعداد ہیں ظاہر و باطن اس کے مربع کی صورت یہ ہے۔ ....

۲۹	۵۲	۳۵	۳۸	۴۸
۴۱	۲۶	۳۹	۳۲	۵۰
۴۲	۳۰	۵۲	۵۶	۲۴
۵۵	۲۴	۳۴	۴۰	۲۲
۳۵	۴۳	۳۱	۳۹	۴۷

۴۴	۵۳	۲۸	۵۱
۵۶	۵۰	۲۵	۵۲
۴۱	۵۶	۵۵	۴۶
۵۴	۴۷	۴۸	۵۷

۱۱۔ اسم متکبر برائے حفاظت مکان

اس اسم کو جو شخص کسی دیوار یا فصیل پر ۴۹ جگہ جمعہ کی ساتویں ساعت میں لکھے اللہ تعالےٰ اس کا مکان یا شہر یا باغ کو ہر ایک برائی سے محفوظ رکھے اور جو شخص اس کو خاتم مثلث پر سرتنداحل کے ساتھ شرف مریخ میں لکھے اور اپنے پاس رکھے ہر ایک لشکر اس کے سامنے ذلیل ہو اور ایسا ہی جو شخص کثرت کے ساتھ اس کا ذکر کرے اس کے سامنے ہر جبار ذلیل ہوتا ہے۔ اور اس کا حکم جاری ہوتا ہے عدد اس کے ۶۶۲ ہیں اور یہ عدد زوج الزوج اور فرد اعداد ناقص سے ہیں اور اجزاء اس کے ۹۹۴ ہیں ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں حَکَمْ اور خَالِقٌ اسکے مربع کی صورت یہ ہے۔

م	ت	ک	ب	ر
۳۳	۲۰	۲۰۳	۳۸	۳۹۰
۲۹	۲۱	۹۶	۲۰۱	۴۰۱
۶۹	۱۴	۲	۹۹	۳۹
۶۲	۴۷	۴۷	۳۹	۲۲

۱۔ خواص اسم خالق

اہل صنائع اور کاروباری لوگوں کے واسطے یہ اسم مناسب ہے جو شخص اس کو ایسے وقت میں انگوٹھی پر نقش کرے جبکہ مثلثات ناریہ میں سے کوئی برج طالع ہو اور پھر اس کو پہن کر اپنی بی بی سے صحبت کرے حاملہ ہوگی عدد اس کے ۷۳۱ ہیں اور یہ پہلے عدد ہیں جو حرف ذ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسی واسطے مخلوق کو خالق کے روبرو ذلیل ہونا ضروری ہے اور اس اسماء حروف اس کے ۴۹۶ اور دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں اول و آخر۔ اور مربع کی اس کے یہ صورت ہے۔ ...

خ	ا	ل	ق
۹۹	۳۱	۴	۹۷
۳	۴۹۸	۴۸	۳۲
۲۹	۱۰۱	۴۹۹	۴

۱۔ اسم باری برائے آسانی ہر کام

اس اسم کی خاصیت یہ ہے کہ یہ سخت محنت کے کاموں کو سہل کرتا ہے لوہاروں اور حمالوں کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے جو شخص اس کا ذکر کرتا رہے اس پر عالم مثال کا کشف ہو جاتا ہے اور اگر طبیب ہے تو اس کا علاج درست ہو جاتا ہے اور ہر مریض کو شفا ہوتی ہے عدد اس کے فرد مستطیل ہیں ناقص اجزاء اس کے ۷۸۴ اسم دیان کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ ضرب ح سے ہے الم میں ح جمع کے واسطے اور الف ابتدا کے اور لام وصل کے واسطے اور میم تمام کے واسطے اور یہ مثلث عددی ہیں جس

کے ساتھ مربع محیط ہو وضع کیا جاتا ہے اس طرح سے

۴۵	۴۵	۶۲	۵
۶۳	۵۱	۴۶	۵۳
۴۰	۶۰	۴۶	۲۷
۵۵	۴۸	۴۹	۴۱

ب	ا	ر	ی
۶۸	۷۱	۷	۱۹
ر	ی	ب	۲
۱۳	۷۱	۱۹	۱۷
ی	ر	۱	ب
۷۲	۶۷	۷۴	۲
۲	ب	ی	ر

۱۴۔ فوائد اسم مصور

اس کا ذکر جو شخص کرتا ہے اس پر اشکال وغیرہ بنانے کی صنعت آسان ہو اور جو شخص اس کے مربع کو شیشے یا ٹھیکری پر اپنے پاس رکھے اس کا کام خراب نہ ہو۔ اور اگر ثابت قدم اہل حال شخص اس کا ذکر کرے تو معانی معقولہ صور محسوسہ ہیں اس پر نزول کریں اور اس بات کو وہ شخص سمجھ سکتا ہے جو اہل کشف و بصیرت ہے۔ اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اور نقاشی یا جائز مصوری سیکھنے کا ارادہ رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اس پر اس کا سیکھنا آسان کر دے گا۔ عدد لفظی اس کے ۳۴۳ ہیں اور یہ زوج الزوج ناقص ہے اجزاء اس کے ۳۶۶ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کریم اور مصلح اور عدد رقمی ۶ ۳ ۳۔ اسم قاہر کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ طریقہ اہل اسرار کا ہے یعنی اسماء حروف اس کے پس ۳۹۹ ہیں اور ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں مانع مکرم مربع اس کا یہ ہے...

م	ص	و	ر
۱۳	۱۹۹	۴	۸۹
۹۸	۱۵	۹۲	۴۲
۹۱	۴۳	۱۹۷	۱۱

۹۹	۱۰۶	۴۱
۱۴	۱۰۴	۱۰۰
۱۰۲	۹۸	۱۰۵

۱۵۔ اسم غفار برائے مغفرت

اس اسم کے مربع کو جو شخص مہینہ کے آخری رات میں شیشے کی تختی پر لکھ کر اس کے اعداد کے موافق پڑھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ ہر ظالم کی آنکھ اس سے اندھی کر دے اور اگر سچا حال رکھتا ہے تو لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا اور جنگ میں اس سے بہت منافع حاصل ہوتے ہیں جس شخص کو خداوند تعالیٰ نے اپنے اسرار پر مطلع کیا ہو اور یہ ان کو پوشیدہ نہ رکھ سکتا ہو تو اس اسم کا ذکر کر کے اللہ تعالیٰ سے التجا کرے عدد اس کے ۱۳۶۱ اور یہ اول عدد رتق ہیں جنہیں فتق نہیں ہے اسی سبب سے خدا کی معرفت بجز خدا کے اور کسی کو نہیں ہے اور اسماء حروف اس کے ان دو اسموں قابض اور مغیث کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور عدد ان کے ۱۳۵۳ ہیں اور مربع اس کا یہ ہے:

ع	ف	ا	ر	[illegible]
۴	۱۲۷	۹۹۹	۸۱	[illegible]
۱۹۸	۳	۸۷	۹۹۸	[illegible]
۷۹	۱۰۱	۱۹۹	۲	[illegible]

۱۶۔ اسم قہار برائے ہلاکت ظالم

اس اسم کو خلوت میں جو شخص پڑھے اور پھر کسی ظالم پر بد دعا کرے فوراً وہ ظالم ہلاک ہو اور جو شخص اس کے مربع کو شرف مریخ میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے کوئی اس پر غالب نہ ہو اور حجت میں بھی غالب رہے مریدوں اور اہل ریاضت کے واسطے اس کو رکھنا ضروری ہے تا کہ ان کا نفس مغلوب اور شہوتوں سے محفوظ رہے جس

ق	ہ	ا	ر
۱۴	۱۹۷	۹۶	۱۱
۱۹۸	۲	۱۲	۹۸
۹	۱۰۱	۱۹۹	۳

کا نام عبدالقہار ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد لفظی اس کے ۱۳۱۱ اور عدد رقمی ۳۵۶ ہیں اور اسماء حروف اس کے ۳۹۶ ہیں اس کے دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں قاطر منقسط اور مربع اسکا یہ ہے۔

۱۰۷ اسم وہاب برائے کشادگی رزق

اس کے ذکر پر جو کوئی مداومت کرے اور اس کا رزق کشادہ ہو اور اگر شرف زحل میں اس کے نقش کو کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کا نفس خواہشات نفسانیہ سے محفوظ رہے۔ جس کا نام عبدالوہاب ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد اس کے لفظی ۱۴ ہیں اور عدد رقمی ۶۰۲ ہیں اور اسماء حروف اس کے ۹۹۴ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ قاطر منقسط اس اسم کا ذاکر جو چیز خداوند تعالیٰ سے مانگے گا اس کو عنایت ہوگی اور جس کا نام سلیمان ہو اس کے واسطے اس کا ذکر بہت مفید ہے اور یہ اسرار وتر یہ اور شفعیہ میں سے ہے وتر اس قطر میں سے ہے اور شفع رقم میں اسی سبب سے بحیثیت رقم ۱۴ عدد ہیں اور بحیثیت لفظ ۱۹ ہیں پس اول اسم جواد کی طرف اشارہ کرتا ہے کیونکہ اس میں اسرار اور افاضہ کے معانی ہیں اور اسی سبب سے واحد کے مطابق ہے اور اول زوج فرد ناقص ہے اجزاء اس کے ۹ حروف ط کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ وہ اقتضاء کرتی ہے معنی بخشش کے واسطے موہیب کے اور اجزاء اسکے ۲۱۴۱۰ اسم یاسلام کی طرف ساتھ یاء نداء کے اشارہ کرتے ہیں اور مربع اس کا یہ ہے۔

۲۵	۲۹	۳۶	۲۲
۳۲	۲۶	۲۱	۲۸
۳۱	۳۴	۳۲	۳۱
۳	۲۳	۲۴	۲۵

۱۰۸ اسم رزاق برائے اضافہ رزق

یہ اسم اذکار میکائیل سے ہے جو شخص اس کا ذکر کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا کھانا پینا اس پر آسان کرے۔ اور رزق اس کا کشادہ ہو۔ جو شخص شب نصف شعبان کو اس کا کثرت سے ذکر کرے اور انگوٹھی پر نقش کرکے اس کو پہن لے اللہ تعالیٰ سال بھر کا رزق اس کو عنایت کرے جس کا نام عبدالرزاق ہو اس کے واسطے اس کا ذکر مفید ہے اور جس کا نام یوسف ہو اس کے واسطے بھی عدد لفظی اس کے ۲۱۵۔ اور رقمی ۲۸ ہیں اور یہ ان اسمائے میں سے ہے جو حقیقت اور رزبت کے جامع ہیں عدد لفظی اس کے اول عدد کی اول عدد میں ضرب دیتے ہیں پھر مجموعہ میں سے ایک کو دوسری میں ضرب دے متنے اس کا۔ اج ہ و ل ی ک ا ہوا پس اس میں الف کی قیومیت ہے اور جمع جیم کی اور بطون ہاء کا اور عین زاء کا تنزک کا اور تحکم کاف کی اور تکرار راء کی پس اس میں ہر لفظ اور عدد ہے گویا کہ طالب رزق کے واسطے اس کے حاصل کرنے میں مشقت ضروری ہے اور عدد ناقص ہے اجزاء اس کے ۱۱۳ ہیں اسم قہار کی طرف اشارہ کرتے۔ یعنی جو شخص کسی سے رزق طلب کرے گا تو ضرور ہے کہ اس کی تابعداری کرے۔

حکمت:۔ ایک دروازے کو پکڑلے سب دروازے تیرے واسطے کھل جائیں گے اور ایک آقا کی تابعداری

اختیار کرے سب طریقے مطیع ہوں گے اور عدد رقمی اس کے زوج الزوج والفرد ہیں اجزا اس کے ناقص ہیں۔ ۲۵۶ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ موصل۔ نور۔ پس یہ متحد ہوتے ہیں قلب کے ساتھ اس کے اجزا ہیں اسی سبب سے رزق کی تلاش کرنے لوگوں کو ہلاک کیا ہے۔ ایک شخص نے حاتم اصم سے کہا کہ تم کہاں سے کھاتے ہو انہوں نے جواب دیا اللہ کے واسطے زمین و آسمان کے خزانے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۵۱۲ منتقم اور قریب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور مربع اس کا یہ ہے جو شخص اسم کافی کو نیک طالع میں مربع کے اندر لکھ کر خوب دیکھتا رہے اور اس اسم کا ذکر کرے اور اس کے موافق چیز پر اس کو نقش کرے اور پہلے مربع کو اس نقش پر کندہ کر کے اور ذکر کرتا رہے تو ہر ایک کام میں مدد ہو اور دشمنوں سے کفایت ہو اور ہر ایک مہم آسان ہو اور یہ بھی ضرور ہے کہ قمر اس وقت مذکور اور برج مسعود میں ہو اور اگر طالع وقت قوی ہو گا تو عمل پورے طور سے کامل ہو گا۔

ر	ز	ا	ق
۲	۹۶	۱۹۹	۱۵
۹۸	۳	۱۶	۹۸
۱۳	۲۶	۹۶	۱۲

۱۹۔ اسم فتاح کے خواص

جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ تعالےٰ اپنا راستہ اس پر کشادہ کرے سالکوں کے واسطے ابتدا میں یہ ذکر مناسب ہے اور انتہا سلوک میں واصلوں کے واسطے بھی اس کا مربع ۵ در ۵ ہے سرنداخل کے ساتھ جو اس کو اپنے پاس رکھے ہر ایک مشکل کام اس کا آسان ہو اور کسی مرولمند میں کبھی پریشان نہ ہو۔ مگر یہ بات روزہ و ریاضت کے بعد ہوتی ہے دو رکعت نماز اس ترکیب سے ادا کرے کہ قراءت سے پہلے اور پیچھے تسبیح پڑھے اور رکوع سے کھڑے ہو کر بھی تسبیح پڑھے اور سجدہ کے بعد بھی اور پہلی رکعت میں سورہ یسین اور دوسری میں تبارک الذی پڑھے پھر حاجت مانگے پوری ہو گی۔ عدد اس کے ۸۸۹ ہیں اور یہ عدد فرد مستطیل اسماء و تربیت سے ہیں لفظاً اور رقماً کیونکہ ضرب ۷ در ۷ سے ہیں اور یہ عدد ناقص ہیں اجزا اس ۱۲۵ اسم المدبر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مع ال کے کیونکہ فتح میں اور تار یعنے تربیت کے معنے ضروری ہیں اور اس کے عدد ۱۲۷ اسم المؤمن کی طرف اشارہ کرتے ہیں مع ال کے اور اسماء حروف اس کے ۷ الم ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں متین۔ ماجد اور مربع اسکا یہ ہے...

۵۱	۲۴	۶۶	۶	۶۸
۲۹	۶۸	۵۶	۵۴	۷۱۲
۵۳	۵۲	۲۵	۷۳	۵۹
۷۵	۷۱	۵۶	۵۶	۵۵
۵۶	۷۰	۵۲	۶۱	۷۴

۲۰۔ اسم علیم برائے علوم معرفت

جو شخص اس اسم کا کثرت سے ذکر کرے اس کو اللہ تعالےٰ دقائق امور اور خفیات علوم پر مطلع کرتا ہے اور جو شخص پارہ بستہ کی تختی پر شرف عطارد میں اس کو نقش کر کے اپنے پاس رکھے اللہ تعالےٰ اس کو حکمت کے ساتھ گویا کرے۔ اور لطائف معارف کا اس کو علم ہو اور اگر شرف مشتری میں چاندی کی تختی پر اس کو نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو علوم شرعیہ کی اس کو سمجھ حاصل ہو جس کا نام سلطان یا عیسیٰ ہو اس کے واسطے

اس کا ذکر مناسب ہے۔ مربع اس کا یہ ہے اس کو اسم کے

ع	ل	ی	م
۱۱	۲۹	۷۱	۴۹
۲۸	۸	۲۲	۴۲
۳۱	۷۳	۷۴	۹

۲۰	۹۰	۴۰
ع	بعد	ل
۲۰	۱۰	۸

راز کو بھی جو شخص سمجھ گیا کل مخلوقات اس کی مطیع ہو گی اور تصرف اس کا عالم وجود میں قوی ہو گا اور آفات سے محفوظ ہو گا اور برائی اس سے دور رہے گی اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرتا رہے۔ اس کو وہ باتیں معلوم ہوں گی جن کو نہیں جانتا تھا۔ اور اس کی زبان سے حکمت جاری ہو گی۔ عدد اس کے ۱۵۰ ہیں۔ اور یہ زوج فرد ناقص ہے۔ اجزا اس کے ۲۲۲ اسم مالک الملک کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسی سبب سے علم کا ظہور قدسیہ اور روح جبرئیلیہ سے ہے جو تعلیم انبیاء کے ساتھ مخصوص ہوئی اور ان سب میں افضل ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہیں جن کی طرف تواضع کے ساتھ وحی کی گئی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ۔ یعنے سکھایا ہے ان کو سخت قوت والے نے اور چونکہ روح عیسوی اثر نفخ جبرئیلی ہے اور عیسیٰ علیہ السلام وقائق علوم اور لطائف حکم میں اشرف انبیاء تھے اور علم حروف بھی انہیں کے علوم میں سے ہے اس واسطے ان کے نام کو اس مضمون سے خاص مناسبت ہے چنانچہ عین سے علم اور یاء سے لطف اور سین سے جوامع تفصیل اور الف سے احاطہ مراد ہے عدد اس کے ۱۵۰ اور یہی اسم عالم ہے اور جب کہ علم خفیات الامر سے ہے اور علیم اس میں کہا گیا تو یہ اس کی طرف اشارہ کرتا ہے اور یاء کے ساتھ اس کا اسم لکھا جاتا ہے پس عدد اس کے ۱۶۱ ہوئے اور یہی اسم علیم ہے لیکن اسماء حروف اس ۲۹۲ اسم بصیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور جن کی عالم آیت مظہرہ ہے واسطے مطلوب کے متصل ساتھ اس کے اتصال تام اور کبھی کہا جاتا ہے کہ حصول عین منفصلہ کا ہے ساتھ تمام معنے کے اور یہی اس نے لحاظ کیا ہے جو یہ کہتا ہے کہ علم حصول صورت شئی فی الذہن ہے پس عالم کے معنی بہرحال یہی ہیں کہ عالم وہ شخص ہے جس پر یعنی شئے ظاہر ہوئی ہو ظہور منفصل ساتھ ظاہر کل شئے کے اور باطن اس کے کے اور یہ ان اسرار میں سے ہے جن میں واو کے ساتھ مبالغہ صحیح نہیں ہے کیونکہ ان میں وہ علوم ہیں جو بعد غایات جمع موجودات تک ہیں اور محض ان میں مبالغہ دو امروں میں سے ایک کے ساتھ ہو سکتا ہے یا تو تکثیر کے ساتھ پس کہا جاتا ہے علام پس ہوتا ہے ساتھ دلالت کے اوپر تنزیل کے واسطے وقائق اور ادراک حقائق کے اور علیم نہیں کہا جاتا ہے مگر اس کو جو دقائق کا علم ایسا رکھتا ہے جیسے ظاہر چیزوں کا اور خفیات کو اس طرح جانتا ہے جس طرح جلیات کو جانتا ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ ہر علم والے کے اوپر علم والا ہے پس ذی علم تو اس کو کہا جاتا ہے جو کلیات امور کو جانتا ہے اور عالم اس کو کہتے ہیں جو ظواہر امور کو جانتا ہو اور علیم وہ ہے جو ظاہری وباطنی امور کا علم رکھتا ہو۔ بعض علماء اس جگہ غلط سمجھ گئے اور علم کی فوقیت کو کثرت معلومات سے مراد لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آیت فَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ میں جزئیات کو اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے حالانکہ یہ بات نہیں ہے

کیونکہ اگر یہ مطلب ہوتا تو اللہ تعالےٰ حضرت موسےٰ علیہ السلام سے کیوں فرماتا کہ مقام مجمع بحرین میں ہمارا ایک بندہ ہے یعنی حضرت خضر علیہ السلام جو تم سے زیادہ علم رکھتا ہے حالانکہ حضرت خضر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ علم نہ رکھتے تھے، اس واسطے کہ حضرت موسےٰ کی شان میں اللہ سبحانہ، وتعالےٰ نے فرمایا ہے — وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ یعنی الواح میں ہم نے ان کے واسطے ہر ایک نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی تھی فقط یہاں اس علم سے مراد یہ تھی کہ وہ باطن کا علم بھی رکھتے تھے جیسے کہ ظاہر کا علم ان کو ہے اور اسی واسطے ان کا مقام مجمع بحرین یعنی بحر ظاہر اور بحر باطن کے اجتماع پر تھا حضرت موسےٰ سے انہوں نے اقرار کیا کہ بیشک میں وہ علم الٰہی جانتا ہوں جس کو دوسرا نہیں جانتا پس اے واقف کوشش کر کہ یہ علم تجھ کو بھی نصیب ہو اور اسی علم کی طرف ہمارے حضور علیہ السلام کو اس آیت میں اشارہ ہے وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا یعنی کہہ اے رب میرے علم کو زیادہ کر اور علم کی فضیلت مشہور ہے ان معنوں کو سمجھ اللہ تعا توفیق دینے والا ہے

۱۰۲۱ اسم فایض برائے ہلاکی دشمن جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اس پر ایسا جلال وارد ہوگا کہ کوئی اس کے پاس نہ بیٹھ سکے گا اور اگر شیشے کی تختی پر شرف زحل میں اس کو لکھے اور اس کے اعداد کے موافق اس کا ذکر کرے اور کہے اے اللہ فلاں شخص کا دل قبض کرلے دعا قبول ہوگی۔ اور یہ ذکر عزرائیل علیہ السلام کا ہے اور اس میں قبض ارواح کا راز ہے اور اس کا جلیل القدر مربع ہے اور کبھی اس کا مربع حرفی اور عددی جمع کرتے ہیں جو شخص کسی کی روح قبض کرنی چاہے تو اس اسم کو اپنا ورد گردانے اور جس کی ہلاکت مقصود ہو اس کا نام لے فوراً ہلاک ہوگا مگر خدا سے ڈر کر اس کام کو کرے اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے گا اس کے عوالم اس پر رجوع کریں گے اور آثار انفعالات اپنے نفس میں ملاحظہ کرے گا اپنے اجتہاد اور صفاء باطن کے موافق صورت اس کی یہ ہے۔ اس اسم کے عدد ۹۰۳ ہیں اور یہ اس جمع پر دلالت کرتا ہے جس کا

جلیل	مجیط	جمیل	حسیب
۷۲	۷۱	۷۴	۶۶
۷	۸۱	۶۹	۷۵
۷۶	۷۶	۶۱	۷۲

۲۱۸	۲۲۱	۲۲۸	۲۲۵
۲۲۹	۲۲۴	۲۱۶	۲۵
۲۲۳	۳۲۴	۲۲۳	۲۲۰
۷۲	۲۲۲	۲۲۲	۲۲۷

مقتضی ضیق ہے اور یہ فرد مستطیل ناقص ہے اجزا اس کے ۵۰۵ ہیں اور اسم راشد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسی جگہ سے سمجھنے والوں نے سمجھا ہے۔ کہ قبض مال رشد کی علامت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے فَإِنْ آنَسْتُمْ مِنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ یعنی اگر تم یتیموں میں رشد میں معلوم کرو تو ان کا مال ان کے حوالے کرو اور اسماء حروف اس کے ۱۰۱ اسم معنی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اہل اسرار نے فرمایا ہے کہ قرآن شریف اس کے حروف ۱۲۲ تمام ہو جانے کے بعد اٹھ جائے گا اور ایک ہزار چار سو برس

بعد تھوڑا تھوڑا اٹھنا شروع ہوگا یہاں تک کہ زمین پر ایک شخص بھی ایسا نہ رہے گا جو اسم اللہ کو جانتا ہو۔ اور اہل انوار نے فرمایا ہے جب زمانہ اس اسم کے عدد کو پہنچے گا تو قیامت کی نشانیاں ظاہر ہونے لگیں گی اور ارباب طلاع کا ارشاد ہے کہ اسی قدر سال قیامت میں باقی ہیں اور یہی مدت بقاء ملت اسلامیہ ہے

اسم باسط برائے کشادگی رزق جو خوف زدہ اس کا ذکر کرے اس کو امن ہو اور جو غمگین اس کا ذکر کرے اس کو فرحت ہو، اور اگر جمعہ کی پہلی ساعت میں انگوٹھی پر اس کو نقش کرے اور پہنے خوشی زیادہ ہو اور جو اس کو دیکھے محبت کرے اور اگر صاحب حال اس کا ذکر کرے رزق کشادہ ہو اور دل معارف کے ساتھ زندہ ہو، یہ اسم اسرافیل علیہ السلام کا ذکر ہے اور اسی سے یہ احیا ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ قابض سے سر اماتت ظاہر ہوتا ہے۔ جس کا نام محمود ہو اس کے واسطے اس کا ذکر بہت مناسب ہے جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کی روح سمل اور رزق کشادہ ہو اور جس پر اس کا حال غالب ہو جائے اس کے عوالم اس کی اطاعت کریں، اور تم نہیں دیکھتے ہو کہ اسم قریب کی طرف اس میں اشارہ ہے عدد اس کے ۷۲ ہیں پس دو سات کی طرف کرتے ہیں۔ اور ۔ سے تشے اور اس کی قوت کی طرف ان تفصیل کے معنوں سے جس کا تقاضا سین کرتا ہے اور اسی سبب سے الف اس میں سے ہے اور جس کو قبض کرتا ہے اس کو خوف زدہ کرتا ہے اور اسماء حروف اس کے ۹۳ ۲ اسم ظاہر کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسکے مثلث عددی کے ساتھ مربع حرفی محیط ہے۔

اسرار اسم خافض یہ اسم ظالم پر بددعا کرنے کے واسطے بہت کارآمد ہے اس کے اعداد کو ظالم کے نام میں ضرب دے کر اس کے موافق آدھی رات کو پڑھے جلدی ہلاک ہوگا۔ عدد اس کے ۱۸۱ لم اور یہ اول عدد ہیں اور اسماء حروف اس کے ۱۵۹۹ ان دونوں اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں مغیث ماجد صورت اس کی یہ ہے ۔ . . . . .

خ	ا	ت	ض
۸۰۰	۷۹	۲۲۹	۱۹۹
۲	۲۲	۷۹۸	۷۸
۷۷	۷۱۹	۶۰۱	۱۷

فوائد اسم رافع اس کے ذکر سے فتوحات ہوتی ہے اور ذکر اور قدر بلند ہوتی ہے اگر اس کا ذاکر اہل سلوک میں سے ہے تو اس کے حرکات و سکنات میں عدل کی توفیق ہوگی عدد اس کے ۲۵۱ امرکب مستطیل ناقص ہیں، اجزا اس کے اسم مقسط کی طرف اشارہ کرتے ہیں مالک الملک قریب صورت اس کے مربع کی یہ ہے ۔ . .

ر	ا	ف	ع
۷۰	۷۹	۲	۱۶۹
۳	۲۳	۶۱	۷۸
۷۷	۲۰۹	۳۱	۳

۲۵۔ فوائد اسم معز جو ذلیل شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے گا اس کو عزت نصیب ہوگی۔ اور اگر گم نام ہوگا۔ تو نام آور ہو جائے گا۔ اور یہ ذکر ہمت قوی کرنے کے واسطے ہے اگر اس کو مربع میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہوگا اور ہر ایک ظالم اس کے سامنے کانپنے لگے گا اور یہ اسم موسوم کے بہت بڑے اذکار میں سے ہے عدد اس کے ۱۱۷ ہیں اور یہ زوج الزوج اور فرد ناقص ہے اور اجزا اس کے حروف احاطہ میں سے ایک حرف کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو ۱۰ ہیں اور یہ دلالت کرتا ہے طول یا قوت وا حاطہ میں سے ایک حرف کی طرف اشارہ کرتا ہے ملیک اور منجی کیونکہ ہر شے پر وہی قدرت رکھتا ہے جو اس کا مالک ہے اور اپنے دوستوں کو نجات دینے والا ہے اور اسماء حروف اس کے ۸۳۳ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں لہٗ رب مربع اسکا یہ ہے:

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۷	۲۴	۲۱
۲۱	۳۰	۱۹	۲۰

۲۶۔ اسم مذل کے اسرار اس اسم کو جو شخص کثرت سے ذکر کرے اس کے کل دشمن ذلیل ہوں جس کا جانور اس کے قبضہ میں نہ آتا ہو وہ اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو تابعدار کر دے گا۔ جو شخص تین روز جن کا آخری دن جمعہ ہو روزہ رکھے اور جمعہ کے روز افطار کرنے میں اتنا توقف کرے کہ مغرب کی نماز کے بعد دو رکعتیں ادا کرے اور فاتحہ کے بعد سو بار اسم کو پڑھے اور سجدہ میں بھی اسی طرح کرے پھر سلام کے بعد اسم کو ایک ہزار بار پڑھے اور کہے اے مذل فلاں شخص کو میرے سامنے ذلیل کر بیشک وہ ذلیل ہو جائے گا۔ اور کسی بات میں اس کی مخالفت نہ کرے گا۔

لطیفہ اہل بصائر نے جب دل کی آنکھ سے دیکھا کہ ذلت کی ذال اور لطف و وصل کا لام قریب ہیں۔ تب وہ سمجھے کہ وصل بغیر ذلت کے ممکن نہیں اسی واسطے وہ کتوں کے ٹکڑوں پر سے کھانے میں شریک ہوئے اور ہر طرح کی انہوں نے گوارا کی تب اللہ تعالیٰ نے ان کو وہ عزت کی جو لازوال ہے اور بجز اس کے غیر کے سامنے ذلیل ہونے کے وہ مبرا ہو گئے اور ایمان کو جان کر احسان کا مشاہدہ کیا اور پہچان گئے کہ بجز خدائے پاک کے کوئی ذلیل کرنے والا نہیں عدد اس کے ۷۷۰ ہیں اور یہ زوج الزوج اس سے فرد تک ب کے اندر جو ضرب مستطیل سے پیچ موضع کے حاصل ہے اور اجزا اس کے ۹۶۰ اعلو وادی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور نوے کے ساتھ صاد کی صمدانیت کی طرف اور ہزار سے غین کی غایت کی طرف اور چونکہ اول اس شخص کے پاس حاصل ہوتا ہے جس کے پاس عنایت شخص ہے یہ عدد ان حروف کی طرف اشارہ کرتا ہے م غ ن و غ میم اور نون تو اسم مغنی سے ہیں اور یا حذف ہوئی کیونکہ اسمیں تنزل ہے اور جو شخص جسکے سامنے تنزل اختیار کریگا وہ ذلیل ہوگا اور یا کے بدلے ان حروف میں واؤ ہے جو اس غنا پر دلالت کرتی ہے جسکے لوازم سے ذلال ہے اور اسماء حروف اسکے ۸۹۳ ہیں ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ذوالقوۃ ماجد مربع اسکا یہ ہے۔

۱۰۷	۱۴	۱۶۲	علیم
۱۰۲	۱۴	۱۳	۱۶۱
۱۶۵	۱۶	۱۰۸	۱۸۵
۱۵۹	۱۲	۱۵۷	۱۶۴

۲۷۔ اسم سمیع برائے قبولیت دعا

ہر دعا کے بعد اس اسم کا ذکر کرے تو دعا قبول ہوتی ہے اور جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کی کوئی دعا رد نہ ہو۔ اور اگر شرف قمر میں انگوٹھی پر نقش کرے اور کثرت سے ذکر کرکے اس کو پہنے تو ہر ایک بات اس کو سنی جائے واعظوں اور خطیبوں کو اس کا ذکر مناسب ہے اور جو اس کا نام مسعود ہو اس کو بھی مناسب ہے عدد اس کے ۱۸۰ ہیں اور یہ زوج الزواج اور فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۵-۲-۰ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ قابل۔ علیم۔ کیونکہ اسم سمیع قابل کے مقابل ہے اور چونکہ اسم سمیع تمام نہیں ہوتا مگر اس الہام کے ساتھ جو تعلیم معانی مسموع ہے اور یہاں اس مقام میں علم کا ہونا ضروری ہے اور چونکہ کوکب قمر سیر میں کل کوکب سے تیز رو ہے اسی سبب سے اسم سریع کا مظہر ہوا اور اسم سریع اور قمر کے یہ عدد ہوئے الم ۲ اور یہی اس کا مربع ہے اس کو سمجھو اور اسماء حروف اس کے ۱۵۱ اسم واقع کی طرف اشارہ کرتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

س	م	ی	ع
۱۱	۷۹	۶۱	۲۹
۶۸	۱۸	۴۳	۶۲
۴۱	۱۳	۶۷	۹

۲۸۔ خواص اسم بصیر

اس اسم جلیل القدر کا جو شخص ذکر کرے اللہ تعالیٰ پوشیدہ امور اس کو دکھلا دے گا اور اگر سچا حال رکھتا ہو تو کوئی دینی یا دنیاوی بات اس پر مخفی نہ رہے اور اس اسم کے عدد ۳۰۲ ہیں اور یہ زوج فرد مستطیل ہے دو کے عدد سے روز شنبہ کی طرف اور تین سو کے عدد سے روز دوشنبہ کی طرف اشارہ کرتا ہے پس یہی اس کا سبب ہے اور اجزاء اس کے ۱۵۴ ہیں اسم قدیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس لئے کہ خداوند تعالیٰ بصیر تھا پہلے وجود اشیاء کے مربع اس کا یہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔۔

ب	ص	ی	ر
۱۱	۱۹۹	۱۳	۸۹
۹۸	۳۸	۹۲	۴
۹۱	۹	۱۹۷	۹

۲۹۔ خواص اسم حکم

اس اسم کا جو کوئی ذکر کرے اس کا حکم جاری ہو حکام کے واسطے مناسب ہے۔ اور یہ اسرار مخزونہ میں سے ہے۔ عدد اس کے ۶۸ ہیں اور یہ زوج الزوج والفرد ہے اور اس کے اعداد ناقصہ بھی ہیں اجزاء اس کے ۵۸ اسم ازلی اور اسم منعم اور اسم صدوق کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ سب اس کے مقتضے عدد سے ہیں اور اس کے اسماء حروف کے ایک وجہ سے عدد ۳ ہیں اور ایک وجہ سے ۱۸ ہیں پس اول عاصم کی طرف اور اسم فاضل کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ تینوں اسماء پہلے تینوں اسمائے اعتبار میں زیادہ ظاہر ہیں صورت اسکی یہ ہے:

ب	۱۲	۱۷	۱۶
۴	۱	۲	۱۱
۷	۱۵	۱۴	ر
۱۳	۵	الف	۱۶

۳۰۔ اسم عدل کے اسرار

اس اسم کے ساتھ جو شخص کسی ظالم پر بد دعا کرے فوراً وہ ظالم اس پر گرفتار ہو اور اگر حاکم اس اسم کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو رعایا میں عدل کی توفیق دے جس کا نام عبدالمومن ہو اس کے واسطے مناسب ہے۔ عدد اس کے ۱۰۴ ہیں چار کے عدد سے تو دوام پر دلالت ہے۔ اور

وسعت ممالک پر کیونکہ ممالک کی تنگی اور دولت کی کمی ظلم ہی سے ہوتی ہے اور یہ عدد اعداد زوج الفرد زائد سے ہے اجزا اس کے ۱۰۶ اسم منجی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسم وفی کی طرف پس جس نے وفا کی اس نے عدل کیا۔ رعیت میں اور نجات دی اپنے نفس کی برائی اور مذمت سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے حضرت داؤد علیہ السلام کی شان میں اے داؤد ہم نے تجھ کو زمین میں خلیفہ کیا ہے پس لوگوں میں حق کے ساتھ حکم کر اور خواہش کی پیروی نہ کر یہ تجھ کو خدائی راہ سے گمراہ کر دے گی۔

ل	د	ع
ع	ل	د
د	ع	ل

نکتہ جب حضرت عمرؓ کے واسطے مسند تکیہ لگایا تو آپ نے فرمایا یہ پہلا ظلم ہے جس سے مراد آپ کی یہ تھی کہ جو حاکم ہو اس کو یہ لائق نہیں ہے کہ اپنی خواہش کے موافق کسی کو کسی پر فضیلت دے اور آپ نے فرمایا ہے کہ جب لوگ آپس میں برابر نہ ہوں تو ظلم ہے مربع اس کا یہ ہے۔

۳۱- اسم لطیف برائے شادی وکشف

یہ اسم بہت ہی سریع الاجابت ہے اور سختی کے وقت رنج کو دور کرتا ہے اور قیدیوں اور سخت مریضوں کے مناسب ہے اور اس شخص کو جو کسی حاکم کے قبضہ میں یا اپنے نفس کے تحت میں ہو اگر کثرت کے ساتھ اس اسم کا ذکر کرے گا تو خلاصی ہو گی اور جس کا نام صالح ہو اس کے واسطے مناسب ہے عدد اس کے ۱۲۹ ہیں۔ اور یہ عدد فرد مستطیل ہیں بعد اس کے ۳ ہیں ساتھ ۱۲ اور ۴۳ کے اور یہ ناقص ہے اجزا اس کے ۴۷ ہیں۔ اسم والی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کیونکہ لطف میں دوستی ضرور ہے اسم مبدی تک کیونکہ اس میں رجوع ہے طرف حکم شرف کے اور اسی سبب سے عدد اس کے اول تین ہیں۔ اور اسماء حروف اس کے اسم مقبل کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے۔۔۔

ف	ی	ط	ل
۸	۳۱	۷۹	۱۱
۳۲	۲۱	۲۸	۷۸
۹	۷۶	۳۳	۱۰

اس اسم کے خواص سختی میں رنج دور کرنے کے بہت ہیں۔ اور آثار عجیبہ اس میں جو شخص اس کا ذکر اور اس کے بدن یا نفس میں کوئی علت ہو تو انشاء اللہ دور ہو جائے گی اور جس شخص کے دل میں کسی چیز کا خیال جما ہوا ہو اور وہ اس اسم کا ذکر کرے تو وہ خیال صورتؔ بن کر اس کے سامنے آجائے گا۔ اور یہ اس کا مشاہدہ کرے گا کہ کس طرح وہ روشن اور پھر مضمحل ہوتی ہے۔ اسمیں بڑے عجیب اسرار ہیں۔ اور معلوم ہو کہ سے ظاہر ہوتے ذکر ہی میں

۳۲- عمل اسم خبیر برائے پوشیدہ انکشافات

اس کا اس کے واسطے مناسب ہے جو خواب میں یا بیداری میں کسی پوشیدہ بات سے واقف ہونا چاہتا ہے اور اگر شرف عطارد میں اس کا مربع لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے تو امور خفیہ سے اطلاع ہو اور اگر سات روز کی خلوت اور ریاضت کرے تو مؤکل اس کو سال بھر کی خبریں لادے اور کل بادشاہوں کا حال بیان کر دے۔ عدد اس کے ۹۳۸ ہیں اور یہ عدد زوج فرد زائد ہیں۔ اجزا اس کے ۲۶۸ ۲۔ الی دو اسموں خالق اور واسع کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ

ل چنانچہ اکثر لوگ ہمزاد کو اسی اسم سے تابع کرتے ہیں اور بہت جلد کامیاب ہو جاتے ہیں اور بعض اسم باری کے بھی تابع کرتے ہیں سید علی مترجم کتاب ۱۲

حقیقت اشیاء کی خبر وہی دے سکتا ہے جس نے ان کو پیدا کیا ہے اور اپنے علم سے گھیر لیا ہے وہ فرماتا ہے خبردار
بیشک وہی جانتا ہے جس نے پیدا کیا ہے اور وہ لطیف و خبیر ہے اور اسماء حروف اس کے ۲۰۹ ہیں۔ ان
دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں آخر۔ واحد۔ اس کے مربع کی صورت یہ ہے۔

ر	ی	ب	خ
ح	ر	ی	ب
ب	خ	ر	ی
ی	ب	خ	ر

ر	ی	ب	خ
۸	۲۳	۲۰۰	۲۰۱
۵۹۹	۲۸	۶	۴
۵	۷	۳۵	۱۹۹

۲۳-اسم حلیم برائے حفاظت از غصہ حاکم

اس اسم کو جو شخص حاکم کے غصہ کے
وقت پڑھے اس کا غصہ جاتا رہے اور اگر شرف قمر میں اس کا مربع لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اخلاق اچھے ہوں
اور نفس خوش رہے اور لوگ اس کی طرف رغبت کریں اور اضطرار اور پریشانی سے امن میں رہے یہ اسم اسماء جلیلہ میں سے
ہے اور اس کی قدر عارف بھی جانتے ہیں۔ عدد اس کے ۸۸ ہیں اور یہ زوج الزوج اور فرد زائد ہے اجزاء اس کے
۱۹۳ اسم امان کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسم اخص اسماء سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے۔ اسی سبب سے
آپ کے نام کے عدد رقمی اس اسم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اسماء حروف اس اسم کے ۱۸۳ ہیں اسم ماجد کی طرف ایک
اعتبار سے اشارہ کرتے ہیں اور ایک اعتبار سے اسم مبقی کی طرف مربع اس کا یہ ہے...

م	ی	ل	ح
۵	۴۳	۱۰۰	۲۹
۱۲	۳۸	۶	۳۳
۳۱	۷	۴۱	۹

۲۴-اسم عظیم برائے دائمی عزت

یہ اسم کبریت احمر اور مقناطیس اکبر ہے جو شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے گا اللہ تعالے اس کو
دائمی عزت عطا فرمائے گا اور لوگوں کی آنکھوں میں بزرگ ہوگا اور اس کی برائیاں کسی کو معلوم نہ ہوں گی۔ اور اگر یہ سچا حال
رکھتا ہے تو تمام عالم میں امر الہیٰ کو مشاہدہ کرے گا اور اس کی ملازمت سے لوگوں کے دلوں میں محبت اور بزرگی حاصل
ہوتی ہے عدد اس کے ۱۲۰ ہیں۔ زوج الزوج زائد واسطے اس کے جس کا تقاضا عظمت کرتی ہے تو سے اجزاء اس
کے ۱۹۱ اصل سے زیادہ ہوتے ہیں و ع غ واو علو کے واسطے ہے

ی	ظ	ع	ی	ل	ع	م
ظ	ع	ی	ل	ع	م	ی
ع	ی	ل	ع	م	ی	ظ
ی	ل	ع	م	ی	ظ	ع
ل	ع	م	ی	ظ	ع	ی
ع	م	ی	ظ	ع	ی	ل
م	ی	ظ	ع	ی	ل	ع

جوامع تفصیل وجود اور یہی اشارہ ہے احتجاب کا پس پاک ہے وہ ذات جو شدت ظہور سے مخفی ہے

۱۹۸	۱۹۲	۷۲	۷۴	۱۶۲
۱۹۳	۱۵۴	۱۶۶	۱۵۸	۱۷۲
۱۵۲	۱۷۴	۱۶۵	۱۵۲	۱۶۹
۱۵۵	۱۶۷	۱۵۹	۱۶۲	۶۳
۱۷۵	۱۶۱	۱۵۳	۱۶۱	۱۷۷

اور غین اشارہ ہے اسم غنی اور لو النور کی طرف اور اسماء حروف اس کے ۱۳۲۱ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں غالب، ماتح اور اس کا نقش صفحہ ۲۴ پر دیکھئے۔

۳۵-اسم غفور برائے دوری تفکرات

اس اسم کی کثرت سے ہر ایک خوف سے نجات ہوتی ہے اور یہ اسم بادشاہوں کا غصہ ٹھنڈا کرنے میں خاص تاثیر رکھتا ہے۔ جو شخص انہوں کے پاس کہتا ہو۔ اس کے واسطے مفید ہے۔ نیز سالکوں غمگین کے واسطے بھی اکسیر ہے عدد اس کے ۵۲۶ ہیں۔ زوج الزوج فرد ناقص اجزاء اس کے ۲۳۶ اسم موسہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ ان اسماء میں سے ہے جن کے اعداد حروف کے ساتھ ناقص ہیں اور اسماء حرف اسکے ۱۳۲ ہیں ان اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ذوالعرش ماجد اور مربع اس کا یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ر	و	ف	غ
۷۹	۱۰۱	۱۵۹	۷
۳۰۲	۲۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۱۰۲	۸۱

۳۶-اسم شکور برائے مکاشفات غیبی

جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اس کے افعال حق تعالیٰ کے ہاں مشکور ہوں گے اور ہر نیک کام میں خدا اس کی مدد کرے گا۔ اس اسم میں اہل مکاشفات کے واسطے بہت اسرار ہیں۔ جن کو اپنے مقامات تحقیق میں مشاہدہ کرتے ہیں عدد اس کے ۵۲۶ ہیں پس چھ کا عدد تو علو کی طرف اشارہ کرتا ہے اور بیس کا عدد اس کی طرف اشارہ کرتا ہے جو مکان عالی سے ظاہر ہے اور پانسو عدد ثمرہ ہر شئے کی طرف اور یہ انتہا مراتب ظہور ہے اور زوج فرد مستطیل ہے اجزاء اس کے ۶۶۶۔ اسم نعم الدیان کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور ترتیب صدر پر تنبیہ ہے جیسا کہ ہم میں سے کوئی بچہ اپنے کو تربیت کرتا ہے اور اسماء حروف اس کے ۶۵-ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ستار جواد اسکے مربع کی صورت یہ ہے۔

ر	و	ک	ش
۱۹	۳۱	۹۹	۷
۳۰۲	۲۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۳۰۳	۲۱

۳۷-اسم علی برائے حصول علم و عزت

جو شخص کثرت سے اس اسم کا ذکر کرے اس کو بزرگی نصیب ہو اور کسی کے سامنے ذلیل نہ ہو۔ اور جو دیکھے اس سے محبت کرے اور خدا کی مدد اس کے ساتھ ہو۔ اور حکمت کے ساتھ گفتگو کرے۔ ہر ایک اس کا مطیع ہو اور علم کی باریکیاں اس پر منکشف ہوں اور خود اپنے اندر یہ بلندی اور خوش نصیبی ملاحظہ کرے مشائخین و بزرگان و طالبان علم والوں کو اس کا ذکر مناسب ہے اور اگر اسم عظیم بھی اس کے ساتھ ملائے تو یہ بہت بڑا ذکر ہے اور جو کوئی ان کے نقش کو سونے کی انگوٹھی پر نقش کرے اور عود و عنبر کی دھونی دے کر پہنے تو جو اس کو دیکھے مطیع ہو۔ سفاح کے بعد کل خلفاء عباسیہ اس عمل کو کرتے تھے اس ہمارے زمانہ تک۔ ماموں سے کسی نے کہا کہ شاہان فارس نے تم پر لشکر کشی کی ہے تم نے کیا بند و بست کیا ہے ماموں نے اپنے ہاتھ میں انگوٹھی دکھا دی اور کہا کہ جب تک یہ ہمارے پاس ہے ہم پر کوئی غالب نہیں ہو سکتا اور اس انگوٹھی میں یہی وہ اسم تھے۔ شرف قمر کا وقت اس کے واسطے مناسب

ہے اور اس اسم کے ١٢٠ عدد ہیں۔ بیس میں اشارہ ہے مکان عالی سے ظہور پر اور سو میں اشارہ ہے اوپر اصحاب کے اس چیز سے جو ظاہر ہوتا ہے ساتھ اس کے احاطہ سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُّحِیْطٌ اللہ ان کو پیچھے سے گھیرے ہوئے ہے اور جب کہ ظہور اس کا ہر چیز میں وجود اس کا ہے اور احتجاب اس کا نزدیک دفع ظہور کے بمقتضے حکمت اس کے ہے ضرور عدد اس کے اختصاص کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے حکمت کے ساتھ اسی چیز کو وصف کیا ہے جس کو علو کے ساتھ وصف کیا ہے فرماتا ہے وَاِنَّہٗ فِیْٓ اُمِّ الْکِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَکِیْمٌ اور یہ اعداد زوج سے ہے اور فرد زائد ہے اجزاء اس کے ٢٤ ہی ان پر زیادہ کئے جاتے ہیں اور گویا کہ وہ کہتا ہے علی یا اعلیٰ وہی حکیم ہے اور اسماء حروف اس کے ٢٠٠ اسم مالک الملک کی طرف اشارہ کرتے ہیں صورت اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔

٣٩	٣١	٢٧	٢٢
٣٦	٢٣	١٨٠	٢٣
٢٤	٢٩	٣٠	٢٧
٢١	٢٦	٢٥	٣٨

٢٤۔ فوائد اسم کبیر جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اس کے سامنے ہر چیز حقیر ہو اور جو اس کو دیکھے ڈر جائے۔ یہ ذکر کار جلیلہ سے ہے بادشاہوں کے سامنے کرنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے آپ کو اس کے سامنے حقیر سمجھیں۔ عدد اس کے ٢٣٣ ہیں اور یہ زوج الزوج اور فرد ناقص ہے۔ اجزاء اس کے رقمی ٢٦٢ ہیں اور اسماء حروف اس کے اسم بصیر اور واحد کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے۔

س	ی	ب	ک
١٩	٣	٩	٢٠٠
٨	١٩	٢٣	٤
٥	٢١	١٩٩	٧

٢٥۔ فوائد اسم حفیظ جو شخص سفر میں اس اسم کا ذکر کرے واپس آنے تک اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کو محفوظ رکھے اور شرف مشتری میں اس کو نقش کرکے جس چیز میں رکھے گا وہ محفوظ رہے گی۔ اور جو اس کا ذکر کرتا رہے ہر ایک برائی سے محفوظ ہو۔ سفر میں جو شخص خوف زدہ ہو اس کے واسطے یہ اسم سریع الاجابت ہے کیونکہ اس کا ذکر کرنے والا خوف کی جگہ سے محفوظ رہتا ہے اور کوئی امر مکروہ نہیں دیکھتا۔ بہت دفعہ میں خود لوٹ مار کے موقعوں میں پھنس گیا۔ مگر میں نے اس اسم کا ورد کیا اور عجیب تاثیر دیکھی جس کا بیان نہیں ہو سکتا جو شخص اس کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے اور اس کے عدد کا وفق بتائے اور حرفوں کی کسر کرے۔ باطن خاتم میں اور پہن لے۔ پھر اگر درندوں کے بیچ میں بھی سو رہے تو کوئی ضرر نہ پہنچے گا۔ اور اس کے بعد یہ کہہ لے اے حفیظ میری حفاظت کر سہ بار مطلب حاصل ہوگا صورت حرفی اور عددی اس کی یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ظ	ی	ف	ح
ث	ح	ظ	ی
ح	ف	ی	ظ
ی	ظ	ح	ف

٢٢٣	٢٢٦	٢٣٢	٣١٩
٣٣٣	٢١١٧	٢٢٤	٢٢٧
٢١٨	٢٣٥	٢٢٤	٢٤١
٢٢٥	٢٢٠	٢١٩	٢٣٤

اور فرمایا ہے کہ جو شخص کسی ایسے کام میں واقعہ ہونے کا اندیشہ رکھتا ہو جس کی اس میں طاقت نہیں ہے تو یہ شخص اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو نجات دے گا اور جو شخص گھر سے نکلتے کے وقت آیۃ الکرسی پڑھے گھر میں پھر آنے تک ہر ایک برائی سے محفوظ رہے۔ اگر فقراء

فقراء کو کچھ صدقہ دے تو یہ بھی سلامتی کا سبب ہے ایک قافلہ جنگل میں ایک شخص کے پاس سے گزرا جس کا گھوڑا چر رہا تھا اور وہ بے فکری کے ساتھ سو رہا تھا۔ قافلہ والوں نے اس سے کہا کہ تو اس خطرناک جنگل میں سو رہا ہے تجھ کو ڈر معلوم نہیں ہوتا۔ اس میں درندے بہت ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ مجھ کو اس سے شرم آتی ہے جس کے غیر میں خوف کروں جس شخص نے اس اسم کو تحقیق کر لیا اس کی ہر وقت اللہ تعالے حفاظت کرتا ہے۔ چنانچہ حضرت ابو علی دقاق سے روایت ہے کہ کسی بزرگ کے پاس دس ہزار اشرفیاں آئیں۔ انہوں نے خداوند تعالے سے عرض کی کہ الہیٰ یہ اشرفیاں میرے پاس آئی ہیں۔ اور تو جانتا ہے کہ میں ان کی حاجت رکھتا ہوں۔ مگر مجھ سے ان کی حفاظت نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا ان کو تیرے پاس واپس کرتا ہوں۔ جس قدر ضرورت ہوا کرے گی تجھ سے لے لیا کروں گا۔ چنانچہ انہوں نے سب اشرفیاں فقراء و مساکین میں تقسیم کر دیں پھر جب ان کو ضرورت ہوتی اللہ تعالے سے دعا کرتے اور بقدر ضرورت ان کے پاس آ جاتا۔ یہاں تک کہ ان اشرفیوں سے دگنا اور تگنا انہوں نے خرچ کیا۔ بعض واقفانِ اسرار حروف نے اس کو اس طرح وضع کیا ہے۔

نقش اسم حفیظ

عدد اس کے ۹۹۸ ہیں پس ہار اور ظ لازم ہے۔ اور یہ عدد اور یہ زوج فرد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ احل حافظ اور مربع کی اس کے سر تداخل کے ساتھ یہ صورت ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ظ	ی	ف	ح
۷	۸۱	۹	۹۰۱
۱۲	۹۲	۶	۷۸
۷۹	۵	۹۴	۱۱

۴۴۔ خواص اسم مقیت

جو شخص اس کا ذکر کرتا ہے کوئی ضرورت کی چیز اس سے فوت نہ ہو یہ ذکر ذاکر صالحین اہل وصال سے ہے۔ جب وہ اس اسم کا یہاں تک ذکر کرتے ہیں کہ آن پر اس کا حال غالب ہو جاتا ہے تو ان کو بھوک بھی نہیں معلوم ہوتی۔ اور اسی اسم کی تحقیق طرف حضور علیہ السلام نے اشارہ کیا۔ کہا کہ میں تم جیسا نہیں ہوں۔ مجھ کو میرا احد کھلاتا پلاتا رہتا ہے عدد اس کے ۵۵ ہیں زوج الزوج فرد مستطیل ناقص اجزاء اس کے ۵۱۹۔ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ واحد متین اور ان دو اسموں

کے وتر کا شفع نہیں ہوتا مگر یہ کہ اسم الہیٰ ان سے مشتق ہے عدد اس کے ۶۸۳۔ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں موجد منتقم اور اس کے مخمس کی صورت یہ ہے۔........

۱۱۵	۱۰۸	۱۱۹	۹۱۱	۹۸
۱۰۹	۱۳	۱۱۳	۱۰۵	۱۲۲
۱۰۲	۱۴	۱۱۴	۹۹	۱۱۶
۱۵۲	۱۰۸	۱۰۶	۱۸	۱۱۰
۲۱	۱۸	۱۰۰	۱۱۷	۱۰۴

۱۴۱ اسم حسیب برائے قضائے حاجات

اس کا ذکر جو شخص کرے اس کی ہر ایک حاجت پوری ہو اور جو خدا سے مانگے اس کو عنایت ہو کیونکہ اس اسم میں اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے۔ اور جو شخص کسی حساب کتاب سے ڈرتا ہو تو اس اسم کا ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ اس کو نجات دیگا اور جو شخص شرف زہرہ میں یا اس کی ساعت میں اس اسم کو سرتداخل کے ساتھ عقیق کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے اور اس اسم کو اس کے اعداد کے ساتھ ذکر کرے ہر روز تو اس پر جس کی نظر پڑے گی وہ اس سے محبت کرے گا اور اس کی اطاعت کرے گا اور دل سے اس کی طرف مائل ہوگا اور ہیبت اور عزت اور مرتبہ اور عظمت اس کی نصیب ہوگی۔ عدد اس کے ۸۰ ہیں اور یہ ان اسماء میں سے ہے جو عدد میں صرف واحد کی طرف رجوع کرتے ہیں جیساکہ یہ اسم حرف فاء کی طرف رجوع کرتا ہے۔ کیونکہ حساب حدفاصل ہے متحاسبین کے درمیان میں اور حساب ہی سے ان کے آپس میں جھگڑے ہوتا ہے اور ایسے ہی کافی کے معنوں میں بھی کیونکہ کفایت حدّفاصل ہے اور مکفی اور اس کے غیر میں یہ اعداد زائدہ سے ہے اجزاء اس کے ۱۵ اسم منجی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ کفایت میں غیر کی طرف حاجت کے معنے ہیں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَكَفٰى بِنَا حَاسِبِيْنَ یعنی کافی ہیں ہم حساب کرنے والے ہیں۔ اور فرماتا ہے ثُمَّ نُنَجِّی الَّذِيْنَ اتَّقَوْا پھر نجات دیں گے ہم ان لوگوں کو جنہوں نے تقویٰ کیا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے فَاسْلُكُوْا نَاحَ تَقُوْا ثُمَّ مَنُوْا فَاعْتَقُوْا هٰكَذَا شِيْمَةُ الْمُلُوْكِ بِالْمَمَالِيْكِ تَرْفُقُ اِنَّ قَلْبِیْ يَقُوْلُ لِیْ وَلِسَانِیْ يُصَدِّقُ كُلُّ مَنْ مَاتَ مُسْلِمًا لَيْسَ بِالنَّارِ يُحْرَقُ اس اسم مسبب کی طرف بھی اشارہ ہے۔ کیونکہ جو تجھ سے حساب لیتا ہے وہ تیرے اوپر سبب بھی قائم کرتا ہے۔ یا تو اپنی فضیلت سے اور یا اپنا عدل ظاہر کرنے کے واسطے چنانچہ اسی سبب سے حرف ب جو سبب کا مقتضٰے آخر اسم حسیب میں ظاہر ہوا ہے اور اسم وفی تک کیونکہ جس نے تجھ سے حساب لیا اس نے پورا کر دیا خاص کر جب وہ اس کو جانتا ہے جو تیرا اس پر ہے اور اس کا تجھ پر ہے اور گنتی کی چیزوں میں حساب ایسا ہے جیسے موزونات میں وزن پس اس کے واسطے وفا یعنی پورا ہونا ضروری ہے۔ جو مقابلہ میں تطفیف یعنے کمی کی ہے اور اسماء حروف اسکے واعتباروں میں سے ایک کے ساتھ ۱۴۳ اسم مبین کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ حسیب کے واسطے مبین ضروری ہے اور اسم مسدد کی طرف اور کافی شفع محمل کے ساتھ وتر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ ترک حساب میں اجمال ہے لیکن دوسرے اعتبار سے پس ۶۱ الکلمہ کی طرف اشارہ کریں۔ جسکے ساتھ ہر ایک کی اس کی حاجات میں کفایت ہے اور وہ مجمع الاسماء ہے۔ یعنی الکلمہ اور اسکے مفصل کی طرف جس کی اقتضاء معنے کفایت کرتے ہیں اور لیکن جس کی اقتضاء معنے عدد کرتے

ح	س	ی	ب
۱	۱۱	۵۱	۹
۵۸	۶	۴	۱۲
۱۳	۳	۷	۵۷

ہیں دو اسم ۔۔۔ کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کیونکہ عدل میں یہ سب بائیں ہیں اسکا مربع یہ ہے۔۔۔

۴۲۔ اسم جلیل برائے عظمت

اس اسم کے ذکر سے لوگوں میں عظمت اور ہیبت ہوتی ہے۔ جو اس کو نقش کر کے اپنے پاس رکھے ہر ایک ظالم اس سے خوف کرے حضرت شیخ زین الدین کافی فرماتے ہیں۔ اس اسم میں ہیبت و جلال کا بڑا اثر ہے۔ جو شخص اس اسم کا ذکر کرتا ہے کوئی اس کی طرف ہیبت سے نظر نہ کر سکے۔ اور جو ظالم اس کو دیکھے رعب سے کانپ اٹھے اور جب تک اس کے سامنے رہے اس کی ہیبت اس پر طاری رہے۔ عدد اس کے ۷۳ ہیں اور یہی عدد اول ہیں۔ کیونکہ جلیل کے معنی اس کی جمعیت اور لطف کے واسطے ہیں جس میں کچھ شکستگی نہیں ہے اور جیم اس میں اشارہ جمع کے واسطے ظاہر ہوا ہے اور اسی واسطے اسماء حروف اس کے عدد کے ساتھ اپنی مسمیات سے زیادہ ہیں ۴۱ ۳ اسم صمد اور اسم معید اور اسم منجی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس لئے کہ جلیل وہی ہے جس کی طرف ہر ایک کام میں بھروسا کیا جاتا ہے تاکہ ہر ایک خیر کا فائدہ پہنچائے اور ہر ایک برائی سے نجات دے صورت اس کی یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۰	۲۳	۲۱	۱۷
۲۱	۱۶	۱۱	۳۲
۱۵	۱۸	۲۵	۱۲
۲۴	۱۲	۱۴	۱۹

۴۳۔ اسم کریم برائے رزق

جو شخص اس اسم کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کو بے مشقت کے رزق دیتا ہے اور فاقہ کرتا ہو گا تو بہت کشادگی ہوگی اور اگر اسم وہاب اور ذوالطول بھی اس کے ساتھ ملا لئے جائیں تو عجائبات کا مشاہدہ کرے۔ معلوم ہو کہ اسم کریم وہاب اور ذوالطول اسماء جلیلہ سے ہیں اگر ان کے ذکر پر مداومت کرے تو ایسی آسمانی سے رزق ملے جس کا گمان بھی نہ ہو اور جو اس کے نقش کو اپنے پاس رکھے اس کو یہ بھی معلوم نہ ہو کہ اس کے مطالب کس طرح پورے ہو گئے بغیر مشقت کے صورت نقش اسم کریم کی یہ ہے۔۔۔۔

ک	ر	ی	م
۲۹	۱۱	۱۹۹	۲۱
۲۲	۲۲	۳۸	۸
۶	۲۷	۲۳	۲۸

حضرت شمس العلماء ابو عبداللہ شمس الدین محمد بن یعقوب کوفی فرماتے ہیں اس اسم کا ذکر اپنے مال اور کل احوال میں زیادتی پائے گا۔ اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ اس پر ظاہری و باطنی نعمتیں کھول دے گا۔ نفع رسانی میں یہ اسم اعظم ترین اسماء ہے اس شخص کے واسطے جو اس کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب آجائے اور ایسے ہی جو اس کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ رزق کی اس پر کشادگی ہو جس کا نام عبدالکریم ہو اس کے واسطے بہت مناسب ہے۔ عدد اس کے زوج فرد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ۴۸ اپنی اصل پر زیادہ ہیں اسم صفوح ہے کیونکہ کرم صفح یعنی درگذر کا مقتضی ہے۔ اور اسماء حروف اس کے ۳۳ اسم رب اور معانی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اسم کریم اور وہاب اور ذوالطول اور منعم اسماء عظیمہ ہیں اور جلیل القدر مربع جلب رزق کے واسطے مفید ہے اور بعض دفعہ اس

کا مربع حرفی اور مثلث عددی اس طرح جمع کرتے ہیں۔

کریم	وھاب	ذوالطول	منعم
ذوالطول	منعم	کریم	وھاب
منعم	کریم	وھاب	ذوالطول
وھاب	ذوالطول	منعم	کریم

٤٤۔ اسم رقیب برائے حفاظت یہ اسم اسم اعظم ہے اور سرّ اکرم ہے جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے وہ اپنی حرکات و سکنات میں محفوظ رہے اور اس کا جلیل القدر مربع شرف قمر میں لکھا جاتا ہے جو اس کو اپنے رکھے ظاہر و باطن میں محفوظ رہے۔ معلوم ہو کہ جو کوئی اس اسم رقیب کو ہر روز چار ہزار چار سو چالیس بار روزہ اور ریاضت کے ساتھ چالیس روز تک جمع ہمت کے ساتھ پڑھے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب آجائے اور موکلان اسم اس کے ساتھ تسبیح پڑھنے لگیں۔ پھر یہ شخص جس طلسم میں جائے گا وہ طلسم باطل ہو جائے گا۔ عدد اس کے ٣١٢ زوج فرد زائد ہیں۔ اجزاء اس کے ٥٢٨۔ اسم حی اور متین کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اس کا مربع یہ ہے ....

ر	ق	ی	ب
٣	١٩	٧	١٠٣
٩٨	٢٢	٤	٣٣٠
٩٨	١١	٢٢١	٩٩

٤٥۔ اسم مجیب برائے قبولیت دعا یہ اسم نورانی قبولیت دعا کے واسطے ہے۔ ہر دعا کے ساتھ اس کو ملا کر پڑھنا چاہیئے۔ جو شخص اس کے مربع کو جمعہ کی پہلی ساعت میں نقش کرے۔ پھر دن بھر اسم کو پڑھتا رہے اور غروب کے وقت جو دعا مانگے قبول ہوگی۔ عدد اس کے ٥٥ ہیں۔ اور یہ عدد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ١٠١٧ اسم باری اور ظاہر کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کیونکہ اسباب کے نازل کرنے میں ظہور کے معنے ہیں اور یہ عدد ١ ہے ہویات خمسہ کے ساتھ حضرات کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اس کی ہا حضرت جمع اسم باطن کی طرف اشارہ کرتی ہے اور اس کا نور حضرت عدد کی طرف اشارہ کرتا ہے اسماء حروف اسکے ١٥ اسم معظم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اس کو سمجھو۔ مربع اس کا یہ ہے ....

٦	٢٠	١٦	١ احد
٣	١٩	٧	١٠٣
٩٨	٢٢	٤	٣٣٠
٩٨	١١	٢٢١	٩٩

٤٦۔ اسم واسع برائے عمر درازی اس اسم شریف کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے رزق اور علم اس کا کشادہ اور عمر دراز ہو یہ اسم اسماء جلیلہ سے ہے اس کے ذاکر کو کوئی تنگی نہیں ہوتی ہر ایک کام کو اللہ تعالےٰ آسان کر دیتا ہے جو کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ تعالےٰ اس کا رزق اور سینہ کشادہ کرتا ہے

اور جو زیادتی قمر میں اس کا مربع لکھ کر سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس اسم کو اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے اور نقش کو اپنے پاس رکھے اس کے مشکل کام آسان ہوں اور رزق کشادہ ہو جو بادشاہ یا امیر اس اسم کا ورد کرے اس کا ملک وسیع ہو اس کے عدد ۱۳۷ ہیں۔ سات میں اشارہ ہے خلاصی کی طرف ہر ایک تنگی سے اور تیس انتظام جمیع اسماء کے واسطے ہے زیچ وسع وصلت کے اور سو کا اشارہ احاطہ اور ظہور کی طرف ہے پس اسی سبب سے عدد جامع ہے واسطے اول اسماء کے ظہور میں اور واسطے ادنےٰ ان کے تنزل کے جو درحقیقت رحمان کا ہے ظہور میں اور وہ آلہ اور ملیک ہے اور اس عدد پر جب اسی کے مثل حمل کیا جائے تو یہ زیادہ وسیع ہوتا ہے۔ اور یہ اشارہ ہے واسطے حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور وہی اس قول کے ساتھ مشارالیہ ہیں۔ وَسِعَنِيْ قَلْبُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ یعنے میری گنجائش میرے بندہ مومن کے دل میں ہے اور یہ عدد اعداد اول سے ہیں اور اگرچہ ظاہر عبادت طریقت کے مقتضی ہے مگر خدا تعالےٰ پاک ہے اس بات سے کہ اس کے اندر کوئی چیز حلول کرے یہ ایک لطیف اشارہ ہے جس کو اہل ذوق سمجھتے ہیں۔ **نکتہ**۔ جس شخص نے عظمت کا مشاہدہ کیا وہ کہتا ہے میں نے ہر چیز کے دیکھنے سے پہلے خدا کو دیکھا۔ عین باطن عظمت اور ظاہر وسع ہے اور اسی سبب سے عظمت کو آزاء کہا گیا ہے اس کو بھو یہ توحید کے لطیفے ہیں اور اس کے اسماء حروف ۳۷ ااسم ملک الروح کی طرف اشارہ کرتے ہیں واسطے وسعت احاطہ اسکے کے اس کا مربع کی صورت یہ ہے....

ع	س	ا	و
۵	۲	۵۹	۶۶
۵۸	۶۶	۸	۳
۴	۷	۳۸	۵۷

۴۷۔ اسم حکیم برائے علم وحکمت

جو کوئی کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ تعالےٰ اس کو حکمت اور علم اور دقائق علوم اور غرائب معانی اور لطائف اشارات الہام کرے شرف عطارد میں بدھ کی پہلی ساعت میں جو شخص اس کا مربع اس کے موافق چیز پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس اسم کا ذکر کرے اخلاق حکماء کے ساتھ آراستہ ہو اور فیض الہٰی اور حکمت کی نہریں اس سے جاری ہوں مگر عمل کے واسطے تزکیہ نفس شرط ہے اور کثرت ذکر سے حقائق اور اسرار معانی سمجھ میں آتے ہیں زیبق معقود کی تختی پر شرف عطارد میں جو شخص اس کو نقش کرکے اپنے پاس رکھے علوم حکمیہ اس کی سمجھ میں آئیں۔ حکماء کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد اس کے ۷۸، زوج فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۹ اسم ملک کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو ادنےٰ تنزلات حکمت ہے اور اسماء حروف اس کے ۲۱۱ ایک اعتبار سے ہیں اور دوسرے اعتبار سے ۲۱۳ ہیں پہلا اعتبار اسم عالم اور اس کے معانی ظاہرہ کی طرف اشارہ کرتا ہے اور دوسرا اعتبار اسم باری کی طرف اشارہ کرتا ہے کیوں کہ برء کے معنے مادہ کو قبول صور کے واسطے تیار کرنا ہیں وہ جو ان احکام سے ہیں جن کا حکمت تقاضا کرتی ہے۔

لطیفہ۔ حکیم تنگی کو کشادگی دیکھتا ہے اور محکوم علیہ حکم کے سبب سے کشادگی کو تنگی دیکھتا ہے جس کو خدا نور نہ دے

اس کے واسطے نور نہیں ہے اور جو حکمت دیا گیا اس کو خیر کثیر عنایت ہوا۔ اور اہل عقل ہی نصیحت حاصل کرتے ہیں معلوم ہو کہ ہر ذکر اپنے ذکر کو قوت دیتا ہے مگر جبکہ اس کی حقیقت سے واقف ہو اور ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے......

ح	ک	ی	م
۱۴	۹	۲۱	۷
۱۸	۶	۴۲	۱۲
۱۱	۴۳	۵	۱۵۱

۴۸۔ اسم ودود برائے تسخیر مخلوق اس اسم کا ذکر کرنے سے سب لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ہوتی ہے اور یہ اسم مقناطیس جذب ہے جو شخص اس ودود اور حبیب کو ایک مثلث میں وضع کرے اور مرکز میں اس کے اسم جواد لکھے اور پھر مثلث کے گرد مربع محیط کرے اور اس کو اپنے پاس رکھے پھر جس پر اس کی نظر پڑے وہ اس سے محبت کرے اور اگر اس کی شکل جمعہ کی پہلی ساعت میں یا شرف زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے یا اسم کی تلاوت کرتا رہے تو جذب خلائق کی عجیب تاثیر دیکھے اور نیز اگر اس اسم کو حریر سفید پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو سب کے دلوں میں اس کی محبت ہو اور ہر کام میں باطہارت ہونا شرط ہے۔ بعض عارفین نے بیان کیا ہے کہ اگر اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کی حالت اس پر غالب ہو جائے تو جو شخص اس کو دیکھے دل سے مائل ہو اور اس کے باطن کو اللہ سبحانہ' وتعالیٰ روح محبت کے ساتھ اور اس کے ظاہر کو اسرار مودت کے ساتھ زندہ کرے بعض علماء اسرار حروف نے اس صورت سے اس کو وضع کیا ہے۔

ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ودود ۱۷ ۱۱ ۱۶ ۱۵ حل ۱۷ ۱۰ ۷ ۱۵

۸	۳۸	۲۸	۲۲
	ح	حبیب	
۳۰	۲۰	۱۰	۴۶

۱۶	۲۳	۱۸
۲۱	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۲۲

ی		جواد	س
۱۸	۱۴	۴۶	۳۵
	س	ی	خ
۴۰	۱۴	۱۶	۲۶

اس مثلث کو جو شخص شرف قمر میں جمعہ کی پہلی ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور غروب تک اسم کا ذکر کرتا رہے پھر جو اس کو دیکھے اس سے محبت کرے اس اسم میں جذب و محبت کی عجیب تاثیر ہے اور یہ ارباب جمال کا ذکر ہے اس کی قدر وہی جانتا ہے جس نے محبت کا پیالہ پیا ہے اور بساط مودت پر جلوس کیا ہے تم نہیں دیکھتے ہو کہ اس کے حروف اسم بدوح سے مناسبت رکھتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۱۹۶ اسم سول کی طرف اور اجزاء عدد اس کے اسم حبیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ روح الروح اور فرد ہے اسماد سے اس کے موافق اسم ہادی ہے اور یہ اعداد شریفہ سے ہے کیوں کہ ضرب اصل عدد سے پیدا ہوا ہے اور وہ زائد ہے اجزاء اس کے ۱۲۲ اسم حبیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ فرمان ہے مودت کرو محبت ہو گی اور اسماء

حروف ۹۶ اسم سول کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیوں کہ جب اور دو سول ہیں اور حبیب کے نزدیک محبت ہے تو اس کی انتہا طلب رکھی گئی جس سے اسم طالب کی طرف اشارہ ہے اگر تم پوچھو کہ محبت کیا چیز ہے۔ میں کہتا ہوں محبت صفاء مودت ہے اور وہ بین دائم ہے ساتھ قلب ہائم کے اس مقام کی فضیلت میں چار القاب کہے گئے ہیں۔ پ یعنی ودح یعنے عشق اور وہ محبت کا یکسو کرنا ہے۔ اور ودّ یعنے شفقت اور دینے ارادہ محبوب کا اور اس کے ساتھ تعلق۔

۴۹۔ فوائد اسم مجید

یہ عظیم الشان اسم بادشاہوں کا ذکر ہے جس پر وہ مداومت کرتے ہیں تو ان کا ملک وسیع ہوتا ہے اور اقطاب اور خلفاء کے واسطے بھی مناسب ہے جو شخص اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے تو اس کا کلمہ رد نہ ہوگا اور جس کا نام عبد المجید ہو اس کے واسطے مناسب ہے اگر پچھے حال والا اس کا ذکر کرے تو کل کام اس کے آسان ہوں اور معارف کے ساتھ اس کی روح زندہ ہو اور باطن اس کا لطائف اسرار کے ساتھ قوی ہو۔ اور اس اسم میں خزانے نکالنے اور پوشیدہ رموز کے معلوم کرنے کی عجیب تاثیر ہے۔ عدد اس کے ۵۷ ہیں سات میں تخلص کی طرف اشارہ ہے جس سے مراد یہ ہے کہ تنا بعد اس سے وہی بچا ہوا ہے جو جو چاہے کہہ سکے اور وہ خدا وند تعالے ہے اور پچاس سے اس کی طرف اشارہ ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا مدار ہے اور وہ بھی خدا وند تعالے ہے یہ عدد فرد ناقص مستنطیں ہیں اجزا اس کے ۳۱۔ الف تا دلے اور اقامت اور کاف کلمہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ایک اعتبار سے ۱۹۰ اور ایک اعتبار سے ۱۸۸ ہیں پس پہلے اعتبار سے اسم ہو اللہ الواحد واجب الوجود کی طرف اشارہ ہے اور دوسرے اعتبار سے اسم مولے اس کی طرف اشارہ ہے۔ صورت اس کی یہ ہے۔

۱۴۴	۱۴۵	۱۴۸	۴۹
۱۵۷	۱۳۶	۱۴۱	۱۴۲
۱۷۲	۱۵	۱۴۳	۱۴۰
۴۵	۱۳۹	۱۳۸	۱۴۵

۵۰۔ اسم باعث صحت کے لئے بہترین عمل

یہ اسم الوراور سرا کیر اس شخص کے مناسب ہے جس کی ہمت پست ہو گئی ہو اگر اس کا ذکر کرے گا تو ہمت قوی اور بلند ہو جائے گی اور بعض نے کہا ہے کہ اسم زندگانی اور صحت کی عجیب خاصیت رکھتا ہے اور قوی کی حفاظت کرتا ہے جب تم اسکا ارادہ کرو تو روزہ رکھ کر خلوت میں داخل اور فراغ قلب و جمع ہمت کے ساتھ اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ حال اس پر غالب ہو تب فوائد اس کے ظاہر ہونگے اور اگر سیسے کی تختی پر ہفتہ کی پہلی ساعت میں اس کو نقش کرے پھر اسم بار اسم کا ذکر کرے اور اثنائے ذکر میں تختی پر نظر رکھے پھر کہے اے زحل میں نے تجھ کو فلاں شخص پر مسلط کیا نہیں رہی ہوگا جو یہ چاہے گا عدد ۵۷۲ ہیں اور عین اور با اس میں اپنے حال پر باقی ہیں اور سبب الف کے ساتھ لیا گیا جو مسبب الاسباب

ہے اور یہ عدد فرد ناقص ہے اجزا اس کے اسم صادقؑ اور مولی الموالی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے۔۔۔۔۔

کھیعص	حمعسق	یٰس	ن
اسلے	۹۹	۱۹۶۰	۱۳
۹۸	۶۸	۱۶	۱۹۷
۱۵	۱۵۸	۹۷	۶۹۰

۵۱۔ اسم شہید برائے رفع افراط و تفریط

اس اسم کا ذاکر مراقبہ میں پھل پائے گا۔ اور اگر سچا حال رکھتا ہے تو صفتِ وحدت اور عزلت کے ساتھ متصف ہوگا اور افراط و تفریط کا مادہ اس کے اخلاق سے دور ہوگا مرتبہ شہادت کے طالب کے واسطے یہ بہت بڑا ذکر ہے بعض لوگوں کو میں نے یہ ذکر بتلایا۔ مرتبہ شہادت ان کو حاصل ہوا اس کے نقش کو جمعہ کی پہلی ساعت میں لکھ کر اپنے دل پر باندھیں تو سب اس کی تعریف کریں اور اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت و وقار نصیب کرے عدد اس کے ۳۱۹ ہیں اور اسمار حروف اس کے ۱۳۱۹ اسم مجرے الفلک کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور کشتی خدا ہی کے حکم سے جاری ہوتی ہے جیسا کہ قرآن شریف وارد ہے۔ مربع اس کا یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۷۲	۸۶	۸۳	۷۹
۸۳	۷۸	۷۳	۸۵
۷۷	۸۰	۸۸	۷۴
۸۷	۷۵	۱۶	۸۱

۵۲۔ اسم حق برائے طاعت میں ثابت قدمی

اس کا ذاکر طاعت و عبادت پر ثابت رہتا ہے اور حقائق امور اس پر ظاہر ہوتے ہیں اور پوشیدہ اسرار سے مطلع ہوتا ہے۔ برائیاں اس کو بری معلوم ہوتی ہیں۔ اور کلمہ اسکا بلند ہوتا ہے اور اسی اسم کے سبب سے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھتا ہے جو شخص اس کے مربع کو طالع برج ثابت میں کسی چیز پر جس کا ثابت رکھنا مقصود ہے نقش کرے گا تو وہ چیز ثابت رہے گی مگر اس سے پہلے اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کی حالت اس پر غالب ہو جائے اور مربع کے گرد یہ آیت لکھے۔ وَاَمَّا مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْکُثُ فِی الْاَرْضِ[1] عدد اسمی اس کے ۱۰۸ لیکن اول پس زوج الزوج اور فرد زائد ہیں۔ اجزا اس کے ۱۷۲ اسم مقبل کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے۔

۱۹	۳۴	۲۶	۳۶
۲۰	۳۵	۲۰	۲۳
۳۴	۳۷	۳۶	۲۱
۳۵	۲۳	۳۳	۲۸

۵۳۔ اسم وکیل برائے وسعت رزق

جو شخص اس کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو اسباب رزق سے غنی کردے گا اور اگر سچا حال رکھتا ہے تو عالم میں تصرف کرے۔ یہ اسم ان اسماء میں سے ہے جو ہمارے حضورؐ کے ساتھ مخصوص ہیں اور جس کا نام محمد ہو اس کے موافق ہے اور عدد اس کے ۶۶ زوج فرد مستطیل ہے اور اسی سبب سے اللہ تعالیٰ نے ان کا نام کتاب میں متوکل رکھا ہے اور یہ اسم اپنی جمعیت اور حضورؐ کے ساتھ مخصوص ہونے کے سبب سے عدد میں اسم

[1] اور لیکن جو چیز لوگوں کو نفع دیتی ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے ۱۲ ❊ ❊ ❊

اللہ کے مطابق ہے اور ان دونوں کا مجموعہ ۱۳۲ اسم محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہے اور یہ عدد زائد میں اس کے مواقف جو جو بیان ہوا اور اجزاء اس کے ۱۰۸ اسم حکیم کے مطابق ہیں کیوں کہ وکیل اگر حکیم نہ ہو تو حسب موقع کام نہیں کر سکتا اسی کے متعلق کسی نے شعر کہا ہے اِذَا كُنْتَ فِي حَاجَةٍ مُرْسِلاً فَأَرْسِلْ حَكِيْمًا وَلَا تُوْصِهٖ.

اس کے مثلث کی صورت یہ ہے

طبیب	۲۶	واحد
ہادی	حبیب	۲۷
۲۶	حی	طبیب

اور اجزاء ان دونوں اسموں کے احب کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو ہمارے حضور کا نہایت مخصوص نام ہے تنبیہ جب ان میں سے ایک کی زیادتی دوسرے کیساتھ جمع کی جائے تو ۲۶ ہوں گے اور یہی حضور کا اسم مبارک ہے جیسا کہ مجموع ان کا اسم احب ہے اور اسماء حروف ان کی ۱۹۸ اسم قیوم کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیوں کہ وکالت میں قیام بالشئے ضروری ہے

۵۴ ۔ اسم قوی برائے قوت و طاقت

جو شخص اس کا ذکر کرے ظاہری و باطنی بوجھ اٹھانے کے قوت اس میں زیادہ ہو اور روح اس کی قوی ہو یہ ذکر اذکار عزرائیل علیہ السلام سے ہے جس کا نام موسےٰ یا یونس ہو اس کے واسطے مناسب ہے اور اگر اسم مبدع بھی اس کے ساتھ ملائے تو مناسب ہے جو شخص اس کے ذکر پر ملازمت کرے وہ کبھی سفر میں ماندہ نہ ہو عدد اس کے زوج فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۹۲۰ ذکر جلیل یعنی اللہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو شخص اس ذکر کو لازم کرے کسی چیز سے عاجز نہ ہو عدد لفظی اس کے ۱۴۹ اور رقمی ۱۱۶ ہیں زوج فرد ناقص اجزاء اس کے اسم عزیز کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسی طرح جب عدت قوت کے مصاحب ہو گی تو پوری ہو گی عدد اول اسم موسیٰ کی طرف اور عدد ثانی اسم یونس کی طرف اشارہ کرتے ہیں معلوم ہو کہ جو شخص اسم قوی سے زیادہ قریب ہو گا وہ ضعیف بھی ہو یہ سبب توجہ حق کے اسی سبب سے موسیٰ علیہ السلام بھی کمزور تھے اور دیکھو کہ موسےٰ علیہ السلام اندھیرے میں تابوت میں بند کرکے دریا میں ڈالے گئے اور یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں رہے مربع اس کا یہ ہے

۳۸	۳۱	۳۶	۲۱
۲۵	۳۰۲	۳۷	۲۲
۲۳	۳۸	۲۹	۲۶
۳۰	۲۵	۲۴	۲۷

۵۵ ۔ اسم متین برائے آسانی مشکلات

جو شخص اس اسم کا کثرت سے ذکر کرے ضعف قوت سے امن میں ہو اور جس قدر بھاری کام ہو گا اس کو مشکل نہ ہو گا جس کی قوت منقطع ہو گئی ہو اس کو یہ ذکر مفید ہے اگر اس کے ساتھ اسم قوی بھی ملائے تو نہایت سریع التاثیر ہے خاص کر اس شخص کے واسطے جو بوجھ اُٹھاتے کا کام کرتا ہے عدد اس کے ۵۰۰ ہیں اور یہ زوج الزوج فرد زائد ہے اجزاء اس کے ۹۲۵ اصل سے زیادہ ہیں اس لئے کہ اس میں اسم امان کی طرف اشارہ ہے اور متانت میں اختلال قوت سے امان ہوتی ہے اسی سبب سے اس کے آخر میں نون ہے اور وہی اس کا وجود ہے جس کے ساتھ ظہور و اظہار ہے اللہ سبحانہ

وتعالےٰ فرماتا ہے اِنَّ خَیْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِیُّ الْاَمِیْنُ اور فرماتا ہے اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا کیونکہ اگرچہ ان میں قوت تھی مگر متانت نہ تھی اور امانت ہے انقطاع قوت سے پھر فرماتا ہے۔ وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ کَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا اپنے نفس پر ایسے بوجھ اُٹھانے کی طاقت نہ رکھتا تھا انقطاع قوت سے بہ سبب نہ ہونے متانت کے اور اسماء حروف اس کے ۶۸ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں مکرم رزاق مربع اس کا یہ ہے

ن	ی	ت	م
۳۲	۱۷	۲۹	۱۱
۲۲	۲۳	۸	۲
۵	۲	۲۲	۲۷

۵۶- اسم ولی برائے حصول ولایت وحضوری

اس اسم کے ذکر کرنے سے ولایت نصیب ہو اور یہ ذکر خاص حضوری فرشتوں کا ہے جن کو کروبی کہتے ہیں اس کے معانی کی تحقیق کرے جس سے رفع وسائط مراد ہے جو شخص ذکر کرے اللہ تعالےٰ کے مقام ولایت عظمیٰ اس کو نصیب ہو اس اسم کے ذاکر کو مخلوق کی باتیں کشف ہو جاتی ہے ۶۹۵۶ م ہیں لیکن عدد اول پس زوج فرد زائد ہیں اجزاء ۱۲ اس کے ۱۶ اسم جمیع کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ جس نے اپنے اور اپنے دوست کے درمیان سے پردہ اٹھا لیا تو جو باتیں غیر کے واسطے ممنوع تھیں اس کے واسطے مباح کردیں اور عدد ثانی زوج ناقص ہے اجزاء ۱۲ اس کے اسم جلیل کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ اذکار اکابر موحدین سے ہے اور وہ احد ہے اور جس کا نام محمدؐ ہے اس کے واسطے مناسب ہے مربع اس کا یہ ہے

۱۱	۱۴	۱۷	۴
۱۶	۵	۱۰	۱۵
۲	۱۹	۱۲	۹
۱۳	۸	۷	۱۸

۵۷- اسم حمید برائے عظمت وشفائے امراض

اس اسم کے ذکر سے لوگوں میں عظمت ہو اور سب اس کی تعریف کریں اور اگر شیشے کے برتن میں اس اسم کو لکھ کر پیوے ہر ایک مرض سے شفا ہو جس کا نام محمود ہو اس کے واسطے ذکر مناسب ہے جس شخص پر اس کا حال غالب ہو جائے وہ محمود الخلق ہوگا اور جس کو کشف نام حاصل ہو وہ تم سب میں زیادہ محمود رہے لیکن ہمارے حضورؐ پس حمد مبین اور فاتح کتاب وجود ہیں جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ پہلے جو چیز اللہ نے پیدا کی وہ میرا نور ہے پس حضورؐ بالکل حمد ہیں اللہ تعالےٰ نے کتاب وجود کا آپ سے افتتاح کیا اور یہی امر ذی بال جس میں الحمدللہ یعنے حمد کے ساتھ شروع نہ کیا جائے تو وہ اجذم یعنی ناقص ہے اور اسی سبب سے کل نبیوں کا دعویٰ وہی تھا جو حضورؐ کا تھا اور آخر سب کا دعوےٰ یہی ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پس حضور فاتح اور خاتم ہیں یعنی جیسے کہ اللہ تعالےٰ نے کتاب ابداء آپ سے شروع کی اسی طرح کتاب اعادہ بھی آپ سے شروع کرے گا چنانچہ حضورؐ نے فرمایا ہے میں پہلا وہ شخص ہوں جس سے زمین پھٹے گی اور اسی سبب سے سورۃ الحمد حضور کے ساتھ مخصوص ہوئی جو فاتحۃ الکتاب اور عرش کے نیچے کا خزانہ ہے جو سوائے حضور کے کسی واسطے مفتوح نہیں ہوا ان نورانی ذوقوں کو سمجھ مواہب لدنیہ کا بہت بڑا حصہ تجھ کو ملے گا عدد

اس کے ۳۶۲ زوج فرد زائد ہے اجزا ۱۸۱ اس کے ۴ سونیرے اس قول کی طرف اشارہ کرتے ہیں ھُوَ طَیِّبٌ۔ اور اسماء حروف اس کے ۱۱۳۰ اسم آخر بہین اور جامع کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

۸	۳۱	۱۸	۱۵
۱۶	۱۲	۹۰	۳۰
۱۳	۱۶	۲۳	۱۰
۲۲	۱۱	۱۲	۱۷

۵۸-اسم محصی برائے روحانی اسرار

جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے مرتبہ کا لطف اس کو حاصل ہو جس کے واسطے اسم حسیب کا ذکر مناسب ہے اسی واسطے اس اسم کا ذکر بھی مناسب ہے عدد اس کے ۱۴۸ ہیں آٹھ واسطے کمال کے اور چالیس واسطے تمام کے اور سو واسطے احاطہ کے محصی اسی کو کہتے ہیں جو کمال تام محیط رکھتا ہو یہ عدد زوج الزوج اور فرد ناقص ہے اجزا ۱۳۰ اس کے ۱۸۱ اسم حی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اہل اسرار کے نزدیک اور اہل انوار کے نزدیک اسم ملک کی طرف کیوں کہ حیات تقاضا کرتی ہے ملک اور کمال کا احاطہ ہے تنبیہ معلوم ہو کہ اسم رحیم سے لے کر حمید تک جو اسماء گذرے ان کو تعلق زیادہ تر اسباب سے ہے جیسے وہاب کریم رزاق وغیرہ اور ان سب کا خاتمہ حمد کے ساتھ ہوا اور جو اسماء آم محصی ہے اسم صبور تک ہیں ان میں بندے کے عجز سے تعلق ہے جس کا بیان اسم محصی اور مبداء اور معید وغیرہ ہیں اسم صبور تک آگے بیان ہوگا انشاء اللہ تعالے اور اسم ہادی ہیں فقط معرفت ظاہر ہوئی ہے اسماء حروف اس کے ۵۰ اسم عزیز کافی کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

م	ح	ص	ی
۱۱	۸۹	۵	۷۳
۶	۷۲	۱۲	۸۸
۹۱	۹	۷۱	۷

۵۹-اسم مبدئ برائے حل المشکلات

اس اسم کے ذاکر پر پوشیدہ راز منکشف ہوتے ہیں اور اللہ تعالے اس کو حکمت کے ساتھ گویا کرتا ہے جو شخص کسی مشکل کام کو کرنا چاہتا ہے تو اس کے واسطے بھی یہ ذکر مناسب ہے اور اس کے واسطے بھی بہتر ہے جو کسی عمدہ علم میں کوئی تالیف کرنی چاہتا ہے یا اشعار نحوی لکھنے منظور ہیں عدد اس کے ۵۶ ہیں اور یہ اسم اسم ولی سے وہی منزلت رکھتا ہے جو اسم وکیل اسم اللہ سے رکھتا ہے اسی سبب سے ان دونوں کے درمیان اسم مبین نے اجتماع کر دیا اور ولایت اور ابتداء ہی کے ساتھ جس کے معنی اظہار کے ہیں ہر ایک چیز ظاہر ہوتی ہے اسماء حروف اس کے ۱۲۰۵ اسم عالم کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

۱	۲۳	۱۳	۸
۱۷	۷	۲	۳۳
۱۶	۱۱	۳۶	۲
۳۵	۴	۵	۱۲

۶۰-اسم معید برائے گمشدہ چیز کی واپسی

اس اسم کے ذاکر کی جو چیز گم ہو گئی ہو گی اور واپس آجائے گی اور ہر ایک خرابی درست ہو گی جو شخص اس کے مربع کو برج منقلب کے طالع میں لکھ کر ایسی جگہ لٹکائے جہاں ہوا چلتی ہو تو جو بھاگا ہوا ہو گا فوراً واپس آجائے گا قدرت الٰہی سے بعض عرفا فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے جو چیز بھول گیا ہو گا وہ واپس آجائے گی عدد اس کے ۱۲۴ ہیں زوج الزوج اور فرد ناقص اجزاء

اس کے ۱۰۔ اسم ملیک کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیوں کہ چیز کے جاننے کے بعد وہی اس کو واپس لاسکتا ہے جو مالک ہے پورے طور سے اسی سبب سے اللہ تعالیٰ نے اسم ملک کے ساتھ تجلی کی ہے اور یہ عدد حرف قاف کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے کیوں کہ اس میں احاطہ ہے جو ترک ابتداء کے منتفی ہوتا ہے اسماء حروف اس کے ۲۳۶ ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ملیک قیوم مربع اس کا یہ ہے

د	ی	ع	م
۶۹	۱۷	۲	۱۱
۴۲	۷۲	۸	۲
۹	۱	۴۳	۸۱

۶۱۔ اسم محی برائے حصول لطف و کرم

یہ اسم اذکار اسرافیل علیہ السلام سے ہے جو شخص اس کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو ظاہری و باطنی زندگانی عنایت کرے اس اسم کو اسم حی سے نسبت ہے جو شخص اس کو اس کے نقش کو زہرہ کی ساعت میں جمعہ کے روز لکھ کر پہلے اللہ تعالیٰ اس کی قدر بلند اور اس کے ذکر کو زندہ کرے اور اس قدر لطف آلہی ملاحظہ کرے جو بیان سے باہر ہے عدد اس کے ۶۸ زوج الزوج اور فرد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ۱۵۴ اسم ازلی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۱۴۲ اسم معزّ کی طرف اشارہ کرنے کیوں کہ احیاء میں عزت اور اماتت میں ذلت ہے مربع اس کا یہ ہے

۹۶	۱۹	۲۳	۹
۲۳	۱۰	۵	۲۰
۱۱	۲۶	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۵

۶۲۔ اسم ممیت برائے ہلاکت ظالمین

یہ اسم اس شخص کے واسطے ہے جو ظالموں کو اور فاسقوں کو ہلاک کرنا چاہتا ہے جب اس اسم کو پڑھ کر ظالم پہ بددعا کرے گا اسی وقت ہلاک ہوگا خدا سے ڈرنا چاہیئے شہوت قوی کرنے کی بھی اس میں تاثیر ہے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے پھر اس شخص کا نام ہے جس کا ہلاک کرنا منظور ہو فوراً ہلاک ہوگا عدد اس کے ۴۹۵ ہیں اور یہ زوج فرد زائد ہے اجزاء اس کے ۵۲۶ ہیں اور نعم المولیٰ کے عدد ہیں دو کے ساتھ اور اسماء حروف اس کے اسم امان اور متین کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

۹۶	۱۹	۲۴	۹
۲۳	۱۰	۵	۲۰
۱۱	۲۶	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۵

۶۳۔ اسم حی برائے درازی عمر

جو شخص اس قدر اس اسم کا ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے تو عمر اس کی زیادہ ہو اور نور توحید کے ساتھ اللہ تعالیٰ اس کا قلب زندہ کرے یہ ذکر اذکار جبرئیل علیہ السلام سے ہے اور جس کا نام ادریس ہو اس کے مناسب ہے عدد اس کے ۱۸ زوج الزوج اور فرد ہیں اور یہ ثانی عدد تام ہیں اور اعداد تامہ اعداد ناقصہ سے بہتر ہیں مگر وہ بہت تھوڑے ہیں بے شک ان میں سے اعداد نہیں پائے گئے ہیں ہر مرتبہ میں جس کے ساتھ اس مرتبہ کی حیات ہو بس مرتبہ احاد میں ۶ ہے اور مرتبہ عشرات میں ۲۸ اور مرتبہ مآت میں ۴۹۶ اور یہی رسول اللہ صلے اللہ

اور مرتبہ الوف میں ۹۱۲ ہیں پھر امر ظہور ۲۸ کی طرف واپس ہوا اور جب کہ وہ کمال جو حیات ہے وہی غایت ہوا تب اس پر دلالت کی زیادتی نقص نہ ہوئی اور اگر زیادتی ناقص ہو گی تو یہ کمال نہ ہو گا پھر حیات نہ ہو گی اور اگر کوئی چیز اس میں سے کم ہو گئی تو تو یہی بمقدار اس نقص عیب ہے اور اسی سبب سے ۲۸ کا عدد ان حروف کا عدد ہے جو کمال وجود میں منازل کے عدد جو فلک اعظم میں متعین ہیں امر آلٰہی کو نازل کرتی ہیں اور بمنزلہ خارج کے ہیں مخارج حروف سے اسرار اس عدد کے اس قدر ہیں کہ اس مختصر میں ان کی گنجائش نہیں ہے پس باعتبار لفظ کے حی سے ح ی پورا ہوتا ہے اور باعتبار رقم کے یہ لفظ دو حرفوں سے مرکب ہے ح ی اور یہ زوج فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۱۸ عدد مرکب ہیں پیچ اول کامل کے پس جو مضروب فی احاطۃ الدال ہو گا وہ مضروب فی احاطۃ الجیم ہو گا پھر سات کا عدد اس میں سے کم ہو گا اور یہی حقائق حروف ہیں اور جس کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ؕ اسی سبب سے سورۂ فاتحہ میں یہ حرف نہیں ہے اس میں فقط اکیس حرف ہیں اس کو سمجھو اور اسماء حروف اس کے ۱۱۹ اسم ہادی کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے ......

حی	۳۱	۳۸	۳۵
۲۶	۲۴	۱۹	۳۰
۲۳	۲۶	۳۳	۲۰
۲۲	۲۱	۳۲	۳۷

۶۴ - اسم قیوم برائے چھومبت

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کا ظاہری و باطنی امر قائم کرے اور اگر سچی حالت رکھتا ہو تو کل شئے اس کے ساتھ قائم ہو اور ذکر اس کے موافق ہے جس کا نام یوسف ہو اس کی تحقیق پوشیدہ نہیں ہے معلوم ہو کہ قیومیت اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے چنانچہ وہ فرماتا ہے أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اور فرماتا ہے۔ وَاللَّهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ۔ آخر آیت تک اور فرماتا ہے وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۔ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ - إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ اور یہ حدیث إِنَّ الصَّدَقَةَ تَقَعُ كَفَّ الرَّحْمٰنِ۔ مَرِضْتُ فَلَمْ يَعُدْنِي اور حدیث كُنْتُ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ اور اسم قیوم احاطہ توحید کے ساتھ صریح ہے ساتھ ہر اسم کے اس کے اسماء سے ظاہر ہے خلق سے اور باطن ہے امر سے اور برزخ ہے درمیان ان دونوں کے الٓمٓ اللَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا اور جیسے کہ اسم اللہ کے ساتھ دوسرا ثابت نہیں ہوتا بہ سبب اس کے کہ خلق اس کی توحید کو دیکھتی ہے اسی طرح اسم قیوم بھی خاص اسی کا نام ہے مخلوق میں سے کسی کا نام نہیں ہے معلوم ہو کہ اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ اور اللَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ... جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے اور اسم اعظم وہی ہے کہ جب اس کے سوا دوسرے سے ابتدا کی جائے تو اس کی قیومیت کے سامنے وہ فناہ ہو جائے گا أَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللَّهَ بَاطِلٌ

اور اس کے کمال حیات زندہ مرجائیں كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ۔ إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُونَ اور اس کی الٰہیت کے سامنے ہر شے ہلاک ہوجائے وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۷۶ ہیں اور یہ زوج فرد ناقص سے اجزا اس کے ۷۶ ا۔ اسم مولی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسم بدیع کی طرف کیونکہ حقیقتاً قیمت ہر شے کی بدیعت ہے چنانچہ فرماتا ہے بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ یہ عدد اتفاقاً اعلیٰ اسماء کی طرف اور تنزلاً ادنیٰ اسماء کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اسم میک ہے جب کہ تو اس کے حروف کو لفظاً اعتبار کرے اور جب تو رقماً اعتبار کرے گا تو اس کے عدد ۱۵۲ ہیں اور وہ زوج فروز اندہے اجزا ۱۰۱ اس کے ۱۳۶ ہیں اور یہی عدد مقام کن فیکون سے اور اسماء حروف اس کے بس ۳۰۸ ہیں اسم رزاق کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ ہر چیز کا قیام اُس کے ساتھ ہے

جس سے اس کا اصل کا وجود ہے مربع اس کا یہ ہے۔

۱۵۵	۶۰	۱۵۳
۱۵۴	قیوم	۱۵۸
۱۵۶	۵۲	۵۷

اور بعض دفعہ مربع حرفی اور عددی واس طرح معلوم ہو کہ حی و قیوم بڑے بزرگ اسم اور حضوری کے لوگوں کا یہ ذکر ہیں اور اسرافیل اور کل ملائکہ صور کا بھی ذکر ہے جو شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں قبلہ رو بیٹھ کر ان نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالےٰ اس کے قلب کو زندہ کرے اور اگر گمنام ہے تو اُس کا نام روشن ہو اور اگر غریب ہے تو امیر ہوجائے اور اگر اس کے دفق کر جو ایک سو چوہتر ہیں مرکب کر کے لکھے تو عجیب تاثیر ملاحظہ کرے حضرت کتانی فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ آپ اللہ تعالےٰ سے دعا کیجئے کہ میرا دل

اس روز مردہ ہو جس روز تمام دل مردہ ہوں گے

حضورؐ نے فرمایا تم ہر روز یہ دعا پڑھا کرو یا حی یا قیوم بک استغیث لا الٰہ الا انت معلم ہو کہ جو شخص اسم حفیظ کو مربع میں لکھ کر پہلے مربع میں اس کو وضع کرے شرف شمس میں اور

م	و	ی	ق	ح
۵ ۲	۳۹	۱۹	۱۲	۵
۱۲	الم	۲۱۱	۱۳	۳م
۷م	۵۲	۱د	۲۰	۳۰
۲۲	۲۵	۲م	۳م	۲۳

اپنے پاس رکھے تو اس کا رزق وسیع ہو اور اس کے مال و جان سب کی حفاظت ہو اور جس چیز پر اُس کو رکھ دے وہ محفوظ رہے گی جس شخص نے اس کے راز کو معلوم کر لیا وہ سب سے غنی ہو گیا اس کا بیان ممکن نہیں مختصر یہ کہ یہی اسم اعظم ہے۔

۶۵-اسم واجد برائے تکمیل خواہشات

اس اسم کا ذکر جس چیز کی تلاش کرے وہ ضرور اُس کو ملے سالک لوگ اسی اسم کی برکت سے اپنے نفسوں کو پاتے ہیں جو شخص

اس کا اس قدر ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے تب وہ اپنے اندر ایسی حالت پائے گا جو کسی علم و معارف سے حاصل نہ ہوئی ہوگی جس کا نام عبدالواحد ہو اس کے واسطے بہت مناسب ہے عدد اس کے جو دہ زوج فرد مستطیل ہیں کیونکہ ان میں شرف ہے اس سبب سے کہ یہ مرکب ہے ضرب اول زوج سے اول عدد کامل میں پس یہ معدود بالسبعہ ہے دو مرتبہ اور یہی عدد حروف نورانیہ ہیں اور روشن راتوں کے بھی یہی عدد ہیں کیونکہ وہ راتیں وجد کی ہیں اور اندھیری راتیں اور یہ عدد ناقص ہیں اجزاء ان کے ۱۰ حرف ی کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو اسم تنزیل ہے اس قول میں بِیْ یَسْمَعُ وَبِیْ یُبْصِرُ اسی سبب سے اس کے اسماء حروف موصل کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع یہ ہے

واو	الف	جیم	دال
۹۴	۴۲	۲۲	۱۱۰
۳۵	۵۱	۱۱۳	۱۵
۲۱۲	۱۶	۳۴	۵۲

۶۶- اسم ماجد برائے وسعت غلبہ و اقتدار

جب بادشاہ اس اسم کا ذکر کرے اس کا ملک وسیع ہو اور تمام رعیت اس سے محبت کرے جس کا نام عبدالماجد ہو اس کے واسطے زیادہ مناسب ہے عدد اس کے ۸ اعداد شریف ہیں کیونکہ یہ ضرب اول عدد تام سے ہیں یعنی اول عدد کے پھر مجموعہ کو دوبارہ اول عدد میں ضرب کیا اور یہ عدد دلالت کرتا ہے کمال میسر تام پر جس میں میم ہے جس کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے احد کے جنگ (مسلمانوں) کی علامت قرار دیا تھا جس سے مراد جمعیت ملک اور اس کی وسعت اور دوام ہے اور یہ عدد زائد ہے اعداد وتریہ میں سے اس کے موافق تین کا عدد ہے اجزاء اس کے اسم موئل کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کیونکہ جس کا ملک وسیع ہوگا اس سے ہر طالب کی تمنا وابستہ ہوگی اور اس رحیم کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے
صورت اس کی یہ ہے

مالك	كافی	هوجد	دال
۵۴	۳۰۶	۹۱	۱۱۰
۳۵	۵۱	۱۱۵	۶۲
۸۲	۹۳	۳۵	۵۲

۶۷- اسم واحد برائے اسرار الٰہی

اس اسم صمدانی اور سر روحانی کا جو شخص ذکر کرے اس کو خلوت سے رغبت اور کثرت سے وحشت ہو اور عورت یا مرد کے بانجھ کرنے کی اس میں عجیب تاثیر ہے اس نیت سے اس اسم کا ذکر کرے مطلب حاصل ہوگا مگر خدا سے خوف کرے اور ناحق کسی کو ستانے اور یہ ذکر اذکار اکابر ہے صاحب کتاب تیسیر المطالب فرماتے ہیں ذات سے یہ اسم سب اسماء سے زیادہ قریب ہے۔ اور جب اسم جامع اس کے ساتھ ملا لیا جائے تو بہت بڑا ذکر ہو جاتا ہے جس کا نام احمد ہو اس کے واسطے بہت مناسب ہے۔ معلوم ہو کہ اسم واحد اور احد ان سالکوں کے واسطے جو اسرار توحید سے تعلق رکھتے ہیں عظیم الشان ذکر ہے ابو عبداللہ کوفی اسم احد کے بیان میں فرماتے ہیں کہ یہ ذکر حضرت جمع میں اہل فنا کے واسطے ہے کیونکہ وہ احد ہی کا مشاہدہ کرتے ہیں جو شخص کثرت اس کا ذکر کرے اس پر توحید کھل جاتی ہے۔ صورت اس کی یہ ہے

اگر اتوار کے روز پہلی ساعت میں باطہارت قبلہ رو ہوکر لکھے اور
اپنے سر میں رکھے تو اللہ تعالےٰ اس کو عزت اور ہیبت اور وقار
اور عظمت عنایت کرے اس اسم کے عدد ۱۱۰ ہیں اور اسماء حروف
اس کے اعتبار سے ۵۶ ہیں۔ پس عدد اول اسم تینین کی طرف اشارہ
کرتے ہیں کیونکہ احدیت میں اسم اللہ کے معنی ہیں اور اسی سبب

و	ح	د	و	ا	ح	د
ح	د	و	ا	ح	د	و
د	د	ا	ح	و	ا	ا
د	ا	ح	د	ا	ح	ح
ا	ح	د	و	ح	ح	ح
ح	و	ا	ح	د	و	ا
ه	ا	ح	د	و	ا	ح

سے سورۂ اخلاص میں اسم اللہ کے بعد اسم احد ہے اور اسم علی کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے کیوں کہ اس میں بلند ہونا ہے اور اک خلق
سے اور عدد ثانی اسم مونس کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ کیوں کہ احدیت حق کے ساتھ ہر ایک وحشت والا اُنس حاصل کرتا ہے اور
اس اسم کی انسان کو کثرت سے وحشت ہوتی ہے مربع اس کا یہ ہے
ابو عبد اللہ کوفی اپنی کتاب کنز الاسرار میں فرماتے ہیں یہ اسماء
بڑے جلیل القدر ہیں، اللہ۔ احد۔ واحد، جواد، وہاب، حی، موجد

ول	واحد	الا	حد
۳۲	۱۱	۳۷	۱۹
۳۰	۳۱	۳۱	۱۷
۳۷	۷۱	۷۴	۱۵

دائم، ول، مجیب، ودود، ہادی جو شخص ان کو باطن مربع سورہ اخلاص میں وضع کر کے اپنے پاس رکھے عجائب صنع آلہی ملاحظہ کرے
جس کا بیان ممکن نہیں کیونکہ ہر ایک اسم اپنے حامل کو قوت عنایت کرتا ہے جس سے قلب کو روح معارف اور لطائف توحید
کے ساتھ قوت حاصل ہوتی ہے اور اگر یہی حالت والا اس کے ذکر پر ملازمت کرے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہری و باطنی رزق میں کشادگی
کرے اور جو چیز خدا سے مانگے اس کو عنایت ہو۔ بادشاہوں کے واسطے یہ نقش شرف شمس میں لکھا جاتا ہے اس کی برکت سے وہ
دشمنوں پر فتحیاب ہوتے اور قضاۃ و علماء کے واسطے شرف مشتری میں اور وزیروں اور منشیوں کے واسطے شرف عطارد میں
میں اور مشائخ و فقراء کے واسطے شرف زحل میں لکھا جاتا ہے اس کو سمجھو یہ اسرار مخزونہ میں سے ہے اور قطب اس کا حجر
مکرم کی طرف اشارہ کرتا ہے جس میں اسم اعظم ہے جو شخص ان اسماء کو سو بار کسی ظالم کے ہلاک کرنے کی نیت سے پڑھے
خدا اس کو ہلاک کر دے اور اس کے گھر میں یا جگہ میں اُن کو لکھ کر رکھ دے اس سے صریح عبارت کے ساتھ اس کی شرح
ممکن نہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے سمجھ دی ہے وہ سمجھ لے جو شخص ان اسماء شریفہ کو جمعہ کی پہلی ساعت میں قبلہ رو ہو کر باطہارت

کاغذ پر لکھے اور ذکر کرے پھر اپنے سر
میں رکھے اللہ سبحانہ و تعالیٰ اس کو عزت
اور ہیبت اور وقار عنایت کرے اور جو اس
دیکھے اس سے محبت کرے اللہ ہی حق کہتا
ہے اور وہی راستہ کی ہدایت
کرتا ہے مربع اس کا اگلے صفحہ پر

۱۰۶۸۔ اسم صمد برائے دفع غربت

اس اسم کے ذکر سے فقر دور ہوتا ہے۔ اور یہ ذکر اہل ریاضت کے مناسب ہے تاکہ ان کو کھانے پینے کی طرف احتیاج نہ رہے اور یہی حالت والا اس کا ذکر کرے توکل حوائج اس کے پورے ہوں اور بھوکا اگر اس اسم کا ورد کرے بھوک کی تکلیف اس کو محسوس نہ ہو اس کے عدد چوبیس ہیں اور یہ زوج ہے۔ فرد مستطیل ناقص اجزا اس کے اسم حبیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ اسم حساب کے لکھنے پر دلالت کرتا ہے جو اول صمد ابجت سے ہے اور اسماء حروف اس کے اسم لکھن کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے

۴۱	۳۳	مح	ناصر
۵	۹۹	۱۳۳	۹۱
۸۵	۳	۲۲	۲۱
کل	۳	۳	۱۱۹

۶۹۔ اسم قادر برائے حصول قوت

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے وہ اس چیز کے اظہار پر قادر ہوتا ہے جس کا اظہار اس کو منظور رہے اور جس کا نام عبدالقادر ہے اس کو یہ ذکر بہت مناسب ہے اور اس میں روح کی قوت دینے اور جسم کے قائم کرنے کی عجیب تاثیر ہے عدد اس کے ۳۰۵ عدد مستیلیں ہیں ضلع اس کا عدد زائد دائم ہے اور پانچ ہیں جامع سر بطون اور ظہور کے یہ عدد اعداد ناقصہ سے ہے اجزا اس کے ۱۶۷ اسم محیط کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس سبب سے کہ اس میں احاطہ کے معنے ہیں مربع اس کا یہ ہے

ق	ا	د	ر
۱۲	۸۸	۴۸	۵۷
۹	۵۳	۱۵	۴۹
۳	۹۳	۱۲۸	۲

۷۰۔ اسم مقتدر برائے حصول قوت

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے کل کام اس کے آسان ہوں کاریگروں اور ان لوگوں کے واسطے جو دوسروں سے بہتر کام کرنا چاہتے ہوں مناسب ہے اور اس کا نفس مرتد داخل کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ قہر و غلبہ کے واسطے یہ اسماء ہیں شدید قوی قاہر۔ مقتدر۔ جو شخص ان کے ساتھ کسی ظالم پر بد دعا کرے مہینہ کے احتراق ہیں رات کی ساتویں ساعت میں اندھیرے مکان کے اندر ننگے سر زمین پر بیٹھ کر مگر اس سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے اور ہر سجدہ کے آخر میں کہے یا شدید خذ حقی من فلاں پھر وہی اثر ظاہر ہوگا جو یہ چاہتا ہے اور بد دعا کرنے کے واسطے شرطیہ ہے کہ اسی قدر بد دعا کرے جتنا ظالم سے اس پر ظلم کیا ہو اور مظلوم خود بد دعا کرے اور اگر دوسرا اس کی طرف سے کرے گا تو بھی جائز ہے اور اس کے نقش کو انگوٹھی پر لکھ کر پہنے تو ہر ایک سرکش اس سے خوف کرے اور اس کے چہرے سے جلال ظاہر ہو۔ اس اسم کے ۷۴۴ عدد ہیں زوج فرد زائد اجزا ۱۶۱ اس کے ۱۱۷۶ اسم غالب اور باقی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اس عدد کے بعد اسم مدبر ہے ساتھ تین کے اور اللہ معی ساتھ چار کے اور معز ساتھ چھ کے اور واجب الوجود مع ال کے ساتھ آٹھ کے اور بغیر ال کے ساتھ بارہ کے اور ایسے ہی اسم مجید ہے اس کے مربع کی صورت یہ ہے

م	ق	ت	د	ر
۱۹۷	۶	۲۰۳	۸۴	۱۱۳
۱۰۸	۳۹	۱۱۰	۹۹	[illegible]
۱۱۲	۴۷	۵	۵۱	۳۶
۲	۱۹۸	۲۷	۱۴	۱۹

۷۱۔ اسم مقدم برائے حصول مراد

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے عالم قدرت میں اس کا تعرف ہو اگر اس کے مربع کو اپنے پاس رکھے اور اسم کو اس کے عدد کے موافق ذکر کرے اور کسی شخص کے واسطے دعا کرے فوراً قبول ہوگی یہ اسم اسرار مخزونہ سے ہے اور عدد لفظی اس کے ۱۸۴ زوج فرد ناقص ہیں اجزا ۱۶۱ اس کے ۸۶ ۔۔۔ اسم علی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے

م	ق	د	م
۹۱	۳۶	۴۱	۵۹
۸۶	۴۲	۱۰۲	۴۳
۱۰۱	۴۳	۱۰۷	[illegible]

٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

۷۲۔ اسم مؤخر برائے ترقی

اس اسم نورانی کا ذاکر جس کو چاہے ترقی یا تنزل دے سکتا ہے مگر اس کا ذکر اسم مقدم کے ساتھ ملا کر کرنا چاہیئے معلوم ہو کہ جو شخص کسی کی ترقی چاہتا ہے کسی مرتبہ میں اس کو لازم ہے کہ اس شخص کی صورت ایک لوح میں نہایت خوبی کے ساتھ بنائے اور اس کو اپنے آگے رکھ کر صفا باطن اور حضور قلب کے ساتھ دیکھتا جائے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب ہو اس وقت یہ صورتوں کو اپنے ساتھ یہ ذکر کرنا ہوا دیکھے گا اس حال پر اس کو ملازمت کرنی چاہیئے حاجت اس کی پوری ہوگی خصوصاً جب کہ یہ اہل حال ہے اس سے زیادہ تصریح ممکن نہیں اس اسم مقدم کے اسرار سے ہر ایک امر سمجھا جا سکتا ہے سمجھنے والا ہونا چاہیئے اگر نیز الیقین پورا ہے تو ملکوت کا دروازہ تجھ پر کھل جائے گا اور اسرار کا تو مشاہدہ کرے گا پس پاک ہے وہ ذات جس نے عارفوں پر کشف اسرار صمدانیہ کی عنایت کی اس اسم کے عدد لفظی ۱۴۴۶ اور رقمی ۸۴۵ ہیں عدد لفظی زوج فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۱۵۸ اسم ملتی الدرج۔ اور غالب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اس کی اصل پر اسم واجب زیادہ ہوتا ہے اجزاء اس کے اس کی اصل سے زیادہ ہیں کیوں کہ اسم ملتی کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ جلیل القدر اسم ہے بصا اور اس کو جانتے ہیں اور دوسری طرح سے اس کی صورت یہ ہے

م	ؤ	خ	ر
١٣	١٩٩	٣٢	٩
٦	٥٩٨	٤٨	١٦
١٨	٢	٥	١٠

۷۳۔ اسم اول برائے حصول مقاصد

اس اسم شریف پر جو شخص مداومت کرے وہ کل مقاصد میں سابق رہے گا اور جو اس کی تمنا ہوگی خدا تعالیٰ عنایت کرے گا۔ عدد لفظی اس کے ۴۴ ہیں۔ اور رقمی ۷ ہیں تینتالیس ۴۳ تو عدد اول ہیں کیونکہ اول کے معنوں میں شکستگی ہے تنگی نہیں اور عدد ۷ کا بیان اسم آلہ میں گذر چکا ہے اور اسماء حروف اس کے اعتبار اول سے اسم عالم اور قابل کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

و	ال	د	ل
١٦	٧	٢	٩
٦	٢٩	١٩	١٤
١٨	٢	٥	١٠

۷۴۔ اسم مؤخر برائے غلبہ بر دشمن

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے تو دشمنوں کے بعد بھی باقی رہے گا اور ان کی کل جاگیر و جائداد اس کے ہاتھ لگے گی اور جو اس سے مقابلہ کرے گا خدا اس کو ہلاک کرے گا۔ معلوم ہو کہ جو شخص اس اسم کا ورد کرے اس قدر قوت اور نصرت اس کو حاصل ہو جس کا بیان ممکن نہیں اور جو شخص اس کے نقش کو سرخ تانبے کی تختی پر کسی ظالم کے نام کے ساتھ ہفتہ کی پہلی ساعت میں جبکہ قمر محاق ہو نقش کرے اور پوری توجہ کے ساتھ اسم کا ذکر کرتا رہے اور تختی کو آگ میں ڈال دے تو ظالم اسی وقت ہلاک ہوگا عدد اس کے ۸۰۱ زوج ناقص اجزاء اس کے ۴۴ ۔ اسم رب اور منعم کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

٣٨	٢١٢	٩٩	١١
٢٠٣	١٩٨	١٩٣	١٩٣
١٩٧	٢٠	٢٧	١٩٣
٢٠٥	١٩٥	١٩٦	٢٠١

اور اس کے خواص وہی لوگ خوب جانتے ہیں جن کو علم اسماء و اسرار سے اطلاع ہے صورت اس کی یہ ہے

۷۵-اسم ظاہر برائے حصول پوشیدہ اسرار

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے پوشیدہ باتیں اس کو معلوم ہوں اور باطنی خزانے اس کے ہاتھ آئیں اور اگر یہی حالت رکھتا ہے تو اس کو نقش کر کے دشمنوں سے مقابلہ کرے یہی مظفر و منصور ہوگا عدد اس کے ۱۰۰۶ از درج فرد ناقص۔ اجزاء اس کے ۸۱۳ اسم معنی اور باسط کی طرف اشارہ کرتے ہیں معلوم ہو کہ اسم نور اور باسط اور ظاہر اہل مکاشفات کا ذکر ہیں۔ جس کو خواب میں کوئی چیز معلوم کرنی ہو اس کو چاہیئے کہ ان اسماء کا پوری طہارت کے ساتھ ذکر کرے یہاں تک کہ حال اس پر غالب ہو جائے تب وہ بات اس کو خواب میں معلوم ہو جائے گی۔ صورت مربع کی یہ ہے

۲۲۱	۲۱۸	۲۳۵	۲۲۳	۲۰۱
۲۳۱	۳۱۲	۳۹	۲۱۶	۲۳۸
۲۱۴	۳۴۶	۳۴۴	۳۱۰	۲۲۳
۲۱۳	۲۳۰	۲۱۷	۲۳۴	۲۳۲
۲۲۶	۲۳۰	۲۱۱	۲۲۳	۲۱۵

۷۶-اسم باطن برائے حصول کشف

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے جس چیز سے رکھتا ہو اس سے حاصل ہو اور قلب اس کا کشادہ ہو جائے اور نور باطن عنایت ہو اور جو شخص اس کثرت سے اس کا ذکر کرے کہ اس کے مؤکلات اس کے ساتھ ذکر کرنے لگیں۔ اس وقت یہ شخص جس جگہ جائے گا وہاں کے لوگ اس کی اطاعت کریں گے اور محبت سے پیش آئیں گے اس اسم میں اہل توحید کے واسطے بہت اسرار ہیں۔

شیخ زین الدین کافی فرماتے ہیں جب کہ قمر زائد النور ہو اس کو جام زجاج میں لکھے اور اسم کا اس قدر ذکر کرے اس کی حالت اس پر غالب ہو جائے تب اس جام کو مینہ کے پانی سے دھو کر پی جائے۔ پھر یہ جن مکاشفات کا طالب ہے یا جو اسرار اس پر پوشیدہ ہیں وہ خواب یا بیداری میں سب اس پر منکشف ہو جائیں گے اور اگر سچا حال رکھتا ہے تو اس کے باطن سے بالکل حجاب اٹھ جائے گا اور کشف صریح اس کو حاصل ہوگا اور معلوم تجھ کو ہو کہ خدا تجھ کو درجات کشائف سے درجات لطائف میں پہنچائے کہ ہر باطن بمقابلہ اس کے جو اس سے زیادہ باطن ہے ظاہر ہے۔ پس امر باطن خلق ہے اور جس کے واسطے امر د خلق ہے وہ ان دونوں سے زیادہ باطن ہے پس امر کا باطن ہونا اعتباری ہے نہ حقیقی۔ اور در حقیقت باطن وہی ہے کہ جس کے نور میں سے ایک چمک بھی ظاہر ہو جائے تو سارے باطن ظاہر ہو جائیں پس جیسا کہ ظہور کے ساتھ مخصوص ہے ایسا ہی بطون کے ساتھ بھی مخصوص ہے اور اسی بنا پر یہ کہا جاتا ہے کہ اس کے بطون کی انتہا نہیں ہے اس اسم کے عدد ۶۲ از درج فرد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ۴۳ باطن انسان یعنی قلب کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ عدد ان دونوں کے ۲۳۲ ہیں۔ پس یہ کہا جاتا ہے قلب بعد قلب قرآن کے جس سے عبارت لیس ہے اور طرف قلب عالم کے جس سے عبارت محمد ہیں بیچ بعض کے دونوں امروں سے بیچ وزن بعض کے اور امرین بیچ وزن آخرین کے ہیں اور اسم باطن منشاء ہے وحدت اور علامت کا اور قلب اس کے ظہور کی جگہ ہے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیادہ باطن ہیں اس سے جو ظاہر ہوا ہے خلق سے اور زیادہ ظاہر ہیں اس سے جو باطن ہوا ہے امر سے لیکن دوسرے اعتبار سے۔ پس یہ عدد اسم میل اور رستی کی طرف اشارہ کرتا ہے مربع اس کا یہ ہے۔

۷۷۔ اسم والی برائے حصول ولایت

یہ اسم عظیم اور بہر قدیم دلیوں۔ قطبوں شانخوں غلفاؤں مریدوں کے مناسب ہے۔ اور ہر ایک ایسے شخص کے واسطے جو رعایا رکھتا ہو۔ کثرت سے جو کوئی اس کا ذکر کرے تمام خلق میں اس کی ہیبت ہو۔ اور اگر زیادتی قمر میں اس کے مربع کو لکھو اور اسم کو اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے تو اگر ولایت کی تمنا رکھتا ہے حاصل ہو گی۔ عدد اس کے ۷ ہیں یہی عدد اول ہیں۔ سات تو اس سبب سے کہ ولایت میں متخلفین ہیں اس کے نزدیک اور چالیس اس سبب سے کہ اس میں قیام ملک ہے۔ اسماء حروف اس کے ۷، ۴ اسم جبار اور جابر کی طرف اشارہ کرتا ہے مربع اس کا یہ ہے

۴	۱۸	۴	۱۱
۱۵	۹۹	۵	۲
۱	۱۴	۲۱	۶
۹	۷	۲۸	۱۳

۷۸۔ اسم متعالی برائے آسانی مشکلات

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے اور کسی بادشاہ کے سامنے جائے مقصد پورا ہو ایسے شخص کے واسطے جو بہت بڑائی جھگڑوں میں گرفتار رہتا ہو مناسب ہے اور اگر سیسے کی تختی پر شرف زحل میں لکھے اور اعداد کے موافق اسم کا ذکر کرے تو ہر ایک شخص مغلوب ہو۔ اور تمام مشکلیں آسان ہوں۔ عدد اس کے ۵۵۱ فرد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ام۔ ان دو حرفوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ختم اور یہ دونوں حرف دلالت کرتے ہیں۔ تمام تخلص پر ان قیود مراتب سے جو عادۃ تعالیٰ سے ہیں۔ اور یہ عدد مربع ہے ضرب اول عدد کامل ہے اس کے نفس میں اور اسماء حروف اس کے اسم اکرم اور رشید کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

صورت مربع کی اس کے یہ ہے

م	ت	ع	و	ل
۹۶	۳۹	۳۹۹	۶۶	۵
۴	۱۸۸	۳۸	۴۷	۱۶۸
۶۰	۱۳	۳۸	۳۷	۴۶
۳۰	۷۱	۲	۴۱	۱۶

۷۹۔ اسم برّ برائے حصول توفیق توبہ

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے اُس پر نعمتوں کی کثرت اور خوشی سے اوقات گذارے اور اگر اس کو چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے پھر جو دعا مانگے قبول ہو۔ اس اسم میں مسافروں کے واسطے امان ہے خشکی یا تری میں جب مسافر کثرت سے اس کا ذکر تمام مطلب اُس کے آسان ہوں اور اہل و مال اس کا محفوظ رہے۔ جب شدت ہوا سے کشتی ڈوبنے لگے اس وقت اگر اہل کشتی کثرت سے اس اسم کا ذکر کریں تو غرق ہونے سے محفوظ رہیں اور اگر شراب خور یا سود خور یا گناہوں میں گرفتار اس اسم کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ توفیق توبہ اس کو عنایت کرے اگر سات سو بار ہر روز اسم اس کا ورد کرے گا تو ضرور توبہ کی توفیق ہو گی۔ عدد لفظی اس کے ۲۰۴ اور رقمی ۲۰۲ ہیں لیکن پہلے عدد زوج فرد ہیں۔ اسم نافع اور عاصم اور المغنی مع ال کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اور معید کی طرف بغیر الف لام کے۔ اور یہ عدد اعداد زائد سے ہے۔ اجزاء اس کے ۱۴۔ اسم مجری الفلک کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور عدد ثانی بھی زوج فرد ہیں اور یہ عدد ناقص ہیں اجزاء اس کے ۴، ۲ اسم مدنی کی طرف اشارہ کرتے

ہیں اور اسم جاعل کی طرف ۔ مربع اس کا یہ ہے

۴۲	۵۷	۵۲	۵۱
۵۲	۴۹	۲۴	۵۶
۵۸	۵۰	۵۹	۴۵
۵۷	۴۶	۴۷	۵۳

۸۰۔ اسم تواب برائے توبہ

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کے مبداء کی طرف واپس ہونا اس کے لئے آسان کرے اس واسطے ہر شخص کو روز و شب میں ضرور اس کا ذکر کرنا چاہئیے اور اس اسم میں جسم سے مکھیاں دور کرنے کی بھی خاصیت ہے ۔ عدد اس کے ۵۱۵ فرد مستطیل ہیں ناقص ۔ اجزاء اس کے اس قول کی طرف اشارہ کرتے ہیں ہو حکیم کیوں کہ توبہ میں حکمت ہے ۔ اور سبوح کی طرف بھی اشارہ ہے ۔ کیوں کہ مبداء کی طرف عود کرنا محل تنزیہہ کی طرف عود کرنا ہے جہاں انوار روشن ہیں ۔ پس توبہ کرنے والا گویا نور کے دریا میں تیرتا ہے اور اسی میں اس کو پاکی حاصل ہوتی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اسماء حروف ، اس کے ۱۵۳۰ اسم رفیع اور قدوس کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا نہایت جلیل القدر ہے اور اہل حکمت اشراق ہی اس کی قدر و منزلت جانتے ہیں اور وہ یہ ہے

۱۹	۱۱۹	۱۰۱	۹۸
۱۰۲	۹۷	۶۰۲	۱۱۸
۵۲	۹۹	۱۲۱	۹۲
۱۳۵	۵۴	۹۵	۱۰۰

۸۱۔ اسم منتقم برائے ہلاکت ظالمین

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اور کسی ظالم پر بددعا کرے فوراً ہلاک ہو جائے گا

یہ اسم ان اسماء قہریہ میں سے جو عزرائیل علیہ اسلام ہیں ۔ عدد اس کے ۶۳۰ زوج فرد مستطیل ہیں ۔ زائد اجزاء اس کے ۱۲۵۲ اس قول کی طرف اشارہ کرتے ہیں قوی ظہیر اسماء حروف ان کے ۸۶۸ ۔ اسم ذوالطول اور بدیع کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔ اس کے عظیم الشان مربع کی قدر اہل ہیبت و جلال جانتے ہیں صورت اس کی یہ ہے

م	ن	ت	ق	م
۱۲۱	۱۰۱	۵۶	۷۱	۲۷
۸۹۱	۵۶	۳۵	۳۳	۸۱۷
۱	۳۰	۴۹	۲۳۸	۳۱
۲۷۱	۳۵	۲۴	۱۸	۷۱

۸۲۔ اسم عفو برائے دنیا و آخرت

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ مکارم اخلاق اس کی طرف پسندیدہ کرے اور جو شخص بباعث کسی خطا کے حاکم سے اس کے مواخذے کا خوف کرتا ہو وہ اس اسم کا ذکر کرے اس کے عدد کے موافق اللہ تعالیٰ اس کو امن دے یہ ذکر جس کا نام یوسف ہو اس کے مناسب ہے معلوم ہو کہ اسم عفور اور غافر اور عفو اسماء متقاربہ ہیں ہر ایک الم کو دور کرتے ہیں خصوصاً امور دنیا و آخرت کے واسطے نہایت مفید ہیں ۔ پس پاکی ہے اس ذات کو جس نے اپنے اسماء میں اسرار ودلعیت رکھے ہیں ۔ صاحب منتخب فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر شرمندہ نہیں ہوتا ۔ اور نہ کبھی خوف و گھبراہٹ اس

کو ہوتی ہے زمانے کی گردش سے ہمیشہ بچا رہتا ہے عدد اس کے ۱۶۶ - اور ۵۶ ا ہیں۔ لیکن عدد لفظی فرد زائد ہیں اجزا اس کے ۱۰۳۰ - اسم عاصم اور فاصل کی طرف اشارہ کرتے ہیں متفقی فائدہ اپنے سے لیکن عدد رقمی اس کے زوج الزوج فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۶۳۲ قول کن فیکون کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اور اسماء حروف اس کے ۲۲۵ اسم آسا اور واحد کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع کی اس کے اہل زوق و تعریف خوب قدر جانتے ہیں اور وہ یہ ہے

۳۷	۴۰	۴۹	۳۰
۴۸	۳۱	۳۶	۴۱
۳۲	۵۱	۳۸	۲۵
۳۹	۳۴	۳۳	۵۰

۸۳ - اسم رؤف برائے نرمی

اس اسم کے ذکر سے دل نرم اور روح لطیف ہو جاتی ہے اور خلق خدا پر مہربانی کرتا ہے جب کسی ظالم سے ملے تو وہ اس کے سامنے نرم ہو جائے اور جو شخص اس کے ذکر پر مداومت کرے جو اس کو دیکھے محبت کرے اور نرمی سے پیش آئے بشرطیکہ صاحب حال ہو ۹۶ - ۱۰ ایک درجہ سے ہیں اور ایک درجہ سے ۲۸۷ ہیں یہ عدد ناقص ہیں۔ اجزاء اس کے ۲۱۸ - اسم حی اور موصل کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیوں کہ حیات میں روح کمال ہے اور نماز میں حاصل ہوتا ہے۔ جو موجب ہے رافت کا اور عدد ثانی اس کے ۳۹۲ زوج الزوج اور فرد زائد ہیں۔ اجزاء اس کے ۵۸۳ اسم صادق اور وارث کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس کے مربع شریف کی قدر اہل باطن جانتے ہیں صورت اس کی یہ ہے

ف	و	ع	ی
۲۵	۳۵	۳۱	۲۶
۲۴	۳۴	۳۳	۲۷
۲۸	۳۰	۲۲	۶۹

۸۴ - اسم مالک الملک کے فوائد

اگر طالب سلطنت اس کا ذکر کرے اس کو نصیب ہو۔ عدد اس کے زوج الزوج اور فرد ناقص ہیں اجزاء اس کے ۶۶۶ - اسم قیوم کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ عدد نصف کے ساتھ اسم نون اور چوتھائی کے ساتھ اسم جیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ پس نصف اس کا ولی اور ربع اس کا مجد اور موجود ہے۔ اگر بادشاہ اس کا ذکر کرے تو اس کا ملک قائم رہے اور اس کے مربع کی قدر اہل احوال جانتے ہیں۔ مربع یہ ہے

۳۷	۴۰	۴۹	۴۰
۴۸	۳۵	۳۱	۲۶
۳۲	۳۴	۳۳	۲۷
۴۹	۳۴	۲۲	۶۹

۸۵ - اسم ذوالجلال والاکرام کے خواص

بعض جگہ وارد ہے کہ یہی اسم اعظم ہے۔ اس اسم کا ذکر کرے کہ جو شخص خدا سے کوئی چیز مانگے عنایت ہو۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ ذوالجلال والاکرام کے ساتھ خوب دعا کیا کرو۔ اگر مال کے صندوق پر جمعرات کی پہلی ساعت میں اس اسم کو لکھے۔ تو چوروں سے محفوظ رہے اور اگر اس کی شکل کو ہر روز اس کے اعداد کے موافق نظر کرے اور اسم کو پڑھتا رہے امور دنیا اس پر آسان ہوں۔ عدد ۱۱۰۰ زوج فرد زائد ہیں۔ اجزاء اس کے ۱۲۰۴ - اس کی اصل یعنے غنی سے زیادہ ہیں ۴۵ - اور اسماء اس کے یہ ہیں رب منعم مربع اس کا اگلے صفحہ پر ہے۔

۸۶-اسم مقسط کے خواص

ذو	الجلال	والا	کرام
۲۹	۲۷	۳۰۷	۶۳
۲۵۹	۳۶	۶۶	۷۸
۲۵	۷۰۹	۳۵۸	۳۷

اس کے ذاکر کے دل سے افراط تفریط جاتی رہتی ہے اور بالکل منصف بن جاتا ہے اس کا مربع شرف عطارد میں لکھا جاتا ہے تو بننے والوں اور کاریگروں کے واسطے اس میں فائدہ ہے مربع یہ ہے

۸۷-اسم جامع کے فائدے

م	ق	س	ط
۶۱	۱۷	۴۱	۹۹
۶	۵۱	۱۰۲	۴۲
۱۰۱	۴۳	۵	۹۹

یہ اسم تالیف متفرقات کے واسطے مفید ہے اور یہ عطارد سے متعلق ہے جو شخص سے اس کا ذکر کرے اور اس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی آدمی بھاگ گیا ہو وہ واپس آجائے گا۔ تم نہیں دیکھتے ہو کہ اس اسم میں جمع کا جیم اور الفت کا الف اور مودت کی میم اور عطف کا عین جمع ہیں اور یہ اس قول کی طرف اشارہ کرتا ہے ہُوَالبَاسِطُ اسماء حروف اس کے قول کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ہُوَ مُؤَلِّفٌ فِيهِمْ عدد اس کے ۱۴ زوج فرد زائد ہے اجزا ۱۲ اس کے ۱۴ اسم قوی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ کہ جمع متفرقات بغیر قوت تامہ کے نہیں ہوتی۔ اور اختصاص جامع کا یوم الدین کے ساتھ ہے بعض دفعہ اس کے مثلث عددی اور مربع حرفی کو اس طرح جمع کرتے ہیں۔

۸۸-اسم غنی برائے غنا و دولت

جو شخص اس کثرت سے ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کو سب سے غنی کردے۔ اہل ہدایات کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے اور غنی اسماء تحلق سے اور مغنی اسماء تحقق سے اس کے عدد لفظی ۱۰۰۷ اور رقمی ۱۰۰۶ عدد لفظی اس کے زوج فرد ناقص ہیں اجزا ۱۰ اس کے اسم باسط ذوالجلال کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور عدد رقمی زوج فرد زائد ہیں اجزا ۱۲ اس کے ۷۲ اپنی اصل پر اسم محصی کے ساتھ زیادہ اس کا مربع یہ ہے

۸۹-اسم مغنی برائے امارت و دولت

۲۵۷	۲۵۷	۲۲۷	۲۶۴
۲۰۸	۲۶۲	۲۵۸	۲۷۱
۲۶۶	۲۹۴	۳۶۴	۳۵۵
۲۷۳	۳۶۸	۳۹۱	۲۶۶

اس اسم کا جو کوئی ذکر کرے اس کی مراد آسان ہو جو شخص اس کے مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور موافق اعداد کے کا ذکر کرے اور سورہ والضحیٰ کو پڑھ کر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَى الْيُسْرِ الَّذِيْ يَسَّرْتَهٗ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ چالیس روز اس پر مداومت کرے اللہ تعالیٰ خواب یا بیداری میں ایسا شخص اس کے پاس بھیجے جو اس کو وہ بات تعلیم کردے جس کو یہ چاہتا ہے مگر موافق کوشش کے ہوتا ہے

ہیں نے اس اسم کا دوست سے ذکر کیا۔ وہ خلوت میں ایک مدت تک اسم کا ذکر کرتے رہے اللہ تعالیٰ نے ان کی مراد پوری کی اور بہت سونا چاندی ان کے ہاتھ آیا اور ہاتف نے اُن کو آواز دی کہ اگر تم اور چاہتے ہو تو ہم اور دے سکتے ہیں اور اگر یہی کافی ہے تو خیر۔ حجۃ الاسلام احیاء العلوم میں فرماتے ہیں بعد نماز جمعہ کے جو شخص اس دعا کو ستر بار پڑھے غنی ہو جائے دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَّعْصِیَتِکَ اور جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کی تجارت میں نفع ہو۔ معلوم ہو کہ اسماء ہی کے اسرار سے زمین کھینچ جاتی ہے اور کشف حاصل ہوتا ہے اور کرامتیں ظاہر ہوتی ہیں اور قلب سے حکمت جاری ہوتی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اللہ ہی کے واسطے اسماء حسنیٰ ہیں پس اُن کے ساتھ اُس کو پکارو اور فرماتا ہے مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے دعا اُن بلاؤں کو نفع کرتی ہے جو نازل ہوئیں اور جو نازل نہیں ہوئیں۔ اور فرماتا ہے دعا مومن کا ہتھیار ہے اور فرمایا ہے جس کے واسطے دعا کا دروازہ کھلا ہے اُس کے واسطے قبولیت کا بھی دروازہ کھلا۔ اور فرمایا ہے جو شخص خدا سے دعا نہیں کرتا خدا تعالیٰ اس پر غصے ہوتا ہے اور فرمایا ہے خدا نہیں تھکتا جب تک کہ تم نہیں تھکتے عدد اس کے ۱۰۰۱ اسم ذوالجلال والاکرام کے مطابق ہے اسماء حروف اس کے ۷،۶،۲،۵۔ اسم جبار اور شکور کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے

م	ع	ن	ی
۵۱	۹۰	۴۱	۹۹۹
۸	۴۸	۱۰۲	۲۲۰
۱۰۱	۴۳	۷	۴۹

۹۰ - فوائد اسم مانع

جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ ہر ایک خوف سے اُس کو محفوظ رکھے۔ جو شخص کسی سے خوف رکھتا ہو۔ پھر وہ اس اسم کا ذکر کرے اس کے شر سے اللہ تعالیٰ اُس کو بچاوے اور وہ ظالم اُس کو ستانا بھول جائے۔ مریض اور مبتلا شہوت کو یہ ذکر فائدہ کرتا ہے عدد اس کے ۱۶۱ افراد مستطیل ہے ضرب اول عدد کامل سے اول عدد میں اور یہ ناقص ہے اجزا ۱۲ اس کے ۱۲۔ اسم طبیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ان تمنوں کو جمع کر کے استعمال کرنا چاہیئے۔ مربع اس کا شرف عطارد سہ داخل کے ساتھ لکھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے

م	ا	ن	ع
۴۹	۷۱	۳۹	۲
۶۸	۴۸	۳	۴۷
۴	۴۹	۶۸	۴۸

۹۱ - اسم ضار برائے تزکیہ نفس

یہ اسم کسی کے مریض کرنے کے واسطے وقت لائق میں لکھا اور پڑھا جاتا ہے یا توجہ پوری ہو اور فکر غائر ہو عدد لفظی اس کے ۱۰۰۱ اعداد اول ہیں۔ اور عدد رقمی ۱۰۰۱ افراد ناقص ہیں اجزا ۱۴۱ اس کے ۳۲، ۶ اسم غنی اور مجید کی طرف اشارہ کرتے ہیں معلوم ہو کہ ضرر بقدر علم و احاطہ کے ہوتا ہے جس کا علم زیادہ ہوگا اور احاطہ پورا ہوگا۔ وہی اثر میں کامل ہوگا۔ جو شخص اس اسم کو کثرت ذکر کرے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غلب ہو جائے وہ ہر ایک شخص کے ضرر کو نفع سے بدل سکتا ہے۔ بعض مواقع میں ایسی باتوں سے بہت نفع اور ثواب حاصل ہوتا ہے اگر کوئی شخص اُس کا دشمن ہے اور وہ امراض دموی میں ایسا مبتلا ہو گیا ہے کہ اگر وہ اس حالت میں رہے تو رات کو ہی مر جائے اس

شخص نے ایسی ضرب اس کے ماری کہ اس کا خون کم ہوگیا اور اس کو صحت ہوئی۔ حالانکہ اس مارنے والے نے خیال سے یہ فعل نہیں کیا تھا۔ دراصل نفع و نقصان خدا ہی کی طرف سے ہے۔ ابو عبداللہ کوفی فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کو سیسے کی تختی پر ہفتہ کی ساعت میں وضع کرے جس وقت کہ مہینہ کا احتراق ہو اور تختی کو دیکھ کر اس اسم کو اس کے اعداد کے موافق کسی کے ضرر پہنچانے کی نیت سے ذکر کرے مطلب حاصل ہوگا۔ صورت مربع کی یہ ہے

۲۴۹	۲۵۹	۲۵۱	۲۴۳
۲۵۰	۲۴۳	۲۳۴	۲۶
۲۴۴	۲۶۳	۲۵۶	۲۴۷
۲۵۸	۲۴۴	۲۴۵	۲۵۰

۹۲- اسم نافع برائے شفا ہر امراض

اس اسم بزرگ میں ہر ایک بیمار کے واسطے شفا ہے۔ بیماری میں کثرت سے اس کا ذکر کرے عافیت ہوگی اور اگر یہی حالت رکھتا ہے اور اس کثرت سے اس کا ذکر کیا ہے کہ اس کی حالت اُس پر غالب ہوگئی تو پھر جس بیمار پر ہاتھ پھیرے گا اُس کو شفا ہوگی۔ اگر شرف قمر میں اس کے مربع کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے تو جو بیمار اس کو پہنے شفا ہو۔ تم نہیں دیکھتے ہو کہ یہ اسم اسم معافی سے مناسبت رکھتا ہے اور اسماء حروف اس کے ان دو اسموں کی طرف اشارہ کرتے ہیں اللہ شافی اور اس کے مربع کے گرد یہ آیت لکھی جاتی ہے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ط جس کا نام قاسم ہو اُس کے واسطے اس کا ذکر مناسب ہے عدد اس کے ۲۰۱ فرد مستطیل ہے ضلع اس کا تین ہیں اور یہ اشرف اعداد سے ہے اجزاء اس کے ۹۷۔ اسم عاسب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۸۳۴۔ اسم شدید المحال کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اس کے مسمے پر اس کی زیادتی اسم ملک الملوک ہے مثلث عددی اس کا جس کے ساتھ مربع حرفی محیط ہے شرف قمر میں لکھ کر اپنے پاس رکھے عجائب قدرت الٰہی ملاحظہ کرے صورت اس کی یہ ہے۔

اور جو شخص اسم شمس کو مربع عددی میں وضع کرے اور اس کے باطن میں اسم حی لکھے اور اپنے ساتھ رکھے روح قوی ہو اور صحت قائم رہے اور رزق اور ہیبت اور وقار عنایت ہو صورت اس کی یہ ہے

۴۹	۵۲	۵۸	۴۲
۵۷	۴۳	۴۸	۵۲
۴۴	۶۰	۵۰	۳۷
۵۱	۶۶	۴۵	۵۹

۹۳- اسم نور برائے مشاہدہ انوارات الٰہی

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے نور ایمان سے اس کا دل روشن ہو اور اگر اسم نور اور نافع کو ایک وفق میں وضع کر کے اپنے پاس رکھے

امور غریبہ کا مشاہدہ کرے ۔ عدد اس کے ۲۵۶ - اور یہ اسماء سے ہے حروف اس کے اس کے مراتب اعداد میں ہیں اور یہ زوج مکعب میں اپنے اصل سے ایک کم اسم جبریل علیہ السلام کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔ اور ان دو اسموں کی طرف دائم منعم اور اس اور اس کے حروف اس کے اسم الفاطر کی طرف مع الف لام اشارہ کرتے ہیں ۔ ابو عبداللہ طرائفی فرماتے ہیں جب کسی انسان پر کوئی بات پوشیدہ ہو یا راستہ گم ہو گیا ہو وہ سچی نیت کے ساتھ اسم کو اعداد کے ساتھ ذکر کرے اللہ تعالیٰ راستہ اس کو بتا دے اور مقصد رکھتا ہو پورا ہو ۔ اور جو شخص کثرت سے اس کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر و باطن کو منور کرے اور اگر یہی حالت رکھتا ہے تو نور اس کے باطن سے اس کے چہرے پر ظاہر ہو اور خلوت میں اس کے منہ سے نکلنے لگے یہاں تک کہ تمام مکان خلوت اس نور سے بھر جائے ۔ اس اسم کے ذکر میں اسرار ہیں اہل ہدایات کے واسطے اور انوار ہیں اہل نہایات کے واسطے ۔ جو شخص اندھیرے مکان میں آنکھیں بند کر کے اس اسم کا ذکر کرے یہاں تک کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے انوار عجیبہ کا مشاہدہ کرے جو اس کے دل کو بھر دیں اور یہ اسم شریف اہل مکاشفات کے واسطے مناسب ہے اور اگر بدیع کو اس کے دل بھر دیں اور یہ اسم شریف میں روزہ و ریاضت اور خلو معدہ اور صفا باطن کے ساتھ تو پھر اس کو چراغ کی ضرورت نہ ہو ۔ یہ ذکر اہل بصائر کا ہے اہل اللہ ہیں سے مربع اس کا یہ ہے ۔ اس کی قدر صاف دل خوب جانتے ہیں ۔

↓

٦٣	٦٦	٧١	٥٦
٥٨	٥٧	٦٣	٦٧
٦٥	٧٣	٦٤	٦١
٦٥	٦٠	٥٩	٧٦

۹۴ - اسم ہادی برائے حصول حاجات

ہر ایک سالک مخلص کے واسطے یہ ذکر مناسب ہے جو شخص اس اس کا مربع اس طریق سے لکھے اور اپنے پاس رکھے تمام ظاہری و باطنی کاموں میں اس کے خیر ہو اور اگر شرف قمر میں چاندی کی انگوٹھی پر اس کا مربع نقش کرے اور اپنے پاس رکھے نیک اعمال کی توفیق ہو ۔ اور اگر بچہ کی گردن میں ڈالا جائے جو دودھ نہ پیتا ہو وہ دودھ پینے لگے اور جو شخص راستہ بھول گیا ہو وہ اس اسم کا ذکر کرے راستہ اس کو مل جائے اور جس کام کا ارادہ کرے وہ کام پورا ہو ۔ اور جو شخص اندھیرے میں داخل ہو کر کہے یا ہادی اہدنی اس کا مطلب حاصل ہو ارباب احوال کے واسطے اس میں عجیب اسرار ہیں ۔ اور یہ اسرافیل علیہ السلام کا ذکر ہے اگر بدھ کی پہلی ساعت میں جب کہ قمر زائد النور ہو ترنج پر اس کو چار بار لکھے ۔ اور اس کے پتوں کی اس کو دھونی دے اور ہر روز پچاس بار اسم کو پڑھتا رہے تو وہ نہ بڑھے گا ۔ نہ کم ہو گا بادشاہوں یا اکابر کے واسطے اس میں خاص تاثیر ہے جس بادشاہ نے اس اسم کا قدر ورد کیا کہ اس کا حال اس پر غالب ہو گیا ۔ تمام ملک اس کی اطاعت کریں گے ۔ اور جو شخص عالم بقا کی طرف ترقی کرنی چاہتا ہے ۔ اس کے واسطے بھی مفید ہے عدد اس کے ۲۰۰ زوج الزوج اور فرد زائد ہیں اجزاء اس کے ۲۲ - اسم حسیب کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۱۲۵ - اسم مفہم کی طرف اشارہ کرتے ہیں ۔ کیوں ہدایت میں گم شدہ راستہ کا سمجھنا ضروری ہے مربع اس کا اگلے صفحہ پر ہے ۔

۹۵- اسم بدیع کے فوائد

ھا	الف	دال	یا
۲۶	۱۰	۸	۱۱۰
۶	۳۳	۱۳	۹
۱۱۲۴	۱۵	۸	۳۴

یہ ذکر اس شخص کے واسطے ہے جو کسی صنعت کے ظاہر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ اس اسم کا ذاکر ہمیشہ علوم آلہی میں ترقی کرتا رہتا ہے اور اس کے قلب سے اس کی زبان پر علم جاری ہوتے ہیں اس کا ذاکر جس علم سے واقف ہونا چاہے ہو جاتا ہے۔ میں حکمت کو کچھ نہ سمجھ سکتا تھا۔ جب میں نے ایک مدت تک اس اسم پر مواظبت کی تو اللہ تعالیٰ نے حکمت کو میرے قلب سے میری زبان پر جاری کر دیا۔ اور میں وہ باتیں کہنے لگا۔ جن کو پہلے میں خود نہ سمجھ سکتا تھا۔ اور نہ جانتا تھا۔ عدد اس کے ۸۶ زوج فرد مستطیل ہیں۔ ضرب اول عدد سے زیج اول عدد کے۔ اس راز عجیب کے سمجھنے کے واسطے ہوشیار ہو جاؤ۔ اور یہ عدد ناقص ہیں۔ اجزا ۱۲ اس کے ۴۶ ان میں ہمت کی بلندی ہے اور ولایت فعل اول کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسماء حروف اس کے ۸۱ اسم العلیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مع الف لام کے کیوں کہ ابداع بغیر علم کے نہیں ہوتا۔ مربع اس کا جلیل القدر عظیم النفع ہے صورت اس کی یہ ہے

۹۶- اسم باقی کے خواص

ب	د	ی	ع
۳۱	۴۲	۳	۱۹
۴۵	۵	۳۵	۵
۸	۳۴	۳۸	۶

یہ اسم ربانی حفظ اشیاء کے واسطے ہے جس کے خراب ہونے کا خوف ہو برج ثابت کے طالع میں نقش کیا جاتا ہے پھر وہ چیز خراب نہیں ہوتی جو شخص اس اسم کا ذکر کرے کبھی مدت العمر اس کو کوئی بیماری نہ ہو جو بادشاہ اس کا ذکر کرے اس کا ملک ہمیشہ قائم رہے اور کوئی آفت نہ پہنچے عدد اس کے ۱۱۳ عدد اول ہیں احدیت اور رکنیتہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اسماء حروف اس کے ۱۶۶ اسم رزاق کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور جب کہ رزاق باقی ہے تو پھر رزق کی کچھ مشقت نہیں اور نہ فوت ہونے والی چیز پر کچھ افسوس ہے مربع اس کا یہ ہے

۹۷- اسم وارث برائے حصول میراث

ب	ا	ق	ی
۳۶	۵۱	۶	۱۶
۲۰	۵۲	۴	۱۲
۷۵	۱۹	۳	۵۶

جو شخص اس نیت سے اس اسم کا ذکر کرے کہ اس کے اقرباء کی میراث اس کو ملے تو مل جائے گی وراثت کے واسطے یہ ذکر نہایت مفید ہے ابو عبداللہ کوفی فرماتے ہیں اس اسم کا جو شخص اتنا ذکر کرے کہ اس کا حال اس پر غالب ہو جائے تو وہ اپنے قبیلہ کا سردار ہو جائے گا اور اپنے مال و اولاد میں زیادتی و برکت دیکھے۔ ۷ شدت قوت پر دلالت کرتے ہیں یہ عدد فرد ناقص ہیں اجزاء اس کے ۱۰ اسم السبوح کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اسماء حروف اس کے ۴۸ اسم خبیر اور بصیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا اگلے صفحہ پر ہے۔

۹۸- اسم رشید کے فائدے

و	ا	ر	ث
۵۰۱	۹۹	۲	۵
۳	۸	۲۹۸	۱۹۶
۱۹۲	۴۹۹	۶	۴

اس اسم کا جو شخص ذکر کرے اس کا انجام ہر ایک کام بیں بہتر ہو۔ اس کے مربع کو جو شخص لکھ کر اپنے پاس رکھے اُس کے ظاہری و باطنی حالت درست ہو۔ اور کسی کام میں شرمندہ نہ ہو۔ عدد اس کے ۵۱۴ ازوج فرد ناقص ہیں اجزاء اس کے ۱۵۰ قول ہو راحم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اور اسماء حروف اُس کے ۱۶۲۷ اسم حق اور مبین کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مربع اس کا یہ ہے

ر	ش	ی	د
۱۱	۳	۳۰۱	۹۹
۳	۸	۳۲	۳۰۷
۳۰۱	۳۰۲	۱	۹

۹۹- اسم صبور برائے صبر در سختی و مصائب

جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کو سختیوں پر صبر نصیب کرے اور جو کام شروع کرے اس کو پورا کرنے سے عاجز نہ ہو اہل مجاہدات کے واسطے جب کہ وہ اعمال شاقہ کرتے ہوں یہ ذکر مفید ہے مربع اس کا برج ثابت کے طالع میں لکھا جاتا ہے عدد اس کے ۲۹۸ زوج فرد مستطیل ناقص ہے اجزاء اس کے ۱۵۲ اسم صفی کی طرف اشارہ کرتے ہیں مربع اس کا یہ ہے دیکھو کل اسماء اس اسم پر ختم ہوتے ہیں جس سے اللہ تعالیٰ رنج و غم کو دور کرتا ہے چنانچہ اہل جنت کا قول اللہ تعالیٰ اس آیت میں فرماتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

ص	ب	و	ر
۱۹۷	۹	۳	۹۹
۴۲	۸۸	۹۸	۸
۷	۱۰۹	۹۱	۱

الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۙ الَّذِیْ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّلَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ[ل] اور اسماء حروف اس کے یہ لکھے جاتے ہیں اس رمز اس رمز کو غور کرو اور اس خزانے کو چھپا لو اور اعتقاد کو صحیح کر لو۔ مراد حاصل ہو گی ان اسماء ہیں سے ہر ایک اسم کی طویل ریاضت اور بہت خواص ہیں واللہ یقول الحق و ھو یھدی السبیل۔

۱۷ خواص کہیعص

اے طالب صادق اور اے خاطب راغب تجھ کو معلوم ہو خدا تجھے کیمیائے سعادت ابدی اور سیادت سرمدی تک پہنچائے کہ علم اسماء آلہی علم شریف نورانی اور سر لطیف روحانی ہے بڑے بڑے اولیائ اور عرفا مثل امام غزالی اور فخر الدین رازی وغیرہما

ل حمد ہے اس اللہ کو جس نے ہم سے رنج دور کیا بیشک رب ہمارا غفور شکور ہے جس نے ہم کو اتارا رہنے کے گھر میں اپنے فضل سے جس میں ہم کو کچھ مشقت اور تکلیف نہیں پہنچتی ہے ۱۲

سے اس کی طرف کامل توجہ کی ہے اور دراصل یہ علم علوم لدنیہ سے ہے جو اہل توجہ فردانی کو حاصل ہوا ہے۔ جہلا غافلین اس سے ناواقف ہیں مراۃ الاسرار اور مرکز دائرۃ الانوار نبی مختار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے علم مثل ایک خزانے کے ہے جس کو علماء ہی جانتے ہیں اور جب وہ اس بیان کرتے ہیں تو ناواقف اس کا انکار کرتے ہیں۔ پس اے برادران باصفا اور اے دوستان باوفا یہ علم ایک در مکنون اور سر مخزن ہے اس کو خوب سمجھ لو حاصل کرو اگر تم سمجھ سکتے ہو جو اس میں محکم باتیں ہیں ان میں عالم کے واسطے نصیحت ہے اور جو متشابہ ہیں خدا ان کو حل کرنے والا ہے اور یہ نہ سمجھو کہ یہ ایسا علم ہے جو زبان پر جاری ہوا اور قلم پر لکھ دیا بلکہ اس کا ہر حرف نورانی حروف ظلمانی سے مرکب ہے اور اس کو ترکیب عجیب اور ترتیب غریب سے وضع کیا گیا ہے اور اس میں علوم علیہ اور فہوم قدسیہ اور رموز روحانیہ کا کشف کیا گیا ہے۔ ربانی خزانوں کے طلسم کھول دیئے گئے ہیں۔ اس کو جانو اور معلوم کر دیہ عبارات صوفیہ اور تلویحات توجیہ ہیں اور یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اپنے اولیاء میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے اسرار نازل کرتا ہے اور اولیاء عاملین پر ہی اس کے حقائق ظاہر ہوتے ہیں اور فضلاء مدقق ہی اس کے ساتھ کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ شعر

تَحَيَّرَ الْحُسْنُ فِي مَا لَا حَيْرَهَا فَصَارَ كَالْعَاشِقِيْنَ يَهْوَاهَا

اسی کے واسطے کوشش کرنے والے کوشش کریں اور اسی میں رغبت کرنے والے رغبت کریں اور قرآن شریف ایک علم مکنوم اور سر مختوم ہے اور اس کے خواص و منافع اور اشکال واذکار اور اسماء سے بہت تھوڑے کاملین ہی واقف ہوتے اور یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے۔ بعض علماء وہ ہیں جنہوں نے اس کی ظاہری لغوی تصویر پر ہی اکتفا کی ہے اور بعض وہ ہیں جو اس میں تیر رہے ہیں اور کبریت احمر اس کی موجوں سے ان کے ہاتھ آگئی اور بعض وہ ہیں جنہوں نے اس کی تہ میں غوطہ لگایا اور یاقوت احمر اور چمکدار موتی ان کے ہاتھ آیا۔ اور بعض وہ ہیں جو پرے کنارے اس کے جا پہنچے اور وہاں سے تریاق اکبر اور مشک اذفران کے ہاتھ لگی اور یہ قرآن شریف ہی وہ چیز ہے جس کے معارضہ سے سب اگلے پچھلے عاجز ہو گئے۔ اور یہی خدا کی مضبوط رسی اور اس کا روشن نور اور سیدھا راستہ ہے اور سمندر ہے جس کے عجائبات ختم نہیں ہوتے ناپاک کو پاک سے حلال کو حرام سے تمیز دینے والا ہے اس کے آگے پیچھے سے اس میں باطل نہیں ہو سکتا۔ معلوم ہو کہ علماء چار ہیں ایک وہ جس کا حصہ اللہ کے ہاں آخرت ہے دوسرا وہ عالم جس کا حصہ اللہ کے ہاں علم و معرفت ہے تیسرا وہ عالم جس کا حصہ اللہ کے سیر الی الاخرۃ ہے چوتھا وہ عالم جو سیر الاخرۃ کو چاہتا ہے پس پہلا عالم مع اللہ باللہ ہے اور دوسرا علم آلہی کے ساتھ علم رکھتا ہے اور تیسرا آخرت کی طرف بلاتا ہے اور چوتھا علم آخرت کی طرف بلاتا ہے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے علماء کے پاس بیٹھو اور حکماء سے سوال کرو اس لئے کہ اور تفسیر میں اختلاف مشہور ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ سَأَصْرِفُ عَنْ آيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں قرآن شریف کے سمجھنے میں علما کی قسمیں ہیں پہلے اہل تفسیر یہ سب سے ادنے ہیں دوسرے اہل تاویل یہ درمیانے ہیں تیسرے اہل فہم یہ سب سے بڑھ کر ہیں قرآن شریف کی تفسیر ان چیزوں سے ہوتی

ہے علم پڑھنے اور سلف کے اقوال سے بحث کرنے اور ہدایت و توفیق کے ساتھ تاویل کرنے اور فہم کے ساتھ جو خدا کی طرف سے عنایت ہو چنانچہ اہل فہم خدا ہی کے حکم سے بولتے ہیں جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے میں اس کی زبان ہو جاتا ہوں مجھی سے بولتا ہے ایک حکیم کہتے ہیں حکماء کے منہ پر خدا کا ہاتھ ہے جب وہ حکم دیتا ہے تب ہی یہ بولتے ہیں بعض علماء نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے۔ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ کہ اس سے مراد اہل فہم ہیں جو قرآن میں حکمت کے ساتھ گفتگو کرتے ہیں ایک صحابی نے فرمایا ہے تم ظاہر قرآن پڑھتے ہو اور میں باطن میں قرآن پڑھتا ہوں۔ اس تقریر سے مقصد یہ ہے کہ تم کو باطن کا شرف اور بزرگی معلوم ہو قرآن شریف کتاب مکنون اور سر مخزون ہے اور یہی وہ دریا ہے جس میں پہلے اور پچھلے علم سے سیراب ہوتے ہیں اور ہر ایک راز اس میں موجود ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے قرآن کے سات ظہر اور سات بطن ہیں اور ہر آیت کے سات معنی ظاہری اور سات باطنی ہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ظاہر اس کا انیق اور باطن اس کا عمیق ہے عجائبات اس کے ختم نہیں ہوتے اور اس کے اندر سات معنے ظاہری اور سات باطنی اور اشارات اور امارات اور لطائف اور حقائق ہیں بس ظاہر عوام کے واسطے ہے اور باطن خواص کے واسطے اور اشارات خواص الخاص کے واسطے اور امارات اولیاء کے واسطے اور لطائف صدیقین اور محبین کے واسطے اور حقائق انبیاء کے واسطے ہیں اور پھر اس کے ہر حرف کے نیچے دریا موجیں مار رہے ہیں۔ جب اہل عرفان اور محبان صادق میں سے کوئی قرآن شریف پڑھتا ہے تو ہر حرف کے ساتھ اس کو ہزار فہم عنایت ہوتے ہیں اور ہر فہم کے ساتھ ہزار فطنت اور ہر فطنت کے ساتھ ہزار عبرت اور ایک عبرت سے آسمان و زمین قائم ہیں اسی واسطے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا جس سے مراد فہم قرآن ہے بعض علماء فرماتے ہیں قرآن شریف کی ہر آیت میں ساٹھ ہزار فہم ہیں اور بعض کہتے ہیں قرآن شریف میں ستتر ہزار (۷۷۰۰۰) علم ہیں۔ اور بعض بزرگان اکابر نے فرمایا ہے حقیقت قرآن قوت حاملہ ہے آسمان و زمین کی جس دن سے کہ وہ پیدا ہوئے ہیں روز فنا تک اور یہی مطلب ہے قرب قیامت میں قرآن شریف سینوں سے اٹھ جائے گا اس کو سمجھو خدا تعالیٰ توفیق دینے والا ہے

خواص قرآن شریف بسملہ اور فاتحہ

معلوم ہو کہ جو شخص اس آیت کے راز کو سمجھ گیا۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ کہ یہ جسمانی امراض کو آرام کرتی ہے وہ جانتا ہے کہ قلبی امراض کو بھی یہ نفع کرتی ہے۔ چنانچہ اسی کے متعلق حضورؐ نے فرمایا ہے کہ میری امت کی تین چیزوں میں سے شفاء قرآن مجید کی آیتوں یا پچھنے لگانے یا شہد چاٹنے میں ہے اور حضورؐ نے فرمایا ہے قرآن مجید ایک موتی ہے اس کو سمجھو کہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے کیا کیا اسرار رکھے ہیں۔ ایک عارف فرماتے ہیں بسم اللہ تجھ سے بمنزلہ کن کے ہے اس سے اور حضرت امام حسن علیہ السلام فرماتے ہیں جس نے اللہ کی تعظیم کے خیال سے بسم اللہ کو عمدہ طور سے لکھنا اختیار کیا

وہ جنت میں داخل ہوگا۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عباس سے سنا ہے فرماتے تھے کہ ہر شے کے واسطے اساس ہے اور کل کتابوں کا اساس قرآن شریف ہے اور قرآن کا اساس فاتحہ اور فاتحہ کا اساس بسم اللہ ہے بس جب بیمار ہو تو اساس کو اختیار کرکر آرام ہوگا۔ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو ۷۸۶ بار کسی طلسم پر پڑھ کر دم کرے فوراً وہ طلسم باطل ہوگا اور انہیں عدد کے موافق جو شخص اس کو پڑھ کر دعا مانگے پوری ہوگی۔ اور اگر ہر روز ۵۰ بار بسم اللہ کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو اسرار علوم اور باطنی حقائق پر مطلع کرے۔ معلوم ہو کہ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا کثرت سے ذکر کرے اس کو ہیبت عالم علوی وسفلی میں نصیب ہو اور اسی میں اسم اعظم ہے اور یہی وہ چیز ہے جو پہلے قلم نے لوح پر لکھی تھی اور اسی سے حضرت سلیمان علیہ السلام کا ملک قائم تھا اور اسی سے درخت عالم کو اللہ تعالیٰ نے قائم کر رکھا ہے اور تمام اسرار اس کے اس میں ظاہر کئے ہیں جو شخص بسم اللہ کو اس طرح لکھ کر اپنے پاس رکھے آگ کو بجھا دے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور اگر اس کو ایک کاغذ پر لکھ کر جس کی داڑھ میں یا سر میں درد ہو مقام درد پر باندھے فوراً تسکین ہو عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ جس کی کوئی حاجت ہو وہ بدھ جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور جمعہ کے روز غسل کر کے مسجد میں جائے اور راستہ میں کچھ صدقہ دے پھر نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ مَلَأَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْدُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِهٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَتُسَلِّمَ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ ... اور اپنی حاجت کا نام لے اسی وقت پوری ہوگی۔ عبد اللہ بن عمر کہتے تھے یہ دعا جاہلوں کو نہ سکھاؤ ورنہ وہ ایک دوسرے کے واسطے بددعا کریں گے اور قبول ہوگی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حروف ۱۹ اسم بنتے ہیں اس کے حروف کے موافق اور وہ اسماء یہ ہے اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الرَّبُّ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ السَّتَّارُ الْحَیُّ الْمُحْیِیْ الْعَلِیْمُ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْبَادِیُٔ الْمُبِیْنُ الرَّحِیْمُ الْحَبِیْبُ جو اپنے پاس رکھے جو چیز خدا سے مانگے اس کو ملے اور انہیں اسماء میں اسم اعظم ہے اور اس نقش کو چوتھی تاریخ لکھنا چاہیئے کیوں کہ یہ بہتر ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے متعلق سوال کیا آپ نے فرمایا جب حضرت ابراہیم السلام منجنیق میں بٹھائے گئے تب انہوں نے بسم اللہ کہی جس کی برکت سے آگ ان پر ٹھنڈک اور سلامتی ہوگئی۔ **حکایت** امام اوزاعی فرماتے ہیں ایک دفعہ رات کو میں بیٹھا تھا۔ خود بخود ایک خیال میرے دل میں پیدا ہوا اور نہایت خوف مجھ کو معلوم ہونے لگا۔ میں نے فوراً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اسی وقت وہ خیال جاتا رہا اور ایک آواز آئی کہ تو نے بڑی چیز کے ساتھ پناہ مانگی۔ بسم اللہ کا ہر ایک حرف ایک اسم الٰہی کی کنجی ہے با اسم بصیر کی سین اسم سمیع کی میم مہیمن کی الف اللہ کی لام لطیف کی ہا ہادی کی را رزاق کی حا حنان کی میم مانع کی اور معطی کی اور یہ وہ اسماء ہیں جن سے ہر شے کے شروع کے وقت دعا کی جاتی ہے ان اسماء کے ساتھ جو دعا کی

جائے قبول ہو اور اگر ہم ان کے خواص پورے طور سے لکھیں تو وقت تنگ ہو اور قلمیں تھک جائیں اور کچھ خواص ان کے گذر چکے ہیں ان کا ایک دفق عظیم ہے جس کے ساتھ مخمّس محیط ہے۔ جو شخص اس کے مربع حرفی اور عددی کو ایک جگہ جمع کرے عجائب لطف آلٰہی ملاحظہ کرے جس کا بیان ممکن نہیں اور جو دعا مانگے قبول ہو۔ صورت اس کی یہ ہے

ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے شام کے وقت میرا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ اے ابن عباس میرے ساتھ آؤ میں ان کے ساتھ کھڑا ہوا یہاں تک کہ ہم مقام بقیع میں آئے حضرت علی نے مجھ سے فرمایا پڑھ اے ابن عباس میں نے بسم اللہ پڑھی آپ نے حرف با کے اسرار مجھے سمجھانے شروع کئے یہاں تک کہ فجر طلوع ہو گئی اس کو مجھو اللہ جس کو چاہتا ہے اپنا ملک عنایت کرتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے فاتحہ

سورت فاتحہ کے خواص

الکتاب مجھ کو عرش کے نیچے سے دی گئی ہے اور فرمایا جو شخص اپنے گھر میں آیا اور سورۂ فاتحہ واخلاص اس نے پڑھی فقر اس سے دور ہو گا۔ اور خیر اس کے پاس آئے گا اور فرمایا ہے فاتحہ الکتاب ہر مرض کی دوا ہے معلوم ہو کہ جو شخص سورۂ فاتحہ کی الحمد کا راز سمجھ گیا اور حمد جنت کا راز بھی سمجھ گیا اور حمد کتاب حمد جنت سے متصل ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں اگر میں سورہ فاتحہ اور بسملہ کی تفسیر لکھنی چاہوں تو ستر اونٹ کا بوجھ لکھ ڈالوں بعض اکابر فرماتے ہیں اس سورت میں ایک ہزار ظاہری خواص اور ایک ہزار باطنی خواص ہیں۔ سلمہ قاسم بن عبد الرحمن فرماتے ہیں ام الکتاب (سورۂ فاتحہ) راس قرآن اور اس کا ستون ہے اور اس میں وہ پانچ اسماء ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے اس سورت کو شرف دیا ہے اور سورتوں پر اور انہیں اسماء میں اسم اعظم ہے جو دعا کے ساتھ کی جائے قبول ہو اور جو مانگا جائے مل جائے

ان اسماء کو اہل علم الٰہی فرماتے ہیں کہ یہ لوح محفوظ میں لکھے ہوئے ہیں۔ جیسے کہ اول قرآن میں مکتوب ہیں اور عرش کے پردوں اور کرسی پر بھی لکھے ہوئے ہیں۔ اور کلمات اس سورت کے زیادہ تر حروف معجمہ اور اوائل سور کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ عدد اس کے ۱۲۰۰۳ اور یہی عدد اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہیں محمد الف انبیاء اور احمد ہمزہ اس کا ہے محمد کے واسطے عبداللہ اور احمد کے واسطے عبدالرحمن ہے لطیفہ مہینہ انتیس دن اور کبھی تیس دن کا ثابت ہوتا ہے اور کبھی ہیں اور یہ آمین کے مقابلہ میں ہے جو سنت ہے واجب نہیں ہے اس کو سمجھو کیوں کہ الحمد للہ کی واؤ عطف میں اس کے دائرہ کی قطب ہے اور محور اسم ہے اس واسطے کہ وہ مقام ولایت کی طرف اشارہ کرتی ہے یعنی وہ اشرف مقامات ہے اور وہ منزلہ ہے اکیس حرفوں سے جن میں سے سات حروف ساقط ہیں اور ان کو سواقط فاتحہ کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے ب ث ج خ ز ظ ش ف پہلی کتاب میں بیان ہوا ہے کہ جس نے ان حروف سے خالی سورت پڑھی اس کو اللہ تعالیٰ دوزخ پر حرام کرتا ہے اور یہ حروف سورۃ انعام کی دو آیتوں میں جمع ہوتے ہیں معلوم ہو کہ یہ حروف سواقط ظالم سے امان ہیں۔ بعض عارف فرماتے ہیں جو شخص سورۃ فاتحہ کو سونے کی قلم سے چینی کے گلاس میں لکھے جمعہ کی پہلی ساعت میں مشک و کافور سے اور گلاب سے دھو کر ایک شیشی بھر کر رکھے پھر بادشاہ اور امیروں کے پاس جانے کے وقت اس کو چہرہ پر ملے قبول عظیم حاصل ہو۔ اور اگر اس کو کسی پاک برتن میں لکھ کر مریض کا منہ دھوئیں تو فوراً آرام حاصل ہو جس کو نسیان کا مرض ہو وہ اسی کو چینی کے برتن میں لکھ کر گلاب سے دھو کر پیا کرے بہت فائدہ ہوگا اور جو سنے گا یاد رہے گا جس کی آنکھ میں ضعف ہو یا پانی بہتا ہو وہ پہلی یا دوسری تیسری شب کے چاند کے مقابل کھڑے ہو کر دیکھتا رہے اور آنکھوں پر ہاتھ پھیر کر دس بار سورۃ فاتحہ پڑھے اور ہر بار بسم اللہ پڑھے اور آمین کہے پھر تین بار قل ھو اللہ پڑھ کر آنکھوں پر ہاتھ پھیرے اور کہے ہر بیماری سے آرام سو تیری رحمت کے ساتھ اے ارحم الراحمین سات بار۔ اللہ تعالیٰ اس کی آنکھ کی ہر ایک بیماری دور کرے گا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے جب تو بچھونے پر لیٹا اور تو نے فاتحہ اور قل ھو اللہ پڑھ لی تو ہر ایک برائی سے امن میں ہو گیا۔ سواء موت کے ہمارے پاس جو کچھ جواہر دیا قوت تھے ہم نے ہر طرح سے تمہارے پیش کر دیئے اب تم اس کو حاصل کر دو جو تمہارے رب کے پاس ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تورات انجیل اور زبور میں کوئی سورت ایسی نہیں ہے جیسی سورۃ فاتحہ ہے اس میں تصریح ہے اس بات کی کہ اس کو کثرت کے ساتھ پڑھنا چاہیئے کیوں کہ اس میں بہت فوائد ہیں اگر اس کی تشریح کی جائے تو اونٹوں کا بوجھ ہو جائے عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی آنکھ کے درد کی شکایت کی آپ نے فرمایا قرآن شریف کو دیکھا کرو۔ میں نے دیکھا میری آنکھ اچھی ہو گئی۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہر ایک کتاب میں راز ہے اور قرآن شریف میں خدا کا راز اوائل سور میں ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ہر ایک کتاب میں صفوۃ ہے اور قرآن صفوہ حروف تہجی میں ہے ابن عباس سے کسی نے الم اور حم اور ن کا سوال کیا آپ نے فرمایا اسم الرحمن کے ٹکڑے ہیں اور کہا گیا ہے کہ دونوں قرآن شریف کے نام ہیں سدی اور قلبی اور قتادہ کا یہی۔

قول ہے اور کہا گیا ہے کہ حروف کے ساتھ خداوند تعالیٰ نے قسم کھائی ہے یہ قول ابن عباس اور عکرمہ کا ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک حرف اسماء اور صفات پر دلالت کرتا ہے ابن عباس کہتے ہیں الم میں الف اول کی طرف اور لام لطیف کی طرف اور میم مالک کی طرف اشارہ کرتا ہے اور کوئی کہتا ہے ان میں سے بعض حروف اسماء ذات پر اور بعض اسماء صفات پر دلالت کرتے ہیں کسی کا قول ہے کہ الف سے آلا یعنی نعمتیں اور لام سے لطف اور میم سے مجد یعنی بزرگی مراد ہے ضحاک کہتے ہیں الف سے اللہ اور لام سے جبرئیل اور میم سے محمد مراد ہے اور بعض عارف کہتے ہیں کہ الف کے معنی میم ہیں یعنی منی مطلب یہ کہ مجھ سے ہے اور بعض کا قول ہے کہ بعض حروف اسماء آلہی پر اور بعض غیر اسماء آلہی پر دلالت کرتے ہیں بعض ارباب حقائق کا قول ہے کہ ان حروف کو اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف کی کمی وزیادتی سے حفاظت کے واسطے رکھا ہے اور اس آیت میں إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ انہیں کی طرف اشارہ ہے اور بعض اہل حقائق فرماتے ہیں کہ حروف جو اٹھائیس بولے جاتے ہیں ان میں نصف نورانی اور نصف ظلمانی ہیں نورانی حروف یہ ہیں ا ہ ح س ک ع ر ط ص ن م ق ل ی اور ماسوا ان کے ۱۴ حروف ظلمانی ہیں بعض حکماء نے ان حروف کو بتوں پر لکھ رکھا تھا تاکہ جو کوئی ان کو دیکھے ان کی ہیبت سے عبادت کے واسطے جھک جائے۔ جو شخص ان نورانی حروف مربع کو چاندی کی انگوٹھی پر رجب کی پہلی تاریخ میں کندہ کر کے پہنے اگر خائف ہے تو آمن ہوگا اور اگر کسی بادشاہ سے ملے گا تو وہ اس کی خاطر کرے گا اور اگر کسی کے سر پر غصہ کی حالت میں ملے تو اس کا غصہ جاتا رہے اور اگر پیاسا اُس کو منہ میں رکھے پیاس دور ہو

نقش برائے حافظہ اور اگر ملینہ کے پانی سے دھو کر اس کو پی دے تو حافظہ اور فہم قوی ہو اور اگر کنواری لڑکی اس کو پہنے تو بہت لوگ اس کی شادی کی طرف راغب ہوں اور اگر مرگی والے پر انگوٹھی رکھی جائے تو اُسی وقت اُس کو افاقہ ہو اور جس عورت کو درد زہ ہو وہ اس کو پہنے فوراً بچہ پیدا ہو اور جو شخص اس انگوٹھی سے کندر پر نقش کر کے سحر زدہ کو دھونی دے سحر اس سے زائل ہو صورت مربع کی یہ ہے

عسق	طسن	حمرق	الون
مالك احد	مالك كافی	نافع	رحمن
محمد بکر	ملك ۷۷ب	الله	كفيل
حملسق	طس	المص ا	ص ق ن

خواص حروف مقطعات اور حروف مقطعات نورانیات یہ ہیں ان کو سمجھو ہدایت ہوگی الم الر کہیعص طہ طس یس ص ق ن ۔ جو شخص ان کو ترتیب الٰہی کے ساتھ یعنی اس طرح سے الم کہیعص طس حم ق ص ن برج ثور کے طالع میں چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے اُس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور عجائب لطف آلہی جو بیان سے باہر ہے ملاحظہ کرے گا اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا ہے شیخ ابوالحسن حرالی فرماتے ہیں ان حروف کے خواص دفع اہر بیس بار ہا ہم نے دیکھے ہیں بعض اہل علم فرماتے ہیں میں نے حضرت امام عبدالرحمٰن بن عوف زہری کے ہاتھ کی لکھی ہوئی چند سطریں دیکھی ہیں کہ وہ ان حروف کو ہر ایک مال واسباب کی حفاظت

کے واسطے لکھا کرتے تھے اے اللہ حفاظت کر آل محمد کی نفر کے ساتھ اور ساتھ المص اور کھیعص اور حمعسق ن ق والقرآن المجید والقلم وما یسطرون کے حضرت امام کمال جب دریا دجلہ میں سوار ہوتے تو ان حروف کو جو اوائل سور میں ہیں پڑھتے کسی نے ان سے اس کا سبب دریافت کیا فرمایا۔ میں جس چیز پر ان کو پڑھتا ہوں یا لکھتا ہوں خشکی یا تری میں وہ محفوظ رہتی ہے اور غرق یا تلف ہونے سے بچ جاتی ہے۔ بعض علما جب سفر دریا کا ارادہ کرتے تو ٹھیکری یا کاغذ پر ان حروف کو لکھ کر اپنے ساتھ رکھ لیتے۔ جب دریا کا طوفان شروع ہوتا اس کاغذ کو اس میں ڈال دیتے طوفان برطرف ہو جاتا اور بعض صالحین سفر میں ان کو اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے کسی نے ان سے اس کا سبب دریافت کیا فرمایا کہ ان کی برکت مجھ پر ظاہر ہو گئی ہے

حفاظت کا عمل

ان کے سبب سے میری جان و مال محفوظ رہتی ہے اور میرا رزق کشادہ ہوتا ہے اور چور و دشمن و درندوں اور حشرات سے میری حفاظت ہوتی ہے جب تک کہ میں مکان کو واپس ہوتا ہوں ذکر ہے کہ کسی بزرگ کی لڑکی نے سوتے سوتے اٹھ کر کسی جگہ پیشاب کر دیا جو پیشاب کی جگہ نہ تھی اسی وقت ایک جنات اس کو چمٹ گیا اور لڑکی بیہوش ہو گئی۔ ان بزرگ نے اٹھ کر یہ الفاظ پکار کر پڑھے حمعسق ن والقلم وما یسطرون ان کے پڑھتے ہی وہ جنی بھاگ گیا اور پھر نہ آیا۔ جو شخص ان حروف نورانیہ کو چاندی کی گول تختی برج ثور کے طالع میں جب کہ قمر بھی اس میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے بہت نفع حاصل ہو۔ حضرت امیر المومنین امام علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں واقعہ بدر سے ایک روز پہلے میری حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی میں نے ان سے کہا مجھ کو کوئی ایسی دعا فرمایئے جس سے میں دشمنوں پر غالب ہوں حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا یہ دعا پڑھو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الٓمّٓ والٓمّٓ والمص والر والمر وکھیعص وطٰه وطسم ویس وص وحم وحم وحمعسق وحم وحم وحم وحم وق ون یَا مَنْ هُوَ هُوَ یَا مَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِغْفِرْلِیْ وَ انْصُرْنِیْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یہ سرجامع اور نور لامع بطور شکل مخمس پنجشنبہ کی ساعت میں سونے یا چاندی کی تختی پر نقش کیا جاتا ہے اور کہیعص حمعسق ۵ بار اس میں لکھتے ہیں پھر دعا پڑھی جاتی ہے اَللّٰهُمَّ یَا هَادِیْ یَا کَرِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا بَاقِیْ یَا اِلٰهِیْ اَقْضِ حَاجَتِیْ اور اپنی حاجت کا نام لے دنیاوی ہو یا دینی پوری ہو گی۔ اور لیکن کہیعص میں ایک راز پوشیدہ ہے کاف کافی ہے اور ہا ہادی اور باری سے اور عین علیم اور صاد صادق سے اسی طرح عبد اللہ بن عمرو اور ابن عباس نے کی ہے اور عبد اللہ بن عباس اس طرح دعا کیا کرتے تھے یَا کَافِیْ یَا بَارِئُ یَا هَادِیْ یَا عَلِیْمُ یَا صَادِقُ اِفْعَلْ بِیْ کَذَا وَ کَذَا اور بعض کہتے ہیں اسم اعظم یہی ہے جب تم کسی بڑے شخص کی خدمت میں قبولیت کا ارادہ کرو یا کسی شخص معین کی حاجت چاہو تو ہرن کی کھال لے کر اس پر یہ نقش لکھو اور مصطگی اور محلب کی دھونی دے کر اپنے سر میں آگے کی طرف رکھو ہر ایک حاجت پوری ہو گی اور دشمنوں پر خدا مدد دے گا۔ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے شعر ارشاد فرمائے ہیں

عِشْرُوْنَ حَرْفًا لِمَعَانٍ جُمِعَتْ — خَمْسٍ وَّخَمْسٍ صُوَرٍ تَبِيْنُ تَكَمَّلَتْ

تَرَى الْسِّرَّ فِيْهَا اِنْ سَأَلْتَ مُعَلِّمًا — يَرَاكَ اِذَا فِيْهَا مَعَانٍ تَشَرَّعَتْ

فَمِنْهَا قَضَى الْحَاجَاتِ قَدْ شَاءَ ذِكْرُهَا — وَمِنْهَا لِرَدِّ الْخَصْمِ اِذْ هِيَ جُرِّبَتْ

تَكَلَّمَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيْهَا بِاَسْرِهِمْ — وَقَالُوْا حَصَّنْتُ بِذَا السِّرِّ الَّذِيْ انْتَظَمَتْ

مقبولیت کا عمل

جو شخص اس کو جمعہ کی پہلی ساعت زیادتی ہلال میں انگوٹھی پر نقش کرے اور انگلی میں پہنے قبول عظیم حاصل ہو ابو یعقوب کندی نے تمام خلق میں قبول عظیم حاصل ہونے کے واسطے حریر زرد پر طالع مشتری میں اس شکل کو لکھا اور بہت کچھ نفع اُن کو حاصل ہوا۔ صورت نقش کی یہ ہے

ك	ہ	ی	ع	ص
ھ	ی	ع	ص	ك
ی	ع	ص	ك	ھ
ع	ص	ك	ھ	ی
ص	ك	ھ	ی	ع

اور جو شخص اس کو شرف زہرہ میں چاندی پر نقش کر کے اپنے پاس رکھے ہیبت

ح	م	ع	س	ق
م	ع	س	ق	ح
ع	س	ق	ح	م
س	ق	ح	م	س
ع	ح	م	س	ق

اور محبت اور قبول اس کو حاصل ہو اور اگر انگوٹھی پر نقش کر کے وہ شخص پہنے جس کے نکسیر بہتی ہو نکسیر اس کی بند ہو جائے اور اگر اس کے دنق عددی اور حرفی کو جمع کریں تو جلد قبول ہو بعض صالحین فرماتے ہیں جب حضور علیہ السلام پر یہ آیت نازل ہوئی حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوْحِيْ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تو آپ کو معلوم ہوا کہ اس میں بہت بڑی برکت ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی اولاد نے اس اپنا وظیفہ ہر ایک سختی اور شدت کے وقت میں قرار دیا اور وہ ہر ایک خوف اور شدت سے محفوظ رہے اور حضرت علی بھی اک کے ساتھ اس دعا کیا کرتے تھے

اَللّٰهُمَّ يَا كٓهٰيٰعٓصٓ اور فرماتے تھے تم میں سے جو کوئی اسم کے ساتھ دعا کرے کا قبول ہو گی اور حاجت پوری ہو گی

لہ بیس حرف ہیں واسطے معنوں کے جمع کئے گئے پانچ اور پانچ کی دو صورتیں کامل ہوئیں دیکھے گا تو ان میں اسرار اگر پوچھے گا کسی بتلانے والے سے دیکھے گا وہ تجھ کو جب کہ اس میں ہوں گے معانی نکلنے والے۔ پس بعض ان میں سے واسطے قضائے حاجات کے ہیں جن کا ذکر مشہور ہے اور بعض واسطے دفع دشمن کے ہیں جب کہ تجربہ کیا اہل علم نے اس میں گفتگو کی ہے اور کہا ہے کہ محفوظ رکھا ہے میں نے اس راز کے ساتھ جو منظوم کیا گیا۔ ۱۲ ۱۲

صورت اس کی یہ ہے
اس نقش کو شرف قمر میں چاندی کی
تختی پر لکھے ایسے خواص ملاحظہ
کرے جن کے بیان سے زبان
عاجز ہو۔ قضائے حاجات کے
واسطے اس میں عجیب اثر ہے
اس کو سمجھو یہ تمناطیس اکبر اور
کبریت احمر ہے اور باقی اگلے صفحہ پر

بریت احمر کا مؤثر نقش

دوسری طرح اس کی صورت یہ ہے اور دعا اس کی یہ ہے

ک	ہ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق
ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک
ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ھ
ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ھ	ی
ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع
ح	م	ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص
م	ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح
ع	س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م
س	ق	ک	ھ	ی	ع	ص	ح	م	ع
ق	ک	ھ	ی	×	×	×	×	×	×

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللّٰھم انی اسئلک
بکھیعص حمعسق ان تکفینی کل عظیم وان تصرف
عنی کذا وکذا یا رب العٰلمین۔

اور یہ پانچ آیتیں اس وفق کے مناسب ہیں
پہلی کماء انزلناہ من السماء فاختلط بہ
نبات الارض فاصبح ھشیما تذروہ
الریاح وکان اللہ علی کل شیء مقتدرا ۱؎

ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمٰن الرحیم یوم الآزفۃ
اذ القلوب لدی الحناجر کاظمین ما للظلمین من حمیم ولا شفیع یطاع علمت نفس ما احضرت
فلا اقسم بالخنس الجوار الکنس الآیۃ ص والقرآن ذی الذکر بل الذین کفروا فی عزۃ وشقاق ۵

۱؎ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ساتھ کہیعص اور حمعسق کے یہ کہ کفایت میرے ہر بڑے کام کی اور دور کر مجھ سے فلاں وفلاں آفت اے رب العالمین
پہلی آیت مثل پانی کے جس کو نازل کیا ہم نے آسمان سے بس مل گئی اس میں گھاس زمین کی پھر ہو گئی وہ ٹوٹی ہوئی اڑاتی ہے اس کو ہوا اور اللہ ہر چیز
پر قادر ہے۔ دوسری آیت وہ اللہ ہے عالم غیب اور حاضر کا وہی رحمٰن ورحیم ہے دن قیامت کے جب کہ دل حلقوم کے پاس ہوں گے غصہ کے ضبط
کرنے والے نہ ہوگا ظالموں کا کوئی دوست اور نہ سفارش کرنے والا۔ تیسری آیت۔ جان لے گا ہر ایک نفس جو حاضر کیا اس نے قسم ہے قرآن ذکر کرنے
والے کی بے شک جنہوں نے کفر کیا عزت اور جدائی میں ہے۔ ۱۲

خواص اس کے بہت ہیں۔ شیخ زین الدین کافی فرماتے ہیں یہ قیدی کو قید سے رہا کراتی ہے اور تصانیف اُس کی بہت ہیں اور دفق زہرہ یعنے ۵ در ۵ اس کے مناسب ہے اور زہرہ کوکب سعد ہے۔

سعادت اور اعتدال میں سعد اکبر کے قائم مقام ہے اور اپنی طبیعت کے ساتھ عود اور زیادتی اور سعادت اور حیات طیبہ اور زیادتی محبت اور سا افراح کے کام کرتی ہے اس نقش ۵ در ۵ کو سر آلہی کے ساتھ اُس کی طرف اضافہ کیا ہے اور اس کے اصلاع دس اسماء ہیں اسماء آلہی سے جن میں ۵ سورۂ فاتحہ میں اور ۵ سورہ انعام میں اس کو سمجھو۔ بعض علماء فرماتے ہیں جب تو کسی غائب شخص کا وجود حاضر کرنا چاہے۔ تو پانچ آیتیں۔ ۶ بار حضور قلب کے ساتھ پڑھے اور اس کو طلب کرے فوراً حاضر ہوگا۔ لیکن ظہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک ہے عدد اس کے ۱۴ اعدد نصف منازل قمر ہیں اور یہ حجاب ہر ایک کام کے واسطے مفید ہے جب تو کسی بادشاہ یا سلطان سے خوف زدہ ہو تو ۵ کنکریاں زمین سے اٹھا کر پہلی پر ک اور دوسری پر ھ اور تیسری پر یٰ اور چوتھی پر عٓ اور پانچویں پر صٓ پڑھے پھر پہلی کنکری کو دائیں طرف ڈالے اور کہے قَوْلَهُ۔ اور دوسری کو بائیں طرف اور کہے اَلْحَقُّ اور تیسرے کو پیچھے ڈالے اور کہے وَلَهُ اور چوتھی کو سامنے ڈالے اور کہے اَلْمُلْكُ اور پھر پانچویں اپنے سر پر رکھے اور کہے کھیعص حمعسق اَمْسِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ يَا فُلَانَ ابْنَ فُلَانَةَ بِحَقِّ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الشَّرِيْفَةِ كٓهٰيٰعٓصٓ حمٓسٓقٓ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ اللہ تعالیٰ اس کی زبان بند کر دے گا اور یہ ایک راز پوشیدہ ہے دشمن سے پوشیدہ رہنے کا عمل اور اس سے پوشیدہ ہونا چاہتا ہے تو اپنی انگلی سے پیٹھ کے پیچھے سے خط کھینچ اور اپنے چاروں طرف دائرہ کرے اور گیارہ بار اس کو پڑھ اگر تمام جہان بھی تجھ پر حملہ کرے گا تو تجھ کو نہ دیکھ سکے گا بعض عارف کہتے ہیں یہ آیتیں ستر بار کسی حاکم کے آگے جانے کے وقت پڑھے اور جب ساتھ پر پہنچے تو اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی بند کرے پھر حٓ کہکر دوسری انگلی بند کرے اور یٰ کہہ کر تیسری انگلی بند کرے اور عٓ کہہ کر چوتھی انگلی بند کرے اور صٓ کہہ کر پانچوں انگلی بند کرے اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو حمعسق کے حروف کے ساتھ بند کرے تو دونوں ہاتھ بند ہو جائیں گے اُس وقت بادشاہ کے سامنے جا کر اس کے منہ کے مقابل کھولے وہ بادشاہ یا حاکم اس پر بہت مہربان ہوگا

كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَآءِ	فَاخْتَلَطَ بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ	فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ
يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذ	الْقُلُوْبُ لَدَی	الْحَنَاجِرِ	كَاظِمِيْنَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ
هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ	فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ	اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ	وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ
صٓ وَالْقُرْاٰنِ	ذِی الذِّكْرِ	بَلِ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ
اَللّٰهُ فَاطِرٌ	رَبٌّ قَادِرٌ	رَحْمٰنٌ لَطِيْفٌ	رَحِيْمٌ خَبِيْرٌ	مَالِكٌ قَاهِرٌ۔

اَلسَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ	فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ	كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ
اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى	الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ	مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ	حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ	اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ	وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ	عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ
ذِى الذِّكْرِ	بَلِ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ	وَّشِقَاقٍ	صٓ وَالْقُرْاٰنِ
رَبٌّ قَادِرٌ	رَحْمٰنٌ لَطِيْفٌ	رَحِيْمٌ خَبِيْرٌ	مَالِكٌ قَاهِرٌ	اَللّٰهُ فَاطِرٌ
بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ	فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ	كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ	السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ
عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ	لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ	مَا لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا	شَفِيْعٍ يُّطَاعُ	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ
اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ	وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ	عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ	وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ
بَلِ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ	وَّشِقَاقٍ	صٓ وَالْقُرْاٰنِ	ذِى الذِّكْرِ
رَحْمٰنٌ لَطِيْفٌ	رَحِيْمٌ خَبِيْرٌ	مَالِكٌ قَاهِرٌ	اَللّٰهُ فَاطِرٌ	رَبٌّ قَادِرٌ
فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ	كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ	السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ	بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ	هُوَ	اَللّٰهُ الَّذِىْ	لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ	حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ	عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ	فَلَا اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ	اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ
وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ	وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ	الْاٰزِفَةِ	اِذِ الْقُلُوْبُ	اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ
كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ	وَّشِقَاقٍ	وَالْقُرْاٰنِ	ذِى الذِّكْرِ	بَلِ الَّذِيْنَ
رَحِيْمٌ خَبِيْرٌ	مَالِكٌ قَاهِرٌ	اَللّٰهُ فَاطِرٌ	رَبٌّ قَادِرٌ	رَحْمٰنٌ لَطِيْفٌ
تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ	كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ	السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ	فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا
اَلرَّحِيْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ	لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ	عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ
حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ	اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى	الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ	مَا لِلظّٰلِمِيْنَ
وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ	عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ	فَلَا اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ	اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ	وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ
وَّشِقَاقٍ	صٓ وَالْقُرْاٰنِ	ذِى الذِّكْرِ	بَلِ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ
اَللّٰهُ قَاهِرٌ	اَللّٰهُ فَاطِرٌ	رَبٌّ قَادِرٌ	رَحْمٰنٌ لَطِيْفٌ	رَحِيْمٌ خَبِيْرٌ.

بعض عارفین فرماتے ہیں جس نے زمین پر بیٹھ کر اپنے گرد انگلی سے ایک دائرہ کھینچا اور پانچوں آیتوں کو پڑھتا گیا اور کہا کہ یَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْاٰيَاتِ بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اَخْفَيْتُمُوْنِيْ عَنِ النَّاسِ وَالْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ پھر خاموش ہو جائے اور کچھ بات نہ کرے سب پوشیدہ رہے گا اور جو شخص کثرت سے ان آیات کا ذکر کرے اور یہی حالت رکھتا ہو تو عجائبات صنع الٰہی مشاہدہ کرے اور معلوم ہو کہ جو شخص ان اسماء کو شرف شمس میں سونے کی تختی پر مربع بنا کر لکھے اور اپنے پاس رکھے اس قدر بلند ہو اور سلیقہ اس کا کھل جائے وہ اسماء یہ ہیں
اَللّٰهُ لَطِيْفٌ مَلِكٌ كَافِيٌ عَلِيْمٌ مُيَسِّرٌ رَحْمٰنٌ طَيِّبٌ سَلَامٌ حَيٌّ قَيُّوْمٌ نُوْرٌ هَادِيٌ۔

مربع اس کا یہ ہے۔

اللہ	لَطِیْفٌ	مَلِکٌ	مَالِکٌ	کَافِیٌ	ھَادِیٌ	عَلِیْمٌ	یسیر	رَحْمٰنٌ	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی
لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ
ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف
مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک
کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک
ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی
علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی
یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم
رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر
حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن
سلام	طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ
طیب	قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام
قیوم	نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب
نور	ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم
ھادی	اللہ	لطیف	ملک	مالک	کافی	ھادی	علیم	یسیر	رحمن	حیّ	سلام	طیب	قیوم	نور

جو شخص اس اسرار نورانی کا ۵۶ بار ذکر کرے اور ۱۳ بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے پھر جو چیز خدا سے مانگے عنایت ہو۔ بادشاہوں اور اہل ریاست اور طالبان مراتب کے واسطے اس میں خاص تاثیر ہے جو بادشاہ اس کا ذکر کرے اس کا ملک وسیع ہو اور رعایا بڑھے اور حکم جاری ہو اور سب اس کے مطیع ہو جائیں اور انہیں اسماء میں اسم اعظم ہے معلوم ہو کہ ان میں سے ہر ایک اسم کے خواص تعریف ہے۔ جو شخص ان اسماء میں سے کسی اسم کے

حروف اور عدد ایک دفق میں جمع کر کے اپنے پاس رکھے اور اسم کا ذکر کرے مقام کشف اللہ تعالیٰ اس کو نصیب کرے اور حجاب اس پر سے اٹھ جائے جب عدد فرد ہو تو اس کا فعل افراد کا تقاضا کرتا ہے اور اگر زوج ہے تو تلف کرنے کا تقاضا کرتا ہے اور بعض دفعہ اسم ذات العددی اور عربی اور اس کی کسر اور صورت اسم اعظم اور جو کام اسم اعظم دے گا وہی کام یہ بھی دے گا۔

اسم اعظم کے لطائف اور معلوم ہو کہ قرآن شریف میں ہر ایک اسم کے مناسب آیات ہیں اور یہ اسماء کی دوسری ترتیب کی ہے اس کا نام لطائف ہے پہلا لطیفہ اس میں دس نام ہیں خوف زدوں کے واسطے امان اور وحشت زدوں کے واسطے انس اور قیدیوں کے واسطے رہائی کا کام دیتے ہیں اور وہ یہ ہیں اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَلْعَفُوُّ الرَّؤُفُ الْمَنَّانُ الْکَرِیْمُ ذُو الطَّوْلِ ذُوالْاِکْرَام **دوسرا لطیفہ** منبع علوم جلیلہ ہے جو شخص اس کو اپنا ذکر بنائے فتوحات اس پر کھل جائیں اور ہر ایک کام میں برکت ہو اور علم و عقل اس کے مسخر ہوں اور مقام کشف حاصل ہو وہ چھ اسماء یہ ہیں اَلْعَظِیْمُ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ الْهَادِیْ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ...

تیسرا لطیفہ اور وہ آدھا اسم اعظم ہے دفعہ وسواس و غلبہ شہوت اور بڑے بڑے امور بخوش اسلوبی انجام پانے کے واسطے بڑی تاثیر رکھتا ہے اور وہ یہ آٹھ اسماء ہیں مَلِکُ الْقَادِرُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْغَنِیُّ الْمُتَعَالُ الْمُهَیْمِنُ الْکَبِیْرُ **چوتھا لطیفہ** ہیبت اور جبروت کے واسطے اور اس میں آدھا اسم اعظم ہے اور اس میں محبوب کے ملانے اور دشمن کے جدا کرنے کی بھی خاصیت ہے جو شخص اس پر مداومت کرے کوئی موذی اس کو دکھ نہ دے سکے۔ اور ہر ایک سرکش باغی پر غالب ہو بادشاہوں امیروں کے سامنے اس کا ذکر کرنا ان کے شر سے محفوظ رکھتا ہے اور اس کی تاثیر سے حیوانات اور سخت دل انسان مسخر ہو جاتے ہیں اور وہ یہ دس نام ہیں اَلْعَزِیْزُ الْقَوِیُّ الْقَادِرُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ الْمُقْتَدِرُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ الْقَاهِرُ الْقَهَّارُ **پانچواں لطیفہ** اس میں اسم اعظم ہے اور اہل کشف کو اس کی برکت سے الہام ہوتا ہے جو شخص اس کا ذکر کرے اس کا مطلب اللہ تعالیٰ اس کے واسطے آسان کرے اور جو شخص نصف شب میں اس کا ذکر کرے عجائبات کا اس کو مشاہدہ ہو اور مداومت اس کی اسرار کو کھولتی ہے اور اس کی مداومت سے علوم علوی کے بہت سے اسرار منکشف ہوتے ہیں اور ملکوت کے اسرار سمجھ میں آتے ہیں اور تمام عالم کی تسخیر ہوتی ہے۔ اور وہ یہ دس اسم ہیں۔ اَلْمُحِیْطُ الْعَالِمُ الرَّبُّ... الشَّهِیْدُ الْحَسِیْبُ الْفَعَّالُ الْخَلَّاقُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ **چھٹا لطیفہ** اس کے خواص حفظ علوم اور اصحاب قوت اور اہل معرفت کے واسطے ہیں۔ اور اس کا ذکر زاہدوں کے دلوں کو پاک کرتا ہے اور وہ یہ دس نام ہیں اَلْبَاطِنُ الْحَفِیْظُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ الْمُحْیِیْ الْمُمِیْتُ الْمَجِیْدُ الصَّادِقُ الْوَاسِعُ۔

ساتواں لطیفہ اعظم اذکار سے ہے اور اس میں ذاکر کے واسطے ہر مرض سے شفا ہے آدھی رات کو جو شخص اس

کا ذکر کرے عجائبات کا مشاہدہ ہو اور ان میں کیفیت اقسام معلوم ہو کہ ہمیشہ کی تونگری نصیب ہو۔ اور یہ اسماء ذاکر کے واسطے قرب آلٰہی کا وسیلہ ہیں اور وہ دس نام یہ ہیں اَلْوَهَّابُ الْبَاسِطُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ النُّوْرُ الْفَتَّاحُ الْبَصِيْرُ الْعَزِيْزُ الْوَدُوْدُ الْوَاسِعُ طالب اسباب کے واسطے اس میں سر عظیم ہے۔ اور تنگی رزق کو بہت فائدہ کرتے ہیں اور جس سے اس کی حاجت ہے وہ اس کا تابعدار ہوگا۔ اہل ہدایات کے واسطے اس میں بہت بڑے اسرار ہیں اور وہ یہ نو نام ہیں اَلتَّوَّابُ الْغَافِرُ الْحَسِيْبُ الْوَكِيْلُ الْكَافِي الرَّزَّاقُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ السَّرِيْعُ

اس میں پندرہ اسم ہیں جو شخص خلو معدہ کے ساتھ ان اسماء کا ذکر کرے اپنے نفس کے اندر بلند ہمتی اور امور باطن کی ترقی معلوم کرے اور لوگوں کے دل بے انتہا اس کی طرف مائل ہوں۔ اگر یہ شخص خوف رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے خوف کو دور کرے اور وہ یہ ہیں اَلْمُحْيِيْ اَلْمُمِيْتُ الْقَابِضُ الْبَاعِثُ الْوَارِثُ الشَّافِي الْبَرُّ الْجَوَّادُ الْمُحْسِنُ الْمُنْعِمُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْقُدُّوْسُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ ان میں سے ہر ایک لطیفہ سونے کی انگوٹھی پر جس کا نگینہ چاندی کا ہو یا انگوٹھی اور نگینہ دونوں چاندی کے ہوں نقش کرے پھر جب اس لطیفہ کے پڑھنے کا ارادہ ہو تو اس انگوٹھی کو پہنے بہت جلد تاثیر ہوگی مگر کامیابی روزہ و ریاضت اور خلوت کے بعد ہوتی ہے۔

یہ آیت وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ مُّبْصِرُوْنَ تک یہ آیتیں وسوسہ اور خوف اور گھبراہٹ اور برے خیالات کے واسطے مفید ہیں جمعہ کے روز طلوع آفتاب کے وقت گلاب و زعفران سے سات پرچوں پر ان کو لکھے اور ہر روز منہ ایک پرچہ نگل لیا کرے اور اوپر سے ایک گھونٹ پانی کا پی لے فوراً فائدہ ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کسی کے پاس شیطان آکر کہتا ہے کہ اس چیز کو کس نے پیدا کیا دل جواب دیتا ہے کہ خدا نے پیدا کیا ہے وہ کہتا ہے پھر خدا کو کس نے پیدا کیا پس جب یہاں پہنچے تو خدا سے پناہ مانگے اور ہوشیار ہو جائے اور ایک روایت میں ہے کہ ہمیشہ لوگ پوچھتے رہیں گے کہ یہ سب خدا کی مخلوق ہے مگر خدا کو کس نے پیدا کیا ہے۔ جس شخص کے دل میں یہ وسوسہ پیدا ہو چکا ہو اس کو چاہیئے کہ کہے میں خدا اور اس کے رسول پر ایماں لایا ہوں ترمذی نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو اس قسم کا وسواس معلوم ہوا اس کو چاہیئے کہ تین بار کہے میں خدا اور رسول پر ایمان لایا ہوں اس کے کہنے سے وہ وسوسہ جاتا رہے گا۔ مسلم نے حضرت عثمان بن ابی العاص سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ شیطان مجھ میں اور میری نماز میں حائل ہو جاتا ہے اور میری قرأت کو مجھ پر مشتبہ کر دیتا ہے حضور نے فرمایا اس شیطان کا نام خنزب ہے جب تم کو یہ وسوسہ محسوس ہو تب تم اعوذ باللہ پڑھو اور تین بار بائیں طرف تھوک دو۔ عثمان کہتے ہیں کہ اس کیا اور وہ وسوسے مجھ سے جاتے رہے خنزب خاء معجمہ اور یائے ساکنہ پھر زاء اور پھر باء موحدہ کے ساتھ ہے

علماء نے خاء کے ضبط کرنے میں اختلاف کیا ہے۔ بعض اس کا زبر اور بعض زیر اور بعض پیش بیان کرتے ہیں۔
ابو داؤد بن زمیل سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے تھے کہ میں نے ابن عباسؓ سے کہا یہ کیا بات ہے جو مجھ کو اپنے دل میں معلوم ہوتی ہے ابن عباسؓ نے کہا وہ کیا ہے بیان کرو میں نے کہا میں اس کو بیان نہ کروں گا انہوں نے کہا کچھ شکوک ہیں اور وہ ہنسے پھر کہا اس سے کسی نے نجات نہیں پائی یہاں تک کہ خداوند تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ .... یہ پھر مجھ سے کہا جب تمہارے دل میں وسوسہ پیدا ہوا کرے تب تم یہ کہا کرو هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ بعض علماء فرماتے ہیں جس کو وضو و نماز وغیرہ میں وسوسہ ہوتا ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ .... پڑھا کرے نفع ہوگا کیونکہ شیطان ذکر آلہی کو سن کر بھاگ جاتا ہے اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ .. اس الذکر ہے اسی سبب سے مشائخ زیادہ تر اپنے مریدوں کو اسی ذکر کی تعلیم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وسوسے کے واسطے سب سے زیادہ نافع علاج ذکر آلہی کی کثرت ہے۔
شیخ احمد خوارزمی کہتے ہیں میں نے ابو سلیمان دارانی سے وسوسوں کے متعلق شکایت کی انہوں نے فرمایا کہ جب تم وسوسہ کو جڑ سے دور کرنا چاہو تو جس وقت وسوسہ پیدا ہو تم بہت خوش ہوا کرو تمہارے خوش ہونے سے وسوسہ دور ہو جائے گا کیونکہ شیطان کو مسلمان کا خوش ہونا بہت ناگوار گذرتا ہے اور اگر تم غمگین ہو گئے تو اور زیادہ ہوگا
شیخ محی الدین کہتے ہیں یہ قول بعض علماء کے قول کی تائید کرتا ہے یعنی ان کا قول ہے۔ کہ وسوسہ میں کامل الایمان شخص مبتلا ہو جاتا ہے اس واسطے کہ چور اسی جگہ جاتا ہے جہاں مال ہوتا ہے ابو درداءؓ کہتے ہیں جس نے ہر روز سات بار یہ آئیں پڑھیں اللہ تعالیٰ ہر دینی و دنیاوی مہمات میں اس کی مدد کرے گا اور ایک روایت میں ہے کہ یہ شخص گر کر یا ڈوب کر یا ہتھیار سے نہ مرے گا۔ لیث بن سعد کہتے ہیں ایک شخص کی ران ٹوٹ گئی۔ ایک شخص اس پاس آیا اور کہا جہاں تکلیف ہے اپنا ہاتھ رکھ اور کہہ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
اس نے پڑھا اور اس کی ران اچھی ہو گئی اور ان آیتوں کی یہ بھی خاصیت ہے کہ اگر ان کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور کسی حاکم کے سامنے جائے فوراً اس کی حاجت پوری کرے

تالیف قلوب کے اعمال

سات بار یا اللہ اور سات بار یا رحمٰن لکھ یہ عبارت لکھے لَيِّنْ قَلْبَ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَهٗ[1]

---

[1] نرم کر فلاں بن فلاں کے دل کو اور کر میرے واسطے نزدیک اس کے رافت اور رحمت اور نرمی اور قبول پھر اگر پھر بھی زندہ تو کہہ کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں ہے معبود مگر وہ۔ اسی پر بھروسہ کیا ہے میں نے ۱۲

الرَّأْفَةَ وَالرَّحْمَةَ وَالْحَنَانَ وَالْقَبُوْلُ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اَرِنِىْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى۔ حَكِيْمٌ تك كَذٰلِكَ يَاْتِىْ فُلَانَ بْنِ فُلَانَةَ خَاضِعًا ذَلِيْلًا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ..... زعفران اور سیاہ مرچ کو سیسے پر گھس کر اُس سے اس کو لکھو اور پھر جس مطیع کرنا منظور ہو اس کے سر پر سات بار پھیرے سوتے میں یا جاگتے ہیں اگر ہو سکے۔ اور اگر ایسا شخص ہے جس کے پاس جانا ممکن نہیں تب دُور ہی سے اس طرح کہ یہ شخص طالب مطلوب کو دیکھتا ہو تو سات بار اس کو پھرادے اور ہر بار سات بار تکبیر کہے یعنی اللہ اکبر اور پھر اس کاغذ کو اپنے پاس رکھے مطلوب پیچھے پیچھے ہو جائے گا۔ اور اس عمل کو جمعرات کے روز طلوع کے وقت لکھنا چاہیئے

مطیع کرنے کا نقش

بہ اسم بدھ کے روز حبق نہری اور قرنفل اور زعفران کے ساتھ قصب کے پتوں پر لکھا جاتا ہے مطلوب کے نام کے ساتھ لکھ کر لبان ذکر کی دھونی دے اور ہوا میں لٹکا دے اور سات روز کا چلہ کھینچے۔ فقط جو کی روٹی روغن زیت اور کشمش کے ساتھ کھائے مگر سیر ہو کر کھانا نہ چاہیے اور خلوت میں کوئی شخص بھی پاس نہ ہو پھر ہر نماز کے بعد ان اسماء کو پڑھے اور جو چاہے کام نے غائب کو بلائے اور حاضر کو غائب کر دے اور کاغذ کا سونا یا چاندی بنا دے مگر کسی سے اپنا راز ظاہر نہ کرے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

هلاهله اَلذَّاتُ وَاللَّوْحُ وَالْقَلَمُ يَا بَرُّ يَا وَصُوْلُ اَوْصِلْ كَذَا اِلٰى كَذَا وَاَوْصِلِ الْمَوَدَّةَ بَيْنَهُمَا بِهَلْطِيفٍ سَلْطِيعٍ اَسْمَاطُوْتَ اَطْوَانَ هَكْشِ يُوْكُشْ هَبُوْرَشِ بِهليورالاركيافاهيورش يادوشر الشق الشقوم مهراقش بشلهط بعد فقوس بعلشاقوم علشاقش مهراقش اَجِيْبُوْا اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الْعِظَامُ بِالْاِسْمِ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ اَجِبْ يَا سَالِمُ يَا مَيْمُوْنُ

اور خاتم اطاعت ہے اس میں نہایت زور اثر اسم ہے اس کے ۱۰۸ اعداد ہیں جن سے تین حرف ہے ۲ اور اسی حساب سے طالع نکال کر اس میں اس کو لکھ کر اس کو سمجھو کیونکہ دیوار کے بھی کان ہیں اور یاد کرنے والے یاد کرتے ہیں خاتم یہ ہے

میکائیل		جبرائیل
	بہلوہ الارکیانا ہیورش یارون میشش مہراقش	
	ملشاقش علشقوش افشامقش ابلیوا فلانہ	
	بنت فلانہ سریعا	
عزرائیل		اسرافیل

اور آسان کر میرے لیے اپنا حکم اے وہ ذات جس نے آسمان قلوب اولیاء کو نیک خیال چراغوں سے مزین کیا ہے میرے لئے مشاہدوں کے دروازے چراغ بصیرت کے ساتھ کھول دے سلام کے ساتھ اے سلام۔ اے اللہ تو مومن ہے جس نے ثابت کیا ایمان کو اہل عرفان کے دل میں اور ظاہر کیا ایمان کو نزدیک ظہور امن اور امان کے، اور نصیب کی تو نے استقامت اس کو جس کے لئے جنت میں قیام صحیح ہو گیا اور تغیرات زمانہ سے ان کو محفوظ کر دیا شیطانی وسوسوں سے ان کو بچایا جو صحت ایمان میں نقص ڈالتے ہیں جو تو نے اپنی بخشش برھان و ایمان سے اُن کو دیا ہے اور پاک کیا ہے تو نے ان کی خواہشوں کو تنزل کرنے سے، اور بلند کیا تو نے اُن کو عوارض سلبیات کی قبولیت سے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بطفیل ان تمام حقائق علمیہ اور دقائق ارادیہ کے جو تیرے غیب میں ہیں کر تو مجھے خوف نظر صوری سے مقام نفع اور ضرر میں محفوظ کر دے یہاں تک کہ رجوع کروں تیری جانب فارغ البال اور خوش نفس ہو کر تاکہ مضبوط پکڑوں تیرے وعدے سوال کرتا ہوں میں تجھ سے کہ میرے لئے ایسی چیز مضبوط کر دے جس سے خلقت سے امن میں رہوں اور زندگی میں ہدایت دے اور ارشاد کے لیے راستہ نجات دے اے وہ ذات جو بخشتا ہے کثیر اور قبول کرتا ہے قلیل اور دوست رکھتا ہے احسان اور احسان و فضل کرتا ہے اہل ایمان پر سوال کرتا ہوں میں تجھ سے بطفیل حضرت سید البشر جو تیرے حکم سے حشر میں شفاعت کرینگے جو تیرے حبیب ہیں جن کو تو نے رسول بنایا ہے روز قیامت تو کشادہ کرتا ہے نفع کو اور دور کرتا ہے نقصان کو مجھے ہر بلا سے محفوظ رکھ اور مجھ پر اکرام کر یہ عطائے بستر اور دور کر مجھ سے اپنی رحمت کے ساتھ پوشیدہ بلائیں، بیشک تو احسان کرنے والا ہے، ہر انسان پر فضل کرنے والا ہے جو بخشش کے ساتھ

فارغ القلب طیب النفس واثقا بموعود الرب اسئلک اللھم ان تجعل لی شیئا تمسکت به لا من من الخلق واجذبنی الیک بالھدایة الی طریق الحیاة والارشاد بسبیل النجاة یا من یھب الکثیر ویقبل القلیل ویحب الاحسان ویجود بالتفضیل علی اھل الایمان والاحسان اسالک اللھم بسید البشر وشفیعک یوم المحشر وحبیبک الذی بعثته لعبادک یوم الآن فتة تنبسط النفع و تدفع الضرر واعذنی من کل بلیة واکرمنی بخیر العطیة وازل عنی بوافقک سر البلیة فانت المحسن بکل انسان المتفضل بالجود والاحسان بالمؤمن ۔

اسم مہیمن کا مؤکل مسخر ہو اسم مُھَیمِن کا خادم قطیائیل ہے جس کے تحت پانچ حاکم ہیں ان میں ہر ایک ۴۵ صفوں کا مالک ہے اور ہر صف میں ۴۵ مؤکل ہیں یہ اسم جبرائیلؑ کے زیر اثر ہے اور قدرت کے اسرار کا مظہر ہے۔ جس کو منجانب اللہ طریقہ حق تعلیم ہوا وہ اسے بہتر سمجھتا ہے۔ ذاکر اس اسم کو اس کے اعداد کے موافق پڑھتا رہے تو اس کے مرتبہ میں اضافہ اور بلندئ درجات نصیب ہوتی ہے اور کسی دشمن کا اس پر قابو نہیں ہوتا اس کی دعا یہ ہے

اللھم انت المھیمن علی خلقک تنبسط آجالھم وتصل وتبین احوالھم وتقلبھم فی سائر الاحوال کاشفا لاسرار رھم فی صفائح العالم توصل سرائرھم بالآباء وتلحق ضمائرھم بالاسرار وترفع اھل القرب الی الاولی اسئلک بحق سر اطلاعک علی قلوب الاخیار وبجھر استیلائک علی نفس کل جبار وبحفظک لمن شئت ان تولی عنی الشماتة والعار وان تجعلنی مستجیبا لک فی محل اطلاعک غائبا فی المعاملة باصطناعک واجعلنی مشرقا علی اعلان الکشف والمشاھدة وعلی اسرار الوعد والمواعدة انک علیم بذات الصدور وقادر علی بعث من فی القبور ۔

اسم عزیز کا مؤکل مسخر اور حصول عزت عَزِیزٌ میں اسم اعظم ایک مشمولہ آواز ہے جو شخص اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ عزت نصیب کرتا ہے مؤکل اس کا منجائیل ہے جس کے تحت چار مؤکل ہیں جو ۴۹ صفوں کے افسر ہیں اور ہر صف میں ۴۹ مؤکل ہیں اور یہ سب حضرت جبرئیل کے زیر اثر ہیں۔ اس اسم کے ذاکر پر مؤکل نازل ہوتا ہے اور بڑی عزت اس کو نصیب ہوتی ہے دعائے اسم عزیز یہ ہے

یا عزیز انت الثابت فی عزک الدائم المحبة فی حقک القائم بعز قدرتک لاھل المعرفة والعرفان وتذل بقھرک وسلطانک اھل المذلة والطغیان اھل القوی باظھار کل مکنون فی کون کما یکون اسئلک بعز عزک وجلال مجدک وانبساط جنابک وسرک وسرائک وملکک الذی لیس له شبیه ولا مثیل ولا نظیر وبنور الجامع المنیع الخطیر ان تجعلنی الیک خطیرا وبطاعتک بکل نظیر ابصر افقه اولیائک مشرقا مکرما بتعلیمک یا من حارت العقول عن ادراک جلال عظمته وکلت الاکثر عن استیفاء مدح نورہ ورحمته ذھبت الاذھام عن تصرفات ذاته وجودہ واضطربت القلوب ان تجلیات جماله وجلاله ارزقنی رؤیة السر الذی اودعته فی مشارق الارض ومغاربھا واطلعنی علی جواھرھا وکنوز معادنھا وخصصنی بک لذلک بقبول نورک وجلال مجدک انک انت السید القوی الفعال الکبیر المتعال یا عزیز ۔

اسم جبار کا مؤکل مسخر اور ہر طرح کی حفاظت اس اسم کے ذاکر پر کوئی شخص زبردستی نہیں کر سکتا اور کبھی کوئی تکلیف بھی نہیں پہنچا سکتا۔ سربراہوں کے لئے یہ ذکر بہت مناسب ہے۔ کیونکہ جو سربراہ اس اسم کا ذکر کرتا ہے اس پر کوئی دوسرا بادشاہ غالب نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ اس سے زبردست ہو، مؤکل اس کا صدقیائیل ہے۔ جس کے تحت چار مؤکل ہیں جن میں سے ہر ایک ۲۰۰۰ صفوں کا حاکم ہے اور ہر لائن میں ۲۰۰۰ مؤکل ہیں۔ یہ اسم اسرافیلؑ کے زیر حکم ہے۔ اس اسم کے ذاکر کے پاس مؤکل حاضر ہو کر اسکی حاجت پوری کرتا ہے نیک بخت ہے وہ شخص جو ایسی حاجت طلب کرے۔ جس سے دارین میں اس کو نفع ہو جائے اسم جبارؔ یہ ہے۔

یَا جَبَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ تُجِیْزُ الْکَبِیْرَ وَ تَکْتَنِفُ مِنْ کُلِّ کَبِیْرٍ قُدْرَتُکَ نَافِذَۃٌ فِیْ جَمِیْعِ الْجَبَابِرَۃِ وَعِزَّتُکَ قَلَّدَتْ ضَلَالَ الْمُتَکَابِرَۃِ اَنْتَ رَبُّ الْاٰخِرَۃِ جَبَّارٌ وَ مُؤْنِسُ الْاَبْرَارِ وَ بَآرٌّ بِالصَّفَایَا الْکِبَارِ دُمُصْلِحُ اُمُوْرِ الْخَلَائِقِ وَ مُظْهِرُ سِرِّ الْحَقَائِقِ وَ صَانِعُ الرَّقَائِقِ وَالدَّقَائِقِ اَسْئَلُکَ یَا جَابِرَ کُلِّ کَسِیْرٍ وَّ نَاصِرَ الْاَوْلِیَاءِ بِلَا وَزِیْرٍ وَّ رَازِقَ کُلِّ صَغِیْرٍ وَّ حَقِیْرٍ بِسِرِّ مَا اٰوَیْتَہٗ فِیْ جَبَلِ رَحْمَتِکَ مِنْ جَلِیْلِ قُوَّتِکَ وَ عَظِیْمِ مَغْفِرَتِکَ وَ مَوَادِ مَحَبَّتِکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مُتَوَکِّلًا عَلَیْکَ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِیْ نَاظِرًا اِلَیْکَ فِیْ جَمِیْعِ بَوَاطِنِ اَحْوَالِیْ وَ اَقْوَالِیْ وَ تَجْعَلَ رَمَامِیْ بِیَدِکَ وَ اِسْلَامِیْ عَلَیْکَ وَالْتِجَائِیْ وَ مَعَاذِیْ اِلَیْکَ یَا مَنْ عَزَّ جَنَابُہٗ عَنِ الْفَهْمِ وَالْاِدْرَاکِ وَ تَعَالٰی کِبْرِیَائُہٗ عَلَی الْاِطْلَاقِ وَالْاِمْسَاکِ اَسْئَلُکَ بِزَوَائِدِ فَضْلِکَ وَ فَوَائِدِ تَوَاتُرِ نِعَمِکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ سَعَادَۃَ کُلِّ سَعِیْدٍ فِیْ دَارِ السُّرُوْرِ وَ جَنِّبْنِیْ شَقَاوَۃَ کُلِّ شَقِیٍّ فِیْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَ خُصَّنِیْ بِشَهَادَۃِ الشُّهَدَاءِ وَ کُلِّ شَهِیْدٍ عِنْدَ الْبِسَاطِ اَنْوَارِکَ یَوْمَ الْوَعِیْدِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ مُقَرِّبُ کُلِّ بَعِیْدٍ وَّ اَنْتَ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔

فصل ۲۲: اسماء وہبیات کا دوسرا طریقہ اور خواص

جاننا چاہیئے اسماء حسنیٰ میں سے اَلْغَفَّارُ الْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ الْغَافِرُ التَّوَّابُ الْحَمِیْدُ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ اَلْوَدُوْدُ الشَّاکِرُ۔ یہ تمام اسماء ایک سلک میں ہیں۔ اس طریقہ میں روگردانی کرنے معافی مانگنے تسبیح اور نیکی ظاہر کرنے برائی کی اصلاح کرنے عیب پوشی اور سختی سے آسانی اور رقتِ قلب کے اسرار موجود ہیں جو کوئی گناہوں میں مبتلا اور نیکیوں سے بدل دے گا اور تمام گناہ اس کے بخش دے گا جو شخص ان اسماء کا وعظ یا نصیحت سنے گا۔ اس کے دل میں اثر ہوگا اور ہر چیز سے اسی کو عبرت حاصل ہوگی اس میں اَلْغَفَّارُ الشَّکُوْرُ الْغَافِرُ گنہگار کے لئے بہترین ذکر ہے۔ ان کے ذاکر کی حالت بہت بہتر ہو جاتی ہے۔ اسم تَوَّابٌ حَمِیْدٌ اہل سے بہت قریب ہیں۔ ان کے ذکر سے ہر کام آسان ہوتا ہے۔ اسم سَمِیْعٌ وَّ بَصِیْرٌ کے ذکر سے فہم و عقل چمکتی ہے اور بے اندازہ عزت حاصل ہوتی ہے اور عجیب اسرار سمجھ میں آتے ہیں، حقائق اشیاء منکشف ہوتی ہے۔ ان کے ذاکر کی قوت سامعہ اور باصرہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ شیخ محمد خراسانی کے دماغ پر (جب کہ فارس نے خراسان پر حملہ کیا تھا) ایک سخت صدمہ پہنچا تھا۔ انہوں نے مجھ سے ذکر کیا۔ میں نے یہی دونوں نام ان کو بتلائے وہ پڑھتے رہے تھوڑے ہی دنوں میں ان کو بہت فائدہ ہوا۔ اس وقت سے وہ میرے ساتھ رہے یہاں تک کہ ان کا انتقال ہوگیا۔

لوگوں کے قلوب میں محبت اسم وَدُوْدٌ اور شَاکِرٌ اللہ تعالیٰ ان اسموں کے ذاکر کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے ذاکر جس کام کا

قصد کرتا ہے اس میں کامیاب ہوتا ہے۔

اسم متکبر اور حاجت روائی

مُتَکَبِّرُ: یہ اسم حجاب ہیبت پر لکھا ہے اس اسم کا ذاکر ہمیشہ ہیبت والا رہتا ہے۔ خادم اس کا خطیائیل ہے جو حجاب ہیبت کے پاس کھڑا رہتا ہے اس کے تحت پانچ افسر ہیں جن میں سے ہر ایک ۲۲۲ صفوں کا حاکم ہے اور ہر لائن میں ۳۶۶۲ مؤکل ہیں۔ رنگ آفتاب کی مانند سب کے رنگ سفید اور لباس زرد ہیں جب ذاکر اس اسم کا ذکر کرتا ہے تو مؤکل اس کے پاس آکر اس کی حاجت پوری کرتا ہے۔ اس اسم کی دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُتَکَبِّرُ الْکَبِیْرُ الْمُحِیْطُ عِلْمُہٗ قَدْ جَدَتُ الْاَشْیَاءِ وَاخْتَرَعْتَ صُوَرَھَا بَعْدَ بَسْطِ الْاَسْمَاءِ وَاَنْتَ الْجَامِعُ لِحَقَائِقِھَا فِیْ ظَاھِرِ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ بِجَلَالِ نِعَمِکَ وَلَطَائِفِ کَرَمِکَ وَاَسْرَارِ حَقِّکَ بِوَاسِطَۃِ جَرَیَانِ قَلَمِکَ اَنْتَ الْکَبِیْرُ عَلَی الْاِطْلَاقِ الْمَوْصُوْفُ بِجَلَالِ الْاَخْلَاقِ الْمُنْعِمُ بِالْعَطَایَا السَّرْمَدِیَّۃِ الْاَزَلِیَّۃِ وَالْمَنَائِحِ السَّرِیَّۃِ فِیْ یَوْمِ التَّلَاقِ اَنْتَ اَکْبَرُ مِنْ کُلِّ کَبِیْرٍ وَجَاعِلُ الْمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا بِکُلِّ نَبِیٍّ وَنَذِیْرٍ الْمُسْتَوِیْ عَلَی الْعَرْشِ الَّذِیْ کَانَ عَلَی الْمَاءِ اَسْئَلُکَ بِصِفَاتِ رُبُوْبِیَّتِکَ وَجَاءِ اِحَاطَتِکَ الْمُسْقِطَاتِ فِیْ عَوَالِمِ صِفَاتِکَ وَاَسْمَائِکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ فَارِغًا مِنْ کُلِّ شَیْءٍ سِوَاکَ مُتَوَفِّقًا دُوْنَکَ وَمَا لَیْسَ فِیْہِ رِضَاکَ وَابْسُطْ وُجُوْدِیْ فِیْ مَقَامِ التَّصْوِیْرِ وَاَیِّدْنِیْ بِالْبَھَآءِ وَالنُّوْرِ اِنَّکَ اٰمِرُ کُلِّ شَیْءٍ یَا مُتَکَبِّرُ۔

اسم خالق کا مؤکل مسخر

یہ اسم بڑا قدیم ہے اس لئے اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے خالق ہے۔ مؤکل اس کا حتیائیلؑ ہے۔ جس کے تحت چار افسر ہیں۔ اور ان میں سے ہر ایک ۱۷ صفوں کا حاکم ہے۔ اور ہر صف میں ۱۷ مؤکل ہیں یہ مؤکل آسانی سے رزق رسانی اور ماں کے پیٹ میں بچہ کی صورت بنانے پر مامور ہیں۔ اور حضرت میکائیلؑ کے زیر اثر ہیں۔ اس اسم کے ذاکر کے پاس مؤکل آکر اس حاجت روائی کرتا ہے۔ عامل کو چاہیئے۔ کہ کچھ خوف و خطر نہ کرے کیونکہ جو ڈرا وہ مرا۔ دعا اس اسم کی یہ ہے:-

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْمُقْتَدِرُ فِیْ عِلْمِکَ اَوْجَدْتَ الْاَشْیَاءَ وَاَنْتَ الْمُخْتَرِعُ صُوَرَھَا قَبْلَ بَسْطِ الْاَسْمَآءِ وَاَنْتَ الْجَامِعُ لِحَقَائِقِھَا فِیْ ظَوَاھِرِ الْاَرْضِ وَبَاطِنِ السَّمَآءِ اَسْئَلُکَ بِجَلَالِ نِعَمِکَ وَلَطَائِفِ کَرَمِکَ وَاَسْرَارِ رَحْمَتِکَ بِوَاسِطَۃِ جَرَیَانِ قَلَمِکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ قَائِمًا بِکَ مُنِیْبًا اِلَیْکَ رَاجِیًا اِیَّاکَ عَالِمًا بِکَ وَارْزُقْنِیْ رُؤْیَۃَ الْاَخْیَارِ الْمُقَرَّبِیْنَ اِلَیْکَ وَامْنَحْنِیْ عِلْمًا بِکَ فِیْ مَقَامِ الْعُبُوْدِیَّۃِ وَارْشِدْنِیْ اِلٰی سُرَادِقَاتِ نُوْرِ رُبُوْبِیَّۃِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْمَشْھُوْدُ یَا خَالِقُ۔

اسم باری مؤکل مسخر ہو اور دشمنوں کو نقصان

بَارِئُ: اس اسم کے معنی ہیں وہ ذات جو پیدا کرتی ہے اور پھر دوبارہ زندہ کریگا۔ اس اسم میں فنا ہو کر دوبارہ زندہ ہونے کا راز ہے جو لوگ اپنے منصب یا عہدہ سے الگ ہو گئے ہوں۔ اس اسم کے ذکر سے ان کو پھر وہ مل جائیگا۔ اس اسم کا خادم سلسائیل ہے جو فرشتگان قہر میں سے ہے۔ اس کے تحت چار مؤکل ہیں جن میں ہر ایک ۱۲ صفوں حاکم ہے اور ہر صف میں ۱۲ مؤکل ہیں اور یہ تمام کے تمام حضرت عزرائیل کے زیر حکم ہیں۔ دشمن کے قتل یا بیمار کرنے وغیرہ کے خواص اس اسم میں بہت ہیں۔ اے اللہ اپنے غیب کے بھید ہم پر کھول دے۔ تیرے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے۔ اے پیدا کرنے والے ہماری سن لے اس اسم کی دعا یہ ہے۔

يَا بَارِئَ الْأَسْقَامِ وَالْعِلَلِ أَنْتَ الْمُعِيْنُ لِمَقَادِيْرِ حَقَائِقِ الْأَشْيَاءِ بِقُدْرَتِكَ وَأَنْتَ الْجَامِعُ بَيْنَ صُوَرِ الْأَشْيَاءِ وَأَسْرَارِهَا فِيْ بِرِّكَ وَبَحْرِكَ أَسْئَلُكَ بِدَقَائِقِ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ وَرَقَائِقِ عِلْمِكَ الْوَفِيِّ أَنْ تُنَوِّرَ مَا فِيْ مَقَامِ الْإِنْجِلَاءِ وَأَنْ تَرْزُقَنِيَ الْإِطِّلَاعَ عَلَى مَكْتُوْبٍ مِنْهَا بِسِرِّ سِرِّكَ الْمَوْضُوْعِ فِيْ قُلُوْبِ قَلِيْلٍ بِنُوْرِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ إِنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الرَّؤُوْفُ الرَّحْمٰنُ الْمُتَفَضِّلُ بِالْجُوْدِ وَالْإِحْسَانِ يَا بَارِئُ۔

اسم مصور کا موکل مسخر ہو تمام حاجات پوری ہوں

مُصَوِّرُ.. اس اسم عظیم میں دل پر علوم کی شکل نقش ہونے کے خواص ہیں۔ اس سے فکر الہی پیدا ہوتا ہے اس کے موکل کا نام ہرنال ہے جس کے تحت چار افسر ہیں ان میں سے ہر ایک ۳۳۶ صفوں کا مالک ہے اور ہر صف میں ۳۳۶ موکل ہیں۔ دنیا کے معلومات اور تصویر مخارقات ان کا کام ہے۔ یہ سب حضرت جبرئیل کے زیر فرمان ہیں۔ ذاکر اس اسم کے عدد کے موافق جب ذکر کرتا ہے تو موکل حاضر ہو کر اس کی حاجت روائی کرتا ہے اور وہم و خیال میں تصرف کی قوت پیدا کر کے روحانیت غیبیہ پر سے پردہ اٹھاتا ہے مگر یہ سب باتیں ریاضت کی پابندی اکل حلال معدہ کی صفائی اور فکر کی صحت پر موقوف ہیں۔ سالک ان مدارج کو حاصل کرتے ہوئے عالم ارواح سے ملاقات شروع کرتا ہے اور اتحاد کا سلسلہ عالم علوی سے قائم ہوتا ہے۔ اگر سالک نے سہواً غلطی کی تو عالم سفلی کی طرف گر جاتا ہے۔ اور فوراً عالم بالا اور اس کے درمیان حجاب واقع ہو جاتا ہے یہ مختصر نصیحت عاقل کے لیے بہت ضروری ہے۔ نتیجہ عمل سے معلوم ہوتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کسی بھائی کو اس راہ کی توفیق دے تو عمل سے پہلے ہمارے اس مضمون پر اس کو غور کرنا چاہیے۔ ورنہ سوا پشیمانی کے کچھ اور حاصل نہ ہوگا۔ ہم بھی ایک مرتبہ شرمندہ ہو چکے ہیں گر چونکہ توفیق الہی نصیب ہوئی۔ اس لیے چند دن حیران رہ کر کامیابی ہوئی اور مقصود حاصل ہوا۔ والحمد للہ علیٰ ذالک۔ شرائط اعمال کتاب میں ایک جگہ بیان نہیں کی گئی ہیں۔ عاقل کو چاہیئے کہ ان کو جگہ جگہ سے چن کے کام کرے جب بندہ ارادہ کرتا ہے تو اللہ اس کو راہ مستقیم بتاتا ہے۔ دعائے اسم مصور یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمُصَوِّرُ الَّذِيْ تَجْمَعُ الشَّتَاتَ وَتَضُمُّ الْمُتَفَرِّقَاتِ وَتُظْهِرُ مِنْهَا صُوَرًا بَدِيْعَةَ التَّرْكِيْبِ مُتَصَرِّفًا فِيْ أَنْوَاعِ أَسْرَارِ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ قَدَّرْتَ الْأَقْوَاتَ وَأَبْدَعْتَ الذَّوَاتَ وَأَثْبَتَّ الصِّفَاتِ أَسْئَلُكَ بِحَقِّ سِرِّكَ الْمُوْدَعِ فِيْ قَلْبِ نَبِيِّكَ وَبَرْزَخِ سِرِّكَ الْمَوْجُوْدِ فِيْ رُوْحِ أَوْلِيَائِكَ وَبِيَدِ ائْتِلَافِ لُطْفِكَ فِيْ مَقْدُوْرَاتِكَ وَدَقَائِقِ مُخْتَرَعَاتِكَ وَبِعَجَائِبِ غَرَائِبِ حِكْمَتِكَ فِيْ مَصْنُوْعَاتِكَ أَنْ تَجْعَلَ صُوْرَتِيْ مَنْسُوْبَةً مُتَحَلِّيَةً مُسْتَعِدَّةً لِالْتِبَاسِ الصُّوَرِ الْعِلْمِيَّةِ الْمُطَابِقَةِ لِلصُّوَرِ الْوُجُوْدِيَّةِ وَاجْعَلْنِيْ حَامِلَ سِرِّ الْقُرْاٰنِ مَوْصُوْفًا بِأَنْوَارِ سِرِّ الْفُرْقَانِ وَأَنْتَزِعْنِيْ بِالطَّلَاقَةِ اللِّسَانِ وَزَيِّنْ بَاطِنِيْ بِنُوْرِ الْوَحْدَةِ وَالتَّوْحِيْدِ وَاخْلَعْ عَلَيَّ مَلَابِسَ التَّجْرِيْدِ وَالتَّفْرِيْدِ حَتّٰى أَنْفَرِدَ بِكَ فِيْ مَقَامِ التَّعْدِيْلِ يَا مَنْ بِيَدِهِ الْمِيْزَانُ لِإِظْهَارِ الْقِسْطِ وَالتَّكْمِيْلِ وَالْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ وَالسُّلْطَانِ لِانْتِسَابِ سِرِّ الْمَوْصُوْلِ وَالتَّوْصِيْلِ يَا مُصَوِّرُ۔

اسم غفار کا موکل مسخر ہو غصہ کی کمی و تبدیلی قلب

اس اسم میں غصہ ٹھنڈا کرنے کی اور دلوں کے بدلنے کا زبردست اثر ہے اس کے خادم کا نام جرعیائیل ہے جس کے تحت چار فرشتے ہیں جن میں ہر ایک

۱۲۸۱ صفوں کا مالک ہے اور ہر لائن میں ۱۲۸۱ فرشتے ہیں ان میں اور غصہ کے فرشتوں کے درمیان نور اور ظلمت کے ایک ہزار حجاب ہیں۔ ذاکر اس اسم کا ذکر کرے تو موکل آکر علم و بردباری اور ریاضت عنایت کر کے اس کے غصہ و غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے اگرچہ اس کا نفس برا ہو۔ مگر اللہ تعالیٰ نفس مطمئنہ اسے عطا کر دیتا ہے۔ اور یہ سب مراتب اسی موکل کے ذریعہ حاصل ہوتے ہیں اگر یہ شخص اس موکل کی خوشامد اور موجودہ منفعت پر قانع ہوا تو جو ملا وہ اس کا حصہ ہے اور اگر اس کی طرف توجہ اور اس کی پرواہ نہ کی۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی جانب راغب رہا تو موکل اپنے تابعین سمیت اس کا غلام ہے اور اللہ کے پاس موکل کا درجہ اس موکل سے بڑھ کر ہوگا۔ اس راز کو خوب سمجھ لو کیوں کہ اس سے بہتر نفع کی بات آپ کے سننے میں نہ آئی ہوگی۔ اے اللہ جو کچھ تو عنایت کرے اس کا کوئی روکنے والا نہیں ہے اور جو نہ دے اس کا کوئی دینے والا نہیں ہے اے غفار میری سن لے۔ دعائے اسم غفار یہ ہے

اَللّٰهُمَّ یَا غَفَّارُ اَنْتَ الْمُبْدِعُ جَلَائِلَ النِّعَمِ وَعَظَائِمَهَا وَاَنْتَ الْمُنْشِئُ نَ فَائِقَ النُّوْرِ تَائِقِهَا وَاَنْتَ الْمُسْبِلُ بِنِعَمِكَ عَلٰى كُلِّ الْخَلْقِ وَاَنْتَ الْمُتَصَرِّفُ فِيْمَا اَحْكَمْتَ فِيْهِمُ الْمَوْجُوْدُ رَبِّهِمُ الْحُكْمُ تَسْتُرُ الْعُيُوْبَ وَ يَكْشِفُ الْكُرُوْبَ وَتُظْهِرُ مِنْ بَيْنِهِمَا الشُّرُوْقَ وَالْغُرُوْبَ اَنْتَ الْغَافِرُ الْغَفَّارُ الْغَفُوْرُ بِمَا اَبْدَيْتَهُ يَا مَنْ قَهْرُكَ وَاَنْتَ الْعَالِمُ الْعَلِيْمُ بِمَا اَكْنَنْتَهُ فِیْ ظَوَاهِرِ لُطْفِكَ وَبِمَا اَخْفَيْتَهُ فِیْ ضَمَائِرِ صُدُوْرِ اَهْلِ مَحَبَّتِكَ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الْقَدِيْمَةِ وَبِقُوَّتِكَ الْقَوِيْمَةِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ بِوُدِّ عَفْوِكَ يَوْمَ الْعَشْرِ وَعَلَامَةِ مَغْفِرَتِكَ يَوْمَ ظُهُوْرِ اَتَهِمَّدَا الْحُزْنِ وَالسُّرُوْرِ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلٰى دَوَامِ الذِّكْرِ لِانْكِشَافِ نُوْرِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ النُّوْرُ وَ شَافِی الصُّدُوْرِ يَا غَفَّارُ۔

اسم قہار کا موکل مسخر ہو ہر طرح کے دشمن مغلوب

قَهَّارُ اس اسم کے ذاکر کا نفس اور اس کی خواہشیں اور اس کے سب دشمن بالکل مغلوب ہو جاتے ہیں۔ اس کے خادم کا نام دھیائل ہے جس کے تحت چار افسر ہیں جن میں سے ہر ایک ۳۰۰۶ صفوں کا حاکم ہے۔ اور ہر صف میں ۳۰۰۶ فرشتے ہیں۔ اور یہ سب موکل زجر و قوت رکھتے ہیں ذاکر اس اسم کا ذکر کرے تو موکل اس کو دو خلعت دیتا ہے ایک ظاہری اور دوسری باطنی جن کی وجہ سے ظاہری و باطنی دشمن مغلوب ہوتے ہیں۔ اور کسی شخص کو ذاکر کے رعب کی وجہ سے بات کرنے کی طاقت نہیں ہوتی۔ دعائے اسم قہار یہ ہے۔

یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ قَهَرْتَ الْجَبَابِرَةَ وَالْفَرَاعِنَةَ بِالْاِهَانَةِ وَالْاِذْلَالِ وَاَنْتَ الَّذِیْ مَحَوْتَ اَثَرَهُمْ فِی السَّاهِرَةِ وَرَدَدْتَهُمْ اِلَى النَّارِ لَكَ الْقُوَّةُ وَالْقُدْرَةُ الْغَالِبَةُ وَالْعِزَّةُ الشَّامِخَةُ قَادِرٌ عَلٰى مَا تُرِيْدُ فِی الْحَالِ وَالْمَآلِ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اَنْتَ وَكُلَّمَا اَبْدَيْتَهُ مِنَ الْمَخْلُوْقَاتِ دَاخِلٌ تَحْتَ قَهْرِكَ اَسْئَلُكَ بِدَقَائِقِ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ وَاِحْسَانِكَ الْوَفِیِّ اَنْ تَجْعَلَ نَفْسِیْ بِاَنْوَارِ الْعِبَادَةِ مَعْمُوْرَةً وَرُوْحِیْ بِاَسْرَارِ الْمَعَارِفِ مَنْشُوْرَةً وَقَلْبِیْ بِحَقَائِقِ رَوَائِحِ اَسْمَائِكَ وَصِفَاتِكَ وَاجِدًا اِنَّكَ شَاهِدٌ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِلَطَائِفِ بِرِّكَ وَاِحْسَانِكَ تَكْمِيْلَ بِهَا نَفْسِیْ فِی الْاَفْعَالِ وَتُكَمِّلُ بِهَا لِسَانِیْ فِی الْاَقْوَالِ وَاَنْتَ الْمُهَيْمِنُ بِمَا حَرَّمْتَهُ فِی الْاَدْوَارِ يَا قَهَّارُ۔

اسم وہاب کا مؤکل مسخر اور حصول عزت وجاہ

وَهَّابٌ یہ اسم اس کے لیے جو دنیا اور آخرت میں عزت چاہتا ہو بہت مفید ہے اسی اسم کی برکت سے حضرت سلیمانؑ کو انگوٹھی ملی تھی جو ان سے پہلے کسی کو نہیں ملی تھی۔ جو شخص اسم وہاب کے اسرار و رموز سے واقف ہوا۔ اس نے اپنی تمنا پالی۔ اس کے مؤکل کا نام ھیطائیل ہے اور اس کے تحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۴۵ صفوں کا حاکم ہے اور ہر لائن میں ۴۵ ہزار فرشتے ہیں جو سب کے سب حضرت میکائیل کے زیر فرمان ہیں دعائے اسم وہاب یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ يَا وَهَّابُ أَنْتَ تَهَبُ الْجَزِيْلَ وَتُعْطِي الْجَلِيْلَ وَتَهْدِيْ عِبَادَكَ اِلٰى دَارِ السَّعَادَةِ بِلَا امْتِرَاءٍ أَسْأَلُكَ بِسِرِّ الْأَسْرَارِ الْمُوْدَعِ فِيْ حُرُوْفِ التَّيْسِيْرِ وَبِمَوَاهِبِ لُطْفِكَ الْمُنْدَرِجَةِ فِي الْقِسْمِ وَبِمَا بَسَطْتَهُ مِنْ لَطَائِفِ جُوْدِكَ فِيْ عَزَائِمِ الْأُصُوْلِ وَأَنْ تَجْعَلَنِيْ رَاجِعًا اِلَيْكَ بِحُسْنِ الْكَسْبِ مُحَافِظًا عَلَى الرُّشْدِ بِمَا مَنْ هُوَ بِالْمِرْصَادِ يَدْعُوْ الْعِبَادَ اِلَى الْمَعَادِ يَا وَهَّابُ.

اسم رزاق کا مؤکل اور رزق کی فراوانی

رَزَّاقٌ یہ اسم بڑا عظیم و قدیم ہے اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے رزاق ہے اس اسم کے مؤکل کا نام یھوائیل ہے یہ وہ مؤکل ہے جو باغات اور نباتات وغیرہ کی پرورش کے ذریعہ بندوں کو رزق پہنچاتا ہے جس شخص نے اس کے مؤکل کے نام سے واقف ہو کر اسے اپنی کھیتی یا باغ پر مقرر کیا اس نے بہت نفع کمایا۔ اس کے مؤکل کے تحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۳۰۸ صفوں کا مالک ہے اور ہر لائن میں ۳۰۸ فرشتے ہیں۔ جو اس اسم کا ذکر کرتا ہے مؤکل اس کے پاس آکر ہر حاجت پوری کرتا ہے۔ اور رغیب سے اس کو رزق ملتا ہے دعائے اسم رزاق یہ ہے

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الرَّزَّاقُ لِكُلِّ مَا أَوْجَدْتَهُ مِنْ جُوْدِكَ وَأَنْتَ الْمُكَمِّلُ ذَاتًا وَصِفَةً مِنْ خِيَانَةِ شُرُوْدِكَ وَأَنْتَ الْمُنَزِّلُ رِزْقَهُمْ مِنْ غَوَامِضِ عِلْمِكَ بِوَاسِطَةِ أَسْمَائِكَ وَأَرْحَمُكَ أَسْأَلُكَ بِمَكْنُوْنَاتِ صُنْعِكَ أَنْ تَجْعَلَ وُجُوْدِيْ مَحَلَّ الْخَيْرَاتِ وَوَاسِطَةَ الْبَرَكَاتِ مِنَ الْأَفْعَالِ وَالصِّفَاتِ وَارْزُقْنِيْ عِلْمًا نَافِعًا لِلْقُلُوْبِ النَّفْسِيَّةِ وَحَالًا جَامِعًا لِلْأَحْوَالِ الْأُنْسِيَّةِ وَيَدًا مُعْطِيَةً لِلْعَطَايَا الْمَرْضِيَّةِ وَاجْعَلْنِيْ اَخْدُمُ مِنْكَ عَلٰى نَعْتِ الْجَمْعِ وَالتَّفْصِيْلِ مُوْصِلًا اِلٰى عِبَادِكَ لَا اَجِدُ اِلَّا الْكَمَالَ وَالتَّكْمِيْلَ وَارْزُقْنِيْ بِلَطَائِفِ التَّوْحِيْدِ وَخَصَائِصِ التَّوْفِيْقِ وَالتَّسْدِيْدِ اِنَّكَ أَنْتَ فَعَّالٌ لِمَا تُرِيْدُ.

اسم فتاح کا مؤکل اور کامیابی کی کنجی

فَتَّاحٌ اس اسم کی برکت سے باطن کے راز کھلتے ہیں اس کے مؤکل کا نام لحیائیل ہے جس کے تحت چار مؤکل ہیں جن میں ہر ایک ۴۸۹ لائن کا حاکم ہے اور ہر لائن میں ۴۸۹ فرشتے ہیں۔ ان تمام مؤکلوں کے ہاتھ میں برکتوں کی کنجیاں ہیں ان کا کام خیر و برکت لانا ہے پاک ہے وہ ذات جو بخشش نازل کرتی ہے، جو شخص اس اسم کے اعداد کو باہمی ضرب کر پڑھے اور روزہ دار ریاضت کی مداومت رکھے تو مؤکل آکر اس کی حاجات پوری کرتا ہے دعائے اسم فتاح یہ ہے۔

يَا فَتَّاحُ أَنْتَ الَّذِيْ تَفْتَحُ اَقْفَالَ الصُّدُوْرِ بِمَفَاتِيْحِ الْعِنَايَةِ الْأَزَلِيَّةِ وَأَنْتَ الْغَنِيُّ الْكَرِيْمُ وَأَنْتَ الْمُعْطِي الْكَرِيْمُ نِعَمَكَ لِمَنْ شِئْتَ بِيَدِكَ مَفَاتِيْحُ الْخَيْرَاتِ وَالْكُنُوْزِ وَأَنْتَ الْمُسَهِّلُ بِصِعَابِ الْأُمُوْرِ وَبِيَدِكَ دَقَائِقُ الدُّرِّ مِنَ النُّوْرِ وَالْبَاعِثُ رُوْحَ الْجَوَادِ اِلٰى ضَمَائِرِ سِرِّ آثَارِ أَصْحَابِ الصُّدُوْرِ وَاَهْتَمُّ

بِعِنَايَتِكَ كُلَّ أَمْرٍ مُغْلَقٍ وَانْكَشَفَ بِأَمْرِكَ سِرُّ كُلِّ مُنْقَفِلٍ وَمُقْتَرٍ أَسْئَلُكَ يَا فَتَّاحُ كُلِّ خَيْرٍ وَدَافِعُ كُلِّ ضَيْرٍ أَنْ تَجْعَلَنِي لَدَيْكَ وَاثِقًا قَابِلًا مِنْكَ إِلَيْكَ قَابِضًا قَبُوْضَ الْحَيَاةِ الْعِلْمِيَّةِ وَالْمَنَائِحِ سَرْمَدِيَّةٍ وَحُسْنِ الْإِنْتِظَارِ بِظُهُوْرِ وُجُوْدِ نُطْقِكَ دَائِمَ التَّرْتِيْبِ لِحُصُوْلِ كَمَالِ فَضْلِكَ مُسْتَدِيْمَ التَّكَلُّمِ بِوُجُوْدِ ابْتِدَاءِ كَرَامَتِكَ وَافْتَحْ عَلَى قَلْبِيْ وَيَسِّرْلِيْ أَبْوَابَ الْكَشْفِ وَالْمُشَاهَدَةِ وَأَيِّدْنِيْ عَلَى قَبُوْلِ نُوْرِ وَجْهِكَ عِنْدَ بَسْطِ خَزَائِنِ مَانِيْ رَحْمَتِكَ وَمَغْفِرَتِكَ يَا قَدِيْمَ الْإِحْسَانِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔

اسم کا موکل مسخر اور حصول علم

عَلِیْمٌ اس اسم میں اسم اعظم کے دو حرف ہیں اور یہ اسم قدیم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے علیم ہے یہ نام اس شخص کے لئے بہت زیادہ فائدہ مند ہے جو علم غیب کا طالب ہو اور اللہ تعالیٰ اپنے غیب پر کسی برگزیدہ رسول کے سوائے کسی دوسرے کو مطلع نہیں کرتا اس کے مؤکل کا نام نطفیائیل ہے جس کے تحت چار افسر ہیں جن میں سے ہر ایک ۱۵۰ صفوں کا حاکم ہے اور ہر صف میں ۱۵۰ فرشتے ہیں۔ ذاکر کے پاس مؤکل آ کر اس کی حاجت پوری کرتا ہے یہ بات خود ذاکر کی کوشش کرے تاکہ محنت کا پھل ملے۔ دعائے اسم علیم یہ ہے

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْعَالِمُ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعَالَمِيْنَ وَأَنْتَ الْعَالِمُ بِمَا فِيْ سَرَائِرِ الْخَاشِعِيْنَ وَتَرٰى مَا فِيْ مَكْنُوْنِ ذَوَاتِ الْعَالَمِيْنَ وَأَنْتَ الْمُحِيْطُ بِمَا فِيْ حَرَكَاتِ خَوَاطِرِ الْبَرَايَا أَجْمَعِيْنَ۔ أَسْئَلُكَ بِمَكْنُوْنَاتِ مَخْزُوْنِ أَسْرَارِ رَحْمَتِكَ وَبِكَوَامِنِ وَآجِرَائِكَ وَبِجَلَائِلِ عَظِيْمِ نِعْمَتِكَ أَنْ تَجْعَلَ عِلْمِيْ مُحِيْطًا بِكُلِّ شَيْءٍ ظَاهِرِهٖ وَبَاطِنِهٖ وَرَفِيْعِهٖ وَجَلِيْلِهٖ أَوَّلِهٖ وَآخِرِهٖ فَاتِحَتِهٖ وَعَاقِبَتِهٖ حَتّٰى أَعْرِفَ فِي انْبِسَاطِ أَسْرَارِ وَخَيْرِيَّتِكَ وَانْتِشَارِ دَقَائِقِ فَضْلِكَ وَأَتَوَسَّلَ إِلَيْكَ فِي ابْتِدَائِيْ وَانْتِهَائِيْ وَلَا أُظْهِرُ لِغَيْرِكَ رَجَائِيْ يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ وَالسَّرَائِرِ وَيَا جَامِعَ الشَّتَاتِ فِي الْبَصَائِرِ رُقِّنِيْ الْوُضُوْحَ وَالْفُتُوْحَ وَالْكَشْفَ وَالرَّشْفَ عَلٰى اسْمِ مَا يَكُنْ فِي الْخَوَاطِرِ وَالنَّوَاظِرِ فَأَنْتَ الْمُحِيْطُ بِالْكَائِنَاتِ عِلْمًا وُجُوْدًا وَأَنْتَ الْعَالِمُ عَلَى السَّرَائِرِ بِسَطَارٍ شُهُوْدًا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

فصل ۲۳: صفات امدادی مع طریق عمل

جاننا چاہیئے اسماء حسنیٰ میں سے اَلْعَلِیْمُ اَلْحَکِیْمُ اَلْبَاسِطُ اَلْکَرِیْمُ اَلْوَهَّابُ اَلتَّوَّابُ اَلنَّصِیْرُ اَلْبَدِیْعُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ مختلف خواص و اسرار رکھتے ہیں۔ ان اسماء کے ذکر کر اللہ تعالیٰ خیر خوش خلقی اور خوش گوئی عنایت ہوتی ہے اور ہر کام میں اللہ کی مدد حاصل ہوتی ہے۔

ان دو اسم اَلْعَلِیْمُ اَلْحَکِیْمُ فائدہ مند ہیں۔ جس سے علم یا حکمت معلوم کرنا ہو وہ تنہائی سر برہنہ زمین پر قبلہ رو بیٹھ کے ان کا ذکر کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو حکمت عنایت فرماتا ہے اور مطلب پورا کرتا ہے۔

اگر شرف عطارد یا شرف مشتری میں جب کہ عطارد سے متصل ہو۔ سبز یشب پر اس کا مربع چہار در چہار نقش کرکے اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ حکمت سے اس کو یا کرے گا اور جس تحریر پر اس کی نگاہ پڑے گی۔ وہ حفظ ہو جائے گی۔

فراخیٔ رزق اور بے شمار فوائد کا عمل

ان دو اسموں باسط علام الغیوب کی برکت سے نسیان دور ہوتا ہے جو شخص کسی مہینہ کی چودھویں تاریخ کو چاندی کی انگوٹھی جس پر سونے کا ملمع ہو اسم باسط کا مربع چہار ضرب چہار نقش کر کے پہنے۔ اس کے دل میں سرور پیدا ہوتا ہے اور رزق کشادہ ہوتا ہے اس اسم میں بہت سے اسرار ہیں جن کی شرح یہاں ممکن نہیں ہے

تجارت میں ترقی

ان دو اسموں کے ذکر سے رزق اور عمر میں ترقی ہوتی ہے ان کا ذاکر فقیر نہیں ہوتا۔ جو شخص ان دونوں اسماء کو عقیق کی انگشتری پر کندہ کر کے بائیں ہاتھ میں پہنے تو اس کو رزق آسانی سے ملے اور لوگوں کے دل اس کی طرف مائل ہوں۔ اور جو شخص اس کے حروف کو کسر کر کے سونے یا چاندی یا زعفران سے شرف شمس میں لکھ کر روپیہ کی تھیلی میں رکھے اور اس میں سے خرچ کرتا رہے تو روپے کبھی ختم نہ ہوں۔ بشرطیکہ سب روپیہ ایک دم نہ نکالے۔

جنگ اور لڑائی میں فتح

ان دو اسماء تَوَّابُ نَصِیْرٌ کا ذکر اللہ کی نظر عنایت سے مخصوص ہے جو دشمنوں پر غالب ہوتا ہے خصوصاً میدان جنگ میں جو شخص ان اسماء کا ورد کرے اس کو کوئی ضرر نہ پہنچے۔ اگر سفید ریشم میں ان اسماء کے اعداد نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پرچم میں لٹکائے تو وہ فتح مند ہو۔ قرآن شریف میں سے یہ آیت اور اس کی مماثل آیات اس کے موافق ہیں۔ فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْکُمَا بِاٰیٰتِنَآ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَکُمَا الْغٰلِبُوْنَ۔

حصول علوم و فنون اور حکمت کی نہریں

ان دو اسماء بَدِیْعُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ کا ذاکر جو کسی علم میں کوئی کتاب لکھنا چاہتا ہو اُن کے ذکر سے یہ کلام اس پر آسان ہوتا ہے۔ خصوصاً یہ فن کل فنون سے مشکل ہے۔ جو شخص اسم بدیعٌ کا ورد رکھے اس کو بلاغت اور حافظہ حاصل ہوتا ہے۔ مباحثہ کرنے والوں کے لئے یہ ذکر بہت مناسب ہے جو شخص عَلَّامُ الْغُیُوْبِ کے ساتھ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ کا بھی خلوت میں ذکر کرے تو حکمت کی نہریں اس کے دل سے جاری ہوں۔ اگر اس کا نقش مسدس مہینہ کے پہلے جمعہ کو ہرن کی جھلی پر بنا کر رات کو ستاروں میں رکھ کر اپنے میں باندھے تو اللہ تعالیٰ کل علم بے مشقت حاصل ہو۔ اگر چالیس دن تک ترک حیوانات کے ساتھ اسم علام الغیوب کا ورد کرے تو مخلوق کے کل احوال سے مطلع ہو۔ اور غائب چیزوں کا علم ہو۔ اس پر مداومت سے عجیب و غریب امور منکشف ہوتے ہیں اور ہم عصروں میں ممتاز ہو۔

قبولیت دعا موذی سے نجات

قَابِضٌ یہ اسم بے انتہا ذرمخفی ہے اس لئے کہ اس کا تعلق ملک الموت سے ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے ایک مٹھی خاک لینے کے لئے متعدد فرشتوں کو زمین پر بھیجا تو زمین نے سب فرشتوں کو اللہ کی قسم دی کہ مجھ سے مٹی نہ لو تو وہ سب واپس چلے گئے اس کے بعد خدا تعالیٰ نے ملک الموت عزرائیل کو بھیجا۔ ان کو بھی زمین نے قسم دی انہوں نے قسم نہ مانی۔ اور کہا میں اللہ کا فرمان بجالاؤں گا۔ تیری بات نہیں سنتا۔ چنانچہ وہ مٹھی بھر خاک لے کر اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ جب زمین نے تم کو قسم دی تو تم نے اس کی قسم کیوں نہ مانی؟ اور دوسرے فرشتوں کی طرح خالی ہاتھ کیوں نہ آئے۔ عزرئیل نے عرض کیا اللہ تعالیٰ میں جانتا ہوں کہ تیرا حکم وہ ہے جس سے چارہ نہیں ہے۔ تب اللہ تعالیٰ نے فرمایا مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم میں اس خاک سے ایک مخلوق پیدا کروں گا۔ جن کی روح قبض کرنے کا کام تیرے سپرد ہوگا تو دونوں قبضوں یعنی قبض خاک اور قبض روح کا امین ہے +اس اسم کے موکل کا نام سوجیل ہے جو ملک الموت کے کرسی بزرگی پر بیٹھا ہے جس کے تحت چار افسر ہیں۔ جن میں ہر ایک ۳۰ صفوں کا سردار ہے اور ہر صف میں ۳۰۰ موکل ہیں جن کا کام صرف قبض ارواح ہے

اس اسم کے ذاکر کے پاس مؤکل اور اس کے چاروں نائب آتے ہیں جو بڑے ہیبت دار ہیں۔ ذاکر کی روح ان کو دیکھتی ہے یہ مؤکل دو خلعتیں اپنے ذاکر کو پہناتے ہیں ایک ظاہری اور دوسری باطنی خلعت ظاہری کے اثر سے تمام درندے موذی جانور اور انسان سب اس سے ڈرتے اور بھاگتے ہیں اور باطنی تاثیر یہ کہ جس کی طرف ذاکر غصہ سے دیکھے وہ فوراً ہلاک ہو جائے، جس ظالم کے لئے بددعا کرے وہ زندہ نہ رہے۔ دعائے اسم قابض یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ قَبَضْتَ نَاصِیَةَ كُلِّ مَخْلُوْقٍ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَوْصَلْتَ رَحْمَتَكَ بِكُلِّ مَخْلُوْقٍ وَاَنْتَ الَّذِیْ نَصَلْتَ اَسْرَارَ الْمَعَانِیْ فِیْ كُلِّ مَرْتَبَةٍ تَقْبِضُ الْاَرْوَاحَ مِنَ الْاَشْبَاحِ عِنْدَ الْمَمَاتِ وَتَبْسُطُ الْاَجْسَامَ بِقُدْرَتِكَ الْبَالِغَةِ عِنْدَ اِعَادَةِ الْحَیَاةِ نَحْنُ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ فِیْ اَسْرَاعِ الْاَوْقَاتِ وَيُعْطِیْ كُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ الَّذِیْ قَدَّرْتَ لَهٗ وَاَنْتَ خِطَابَ الذَّرَّاتِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ خَلِیْلِكَ فِیْ مَقَامِ الْاِبْتِلَاءِ وَمُوْسٰی نَبِیِّكَ عَلٰی مَوَاطِنِ الْاِعْتِدَالِ اَنْ تَبْسُطَ عَلٰی قَلْبِیْ وَرُوْحِیْ سِرَّ الْاَرْوَاحِ وَاَنْ تُخْرِجَ مِنْ نَفْسِیْ اٰثَارَ الْكُفْرِ وَالنِّفَاقِ يَا مَنْ بِيَدِهٖ عَهْدَ الْمِيْثَاقِ فِیْ يَوْمِ التَّلَاقِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مَبْسُوْطًا فِیْ كُلِّ مَقْبُوْضٍ وَمَعْرُوْضًا لَدَيْكَ فِیْ بَاطِنِ كُلِّ مَعْرُوْضٍ وَارْزُقْنِیْ بِفَضْلِكَ الْعَظِیْمِ الْعَمِیْمِ مِنْ سِرِّ الْقَبْضَةِ وَمِنْ قَهْرِ الْقَبْضِ قَبْضَةً وَمِنْ اٰثَارِ الْبَسْطِ رَبِيْحَةً لَا تَنْطَفِیْ بِاٰثَارِ رَحْمَتِكَ فِی الْاَكْوَانِ وَاَحْيِنِیْ اٰثَارَ رَاْفَتِكَ عِنْدَ التَّجَلِّيَاتِ اِنَّكَ قَدِيْمُ الْاِحْسَانِ يَا قَابِضُ۔

فرحت وانبساط قلب کلمل

یا باسطُ اس اسم کا ذاکر ہمیشہ خوش رہتا ہے اس کے دل سے گھٹن دور ہو جاتی ہے اور دل کو فرحت رہتی ہے کے مؤکل کا نام بطیائیل ہے جو چار افسروں کا سردار ہے جس کے ہر ایک افسر کے تحت ۲ ے صفیں ہیں اور ہر صف میں ۲ ے فرشتے مامور ہیں۔ جن کا کام لوگوں میں فرحت اور کشادگی لانا ہے ذاکر ذکر کرتا ہے تو مؤکل اس کے پاس آکر اس کی حاجت برآری کرتا ہے دعائے اسم باسطُ یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ تَبْسُطُ الْاَرْوَاحَ فِی الْاَجْسَادِ اِلٰی ذَوَاتِهَا وَاَنْتَ الَّذِیْ تَجْمَعُ فِی الْفُؤَادِ قَلْبَ الْفُؤَادِ سِرَّ اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا يَوْمَ التَّنَادِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّكَ الْجَامِعِ وَنُوْرِكَ اللَّامِعِ بِكُلِّ مَسْمُوْعٍ وَسَامِعٍ اَنْ تَرْزُقَنِیَ الْاِطِّلَاعَ عَلٰی مَرَاتِبِ جَنَابِكَ فِی الْوُجُوْدِ بِالْاَسْرَارِ الَّتِیْ اَدْرَجْتَهَا فِی الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَابْسُطْ قَلْبِیْ فِیْ اَرْضِ الْوِلَايَةِ الْكُبْرٰی وَاشْرَحْ سِرِّیْ لِنَيْلِ حَقَائِقِ اٰثَارِ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی وَاجْعَلْنِیْ مَبْسُوْطًا بِالْاِنْفَاقِ مِنْ خَزَائِنِ الْاَرْزَاقِ يَا مَنْ بِيَدِهٖ الْحُكْمُ عَلَی الْاِطْلَاقِ وَبِيَدِهٖ الْخَلَائِقُ يَا بَاسِطُ

عجیب و غریب فوائد واسرار

خافضُ اس اسم کے ذاکر کے لئے بہت بڑے اسرار ہیں اس کے مؤکل کا نام عیکیائیل ہے جس کے چار افسر مامور ہیں اور ہر افسر کے تحت ۱۸۴ صفیں ہیں اور ہر صف میں ۱۸۴ فرشتے ہیں عزت اور ہیبت کے مقرر ہیں اور یہ سب حضرت اسرافیلؑ کے زیر فرمان ہیں۔ دعائے اسم خافض یہ ہے

يَا خَافِضُ اَنْتَ الَّذِیْ خَفَضْتَ رُتْبَةَ اَهْلِ الْجُحُوْدِ فِی الدَّرَكَاتِ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَغْمُرُهُمْ بِغَمَرَاتِ وَصْفِهِ الْمَثُلَاتِ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَعُوْدُ عَلَيْهِمْ بِمَا اَوْعَدْتَهُمْ بِهٖ عِنْدَ انْقِسَامِ الْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّ الْاَسْرَارِ فِیْ قُلُوْبِ الْاَبْرَارِ وَالْاَخْيَارِ وَبِحُوْرِ الْاَنْوَارِ الْمُنْبَسِطَةِ فِی الْاَقْطَارِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ خَافِضًا نَفْسِیْ وَسِرِّیْ فِیْ مَقَامِ

بیماری سے شفا اور دین و دنیا کی بھلائی

یَا رَافِعُ اس اسم میں اسم اعظم کے تین حرف ہیں۔ جو شخص اس کا ورد کرے اس کی دعا سے ہر بیماری دور ہو کر مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ یہ اسم زمین میں اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے اس کے مؤکل کا نام موقیائیل ہے جس کے تحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۳۵۱ صفوں کا سردار ہے اور ہر صف میں ۳۵۱ فرشتے ہیں جو بلاؤں کے دفع کرنے پر مامور ہیں اس اسم کے ذاکر کے پاس مؤکل آکر پہلے پہل امور دنیا پیش کرتا ہے ذاکر اگر دنیا کو اختیار کرتا ہے تو صرف دنیا اس کو حاصل ہوتی ہے مگر آخرت سے محروم رہ جاتا ہے اگر آخرت کو اختیار کرے تو دونوں جگہ کام درست ہوتے ہیں دعائے اسم رافع یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّافِعُ الَّذِیْ رَفَعْتَ الْاَنْبِیَاءَ وَالْاَوْلِیَاءَ بِنُوْرِکَ الْاَوْلٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ کَمَّلْتَ نُفُوْسَ اَھْلَ الْمَحَبَّۃِ وَالْوِدَادِ بِسُبُحَاتِ وَجْھِکَ وَجَنَابِکَ الْاَعْلٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ تَظْھَرُ التَّعَوُّدَ وَالتَّجَرُّدَ فِیْ قُلُوْبِ اَوْلِیَائِکَ لِلْاِحَاطَۃِ بِعَوَالِمِ الْاَشْیَاءِ وَاَنْتَ الَّذِیْ رَفَعْتَ دَرَجَاتِ الْعِرْفَانِ وَقَدْرَ اَھْلِ الْعِرْفَانِ وَالْاِیْمَانِ عِنْدَ انْفِسَاخِ الظُّلُمَاتِ وَظُھُوْرِ سِرِّ الْاِبْتِلَاءِ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ الْکَافِ وَالنُّوْنِ وَسِرِّ اَسْرَارِ الْعِلْمِ وَبِسِرِّ مَعَانِی النُّوْنِ بِمَکْنُوْنَاتِ حُرُوْفِ الْخَفِیِّ فِی الرَّفْعِ الْمُوْجِبَۃِ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ وَبِسِرِّ حُمَا یَرُدُّ ذُرِّ التَّلَجِ عِنْدَ انْکِشَافِ الْحِکَمِ الْمَصُوْنِ اَنْ تَرْفَعَ مُشَاھَدَتِیْ عَنِ الْمَحْسُوْسَاتِ وَاِرَادَتِیْ عَنْ نَعِیْمِ الشَّھَوَاتِ وَارْفَعْنِیْ اِلَیْکَ عَلٰی اَکْمَلِ الْحَالَاتِ وَتَبْدِیْلِ السَّیِّئَاتِ۔ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مُتَذَلِّلًا بَیْنَ یَدَیْکَ فِی الدُّنْیَا مَعَ کَمَالِ الْعِلْمِ وَالْعِبَادَۃِ مُقْبِلًا عَلَیْکَ فِی الْعُقْبٰی عِنْدَ بَسْطِ اَنْوَارِ السَّعَادَۃِ وَالسِّیَادَۃِ سَاجِدًا لَکَ فِیْ مَقَامِ اِرَادَتِیْ مُتَلَبِّسًا بِنُوْرِ الْحِکْمَۃِ وَالزَّھَادَۃِ حَتّٰی لَا اَنْتَسِبَ لِغَیْرِکَ ذَاتًا وَوَصْفًا اِنَّکَ فَعَّالٌ لِّمَا تُرِیْدُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

پوشیدہ رازوں کا علم

مُعِزُّ اسم میں اسم اعظم کے دو حرف ہیں اس کے اسرار اسی پر کھلتے ہیں جو ان کو سمجھتا اور پہچانتا ہے اس اسم کی تمام خاصیتیں مؤکل کے ذریعہ ظاہر ہوتی ہیں جس شخص نے خدمت کی اس پر تمام اسرار کھل گئے۔ جاننا چاہئے کہ اسماء جمال اور حروف جماد میں جسم و جان جیسا تعلق ہے یعنی اسم کا مؤکل معلوم ہونے پر اس کے معنی بھی روشن ہو جانے ہیں اس اسم کے مؤکل کا نام اسطیائیل ہے جس کے چار حاکم ہیں اور ہر حاکم ۱۷ صفوں کا ترجمان ہے اور ہر صف میں ۱۷ فرشتے مقرر ہیں۔ ذاکر کے سامنے اس کا مؤکل حاضر ہوتا ہے اور ذاکر سے کھل کر بات کرتا ہے۔ جس سے ہدایت کا رستہ بتایا گیا وہ دنیا و آخرت میں نیک بخت ہوا۔ دعائے اسم معز یہ ہے۔

یَا مُعِزُّ اَنْتَ الَّذِیْ عَزَّزْتَ اَوْلِیَاءَکَ وَحَمَّلْتَ اَنْبِیَائَکَ اِحْتِمَالَ بَلَائِکَ وَنَعْمَائِکَ وَرَفَعْتَ الْاَشْیَاءَ بِسُلْطَانِ قُوَّتِکَ وَاسْتِیْلَائِکَ اَسْئَلُکَ بِعِزِّکَ الْمَنِیْعِ الْخَطِیْرِ وَبِجُوْدِکَ الْعَظِیْمِ الْقَدِیْرِ وَبِحَقِّکَ عَلٰی خَلْقِکَ مِنَ الْجَلِیْلِ وَالْحَقِیْرِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ عَزِیْزًا بَیْنَ الْخَلَائِقِ بِالْاِسْتِغْنَاءِ عَنْھُمْ وَالْاِفْتِقَارِ اِلَیْکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ عَزِیْزًا عَلٰی بَابِ الْحَقِّ بِالثَّبَاتِ وَالشُّھُوْدِ لِاَکُوْنَ لَدَیْکَ وَابْسُطْ عِزِّیْ فِیْ قُلُوْبِ اَھْلِ الْاِیْمَانِ لِاَنَالَ مِنْ رَافَتِکَ عِنْدَ ظُھُوْرِ الْحُجَّۃِ وَالْبُرْھَانِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

سرکشوں کی ذلت اور حصول غنا مُذِلُّ کا اسم مُعِزُّ کے برعکس ہے ان دونوں میں حجاب اکبر ہے جو مظلوم شخص اسم مذل کا ورد کرے اور ہر سینکڑے پر کہے یامُذِلُّ اَذِلَّ مَنْ ظَلَمَنِیْ یعنی اے ذلیل کرنے والے ذلیل کر اس شخص کو جس نے مجھ پر ظلم کیا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ذلیل کر دے گا اس کے مؤکل کا نام اجائیل ہے یہ بہت بڑا فرشتہ ہے اس کے تحت چار افسر مقرر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۷۰ ۷ صفوں کا نگران ہے اور ہر صف میں ۷۰ ۷ فرشتے بڑے سخت اور زبردست مامور ہیں سب کے سب اسرائیل کے زیر حکم ہیں ان کا کام سرکشوں کو ذلیل کرنا ہے جب ذاکر اسم مذل کا ذکر کرتا ہے تو مؤکل اگر اس کو غنی کر دیتا ہے اور خوشی و مسرت اس کو نصیب ہوتی ہے دعائے اسم مُذِلُّ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُذِلُّ لِلْجَبَّارِیْنَ الشَّدِیْدُ الْبَطْشِ الْاَلِیْمُ الْاَخْذِ الْعَظِیْمُ الْقَهْرِ الْمُتَعَالِیْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَضْدَادِ وَالْاَنْدَادِ وَالْمُنَزَّهُ عَنِ الصَّاحِبَةِ وَالْاَوْلَادِ شَانُكَ قَهْرُ الْاَعْدَاءِ وَقَمْعُ الْجَبَّارِیْنَ تَمْكُرُ بِمَنْ تَشَاءُ وَاَنْتَ خَیْرُ الْمَاكِرِیْنَ۔ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الَّذِیْ خَضَعَتْ لَهُ النَّوَاصِیْ وَاُنْزِلَتْ بِهٖ مِنَ الصَّیَاصِیْ وَقَذَفْتَ بِهِ الرُّعْبَ فِیْ قُلُوْبِ الْاَعْدَاءِ وَشُفِیَتْ اهل الشفاء اَسْئَلُكَ اَنْ تُمِدَّنِیْ بِرَقِیْقَةٍ مِنْ رَقَائِقِ هٰذَا الْاِسْمِ تَسْرِیْ فِیْ اَعْضَائِیْ الْكُلِّیَّةِ وَالْجُزْئِیَّةِ حَتّٰی اَتَمَكَّنَ مِنْ فِعْلِ مَا اُرِیْدُ بِمَنْ اُرِیْدُ فَلَا یَصِلُ اِلَیَّ ظَالِمٌ بِسُوْءٍ وَلَا یَسْطُوْ عَلَیَّ مُتَكَبِّرٌ بِجَوْرٍ وَاجْعَلْ غَضَبِیْ لَكَ وَدِیْنِكَ مَقْرُوْنًا بِغَضَبِكَ لِنَفْسِكَ وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْهِ اَعْدَائِیْ وَاشْدُدْ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَاضْرِبْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَهٗ بَابٌ بَاطِنُهٗ فِیْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ اِنَّكَ شَدِیْدُ الْبَطْشِ اَلِیْمُ الْعَذَابِ ؕ

قربت حق حاصل کرنے کا عمل سَمِیْعٌ اسم سمیع کا ذاکر اللہ سے بہت قربت رکھتا ہے اس کے مؤکل کا نام قطیائیل ہے جس کے ماتحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۸۰ صفوں کا پرداز ہے۔ اور ہر صف میں ۸۰ فرشتے ہیں دعائے اسم سمیع یہ ہے

یَا سَمِیْعُ اَنْتَ الَّذِیْ تَسْمَعُ السِّرَّ وَالنَّجْوٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ تَعْلَمُ الْحُكْمَ وَالْفَتْوٰی وَاَنْتَ الَّذِیْ تَنْظُرُ فِیْ اَحْبَابِكَ سِرَّ التَّجَلِّیْ وَاَنْتَ الَّذِیْ تَعْلَمُ مَا هُوَ اَدْنٰی وَاَخْفٰی وَتَرٰی بِعَیْنِكَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَلَا یَخْفٰی عَلَیْكَ دَبِیْبُ النَّمْلَةِ السَّوْدَاءِ عَلَی الصَّخْرَةِ الصَّمَّاءِ فِی الْبَحْرِ اللَّیْلَةِ الظَّلْمَاءِ تَحْتَ طَبَقَاتِ الْغَبْرَاءِ اَسْئَلُكَ بِلَطَائِفِ مَا اَوْدَعْتَ فِی السَّمْعِ وَالْبَصَرِ وَدَقَائِقِ مَا كَتَمْتَ فِی الْبَصَرِ لِیَقَعَ مَوْقِعَ السَّمْعِ وَیُسَاوِیْ مَا اَخْفَیْتَ فِی السَّمْعِ لِیَقُوْمَ مَقَامَ الْبَصَرِ وَدَقَائِقِ مَا كَتَمْتَ فِی الْبَصَرِ لِیَقَعَ مَوْقِعَ السَّمْعِ وَیُسَاوِیْ مَا اَخْفَیْتَ فِی السَّمْعِ لِیَقُوْمَ مَقَامَ الْبَصَرِ اَنْ تُرِیَنِیْ اِسْرَارًا مُنْدَمِجَةً فِیْ اِحَاطَةِ الْبَصَرِ وَمُتَشَابِهَةَ الْاَنْوَارِ مُقَرَّرَةً بَیْنَ احتواء الْبَصَرِ بِالسَّمْعِ وَمُدَّنِیْ بِنُوْرِ عِنَایَتِكَ وَدَوَامِ الْمُرَاقَبَةِ لِمَا تُرِیْدُ عَلٰی قَدْ سَبَقَ الْاَعْلٰی وَاَدْرَاكِ الْمُحِیْطِ بِجَوَامِعِ الْاَسْمَاءِ وَاَیِّدْ نِیْ عَلٰی فَهْمِ مُطَالَبَةِ النَّفْسِ بِدَقِیْقِ الْمُحَاسَبَةِ اِنَّكَ جَامِعُ كُلِّ خَیْرٍ وَدَافِعُ كُلِّ ضَیْرٍ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

پوشیدہ باتیں اور دلوں کا راز معلوم کرنے کا عمل بَصِیْرٌ اس اسم کے خواص یہ ہیں۔ کہ جو زمین اور دلوں کے راز و حالات معلوم کرنا چاہے تو وہ اس اسم کو پڑھے اس کے مؤکل کا نام حرطائیل ہے۔ جس کے تحت چار افسر ہیں جن میں سے ہر ایک

۴۰ صفوں کا نگران ہے۔ اور ہر صف میں ۳۰۳ فرشتے ہیں اس کے ذاکر کے پاس موکل آکر اس کو دو خلعت دیتا ہے۔ ایک ظاہری دوسرا باطنی، ظاہری خلعت یہ ہے کہ ذاکر جو فعل کرتا ہے وہ دیکھ بھال کر کام کی حقیقت پر نظر دوڑا کر کرتا ہے اور خلعت باطنی یہ ہے۔ کہ پوشیدہ باتیں اس کو معلوم ہو جاتی ہیں۔ اور ہمیشہ موکل اس کے ساتھ رہتا ہے دعائے اسم بصیر یہ ہے۔

یا بصیر انت الذی تبصر خفی سر المکنونات والضمائر وتدرک محسوسات سرائر اھل البصائر ومشاھدۃ دقائق الباطن الجاریۃ فی الخواطر اسئلک ببسط نور ذاتک وبسرادراک بصائرک وکشف معانی نظرک و اقتدارک ان تجعلنی بصیرا بکل خفی وارزقنی عینا تری بنور الوحدۃ والتوحید لادراک سر فردیتک فی مقام التفرید فانوم بک لدیک عند کشف سر یوم الوعید انک فعال لما ترید۔

حصول حکومت خکم اس اسم میں، اسم اعظم کا ایک حرف معنوی بھی ہے اس موکل کا نام حطیائیل جس کے پاس چار افسر ہیں جن میں سے ہر افسر ۸۰ صفوں کا مالک ہے۔ اور ہر صف میں ۶۸ فرشتے ہیں، ذاکر کو یہ موکل دو خلعتیں پہناتا ہے ایک ظاہری دوسری ظاہری خلعت سے مراد دوسری پر حکم کرنا ہے۔ اور باطنی خلعت سے مراد اپنے نفس پر حکم کرنا ہے۔ جو شخص اللہ کے احکام تعمیل کرتا ہے تو موکل اس کی عمر بھر خدمت کرتا رہتا ہے۔ دعائے اسم حکم یہ ہے

یَا حَکِیْمُ اَنْتَ الْحَاکِمُ عَلٰی ظَوَاھِرِ الْخَلْقِ وَبَوَاطِنِھِمْ وَاَنْتَ الْقَاضِیْ عَلٰی مَا تَمَکَّنَ فِیْ ضَمَائِرِھِمْ وَاَنْتَ الشَّاھِدُ عَلٰی عِبَادِکَ عِنْدَ اَنْبِیَاءِ الْمَکْنُوْنَاتِ خَوَاطِرِھِمْ لَکَ الْقُوَّۃُ الْعَلِیَّۃُ وَالسُّلْطَانُ وَلَکَ الْعِزَّۃُ وَالرِّفْعَۃُ وَالْحُجَّۃُ وَالْبُرْھَانُ۔ اَسْئَلُکَ بِحُکْمِکَ عَلٰی خَلْقِکَ اَوْدَعْتَہٗ فِیْ سَنَا بَرْقِکَ اَنْ تَجْعَلَ فِعْلِیْ لَکَ حَسَنَاتٍ صَوَابًا وَقَضَاءً عَلَّمْتَنِیْ عَلٰی خَلْقِکَ وَعَلٰی نَفْسِیْ لِاَجَلِ ذَاتِکَ جَزَاءً وَثَوَابًا وَارْزُقْنِیْ تَاْیِیْدًا مِنْکَ وَقُوَّۃً لِئَلَّا یَکُوْنَ لِاَحَدٍ عَلَیَّ عَذَابٌ وَارْزُقْنِیْ مِنْ حُسْنِ السُّؤَالِ سُؤَالًا وَحُسْنِ الْجَوَابِ جَوَابًا وَافْتَحْ لِیْ طَرِیْقًا اِلٰی دَارِ رِضْوَانِکَ فَلَا اَجِدُ اِلَیْکَ سَبِیْلًا وَمَا مِنْ حَوْلِکَ اِنْفَاذُ الْاُمُوْرِ وَبِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ ھُوَ شِفَاءٌ لِمَا فِی الصُّدُوْرِ۔

اسم عدل اور حکومت کا حصول عدل اس اسم میں بھی ایک حرف اسم اعظم کا ہے اس کے موکل کا نام حمیائیل ہے۔ جس کے پاس تین افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۴ صفوں کا نگران ہے اور ہر صف میں ۴۰ فرشتے مامور ہیں۔ جو عادل بادشاہوں کے لئے اپنے پر کھولے ہوئے ہیں۔ اس اسم کا ذاکر کو اس کا موکل اس کے نفس کی حکومت عنایت کرتا ہے اور جب وہ اس میں ثابت بن جاتا ہے تو وہ پھر دوسروں پر حکومت کرنا عنایت کرتا ہے۔ اسم عدل کی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَدْلُ فِیْ خَلْقِکَ وَالْمُحْیِیْ مَنْ تَشَاءُ بِفَضْلِکَ وَالْمُعْطِیْ وَالْمَانِعُ وَالضَّارُّ وَالنَّافِعُ وَالْخَافِضُ وَالرَّافِعُ مُنِیْبٌ بِفَضْلِکَ وَحَاکِمٌ بِعَدْلِکَ فَلَا مُعَقِّبَ لِاَمْرِکَ وَلَا رَادَّ لِحُکْمِکَ اَنْتَ رَبُّ الْاَرْبَابِ وَمَالِکُ الرِّقَابِ وَ وَعَادِلٌ حُکْمُکَ وَخَلْقُکَ تُعْطِیْ وَتَمْنَعُ وَتَضُرُّ وَتَنْفَعُ وَتَرْفَعُ وَتَضَعُ وَتُبْصِرُ وَتَسْمَعُ بِیَدِکَ مَقَالِیْدُ الْاُمُوْرِ وَالْخَیْرِ وَالشُّرُوْرِ وَاحِیْمَ الرُّحَمَاءِ رَبَّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ لَیْسَ لَکَ فِیْ مُلْکِکَ شَرِیْکٌ وَلَا وَزِیْرٌ وَلَا نَصِیْرٌ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔ رَبِّ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا یَنْفَعُنِیْ وَرِزْقًا وَاسِعًا یَسَعُنِیْ وَنُوْرًا اَتَنَوَّرُ بِہٖ مَصَابِیْحَ قَلْبِیْ فَاَنَا عَبْدُکَ الضَّعِیْفُ الْفَانِیْ وَاَنْتَ الْبَاقِیْ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَا اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِکَ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَعَمَلًا وَ

تقبل مني ما اجرمته في خلاء وملاء وليل ونهار وعدو وابكار وارحم ذلي وفاقتي وبسط كفي بين يديك فانت ملاذ اللائذين وجابر قلوب الضعفاء والمساكين لا ملجأ منك الا اليك ولا توكل الا عليك الهي سددني وثبت قدمي على طاعتك حتى لا ازل عن الصراط ونور قلبي بمعرفتك واشغلني بلذة كتابك وبصرني كما بصرت اوليائك انال ما نالوه من درج الكمال والرفعة والجمال فانت الرب القديم المفضال وذو العدل والكمال يا عدل انت الحكم العدل يوم النشور وانت التواب على من تاب وكاشف ظلمة الحجاب تعلم خائنة الاعين وما تخفي الصدور وانت على كل شيء قدير واليك تدفع الامور وبك تدفع الشرور اللهم اني اسئلك سرا من سرك وامرا من امرك ونورا من نورك وتوليني السر بمقدورك وهبلي من نيرميتك نصرا انتصر به على من ظلمني واسئلك توفيقا منك يوقظ غافلي حتى بعلم جاهلي وتو ينحوا بك طريقي وتكون في الرجعة رفيقي منك اجتهادي وعليك اعتمادي واليك مرجعي وبين يديك مصرعي تعلم حقيقة امري ومكنون سري تعاليت عن لما ت المحدثات وتنزهت عن النقائص والزلات الهي اسئلك توبة تمحق بها زللي وتقبل بها عملي وتصلح بها ظاهري فانت نور الانوار وكاشف الاسرار وكل شيء عندك بمقدار يا ذا الجلال والاكرام برحمتك يا ارحم الراحمين۔

فصل ۲۴ اسرار ربانی اور ان کے پڑھنے کا چوتھا طریقہ اور عجیب فوائد

اسماء حسنیٰ میں سے ان دس اسماء الدائم القدیم الازلی الواحد الاحد الصمد الفرد المعید المبدی المعید کی خاصیتیں سلک توحید خاص سے گندھی ہوئی ہیں۔ ان سے اللہ تعالیٰ کی تنزیہ اوصاف اور عیوب سے پاک ہونا بیان کیا جاتا ہے جو عام طور پر کافر اس کی ذات پاک پر عائد کرتے ہیں۔ ان اسماء کا ذاکر ہمیشہ محفوظ اور گناہوں سے دور رہتا ہے
اسماء الدائم القدیم الازلی کا ذاکر ہمیشہ اللہ کی رضامندی میں لگا رہتا ہے اور تنگی و فراخی کا کچھ خیال نہیں کرتا۔ قناعت کا خزانہ اس کو نصیب ہوتا ہے وہ زہد و ریاضت کے مقام طے کرتا ہے۔ حاکم اگر اسم دائم کا ورد کرے تو اس کی حکومت قائم رہے اور کوئی شخص اس کی نافرمانی نہ کرے گا۔ نہ فوج کا نہ جیت کا اگر دائم کے حرفی اور عددی نقش چاندی کی انگوٹھی پر منقش کرکے اپنے رکھے تو وہی خاصیت ظاہر ہوگی جو مندرجہ بالا دسوں اسماء سے مظہر ہوتی ہے۔ اور جو شخص ان اسماء کو پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے پر مداومت کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی آل و اولاد کو قیامت تک محفوظ رکھے گا۔

اللہ کی رحمت اور قید سے رہائی

واحد الاحد ان دونوں اسماء میں توحید عظیم موجود ہے۔ ایسے ذاکر کو اللہ تعالیٰ ایمان کی محبت دے کر اپنی رحمت سے نوازتا ہے اور اگر کوئی شخص کسی ظالم کی قید یا سختی میں ہو وہ ان اسماء کا ذکر کرے تو انشاء اللہ خلاصی ہوگی

بھوک سے حفاظت اور حمل نہ ٹھہرنے کا عمل

صمد اس اسم میں تنزیہ جلیل موجود ہے۔ صاحبان ریاضت اسم پر مداومت کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ

ان کو کھانے پینے سے بے پروا کرتا ہے۔ اگر تنہائی میں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے تو اسے بھوک کی تکلیف معلوم نہ ہوگی تاآنکہ کسی دوسرے اسم کا اس کے ساتھ ذکر نہ کرے اگر عورت اس اسم کا ذکر کرے گی تو اس کو حمل نہ رہے گا۔ یعنی جتنی مدت اسم پر مداومت کرے گی حاملہ نہ ہوگی اور جب یہ ورد چھوڑ دے گی تو پھر اس اسم کی تاثیر نہ رہے گی۔

قدر و منزلت زیادہ ہو

اَلْمَجِیْدُ اس اسم کے ذاکر کی قدر و منزلت اللہ تعالیٰ بلند و بالا کرتا ہے۔

سفر بخیریت ہو، اور مکان و مال کی حفاظت

اَلْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ جو مسافر سفر سے پہلے اور دوران سفر ان اسماء کا ذکر کرے تو صحیح و سالم اپنے سفر سے لوٹ آئے گا۔ اور جس کی کوئی چیز چوری یا گم ہوگئی ہو تو ان کا ذکر کرنے سے تو اس کی چیز واپس مل جائے گی۔

اگر ان دونوں اسماء کے اعداد عمدہ کاغذ پر لکھ کر مکان میں رکھ کر سفر کو جائے تو مکان میں اس کے پیچھے کوئی برائی نہ ہو۔ ان اسماء کے اسرار و خواص بے شمار ہیں جن کی تحریر کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔

سختیوں اور رنج و غم سے نجات

اَللَّطِیْفُ یہ اسم رنج و غم دور کرنے اور سختیوں سے نجات پانے کے لئے بہت زیادہ پُرتاثیر ہے۔ اس اسم کے موکل کا نام علطفیائیل ہے۔ جس کے تحت چار موکل ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۱۲۹ صفوں کا کارپرداز ہے۔ اور ہر صف میں ۱۲۹ فرشتے ہیں۔ جو خلقت میں مہربانی و لطف عام کرتے رہتے ہیں اور ملائکہ رحمت سے مدد لیتے ہیں۔ ذکر اس اسم کے ذاکر کے پاس موکل آکر دو خلعت پہناتا ہے۔ ایک ظاہری دوسری باطنی، باطنی خلعت سے اللہ تعالیٰ کی عنایت نازل ہوتی ہے۔ اور ظاہری خلعت سے ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔ دعائے اسم لطیف یہ ہے

یَا لَطِیْفُ اَنْتَ الَّذِیْ تَلَطَّفُ بِعِبَادِکَ وَتُوْصِلُهُمْ اِلٰی اَنْوَاعِ النِّعَمِ وَتَرْزُقُ بِاَهْلِ الْحِجَابِ فَتُخْرِجُهُمْ مِنْ عَوَائِلِ النِّقَمِ وَتَرْحَمُ مَنْ لَجَاَ اِلَیْکَ بِرَحْمَتِکَ الْعَمِیْمَۃِ وَتُخْرِجُ بِهٖ اِلَی الْاَنْوَارِ مِنَ الظُّلَمِ تَعْلَمُ خَفِیَّاتِ الْاَشْیَآءِ وَدَقَائِقَهَا وَتَجُوْدُ بِاِحْسَانِکَ عَلٰی عِبَادِکَ بِاَنْوَاعِ الْبِرِّ وَکَشْفِ خَفَائِهَا اَسْئَلُکَ اَللّٰهُمَّ بِلَطِیْفِ لُطْفِکَ وَفَیْضِ فَضْلِکَ وَدَوَامِ بَحْرِ جُوْدِکَ وَقُوَّۃِ سُلْطَانِ مُسْکِرِکَ وَجَبَرُوْتِکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ لَطِیْفًا فِی الْاَقْوَالِ وَالْاَفْعَالِ وَرَفِیْقًا فِی الْمَالِ وَارْزُقْنِیْ مِنْ بَرَکَتِهٖ لُطْفِکَ حَظًّا وَفِرْ وَاعِنِّیْ عَلٰی قَبُوْلِ اٰثَارِ فَضْلِکَ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْهُ قِسْمًا وَافِرًا ظَاهِرًا۔ وَاَیِّدْنِیْ بِنَدْبِیُوْتِ لِاَنَالَ مِنْ بَحْرِ جُوْدِکَ نَفْعًا اِذْ اَنْجَزْ لِاَنَّکَ اَنْتَ الرَّءُوْفُ الرَّحِیْمُ۔

کشادگی رزق اور رنج و غم سے نجات

اس اسم میں اسم اعظم کا بھی ایک حرف ہے۔ جو تکلیف و سختی دور کرنے کے لئے عجیب پُرتاثیر ہے اس کے موکل کا نام عسعیائیل ہے۔ جس کے تحت چار افسر ہیں جن میں سے ہر ایک ۸۱۲ صفوں کا نگران ہے۔ اور ہر صف میں ۸۱۲ فرشتے ہیں۔ جو زیادتی زندگانی اور سامان رزق مثل بینہ و نبات وغیرہ سے متعلق ہیں اس اسم کے ذاکر کے پاس موکل آکر دو خلعتیں پہناتا ہے۔ ظاہری و باطنی۔ ظاہری خلعت سے زمین کی چیزوں کی خبریں معلوم ہوتی ہیں۔ اور باطنی خلعت سے دلوں کی باتوں اور خیالات ظاہر ہونے ہیں۔ دعائے اسم خبیر یہ ہے۔

یَا خَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ اَخْبَرْتَ اَوْلِیَائَکَ بِمَا اَسْرَرْتَ فِیْ اَسْرَارِ عُقُوْلِ اَنْبِیَائِکَ فَلَا تَعْزُبُ عَنْکَ الْاَخْبَارُ الْبَاطِنَۃُ وَلَا الْاٰثَارُ الْکَامِنَۃُ وَالْاَحْوَالُ الْمَصُوْنَۃُ وَلَا یَجْرِیْ فِیْ مَلَکُوْتِ مُلْکِکَ شَیْءٌ خَفِیٌّ عَنْکَ اقْدَارُہٗ وَلَا تَتَحَرَّکُ

فی سکینۃ ساکن و لا تسکن نحو ذلۃ فی شیئیۃ متحرک الا و انت عالم بظاہرہ و سرہ و جہرہ و اولہ و آخرہ لک تدبیرہ و لمن یرید بذالک الامرۃ اسئلک اللھم بسر جبروتک النازلۃ فی قلوب الابرار والاخیار و بخطیر قوتک الظاہرۃ فی عقول اہل الاسرار والانوار ان تجعلنی بجمیل اختیارک عالما بما یجری فی قلبی و روحی من فنون اسرارک و مقتبسا بجوہری من مشکوٰۃ انوارک یا من الیہ معادی و منک کشف مراتب الانبیاء یا رب العالمین یا خبیر۔

علم کیمیا اور سیمیا کا حصول حلیم اس اسم میں بھی ایک حرف اسم اعظم کا ہے جس شخص کو علم کیمیا اور جمیع بزرگ کی تلاش ہو اس کے لئے اس اسم میں خاص راز مضمر ہے اس کے موکل کا نام ہے۔ جس کے چار موکل اس کے تحت ہیں۔ جن میں سے ہر ایک کے پاس ۸۰۷ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۱۷۸ فرشتے مقرر ہیں۔ جن کا کام دنیا کی تدبیر کرنا ہے۔ ذاکر کو اس اسم کا موکل دو خلعت پہناتا ہے ایک باطنی جس سے وہ حکیم بن جاتا ہے اور حکمت کے ساتھ گویا ہوتا ہے۔ دوسری ظاہری خلعت جس سے لوگوں میں بخشش و کرم کے ساتھ مشہور ہوتا ہے۔ دعائے اسم حلیم یہ ہے۔

یا حلیم انت الذی عفوت عمن اناب الیک ھفواتہ و زلاتہ و غفرت لمن ادعی الیک قلبا و قالبا مغلاتہ و اجلت لمن اشرک ملکک عقوباتہ و قبلت ممن تاب الیک بکلیات سیئاتہ و جالت المخرف عن طریق الصواب بمنک بطرق الھدایۃ و رفعت تمسک بحبلک المتین فی البدایۃ و فتحت لمن قرع بابک و نجیتہ من الضلال والغوایۃ اسئلک بنوالک الواصل الی قلوب الاشراف الذین اوقفوا نفوسھم علی العدل والانصاف ان تجعل لی علما اخرویا بالحکم و ان تدخلنی برحمتک فی مدخل السلام و کان یبصرنی بالعلم یا عالما بما فی ضمائر العالمین یا حلیم علی من ارتاب المتمادی بتاخیر العقوبۃ الی یوم الدین۔

عظیم قوت کا حصول بادشاہوں اور حاکموں کو مطیع کرنے کا عمل عظیم اس اسم میں ایک سر عظیم ہے جس میں اسم عظیم کے دو حروف ہیں اس اسم کے موکل کا نام حدقطیائیل ہے جس کے تحت چار افسر ہیں۔ اور ہر افسر کے ماتحت ۱۲۰ صفیں ہیں جن میں سے ہر ایک صف میں ۱۲۰ موکل تیار کھڑے ہیں۔ ذاکر کے پاس موکل آکر قوت عظیم عنایت کرتا ہے اور نتیجہ میں تمام دنیا میں اس کی قدر و منزلت بلند ہوتی ہے۔ بادشاہ اور سرکش لوگ اس کے آگے عاجز اور مطیع ہو جاتے ہیں۔ دعائے اسم عظیم یہ ہے

یا عظیم انت الذی عظمت نفسک بعظیم سلطانک و انت المتعالی بکمال برھانک و انت فوق کل شیء بالعلم والقدرۃ و الجمال و انت المتولی علی کل نعمۃ بالعظمۃ والنور و الجلال لک البقاء السرمدی والکمال الازلی و الدوام الابدی عظم قدرتک ظاھر فی القلوب والارواح و رفیع ھیبتک قدرو اضح فی النفوس والاشباح و ذاتک منشورۃ علی کل مخلوق دنور وجھک عید لکل مرید فی اللھم انی اسئلک بعظیم قدرتک فی الوجود و تکثیر برک فی العالم المشھود و سعۃ رحمتک علی کل شاھد و مشھود ان تحیینی حیاۃ طیبۃ لا اموت بعدھا و ارزقنی رؤیۃ جلال وجھک فی الاخرۃ لا نوق نعمۃ فلنبسطھا نعمۃ نعمک و نعمھا غیرہ اسئلک اللھم بعظیم نوالک ان تجعلنی عظیم القدر عندک و عند من احببتہ من اولیائک و عند من لا قدرۃ لہ دانا الی بحدک وصفاتیا یا رب العالمین۔

غصہ کا علاج اور حاجت روائی غفورٌ اس اسم میں اسم اعظم کے بھی دو حروف ہیں۔ سربراہوں اور حکام کا غصہ دور کرنے کی اس اسم میں بہت عجیب خاصیت ہے اس کے موکل کا نام ھمیائیل ہے۔ جس کے تحت چار افسر ہیں جن میں سے ہر ایک ۲۸۶ صفوں کا نگران ہے۔ اور ہر صف میں ۲۸۶ فرشتے مقرر ہیں۔ ذاکر کے پاس ہو موکل آ کر اس کی حاجت روائی کرتا ہے۔ دعائے اسم غفور یہ ہے۔

یاغَفُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ تَسْتُرُ عَلٰی اَھلِ الْکَمَالِ صِفَاتِھِمْ وَ اَفْعَالَھُمْ حَتّٰی لَا یُشَاھِدُوْنَ سِوَاکَ وَ اَنْتَ الَّذِیْ تَرَدَّتْ قُلُوْبُھُمْ وَ عُقُوْلَھُمْ حَتّٰی لَا یَعْبُدُوْنَ اِلَّا اِیَّاکَ اَلْھَمْتَ عُقُوْلَھُمْ وَ قُلُوْبَھُمْ بِانْبِسَاطِ الْعِلْمِ وَ حَلَمْتَ بِالْیَاسِ الْحِلْمِ اَلْھَمْتَ عبادك لطفالغیوب سوالایدان والاحسان والاحاطة بعوالم الامن والامان اسئلك اللھم بجمیل ارصائك وجمیع مناجاتك ان تسھل علی الطاعات البشریة والجھریة والدرجات العلیة والعلیة وان تجعلنی مجدانی الائ شکرك بلافترة واحفظنی بنورك التام وفضلك العام ان استعین بنعمتك التی بتعدنی عنك وارزقنی قدما سویا سابقة فی تحصیل مرامنیك فانت القادر علی کل امروالتّ افح بکل حتی اللھم احفظنی بنورك التام یاذا الجلال والاکرام انك انت الله العالم بالخفیات ومفیض الخیرات عَلٰی اَھْلِ الْکَرَامَاتِ۔

مستقل برکت قائم رہنے کا عمل اس اسم میں اسم عظیم کا ایک حروف موجود ہے۔ جس کی باطنی برکت تمام زمین اور مخلوقات میں تمام ہے اور جو اس برکت سے محروم ہو۔ اس کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا تمام اسماء میں ایسی قوت روزی رسانی کی نہیں ہے جو اس اسم میں موجود ہے اول اسم کے موکل کا نام قطیائیل ہے جو چار افسروں کا نگران ہے جس میں سے ہر حاکم ۵۵۰ صفوں کا افسر ہے اور ہر افسر۔ اور ہر صف میں ۵۵۰ فرشتے ہیں موکل اس کے ذاکر کو دو خلعت پہناتا ہے ایک باطنی خلعت جس کی برکت سے جس کھانے کی چیز پر ذاکر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھے انّ ھذا الرزق قنا ما له من نفاذ تو وہ چیز کبھی ختم نہ ہو اور برکت ہو دوسری ظاہری خلعت جس کی برکت سے لوگوں میں بڑا بابرکت مشہور رہتا ہے۔ وہ اسم مقیت یہ ہے

یَا عَفُوُّ اَنْتَ الَّذِیْ کَشَفَ عَنْ اَحْبَابِکَ الْکُدُوْرَةَ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَزَلْتَ عَنْ طُلَّابِ جَنَابِکَ الْمُوْبِقَاتِ وَالْعَثْرَةَ وَاَنْتَ الَّذِیْ نَوَّرْتَ بَصَائِرَهُمْ مِنْ حِیْنَ اِخْرَاجِ الذُّرِّیَّةِ لَکَ الْحَمْدُ وَالثَّنَاءُ وَالْجُوْدُ وَالْبَقَاءُ اَسْئَلُکَ اَللّٰهُمَّ بِجَلَائِلِ نِعَمِکَ وَجُزْئِیَّاتِ کَلِمِکَ وَمَکْنُوْنَاتِ دَقَائِقِ رَحْمَتِکَ اَنْ تَحُوْزَنِیْ بِکَ وَاَنْ یُّحِبَّنِیْ لَکَ وَلَا تَحْوِجْنِیْ لِاَحَدٍ غَیْرِکَ فِیْ بِرِّکَ وَبَحْرِکَ اَنْ تُوَفِّقَنِیْ بِبَقَاءٍ عَاجِلًا وَّ نَکْرَمًا عَالِمًا وَّعِلْمًا نَافِعًا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔

اسم اَلرَّءُوْفُ اس اسم بزرگ میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے جس کے موکل کا نام جهیائیل ہے۔ اس کے تحت چار فرشتے ہیں۔ ہر فرشتے کے تحت ۲۸۶ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۸۶ بزرگ فرشتے مامور ہیں۔ دعا اس اسم بزرگ کی یہ ہے

یَا رَءُوْفُ اَنْتَ الَّذِیْ مَنَنْتَ عَلٰی اَحْبَابِکَ بِحَیَاةِ الْعِلْمِ وَالْعِبَادَةِ مَتَّعْتَهُمْ بِجَلَائِلِ اَنْوَاعِ الْخَیْرِ وَالسِّیَادَةِ وَ اَدْخَلْتَهُمْ بِتَائِیْدِکَ دَارَ السَّعَادَةِ وَکَمَّلْتَ ذَوَاتَهُمْ بِالْمَعْرِفَةِ وَالشَّهَادَةِ اَسْئَلُکَ بِدَقِیْقِ عِلْمِکَ وَجَلِیْلِ حِلْمِکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ رَءُوْفًا بِالْعِبَادِ وَاحِدَ الْاَفْرَادِ مُقْبِلًا عَلَیْکَ بِکَ یَوْمَ التَّنَادِ وَلَا تُحْوِجْنِیْ لِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ سِوٰی بَیْتِکَ بِالْاِنْفِرَادِ وَاَنْ تَرْزُقَنِیْ الْمَقَامَ وَالْاِسْتِقْرَارَ فِیْ اَنْدَسِ الْاَبْرَادِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ بِعِبَادِ یَوْمَ التَّنَادِ۔

اسم مَالِکُ الْمُلْکِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جس کے موکل کا نام رُدمیائیل اس کے پاس چار افسر ہیں جن میں سے ہر افسر ۲۱۲ صفوں کا سردار ہے۔ اور ہر صف میں ۲۱۲ فرشتے ہیں ان اسماء کی دعا یہ ہے۔

یَا مَالِکُ الْمُلْکِ اَنْتَ الَّذِیْ مَلَکْتَ اَزِمَّةَ رِقَابِ الْخَلَائِقِ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَوْجَدْتَهُمْ مِنَ الْعَدَمِ وَنَذَکَّرْتَهُمْ بِالْعَلَائِقِ وَاَنْتَ الَّذِیْ نَثَرْتَ عَلَیْهِمْ مِنْ خَزَائِنِکَ وَاِحْسَانِکَ عُلُوْمًا فَعَرَفُوْا بِهَا کَشْفَ الطَّرَائِقِ وَالْحَقَائِقِ لَکَ نُفُوْذُ الْمَشِیَّةِ وَالْاِرَادَةِ وَلَا اِحَاطَةَ بِمَا هُوَ الْمُرَادُ فِیْ عَوَالِمِ نِعَمِکَ بِنُوْرِ الْعِبَادَةِ وَالنَّزَاهَةِ تَنَزَّهْتَ فِیْ ذَاتِکَ وَ تَکَرَّمْتَ فِیْ صِفَاتِکَ۔ اَسْئَلُکَ اللّٰهُمَّ بِمُلْکِکَ الدَّائِمِ وَجَلَالِکَ الْقَائِمِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ نَافِذَ الْاَمْرِ

فِی الْمَمَالِکِ تَادِیَۃً اَعْلٰی حِفْظِ نَفْسِیْ وَحِفْظِ حَقِّکَ فِی الْمَمَالِکِ وَالنَّصْرُ لِیْ عَلَی الْاَعْدَاءِ وَتُوَفِّیْ بِتَوَاتُرِ الْاٰلَاءِ لَا نَالُ مِنْکَ حَقَائِقَ۔

اسم مُقْسِطُ اس اسم میں اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے۔ جس کے موکل کا نام جبھیائیل ہے اس کے تحت چار رئیس ہیں۔ ہر رئیس کے تحت ۲۰۹ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۰۹ فرشتے مامور ہیں اسم مقسط کی دعا یہ ہے۔

یَا مُقْسِطُ اَنْتَ الَّذِیْ عَدَلْتَ بَیْنَ الْبَرَایَا فِیْ خَلْقِهِمْ ذَوَاتًا وَّصِفَاتًا وَّاَنْتَ الَّذِیْ وَصَلَ فَضْلُکَ اِلٰی کُلِّ مَخْلُوْقٍ وَّنَالَ مِنْهُ بِالْکَمَالِ وَالْوَقَارِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیَ الْعَدْلَ فِی الْاَقْوَالِ وَالْاَفْعَالِ عِنْدَ الْعَارِفِیْنَ وَالْجُهَّالِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ۔

اسم الْجَامِعُ اس اسم میں بھی اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے۔ جس کے موکل کا نام رقیاییل ہے اس کے تحت ۱۱۴ صفیں ہیں ہر صف اس اسم الجامع کی دعا یہ ہے۔

یَا جَامِعُ اَنْتَ الَّذِیْ جَمَعْتَ بَیْنَ الذَّرَّاتِ عَلٰی ظُهُوْرِ خَلِیْقَتِکَ یَوْمَ الْمِیْثَاقِ ثُمَّ ثَبَّتَّهُمْ بِالْاَخْذِ عَلَیْهِمْ بِالْاَوَّلِ وَالْاِطْلَاقِ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْوُجُوْدِ الْعِلْمِیِّ الْکَائِنِ بِالْقَهْرِ وَالشِّقَاقِ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ مَا اَرَدْتَهُ مِنْ حَقَائِقِ الصِّفَاتِ وَالْاَخْلَاقِ اَنْ تَجْمَعَ شَمْلِیْ بِکَ یَوْمَ التَّلَاقِ وَاَنْ تُظْهِرَ فِیْ حَقِّیْ نَوَافِذَ حِکْمَتِکَ وَلْتَنْفَتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ وَلَا تُخَیِّبْ رَجَائِیْ بِاِقْبَالِیْ عَلَیْکَ وَوُقُوْفِیْ لَدَیْکَ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْخَلَّاقُ

اسم الغنی کے موکل کی تسخیر | اسم اَلْغَنِیُّ اس اسم عالیشان اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام زمیائیل ہے جس کے تحت چار رئیس ہیں اور ہر رئیس کے تحت ۱۰۶۰ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں (۱۰۶۰) موکل مامور ہیں۔ دعائے اسم الغنی یہ

یَا غَنِیُّ اَنْتَ الْمُغْنِیْ وَاَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰی مَا تَشَاءُ قَادِرٌ عَلٰی قَهْرِ کُلِّ شَیْءٍ وَّکُلِّ قَوِیٍّ وَاَنْتَ الْاٰخِذُ بِنَاصِیَۃِ کُلِّ عَلِیٍّ وَّالْمُعْطِیْ جَلَاوِیْلَ نِعَمِکَ لِکُلِّ مَخْلُوْقٍ اَسْئَلُکَ بِمَا فِیْهِ فَتْحٌ وَّنَصْرٌ اَنْ تَقَوِّیْنِیْ بِعِنَایَتِکَ الْاَزَلِیَّۃِ حَتّٰی اَقِفَ لَدَیْکَ عَلٰی یَوْمِ التَّوَکُّلِ وَالْاِفْتِقَارِ وَالنُّصْرَۃِ عَلٰی دَفْعِ مَا یَمْنَعُنِیْ عَنْکَ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ۔

اسم اَلْمُغْنِیْ اس میں اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام صمیائیل ہے جس کے پاس چار رئیس ہیں جن میں سے ہر رئیس کے تحت ۱۱۰۰ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۱۱۰۰ موکل ہیں ذاکر کے پاس موکل آتا ہے دعا اس اسم کی یہ ہے۔

یَا مُغْنِیْ اَنْتَ الْمُدَبِّرُ لِاُمُوْرِ الْخَلَائِقِ وَمُتَوَلِّیْهَا وَاَنْتَ الْمُخْرِجُ لِذَوَاتِهِمْ مِنْ یَمِّ الْعَدَمِ وَمُوْلِیْهَا الْعَدَدَ تَدْبِیْرُکَ وَجَمَعْتَ بَیْنَهُمْ فِی الْبَرْزَخِ الَّذِیْ اَبَا فَعَالِهِمْ وَصِفَاتِهِمْ نَصُرَاتِ الْمَظْلُوْمِ وَاَضَفْتَ اِلٰی رِضَاءِ الْمَظْلُوْمِ رِضَا الظَّالِمِ اَلَّفْتَ بَیْنَ الْمُتَقَابِلَاتِ وَالْمُتَنَافِیَاتِ وَالْمُتَضَادَّاتِ الَّتِیْ لَا تَعَلُّقَ لَهٗ لِغَیْرِهٖ لَا فِیْ ذَاتِهٖ وَلَا فِیْ صِفَاتِهٖ وَلَا فِیْ اَفْعَالِهٖ وَاَنْتَ الْمُغْنِیْ بِعِنَایَتِکَ مَنْ طَلَبَ قَضَاءَ الْحَاجَاتِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالنِّیَّاتِ وَمُصَرِّفَ الْاُمُوْرِ اِلَی النَّوَاحِیْ وَالْجِهَاتِ نَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ حُسْنَ التَّدْبِیْرِ وَالْمُعَامَلَاتِ وَاَنْ تَجْعَلَنِیْ عَدْلًا فِی الْاِنْصَافِ جَامِعًا بَیْنَ الْمُضَافِ اِلَیْهِ وَالْمُضَافِ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

اسم اَلْمَانِعُ اس اسم میں بھی اسم اعظم کے دو حروف ہیں۔ جس کے موکل کا نام رتمیائیل ہے اس کے پاس چار سردار ہیں ہر سردار کے

پاس ۱۶۱ اصفلیں ہیں اور ہر صف میں ۱۶۱ اموکل ہیں۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔

یَامَانِعُ اَنْتَ الَّذِیْ صَنَعْتَ حِبَالَكَ مِنْ قُلُوْبِ الْفَجَرَةِ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَعْمَیْتَ اَلْفِتْنَةَ الْكَفَرَةَ وَاَنْتَ الَّذِیْ عَجَبْتَ قُلُوْبَ الْاَعْدَاءِ مِنْ رُؤْیَةِ مَنَازِلِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ اَسْئَلُكَ بِحَیَاتِكَ الْقَائِمِ وَظُهُوْرِ فَضْلِكَ الدَّائِمِ اَنْ تَنْزَعَ عَنِّیْ كَیْدَ الشَّیْطَانِ وَاَنْ تُدْخِلَنِیْ دَارَ الْاَمَانِ وَتَجْعَلَنِیْ رَاضِیًا بِحَظِّیْ مِنْكَ فِی الْجِنَانِ یَاقَوِیَّ الْبُرْهَانِ یَاعَظِیْمَ السُّلْطَانِ وَالْاِحْسَانِ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

اسم الضّارُّ اس اسم عالیشان کے مؤکل کا نام ھماسطائیل ہے جس کے پاس چار سردار ہیں اور ہر سردار کے پاس ۱۰۰۱ صفیں ہیں اور ہر صف میں ۱۰۰۱ موکل مامور ہیں۔ اس اسم کی دعا یہ ہے۔

یَاضَارُّ اَنْتَ الْمُنْتَقِمُ مِنْ اَهْلِ الْجُحُوْدِ وَالْكُنُوْدِ وَاَنْتَ الْقَاهِرُ مَنْ تَمَرَّدَ وَنَقَضَ الْعُهُوْدَ وَاَنْتَ الْمُذِلُّ لِمَنْ تَدَنَّسَ فِیْ دِیْنِكَ اَسْئَلُكَ بِعَظِیْمِ اٰیٰتِكَ وَبِقَیُّوْمِ سَطْوَاتِكَ اَنْ تَدْفَعَ عَنِّیْ ضِیْقَ الرِّزْقِ عَلٰی مَنْ سِوَاكَ وَتَرْزُقَنِیْ مُشَاهَدَةً فِیْ جَنَّتِكَ وَاَنْ لَّا اَرْجُوْ اِلَّا اِیَّاكَ وَاَمِنِّیْ فِی الْعَذَابِ التَّامِّ مِنْكَ لَا فُوْزَ بِسِتْرِ مَرْضَاتِكَ وَالْفَوْزَ بِسِرِّ حَیَاتِكَ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۞

فصل ۳۰ دسواں طریقہ اسمائے الٰہی کے پرمنفعت اسرار

جاننا چاہیئے اسماء الٰہی میں سے مندرجہ ذیل یہ دس اسماء الحق المبین الخبیر الھادی الحی القیوم الاول الاخر الظاہر الباطن سب کے سب لطف و اخلاق و محبت و تزکیہ نفس و احیا قلوب اور غائب اشیاء کے مشاہدہ کرنے اور کشف وغیرہ کے خواص کے حامل ہیں۔ ان کے ذکر سے برکتیں نازل ہوتی ہیں اور ذاکر کا ظاہر و باطن پاک ہوتا ہے اور اس کے دشمن ہلاک ہوتے ہیں۔ ان اسماء کے ذاکر کو شہرت حاصل ہوتی ہے ہر سوال کا جواب اس کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے الہام ہوتا ہے رزق کشادہ ہوتا ہے۔ حکمت کی نہر اس کے دل سے اس کی زبان پر جاری ہوتی ہے اور غائب چیزوں کو سامنے دیکھتا ہے خصوصاً اللہ تعالیٰ اس کی خطاؤں کو کراماً کاتبین سے پنہاں کر دیتا ہے اور اس کے دل کو نور سے معمور کر دیتا ہے جس کی وجہ سے یہ آسمان و زمین کی تمام چیزیں دیکھتا ہے۔ اور بحر و بر کی عجائب مخلوقات اس کی نظر کے سامنے ہوتی ہے۔ اور مشہور ہونے کا یہ وظیفہ ہے۔

اسم الحق یہ اسم عالیشان ہر کام کے لئے مفید ہے۔ جو شخص اس کے اعداد ۱۰۸ کو ایک مربع میں لکھ کر اپنے پاس رکھے پھر کسی حاکم یا سربراہ کے پاس جائے تو وہ اس سے خوف کرتا اور یہ ذاکر ہر ایک دشمن پر غالب ہوتا ہے

غیب کی چیزوں کا علم و حاجت برآری اسماء اَلْخَبِیْرُ اَلْمُبِیْنُ اَلْهَادِیْ ان تینوں اسماء کا جو شخص سوتے وقت ایک ہزار بار ذکر کرے اور کسی بات کے معلوم کرنے کی نیت کرے تو اللہ تعالیٰ خواب میں اس کو مطلع کرتا ہے۔ ہر سو بار کے بعد یوں کہنا چاہیئے بَیِّنْ لِیْ یَامُبِیْنُ خَبِّرْنِیْ یَاخَبِیْرُ اِهْدِنِیْ یَاهَادِیْ پھر ایک ہزار پورا کر کے ہمیشہ غالب ہونے تک بلا تعداد بلا تعداد ان اسماء کو پڑھتا رہے۔ اگر پہلے روز کوئی حالت معلوم نہ ہو۔ تو تین روز تک یہ عمل کرنا چاہیئے اگر ان اسماء کو پاک برتن میں لکھ کر سات دن تک شہد اور گلاب سے دھو کر تین گھونٹ نہار منہ پیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو علوم لدنیہ اور حکمت عالیہ عنایت کرتا

ہے۔ اور یہ ذاکر کل اہل زمانہ پر فوقیت لے جاتا ہے۔

اسمائے اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ان دونوں اسماء کا ذاکر انوار الٰہی کو ظاہر و نہاں دیکھتا ہے۔ جس کا دل زندہ ہوتا ہے۔ اور روح ہوتی ہے۔ اور اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔ جو شخص ان دونوں اسماء کے مربع جو مضرب ۴ اور پانچ ہے پانچ حرب کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اس کا دل زندہ رزق کشادہ ہو۔ اور اطاعت الٰہی و اخلاص عملی قائم رہے۔ اور ظاہر و باطن منور ہوں۔

حضرت خضر سے ملاقات کا طریقہ اسمائے اَلْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ۔ ان چاروں اسماء کا ذاکر تکبر نزق اور دبال وغیرہ سے ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔ جو شخص ان اسماء کو رانگ کی تختی پر کندہ کرکے اس کی پشت پر مچھلی کی شکل بنا کر اس تختی کو دریا میں ڈالدے تو ہر طرف سے مچھلیاں اتنی جمع ہوں گی۔ کہ ہاتھ سے ان کو پکڑے جو شخص چالیس دن تک ان اسماء کا رات دن اور ہر نماز کے بعد ذکر کرتا رہے۔ اور حضرت خضرؑ سے اس کی ملاقات ہوتی ہے۔ جو اس کو علوم قدسیہ کی تعلیم دیتے ہیں۔ اور یہ روحانی حالت میں ترقی کرکے حضرۃ قدس میں جا پہنچے گا۔ جہاں انوار جمال عجائب ملکوت اور فرشتوں کے مقامات کا مشاہدہ کرے گا۔ خلوص ہمت اور کسب حلال و صدق مقال لازمی ہے۔

اسم اَلنَّافِعُ اس اسم میں اسم اعظم کے دو حروف ہیں اس کے موکل کا نام طھطیائیل ہے جس کے تحت چار افسر ہیں۔ ہر افسر کے تحت ۲۰۱ صففیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۰۱ موکل مامور ہیں۔ ذاکر کے پاس موکل آتا ہے۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔

یَا نَافِعُ اَنْتَ الَّذِیْ مَنَعْتَ الشُّبُهَاتِ مِنَ الْقُلُوْبِ وَالْبِدَعِ عَنِ الْعَقَائِدِ الْمَانِعَةِ عَنْ اِدْرَاكِ سِرِّ الْغُیُوْبِ صَدَّرْتَ الْخَیْرَ وَالشَّرَّ وَالنَّفْعَ وَالضَّرَّ وَالْفَوَائِدَ وَالْعَوَائِدَ وَالشَّدَائِدَ فِیْ.... الْفَسَادِ النَّاسِ اَسْئَلُكَ مَنْعَ الْبَلَاءِ وَجَزِیْلَ الْمَاءِ وَسِعَةِ الرِّزْقِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الزَّلَلِ وَالْمُخَالِفَاتِ وَالْمَوَانِعِ وَالْاٰفَاتِ اَسْئَلُكَ خَیْرَكَ بِغَیْرِ وَاسِطَةٍ وَاجْعَلْ لِیْ مِنْ كُلِّ ضِیْقٍ مَخْرَجًا حَتّٰی عِیْشُ بِحَمْدِكَ بِذَالِكَ مِنْ نَابِدَا اخْتِیَارِیْ فِی الْاٰنَاتِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ مَاحِی السَّیِّئَاتِ۔

اسم اَلنُّوْرُ اس اسم عالیشان کے موکل کا نام ھھطیائیل ہے جس کے تحت چار حاکم ہیں۔ ہر حاکم کے تحت ۲۵۶ صفیں ہیں جن میں سے ہر صف میں ۲۵۶ فرشتے ہیں۔ دعائے اسم النور یہ ہے۔

یَا نُوْرُ اَنْتَ النُّوْرُ الظَّاهِرُ الَّذِیْ ظَهَرَ بِكَ كُلُّ الظُّهُوْرِ وَاَنْتَ الْحَاكِمُ بِنُوْرِكَ عَلٰی كُلِّ نُوْرٍ تَعْرِفُ بَوَاطِنَ الْخَلْقِ وَظَوَاهِرَهُمْ بِمَا اَلْبَسْتَهُمْ مِنْ كَرَامَتِكَ بِمَا اَحْیَیْتَهُمْ مِنْ شَهَادَتِكَ وَبِمَا رَشَشْتَ عَلَیْهِمْ نُوْرًا وَلَا یَتِكَ وَاِنْ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهٗ وَاخْضَعَ كُلُّ جَلَالٍ لِجَلَالِكَ وَجَبَرُوْتِ حَمْدِكَ وَاَدْخِلْ فِیْ حِرْزِكَ وَمَدَدِكَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ یَا نُوْرَ النُّوْرِ وَشَافِی الصُّدُوْرِ وَبَاعِثَ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ اَنْ تُنَوِّرَنِیْ بِنُوْرِكَ الْاَعْلٰی وَضِیَائِكَ الْاَبْهٰی سِرِّیْ وَجَهْرِیْ وَظَاهِرِیْ وَرُوْحِیْ وَنَفْسِیْ ـ قَلْبِیْ وَلِسَانِیْ وَفُؤَادِیْ وَجِلْدِیْ وَنِهَایَتِیْ وَبِدَایَتِیْ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ فِی الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ۔

اسم اَلْبَاقِیْ اس اسم میں دو حروف اسم اعظم کے ہیں اس کے موکل کا نام طغیائیل ہے جس کے تحت میں چار موکل ہیں جن میں سے ہر ایک کے تحت میں ۱۱۳ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۱۱۳ موکل مامور ہیں دعائے اسم الباقی یہ ہے۔

یَا بَاقِیْ اَنْتَ الَّذِیْ هِیَ وَتَبْقٰی كُلُّ مَخْلُوْقٍ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَحْیَیْتَ كُلَّ مَرْزُوْقٍ بِفَضْلِكَ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَخْرَجْتَ

مَنْ اَجْتَبَیْتَہٗ مِنَ الْکُفْرِ وَالنِّفَاقِ وَالْفُسُوْقِ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ بَقَاءِکَ فِیْ خَلْقِکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ بَقَاءً لَا نَفَادَ لَہٗ اَبَدًا اَوْ حَیَاۃً لَا مَوْتَ بَعْدَ ھَا سَرْمَدًا وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اَحَدٍ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَلَا اِلٰی اَحَدٍ سِوَاکَ وَارْزُقْنِیْ بَقَاءً لَا نَفَادَ لَہٗ اَبَدًا اَوْ حَیَاۃً لَا مَوْتَ بَعْدَ ھَا سَرْمَدًا وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی اَحَدٍ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَلَا اِلٰی اَحَدٍ سِوَاکَ وَارْزُقْنِیْ تَسْخِیْرَ الْقُلُوْبِ وَالْاَرْوَاحِ وَالْاِسْتِیْلَاءِ عَلٰی اَزِمَّۃِ الْاَجْسَادِ وَالْاَرْوَاحِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْفَتَّاحُ۔

اسم الوارث اس اسم کے موکل کا نام ھدیائیل ہے جس کے تحت چار رئیس ہیں ہر رئیس ۷۰۰ صفوں کا سردار ہے۔ اور ہر صف میں ۷۰۰ فرشتے ہیں دعائے اسم الوارث یہ ہے۔

یَا وَارِثُ اَنْتَ الْبَاقِیْ بَعْدَ فَنَاءِ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ وَالْبَارِیْ لِاِظْھَارِ کَمَالِ الْھَیْبَتِ فِیْ یَوْمِ الدِّیْنِ۔ کَمَا اَخْبَرْتَ بِعِبَادِکَ فِیْ کِتَابِکَ الْمُبِیْنِ قُلْتَ لِمَنِ الْیَوْمَ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ اَسْئَلُکَ بِبَقَائِکَ الدَّوَامِ وَحِرْزِکَ الْقَائِمِ اَنْ تَجْعَلْنِیْ وَارِثًا بِعِلْمِکَ وَوَارِثَ عُلُوْمِ اَنْبِیَاءِکَ وَاَوْلِیَاءِکَ وَارْزُقْنِیْ فَرَائِدَھَا وَاَوْصِلْنِیْ اِلَیْ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اسم الرشید اس اسم میں ایک حرف اعظم کا ہے۔ جس کے موکل کا نام مہیائیل ہے جس کے تحت چار رئیس ہیں اور ہر رئیس کے تحت ۵۱۴ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۵۱۴ موکل مامور ہیں۔ دعائے اسم الرشید یہ ہے۔

یَا رَشِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ اَرْشَدْتَ اَوْلِیَاءَکَ اِلٰی سَبِیْلِ النَّجَاۃِ وَاَوْصَلْتَ اَحِبَّاءَکَ اِلٰی بَحْرِ الْحَیَاۃِ وَعَیْنِ الْحَیَاۃِ وَجَمَعْتَ بَیْنَ الْاَوْلِیَاءِ وَالْاَنْبِیَاءِ عَلٰی اَکْمَلِ الْحَالَاتِ اَسْئَلُکَ یَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ اَنْ تُرْشِدَنِیْ اِلَیْکَ وَاَحْیِنِیْ حَیَاۃً طَیِّبَۃً مُقْبِلًا عَلَیْکَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اسم الصبور اس اسم میں اسم اعظم کا ایک حرف شامل ہے جس کے موکل کا نام ھھیائیل ہے جس کے ماتحت چار حاکم ہیں ہر حاکم کے زیر حکم ۲۹۸ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۹۸ فرشتے مامور ہیں دعائے اسم الصبور یہ ہے۔

یَا صَبُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ اَعْطَیْتَ کُلَّ شَیْءٍ حِلْیَۃَ تَوَحُّدِ یَتِہٖ وَاَنْتَ الَّذِیْ اَحْیَیْتَ قَلْبَ مُحِبِّکَ بِنُوْرِ الْوَحْدَۃِ وَالتَّرْجِیَۃِ ثُمَّ عَلَّمْتَہٗ اَوَّلَ کُلِّ ظَاھِرٍ وَاٰخِرَ کُلِّ سَائِرٍ تَرْجِعُ اِلَیْکَ الْاُمُوْرُ وَالْاَمْلَاکُ بَعْدَ فَنَاءِ الْمُلُوْکِ وَتَدْبِیْرِ الْاُمُوْرِ اِلٰی غَایَتِھَا عَلَی الرَّشَادِ وَالسَّدَادِ مِنْ غَیْرِ اِرْشَادٍ وَصَحِیْحِ الْاِسْتِعْدَادِ وَلِتَحْمِلَ الْاِصْلَاحَ اِلٰی دَارِ الْمَعَادِ اَلَّذِیْ لَا تَحْمِلُکَ الْعَجَلُ عَلٰی بُلُوْغِ الْمُنٰی قَبْلَ اَوَانِہٖ وَلَا تُرَتِّبُ اَمْرًا قَبْلَ زَمَانِہٖ اَسْئَلُکَ مُمْلِکَتِکَ وَبِجَلِیْلِ کَلِمَتِکَ وَبِمَا فِیْ خَزَائِنِ مَخْزُوْنِ فَوْقِیَّتِکَ وَسُبْحَانِ وَجْھِکَ وَظِلِّ عَرْشِکَ وَسُرَادِقَاتِ قُدْسِکَ اَنْ تَجْعَلَ دُعَائِیْ مَقْبُوْلًا وَنِدَائِیْ مُسْتَجَابًا وَجَزَائِیْ مَنْدُوْلًا وَتَجْعَلْنِیْ عَادِیًا مَحْدِیًا وَعَلٰی صِرَاطِکَ مُسْتَرِیًا یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

فصل ۳۱

حروف اور ان کے خواص و اثرات

اللہ تم پر رحمت کرے جاننا چاہیے کہ ہر امت کا راز اس کی کتاب منزل من اللہ میں ہے اور کتاب اللہ کا راز حروف میں ہے حروف کی مختلف اشکال ہیں۔ جب ہمارے حضور محمد سرور عالم کا ظہور ہوا۔ اور قرآن کریم آپ پر نازل ہوا۔ تو اس امت مسلمہ کا پورا راز قرآن شریف میں ہی ہے۔ شریعت اسلامیہ نے سابقہ شریعتوں کو منسوخ کر دیا ہے قرآن کریم کے حروف کا نام حروف عربیہ کہا جاتا ہے۔ حضور رسول اکرمؐ سے کسی نے حروف معجمہ کی بابت سوال کیا کہ وہ کیا ہیں تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ ہیں۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ی۔ وا ضح باد ان ہی حروف کا نام حروف عربیہ ہے انہی حروف میں تمام کتب منزلہ اور دیگر بہت سے اسرار ہیں ابجد کے حروف سریانی ہیں جو حضرت آدمؑ، حضرت ادریس، حضرت نوحؑ حضرت موسیٰ، عیسیٰ پر نازل ہوئے یاد رہے حکیم سمسار نے ایقغ بکر جشن کی اصطلاح بنائی ہے اہل فلوہ نے بھی ایک تحریر ایجاد کی تھی۔ جس کے ذریعہ وہ اپنے علوم کو رمز و کنایہ کے طریقے پر لکھتے ہیں۔ ہمارے زمانہ کے جو لوگ حروف بجا کو آگے یا پیچھے کر کے لکھتے ہیں اور اس کو اپنی عمدہ ایجاد تصور کرتے ہیں یہ فعل میرے نزدیک بہت بڑی غلطی اور جرم ہے۔ جس کے تحت وبال ان پر نازل ہوگا کیونکہ اس میں ترکیب اور ترتیب الٰہی بدل جاتی ہے خاص کر جب کہ اسمائے الٰہی لکھے جائیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَمَنْ يُبَدِّلْ نِعْمَةَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ* بفرض محال اگر ان حروف عربیہ کا راز محفوظ ہوتا تو اللہ تعالیٰ قرآن مجید کو ان حروف میں نازل نہ کرتا اور ذرا غور کر کے اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو دیکھ کر آنکھوں سے پردے ہٹا لو۔ الٓمٓ، الٓرٰ، نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ اللہ تعالیٰ نے ان حروف کی قسم اس لئے کھائی ہے تاکہ ہم ان قدر و منزلت پہنچانیں۔

عربی حروف کے خواص ان کے نقوش و موکلات اور املاک و ایام

حرف الف کے خواص

تمام حروف میں سب سے پہلا حرف الف ہے جو نورانی ہے اور یہی پہلا عدد۔ اور پہلا درجہ بھی ہے جو حرف کو عناصر پر تقسیم کرتا

*ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کو جو شخص بدلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے اقبال ارشین

ہے اس علم میں بڑی بڑی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ اور اختلافات بھی لکھے گئے ہیں مگر اس امر پر سب متفق ہیں کہ الف حرف ناری ہے جس کے دو بسط ہیں۔ ایک صغیر دوسرا کبیر بسط صغیر ہے ال ف اور بسط کبیر الف لام فا۔ اور بسط عددی ورامل لبسط حرفی کے عین مواقف ہے۔ چنانچہ اح دلبسط عددی ہے۔ اور پھر بسط عددی کے اور دیگر بسط بھی ہیں جو شخص تھوڑا سا تامل وغور کرے گا۔ اس پر یہ خواص ظاہر ہو جائیں گے۔ یعنی جیسا کہ الف کا بسط ہے۔ اسی طرح اعد کا بھی بسط ہے۔ ال ف اح دیا الف۔ لام فا۔ الف۔ حا دال۔ اور ان میں سے ہر بسط کے اسرار و خاص علیحدہ ہیں۔ نیز یہ حرف اول اختراع اور اول عدد اور اول ناری عنصر ہے۔ اسی لئے قوت الہیہ نے اس کے لئے اتوار کا دن مقرر کیا ہے۔ کیونکہ یہی دن اس کی طبیعت اور شرف کے موافق ہے حرف الف اور ہندسہ دونوں ہم شکل ہیں۔ الف کی شکل عربی شکل ہندی کی طرح ہے۔ اور یہی عقل کا مبداء ہے۔ اور سارا راز اس کے مزاج کے ناری ہونے میں پوشیدہ ہے جب اللہ تعالیٰ نے قلم کو حکم دیا۔ کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب کا سب لوح پر لکھے۔ تو قلم نے لکھنے سے قبل لوح پر سر رکھ دیا۔ جس سے ایک نورانی نقطہ ظاہر ہوا۔ پھر وہ نقطہ دراز ہو کر الف بن گیا۔ یہی بھید اس کے ناری ہونے کا سبب ہے۔ اسم اللہ کی ابتداء بھی اسی حرف الف سے ہے۔ جو شخص اس حرف کو سونے کی تختی یا زعفران سے رنگے ہوئے کاغذ پر اتوار کے دن۔ شرف شمس میں لکھ کر عطر لگا کر اپنے پاس رکھے تو اس کا بخار جاتا رہے۔ اور جو کوئی اس شخص کو دیکھے گا اس سے خوف کرے گا۔ اور ہر برائی سے یہ شخص محفوظ رہے گا۔ اور خیر خیرات کی اس کو توفیق ہو گی۔ اور صفت اس حرف کی یہ ہے۔ ۱۱۱ ۱۱۱ حاملہ اس شکل کو دردزہ کے وقت دیکھے تو فوراً وضع حمل ہو۔ اور جو شخص اس کے بسط اول کو مثلث میں مکسر کر کے تانبے کے برتن پر لکھے اور گلاب سے دھو کر خفقان والے کو پلائے تو اس کا خفقان اور گھبراہٹ ڈرنے والے اور رونے والے بچہ کو بھی اس کا پلانا مفید ہے۔ جو آفت و بلا سے محفوظ رہے گا۔ جس شخص کو ٹھنڈک کی بیماریاں مثلاً کمر کا درد وغیرہ ہو جس کی شدت سے وہ حرکت نہ کر سکتا ہو تو اس کی دائیں ہتھیلی پر حرف الف کا مثلث اس اس طرح ل ف اروعن۔ غار کے ساتھ۔ طلوع آفتاب کے وقت لکھے جب کہ ابر وغیرہ گرد وغبار نہ ہو۔ اور تین سطریں لکھے۔ فال اگر حرف الف کی شکل مذکور سرخ ریشم پر زعفران و گلاب سے لکھ کر کمر پر باندھے قدرت الہی سے حرکت میں آسانی ہو گی۔ اور بردرت جاتی رہے گی اگر بسط ثانی کو ۳ بار لکھ کر جس کے سر میں بلغم سے درد ہو باندھے تو درد فوراً زائل ہو جائے گا۔ اگر اس کے وفق کو مثمن میں تکسیر کرے جب کہ قمر نحوست سے محفوظ ہو۔ سرخ تانبے کی تختی پر لکھے اس نقش کے گرد ایک دائرہ کھینچ کر اس کے گرد ۱۱۱ الف لکھے اور قسط اور لادن کی دھونی دے کر ریشم کے تاگے میں باندھ کر پانی والے کنویں میں لٹکائے۔ سارا پانی کنویں کا خشک ہو جائے گا۔ اسی طرح ہر ایک برتن کا پانی بھی خشک ہو سکتا ہے اس حرف کے دیگر اسماء بھی ہیں جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔ جو حسب ذیل ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ تَمَّتْ بِهِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ

نوٹ۔ یہ امر متفق علیہ ہے کہ زبان عربی ام السنہ ہے جس کے ۲۸ حروف ہیں سے پہلا حرف الف ہے۔ اور اپنے بسط صغیر کے لحاظ سے گنتی کا پہلا عدد بھی ہے یعنی عبارت میں جس شکل کو الف کہتے ہیں۔ علم اعداد کے لحاظ سے وہی ایک کا ہندسہ ہے اور یہ دونوں اپنے مزاج کے لحاظ سے ناری ہیں۔ الف ہی عقل کا مبداء ذل ہے اور اس کے اثرات کثیرہ محیر العقول ہیں۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

يَا اَزَلِيُّ يَا اَبَدِيُّ الْاَبَدِ يَا اَمَانُ اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ فِيْ حَرْفِ الْاَلِفِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ مَلَائِكَتَكَ الْكِرَامَ خُدَّامَ هٰذِهِ الْحَرْفِ الشَّرِيْفِ الشَّكْلِ النُّوْرَانِيِّ بِالطَّاعَةِ فِيْمَا اَمْرُهُوْ بِهٖ مِمَّا لَكَ فِيْهِ رِضًا وَاَنْزِلْ عَلٰى مَلَائِكَةٍ مِنْ مَلَائِكَتِكَ الْمُطِيْعِيْنَ وَالرُّوْحَانِيَّةَ الْمَرْضِيِّيْنَ يَتَصَرَّفُوْنَ بِاَمْرِكَ فِيْ طَاعَتِيْ وَلَا يَعْصُوْنَ لَكَ اَمْرًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ـ

حرف الباء کے خواص

حرف باء کو خاموش اور طبعاً خشک اور ٹھنڈا کہا جاتا ہے مراتب خاکی میں اس کا پہلا درجہ ہے سینچر کا دن اس کے لئے مناسب ہے اس کا ستارہ زحل اور معدن سلیسہ ہے۔ اس کی دو شکلیں ہیں۔ ایک عربی میں جیسے ب اور دوسرا اردو میں جیسے ب۔ دراصل ب لیٹا ہوا الف ہے۔ یعنی الف قائم ہے۔ ب کے ساتھ جاننا چاہیئے کل حروف کی اصل شکل نقطہ ہے۔ جو بڑھ کر حرف ب بن جاتا ہے۔ اور اس پر لام تعریف نہیں آتا حرف ب کے بہت سے خواص ہیں سے چند یہ ہیں جو شخص اس کو اس کے معدن پر اسی دن جب کہ زحل مشتری سے تثلیث یا تسدیس کی نسبت رکھتا ہو۔ اس طرح لکھے ب ب ب اور اپنے پاس رکھے تو قوی امراض سے محفوظ رہے۔ اگر تثلیث پر باندھے تو بری شہوتوں سے امن ہو اگر ب ب اردو طرز میں دو بار پھنسیوں پر لکھے تو سب ختم ہو جائیں حرف ب کا ایک بسط صغیر ہے اور ایک بسط کبیر ہے۔ بسط صغیر اس طرح ہے۔ ب اور بسط کبیر اس طرح ہے ب اور بسط عددی بھی شکل حرفی بسط کے ہے جیسے ہہ ہ بعض علما اس کو حرف صامت ارخاموش کہتے ہیں اور دلیل یہ ہے کہ جو حرف صامت ہے وہ ناطق نہیں ہو سکتا اور اس کی شکل پر زیادتی نہیں کی جاتی جیسے حرف فاء د ب و ت و ث و ح و خ و ر و ط و ظ و ہ و ی ان سب حروف کی اشکال پر زیادتی نہیں کرتی۔ کیونکہ حرف کی زیادتی سے نطق پیدا ہوتا ہے۔ جو صامت ہونے کے خلاف ہے۔ ب طبیعت کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ کہ یہ حرف بارد یابس ہے اس لئے کہ یہ حروف ارضی کا پہلا درجہ ہے۔ اور جو اس کو گرم تر یعنی حار رطب اور ہوائی کہتے ہیں۔ انہوں نے اس کے سہ پہر کا دن مقرر کیا ہے شارہ اس کا قمر اور معدن چاندی ہے اور جو لوگ اس کو بارد رطب یعنی سرد تر اور آبی کہتے ہیں انہوں نے

لہ حرف الف کا موکل روفیائیل ہے اور یہ تحقیق پر جماعت علیشاہ مرحوم، حکیم محمد رضا خان رامپوری اور ماسٹر احتشام الدین خاں (رامپور) (انڈیا) کی ہے۔ مصنف نے اصل کتاب میں موکل کا نام نہیں لکھا۔

ئے ترجمہ اے اللہ میں تیرے اسم اعظم کے ذریعہ سوال کرتا ہوں جس کے طفیل آسمان و زمین قائم ہیں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے ان اسرار مخزونہ اور انوار مکنونہ کے ذریعہ جنہیں تو نے حرف الف میں رکھا ہے۔ اے اللہ اے احد مسخر کر میرے لیے اپنے عالیشان فرشتے جو خادم ہیں اس حرف شریف کے شکل نورانی میں جو اطاعت کریں گے۔ ان کاموں میں جن میں تیری رضا ہو اور نازل کر مجھ پر موکل روحانی اطاعت کرنے والے تاکہ تیرے حکم سے میری اطاعت بجالائیں اور کوئی نافرمانی نہ کریں بے شک اے اللہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اس کے لیے جمعرات کا دن کوکب مشتری اور معدن کا نسی مقرر کیا ہے مگر حکما اور اہل نجوم کا یہی متفق علیہ ہے کہ یہ حرف بارد یابس یعنی سرد خشک اور خاکی ہے۔

حکیم بقراط کہتا ہے۔ ہمارے حروف سات، سات چار حصے کے ہیں۔ گرم خشک، سرد خشک گرم تر اور سرد تر بقراط کے زمانے میں حرف ابجد کی ترتیب تھی۔ اور سات سات پر حروف کی ترتیب سے مراد مرتبہ اور درجہ اور دقیقہ اور ثانیہ اور ثالثہ اور رابعہ اور خامسہ ہے جب حرف ب کو اس کے مرکب عددی سے بسط کریں اور اس مرکب کے اعداد سے مثلث بنائے اور کچی ٹھیکری پر جس کو آگ نہ لگی ہو لکھ کر اس کے مستنطقات نکالے اور موکل کو سات بار قسم دے کر پھر کسی کنوئیں میں ڈال دے تو اس کا پانی خشک ہو جائے گا۔ جو شخص اس کے مخمس عددی کو پیر کے دن زیادتی قمر میں لکھے اور دلہن اپنے پاس یہ نقش رکھے تو دلہن کی خوبی زیادہ ہو جائے گی اور شوہر اس کی طرف مائل رہے گا۔ جو شخص حرف اور د ب کو ۵ بار سلیسہ کی تختی پر لکھ کر ہفتہ کے دن قید خانہ کے دروازے پر بھی لکھے تو تمام قیدی آزاد ہوں۔ اس حرف کے بہت سے اسماء ہیں جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے جو یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُكَ یَا رَبُّ یَا بَدِیْعُ یَا بَاقِیْ یَا بَاعِثُ یَا بَرُّ بِمَا أَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الْبَاءِ مِنَ الْأَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْأَنْوَارِ أَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِكَتَكَ خُدَّامَ هٰذِهِ الْحُرُوْفِ فِیْمَا أَمَرْتُهُمْ بِهٖ مِمَّا لَكَ فِیْهِ رِضَاءٌ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الثاء کے خواص

حرف ثاء بھی صامت اور گرم وخشک ہے۔ مخرج میں حرف تاء کے قریب ہے اسی لئے اکثر لغات میں باہمی رد و بدل بھی کیا گیا ہے حرف ثاء کی شکل نورانی اور طبیعت معتدل ہے اس کے خواص نہایت عجیب اور دفع اثر زہر میں زود اثر ہیں اس کی شکل خالص چاندی کے برتن میں دس بار نقش کی جائے اور ہر شکل کے گرد ایک مرتبہ ثاء اردو لکھ کر خالص پانی سے دھو کر زہر خوردہ یا سانپ کاٹے کو پلائے تو بحکم آلہی فوراً آرام ہوگا۔ اس کی شکل یہ ہے جو کوئی اس شکل کو چاندی کی تختی پر کندہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے تو موذی جانور اس کے قریب نہ جائیں۔ بچہ کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔ رونا بھی جاتا رہے۔ اور جو کوئی اس کے اعداد بسط کو مربع کے طور سے انگوٹھی پر نقش کرے اور اردو خط میں دائرہ کے گرد چودہ مرتبہ لکھے۔ اور اس انگوٹھی کو پہنے تو کسی قسم کا سانپ اس کے قریب نہ پھٹکے۔ اگر زہر ملا ہوا کھانا اس کے سامنے آئے تو فوراً معلوم ہو جائے۔ زہر خوردہ کے منہ میں اس انگوٹھی کو رکھیں۔ اور وہ اس کو چوسے تو زہر کے اثرات دور ہو جائیں۔ جو کوئی اس مرکب عددی کو مسبع میں اونٹ کی کھال پر لکھے۔ اور جلا کر پیس کر جس کی آنکھ میں سفید ہو اس میں لگائے تو سفیدی زائل ہو جائے گی۔

مطلوب کا بلانا اگر حرف ث کسی شخص کے نام کے ساتھ ملا کر یکے بعد دیگرے۔ یعنی ایک حرف اسم مطلوب کا اور ایک حرف اسم طالب کا لکھے۔ اسی طرح دونوں کا نام کو لکھے اور حرف ثاء بھی لکھے۔ اور اسے شمالی ہوا کی طرف لٹکا دے۔ اور سات بار حرف ثاء پڑھ کر کہے اے خدام حرف ثاء کے فلاں شخص یہاں اس جگہ پہنچا دیں۔

یہ کام پیر کے دن زیادتی قمر میں کرنا چاہیئے۔ مطلب حاصل ہوگا۔ دعاء اس حرف کی حرف اسم ثابت کے ذریعہ پائی گئی ہے جسے ہم حرف ثاء کی دعا میں بیان کر چکے ہیں۔

حرف الجیم کے خواص

حرف ج ناطق اور نورانی حرف ہے۔ حرارت اور رطوبت کا پہلا درجہ رکھتا ہے مگر خشکی زیادہ ہے۔ اسی لئے منگل کا دن اور مریخ ستارہ اس کے لئے مقرر ہوا ہے حکیم بقراط کہتا ہے۔ یہ تیسرا حرف ہے جس میں عنصر ہوا پہلے مرتبہ میں ہے اس کی یبوست اس کی رطوبت پر غالب ہے اس کی شکل مثلث ہے۔ دونوں وتر نقطہ تعدیل پر جمع ہیں اور اس شکل کے سوائے حرف جیم کی اور کوئی شکل نہیں ہے۔ مگر بعض جاہلوں نے چند شکلیں ایجاد کر لیں ہیں جو بالکل باطل غلط ہیں نقش مثلث یہ ہے۔

ج ج ج ج ج ج ج ج ج ج

چور معلوم کرنا ہو | اگر شکل ج کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھیں۔ اور اس کے اطراف آیت وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا لکھ کر اس شخص کو جس پر چوری کا شبہ ہو۔ کھلائیں تو اگر واقعی وہ چور ہے تو اس ٹکڑے کو نگل نہ سکے گا۔ اور اگر چور نہیں تو نگل جائے گا

اور اگر کوئی شخص اپنے بائیں ہاتھ کے ناخن پر دائرہ دار جیم لکھے اور کسی بادشاہ یا حاکم کے پاس جائے تو وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔ اور کوئی برائی حاکم سے اس شخص کو نہ پہنچے گی۔ اگر حرف جیم کے مرکب حرفی کی تکسیر اس طرح کرے ج ی م کو درخت اثل کی لکڑی پر لکھا جائے۔ پھر اس لکڑی کو اس درخت سے باندھ دے جس میں پھول پھل نہ آتا ہو تو وہ درخت بار آور ہوگا

برائے محبت | اور اگر اس مرکب کے اعداد کو مثلث میں پُر کرے بلور کے نگینہ پر نقش کرے۔ اور گرد اس کے سات جیم اردو لکھے بعد ازاں اس کی انگوٹھی بنا کر پہنے تو جو اس کو دیکھے گا۔ محبت کرے گا۔ اور اس حرف کے اسما یہ ہیں جن کے ذریعہ دعا کی جائے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا جَبَّارُ یَا جَمِیْلُ یَا جَلِیْلُ یَا جَ مع بہ اور غتہ حرف الجیم من الاسرار المکنونۃ والانوار المخزونۃ ان تسخر لی ملائکتک الکرام خدام ھذہ الحرف بالطاعۃ فیما امرھم بہ مما لک فیہ رضا انک علی کل شیء قدیرہ۔

حرف الحاء کے خواص

حرف حا صامت اور مزاج آبی رکھتا ہے۔ پیاس اور صفراء دور کرنے میں عجیب پُر تاثیر ہے اس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ محبت و تالیف قلوب اور غصہ دور کرنے میں اس کے خواص بڑے پر اثر ہیں۔ جو شخص اس کی شکل اردو کو جو ۸ کے ہندسہ کی طرح اپنی ہتھیلی پر لکھ کر کسی پاک برتن میں پانی سے دھو کر پئے تو پیاس کو تسکین ہو۔ جس شخص کو گرمی کا مرض ہو۔ وہ تین روز متواتر یہ عمل کرے تو اللہ اس کو شفا دے گا۔ جو اس کی شکل مخصوص یعنی ح کو تیندوے کی کھال پر لکھ کر جلا کر اور پیس کر آنکھ میں لگائے تو ارواح کو بے حجاب دیکھتا ہے اگر حرف ح دار ردا کو ۷ بار چیچک یا پھنسی کے گرد لکھے تو آرام ہو صورت اس کی یہ ہے ح ح ح ح اگر ح کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر پانی سے دھو کر پئے تو التہاب اور سینہ کی سوزش

دفع ہو اور ہمیشہ دل خوش رہے اگر اس کے اعداد کو مربع ۸ در ۸ میں بنا کر سانگ کی لوح پر منقش کرے۔ جب کہ مشتری شرف میں ہو کر اور قمر نحوست سے پاؤ۔ اور اسے اپنے پاس رکھے تو رزق کشادہ ہوگا۔ لوگ اس سے محبت کریں گے۔ اگر اس تختی کو اس شخص کے سر پر باندھے۔ جس کے سر میں صفراوی درد ہے تو فوراً آرام ہو۔ لڑائی جھگڑے بند کرنے میں بھی اس حرف کی عجیب تاثیر ہے۔ اگر اس شمن کو ایک دستہ فوج اپنے جھنڈے پر لگائے تو مقابل کی فوج کا ان یعقہ دور ہو جائے۔ شکل شمن کی دعا یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا حَیُّ یَا حَکِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَا حَسِیْبُ یَا حَنَّانُ یَا حَفِیْظُ یَا حَقُّ یَا حَافِظُ بِمَا اَوْدَعْتَ حَرْفَ الْحَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ یُطِیْعُوْنِیْ فِیْمَا لَکَ فِیْہِ رِضَاءٌ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حرف الخاء کے خواص

حرف خ حامت اور سرد مزاج کا حامل ہے۔ مثل حرف حاء کے ہے مگر خواص ان دونوں کے مختلف ہیں اور متفق بھی ہیں خواص حرف خاء یہ ہیں اگر چینی کے برتن میں جس میں چکنائی نہ لگی ہو۔ ۶۰۰ مرتبہ حرف خ لکھا جائے۔ اور عرق بان کے ساتھ دھو کر خفقان والے کو پلائیں تو خفقان دور ہو۔ اس حرف کی دو شکلیں ایک عربی خ اور دوسری اردو۔ ۶۰۰ اثرات یہ ہیں ایک مربع بنا کر حروف خاء کو اس کے اوپر دائرے کی طرح لکھے۔ اور اعداد حروف خاء کو اس مربع میں لکھ کر اگر بزدل آدمی کی گردن میں ڈالے تو وہ قوی دل مرد ہو میدان جائے۔ پھر بہادری وہ کام کرنے لگے اگر بچہ کی گردن میں ڈالے تو بچہ سوتے میں نہ ڈرے۔ اور ہر جن و انس کے شر سے حفاظت رہے حرف خاء کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اس کو بلور کے نگینہ پر نقش کر کے چاندی کی انگوٹھی جڑ کر درد زہ والی عورت کو پہنائے تو فوراً بچہ پیدا ہو اور اگر اس حرف کے اعداد مرکب عددی کو تانبے کے طشت میں درخت ریحان کی قلم سے گلاب و زعفران سے لکھے۔ اور گرد اگرد اس کے ۔۔ ۱۴ لکھے۔ پھر مینہ کے پانی سے دھو کر جنون والے پاگل کو تین دن پلائے تو وہ تندرست ہو جائے گا۔ شکل جس کی یہ ہے۔ خ خ خ خ اور اسماء حرف خ کے یہ ہیں۔ جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا خَلَّاقُ یَا خَالِقُ یَا خَافِضُ یَا خَبِیْرُ خ خ خ یَا خَفِیَّ الْلُّطْفِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ بِمَا اُمِرُھُمْ بِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الدال کے خواص

حرف د ناطق ہے جو علم و حکمت پر دلالت کرتا ہے۔ عطارد سے نسبت رکھتا ہے اس کا مزاج سرد و تر ہے عطارد میں جتنے حرکات وغیرہ ہیں۔ وہ سب حرف دال میں موجود ہیں۔

حرف دال میں مزید خواص بھی بہت سے ہیں جس شخص کو گرمی سے ورم ہو گیا ہو۔ اس پر چار مرتبہ حرف د لکھتے ہیں اردو ہندسہ ۶۷ بار بھی لکھیں تو آگ سے جلے ہوئے کی تکلیف دور ہو جاتی اور زخم نہیں پڑتے اگر حرف دال کے اعداد کو جو ۵ ہیں مربع میں لکھ کر اس باہر کونے پر حرف دال لکھ کر سنگ یشب کی تختی پر کندہ کرا کے اس کو اپنے پاس رکھے تو آنتوں کے درد سے محفوظ رہے۔ اور مربع کی شکل میں اس لوح پر جو چاندی اور پارہ ملا کر بنائی گئی ہو۔ عطارد کی ساعت اور اس

کے شرف میں لکھ کر روزانہ چار بار اس کو دیکھا کرے اور اللہ سے دعا کرے کہ حرف دال کے اسرار اس پر منکشف ہوں تو حکمت و علم جو حاصل کرنا چاہتا ہو وہ اللہ کی عنایت سے حاصل ہوگا۔ شکل اس کی یہ ہے دم م د دعائے حرف دال یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا دَائِمُ الْعِزِّ یَا ذَا الْجُوْدِ بِمَا اَوْدَعْتَ حَرْفَ الدَّالِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ فِیْمَا اٰمُرُهُمْ بِهٖ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الذال کے خواص

حرف ذ منقوط بھی ناطق صامت ہے۔ اس لئے کہ یہ آخری درجہ پر حرارت اور یبوست کا حامل ہے۔ اس کا بسط مماثل دال ہے حرف ذ ناری ہے اور اس کے اعمال سردی اور تری میں کئے جاتے ہیں۔ اسے سمجھ لو۔ تو اس کا طریقہ تم پر منکشف خود بخود ہو جائے گا۔ اس حرف کو جو کوئی ۷ بار چینی کے برتن میں لکھ کر شہد سے دھو کر سات دن تک پئے اس کا بلغم جاتا ہے اگر دائرے کے اندر قلم سے ۸۱ بار سونے کی تختی پر یا چینی کے برتن میں لکھ کر شہد سے دھو کر مسلسل سات دن متواتر نہار منہ سردی کی بیماری والے کو پلائے تو نفع ہوگا

عظیم قوت و طاقت حاصل کرنے کا عمل اگر حرف ذ کے بسط ثانی کو جو اس طرح ہے ذال الف لام اور دال ال فل ام اس کو کسر کرکے ۱۶ در ۱۶ میں پیر کے دن مریخ کی ساعت میں لوہے کی تختی پر لکھے اور اس نقش کے چاروں کونوں کے باہر ان چار اسماء میں سے ایک ایک اسم لکھے۔ تَادِرٌ مُقْتَدِرٌ قَوِیٌّ قَادِرٌ — اور اس تختی کو اپنے بازو پر باندھے تو عظیم قوت پیدا ہو۔ حرف ذ کے اسماء یہ ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا ذَا الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ یَا ذَا الْمَنِّ وَالْجُوْدِ ذَا الْكَرَمِ یَا ذَا الْاِحْسَانِ وَالْاِمْتِنَانِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَا ذَا الْعَفْوِ یَا ذَا الصَّفْحِ اَسْئَلُكَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الذَّالِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَكْنُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰٓئِكَتَكَ الْكِرَامَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الرّائے کے خواص

حرف را مزاج کے لحاظ سے آبی سرد تر اور صامت ہے یہ رطوبت ثالثہ جس میں رطوبت اور برودت انتہا درجہ پر ہیں جن کلمات میں یہ حرف آتا ہے ان کے تکرر کہنے اور بولنے سے اس ٹھنڈک کی بیماریاں زیادہ ہوتی ہیں۔ خواص اس حرف کے بہت سے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں رانگ کی تختی پر مشتری کے شرف میں اس کو لکھے۔ نقش بھی پاکیزہ اور تختی بھی پاکیزہ ہو۔ پھر اس تختی کو سخت گرمی کے وقت زبان کے نیچے رکھے تو پیاس جاتی رہے گی۔ اگر اس لوح کو پانی میں رکھا جائے اور صبح نہار منہ تین گھونٹ اس پانی کے پیے تب بھی پیاس دور ہوگی۔ اگر چیتا ڈر کی کھال پر حرف را لکھ کر اس کے باہر دس بار را اردو لکھے تو جو شخص اس کھال کو اپنے پاس رکھے جب تک یہ کھال اس کے پاس رہے گی۔ بیند نہ آئے گی اور جو دس ح ب مع را اردو ہینگ کے پانی سے جیل کے دروازے پر مع اس قیدی کے نام کے جس کا جیل سے رہا کرانا منظور ہے لکھے تو وہ شخص بہت جلد قید خانہ سے رہا ہوگا۔ شکل را یہ ہے۔ △

حرف را کے اسماء جن کے ذریعہ دعا کی جاتی ہے۔ یہ ہیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَءُوْفُ رَزَّاقُ یَا رَفِیْعُ یَا رَقِیْبُ یَا رَشِیْدُ یَا رَؤُفُ یَا رَبُّ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الرَّاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ

تُسَخِّرَلِی خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ الشَّرِیْفِ فِیْمَا اٰمُرُهُمْ بِهَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الزاء کے خواص

حرف زاء نقطہ والی دراصل ناطق ہے۔ جس کا آخر نیر منزل ہے یہ حرف صامت ہے مزاجاً گرم تر اور ہوائی ہے۔ اعمال خیر میں عجیب و غریب و تاثیر رکھتا ہے۔ زاء اردو خالص چاندی کی تختی پر پیر کے دن جب کہ قمر مشتری سے اتصال رکھتا ہو لکھ کر اس کو اپنے بازو پر باندھے تو سب لوگوں کی بدگوئی اور برائی سے محفوظ رہے گا اور ہر ایک نیکی سے پیش آئے گا۔

جو شخص اس کے حرف ہجا کو مع عدد حروف کے تکسیر کر کے لکڑی کی تختی پر پیر کے دن چار حرام مہینوں یا قوت ہلال میں منقش کرے تو بہت بہتر ہے۔ پھر اس تختی کو طحال پر باندھے تو چند ہی دن میں آرام ہوگا۔ صورت حرف ہجا کی مع حروف اعداد کے یہ ہے۔

ط	ع	ب	س	ی	ا
س	ی	ب	ا	ع	ط
ا	ع	ب	ی	ط	س
ط	ی	ب	ع	س	ا

اگر اس حرف کے اعداد کو مربع میں جمعرات کو پہلی ساعت میں لکھ کر اپنے سر پر آگے کی طرف رکھے تو جو شخص اس کو دیکھے گا وہ محبت کرے گا۔

اگر کوئی شخص زائے اردو کو مشتری کی ساعت میں جمعرات کے دن ۹۹ بار کاغذ پر لکھ کر کسی دیوار میں رکھ دے تو وہ دیوار جلد گر پڑے گی۔ شکل اردو اس حرف کی یہ ہے۔ ۷۷۷۷۷۷۷ دعا حرف زاء یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا زَکِیُّ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ الزَّاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف السین کے خواص

حرف س ناطق اور مزاجاً گرم تر اور خاکی و بادی ہے۔ رطوبت معتدل ہے۔ اس کے مربع حرفی کو درد زہ والی عورت دیکھے تو بچہ فوراً پیدا ہو۔ اگر اس کے مثلث کو تانبے کے برتن میں لکھ کر میٹھے پانی اور زیتون کے تیل سے دھو کر اس کو پلائے جسے زہریلے جانور کا کاٹا ہو تو فوراً آرام ہو جائے۔

حل مشکلات کشادگی رزق | جو شخص اس حرف کے حرفی کے اعداد نقش کو ۹ در ۹ میں جمعہ کے دن پہلی ساعت میں بلور کے نگینہ پر منقش کر کے انگوٹھی میں لگا کر پہنے تو رزق کشادہ ہو اور اس کی ہر مشکل آسان ہو اور ہر برائی سے محفوظ رہے اور کبھی ہاتھ تنگ نہ رہے۔

اگر شکل اردو اس حرف کی مٹی کی لوح پر کندہ کر کے جس مکان میں لٹکائے تو اس مکان میں مکھی نہ آئے۔ جو شخص شکل اردو اس حرف کی آئینہ میں دائرہ میں لکھے۔ اور لقوے والا اسے دیکھے تو جلد صحت یاب ہو جاتا ہے۔ اس کی شکل اردو یہ ہے۔

س	س	س	س	س
س	س	س	س	س
س	س	س	س	س
س	س	س	س	س

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا سَلَامُ یَا سَمِیْعُ یَا سَرِیْعُ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ حَرْفَ السِّیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ لَکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِکَتَکَ الْکِرَامَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حرف الشین کے خواص

حرف نقطہ دار الشین ناطق اور گرم و تر ہے۔ جو آخر مرتبہ روابع سے ہے۔ اس کی حرارت و یبوست معتدل ہے خواص اس کے نہایت سریع الاثر ہیں۔

برائے محبت و ہیبت | جو شخص اس حرف کو ۳۰۰ بار کاغذ پر اتوار کے دن جب جس وقت آفتاب برج حمل میں ہو لکھ کر عنبر کی خوشبو لگا کر اپنے سر پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت اور نور دیتا ہے۔ اور جو شخص اس کو دیکھے۔ وہ اس کی محبت و اطاعت کرے۔

جو کوئی حرف شین کے مرکب حرفی کو تکسیر کر کے جمعہ کی ساتویں ساعت میں تانبے پر سونے کا ملمع ہو کندہ کر کے اپنے پاس رکھے تو جن و انس اس سے محبت کریں۔

اگر ایک شخص یا کئی اشخاص کے نام اس حرف شین میں امتزاج کر کے تانبے کی تختی پر نقش کر کے کسی مکان میں آگ سے قریب رکھ جائے تو وہ شخص یا اشخاص اس مکان میں آنے کے لئے بے قرار ہو۔

جادو گڑا ہوا معلوم کرنا | جو شخص حرف شین کے حروف ہجا کو تکسیر کر کے مثلث میں ریشم پر لکھے اور لبان ذکر کی دھونی دے اور اس کے اطراف یہ آیت لکھے اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پھر اس کو سفید مرغ کی گردن میں باندھ کر اس مکان میں چھوڑے جہاں دفینہ کا گمان ہو۔ یا جادو کے گڑے ہونے خیال ہو تو وہ مرغ کم سے کم اسی جگہ ۳ بار بانگ دے گا۔ اور پنجوں سے کریدے گا۔ شین کے حروف کے ہجا کی تکسیر یہ ہے۔ دعا یہ ہے۔

ش	ی	ن
ی	ہ	ش
ن	ش	ی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا شَاکِرُ یَا شَکُوْرُ یَا شَہِیْدُ یَا شَدِیْدُ۔ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ الشِّیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اِنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِکَتَکَ الْکِرَامَ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الصاد کے خواص

حرف صاد ناطق و خاکی اور مزاجاً خشک ہے مگر سردی خشکی پر غالب ہے۔ جو شخص حرف صاد کو جمعہ کے دن ہرن کی جھلی پر ۹۰ بار روشنائی سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور شکار کو جائے تو شکار اس کے ہاتھ آئے۔

مچھلی کا شکار | مربع میں اس کے اعداد سیسہ کی تختی پر نقش کرے اور اس تختی کے دوسری جانب مچھلی کی صورت بنا کر اس کے اطراف دس بار صاد اور لکھے۔ اور اس تختی کو ڈور میں باندھ کر نہر میں ڈالے تو چاروں طرف سے مچھلیاں اتنی زیادہ کرتی ہیں کہ ہاتھ سے بھی جس قدر چاہے پکڑے حرف صاد کا ایک طلسم نہایت عظیم النفع ہے۔ جو شخص حرف صاد کے عدد ہجا کو مربع کی صورت میں ۹۵ بار لکھے یعنی ۹۰ ص اور الگ ۹۵ پھر اس مربع کے گرد دائرہ بنائے اور اس کے باہر صاد عربی لکھے۔ ص ۹۰ اور اپنے پاس رکھے تو سفر و حضر میں چور اور جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ شکل اس کی یہ ہے۔

ص ص ص ص ص
ص ص ص ص ص
ص ص ص ص ص
ص ص
کل ۹۵/۴

دعا حرف صاد کی یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا صَادِقُ یَا صَبُوْرُ یَا صَاحِبَ کُلِّ غَرِیْبٍ اَسْئَلُکَ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ

حَرْفُ الضَّادِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ هٰذَا الْحَرْفِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

حرف الضاد کے خواص

حرف ضاد نقطہ والا ناطق اور خشک ہے زائد سے ۱۵ مرتبہ لکھا جاتا ہے۔

انہدام مکان | جو شخص حرف ض کی شکل بکری کی کھال پر لکھ کر رات کو کسی کے گھر میں پھینک دے تو وہ گھر گر پڑے گا۔ اور اس کے باشندے متفرق و پریشان ہو جائیں گے۔ اگر اس مکان کا مالک کوئی بڑا عہدہ رکھتا ہے۔ تو اس سے معزول ہوگا۔

حاکم کی معزولی دشمن کی ہلاکت | اگر کسی شخص کا ہلاک کرنا منظور ہو۔ تو اس کے نام کو حرف ضاد میں امتزاج دے کر شیشہ گر کی بھٹی کے پاس اس طرح دفن کرے کہ بھٹی کی گرمی اس کو پہنچتی رہے نتیجہ میں اس شخص کے جسم پر خشک پھنسیاں پیدا ہوں۔ اور دو چار روز میں ہلاک ہو۔

گم شدہ کی فوراً واپسی | اگر حرف ض کے اعداد کو نقش چہار میں پرندے کی کھال پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے تو بچہ کبھی نہ گھبرائے گا۔

اگر کوئی شخص ۱۵ ض اروز زعفران اور مغز احمر سے شیشہ کے برتن میں لکھے اور یہ تعویذ مثل دائرہ کے بنا کر بیچ میں اس شخص کا نام لکھے جو بھاگ گیا ہو تو ایک ساعت بھی نہ گزرے گی۔ کہ وہ شخص حاضر ہوگا۔ حرف ضاد کی دعا وہی ہے جو حرف صاد (بلا نقطہ والی) کی ہے یعنی جہاں صاد ہے وہاں ض پڑھے۔

حرف الطآء کے خواص

حرف طاء صامت وتندرو آتشی وگرم خشک ہے جس میں حرارت وخشکی بے حد ہے۔ خاصیت اس کی قتل وغارت اور ظالموں کی ہلاکت ہے۔ جو شخص طا کی شکل سرخ تانبے پر منگل کے دن پہلی ساعت میں کندہ کرے اور اس کی دوسری طرف مریخ کی شکل بنا کر کنوئیں میں ڈالے تو اس کا پانی خشک ہو جائے۔ شکل اس کی یہ ہے۔

۹۹ ۹۱
۹۹ ۹ ۹
۹۹

کسی فاسق کو قتل کرنا ہو تو ایک خمس میں اس کی تصویر بناؤ۔ اور دل کی جگہ حرف طاء لکھو۔ پھر ایک فولادی چھری جس کا قبضہ بھی فولادی ہو اس پر ایک سطر میں ۶ مرتبہ حرف طا لکھو اور منگل کے دن مریخ کی ساعت میں۔ اس چھری کو حرف طا پر جو کاغذ پر دل کی جگہ لکھا ہے۔ گاڑ دو تو وہ شخص ہلاک ہو جائے گا۔ اشتقاق حرف طاء کا اسم طاہر سے ہے۔ یہ طریق مذکورہ کرنا چاہیئے۔

حرف الظآء کے خواص

حرف ظاء صامت وہوائی ہے اس کا مزاج تر ہے۔ زہر کے اثرات بالکل نکال دیتا ہے اگر حرف ظ کو زرد تانبے پر منقش کر کے ایک برتن میں رکھو۔ اور اوپر سے پانی ڈالتے رہیں۔ اور یہ پانی زہریلے جانور جانور کے کاٹے یا زہر خوردہ کو پلائیں تو وہ فوراً اچھا ہو جائے گا شکل اس کی تختی کی یہ ہے۔ جو شخص دنیا میں اپنی شہرت چاہے وہ حرف ظ کو سفید ریشم پر جمعہ کی پہلی ساعت میں لکھے اور اس کے ساتھ ہی اسم

ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ
ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ
ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ

ظاہر بھی چار مرتبہ لکھ کر عود ہندی اور عنبر کی دھونی دے کر اپنے سر پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کے علم کو مشہور کرے اور رجوع عام ہو۔

اگر اس کے اعداد کو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران اور گلاب سے لکھے اور اس کے گرد یہ آیت لکھے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً اور یہ آیت وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ

پھر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کو دوست بنا دے گا۔ اسم اس حرف کا ظاہر ہے اور اس حرف کی دعا پہلے راح حرف طاء کی طرح ہے۔

حرف العین کے خواص

حرف ع ناطق اور مزاجاً سرد ہے۔ یہ اکثر علوم اور حکمتوں کا سرچشمہ ہے یہ حرف عربی شکل میں ۱۸ بار بدھ کے دن پہلی ساعت میں کاغذ پر لکھو۔ اور گرد اس کے وہ اسماء لکھو جو اس سے مشتق ہیں اور دن بھر میں چار بار اس کو دیکھو تو اللہ تعالیٰ علم و حکمت عنایت کرے گا۔ اور جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے تو حکمت کی نہریں دل سے زبان پر جاری ہوں۔ اور عجیب علم و حکمت کے ساتھ گویا ہو اسماء یہ ہیں اور حرف عین سے شروع ہونے والے یہ ہیں چار اسماء۔ مثلاً علیم، عالم عادل عدل۔

جو عورت حرف ع کے اعداد کو مربع میں پر کر کے اس کے اطراف ستر عین سفید ریشم پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر۔ اور عود ہندی کی دھونی دے کر اس کو اپنے پاس رکھے تو ایسا حسن و جمال حاصل ہوگا۔ کہ سب لوگ اس پر فریفتہ ہوں گے اس حرف کی شکل عربی اور اردو ایک ہی جیسی ہے۔ اور صورت یہ ہے حرف ع ع ع ع ع ع ع ع ع کے اسماء معلومہ جو حرف ظاء کے نیچے لکھے ہیں ان کے ذریعہ دعا کی جائے۔ ع ع ع ع ع ع ع ع ع

حرف الغین کے خواص

حرف غ ناطق تر مزاج سے آبی آخری مرتبہ میں ہے اس کے اسماء یہ ہیں اَلْغَنِيُّ اَلْغَفَّارُ یہ حرف نیک تحفی کی علامت ہے۔ اور خوشی و فرحت اس کی تاثیر ہے جو شخص حرف غ کو رانگ کی تختی پر ۱۷ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو بے گمان رزق دے۔ اچھی زندگی بسر کرے۔ تمام مخلوق کے دل اس کی جانب مائل ہوں۔ حرف غ میں بھی راز ہے کہ عربی شکل کے سوائے دوسری شکل سے نہیں لکھا جاتا۔

<u>سربستہ راز و علوم کا انکشاف اور مقبول خلائق</u> بعض کا بیان ہے حرف غین دراصل اَلْغَيْبُ سے مشتق ہے جس کی دلیل آیت يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ الخ ہے اور یہ بات بھی اس کی تائید میں ہے۔ کہ جو شخص اس کے اعداد کو وہ ذرہ ذرہ میں لکھ کر اس کے گرد ۱۹ غین برابر برابر تقسیم کر کے ساتھ لکھے۔ اور اس کے باہر کاغذ پر روشنائی سے یہ اسماء لکھے غنی غافر غفار غفور سے عنبر اور عود قماری کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے۔ اور ہزار مرتبہ قبلہ رو ہو کر ان اسماء کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اسکو علوم مخفی عطا کرتا ہے اور عجائب مخلوقات پر اطلاع بخشتا ہے اور اسماء کے رازوں کا علم دیتا ہے۔ اور جو شخص اس کی تکسیر کر کے خلت میں چاندی کی انگوٹھی پر پیر کے دن زبادی قبر میں کندہ کر کے اپنے ہاتھ میں پہنے تو اللہ تعالیٰ اس پر زبان خلائق بدگوئی بند کرتا ہے

ے جلد اللہ تعالیٰ تم پر اور تمہارے دشمنوں میں محبت پیدا کرے گا

شکل اس کی یہ ہے۔ اور دعا اس حرف کی یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا غَنِیُّ یَا غَفَّارُ یَا غَفُوْرُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفَ الْغَیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ۔

غ	غ	غ	غ	غ
غ	غ	غ	غ	غ
غ	غ	غ	غ	غ
غ	غ	غ	غ	غ

حرف الفاء کے خواص

حرف فاء صامت اور سرد خشک ہے۔ اس کے موکل کا نام حرف تعطیل ہے۔ یعنی اس کے اثرات یہ ہیں کہ سہل کاموں کو مشکل بناتا ہے اور ان کے مکمل ہونے میں توقف ڈالتا ہے دشمنوں اور رقیبوں میں تفرقہ پیدا کرتا ہے۔ حرارت کے لحاظ سے اس میں خشکی زیادہ ہے اس کی دو شکلیں ہیں۔ ایک عربی دوسری اردو۔ جو شخص اس کو منگل کے دن قمر کے انحطاط میں لوہے کی تختی پر لکھ کر رقیبوں کے مجمع میں دفن کرے تو وہ سب آپس ہی میں لڑ کر قتل ہو جائیں۔ اور اگر اس حرف کو منحوس ساعت میں لکھ کر اس کے نیچے سانپ یا بچھو کی صورت بنائے اور کسی مکان کے بیچ میں دفن کرے تو اس مکان میں کبھی سانپ یا بچھو نہ آئے گا۔

ایک راز کی بات لوہے یا کسی دھات کی کوئی چیز گاڑنی ہو تو روغن بلسان اس پر لگا کر گاڑ دے۔ اس روغن کے اثر سے اس کو نہ زنگ لگے گا نہ خراب ہوگی۔ حکمائے قدیم اسی ترکیب سے اپنے طلسمات محفوظ کرتے تھے۔

اگر کسی کے کاروبار یا تجارت کو بند کرنا چاہو تو اس کے نام کو حرف فا میں امتزاج دے کر اس کے مال تجارت میں رکھ دو تو تجارت اس کی بند ہو جائے گی۔ اور اگر ۸۰ مرتبہ حرف فا کسی مکان کے دروازے پر لکھ دو کوئی اس مکان میں نہ رہے گا اگر حرف فاء کے اعداد کو نقش مربع میں بکری کے شانہ کی ہڈی پر لکھ کر اس کے گرد ۸۰ حرف فاء اس شخص کے نام کے ساتھ جس کا مسخر میں رکھنا منظور ہو لکھو تو مطلب حاصل ہوگا۔ دعائے حرف ف کی یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا فَتَّاحُ یَا فَاطِرُ یَا فَالِقَ الْحَبِّ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰئِکَتَکَ الْکِرَامَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

ف	ف	ف
ف	ف	ف
ف	ف	ف

حرف القاف کے خواص

برائے قوت و طاقت حرف ق ناطق اور گرم تر قدرے خشک ہے۔ اس کی تاثیر یہ ہے کہ قوی کو مدد دیتی ہے اسی سے اسم تَوِیُّ قَادِرٌ قَدِیْرٌ قَدِیْمٌ قَہَّارٌ۔ ہیں اس حرف فاء کو جو کوئی لوہے کی تختی پر ۱۸۱ مرتبہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ تو بھاری سے بھاری بوجھ اٹھانے کی قوت حاصل ہو۔ حرف قاف کو اللہ نے قوت کا سرچشمہ بنایا ہے۔ جیسے ضاء کو ضعف کا اور علین کو علم کا اور غلین کو غنا کا سرچشمہ بنایا ہے۔

جو شخص حرف قاف کے اعداد نقش مربع کی شکل میں اتوار کے دن پہلی گھڑی میں شیر کی کھال پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو درندے اور وحشی اور شاہان جن و انس اس سے خوف کریں گے۔

حرف قاف کے دائرے میں اس طرح ق لکھ کر ریاضت کرنیوالا اس کے درمیان بیٹھے تو کوئی جن اس کو ایذا نہ پہنچا سکے گا۔

شکل حرف قاف یہ ہے۔

ق ق ق ق ق
ق ق ق ق ق
ق ق ق ق ق

اگر ان اسماء کو جو اس حرف سے متعلق ہیں۔
نقش مربع میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے پہنے تو بوجھ اٹھانے کی خوب طاقت پیدا ہو گی۔

حرف الکاف کے خواص

حرف کاف گرم و نر ہے اور ناطق و سعید ہے اس کو چار بار کسی برتن میں لکھ کر طحال پر رکھیں تو فوراً کم ہو کر دور ہو جائے گی۔ اگر ۲۱ بار سرخ تانبے پر جب کہ قمر نحوست سے علیحدہ اور مشتری سے متصل ہو۔ جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مخلوقات کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو گی۔ اگر اس کو لکھ کر گھر کی دیوار پر لگائیں تو اس مکان میں خیر و برکت ہو گی اور اس کے رہنے والوں کو رزق فراخ ملے گا شکل اس کی یہ ہے

جبرائیل میکائیل
اسرافیل عزرائیل

اور دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا کَبِیْرُ یَا کَافِیْ یَا کَرِیْمُ بِھَا اَوْ دَعْتَہٗ حَرْفَ الْکَافِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ ھٰذَا الْحَرْفِ فِیْمَا اَمْرُبِہٖ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔

حرف اللام کے خواص

حرف لام ناطق اور سرد مزاج اور سعد ہے اس کا سر مد سے رشتہ لطف خفی ہے اور اسم لطیف اس شق سے ہے جو شخص اس کو ۳۳۰ مرتبہ رانگ کی تختی پر جمعرات کے دن پندرہ تاریخ اگر رمضان ہو تو بہت بہتر ہے۔ نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو ہر برائی سے اللہ محفوظ رکھے گا۔ اور ہر سختی و فتنہ سے نجات دے گا۔ شکل یہ ہے

۷۲	۲۸	۲
۲۳	۲۴	۴۶
۲۷	۱	۴۵

نقش کے گرد یہ آیت لکھے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ الخ
جو سونے کی انگوٹھی کے نگ پر نقش کرنا چاہیے۔ نقاش روزہ دار ہو اور جو شخص یہ انگوٹھی پہنے گا۔ وہ لطف آلہی سے مالا مال ہو گا۔ دعائے حرف لام اسم لطیف کے ساتھ بطریق مذکورہ پڑھے۔

حرف المیم کے خواص

حرف م ناطق اور گرم و خشک ہے اور قدرے رطوبت بھی ہے اور نفع و نقصان دونوں اس کے خواص ہیں۔ اور شکلیں بھی اس کی دو ہیں۔ عربی اور اردو میں چوبیس مرتبہ مربع کی شکل یہ ہے۔

م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م

اگر ترنج کی لکڑی پر لکھ کر قولنج والے کو دکھلائے تو مریض تندرست ہو جائے گا

اگر اس کا مربع قمر کی ساعت میں کسی بھی شخص کے نام کے ساتھ لکھے تو وہ اس کی محبت میں ایسا کھو جائے کہ ایک ساعت کی جدائی گوارہ کر سکے گا۔ شکل اوپر نقل ہے۔

اور دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مَالِکُ یَا مَلِیْکُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ یَا مُتَکَبِّرُ ـــــ وہ تمام اسماء ذکر کرے

جن کے اول حرف میم ہے۔ اور وہ سب اسماء ۱۰۴ ہیں۔ ان کے بعد یہ کہے۔ اَسْئَلُکَ بِمَا اَوْدَعْتَهُ حَرْفَ الْمِيْمِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَةِ وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِكَتَكَ الْكِرَامَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حرف النون کے خواص

حرف نؔ ناطق اور سرد و خشک ہے۔ قدرے رطوبت بھی ہے۔ یہ حرف میم کی طرح عنصر بار میں اور عین کی طرح عنصر آب میں سے ہے۔ اگر کسی مصیبت زدہ کی پیشانی پر نکھیں تو اس کی بیماری جل کر جاتی ہے۔

جاننا چاہیئے حرف ہجا میں سے تین حرف مدد الٰہی کے اسرار میں اسم اعظم ہیں اور وہ طرداً اور رداً پڑھے جاتے ہیں جیسا کہ فرمان الٰہی ہے۔ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ اور كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ ــــ جب ان کے حروف کو مقطع کر کے لکھا جاوے۔ تو طرداً اور رداً دونوں طرح پڑھے جائیں گے اسی طرح میم اور نون اور واؤ ہیں۔ جو دونوں طرح پڑھے جائیں گے اسی طرح میم اور نون اور واؤ ہیں جو دونوں طرح پڑھے جاتے ہیں۔ اور اسی باعث ان میں بہت سے اسرار ہیں دعائے حرف نون یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا نُوْرُ يَا نَافِعُ بِمَا اَوْدَعْتَهُ حَرْفَ النُّوْنِ آخر تک بطریقہ مذکورہ پڑھنا چاہیئے

حرف الہا کے خواص

حرف ہا ہوائی اور قدرے خشکی کے باعث ترابی ہے۔ اس کے اثرات یہ ہیں جب اس کو آیت هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ کے ساتھ لکھ کر اس شخص کے گلے میں ڈالے جو رات کو ڈرتا ہو تو اس کے بعد پھر نہ ڈرے گا۔ اگر اس کو مربع ۴ در ۴ میں لکھ کر کسی بچہ کے باندھیں تو ہر عارضہ اور مرض سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص اس کو ۵ بار عمدہ کاغذ پر اچھی طرح لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ اس کو اس کے ارادہ میں کامیاب کرے گا۔ اس حرف سے اسم ھادی کے سوا کوئی اور اسم مشتق نہیں ہے اس اسم اور اس آیت هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ کے ساتھ بطریق مقررہ دعا کرنا چاہیئے۔

حرف الواؤ کے خواص

حرف واؤ طبعاً خشک ہے۔ اور قدرے مرطوب ہے۔ اس حرف واؤ کے کل اثرات حرف راء کی طرح ہیں۔ دعا حرف واؤ کی یہ ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا وَهَّابُ يَا وَلِیُّ يَا وَاحِدُ يَا وَارِثُ يَا وَدُوْدُ يَا وَاجِدُ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِكَتَكَ يَمْتَثِلُوْنَ اَمْرِیْ مِمَّا لَكَ فِيْهِ رِضًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حرف لاؔ کے خواص

حرف لا طبعاً ہوائی ہے۔ اور قدرے خشک ہے۔ جو شخص ۱۰ بار تانبے کی لوح پر اسے نقش کر کے جس جانور کے گلے میں ڈالے تو وہ جانور نظر بد اور ہر آفت سے مامون رہے اور اگر کسی چیز کے گم ہو جانے کا خوف ہو تو وہ اس چیز پر حرف کا لکھے۔ اور یہ آیت پڑھے وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ۔ پھر انشاء اللہ وہ چیز محفوظ رہے گی۔

اس حرف میں یہ راز ہے کہ بجز عربی شکل کے دوسری شکل میں نہیں لکھا جاتا۔ دعائے حرف کی وہی ہے جو الف میں مذکور ہے۔

حرف الیا کے خواص

حرف یاء کے اعمال حرف تاء کی طرح ہیں۔ اسی پر قیاس کرو۔ نیز اس حرف کی کوئی دعا نہیں ہے۔ یہ حرف ندا ہے۔ جیسے کہتے ہیں یَا اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ۔ اللہ کا شکر ہے۔ کہ تذکرہ ابجد[1] تمام تر بیان ہوا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

فصل ۲۲۔ عرش کی معنویات کا کشف

اللہ تعالیٰ ہم سب کو نیک توفیق دے کہ اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ وَعَمَّ نَوَالُہٗ نے اپنی ذات کو اِسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ سے منسوب فرمایا ہے تاکہ معلوم ہو کہ عرش ہی وہ چیز ہے۔ جس کی طرف حدود و معلوم فکر مرسوم اور اسرار مکنون کی انتہائی حد ہے اور اسی جانب اور وہیں تمام حدود منتہی ہوتے ہیں۔

ساتوں آسمان اور زمینیں اسی طرح ہیں جن کا شہود بالکل ترتیب تقاضا پر منحصر ہے اور جن کا وجود دراصل ترکیب کا حکم دیتا ہے۔ اچھی طرح سمجھنا چاہیے۔ کہ عالم عرش دراصل مراتب اختراع کی پہلی حقیقت ہے اور کرسی عالم ابداع کی پہلی حقیقت ہے جو حکم اصلی ہے اور حکم فرعی دیگر ہے عرش دراصل نقطہ اختراع ہے اور کرسی مستدیر الابداع ہے جس طرح نقطہ خط کی ابتداء ہے دیسی ہی اختراعات کی نسبت مسموعات سے ہے اور جب یہ بات ثابت ہے کہ عرش اول ترین اختراعات الہیات و علویات و سفلیات ہے۔ اور اسی کی طرف غایت کی ابتداء ہے لہذا عرش کو محیط بعید کہا گیا ہے حالانکہ اس کے نور کی دوری میں کچھ فرق نہیں ہے۔ کیونکہ اختراع باطن دراصل ابداع ہے اور ابداع وہی ذات اختراع ہے۔ جو فلک رحمت کے نیچے ہے۔ جس سے ہماری مراد حجاب نہی عن الکرسی ہے جو قابل تصورات ہے یعنی ہر قدر ثانی ہے۔ بے شک۔ اللہ کے لیے ہر آسمان میں ایک عرش ہے جو اس کی پوشیدگیوں کے موافق ہے۔ اور اس کے وجود کو عرش و کرسی اور ابداع و اختراع ہی ظاہر کر رہے ہیں۔ واضح باد جہاں عالم ابداع پایا جائے گا۔ وہیں عالم اختراع ضرور پایا جائے گا۔ اس کی تمام تدابیر پر حکمت ہیں۔ اور تمام مقدرات اس کی مشیت میں ہر آسمان میں اس کا ایک عرش ہے۔ جیسے جس طرح ہر ابداع و اختراع قریب قریب ہیں ایسے ہی ہر عرش کے لئے کرسی ضروری ہے۔ اس سے ثابت ہے کہ سات طبقات علویہ میں سات عرش اور سات کرسیاں ہیں۔

عرش اوّل عرش اطلاق

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْهَا یعنی اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اس چیز کو جو زمین میں داخل ہوتی ہے۔ اور اس چیز کو جو اس سے نکلتی ہے یعنی نتائج مکونات سے اور ہر حرکت وحدت اور قوت الٰہی موجود ہے اور جو چیز آسمان سے نازل ہوتی ہے وہ رحمت امر مظہر ہے پھر بطون اشیاء سے تعریف ظاہر ہوتی ہے۔ اور جو چیز عروج کرتی ہے وہ بھی ظاہر ہو جاتی ہے اور یہ دائرہ دو فلک کی طرح جاری ہے اس

---

[1] حروف ابجد کے اعداد کے لحاظ سے یہ علم بقراط و سقراط و افلاطون کے زمانہ میں بہت عام تھا اور اسی کے ذریعہ حساب لگا کر ہر شئے کی دریافت کرتے ہیں۔ اور اب بھی اس علم کے ذریعہ بڑے کام ہو سکتے ہیں۔ کوشش شرط ہے نقاش بہت حساب دان ہو۔

میں بڑ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اجسام کے لطائف و دقائق اور سا سرار ارواح کو جانتا ہے اور اس چیز کو بھی جانتا ہے جس کا تعلق حقائق حکم سے ہے اور جو کچھ آسمان عقل اور تعاقب حرکات افلاک سے ہوتا ہے۔ ان سب کو اللہ تعالیٰ بخوبی جانتا ہے۔

عرش دوم عرشِ رحمانی

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى یہ حکم اس وجود کی حقیقت ہے جس کے ساتھ زمین و آسمان قائم ہیں۔ اور اسی وجہ سے آسمان بغیر ستون کے بلند ہیں۔ یعنی علویات مستویات در اصل بلندی و ارتفاع ہے۔ نیز اس میں ابلاغ کے ساتھ سر انخفاض ہے جس کی انتہا عرش ہے۔ جو آسمان و زمین کی کنجی طول و عرض کی حقیقت قبض کا ظہور اور بلندی و پستی۔ کی غایت ہے اس عرش کا سلوک در اصل معنوی اور عروج در حقیقت روحانی ہے۔ اس کا مشہور نکمری اس کا رفعت علوی ہے اور اس کا قبض عرشی ہے اس کا ادراک کوئی جسم والا یا رسم والا یا کوئی مرسوم نہیں کر سکتا۔ وہ پوشیدگی کے ساتھ پر اعداد اور متحقق ہے خلاصہ یہ کہ عرش کی حقیقت ہے۔ جس کی طرف انتہا روح الامین ہے اور اسی کے پاس حقیقت جبرائیلؑ متمکن ہے۔ اور یہی عرش مبادی ملاء اعلیٰ ہے اسی میں قلم کے لکھنے کی آواز سنائی دیتی ہے اور قلم وہ باتیں لکھتا ہے جن میں تبدیلی نہیں ہوتی بلکہ وہ باتیں صفات تشکیل میں صورت پذیر ہوتی ہیں جو شخص ان اشاروں کو سمجھنا وہ خوش قسمت ہے کیونکہ ان لطائف قدسیہ کا راز اس پر ظاہر ہوا ہے۔

عرش سوم عرش مجید

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ذوالعرش المجید یہی عرش انتہائے رفعت ہے اور تمام ارواح اس کی عزت کرتی ہیں یعنی عرش اول نہ حجاب ہے نہ پردہ بلکہ اسی سے اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور اصفیاء کو در بدرجہ عزت دی ہے۔ اور اسی مقام پر حقیقت عقول نے عالم علوی میں توقف کیا ہے اور یہی جگہ ارواح کا ٹھکانا بھی ہے اور عرش مجید ہی نے ارواح کو اجسام کی شکل دی ہے۔ اور اپنے مصنوعات اثر میں تصرف کیا ہے۔ اور قوالب ارواح شہود اختلاف صدر کے ساتھ قوالب حروف میں صورت پذیر ہوتی ہیں۔ اور اسی عرش کی جانب دنیائے ارواح کی انتہا ہے جس کے فیض انوار سے قوالب حروف میں مدد لی جاتی ہے۔ جو برزخوں میں ظہور ختم کے دائرہ پر شہود حسن اور بروز حکم اور ظہور علم کے لئے ہے۔ جو در حقیقت جمالوں کی حقیقت ہے۔ جن کا ظاہر قدرت الٰہی ہے اور باطن امر الٰہی ہے۔ جس شخص نے دونوں اطراف کو چھوڑ اتو گویا اس نے دونوں علوی امور کو جمع کیا اور جس کی اس مقام حضوری میں رسائی نہیں ہوئی۔ کہ اپنی قید کو اطلاق کی کنجی سے کھول سکے۔ اور اپنے طلسم بشریت کو شوق الٰہی کی آگ میں جلا سکے وہ وجود شرک کے سبب سے ناکام مراد بلکہ درک اسفل میں ہے۔
اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَاسْتَغْفِرُوا لَمَّا اسْتَجَابُوا لَكُمْ یعنی جو شخص مطلوب سمجھ گیا۔ وہ ہمیلیس کی چادر کبھی نہیں اوڑھے گا۔ اور ابلیس کی ناامید رحمت میں شریک نہ ہو گا۔ اور یہ اس وقت ہے۔ جب کہ غسل کر کے پاک صاف ہو چکا ہو اور اپنے نفس کو لذتوں سے روک لیا ہو۔

باوجود واقفیت فرمان الٰہی یٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ہم اللہ تعالیٰ کے حضور پناہ مانگنا چاہیے کہ ہم کو ناکامی پستی اور مایوسی سے محفوظ رکھے۔

عرش چہارم عرش کرم

انتہائے اعداد اسی عرش کی طرف ہے۔ اور تمام امتزاج اعمال حرکت کی جانب منسوب ہیں اور قبول مجازی تعریف کے لیے یہی اسرار تائید ہیں اور اسی عرش کے ساتھ حق تعالیٰ کی حقیقت عقلی کو جان سکتے ہوں۔ جس سے ہر چیز قائم ہے یہی حقیقت دراصل انبیاء کے حق میں عصمت اور اولیاء کے حق میں حفاظت ہے اور توبہ کرنے والوں کے لئے ہی رحمت ہے۔ اور انکار کرنے والوں کے لئے عذاب ہے۔ جس شخص نے میزان عرش میں اپنے میزان عمل رکھے۔ تو اس نے اپنے لطائف انوار کو ترجیح دے کر اور دقائق اسرار سے امداد پائی۔

جاننا چاہیئے کہ متقابل صور بمقابلہ عرش کے ہے۔ اور ہر ایک علوی و سفلی کا ایک عرش ہے یعنی علویات سے سفلیات کا راز ظاہر ہونا ہے بعد ازیں دنیا کا راز ہے اور عرش میں تجلی بصیرت شامل ہے دنیا میں کوئی ایسا دفتر نہیں ہے اعمال کی صورت یا اللہ کی صورت اور اس کی تجلیات بنائے۔ ہر انسان کو نسبت صور کا خیال چھوڑ دینا چاہیئے جو۔ عام ازیں کہ وہ علوی ہو یا سفلی ہوں یا از روئے حال و علم و شہود اور درور کے۔ اس کے بدگمان کرتی ہوں۔ واضح باد کہ اللہ تعالیٰ نور علی ہے جو صورت و شکل سے منزہ ہے اور محدود بھی نہیں ہے۔

عرش پنجم عرش عظمت

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ یہ شہود امر اور حقوق نور ابصار ہے جس طرح عرش اپنے وجود سے پہلے تھے۔ اور بعد میں جب انہوں نے اپنے فلک حدود میں دورہ کیا۔ مشاہدہ سے عجیب کاری گری معلوم ہوتی ہے جن کو حق تعالیٰ نے مکان قریب سے آواز دی ہے۔ وہ مکان عرش عظیم ہے جس کی طرف اعمال تبعی اور سیمات فکری جاتے ہیں اور نیک کلمے اسی کے حضور میں پہنچتے ہیں اذکار اور مخفی انوار اسرار بغیر حرف مکتوب اور حد معلوم کے۔ سب کے سب اللہ تعالیٰ ہی کی مرضی تلاش کرتے ہیں حساب لاہوت میں نور کا روشن کرنے والا اور شکلوں کا بنانے والا اہل تعظیم کو حقائق انوار کا مشاہدہ کراتا ہے۔ خلاصہ کلام یہ کہ عرش دراصل سر ربانی اور سبق روحانی ہے جس کو ربوبیت کا حلہ پہنایا گیا ہے اور جس کا باطن انوار رحمت سے مزین ہے دراصل عرش کی کیفیت یہ ہے کہ دوسیروں کا راز دو عالموں کا عالم دو امروں کا کنٹرول اور دو انگلیوں کا ہلانا ہے۔ باطن اس کا نا معلوم ہے جس سے کیف کا پتہ چلایا جائے۔ اور ظاہر اس کا بین کا قاطع ہے جس سے کثیف برقی۔ اور برزخی شعاعیں نکلتی ہیں عرش دونوں قطبوں پر حاوی اور دونوں طریقوں کا شاہد دونوں دائروں کا پر محیط ہے اس کے انوار موج در موج منور ہیں۔ اور میزان جس سے میری مراد حقیقت میکائیل ہے۔ اسی عرش سے صادر ہوتا ہے وہ آٹھوں جنتوں سے مخصوص ہے جو یہ ہیں جنت النعیم، جنت الفردوس، جنت الخلد، جنت البقاء، جنت الکرامۃ، جنت النظر، جنت السماع، جنت الخیام ہیں۔ جو شخص کجی سے محفوظ رہا متشابہات فانی میں مبتلا نہ ہوا اور اپنے نفس کو تمام برائیوں سے محفوظ رکھا۔ اور نفس کو پاک و صاف نکال کرے گا اب شخص بے شک عرش عظیم سے متعلق ہوتا ہے جو سلوک طالبین سے منتظم ہو کر افعال طالبین سے حقیقت مطلوبین سلیم میں حاضری دیتا ہے پھر آگے بڑھ کر حقیقت مطلوبین کی صف میں منتقل ہوتا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا

(حاشیہ اگلے صفحہ پر)

لَهٗ نُوۡرًا يَّمۡشِىۡ بِهٖ فِى النَّاسِ اور فرماتا ہے ۲؎ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ ۔

عرشِ تدبیر چھٹا عرش ہے

یہی عرش تدبیر درحقیقت عرش ربانی ہے جو عرش معارف لطیفہ اور تلویحات شریفہ کا مالک ہے اور یہی اطوار و مقام ابرار ہے اسی میں مقام قبولیت دعا اور تجلیات خلوت اسرار تدابیر کھلتے اور تشکیل نورانیات ہے یہی حقیقت انفاس اخلاص ہے اسی میں اس کا پردہ بلند اور حکم لدنی ہے اسی سے۔ اسی میں نفوس معنویہ کی روح تقدیر سے ملتی ہے اور اوح مائیہ صحف منزلہ سے پاک وصاف ہے حقائق تجلیات علویات اوّل کے چھ صحیفے ہیں۔ تین عقول سے منسوب اور تین ارواح سے متعلق ہیں تینوں روحانی صحیفے وہ ہیں۔ جو ارواح پر نازل ہوئے یعنی ایک علمیات اور عملیات اور تیسرے رسوم علیات منقوشہ مکنونہ جن سے ارواح کے آفتاب اشباح کے میدانوں میں روشن ہیں اور جن کی حرکات روحانی لاہوتی۔ سب ارواح پر ظاہر ہوتی ہیں۔ اور دیگر تین صحف میں سے ایک وہ ہے۔ جس میں قوت فیض اور محل قبول ہے جس میں تصرف معانی و معلومات مکنونات اور تلویحات خارجہ کشف ہوتے ہیں اور اسی حقیقت سے حقائق نزول اوّلی کا اعتبار ہے جو اوّل محیط نتائج ومظہر عجائب اور ذکر کرنے والوں کی ترقی ہے اور عالم مرکبات کے کثائف میں دوسرے صحیفہ میں قوت روحانیت کے تصرفات تشکیل تحلیات تقلید عملیات صحف عملیات اور زیادتی قوت قلب کا صدور ہے جس سے قوت فکریہ تاثیر نیک ذوات اجرام کو دیتی ہے جس کو زبان تصوف میں ہمت موثرہ کہتے ہیں۔ اور تیسرا صحیفہ بناء استنباط علویہ ہے جو ترتیبات سفلیہ اور موافقت مثل کی ساتھ مماثل ہے۔ اسی کو حکمت یا تقدیر یا موضع کہتے ہیں اور یہی استوار کمال تصرف میں یہاں تک کہ حرکت باطن اسی کی ہے حرکت ظاہر دراصل طور اوّل ہے اطوار مقربین کا حضور رب العالمین میں۔ اور انوار ہیں دونوں برزخوں کے قطب کے دونوں دائروں میں۔ اور چراغ ہیں ظلمتوں میں اور اسی حقیقت سے انوار قلوب اور ارواح کے اسباب باطنہ سب کے سب معلقہ سے مفید ہو گئے ہماری اس تحریر کی اللہ تعالیٰ یوں تائید ظاہر فرماتا ہے ۳؎ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الۡاُوۡلٰى صُحُفِ اِبۡرٰهِيۡمَ وَمُوۡسٰى

جو شخص تفرقہ ظاہر سے جمع باطن کی طرف آیا اور پورا کیا جس کمال کو۔ خوبی اعمال کو ملکوتی اعمال سے مزین کیا جیسا کہ حق تعالیٰ نے ہم کو خبر دی ہے۔

وَاِبۡرٰهِيۡمَ الَّذِىۡ وَفّٰٓى یعنی ابراہیم جس نے پورا اور حقیقت یعنی درحقیقت نار اور نور قمر برزخیت لطیفہ کے ہے رب کا نور حرکت علویہ کے نغمہ سب کے سب علویات سے ہیں جو درجہ نقاء کو یہ اختلاف انواع حرکت دیتا ہے اور یہ امر بہت بڑی نشانیوں میں سے ہے۔ جو شاہدات اور معجزات میں سے ہے جب کہ فرمایا ہے

۱؎ وہ شخص جو مردہ تھا پھر ہم نے زندہ کیا۔ اور اس کے لیے نور پھیلا دیا گیا۔ جس کے باعث وہ لوگوں میں چلتا ہے کیا اس کی مثل ہے جو اندھیروں میں ہے ۲؎ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔ اور اللہ بہت فضل والا ہے ۳؎ بے شک یہ ذکر پہلے صحیفوں میں ہے جو ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفے ہیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ درحقیقت اسی عالم عرشی ملکوتی سے گویا ئی پیدا ہوئی تمام جمادات و نباتات اور حیوانات کے ئے جن کی اصل وضع کو حقیقت سے تعبیر دی گئی ہے۔ اور جن میں توحید رکھی گئی ہے۔ اگرچہ یہ انتہائے کمال ظہور قلبی کا ہے۔ لیکن نسبت صحف روحانیہ قلبیہ کی طرف ہے جوان کے کشف کی حقیقت ہے۔ کہ ان کا ناسوت متصل ہوا اسرار اور روشن حکمتوں سے ہیں۔ عبارت میں اشاروں کا طریق نہایت لطیف ہے اگر ایک لطیفہ بیان کیا جائے تو پوشیدہ راز چمک اٹھے گا۔ جو محض حق کی طرف سے ہے۔ جس کے معانی اور انتہا کا ادراک نہیں کیا جا سکتا۔

عرش نزول ساتواں عرش

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہمارا رب ہر شب آخری حصہ میں آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے۔ یہی عرش بیت العزت ہے جسکا دوربیت المعور پر ہے یہ سب عرش سر حقیقت عالم سر اور حقیقت مستورہ کی انتہا ہے پردہ کلات دان سے نسبت کرنا عبارت ہے پردہ سے جو پردوں کے اسرار سمجھ گیا۔ اس نے قبولیت دعا کا راز بھی سمجھ لیا۔ وہ ساتوں پردے یہ ہیں۔ سِرّ الملک سِرّ الترکیبؔ۔ سِرّ اللہ دائرہ جو حرکت معنوی ہے۔ سِرّ الغیبؔ یہ شوق ہے۔ سِرّ الجبروتؔ۔ الاوسط یہ برزخ ہے۔ سِرّ النفسؔ۔ یہ خط خیالی۔ اور تصرف ہے سِرّ القلبؔ پردہ ہے درجہ اولی اور ثانیہ کا سِرّ العقل یہ اتصال شفعیہ اتصال حروف اور اعداد واضع باد یہ سب پردے حجاب ہیں۔ صانع اور صنعت کے درمیان حق و حقیقت اور درمیان لطائف و کثائف اور درمیان علوم و معارف کے جس پردوں کو اٹھا کر مکان کی حقیقت دیکھ لی۔ اور لطائف روحانیہ اس پر منکشف ہو گئے وہ جو چاہے دعا کرے۔ اور اسی عرش مخصوص تک۔ انفاس بشریہ قوی ملکوتیہ تجلیات ہو یہ۔ اور دعوات رسالیہ کی انتہاء ہے جس سے شہود معجزات اور ظہور کرامات و خارق عادات ہوتا ہے اور اسی نہایات کے سمندروں اور ہدایات کے ساحلوں پر غلغلہ ہوتا ہے۔ تیرو اگر تیرنے والا ہو۔ اور چلو اگر چلنے والا ہو یہ اشاروں کے موتی عبارتوں کی سیپیوں میں ظاہر کئے گئے ہیں۔ اور حقائق علویات تھوڑی سے قیمت پر رکوع سفلیات میں ظاہر ہوئے ہیں۔ انہیں خرید لو اور جو کچھ ذخیرہ جمع کیا جائے۔ اسے دلہن کے مہر میں خرچ کرو تاکہ پھر شربت حسرت پینا نہ پڑے لہ رَبَّنَا اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِىْ كُنَّا نَعْمَلُ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ناکامی سے محفوظ رکھے۔ اللہ تعالیٰ یقیناً مضطر کی دعا قبول کرتا ہے۔ حقیقت ان عروش متذکرہ کی یہ ہے کہ یہ ظرف استقراری عددی جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ جو شخص نے اپنی نظر سے حجاب اٹھایا اور بصیرت سے دور ہوا تو اس کا عقل مخلص سے خطاب کیا جائے گا۔ اور یہی معنے ثقلہ اور بدخیہ کے ہیں۔ جو شخص مبدعات میں عقل تام رکھتا ہے وہ مستقبل کو حال کے عکس میں ثابت آمال اور حقائق افعال میں مشاہدہ کرتا ہے ساتوں عروش علویکا بیان بحمد اللہ ختم ہوا۔ واللہ الموفق وھو المعین۔

ملوک علویات و سفلیات اور برزخ پر حروف کی تقسیم!

آسمان میں بارہ برج ہیں چاروں طبیعتوں سے مطابق الاعلیٰ کی تقسیم یہ ہے کہ تین برج گرم خشک اور ناری ہیں اور باقی

بھی اس طرح ہیں انہیں بروج پر حروف کی تقسیم سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں۔
یہ تین برج گرم خشک ہیں۔ حملؑ۔ اسدؑ۔ قوسؑ۔ اور تین ہوائی ہیں۔ ثورؑ۔ سنبلہؑ۔ جدیؑ۔ اور یہ تین خاکی ہیں۔ میزانؑ۔ دلوؑ۔ جوزاؑ۔ اور یہ تین آبی ہیں۔ سرطانؑ۔ عقربؑ۔ حوتؑ۔ بروج اور حروف کے متعلق ہمارے بیان کو خوب یاد کر لو۔ جو بہت سودمند ہے۔ اور اس دائرہ کو بھی خوب سمجھ لو۔

دائرہ عالم انسانی
بر حروف

فصل قواعد کلیہ کی جدول

اس فہرست میں باطن حروف ان کی میزان طبائع بروج املاک علوی و سفلی شب و روز پران کی تقسیم اور اعداد نیز طول و عرض بیان کئے گئے ہیں۔ اس جدول کی شکل یہ ہے۔

املاک۔ ناری گرم خشک اور کواکب ۹ ۴ ۵ ۲ ہیں۔ مثال اس کی یہ ہے کہ جو نام تم کو معلوم کرنا ہو کہ اس کا مزاج کیا ہے۔ تو اس نام کے حروف دیکھو کہ کون سا حرف زیادہ عدد رکھتا ہے۔ مثلاً اسم یعقوب کو دیکھا تو عنصر ہوا کو غالب پایا۔ کیونکہ حرف مدقاف ما، کے۔۔ اعداد ہیں حروف کی طبائع اس طرح ہیں۔ اوّل ناری دوم خاکی سوم بادی چہارم آبی۔ تمام موجودات میں یہی طبائع موجود ہیں۔
ہیولیٰ بغیر معیاری عنصروں کے قائم نہیں ہو سکتے تمام حروف آتشی بادی خاکی اور آبی اس فہرست میں موجود ہیں اور ان

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
سرد خشک	معدن اسکا	گرم و خشک	گرم تر			سرد تر
جدی دلو	قلعی	نرمی اسکی	رطوبت اسکی	رطوبت اسکی	حرارت	واسطی اسکے
ہفتہ	سفید	رطوبت اس کی	رطوبت اس کی	رطوبت اس کی	حروف	سرطان
سیاہ	درجہ	اسد	اسد	لیشرہ	چار	دو
ملک اسکا	سرد	انوار	انوار	واسطے اسکے	سیماب	معدن اسکا
سرد خشک	سرد تر	سونا	سونا	میزان	علوی اس کا	علم
میموں	کوکب	ملک اسکا	ملک اسکا	ثور	عزرائیل	علوی
حوت		جبہہ	جبہہ	جبہہ	برقان	میکائیل
	جبہہ			انوار		بدھ

عناصر کا مجموعہ تمام موجودات کے خیر و شر ہدایت و گمراہی اور حق و باطل کو شامل ہے۔ اور وہم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان میں موجود ہے لیکن یہ بیان طویل ہے لیکن جب تم کو ہیں کوئی کام نیکی یا بدی کا کرنا ہو تو اسی طریقہ سے کرو۔

اس کی مثال یہ سمجھو کہ تم کو ایک شخص سے دشمنی ہے اور اس کو ہلاک کرنا چاہتے ہو۔ یا کسی غائب کو بلانا چاہتے ہو یا کسی سے کچھ فائدہ منظور ہے تو اس کے نام میں عنصر غالب کے حروف ملاؤ۔ اگر نام میں عنصر آتش کا غلبہ ہو تو آتش کے حروف کو نام میں ملاؤ۔ اسکے بعد اگر حروف اسم مزدوجہ ہیں۔ تو ان میں بسط چار مرتبہ کرو اور اگر منفردہ ہیں تو بسط ۵ مرتبہ کرو۔ اسمائے مزدوجہ کو چار چار مرتبہ لکھو۔ اور منفردہ کو پانچ پانچ مرتبہ اور کچھ فاضل بچے اسے پھر بسط کر کے دیکھو کہ وہ جوڑ ہے یا فرد۔ اور پھر بار و گر اسی طرح عمل کرو اس عمل سے وہ چیز پیدا ہوگی جس سے اعوان ثلثہ کو تم مسخر کر کے جو کام چاہو گے ان سے لو گے مثال یہ ہے۔ کہ عدد حروف اسماء اور عدد حروف نار بلحاظ عدد طبیعت جاری ہیں۔

حروف آتشی چنانچہ حروف نار یہ ہیں ا ہ ط م ف ش ذ ان کا بسط عددی اس طرح ہے اح ود ح م س ہ ت س ع حا ر ب ع دان شم ان د ش ل ا ش م ا ی ہ س ب ع ہ م ا ی ۵۔ عدد ان میں سے ظاہر ہیں۔

حروف خاکی حروف خاکی یہ ہیں۔ وح ل ع ر خ ع ان کا بسط بھی بطریقہ مذکورہ ہے۔ اور اعداد بھی معلوم ہیں۔

حروف بادی حروف بادی یہ ہیں ب دی ن ص ط ص بسط و اعداد ان کے بھی بطریقہ مذکورہ ہیں اور ان حروف کی سات دن پر تقسیم ہے۔ جب کو اکب سبع ہیں۔ اگر کوئی عمل کرنا چاہو تو اس دن کے اعداد لو۔ اس کے حروف کو اور اس ساعت کو جس میں عمل شروع کرنا ہو۔ ان سب اعداد کو جمع کرو۔ اور بسط کر کے حروف اسماء میں اضافہ کر دو پھر عمل میں لاؤ حروف ایام کے اعداد اس طرح ہیں۔ یوم الاحد یعنی اتوار اس کا بسط عددی یہ ہے اح د ش ل ث ون اح ر ش م ان ی ہ ا ر ب ع ہ کل ۲۳ حروف ہیں۔ اور بسط اعداد ان کے ۱۵۵ ہیں حروف یوم الاثنین یعنی پیر کا دن بسط اس کا یہ ہے اح و ش ل ا ش ہ ان اح د خ م ا ی ہ خ م س دن ع ش ر ہ خ م س دن اس کے کل ۳۳ حروف۔ یوم الثلاثہ یعنی منگل کا دن اس کا بسط ۲۶ حروف ہیں یوم الاربعاء یعنی بدھ کا دن اس کا بسط ۱۲ حروف ہیں۔ یوم الخمیس یعنی جمعرات اس کا بسط ۲۶ حروف ہیں۔ یوم الجمعہ یعنی جمعہ کا دن یہ بھی اسی طرح ہے۔ یوم السبت یعنی سنیچر کا دن اس کا بسط ۲۶ حروف ہیں۔ یہ ایام سبعہ کے حروف کا بیان ہوا۔

حروف کواکب کواکب کے حروف ہیں۔ زحل ساتوں آسمان کا مالک ہے۔ بسط عددی اس کا س ب ع ہ ش م ان ی ہ ش ل اث دن ہے اس کے کل ۱۶ حروف ہیں۔ مشتری کے بسط عددی کے ۱۱ حرف ہیں مریخ کے بسط عددی کے ۱۲ حرف شمس کے ۲۷ حرف زہرہ کے ۲۷ حرف۔ عطارد کے ۲۳ حرف قمر کے ۲۵ حرف۔ اور ساعات کے بسط عددی یہ ہیں پہلی ساعت کے پانچ حرف دوسری ساعت کے ۲۳ حرف۔ تیسری ساعت کے ۲۷ حرف چوتھی ساعت کے ۲۳ حرف پانچویں ساعت کے ۲۴ دسویں ساعت کے ۱۵ حرف ساتویں ساعت کے ۲۳ حرف۔ آٹھویں ساعت کے ۲۴ نویں ساعت کے ۲۴ دسویں ساعت کے ۱۵ حرف گیارھویں ساعت کے ۲۵ حرف بارہویں ساعت کے ۲۷ حرف ہیں۔ اور اعداد ان حروف کے سب کو معلوم ہیں۔ حروف نہار کے اعداد بسط ۲۷ حرف ہیں۔ حروف لیل ۲۵ حرف ہیں

جن کے اعداد ۱۳۸۶ ہوتے ہیں۔ اور یہ عمل لیل رات میں داخل کئے جاتے ہیں۔ جیسے کہ عمل نہار میں اس کے اعداد داخل ہوتے ہیں اس کیفیت تعریف حروف کو تمام مخلوقات سے متعلق عنقریب بیان کروں گا۔ خیر و شر کے لئے۔ حیوان یا انسان کو بلانا یا دور کرنا وغیرہ وغیرہ۔

جب کوئی کام کرنا چاہو تو معمول کے نام کے حروف کو بسط عددی کر کے دیکھو کون سا عنصر غالب ہے اسی کے مطابق بلانے یا دور کرنے اور صحت مرض کا عمل کرو۔ مثلاً مطلوب کا محمد نام ہے۔ اس کے حروف کو بسط عددی اس طرح کیا ارب ع و ن ش م ان ی ہ ارب ع و ن ارب ع ہ۔ اعداد ان کے ۵۰۰ ہیں اس کے بعد ان چاروں باتوں میں سے جو کرنا ہو کرے اگر یہ طریقہ معلوم ہو گیا۔ تو سر گویا مکنون تم نے معلوم کر لیا تمہاری دین داری جتنی مکمل ہو گی اسی قدر ہر چیز تمہاری اطاعت کرے گی۔

بارش یا ہوا کو مسخر کرنا بارش یا ہوا کو مسخر کرنا چاہو یعنی کہ جب جی چاہو مینہ برسایا۔ اور جب چاہو بند کر دیا۔ جب جی چاہا ہوا چلاؤ۔ اور بند کر دو۔ واضح باد ان موازین کو آگے بیان کیا جاتا ہے جب تم ان کو معلوم کر لو گے تو تمام دنیا میں تمہاری حکومت ہو گی اور آخرت میں بھی تمہارے لئے مسرت ہو گی بارش کی میزان یہ ہے۔ ارب ع د ن ت س ع ہ م اث ی ن یہ ۱۶ حرف ہیں۔ اور اعداد ان کے ۱۲۷۹ ہیں۔ اسی کے ساتھ میزان جلیب کو جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ شامل کر کے عمل کرو اور ہوا کی میزان یہ ہے۔ م ات ی ن ع ش ر ہ اح و ث م ان ی ہ یہ جملہ ۱۹ حرف ہیں۔ میزان جلیب کو اس میں شامل کر کے عمل کرو۔

موذیات کے دور کرنے لئے میزان طرہ استعمال کرو۔ ہوام کا بسط عددی یہ ہے د خ م س ہ س ث ہ اح وارب ع ون) یہ کل ۱۶ حرف ہیں جن کے اعداد ۱۵۱۶ ہیں۔ اور ان کے حاضر کرنے کا بھی یہی طریقہ ہے۔

دریائی جانوروں کی میزان یہ ہے دارب ع ہ س ث ہ اح ور ش ل ات ون ث م ان ی ہ م اث ی ن) یہ ۲۸ حرف ہیں۔ اور میزان طیور کی طرف خیر یا شر کا اضافہ کر سکتے ہو جن اعداد کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ ان سے ان کے مخارج پیدا کرو۔ مثلاً مخرج عشر کا عشرہ سے اور تسع کا تسعہ سے ہے وغیرہ وغیرہ

عنصر ناری کا معلوم کرنا چاہو۔ جو ۱۱۲۵ ہے۔ اور جب کسی کام کے لئے اس کے ساتھ عمل کرنا ہو۔ تو اس کے مخرج کو میزان عمل پر اضافہ کرو کل اعمال میں یہی قاعدہ تمام اعداد کا ہے اچھی طرح یاد رہے چاروں عنصروں میں سے ہر ایک عنصر کئی درجہ رکھتا ہے۔ اور ہر درجہ کی علیحدہ میزان ہے۔ عنصر نار کا پہلا درجہ مستوقد ہے۔ اس کے بسط کے حروف ۲۸ ہیں۔ اور اعداد ان کے ۲۹۶۹ ہیں۔ دوسرا درجہ نار کا ماکل و تشرب ہے۔ حروف اس کے ۶۶۔ اور اعداد اس کے ۵۲۵ ہیں

عنصر ہوا کی قسمیں عنصر ہوا کی کئی قسمیں ہیں۔ ہوا خشکی تری میں لوگوں کو نفع دیتی ہیں ہے۔ بسط اس کا معلوم ہے۔ حروف اس کے ۱۳۸ ہیں۔ تیسرا درجہ ہوا کا العشق المحبتہ ہے۔ بسط اس کا معلوم ہے۔ حروف اس کے ۶۶ ہیں۔ چوتھا درجہ ہوا کا جامع الطیور ہے۔ اور اس کا بسط عددی بھی معلوم حروف اس کے ۴۳۲۶۔ پانچواں درجہ ہوا کا یازر معتدد ہے۔ بسط اس کا ۵۰۰ اور اس کے عدد بھی معلوم ہیں بطریقہ استخراج۔ پانی کے پانچ درجے ہیں۔ پہلا ماء العذب الفرات بسط عددی معلوم کر لو۔ جس کے حروف ۳۷ ہیں۔ تیسرا درجہ ماء الزعاق ہے عدد۔ بسط کر لو۔ اس کے حروف ۱۹۷۲ ہیں۔ چوتھا ماء الوذک ہے۔ جسکا کچھ مزہ نہیں ہوتا۔ بسط عددی معلوم کر لو۔ اس کے حروف ۹۴ ہیں۔ پانچواں درجہ ماء الثقیل علی الانسان ہے

اس کا بسط ۴۹ اور اعداد معلوم ہیں
خاک کے درجے | خاک کے درجے یہ ہیں پہلا درجہ تراب الحب والنوراع اس کے بسط عددی ۴۲۹ ہیں اور اعداد ۱۲۴۳۔ دوسرا درجہ تراب المعادن اس کا بسط ۵۵ اور اعداد ۱۲۱۳ ہیں۔ تیسرا درجہ تراب المستعمل ہے اس کا بسط ۱۸۱ ہے چوتھا درجہ تراب السباخ ہے۔ ایسی زمین جس میں گھاس پیدا نہیں ہوتی اس کا بسط ۱۴۱۹ ہے۔

اس موازین مہمہ کو یاد کر لو اور جب چاہو کہ تمام موجودات میں اپنا تصرف کرو خیر یا شر یا جلب یا طرد یا تسلط حیوان یا ہوا یا بارش کا تو اس نوع کے حروف کو بسط کر کے دیکھو جو طبیعت غالب ہو اسی عنصر کا اس میں اضافہ کرو۔ اگر دن یا رات کو عمل کرنا ہو تو رات یا دن کے بسط کا اس میں اضافہ کرو پھر ساعت کا بسط بھی اس میں ملاؤ۔ جس ساعت میں عمل کرنا چاہو اور ستارہ کی میزان بھی اس میں شامل کرو جب یہ سب موازین جمع ہو جائیں مع نام معمول کے اگر اس کے عدد مزدوج ہیں تو اسماء کو مربع میں لکھو اور اگر مفرد ہیں تو خماسی میں لکھو جیسا تم کو پہلے معلوم ہو چکا ہے۔ مثلاً کسی انسان کے عمل کرنا چاہو اور اس کا نام یعقوب ہو تو اس طرح بسط کرو د ع س ر ہ س ب ع د ن م ا ی ہ س ت ہ ا ش ن ی کل ۲۱ حروف اور اس کے اعداد ۱۸۶۶ ہیں) پھر ان میں ان موازین کو ملاؤ جن کا اسم ذکر کر چکے ہیں جو عنصر غالب ہو گا۔ اسی کے موافق عمل کرو۔ مثلاً اگر خاک غالب ہے تو عمل کو خاک میں یا قبر میں یا مکان کی دہلیز میں دباؤ اگر آگ غالب ہو تو آگ کے قریب دفن کرو یا چراغ میں جلاؤ اگر ہوا غالب ہو تو ہوا میں لٹکاؤ یا پنکھے پر باندھو اور اگر پانی غالب ہو تو پانی میں بہاؤ دفن کرو اور نیک کام کے لئے عمدہ خوشبو روشن کی جائے اور برے کام کے لئے بدبو کی چیزیں جلاؤ اور جب اسماء کی صحت اور سقم معلوم کرنا ہو تو صاحب الیوم کے اسم کی میزان معلوم کرو مثال یہ ہے اتوار کا دن شمس کے لئے ہے۔ اور زمین سے اس کے لئے سونا ہے۔ جب تم نے اس کے حروف کو بسط کیا اور حروف اعداد کو پھیرے پر ساقط کیا اعداد ایام کے مطابق تو ایک بچ رہا تو شمس اتوار کے لئے ہے۔ اگر اسم ذہب کو بسط کیا تو ۸۷ حرف ہوئے ان کو مثل اول کے ساقط کیا تو بھی ایک ہی باقی رہے گا۔ اور جب تم اس اسم کو لو گے جس سے اللہ نے یہ مؤکل پیدا کیا ہے۔ تو یہ عدد بھی ستاروں اور جوہروں کے مطابق ہوگا۔ کل چیزیں اسی طرح میزان میں وزن کی جاتی ہیں جو موافق ہوا وہ صحیح ہے اور جو مخالف ہوا وہ غلط ہے۔ اس کو پھر میزان کی طرف لے جاؤ اور ہر حرف کو اس کی جگہ لوٹا دو اور جو حرف زائد ہو اس کو حذف کر دو اور اسی طرح نقطوں اور سب حروف کو زیر عمل لانا چاہیئے۔

فصل پوشیدہ رازوں کی پہچان اور روشن علم

۸ حروف کے امہات جامع ان کے مراتب اور ایام و ملک و اسماء حسنہ بیان کئے جاتے ہیں۔

امہات حروف ۹ ہیں ہر مرتبہ میں ایک دن اور ایک ستارہ دو اسموں سے متعلق ہے۔ امہات حروف جو دلائل صورت اسماء الٰہی میں ان کی شکل مع اعداد یہ ہے۔ ایقغ ۱۱۱۱ بکر ۲۲۲ جلس ۳۳۳ دمت ۴۴۴ هنث ۵۵۵ وسخ ۶۶۶ زعذ ۷۷۷ خفض ۸۸۸ طصظ ۹۹۹

تم کوئی عمل کرنا چاہو تو مراتب میں سے ایک مرتبہ لے کر اس کے اعداد مجمل و مفصل و مبسوط نکال کر سب حروف کے اعداد اس میں بڑھاؤ اور دونوں اسماء کے عدد بھی بڑھاؤ جب تمام عدد پورے ہو جائیں۔ تو جس دن عمل کرنا ہو اس کے

مطابق ایک نقش تیار کر کے ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران اور گلاب سے لکھ کر زیادتی قمر میں یہ عمل کرو۔ پھر ان حروف نقش دائرہ کے گرد الگ الگ لکھ کر سات دن اس کی ریاضت کرو اور علوی یا سفلی موکلوں کو مسخر کر کے کام لو۔ البقم ۱۱۱۱ اس کا دن اتوار اور کوکب شمس ہے۔ اور نقش مسدس الاسماء حسنی میں سے یہ دو اسم حی قیوم عدد ظاہر اور مفصل اور مبسوط کے بکر ۲۲۲ اس کا دن پیر اور ستارہ اس کا قمر ہے۔ اور نقش مثلث اسماء الٰہی میں سے یہ دو اسم رحمٰن رحیم جلش ۳۳۳ اس کا دن منگل اور ستارہ مریخ ہے اور نقش مسبع اور اسماء الٰہی میں سے یہ دو اسم ہیں ملِکُ قدوس دمت ۴۴۴ اس کا دن بدھ اور ستارہ عطارد اور نقش مربع ہے اور اسماء الٰہی میں سے یہ دو اسم اس سے نسبت رکھتے ہیں کبیرٌ متعال ھنت ۵۵۵ اس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری اور دفق مثمن اور یہ دو اسم ہیں فتاح رَزّاقٌ۔ ذعن ۷۷۷ اس کا دن سنیچر ستارہ زحل نقش مسبع اور یہ دو اسم ہیں قَوِیٌّ قَادِرٌ حفظ ۸۸۸ اس کا دن اتوار ستارہ اس کا جوزا نقش مسدس اور یہ دو اسم ہیں۔

اس کا دن اتوار ستارہ اس کا جوزا نقش مسدس اور یہ دو اسم ہیں قَوِیٌّ قَہَّارٌ کپڑے اور بدن کی پاکیزگی اور اعتکاف لازمی ہے اور ہر مرتبہ کے لئے سات دن ضروری ہیں۔ آغاز ہر ریاضت کا اسی دن سے کرنا چاہیئے جس کی طرف وہ ریاضت منسوب ہو۔ ایام ریاضت میں دن کو روزہ رکھنا رات کو قیام کرنا اور ہم قلب میں نقش ستاروں کے سامنے رکھے۔ اور صبح شام ستارے کے موافق بخور روشن کرنا چاہیئے۔ وفق کے اعداد کے مطابق دونوں اسماء کا ذکر کرنا چاہیئے دن کو چار بار بخور روشن کرے۔ صبح کو زوال کے بعد عصر کے بعد اور نصف شب کو سات دن متواتر اسی طرح عمل کرنا چاہیئے

اعمال ان سب چیزوں کی رعایت پر موقوف ہیں اسماء کو اکب ساعات معاون اور بخور ریاضت پر ثابت قدمی اور نماز روزہ کی پابندی سب سے بڑی شرط ہے ان شرائط میں سے ایک بھی شرط فاسد ہوگی تو عمل بھی فاسد ہوگا۔ اسی لئے میں نے یہ مضمون نہایت وضاحت سے بیان کیا تاکہ کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔

پہلا مرتبہ ابقم ہے اس طرح الف ۱۱۱ یاء ۱۱ اغین ۱۰۶۰۔ اور بسیط اعداد اس طرح سے ہے۔ ا ح د ش ل ا ث د ن ا ل ف ا ع ش ر ہ ا ر ب ع د ن اس کے کل عدد ۱۱۱۱۔ ہیں جب ان کو حروف ثمانیہ سے ملائیں۔ تو سب عدد ۱۲۹۷ ہوگے اسم حی قیوم کے مجملاً ۱۹۷ احرف نکلیں گے۔ اور مفصلاً حا یا قاف یا میم یا واؤ مبسوطاً ہیں۔ م ی ت ی ن ا ح د ع ش ر ہ ا ر ب ع د ن ۱۶ احرف ہیں ان دونوں اسموں کے عدد ۱۵۷ ہوئے ان کے عدد تفصیل ۱۵۱۳ اور ان کا بسط ۶۹۹ م جملۂ اعداد ہر اسم کے یہ ہیں ۵۱۸۸ اور مرتبہ و اسماء سے جو خارج ہے وہ شکل نقش مسدس ابقم یہ ہے۔

۴۳۹	۳۲۹	۳۲۳	۳۲۲	۱۲۹	۴۰۱
۳۳۴	۳۰۲۸	۳۴۲	۳۴۵	۲۳۶	۲۴۱۱
۳۱۵	۳۱۹	۲۲۲	۳۲۰	۲۳۷	۲۴۳
۳۰۲۹	۲۰۱۱	۲۳۸	۳۲۰	۲۴۱	۲۳۷
۴۴۴	۲۴۴	۳۱۷	۳۲۶	۲۱۴	۲۲۱
۳۱۸	۱۴۳	۲۱۳	۱۲۲	۳۳۲	۲۳۵

دوسرا مرتبہ بکر اس کے حروف ۲۲۲ تفصیلی اعداد ۵۰۳ اور مجمل ۳۰۴ اور اعداد حرف ۲۲۲ اور مجموعہ ان کا ۲۹۶ ہے۔ اور جب اٹھائیس حروف کے علاوہ ۵۹۹۵ اس میں اور بڑھائے تو مجموعہ ۸۹۵۵ ہوا جس میں سے یہ دونوں اسم رحمٰن ورحیم ۵۹۹۵ نکلے تفصیل اس کی یہ ہے۔

را ۲۰۱ حا ۹۰ میم ۹۰ نون ۶۰۔ البسط عددی کے ۱۲ ہیں۔ م ا ی ت ی ن ا ح د ث م ا ن ی ن ع س ر ہ ا ر ب ع و ن س ت ح خ م

س دن م ات ی ان ا ح د ث م ان ی ہ اح د ع ش ر ہ اح د ر ب ع د ن کے مجملاً ۵۶ ۱۵ اور مفصلاً ۷ ۲ ۱ اور مبسوطاً ۱ م ۳ عدد ہیں۔ اور مجموعہ مندرجہ اسماء کا ۴ ۱ ۸۶ ہوا یہ مجموعہ صحیح ہے۔ جس میں سے مرتبہ اور اسماء نکلے ۵ ۷ ۱۱ عدد میں سے اکم کردہ بیان تک کہ ثلاثی میں داخل ہو جائے کیونکہ وہ کسر کو برداشت نہیں کر سکتا شکل مثلث یکی کی ہے۔

۵۸۵۹	۵۸۵۳	۵۱۷۷
۵۱۷۸	۵۸۵۶	۵۵۸۹
۵۸۵۵	۵۱۹۵	۵۸۵۴

تیسرا مرتبہ جلش کا ہے۔ مفصلاً اور مجملاً جیم لام شین۔ اور لبسط کے ساتھ اسطرح ث ل ا ث ع ش ر ہ ا ر ب ع د ن ث ل ا ث د ن ا ح د ا ر ب ع د ن ث ل ث م ا ی ہ ع ش ر ہ خ م س د ن،، مفصل اور مجمل ۳ ۳ ۲ ۴ ۸ ۴ اور مبسوط ۳ ۹ ۷ ۵ عدد میں اگر اٹھائیس حروف کے اعداد اس میں شامل کریں تو یہ دونوں اسماء اس میں نکلیں گے ملاث قدس مجملاً ۵ ۱ ۶ ۱ ۴ ۱۱ ور مفصلاً ۲ ۲ میم لام کاف قاف دال واؤ سین اور عدد حرف تفصیل ۲۳ ہیں ان کے مبسوط کا بیان ہو چکا اور عدد حروف لبسط کے ۲ ۹ ہیں مجملاً ۱۲۰ ۱ ور مفصلاً ۱۱۱ اور مبسوط ۳ ۷ ۸ ۸ جملہ ۳ ۴ ۷ ۹ عدد ہوئے اگر اس میں عدد مرتبہ جو اس سے نکلتا ہے اور جو اس کی طرف منسوب ہے۔ اضافہ کیا جائے تو کل ۲۸ ۲ ۲ ۲ ۳ عدد ہوئے جس کا یہ نقش مبلغ بنا شکل جلش اگلے صفحہ پر ہے۔

نقش یہ ہے۔

۴۲۲۷	۱۲۴	۴۲۲۱	۹۲۶	۴۴۴	۲۲۲۱	۴۲۱۱
۴۷۴۳	۴۳۱	۴۷۱	۴۴۵	۲۳۱۳	۳۰۴۸	۴۲۲۵
۴۲۲۹	۴۳۱۲	۲۲۴۴	۲۴۶	۳۵۱	۲۳۴۲	۳۰۱۳
۴۲۱۶	۴۳۵	۲۳۷	۳۴۴	۲۲۵۹	۲۳۴۰	۴۳۵۱
۲۸۴۳	۴۴۸	۴۲۷	۴۴۱	۴۲۵۷	۴۳۵	۴۳۱۹
۴۴۳	۵۸۴۳	۴۳۴۱	۴۳۳۹	۴۳۱۶	۲۲۳۲	۴۳۱۸
۴۳۲۰	۳۱۷	۲۳۴۹	۴۲۳	۴۴۳۰	۵۲۵۹	۳۱۲۲

چوتھا مرتبہ دمت کا ہے۔ جس کے عدد ۴۴۴ بدھ کا دن اور ستارہ عطارد ہے۔ دل میم تا جملہ آٹھ حرف ہیں اس کے اعداد ۵۲۶ ۱ اور لبسط اس طرح ہے۔ ا ر ب ع ہ اح د ث ل ا ث د ن ا ر ب ع د ن ع ش ر ہ ا ب ع د ن ا ر ب ع ا م ا ی ہ جملہ ۴ ۲ ۴ سب مجمل ۵۶ ۱۵ اور مفصل ۶۵ ۲۹ ۱ اور مجموعہ ان کا ۹۵K ۳ ہے۔ جب اٹھائیس حروف کے اعداد شامل کئے تو مجموعہ ۵۹۹۵ ہوا اور سب ۳ ۹ ۹ ہوئے جس سے یہ اسماء نکلے ۳ ۷ مجمل و مفصل کاف باء یا ء راء ما علین الف لام جملہ امداد ان کے ۹۱۱۹ ہوئے ان لبسط اس طرح ہے۔ عِشْرُوْنَ اَحَدٌ ثَمَانُوْنَ اِثْنَيْنِ اَحَدٌ عَشْرَةٌ اَحَدٌ ثَمَانُوْنَ اَحَدٌ اَرْبَعُوْنَ عَشْرَةٌ اَرْبَعُوْنَ اَرْبَعُوْنَ اَرْبَعُمَاۃٍ اَحَدٌ سَبْعُوْنَ عَشْرَۃٌ خَمْسُوْنَ ثَلَاثُوْنَ ثَمَانُوْنَ ثَلَاثُوْنَ اَحَدٌ اَرْبَعُوْنَ۔ کے عدد ۵ ۷ ۷ مفصل ۱۱۱۹ اور مبسوطاً ۳۲۳ ۹ ہیں جو کل ۱۲۱۵ ۱ عدد ہوئے واللہ اعلم بالصواب۔

پانچواں مرتبہ ۵۵۵ ہا ثاء نون مبسوطاً ا ح د خ م د ن ا س ن ث ہ خ م س د ن خ م س ا ی ہ۔ کل جملہ ۷ ۲ ۲ عدد تمام ہوں گے۔ ۳۵۰۲ ۱۰۰ ایرا اوران سے یہ اسماء نکلیں گے فَتَّاحٌ رَزَّاقٌ ۹۹ ۷ مفصلاً ۲ ۱ ۱ ے فا تا الف حا را زا ی الف قاف ث م ان ی ہ اح د ث ل ا ث د ن ث م ا ی ہ جملہ ان کا ۱۴۱ ۹ اور یہ عدد مرتبہ اسماء سے نکلے ۹ ۴ ۷ ۱۱۸ س کا نقش مثمن جس کا دن جمعرات اور ستارہ مشتری ہے۔ اور اس کا مدخل ثمانی ۹ ۹ ۲۲ ہے۔

چھٹا مرتبہ و سخ دن جمعہ ستارہ زہرہ اور اس کا نقش مخمس ہے۔ اس کا لبسط س ث ہ ا ح د س ت ہ س

ت ون ع ش ره خ م س دن س ت م ا ی ۱۵ ا ح درمجمل ۲۶۶ اور مفصل ۲۲۲ اور مبسوط ۱۷۲۷۴ جب ان کو ۱۸ حروف کی طرف مضاف کیا تو مجموعہ ۲۷۲۴ ہوا اور یہ اسماء نکلے گانیؔ عَنِیؔ ۱۷۱۱ اور مفصل کاف الف فاء یا غلین نون یا جملہ تفصیل ۱۷۱ اور اس کا بسط اس طرح۔ ر ع ش اون ا ح دث م ان ون ا ح دع س رون ا ح س ب ع ون ع ش ره خ س ون۔ اور بسط اسماء۔ ۱۸۲۷ اسماء مجملاً اور مفصلاً اور مبسوطاً ۲۶۸ ہوئے ان عددوں سے جو اسماء سے نکلے اور جو مرتبہ سے نکلے سب کو جمع کرو تو سب ۴۳۹۱ ہوئے۔ اس کا نقش مخمس ۴۰۳۷۴ جب تم اس عدد سے پہلا خانہ شروع کرو گے تو شکل نقش تم پر واضح ہو جائے گی۔

ساتواں مرتبہ زحل ہے۔ ہفتہ کا دن ستارہ زحل ہے۔ مجملاً ۷۷ اور مفصلاً زا ی ع ی ن ذال اور اسکا بسط س ب ع ہ اح دع ش ره س ب ع دن ع ش رع خ م س دن س ت ون س ب ع م ا ی ہ ا ح دث ل اث اسکے جملہ ۵۴۰ عزائیل

اسماء شمخیثیہ کی تعریف اور اسمائے ربانی

اسماء شمخیثیہ وہ اسماء ہیں جن کے اسرار کو اللہ تعالیٰ یا علماء صالحین کے سوائے کوئی نہیں جان سکتا یا شمخثا وشمخوثیا اجب یا کسفیائیل ان کے معنی ہیں کہ وہ زندہ اور باقی ہے۔ جس کو نیند اور اونگھ نہیں آتی جس کے لئے آسمان و زمین کی سب چیزیں حاضر ہیں وہ گناہوں کا بخشنے والا ہے۔ رقیائیل مؤکل ہتھیلی پر یہ اسم لکھا ہوا ہے۔ یا همو یا اجب یا نوائیل یعنی میں ہی مارتا اور زندہ کرتا ہوں اور مومنوں پر رحم کرتا ہوں۔

گھبراہٹ اور ہر بیماری سے شفاء جو شخص ان اسماء کو پڑھے تو گھبراہٹ اور ہر بیماری سے شفا حاصل ہو۔ نیز پر یہ اسم دم کر کے مارے تو نشانہ خطا نہ ہو شلبخرثا یا شمرثیا اجب یا مرعیائیل ۔ یعنی میں ہوں جس نے آسمان کو بغیر ستون قائم کیا اس اسم کو اگر سواری پر بیٹھے بیٹھے پڑھے تو سوار کبھی نہ تھکے۔ اور اس کے کل کام اللہ آسان کرے تنگی سے فراخی نصیب ہو اگر اس اسم کی تلاوت سے سب رنج و غم دور ہوں۔ اور یہی وہ اسم ہے۔ جس کی برکت سے حاملان عرش، عرش اٹھائے ہوتے ہیں۔ اسی کی برکت موت آسان ہوتی ہے۔ یا نورشیا اجب یا میکائیل۔ یعنی میں ہی وہ ذات جس سے کوئی بلند نہیں ہے۔ میں موت کے بعد زندہ کروں گا۔ اسم کو جو شخص سختی میں پڑھے تو اللہ اس کو تکلف سے نجات دے یا جمعتی اجب یا سمسائیل یعنی میں وہ ذات ہوں کہ میں ہی زندہ کرتا ہوں۔ اسی کی برکت سے حضرت عیسیٰ مردے زندہ کرتے تھے اجب یا کرمیائیل یعنی میں وہ اللہ ہوں جو بچوں کو ماں کے پیٹ میں پرورش کرتا ہوں۔ اسم اس کی برکت سے اللہ ہر مشکل آسان کرتا ہے۔ جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے کل کام بہ حکم الٰہی آسان ہوں۔ یا سمطیع النور اجب یا ددحمائیل یعنی میں وہ اللہ ہوں جس پر مشرق و مغرب کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔

ہر حاجت پوری ہو اور ہر سختی سے نجات اس اسم کو پڑھ کر جو چیز اللہ سے مانگو عنایت ہو گی سعها یفتح عنیخ اجب یا شرطیائیل۔ یعنی میں سب ممالک کا مالک ہوں اور مصائب

سے نجات دینے والا ہوں اس اسم کو جو شخص اپنے کمان پر لکھ کر مارے کبھی اس کی کلائیاں سست نہ پڑیں گی چلہ کرنے ہی تیر پلائے یہ ذاکر دشمنوں پر مسلسل تیر مارتا رہے گا یا طیعوعینخ اجیب یا کوفعائیل یعنی میں وہ اللہ ہوں جو گنہگاروں اور خطاکاروں کی بخشش فرماتا ہے اسی اسم کی برکت سے خدا تعالے نے نوح کو طوفان سے بچایا نجات دی جس آدمی کے پاس یہ اسماء لکھے ہوں وہ کبھی غرق نہ ہوگا۔ یا سرمتکفال اجیب یا اطفیائیل۔
یعنی میں اسرار کا نہ اقف کار ہوں اور ان کو اسی پر کھولتا ہوں جس کو اپنی مخلوق سے بہتر بناتا ہوں جس کے پاس یہ اسماء ہوں وہ ہر ایک مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ یہ اسماء آگ کو ٹھنڈا کر دیتے ہیں۔ جو شخص ان کو پڑھ کر نہایت غضب ناک کی پشت پر ہاتھ پھیرے تو اس کا غصہ جاتا رہے گا۔

حاضری مطلوب حسب ذیل حروف کسی شخص کے پیر کے نیچے کی مٹی پر لکھے اور اس کا حاضر ہونا مطلوب ہو تو وہ فوراً حاضر ہوگا۔ یا باقی یا ودود او د نا ی اصبا وت ال شد ای اجیب یا طیائیل یعنی میں اللہ ہوں۔ بیمار کو شفا دیتا ہوں اسی دعا سے حضرت کو شفا ہوئی۔ جو بیمار ان کے ساتھ دعا کرے گا شفا پائے گا۔ یا مثیلع یعنی میں قوت دینے والا ہوں جو شخص اس اسم پر مداومت کرے گا اس کو ایسی قوت دے گا جس سے وہ جنگ میں دشمنوں کو زیر کر دے گا۔ یَا غِیَاثَ مَنْ لَاغِیَاثَ لَہٗ اَلْ شُدَّا یٰ یَامَنْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ یَا بَادِیٌ یَا وَاحِدٌ یَا صَمَدٌ یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا دَائِمُ یَا اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ۔
یعنی میں خدا ہوں خوف والوں کو امن دیتا ہوں یہی اسم ہے جس کی برکت سے ابراہیم پر اللہ تعالے نے آگ ٹھنڈی کر کے ان کو سلامتی دی تھی۔ جو شخص اس کو پڑھ کر بخار والے پر دم کرے گا۔ بخار اس کا دور ہو جائے گا۔

بارہ مؤکلوں کے نام بارہ موکلات کے نام یہ ہیں۔ اور ہر مؤکل کا ایک اسم ہے۔ اجیب یا کرطیائیل دیا عسعو یائیل دیا عصفر یا عیل یا درجیا ئیل دیا دمیائیل وقسعیائیل دیا طحطائیل ومعدیائیل اور یہ اسما سربراہ کے سامنے جا کر پڑھتے ہیں تاکہ اس شر سے محفوظ رہے۔ جب خشکی یا دریا کے سفر کا ارادہ ہو اور چوروں ڈاکوؤں اور دشمنوں کا خوف ہو تو یہ پڑھے محفوظ ہوگا۔ یا طرھیائیل دیا طحطائیل دیا معدیائیل دیا عزرائیل دیا مغفویائیل یہ اسماء کسی سربراہ کے سامنے جا کر پڑھو ان ہی اسماء کی برکت سے حضرت آدم کی توبہ اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی جو گنہگار ان کو پڑھ کر توبہ کرے قبول ہوگی۔ اگر اسمائے ذیل کو تخم ریحان کے پتہ پر لکھ کر جس سے محبت چاہو۔ اس کو سنگھاؤ تو وہ محبت کرنے لگے گا یا مثیعت اجیب یا ھرقیائیل معنی یہ ہیں میں وہ ذات ہوں جو بندوں پر رحمت کشادہ کرتا ہوں یہ اسم جبرائیل کے پر کے اوپر لکھا ہے۔ جس کی برکت سے وہ مشرق و مغرب تک طرفۃ العین میں آتے چلے جاتے ہیں

مرگی والے کی دعا اگر مرگی والے پر اسم مندرجہ ذیل دم کریں تو وہ ہوش میں آجائے یا ملوہو طیھو ج اجیب یا دوقیائیل یعنی میں اللہ ہوں اور ہر چیز کے باطن میں موجود ہوں۔ یہ اسم اسرافیل علیہ السلام کی ہتھیلی پر لکھا ہوا ہے جو شخص اس کو پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے تو سب سختیاں اس سے دور ہوں زمین اس کے پیروں میں سمٹ جائے یعنی تھوڑے عرصہ میں بہت مسافت طے کر سکے گا اگر اس کا چلہ کرے کے موکل کو جو حکم کرے تو فوراً بجالائے اور تمام دنیا کی چیزیں اس کے سامنے پیش کرے جب خواب میں کوئی بات معلوم کرنا ہو تو اس اسم کو ہاتھ انگوٹھے پر لکھ کر پیچے

رکھ کر سو رہو اور سوتے وقت یہ الفاظ کہو اَجِبْ یَا خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ وَ اَخْبِرْنِیْ عَنْ کَذَا ـــ پھر اسم کو اتنا پڑھو کہ نیند آ جائے تو خواب میں موکل آ کر بتائے گا کہ فلاں بات اس طرح ہے۔ اگر پہلی رات میں کچھ معلوم نہ ہو تو دوسری یا تیسری میں ضرور معلوم ہو جائے گا۔

بعض بزرگوں نے کہا ہے کہ انہوں نے ۲۰ برس تک اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی اور قبول نہ ہوئی آخر جب اللہ تعالیٰ کو ان کی خلوص نیت معلوم ہو گئی تو ان کی ضرورت پوری کر دی یَا عَیْنَغُ اَجِبْ سمسائیل۔ یعنی میں وہ پاک ذات ہوں کہ میں غیب کو دیکھتا ہوں جو شخص اس اسم کو پڑھ کر اپنی کھیتی پر دم کرے تو خراب نہ ہو اس اسم کے باعث انسان ڈوبنے سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ اسم کسفیائیل موکل کی ہتھیلی پر لکھا ہوا ہے یا ملیطا یا طردیائیل اسی اسم کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمانؑ کو ان کا ملک اور انگوٹھی واپس دی یا سمسونی یا قملا اجب یا طوطیائیل یعنی میں ہی پرانی ہڈیوں کو زندہ کروں گا یہ اسماء اندھے کو بینا کرتے ہیں اگر یہ حروف حد ابجد اکر کے ریاحی یا داڑھ کے درد پر باندھے فوراً آرام ہو اور تکلیف والا اگر روٹی کے نوالہ پر لکھ کر نگل لے تو دکھ سے اس کو سکون ہو یہ اسماء اسماء انگوٹھی پر کندہ کر کے اس سے گیلی مٹی پر نقش اتار کر کھیتی میں دفن کریں تو اس کھیتی کو ٹڈی یا کیڑا نہ کھائے گا۔ یا سطیح یا طیائیل یا صغیر اجب یا علھیائیل یا ھو من لا یعلم ما ھو الا ھو ـــ یہ اسم اول کی تشریح ہے اور اس کے معنے یہ ہیں کہ میں اللہ ہوں تنہا قہر والا ہوں اسم کی برکت سے اللہ نے مومنوں کی کافروں اور منافقوں کے مقابلہ میں مدد فرمائی تھی۔ یا سمعیثا یا نوریائیل یا علمیثا ـــ یعنی میں سننے والا اور جاننے والا ہوں اور سورج کو مشرق سے مغرب کی طرف لے جاتا ہوں جو شخص مذکورہ اسم پڑھ کر ایک مٹھی خاک پر دم کر کے دشمنوں کی طرف پھینکے اور ۳ مرتبہ شاھت الوجوہ کہے تو دشمن منتشر جلسہ ہوں گے۔ یَا مَنْ یَغْنِیْ الْاَکْوَانِ وَالْمَلَکُوْتَ وَیَبْقٰی هُوَ یَا مَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ۔

جو شخص یہ دعا پڑھے تو ہر شدت سے نجات پائے یا سیطیغ یا لکموشیا اجب یا صرفیائیل۔ یعنی میں ہر سختی دور کرنے والا اور صحیفوں اور اسرار کا نازل کرنے والا ہوں انبیاءؑ اور صالحین کے دل نیک کرنے والا ہوں جو شخص اس کو پڑھے گا تو اللہ اس کو ایسا حافظہ عنایت کرے گا کہ جو کچھ سنے گا اس کو سب یاد رہے گا اور اگر اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مقبول عوام ہو اور ایک روایت میں یہ دیکھا ہے یا صالح ھیاد حیو اجب یا خفیائیل یعنی میں اللہ تعالیٰ رب العالمین بادشاہ جبار بزرگ ہوں اسی اسم سے اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین اور عرش و کرسی پیدا کئے جس کے پاس یہ اسماء ہوں وہ جن و انس اور شیاطین کے شر سے محفوظ رہے گا یا شمخیثا یا رب بینج حنبثا یعنی میں وہ ذات ہوں کہ جس کو حکم کروں ہو جاتو وہ ہو جاتی ہے جس شخص کے پاس یہ اسماء ہوں گے وہ اللہ کی حفاظت میں رہے گا اور ہر برائی سے اللہ اس کو چھٹکارہ دے گا اگر ان اسماء کو پانی پر دم کر کے خوف زدہ کو پلاؤ تو اس کا خوف جاتا رہے۔

یا ھسطلو یا بارود یا طلمیا شرما یعنی میں زبردست ہوں بندوں پر اور ان کے اعمال پر اور ان کو میں خود جزا دینے والا ہوں یہ اسماء ایک پتھر پر لوہے کی قلم سے کندہ کر کے بھٹی میں گرم کر کے ایک کتے کو مارو پھر یہ پتھر ان لوگوں کے درمیان پھینک دو جو فسق و فجور کرنے اکٹھے ہوتے ہوں تو اس پتھر کی تاثیر سے وہ سب خائف منتشر ہو جائیں گے

اور پتھر پھینکتے وقت یہ آیت پڑھو! وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَشْعَلَهَا بَیْنَهُمُ الشَّیْطَانُ یَوْمَئِذٍ یَتَفَرَّقُوْنَ۔

لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہو جانا یَا تَرْشِیَا شَرَابًا بِهَرِیَا یعنی میں وہ ذات ہوں جو مظلوم کو ظالم کی آنکھوں سے پوشیدہ کرتا ہوں جو شخص اس اسم کو ہبت پر لکھ کر اس پر بیٹھ جائے اور یہ آیت پڑھے وجعلنا من بین ایدیهم سدا سے فهم لا یبصرون تک پھر شاهت الوجوہ کہے پھر کہے اے موکلو مجھ پر ان کی آنکھوں اور بیناہوں کو اور پھینک دو ان کو اندھیروں کے دریا میں یہاں تک کہ مجھے نہ دیکھنے پائیں صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ پھر خاموش رہے۔ اور کسی سے بات نہ کرے تو دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے اور پھر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا خَفِیَّ بِاللُّطْفِ الْخَفِیِّ فَاِنَّ مَنْ اَخْفَیْتَهُ یَخْفِیْ لطفك فقد خفی اس کے بعد جہاں جائے گا سب سے پوشیدہ رہے گا مگر جب بھی کسی سے بات کرے گا فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس اسم کی تاثیر جاتی رہے گی یا شمخا ذیا لها تلو حایم لت یعنی میں وہ ذات ہوں جس کی ہر ذرہ چیز اطاعت کرتی ہے۔ جو آسمان و زمین میں ہے۔ ان اسماء کی اطاعت موکلات کرتے ہیں الوهیجا ویا سخا خالدین ویا دطیشا سلیطا لموشا۔ یعنی میں وہ ذات ہوں جو بندوں کی امداد کرتا اور ان پر رحم کرتا ہوں جب وہ سختی میں ہوتے ہیں۔ مذکورہ بالا اسماء جو کوئی آئینہ پر لکھے اور اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے تو موکل اسے خواب میں مطلوبہ خبر بتا دیں گا یسمعة لورنا ایہ ویہ۔ یعنی میں وہ ذات ہوں جو اپنی وحدت میں منفرد ہوں ہر چیز میں ہمیشہ رہنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہوں یہ اسماء جو پڑھے گا اس کی حاجت جلد پوری ہوگی اور اس کے سارے کام آسان ہوں گے اگر اسم اوّل کو اس میں شامل کرکے نقش کرکے اور پہنے تو قبول عظیم حاصل ہو اور ہر شخص اس کی حاجت پوری کرے۔

قاعدہ تصریف اسماء تصریف اور اسماء کا قاعدہ یہ ہے۔ کہ تین دن روزہ رکھے اور ظاہری و باطنی طور سے پاک رہے۔ اگر کسی دشمن کو ہلاک کرنا ہو تو ترنج کے پتے پر اس کا اور اس کی ماں کا نام لکھ کر اسی کے مکان میں دفن کر دو اور کسی مرض یا بیماری میں اس کو مبتلا کرنا ہو تو وہ بھی لکھ دو جیسا چاہو گے ویسا ہی ہوگا یہ عمل پیر کے دن چاشت کے وقت کرنا چاہئے اور یہ بخور روشن کرے میعہ سائلہ صندل اور جس بیماری کا نام لے جیسے نکسیر کا جاری ہونا یا پیٹ پھولنا یا درد سر وغیرہ مگر اللہ سے خوف کرکے سات دن سے زیادہ تحریر کو زمین میں نہ رکھے ورنہ وہ شخص ہلاک ہو جائے گا اور تم سے سوال کیا جائے گا۔ اور کسی حاجت کے لئے جائے گا تو یہ اسم چاندی کی تختی پر زہرہ کی ساعت میں کندہ کرکے جو اپنے پاس رکھے گا۔ اور کسی حاجت کے لئے جائے گا تو وہ حاجت پوری ہوگی اس اسم کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر نسر جانور کے بازو کے اندر باندھ دے اور موکلوں کو کسی مقام پر پہنچانے کا حکم کرے تو موکل اسی جگہ پہنچا دیں گے۔

عوام میں قبولیت اور ہر حاجت پوری اگر لوگوں میں قبولیت چاہو اور مرتبہ کے خواہشمند ہو تو ایک پاک برتن میں یہ اسم لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر ایک شیشی میں بھر لو

پھر جب کسی جگہ جاؤ تو اس منہ پہل لو جس حاجت کے لئے جاؤ گے وہ پوری ہوگی اور جو تم کو دیکھے محبت کرے گا۔ جو شخص لومڑی کی کھال پر اس اسم کو لکھ کر پاس رکھے۔ اور دشمنوں میں جائے تو جب تک وہ خاموش رہے گا کوئی اس کو دیکھ نہ سکے گا۔

جنات کی تسخیر اگر جنات کو دیکھنا اور ان سے ملاقات کرنا ہو اور یہ بھی چاہو کہ جنات تمہاری اطاعت کریں تو یہ اسماء بوک بکرے کی کھال پر لکھ کر ٹھیکرے یا مٹی کی تشتری میں جلاؤ اور اس کی راکھ کو آنکھ میں لگاؤ تو جن نظر آئیں اور ان کی بات سنائی دے گی اور اگر ان سے کچھ دریافت کرنا ہو تو اسماء کو اول سے آخر تک پڑھ کر یہ کہو اے جنات بحق ان اسماء کے میری اطاعت کرو اور جو تم سے سوال کروں اس کا جواب دو اسی وقت جنات کے علماء تمہارے سامنے حاضر ہوں گے اور وہ ہر سوال کا جواب دیں گے۔ اگر کوئی ضرورت پیش آئے تو کسی عمدہ اور صاف مکان میں بیٹھ کر تین دن ہر نماز کے بعد ۷ مرتبہ اسماء کو پڑھو ہر آہم کا نوکل بہت سے جنات کو لے کر تمہاری خدمت میں آئے گا۔ اس وقت چاہیئے کہ اللہ کے سامنے سجدہ شکر کرکے جو چاہو ان سے طلب کرو اور سجدہ میں تین بار یہ الفاظ کہو یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ پھر سر اٹھا کر کہو۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْم

اسماء یہ ہیں :- اَجِبْ یَا کَنْفِیَائِیْلُ یَارُوقِیَائِیْلُ وَمَرْقِیَائِیْلُ وَیَامُبدغَائِیْلُ وَیَا مِیکَائِیْلُ وَیَا مِنْهَائِیْلُ وَیَا دُدْیَائِیْلُ دَبَادَهْرَائِیْلُ میامَطْرَبَائِیْلُ وَیَا سَرْقِیَائِیْلُ وَیَا اَلِیَئِیْلُ وَیَا طُورطَیَائِیْلُ وَیَا هقیائیل وَیَا قُرْطِیَائِیْلُ وَیَا عَقْرِیَائِیْلُ وَیَا دَهْیَائِیْلُ وَیَا قَلْدَائِیْلُ وَیَا دردیائیل وَیَامَرْقَدْیَائِیْلُ وَیَا دَقْیَائِیْلُ وَیَا هَزْقِیَائِیْلُ وَیَا جِبْرَائِیْلُ وَیَا سَمْسَائِیْلُ وَسَعْیَائِیْلُ ـ

ان میں سے اکثر اسماء سریانی زبان کے ہیں

اسمائے شمخوثیہ ان اسماء شمخوثیہ کو اسماء خلوت شمخوثیہ بھی کہتے ہیں جو یہ ہیں:- یا سمعیثا یا تمثیثا شمرخوثیا ویا مدھودیا سیلنجوشا رویا شمرسیا ویا رموطیف ونادست ویا حجلطف ویا سبطح النور نا قطع فا قطع مھیا یفتح یا طفعی عینج وبا س ھیکفیال یا ہاقی یا اللہ یا ادرنای یا احباوث یا ال شدای یا طھوخ یا مھلیج بالتری المتین یا غیاث من لا غیاث لہ یا دائم الابد یا طھویۃ یا غلیظط بتا یا عطریب مطینا نا طلوع من قبلا مرقود ا ادھورا یا سلطیخ یا طھرطشا مفریا ھریہ ولاء ویا شعتیا وصلی اللہ علی سید نا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم۔

فصل ۳۳ دائرۃ الاحاطہ کے رازوں کی تشریح یعنی شرح اسرار اعظم

ان اسماء کی تاصیلات اور تفریعات جو آئندہ دو صفحات کے بعد ایک دائرہ کی شکل میں ظاہر ہیں ہم تفصیل سے بیان کریں گے یہ دائرہ محفوظ دائرۃ الوجود ہے اور تمام موجودات کے اسرار اس دائرہ میں ہیں۔ یہ کل انواع علویات کا جامع ہے۔ ذوق سلیم والے پر اس کا اثر پوشیدہ نہیں رہتا۔ صاحب علم فند بیر خوب جانتا ہے کہ احاطہ الف اس کی متمکن تثبیث ہے۔ جو قرآن کریم میں موجود ہے اور تمام انواع حقائق اس میں جمع ہیں اور نور اسرار تعریفات کی عقلمندوں کے لئے یہ ایک نفیس بریہ ہے۔ اور تعریفات کی حد تک انواع معلومات کی تعریف ہے دراصل معلومات کی تین چیزیں ہیں واجب ممکن ممتنع اسی طرح انواع وجود تین ہیں جمع۔ امر خلق اور انواع الغیات بھی تین ہیں۔ ذات۔

صفاتؐ۔ افعالؐ۔ نیز انواع صفات تین ہیں۔ جلالؐ جمالؐ اور کمالؐ۔ اور اقسام انابات بھی تین ہیں (انابۃ الخفض انابۃ الرفع انابۃ الاستواء ــــــــــ اقسام دیمومیہ بھی تین ہیں۔ ازلؐ۔ ابدؐ۔ آنؐ اور انواع عالم بھی تین جبروتؐ ملکوتؐ۔ ملکؐ اور انواع زمان بھی تین۔ ماضیؐ مستقبلؐ۔ حالؐ اور انواع نشات بھی تین ہیں۔ دنیا۔ برزخ۔ آخرتؐ۔ اور انواع معاد بھی تین ہیں۔ جنتؐ۔ دوزخ۔ اعرافؐ اور عالم کے انواع کے حقائق بھی تین ہیں۔ روح قلب۔ جسم اور اقسام صور انسانیہ بھی تین ہیں نطفہ۔ علقہ۔ مضغہ۔ واضح باد الف کی اقسام جو مطلقاً اصول حرف کے ساتھ آتی ہے۔ تین ہیں الف میل ایمن۔ الف استواء الف الیسر اور اقسام نقاط بھی تین ہیں۔ نقطہ اصل نقطہ فصل۔ نقطہ وصل وغایتہ اور اقسام حرکات یہ ہیں۔ زیر۔ زبر۔ پیش سکون۔ اور حروف منقولہ الغایات کی اقسام میمات۔ لامیات ہیں اور انواع جوامع الکلم کی نور مرقوم مسطور ہے۔ انواع شریعت ایمان واحسان ہیں۔ اشخاص اصلیہ ورابطہ زمانہ کے دور کے لحاظ سے یہ ہیں۔ آدم۔ ابراہیم۔ اسماعیل۔ عیسیٰ اور اشخاص اصلیہ ورابطہ اولیہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد موسوم یل چار دں قطب ہیں جنکی ہر اقلیم میں حکومت ہے اور الف کی روحانیت ان کی مدد کرتی ہے ــــ اور کوئی کام بھی بغیر اس کے نہیں کیا جا سکتا اس لئے کہ الف ہی احاطۃ الکتاب اور تمام جوامع کا جامع ہے مظہر ملک ظہور حق اور وجود عالم یہ حقیقت اشارہ انوار اور الف کا ظہور حرف لام میں ہے۔ جو ایک خاص لوح میں نقش کیا گیا ہے۔ اور کتاب قدیم کے راز میں اس آیت کے اندر ظاہر ہوا ہے۔

دراصل الف احاطہ کونیہ کی حیثیت حقائق ہے کیونکہ الف ہی حقیقت الحقائق اور تلب کون اور مدار ظہور حق اور وجود عالم ہے۔ اسی باعث کتاب مقدس ان پر نازل ہوئی اور یہی دائرہ دار مدار عالم ہے جس کے کسر وبسط کی تفصیل آگے ہے جو ہماری کتاب لطائف الاشارات اور کتاب الدنائر میں بھی مذکور ہے۔ یہاں یہ دائرہ ہم نے اس لئے لکھا ہے کہ تم اس کے فرز شرف سے فیض پاکر اصول تنولیجات سے واقف ہو جاؤ اس کی تشریح کی یہ کتاب متحمل نہیں ہے۔ اس لئے اجمالاً اس کا دائرہ بیان کیا ہے اور یہ وہ دائرہ ہے۔ جس کی علو وشان سے تمام علماء کاملین واقفیت رکھتے ہیں۔

بیت المقدس کی زیارت کے سفر میں مجھے خیال آیا کہ شام اور حلب کے بزرگوں کی زیارت کرتا چلوں ابھی میں راستہ ہی میں تھا کہ ایک ابدال سامنے آئے اور سلام کے بعد فرمایا اے احمد میں تمہیں ایک تحفہ دینا چاہتا ہوں۔ جس سے عظیم فائدہ ہوگا میں نے عرض کیا حضرت وہ کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا میں ایک دن خلوت میں مراقبہ وظائف میں مشغول تھا کہ اچانک ایک لوح میرے سامنے آگئی جس پر چند خطوط اور دائرے اور حروف واسماء تحریر تھے اور ایک موکل بھی میرے پاس آیا جس نے وہ لوح مجھے دی مگر مجھے یہ معلوم نہ ہوا کہ اس کے کیا فوائد ہیں۔ اور یہ کس کام کی ہے جس کے سبب سے مجھے اضطراب پڑھا پھر اسی حالت میں مجھے نیند آگئی اور خواب میں حضرت علیؓ کی زیارت ہوئی آپ کھڑے ہیں اور آپ نے سلام میں پہلی کی میں نے جواب دیا آپ نے فرمایا۔ وہ لوح کہاں ہے میں نے عرض کیا یہ ہے آپ نے مجھ سے لے کر بوسہ دیا اور فرمایا تمکو علم ہونا چاہیئے کہ اس میں حقیقت اور

معرفت کے راز ہیں۔ اور مجدد علم جفر جو میں نے مرتب کیا وہ تمام اس میں موجود ہے۔ اس لوح کا نام میں نے قضا و قدر رکھا ہے۔ اس میں الف کے اسرار اور اسم اعظم کا مبداء ہے۔ نیز دورہ اقطاب و خلفاء تمام اس میں ہے۔ پھر حضرت علیؓ نے وہ دائرہ مجھے عنایت فرما کر اپنا ہاتھ اسم ذات پر رکھ کر فرمایا کہ یہ اسم اعظم کا مبداء ہے۔ پھر یہ کہہ کر واپس ہو گئے۔ اے احمد میں یہ لوح تمہارے لئے لایا ہوں جسے میں نے قبول کیا کتاب کے آغاز میں بھی اس کے فوائد اجمالاً ذکر کئے ہیں اور یہاں تفصیلاً بیان کرتا ہوں کہ اس دائرے میں بڑے بڑے اسرار اور انوار پوشیدہ ہیں۔ اور یہ میں نے خاص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے ظاہر کئے ہیں یعنی میں نے حضورؐ کو خواب میں حضرت علیؓ کو اس دائرہ کا ذکر کرتے ہوئے دیکھا تو حضور نے فرمایا میں نے اسی طرح اس کو لوح محفوظ میں دیکھا اور جبرائیلؑ نے بھی اس صورت سے مجھے دکھایا تھا اس وقت میں نے کہا حضور مجھے اجازت ہو میں اس کی تشریح ظاہر کردوں۔ ارشاد ہوا کچھ حرج نہیں پھر جب میں خواب سے بیدار ہوا اور اس دائرہ میں غور شروع کیا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ دائرہ تمام اسرار پر حاوی ہے جس کے حروف شفع اور وتر ہیں۔ اور اسماء متفرق اور جمع ہیں میں نے حرف الف کا ذکر کیا ہے۔ جو تمام و کمال متذکرہ بالا معنوں سے تشریح ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے ہدایت الہام کرے اور ثواب عظیم مرحمت فرمائے بلاشک وہ بزرگ و بخشش والا ہے اور دعا کرتا ہوں کہ ہر طالب کو اپنے احسان و کرم سے فائدہ دے آمین۔

عظیم النفع دائرہ معلومات

اس دائرہ میں دنیا کے تمام تغیرات اور حوادث اور سلطنتوں کا حال ہے تمام جنگیں جو بادشاہوں میں ہوں گی اور سب سربراہان مملکت کے نام اس سے نکل سکتے ہیں مگر یہ وہی شخص کر سکتا ہے۔ جو فوائد بسط و تکسیر سے واقف ہوا اور ہر اصل کو اصول کے تحت ضرب دینا جانتا ہو جب تم کسی حرف کے اعداد کو بسط کرو اور تحقیق کر لو کہ حرف کس مرتبہ کا ہے۔ اور کونسی دولت سے متعلق ہے۔ تو اس وقت تم کو معلوم ہو جائے گا کہ اس وقت دولت کے ساتھ کیا حوادث پیش آئیں گے نیز اس دائرہ میں وہ تمام باتیں ہیں۔ جو جفر مفتاح الغیب میں لکھی ہوئی ہیں اور ہم نے اس دائرہ کو علم جفر کا مصدر پایا ہے چنانچہ اس جفر میں ۲۶ مصراع ہیں جس میں سے ہر ایک کی ۸ ابجد ولیں ہیں اور ہر جدول میں ۸ × ۶ خانہ طول و عرض میں ہیں۔ اور تمام حروف مقطعہ ہیں۔ اس دائرہ کے خواص بہت عظیم ہیں جو شخص لکھ کر اسے اپنے پاس رکھے

شکل دائرہ معلومات :-

المر المص کهیعص طه یٰس حمعسق حم ق ص

الذین کذبوا بالکتاب وبما ارسلنا به رسلنا فسوف یعلمون

رکھے تو ہیبت و قبولیت نصیب ہو اگر چاندی کی تختی پر سونے کے پانی سے لکھے اور پاس رکھے تو تمام دنیا میں قبول عظیم حاصل ہو اگر فوج کے جھنڈے پر لکھ کر لگائے تو کبھی وہ فوج ناکام واپس نہ ہو اور

اگر ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر موذی سے محفوظ رہے۔

حرف الف مظہر حکم الٰہی حرف الف دراصل مظہر امر ہے۔ جو تاثیر میں منفرد ہے۔ اس کے اسمائے صفات میں اسم قیوم ہے اور اس کے اسمائے فعال میں اسم فعال اور اسم مبدئ ہے۔ اس کے حروف میں سے ہمزہ اور لام اور فا ہے۔ اور حروف بسائط میں الف اور میم ہے اور مراتب میں سے چار کا مرتبہ اس کے لئے ہے اور اسی کے ساتھ عالم علوی و سفلی قائم ہیں اور حلق سے نیچے کے مرکز بھی اسی میں داخل ہے۔

برائے حب جو شخص اس آیت یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ الآیۃ - کے ساتھ حرف الف کو اعداد کے موافق لکھے اور جس شخص سے محبت کا ارادہ ہو اس کا نام بھی نیک طالع میں لکھا کر عود جاری کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے تو وہ شخص اس پر مہربان ہوگا۔ اگر حرف الف کو ایک ہزار مرتبہ مشک و زعفران سے پہلی منزل قمر میں لکھ کر کند ذہن کے سینہ پر رکھے تو حافظہ قوی ہو حرف الف کا ایک مربع بھی ہے۔ اس کو اگر شرف شمس میں سونے کی تختی پر نقش کرے مشک و زعفران سے ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو قوت و غلبہ ملے اگر چاندی انگوٹھی کی پر نقش کر کے سورہ یٰس اس پر دم کر کے پہنے تو عظیم رعب حاصل ہو اور سب لوگوں کی زبان اس کی برائی سے رک جائے اگر ہرن کی کھال پر نقش کرے اور اس کے اطراف حرف الف لکھے اور اسم ذات کے ساتھ اسم رزاق ملا کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ بے گمان رزق دے۔ اگر سفید کاغذ پر لکھ کر کسی دوکان یا مکان پر لگائے تو اس میں خیر و برکت حد سے زیادہ ہو جو اس مربع کو لکھ کر اس کے اطراف یہ آیت یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ لو انفقت مَا فِی الْاَرْضِ آخر تک جمعرات کے دن لکھ کر اور گھول کر جس عورت اور اس کے خاوند کو پلائے تو خاوند اس سے راضی ہوگا۔ ایسے ہی دو عداوت رکھنے والوں کی باہمی عداوت دور ہو جائے گی۔

نقش شکل الف یہ ہے۔

۴۱	۱	۴۷	۱۰
۱۱	۷۹	۳	۱۹
۳	۳۲	۸	۸۸
۷۷	۹	۳۱	۴

احاطہ الف ۱۱۱ ہیں۔ جس کا اسم ناطق ننلو کافی ہے۔ اور یہ حرف اسم عظم کی کنجی ہے۔ اس دائرہ میں جو اول چیز لکھی گئی ہے۔ وہ الم ہے۔ اس کی شرح یہ ہے۔ الف لام اور میم اور یہ حروف فردانیہ احدیہ ہیں اور اول حرف ان کا اسم اعظم ہے۔ اور یہی منشاء ہے۔ اسم مقدس کا جو فرد واحد ہے۔ الم کے ہجائیں حروف سے مرکب ہیں۔ جو اس کا مادہ ہے۔ اور اس کی اصل الف لام اور فا ہے۔ اور یہ بھی فرد اور اس کے مواد اور اصول کا مجموعہ ۹ ہے اور یہ بھی اکائی اور فرد ہے۔

بروج کے حروف کا عظیم قاعدہ ہر برج کی ایک اساس ہے جو حروف کے قائمقام ہے ترکیب عمل یہ ہے کہ اولاً طالع کی حقیقت معلوم کرو پھر اس طالع کی اساس کو عدد سے ملاؤ اساس ہر برج کی یہ ہیں

(۱) اساس برج حمل کی حرف اس کا ب ہے اور عدد ۱۲۱ جو اوفاق کیعص ہے۔

(۲) اساس برج ثور کی حرف اس کا ط اور عدد ۸۹ جو آفاق مثلث ہے۔

(۳) اساس برج جوزا کی حرف اس کا ی اور عدد ۲۲ جو آفاق مربع ہے۔

(۴) اساس برج سرطان کی حرف اس کا ط اور عدد ۵۲ جو آفاق مسدس ہے۔

(۵) اساس اسد کی حرف اس کا ح اور عدد ۱۲۔ جو آفاق مسبع ہے۔

(۶) اساس سنبلہ کی حرف اس کا ر اور عدد ۲۳ جو آفاق مربع ہے۔

(۷) اساس میزان کی حرف اس کا د۔ اور عدد ۴۱ جو آفاق مثمن ہے۔

(۸) اساس عقرب کی حرف اس کا ہ اور عدد ۳۰۹ جو آفاق متسع ہے۔

(۹) اساس قوس کی حرف اس کا ج اور عدد ۲ جو آفاق مثلث ہے۔

(۱۰) اساس جدی کی حرف اس کا ج اور عدد ۱۲ جو آفاق مربع ہے۔

(۱۱) اساس دلو کی حرف اس کا ب اور عدد ۲ جو آفاق مثمن ہے

(۱۲) اساس حوت کی حرف اس کا آ اور عدد ۲۰ جو آفاق مسبع ہے

متذکرہ بالا اساس کا فائدہ یہ ہے کہ جب اس طریقہ سے عمل کرو گے تو ہم طالع سوال مع حروف اور ان کے اعداد رقمیہ کو بروج کے موافق حروف کو یہ آفاق چن لو گے حروف کے مقدم و مؤخر کرو۔ کہ مراد ظاہر ہو جائے ہر عمل اس کے اصل

کے موافق کرنا چاہیئے۔ ان سب قاعدوں میں یہ قاعدہ بہت آسان ہے

استقاط اربعہ عناصر کا طریقہ | استقاط اربعہ عناصر کی ترکیب یہ ہے کہ حروف ناری سے ۹۹ ساقط کرو۔ اور ہوائی سے ۱۳۱۲ اور آبی سے ۱۵۱۵ اور خاکی سے ۱۶۱۶ کو جب ساقط کرنے کا خیال ہو تو پہلے حروف کو جمع کر کے پھر ساقط کرنا۔

حروف قطب کا طریقہ | حروف قطب ۴۴ حرف ہیں جن کا مجموعہ اس شعر میں ہے۔

شعر

سوال عظیم الخلق جزت فصن اذا غرائب شك ضبطہ الجد مثلا

پہلے حروف قطب بلا کمی و بیشی لکھو اور چار نون کا اس میں اضافہ کرو پھر سوال سائل میں سے چوالیس حرف بغیر کمی بیشی کے پہلے حرفوں میں ملاکر ایک صحیح جدول بناؤ جس سے زمانہ معلوم ہو سکے پھر جدول میں سے ہر قسم کے حروف ناری اور آبی وغیرہ الگ کرو اور ہر حرف کو اس کے ساتھ ساقط کرتے جاؤ پھر ترتیب کے موافق حروف کو ترتیب دو۔ اور کمتر عدد کو دیکھتے ہوئے قانون کے پیش نظر حروف اخذ کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جواب صحیح ہاتھ آئے گا۔

دوسری ترکیب یہ ہے کہ حروف سوال میں سے مکرر حروف حذف کرو اور باقی لکھ لو۔ اور حروف قطب بھی لکھو پھر ان کو اس طرح جمع کرو کہ مجموعہ (۴۳۰) حروف ہوں پھر سطر مزج کے اعداد کو سوائے احاد قطب کے جو یہ دس حروف ہیں ب ث ف د ر ہ د ر ح ط) اور ان حروف کے ادتار کو (جو ۶۲ ہو نگے) ملاکر بارہ پر تقسیم کرو چھ باقی رہیں گے ان کو محفوظ رکھو۔

وتر نکالنے کا طریقہ | حصول وتر کا طریقہ یہ ہے کہ حرف کو حرف پر بلند کرو تو اس حرف کا وتر نکل آئے گا۔ ان حروف میں سے پھر قوی حرف اخذ کرو (اور قطب کے سکون کا یہی اصل رمز و سر ہے۔ پھر باقی قومی کو تقسیم کر کے چھ دورہ کے ساتھ ملاؤ۔ تفہیم: چھ اوتار ہمیشہ محفوظ و ثابت رہتے ہیں۔ اور قوی بلحاظ سوالات بدل جاتے ہیں۔ پھر مجموع کو یا باقی کو دس میں ضرب دو واقعہ یہ ہے کہ اس فن میں اول سے ۲ کا عدد مراد ہے پھر ثالث یعنی چار ہیں ضرب دینے سے ۱۸ باقی رہیں گے۔ دس مذکورہ جو تہائیاں ہیں نغمات ثوابت سے۔ پھر اوّل کو تقسیم کر کے سات اول خمسات معمور یہ جو بارہ ہیں (اگر طرح کرنے کے بعد ۱۲ سے زیادہ باقی رہے۔ بس یہ اوّل مربعات میں سے ہوگا) اس کو اس قدر طرح کرو کہ اس کے برابر یا اس سے کم باقی رہے۔ جو تین ہیں۔ اور اول کے اعداد ۳ ہیں اور اول عدد آ ہے۔ الغا میں سے جو باقی رہے۔ وہی دلیل ہے۔ اگر ایک رہے تو ناری اور اگر دو باقی بچیں تو خاکی۔ اگر تین رہیں تو بادی۔ اگر چار رہیں تو آبی ہیں۔ غرضیکہ جو باقی رہے اُس کو اسی کرہ کی شرح مزج میں دیکھو کیونکہ وہی کنجی رابعۃ الشاہد کی کنجی ہے۔ پھر اگر دونوں موافق ہوئے تو اصطلاح کے موافق ہیں اور اس ضلع کو مستقیم شمار کرو۔ وگرنہ چوتھے شاہد کو لو۔ اگر تینوں شاہد ایک ہی مرتبہ میں موافق ہوں تو انہیں لکھ لو۔ ایک ہی طرح یا جس طرح وہ ہوں دو طرح سے یا

تین طرح سے جو آخری تنزیل ہے دلیل اور اس شاہد کو جمع کر کے حاصل سے بلدہ دار نکالو اور نوع اوّل میں جمع کر کے دوسرے حاصل کو ضرب دو حاصل سے ایک کو خارج کرو اگر دونوں انواع میں حسب حال ہو اور حاصل چونسٹھ سے زیادہ ہوں تو جس قدر زیادہ ہوں ان کو محفوظ رکھو پھر جدول تنزیل میں سے ہر نوح کا نتیجہ دیکھو وہی حاصل ہے۔ اور باقی محفوظ ہے شخص نوح ثالث کی جدول علیحدہ ہے اگر اول میں داخل ہو اقوت جسمانی کے لئے تو دلیل قوت ہے۔

دائرہ نکالنے کا منظوم طریقہ دائرہ نکالنے کا ایک طریقہ یہ ہے جس میں نے منظوم کیا ہے۔

سَأَلْتَ هَدَاكَ اللّٰهُ يَا خِلُّ عَالِمًا … بِمَعْرِفَةِ الْعِلْمِ الْمَصُوْنِ الَّذِيْ عَلَا
عَلَى الْجَوَاهِرِ الْمَكْنُوْنِ فِيْ أَحْرُفِ الْهِجَا … وَسِرُّ السِّتْرِ مَادَامَ مُسْبِلًا ! !
وَأَظْهِرْ مَا فِيْهِ خَفِيٌّ وَلَنَا مِنْكَ … مِنَ الْعِلْمِ عِلْمِ الْغَيْبِ وَانْتَفَعَ الْمَلَاءِ
أَحْسَبَكَ أَرْجُوْ الْأَجْرَ مِنْ عِلْمِ الْهُدٰى … فَلَنْ صَابِرًا عَلَى الْأَمْرِ إِذِ الْجَلَاءِ
لِلسُّؤَالِ فَاكْتُبْ مَعْرِفَةَ كَذَا طُوَا … يَلِع وَقْتٍ ثُمَّ عَسْكَرِهِ الَّذِيْ تَلَا
وَاحْذُفْ لِمَا كَرَّرْتَ مِنْهُ وَمَا بَقِيَ … لِفَصْلِ سُؤَالٍ قَامَتِ الْعِزُّ مُجْمَلًا
وَبِالْجُمَلِ الْمَوْضُوْعِ فَاجْعَلْ بَعْدَهَا … وَسُلْطَانَ طَالِعِهَا أَضِعْهُ مُكَمَّلَا
وَكَوْكَبَهُ أُنْثَةُ أَسَهُ وَاصِفُهُمَا … لِفَمِلِ سُؤَالٍ وَاجْمَعِ الْمُتَحَصَّلَا
فَإِنْ كَانَ نَارًا أَوْ وَهُوَ بُرْجٌ طَالِعٌ … فَالْجَوْزَاءِ أُقْصُدْ وَكُنْ مِنَّا مَلَا
وَخُذْ أَسَهُ مِمَّا لِمَا قَدْ جَمَعْتَهُ … وَإِنْ كَانَ نَارًا أَوْ تُرَابًا فَاصِلًا
فَعَنْ ضَحِ اسْ النَّوْ بَهْرَ فَلَا تَجِدْ … سَاعَاتٍ وَاسْقِطْهُ أَجْمَعْتَ لِتَنْضِلَا
فَمَا دَوْرُهُ سَبْعٌ احْتَفِظْهُ يَا فَتٰى … تَرَى الْعَدَدَ الْبَاقِيَ بَيْتَكَ قَدْ خَلَا
فَعُدْ بِمَا يَبْقٰى مِنَ الْجَدْوَلِ الَّذِيْ … يُجَانِسُ بُرْجَ الطَّالِعِ إِنْ كَانَ مُهْلَا
تَجِدْ وَلَهُ ذَاكَ الشِّمَالُ وَإِنْ يَكُنْ … جُنُوْبًا فَإِثْبَاتُ الْجُنُوْبِ تَحَلَّلَا !
فَمَنْ أَحَدِ الْإِثْنَيْنِ عِدَّ لِمَا بَقِيَ … وَحَرْفُ الْيَهِ يَنْتَهِي حَدُّهُ أَوَّلَا
فَذَاكَ أَقَلُّ نَاطِقٍ سِرٍّ ! ! … جَوَابُ سِرِّ ذَاكَ يَحْتَلَا
وَتَامِنْهُ حَدُّهُ فَتًا مِثْلَهُ إِذَا … دَخَلْتَ بِهِ فِي الْعِدِّ تَظْفَرُ بِالْعُلَا
وَإِنْ تَكُ أَدْخَلْتَهُ فَاعْتَمِدْ إِذَا … دَخَلْتَ بِهِ فِي الْعِدِّ تَظْفَرُ بِالْعُلَا
كَذَا إِذَا لَمْ تَزَلْ تَحْتَ الْكَوَاكِبِ سَائِرًا … فَأُمْرُ أَجْرُهَا وَالْعَقْدُ تَيْنِ تَكْتُلَا
إِلٰى أَنْ تَرٰى فِيْ نُطْفَتِ الْأَلْفِ الَّتِيْ … آخِرِ اللَّفْظِ وَآخِرِ مَا انْجَلَا
وَأَلِفْ حُرُوْفِ اللَّفْظِ جَمِيْعُهَا … فَتَنْطِقُ بِسِرِّ اللّٰهِ أَمْرًا مُفَصَّلَا
فَيَظْهَرُ عِلْمُ الْغَيْبِ وَاللّٰهُ مُدَّهُمْ … وَيَطْلَعُ سِرُّ الْحَرْفِ بَدْرًا مُكَمَّلَا

طَوَالِعُ اَفْلَاكٍ قَوَانِيْنُ حِكْمَةٍ تَدَاخَلَ اَعْدَادٌ عُلُوْمٍ لَهَا عِلَا
رُمُوْزًا تَرَاهَا لِلْكُنُوْزِ مَوَانِعُ !!! دَاخِلُهَا الطَّالِبُ تَظْفَرُ بِالْعُلَا
جَلَوْتُ عَلٰى اَفْكَارٍ وَخَبِرِ جَمَالِهَا بِغَيْرِ حِجَابٍ، مُسْفِرٍ مُتَهَلِّلَا
فَمَنْ كَانَ ذَا ذَوْقٍ تَبْلَا بِوَصْلِهَا وَمَنْ لَا لَهُ ذَوْقٌ فَتَرْمِيْهِ بِالْفَلَا
فَهَذَا مِنَ الْوَهَّابِ فَضْلٌ وَمِنَّتُهُ اَتَانِيْ بِهِ الْمَوْلٰى نَتَعَرَّفُهُ الْمَلَاءِ
وَصَلَّى اِلٰهُ الْعَرْشِ خَالِقُنَا عَلٰى مُحَمَّدًا خَيْرَ الْخَلْقِ اَشْرَفِ الْمَلَاءِ

اگر یہ معلوم کرنا چاہو کہ ان ابیات میں سے کون سا حرف عدد اور تلفظ کی صلاحیت رکھتا ہے۔ تو جس حرف کا ثابت رکھنا یا ترک کرنا منظور ہے۔ وہ ان دو اشعار میں سے ہو۔

اشعار

اَللّٰهُ يَقْضِيْ بِكُلِّ يُسْرٍ وَيَرْزُقُ الضَّيْفَ حَيْثُ كَانَا
فَمَا كَانَ مَشَدَّدًا فِى اللَّفْظِ جَارِيًا وَمَا كَانَ مُنْقَرِطًا فَلِلتَّرْكِ كَائِنًا

مندرجہ حساب سے ضابطہ معلوم ہوتا ہے اس لئے کہ جلالت کے ۱ حرف ہیں۔ کیونکہ حرف مشدد کے دو حرف ہوتے ہیں اور اسی ترتیب کے مطابق باقی حروف ہیں۔ حروف کو خط کرنے سے قطع نظر تلفظ کے وقت ہمت محفوظ رکھو اور اللہ کی طرف مائل رہو یہ علم تکسیر کے متعلق آخری تحریر ہے۔ اور جو کچھ لکھا ہے یہ علم زائچہ کی اقسام میں سے حرف ایک قسم ہے۔ جو علم تکسیر سے مشتق ہے۔ اگر اس کی مفصل مثالیں دیتے تو کلام طویل ہو جاتا مگر ہم نے نہایت لطیف اور عمدہ طرح بیان کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ ہی عمل کی توفیق دینے والا ہے۔

فصل۔ حروف کے مؤکل اور اوفاق مع خواص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اولاً استنطاق[1] حروف پھر کواکب منازل اوفاق اور خواص حروف بشمول استخدامات تفصیل سے بیان کئے جائیں گے۔

الف اوّل شکل ہے اور یہی مرکزی نقطہ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے نقطہ نظر کی۔ نقطہ بہنا شروع ہوا اور قدرت الٰہی سے بڑھ کر اس نے الف کی شکل اختیار کی۔ اسی وجہ سے الف امہات حروف ہے اور کل حروف اسی سے پیدا ہوئے ہیں۔ اس کا تفصیلی بیان اپنی کتاب لطائف الاشارات میں لکھا ہے۔

حرف الف۔ الف کل موجودات میں اللہ تعالیٰ کا راز ہے۔ اسکے حقائق بہت طویل ہیں۔ اس مقام پر کچھ تحریر کرتے ہیں۔

الف پہلا حرف اور پہلا عدد اور اصل شکل ہے نیز یہ حرف اللہ تعالیٰ کے حضور سے صادر ہوا اور باطن علویات میں اس کی قوت شدید ہے اس کے عدد حرفی ال ف اور اعداد ۱۱۱ ہیں اور حرف ان کے یہ ہوئے۔ ا ی ق" اور اسمائے الٰہی میں سے اسم کافی

[1] لفظ استنطاق کے معنی علم نجوم میں کسی حرف کا موکل معلوم کرنا ہے اور اکثر صاحبان نجوم بمعنی مؤکل ظاہر کرتے ہیں۔ از ترجمہ

[2] کافی: ک ا ف ی اس کے جملہ اعداد بھی ۱۱۱ ہیں جو "قیا" کے اعداد کے برابر ہیں

اس کے مناسب ہے ہم نے اُس کو حروف تصریف میں ضرب دیا تو ۱۱۱ : ۱×۲۰×۱۰۰ ۳۴۳۱ یہ عدد اس کے ظاہر سفلیات میں تاثیرات حرفی کے لئے بہت قوت دار ہیں۔ اگر حرف جملہ کو تفصیل کی طرف وضاحت کرو تو ۴۴ ظاہر ہوں گے اگر تم حروف کے مسلک پر چلو تو مرتبہ بلند پر پہنچو۔

طریقہ تکسیر اور اسکے راز تکسیر کا راز بھی بیان کرتے ہیں۔ ال ف اس کی تکسیر حرفی ال ف ل ام ف ا ہوئی۔ پھر ان کی تکسیر عددی کی۔ اح د ث ل اث د ن ث م ان د ن اح د ان حروف کے عدد ۲۹ ہیں جن کو انہیں میں ضرب دیا تو ۸۴۱ ہو گئے اور ساقط کرنے کے بعد ۳۳۲ رہے اس کے استنطاق کا نام کعب تھالیس اور یسائیل یہ استنطاق بقاعدہ تفصیل ہے اور بقاعدہ اجمال یہ ہے کہ کل عدد ۱۱۱ ہیں ان کا مؤکل میکائیل ہے اور تیسری وجہ یہ ہے کہ لفظ ایل زیادہ کرنے سے روحانی مؤکل ہو جاتا ہے۔

حرف با۔ اس حرف کے دو عدد ہیں۔ اور تکسیر اسطرح ہے ب ال ف اور تکسیر عددی اس کی۔ اح د اث ن ی ان اح د ث ل اث د ن ث م ان د ن۔ اور عدد حروف ۳۲ ہیں۔ ان حروف کو ان کے اندر ضرب دیا جو ۱۰۲۴ ہو گئے چونکہ کعب اس کا طمقائیل ہے اس کو اس سے ساقط کیا۔ ۱۹ رہے تو کعب طس ہوا۔ ایل بڑھایا طسیائیل ہوا۔

حرف جیم۔ اس کے عدد تین۔ اور حروف ج ی م تکسیر اسطرح ج ی م ی ام ی م۔ اور بسط ث ل اث ع س ر ہ اح و ا ر ب ع د ن ع ش ر ہ ا ر ب ع د ن ہے۔ جو کل ۲۸ حرف ہیں۔ ان کو ان ہی کے اندر ضرب دیا تو ۷۸۴ حاصل ہوئے پھر اس کے ۵ کو ساقط کیا۔ ۳۱۳ باقی بچے جو کعب جلش ہوا ایل بڑھایا جلشائیل ہو گیا۔ دوسرا طریقہ بھی ہے کہ جیم کے ۳ عدد کو ان کے اندر ضرب ۹ ہو گئے اور ۹ کا حرف ط ہے اس کو ہم کے ج سے ملایا اور ایل بڑھایا جطیائیل ہوا پھر عدد اول کو ناطق کیا۔ مؤکل وسیائیل ہوا۔

حرف دال۔ عدد اس کے چار ہیں اور حروف دال ہیں۔ ان کو کسر کر کے بسط کیا تو یہ حروف ہوئے۔ ا ر ب ع ہ اح د ث ل ث د ن اح د ا ر ب د ن کل ۲۴ حروف ہوئے۔ ان کو ضرب دیا ۲۰۹۴ ہوئے۔ اس کو اس سے ساقط کیا ۱۵۱ باقی بچے۔ جو کعب طیائیل ہوا استنطاق کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے کہ حرف دال کے اعداد کو باہم ضرب دیا تو ۱۶ ہو گئے پھر ان کو مقدار تکسیر پر ضرب دیا ۴۸ ہو گئے اس کو ناطق کیا طفیائیل ہو گیا۔

حرف ہا۔ عدد اس کے ۵ اور کسر اس کا ال ف اور بسط اس کا ح م س اح د ث اث د ن کل حروف جمع کئے تو ۲۴ ہو گئے۔ ان کو ضرب دیا ۴۲۰ اس کو ساقط کیا ۱۵۴ رہے۔ کعب حرفی دلو مؤکل علوی۔ قعیائیل ہوا یہ ظاہر کا بیان ہے۔ مگر باطن میں اس عدد کو ناطق کیا میکائیل ہوا۔ علویات کا باطنی استنطاق ہے اور بغیر اس کے استنطاق دردائیل ہے۔

حرف واؤ۔ عدد اس کے چھ تکسیر داو اور بسط س ت ہ اح د ث ل اث د ن ث م ان د ن س ت اح د ث ہ کل ۳۲ حرف ہوئے۔ ان کو ضرب دیا ۲۰۹ ہو گئے اس کو ساقط کیا ۵۲ باقی بچے ظفر یائیل مؤکل ہوا اور دوسری طرح سے ان کو ضرب دو تو ۳۶ ہو گئے پھر ان کو ناطق کیا تو دلیائیل مؤکل ظاہر ہوا۔ پھر اوّل کی طرف رجوع کی طلیائیل ہوا۔

حرف زا ع۔ اس کے عدد ے اور تکسیر زا ی ال ف۔ اور بسط س ب ع اح د ث ل اث د ن ث م ان د ن کل کو جمع کیا ۱۹ ہو گئے۔ پھر ضرب دیا تو ۱۸۱ ہو گئے۔ اس ساقط کیا۔ القائیل مؤکل ظاہر ہوا یہ ظاہر علویات کا عمل ہے۔ باطن یہ ہے کہ رابعہ کو ہم نے قلب کیا جو عبار ہوا پھر اسی کے اندر اس کو ضرب دیا۔ ۶۲ ہو گئے جسائیل مؤکل ظاہر ہوا جب عدد اول کو

ملایا تو اعیائیل ہو گیا۔

حرف حا۔ اس کے عدد ۸ اور تکسیر اال ف جب بسط کیا تو ۴۳ ہو گئے اور ضرب دیا تو ۲۱۶ ہو گئے اس کو ساقط کیا ۱۶۶ ہو گئے۔ وستیائیل موکل بنا مگر باطنی حساب یہ ہے کہ حرف حاء کے عدد ۸ کو دو میں ضرب دیا تو ۱۶ ہوئے اور سولہ کو ضرب دی۔ تو لقیائیل ظاہر ہوا۔ پھر اول کی طرف رجوع کیا۔ وترائیل پیدا ہوا یہ تین طریقہ استنطاق کے ہیں۔

حرف طا۔ اس کے عدد ۹ اور بسط اس کا طا تکسیر ۲۲ ہے جب ضرب دیا ۲۰۴ ہوئے اس کو ساقط کر کے ناطق کیا تقیائیل ظاہر ہوا۔ یہ ظاہری طریقہ ہے اور باطنی یہ ہے کہ ۹ کو ۹ میں ضرب دیا ۸۱ ہوئے افتیائیل ظاہر ہوا پھر اصل کی طرف رجوع کیا وردیائیل ظاہر ہوا ان حروف میں سے ہر حرف کے ساتھ موکلات ہیں جو ان کے عامل کی خدمت کرتے ہیں اور ان کے اجسام نورانی ہیں جو خلوت میں ظاہر ہوتے ہیں۔

حرف یا۔ عدد اس کے دس اور بسط اس کا ی، تکسیر اس کی ی اال ف اس کو ضرب کیا تو ۲۰۴ خارج ہوئے۔ اس کو ساقط کیا لقیائیل ظاہر ہوا یہ علویات کا طریقہ ہے اور سفلیات یعنی باطن کا عمل یہ ہے کہ حرف ی کے ۱۰ عدد ہیں ان کو دس میں ضرب دیا۔ ۱۰۰ ہوئے ولقیائیل ظاہر ہوا پھر بغیر ساقط کے ظاہر عدد کی طرف رجوع کیا۔ افقیائیل پیدا ہوا پھر ظاہر کی طرف آئے وردیائیل ہو گیا۔

حرف کاف۔ عدد اس کے ۲۰ اور اس کا بسط ک اف اور تکسیر ک اف ال ف احروف لبسط ۴۳ ہوئے ضرب دیا ۴۳ ہو گئے وترائیل ظاہر ہوا مگر باطنی طریقہ سے اصل عدد ۲۰ ضرب دی ۶۶ ہو گئے لیسائیل ظاہر ہوا پھر اصل کی طرف بغیر ساقط رجوع کیا تو لسیائیل ہو گیا

حرف لام۔ اس کے عدد ۳۰ بسط لام تکسیر ل ام ال ف م ی م اور لبسط ۱۸۱۔ اس کو ساقط کیا۔ تو القیائیل پیدا ہوا جب باطن کی طرف نظر کی ص ظاہر ہوا استنطاق کیا مبائیل ظاہر ہوا پھر اصل کی طرف رجوع کیا تو اقفیائیل ظاہر پذیر ہوا۔

حرف میم۔ عدد اس کے ۴۰ بسط اس کا م ی م کسر کیا ۲۹ ہوئے۔ ضرب دیا ۱۸۲ ہو گئے اس کو ساقط کیا ۱۴۳ ہوئے جس سے الیائیل پیدا ہوا۔ یہ علویات کے حساب سے ہے سفلی اس طرح ہے کہ اصل عدد کو باطن عدد میں ضرب دی تو نکی پیدا ہوا۔ لقطائیل بڑھایا نکیائیل ظاہر ہوا اور اصل کی طرف رجوع کیا طیفائیل پیدا ہو گیا۔

حرف نون۔ عدد اس کے ۵۰ کسر و بسط کیا ۵۲ ہوئے۔ ضرب دی ۵۲۴ ہو گئے اساس کو طرح کیا۔ ۵۷ سے بچے ہتقیائیل ظاہر ہوا۔ یہ ظاہری استنطاق تھا باطنی یہ ہے کہ ضرب دی۔ تو ۱۵۰ ہو گئے استنطاق کیا تقبائیل ظاہر ہوا پھر پہلے عدد کی طرف رجوع کیا مکائیل ہوا یہ طریقہ علویات ظاہر کا ہے۔

حرف سین۔ عدد ۶۰، بسط س ی ن، تکسیر اس کی ۲۹ اور ضرب دیا تو ۲۰۹ ہو گئے اس کو ساقط کیا ۱۵۸ ہوئے تو طسیائیل ظاہر ہوا۔ یہ ظاہری ہے۔ اور باطنی یہ ہے کہ جب اصل عدد میں ضرب دی۔ فقیائیل ہوا اور عدد اصلی سے خنیائیل ظاہر ہوا۔

حرف عین۔ عدد ۷۰، لبسط ع ی ن، اور تکسیر ۴۳ سے ضرب دی اور ساقط کیا تو دسرائیل ظاہر ہوا۔ اور باطنی اس طرح کہ عین ۷۰ ان کو اس کے حروف کے عدد یعنی تین میں ضرب دی۔ ۲۱۰ ہو گئے جس سے عریائیل ظاہر ہوا پھر عدد اول کی

طرف رجوع کیا ولیبیائیل ظاہر ہوگیا۔

حرف صاد۔ عدد ۹۰ اور بسط اور تکسیر اس کی ۴۴ جب ضرب دی تو ۴۰۴ ہو گئے کعب حرفی درست ہوا پھر اساس کو خارج کیا دسیائیل ہوا۔ اور اگر اصل عدد کو خارج حروف میں ضرب دیا۔ ۲۶ ہو گئے اور تکسیر امؤکل اصل عدد سے دمیائیل ہے۔

حرف قاف۔ عدد ۱۰۰، بسط ق اف ضرب دیا تو ۲۶۴ ہو گئے جس کو خارج کر کے رائیل مؤکل پیدا کیا یہ ظاہر ی علویات ہے۔ اور جب اصل کی طرف رجوع کر کے حروف اصلیہ میں ضرب دیا۔ ۳۰۰ حاصل ہوئے اس کو ظاہر اعداد سے استنطاق کیا تو افیریائیل موکل پیدا ہوا۔

حرف راء۔ عدد ۲۰۰ اور بسط اس کا راال ف اور تکسر ۲۶ ہوئی ضرب دی تو ۲۲۶ ہو گئے اساس کو خارج کیا۔ دقعائیل پیدا ہوا اور باطن تکسیر کی طرف رجوع کیا تو ۲۰۰ عدد تھے جن کو دوبارہ ضرب دیا تو اطیائیل ظاہر ہوا ظاہر مؤکل والرائیل ہے جس کو استنطاق ثالث کہا جاتا ہے۔

حرف شین۔ عدد ۳۰۰ اور بسط ش ی ن اور کسر ش ی ن ی ان ون کل حرف ۱۴ ہیں جب ضرب دیا تو ۴۰۴ ہوئے اس کو طرح کیا تو سیائیل مؤکل معلوم ہوا اور جب باطنی حساب سے عدد کو حروف خارجہ میں ضرب دی تو ۹۰۰ ہو گئے جس سے طلیائیل ظاہر ہوا اور جب اوّل کی طرف رجوع کیا تو دمیائیل پیدا ہوا۔

حرف تاء۔ عدد چار سو اور بسط ت الف بسط حروف ۲۶ ہیں جب ان کو ان میں ضرب دیا ۶۲۱ ہو گئے اس کو طرح کیا دقیائیل ظاہر ہوا اور اس کا باطن یہ ہے کہ اصل عدد کو حرف خارج میں ضرب دیا۔ ۸۰۰ حاصل ہوئے جس سے رطیائیل ظاہر ہوا۔ پھر اوّل کی طرف رجوع کیا تو دلرائیل ہو گیا۔

حرف ثاء۔ عدد ۵۰۰ اور بسط ث ا کسر ث اال ف تعداد ۲۱۶ میں سے اساس کو ساقط کیا۔ ۲۱۰ باقی رہے جس سے دسقیائیل ظاہر ہوا اور باطن کے حساب سے عدد کو بسط میں ضرب دیا تو ۱۰۰۰ ہو گئے استنطاق کیا تو عقیائیل ظاہر ہوا اور عدد اسم کو ناطق کیا تو دتریائیل ظاہر ہو گیا ر

حرف خاء۔ عدد ۶۰۰ ضرب اور استنطاق کر کے ۲۱۶ ہو گئے۔ اور باطن میں عدد اصلی کو بسط اوّل میں ضرب دیا تو ۱۰۰۰ ہو گئے۔ جس سے دیریائیل ظاہر ہو گیا۔

حرف ذال۔ عدد ۷۰۰ اور تکسیر ذال ال ام اور بسط ۷ ضرب دی ۲۲۵ ہو گئے۔ اساس کو خارج کیا تو طلیائیل ظاہر ہوا اور عدد کو اصل حروف میں ضرب دی تو ۴۲۴ ہو گئے جس سے تقعیائیل پیدا ہوا

حرف ضاد۔ یہ حروف ظلمانی ہیں۔ اسکے عدد ۸۰۰ اور تکسیر ض اور بسط اس کا ض اد ال ف ذال اس کے کل عدد ۵۴ ہیں ضرب دی تو ۲۲۵ ہو گئے اس کو ساقط کیا منتقیائیل ہوا۔ جب عدد اصلی کو اصلی حروف میں ضرب دیا تو ۴۴ ہو گئے۔ جس سے تقعیائیل ظاہر ہوا اور پھر عدد اصلی کو استنطاق کیا تو اطریائیل ظاہر ہوا۔

حرف ظاء۔ یہ حرف ظلمانی ہے۔ عدد ۹۰۰ اور بسط ۲۵ ہیں۔ ضرب دی تو ۲۲۵ ہو گئے اس کو طرح کیا تو طیائیل ظاہر ہوا۔ اور باطن کے حساب سے عدد مذکور ۹۰۰ تھے جس کو حروف میں ضرب دیا۔ ۸۰۰ ہوئے جس سے صنفیائیل

ظاہر ہوا اور پہلے عدد سے طعکیائیل۔

حرف غین۔ اس کے عدد ۱۰۰۰ اور بسط غ ی ن ی ان دن ہے اس کے کل عدد ۲۲ کو جب ضرب دی تو ۳۰ ہو گئے جس سے دوائیل ظاہر ہوا۔ اور باطن کے حساب سے حروف کو مبادی میں ضرب دی تین ہزار ہو گئے اور افلاطون کے مذہب کے موافق ان کو ناطق کیا تو عقیائیل ہوا۔ اور ہمارے مذہب کے مطابق عجیائیل ہوا۔ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ کہ جس طرح حرف الف سے اسم کافی، پوری مناسب عددی رکھتا ہے اسی طرح ہر حرف کے ساتھ اسماء الٰہیہ میں سے ایک مناسب اسم استخراج کرو اور اس حرف کے ساتھ شامل کرو تو اسم مرکب وہاں اسم اعظم کا کام دے گا۔ ہم نے اپنا حق ادا کر دیا اور اللہ ہی فائدہ اور ہدایت دینے والا ہے۔

فصل۔ بارہ برجوں کی تکسیر

جملہ بروج بارہ ہیں۔ جن میں سے ایک برج حمل ہے۔ اس کے دو طریقوں کو اکثر علماء اور حکماء نے اختیار کیا ہے۔ مثلاً افلاطون وغیرہ نے اس کا بسط۔ ح م ل اور تکسیر ش م ان ی ہ ار ب ع دن ش ل اث دن کی ہے اور عدد کعب ۱۲ کو خود ان کے اندر ضرب دیا تو ۱۴۴ حاصل ہوئے اس کو خارج کیا دعقیائیل ہوا۔ پھر بغیر الف و لام تعریف کے دیکھا تو بغیر اسقاط کے ذکریائیل حاصل ہوا۔

برج ثور۔ بسط ث و ر اور تکسیر ح م س م ای ہ س ت ہ م ات ی ن ہے کل عدد ۱۵۔ اور کعب ان کا ۲۵ ہے باستنطاق کرنے سے ہلتیائیل ہوا یہ طریقہ چند حضرات کا ہے۔ افلاطون نے ال کے ساتھ شمار ہے یعنی الثور۔ ال ث ور جو بسیط اور مرکب ہے اس کا اسم رقمی بسط ہے۔ اور مرکب اسم حرفی۔ ال ف ل ام ث ا و ہے۔ اعداد اس کے ۱۲ اور حروف مرکب اح د ش ل اث دن خ م س دن م ای ہ س ت ہ م ات ی ن ہے کل مجموعہ ۲۳ کو ضرب دیا تو ۶۷۵ ہوئے اساس کو طرح کیا تو غغشائیل ظاہر ہوا۔

برج جوزا۔ بسیط اور مرکب حرفی ش ل اث دن ش م ان دن ار ب ع ہ ش ل اث دن اور کعب اس کا ۴۹ ا ہے اسے جب ناطق کیا تو اقنیائیل ہو گیا۔

برج سرطان۔ بسیط اور مرکب ہے۔ اس کے حروف لبسط ال ف ل ام س ی ن ر اط ا ال ف ن دن ۱۴ حروف ہیں۔ اور انہیں پر عمل ہے اور رقمی کے لبسط عددی ۳۰ حروف ہیں جن کا کعب ۹۰۰ ہے اس کا موکل طنیائیل ہے اس کے منسوبات کی طرف اس کو متوجہ کرنا چاہیئے

برج اسد۔ لبسیط اور مرکب ہے حروف بسط ال ف ل ام س ی ن دال ہیں۔ اور حرفی بسط عددی ۱۱۴ ہے اس کا کل مجموعہ ۴۱ ہے۔ جو استنطاق سے اینائیل بنا ہے۔

برج سنبلہ۔ بسیط اور مرکب ہے حروف لبسط ال ام س ی ن ان ن دن ب ال ام ہیں۔ اور اس کے کل ۲۲ حروف ہیں اور لبسط عددی ۳۳۴ ہے۔ جب استنطاق کیا تو انطیائیل ہو گیا۔

برج میزان۔ بسط اور مرکب ہے۔ اس کے کل حروف ۱۶ ہیں۔ اور انہی پر عمل کیا گیا ہے۔ اور لبسط عددی

اس کا اور کعب ۹۹ ہے۔ اور موکل اس کا صفیائیل ہے۔
برج عقرب۔ بسیط و مرکب ہے۔ کل حروف ۸ ہیں رقمی کا عدد ۲۷ ہے۔ اور کعب ۷۴۷ ہیں اس کا مؤکل ہوائیل ہے
برج قوس۔ کل اعداد ۱۵۔ بسط ۲۰ اور کعب ۱۴۴۱ ہے استنطاق سے ستقیائیل موکل بنا ہے۔
برج جدی۔ بسط عددی ۲۳۰ اور کعب ۱۴۴۱ ہے استنطاق سے قیعائیل اس کا مؤکل ہے۔
برج دلو۔ رقمی مرکب۔ اس کی تکسیر تین قسم پر ہے ال ح د ت ۵ ۲ پس اوّل درجہ سے مؤکل ہیائیل ہوا۔ اور دوسری درجہ سے ال ف ل ا م ت ا کل ۱۳ حروف ہیں۔ استنطاق سے خلبائیل مؤکل بنا ہے۔
برج حوت۔ اس برج کی بھی برج دلو کی طرح کیفیت ہے۔ یہ استنطاقات تیسری درجہ کے پیش نظر تکسیر رقمی کے عدد ۲۶ کعب ۵۴۳ ہے۔ استنطاق سے ہیائیل مؤکل پیدا ہوا۔ اور تیسری درجہ حروف کی کیفیت تھی جو اقوال علماء کے موافق بیان کی گئی۔ ان کے قواعد مختلف ہیں۔ مگر جس طرح بھی تم عمل کرو گے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

کواکب اور ساعات کے مؤکل

یہ سات ستارے بارہ ساعتوں پر گردش کرتے ہیں۔ جس کا بیان ابتداء کتاب میں ہو چکا۔ دنوں میں اتوار کا دن اللہ تعالیٰ نے پہلے پیدا کیا۔ جس کا ستارہ شمس ہے۔ جو سب ستاروں سے بڑا اور ان کا بادشاہ ہے تکسیر اتوار کی یہ ہے۔ ال ف ل ا م ال ف ح ا د ال۔ عدد اس کے ۱۱۱ اور عدد حرفی ۲۰ جن کا استنطاق کفنائیل ہے اور ساعت شمس کی تکسیر ال ف ل ا م ش ی ا ل م ی م س ی ن جس کے کل ۱۵ حروف ہیں اور رقمی ۲۲ ہیں۔ اور ان کا کعب ۹۰۶ ہے۔ جب استنطاق کیا تو طیائیل موکل ظاہر ہوا
پیر کا دن۔ ستارہ اس کا قمر ہے۔ یہ بسیط اور مرکب ہے۔ بسیط۔ ال ف ل ا م ال ف ث ا ن و ن ا ن د ن ہے کل ۱۶ حروف ہیں۔ اور قمر بھی بسیط و مرکب ہے۔ بسیط ال ف ل ا م ق اف م ی م را ہے کل ۱۴ حروف ہیں اور اسی پر عمل ہے۔ حرفی رقم کا مجموعہ ۲۴ حروف ہیں۔ جن کا کعب ۱۳۰۶ ہے استنطاق سے مؤکل دسیائیل ہے یہ بموجب ایک قول کے ہے جس کی مختلف اقوال ہیں۔
منگل کا دن۔ بسط اس کا ۲۲ اور کعب ۴۰۳ ہے۔ جو استنطاق سے لمعیائیل ہے۔ اس کا ستارہ مریخ ہے۔
بدھ کا دن۔ حرف ۲۹ اور کعب ۸۱ ہے استنطاق سے اقسائیل بنا ستارہ اس کا عطارد ہے۔
جمعرات کا دن۔ بسط ۴۷ ہے اور کعب ۸۱ جو استنطاق سے اقسائیل ہوا اسکا ستارہ مشتری ہے۔
جمعہ کا دن۔ اس کا بسط عددی ۴۳ ہے۔ اور کعب ۱۶۰۳ اس کا موکل دحصیائیل ہے۔ اور ستارہ اس کا زہرہ ہے
ہفتہ کا دن۔ اس کا بسط عددی ۲۹ ہے۔ اور کعب ۳۰۳ ہے جو استنطاق سے وکعیائیل ہوا اس کا ستارہ زحل ہے
استنطاق کی مختلف اقسام ہیں۔ مگر ہم نے وہ طریقہ لکھا ہے جو اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر تم چاہو اس کو اصل عدد سے ساقط کرو۔ اور اگر چاہو تو عدد لفظی کو لے کر اساس کو ساقط کرو۔ اور چاہو تو اس طریقہ پر عمل کرو جو ہم نے بیان کیا یہ سب طریقے صحیح ہیں۔ اپنی استعداد سے کام کرو ایک مثال بیان کرتے ہیں اسی پر قیاس کر لو۔ مثلاً کل عدد ۱۱۲ ہیں اس

میں سے اس اصل عدد کو کم کرو۔ یعنی ۱۵ کو تو ۱۰۶ باقی رہے۔ ان کا استنطاق کرو تو اسعیائیل ہوا۔
تکسیر مرکب اور ایک طریقہ اور ہے۔ الف لام عین قاف لام اس کے حروف ۱۵ ہیں جو ان کو ضرب کرنے ۱۱۵ ہو گئے یہ اصل عدد ہیں۔ اس لئے عدد اول استنطاق کیا جس سے حصیائیل مؤکل پیدا ہوا۔
ایک تکسیری ترکیب اور ہے کہ ا ح د ش ل ا ث ی ن س ب ع ی ا ن م ا ن ی ہ ث ل ا ث ی ن ۴ حرف ہیں ان کو انہی میں ضرب دیا تو ۲۱۶ ہوئے جب ان کا استنطاق کیا تو ہناائیل مؤکل نکلا۔ اسی پر تمام اعمال کو قیاس کیا جائے۔

فصل استنطاقِ منازل

کل منازل ۲۸ ہیں جن میں سے پہلی منزل شرطین ہے۔ یہ بسیط بھی ہے۔ اور مرکب بھی بسیط اس طرح ہے ال ش ر ط ی ن۔ اس کا مرکب حرفی الف لام شین را طا یا نون ہے جس کے حروف ہیں۔ اور اسی پر عمل ہے۔ تکسیر ان کی ۲۵ کعب ۶۲۴ ہے جو استنطاق سے ہمیائیل ہے۔
البطین۔ یہ منزل بسیط اور مرکب ہے اس کا رقمی ال ب ط ی ن اور حرفی ال ف ل ا م ب ا ط ا ی ا ن و ن ہے اس حرف ہیں اور اسی پر عمل ہے اور رقمی ر ح د ث ل ا ث ا ن ی ا ن ث س ع ش رہ خ م س د ن ہے۔ جس کے کل ۴۷ حروف کعب ان کا ۲۹۴ ہے۔ جب استنطاق کیا وعمیائیل پیدا ہوا۔
الثریا۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے۔ اس کا بسط اس طرح ال ث ر ی ا۔ اور مرکب ال ف ال ام ث ا ر ا ی ا ال ف ہے جو ۱۵ حروف ہیں اس کا رقمی ا ح د ث ل ا ث د ن خ م س م ا ی ہ م ا ث ی ن ع ش رہ ا ح د ہے جو کل ۲۵ حروف ہیں اور ان کا کعب ۲۲۵ ہے جب استنطاق کیا الرائیل ظاہر ہوا
الدبران۔ یہ منزل بسیط اور مرکب ہے اس کا بسط رقمی ہے ال د ب ر ا ن۔ اور مرکب حرفی ال ف ل ام د ال ب ا ر ا ل ف ن د ن ہے۔ کل ۱۹ حروف ہیں۔ اسی پر عمل ہے۔ اور بسط رقمی ۲۲ حروف ہیں اور جب ناطق کیا تو دلعیائیل ظاہر ہو گیا۔
الھقعہ۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے۔ بسط لفظی ال ہ ق ع ہ اور بسط حرفی ال ف ل ام ہ ا ق ا ف ر ع ی ن ہ ہے جو ۱۵ حروف ہیں۔ اس کا بسیط رقمی ۲۷۳ اور کعب ۴۴۹۹ ہے جب استنطاق کیا تو سکیائیل موکل ظاہر ہوا۔
الھنعہ۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے بسیط ال ہ ن ع ہ اور مرکب ال ف ل ام ہ ا ن د ن ع ی ن ہ ہے۔ جو کل پندرہ حروف ہیں اور حروف رقمی ۳۵ ہیں۔ جب ناطق کیا تو دجیائیل ظاہر ہوا۔
الذراع۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے۔ بسیط الذراع اور مرکب ال ف ل ام ہ ا ن د ن ع ی ن ۷ ا ہے۔
حرفی ۲۸ اور اس کا کعب ۳۶۸ ہے جب ناطق کیا تو مغنیائیل مؤکل بنا۔
النثرۃ بسیط و مرکب ہے۔ بسیط و مرکب الف ا ن د ن ث ا ر ا ۱۵ ہے جس کے پندرہ حروف ہیں بسط حرفی ۲۰ اور کعب ۹۰۰ ہے جب استنطاق کیا تو دقیائیل موکل بنا۔
الاکلیل۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے جس کے حروف ۳۳ اور کعب ۳۱۹ ہے جب استنطاق کیا تو بلعیائیل ظاہر ہوا۔

القلب ۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے اس کے حرف ۳ ۲ کعب ۲۹ اور استنطاق کرنے سے دلعیائیل مؤکل ظاہر ہوا۔
النعائم ۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے حرف ۲۳ اور کعب ۲۰۴ استنطاق سے دمریائیل بنا۔
السعود ۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے ۔ ۱۶ حروف اور کعب ۳۸۱ ہے ناطق کرنے سے حمندیائیل موکل ظاہر ہوا۔
المقدم ۔ یہ منزل بسیط و مرکب ہے۔ حرف ۲۵ کعب ۲۲۵ ناطق کیا تو لعائیل بنا۔
الرشا ۔ یہ منزل بسیط و مرکب بسیط ال رش ا ۔ اور مرکب الف لام شین الف ۔ اس کے ۱۴ حروف ہیں ان کا کعب ۲۵ ہے۔ جب ناطق کیا تو رتقیائیل مؤکل پیدا ہو گیا۔
الذابح ۔ یہ منزل بسیط و مرکب اس کے حروف ۱۲۲ ور کعب ۲۳۶ ہے استنطاق سے لوحائیل مؤکل ظاہر ہوا۔
مندرجہ بالا طریقہ ہے منازل کے استنطاق کا۔ مگر اس میں باریک نکتہ کو سمجھو کہ جب تم عمل کرو تو پہلے عدد کو سے کر اس کے بعض کو ضرب دو اور ناطق کرو اور چاہو تو حروف مرکبہ کو جو غیر مستنطق ہوں نکال کر ناطق بناؤ جب عدد اصلی کو جمع کر کے ناطق بنالو گے تو اساس کے ساقط کرنے کے بعد مطلب پورا ہو گا۔
(تنبیہ ضروری) اگر پہلی ساعت میں عمل کیا۔ تو اس کو لکھ کر ساقط کر دو۔ جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں پھر اسے اصلی عدد سے ملا کر ناطق کرو یہ بھی پہلے بیان ہو چکا ہے کہ جن مظاہر کو افلاطون نے بیان کیا ہے۔ وہ اس کے آلات خافیہ ہیں۔ جن کا نام اس نے موافقت ظاہری کی وجہ سے مثلاً حیوان مال وغیرہ۔
. بسیط اور مرکب ہے ۔ اس کے حروف بسیط ۱۴ ۔ اور رقمی ۲۳ حرف ہیں جب ناطق کر لیا تو طائیل ہو گیا۔
۔ بسیط و مرکب و معلوم ہے حرفی ۴۲ اور کعب ۲۱۶ ہے جب ناطق کر لیا تو دعشائیل ہو گیا۔
بسیط و مرکب ہے یہ بسیط عددی و مرکب حرفی ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔

طریقہ استنطاق اور کسی حیوان کو بلانا | تمام جانوروں میں ایک عنصر قائم ہے۔ کسی حیوان کو بلانا چاہو تو اس حیوان کے نام کا پہلا حرف لو اور جس عنصر کا یہ حرف ہے عنصر اور حروف کی تکسیر کرو پھر مذکرہ بالا طریقے سے حیوان کو بلانے یا دور کرنے کا عمل کرو تو صحیح پاؤ گے

حیوانات ارضی د جیسے درندہ وغیرہ کا مظہر حرف "ب" ہے اور منزلہ حرف ی ہے۔
۔ اور بھیڑیئے کے لئے حرف ی ہے۔ اور سانپ کے لئے حرف ہ ہے۔ اسی طرح تمام دیگر حیوانات کے لئے حروف مقرر ہیں۔
معدن کا مظہر "ب" ہے۔ چاندی کاف اور سونا کا ذ ہے۔ غرضیکہ ہر معدن کے نام کا پہلا حرف لینا چاہیئے اور اس کو کسر و بسط کر کے بعد جس قاعدہ سے چاہو کام میں لاؤ معلوم ہونا چاہیئے کہ انبیاء علیہم السلام نے مثلاً نوح علیہ السلام نے پانی میں۔ ابراہیم علیہ السلام نے آگ میں سلیمان علیہ السلام نے ہوا میں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خاک میں کس کس طرح تصرفات کئے ہیں۔
جانداروں میں سے انسان کے متعلق ہم پہلے بیان کر چکے کہ انسان اٹھائیس حروف میں تصرفات کرتا ہوں علوی۔

سفل تیز چار دو اصابع میں اور یہی دنیا کی صورت ہے۔ جس کو ہیولیٰ بھی کہتے ہیں۔ اگر خواہشات کا پردہ انسان کے قلب سے اٹھ جاتا تو عالم ملکوت ظاہر ہی آنکھ سے دیکھتا حضور اکرم نے فرمایا ہے۔ کہ اگر شیاطین قلب ابن آدم کو گھیرے نہ ہوتے ملکوت آسمان و زمین کو دیکھتا لہٰذا تمام مجبوریوں ہی کی وجہ سے تہذیب اخلاق اور ریاضت کے قواعد رکھے گئے ہیں۔ چنانچہ خود حضور نے غار حرا میں ریاضت فرمائی۔ اور اسی وجہ سے حضور صلعم نے فرمایا ہے۔ جس نے چالیس دن اللہ تعالیٰ کیلئے مخالص کر دیئے اس کے قلب و زبان سے حکمت کی نہریں جاری ہوں گی۔ اور کشف کے دروازے اللہ اس پر کھول دے گا ان دل نشین اصولوں سے کامیابی حاصل کرو۔

جس کی تفصیل یہ ہے کہ طالب اور مطلوب دونوں کے نام کو میزان طبیعی میں (جس کا ذکر آئندہ ہوگا) وزن کرو دونوں باہم معاون ہوں گے یا متضاد ہر حالت میں عمل خیر کا ارادہ ہے۔ تو طالب کا نام مقدم رکھو اور مطلوب کا نام مؤخر۔ تاکہ مطلوب طالب بن جائے بعض کے نزدیک صرف دونوں ناموں کو ملایا جائے۔ غرضیکہ دونوں نام کے حروف اخراج کر کے مربع میں وضع کرو۔ اور اس مربع استنطاق عوام کرو اگر چاہو تو حروف کو ملا کر تین تین یا چار چار کلمے بنا لو۔ اور چاہو تو حروف کو وضع کرو اور زمام نکالو۔ اور پھر حروف کو چن کر کلمے بناؤ اور پھر استنطاق کرو اور ہر پانچ حروف پر لفظ ایل کا اضافہ کرتے رہو لفظ ایل سریانی ہے۔ جس کے معنے جلالت نیز ال اور ایل دونوں ہم معنی ہیں۔ بعض استنطاقات افلاطون کے طریقہ کے موافق ہیں۔ جن کو بیان کر چکے ہیں۔ شلاً حرف یا لفظ ایل پر اضافہ کرنے سے یا ایل بن گیا۔ جو علوی مؤکل ہے اسی مثال پر اوروں کو قیاس کر لینا چاہیئے۔

پہلے طالع اور ساعت سعید اور دن کے حروف جمع کر کے ان کو ترتیب شافی دو جس کا طریقہ کعب یہ ہے کہ حروف کو بسط کرو پھر ان کے عدد نکالو اور ضرب دو جو ضرب سے خارج ہو وہی کعب ہے۔ مگر اس میں علماء کے مختلف قول ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ عدد کے حرف بناؤ۔ اور لفظ اس کے آخر میں اضافہ کرو۔ تو مؤکل تمہارے پاس حاضر جائے گا۔ یاد رہے۔ عالم غیب میں ایسا۔ کوئی بھی اسم ظاہر نہیں۔ جس کا عالم شہادت میں جسم نہ ہو مؤلف جب کوئی اسم تالیف کرتا یا نظم کرتا یا لکھا تو فوراً اس کا مؤکل اسم کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس راز کو خوب سمجھ لو۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ جب فاضل چار سو ہوں جس کا حرف ت ہے اس کے ساتھ لفظ ایل اضافہ کرو وہ مؤکل ظاہر ہوگا۔

یہ قواعد کلیہ ہیں کہ جب تمہارے پاس بہت سے حروف ظاہر ہوں۔ تو اوّلاً حروف مراتب کو مقدم کرو۔ اور جمہور کا قول ہے کہ پہلے حروف احاد کو لو پھر حروف عشرات کو پھر سو کو پھر ہزار کو اور اگر ہزار مکرر رہوں تو امام کے قاعدہ کو لو جس کے معلوم کرنے کے لئے چاہیے سفر کئے جائیں۔ افلاطون نے تفصیل سے لکھی ہیں۔ لیکن استنطاق کو حرف الف میں پوشیدہ کر دیا اور دیگر علماء نے اس کی تشریح کی ہے ہم نے بھی اس کو کھول کر بیان کیا ہے۔ اگر تمہارے پاس حروف ہزار مکرر ہوں تو جس قدر حروف نے تکرار کی ان کو عدد ہزار کے حروف پر بسط کرو شلاً جب ستر ہزار مکرر رہوں یعنی ستر م جمع ہوں تو پہلے م (علامت سینکڑہ) پھر نون (علامت ہزار لکھ کر لفظ ایل اضافہ کرو۔ شلاً اگر تمہارے پاس نو ہزار چھ سو کا دن جمع ہیں تو پہلے ظ لکھو پھر ع جس کی صورت اغظلیائیل ہوگی اور اگر ہزار اس قدر مکرر رہوں کہ مرتبہ احاد مرتبہ عشرات میں پہنچ جائے تو ایک غین اور اضافہ

کرد اور آس کے آگے چھ مکسر لیشر طیکہ وہ حرف اس عدد کے منافی ہو۔ مثلاً ہمارے پاس تین ہزار نو سو نوے جمع ہوئے تو تو اس طرح استنطاق کیا جو حیکائیل بن جائے۔ یہ قاعدہ بہت عظیم ہے۔ یعنی بہت سے حروف کا دو تین حروف پر تقسیم کرنا مثلاً جب خارج بہتر ہزار پانچسو ستر ہوں تو ع اور ص، ملکہ کر پھر غین لکھو اور پھر بعد میں باقی اعداد لکھو اس طرح بضعھیائیل بن جائے گا۔ اسی طرح تمام اعداد سے سب کا کر سکتے ہو یہ قاعدہ نہایت نادر الوجود ہے۔ ہم نے اس کتاب میں خاص طور سے ذکر کیا ہے۔ تاکہ اس کا شرف زیادہ ہو جائے۔

مصنف کتاب کی جستجو و کامیابی

یہ علم نہایت شریف ہے۔ تمام اولیاء یکے بعد دیگرے حضرت علیؓ سے اس کے وارث ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو اس علم کی تعریف بتائی ہے۔ بہت سے علماء نے اس علم کو پوشیدہ رکھا بعض نے ظاہر بھی کیا ہے۔ یہ علم فاسق کے حق میں تو استدراج اور اولیاء کے حق میں کرامت ہے۔ مگر اس کی تعریف کا کمال مستحقوں کو نصیب ہوتا ہے۔ فلسفیوں اور حکماء نے اپنے علوم کو پوشیدہ کر کے ان مسائل کو پیچیدہ و غریب بنا لیا ہے۔ جیسے یونانی وغیرہ مگر اہل تاریخ کو یہ سب وطن میں ملا ہے۔ ان علوم کو حاصل کرنے کے لئے میں نے تمام دنیا کا سفر کیا۔ اس کے عجائبات کا نظارہ کیا بربات انجیم اور اہرام کبیرہ و صغیرہ کو دیکھا اور ان کے اندر گیا میں نے ہرم کبیر میں چینیس خزانے دیکھے۔ جن کو اہل یونان نے طوفان سے قبل وہاں رکھا تھا میں نے ان کے طلسموں کو کھول کر ان کے اندر سے ایک کتاب نکالی جس میں سیمیا و کیمیا کا حال تھا۔ اس کے مضامین جیسا کہ میں نے ایک رسالہ ان علوم پر لکھا۔ اور ہر مسئلہ کے اول میں کیمیا کی نشانی (ک) لکھا تاکہ معلوم ہو کہ کیمیا کا یہ عمل یونان سے لیا گیا ہے۔ آٹھویں اور نویں صدی بلکہ ان کے بعد کے لوگ ان علوم کا انکار کریں گے کہ وہ ایسے عالم کہاں ہیں طالب کو چاہیے کہ ایسے مرشد کی تلاش کرے جو ان علوم کا راستہ سکھائے کوشش شرط ہے اللہ تعالیٰ نے ان علوم پر ملائکہ مقرر کئے ہیں۔ علماء نے جو ان علوم میں کتابیں تصنیف و تالیف کی ہیں۔ وہ بے کار نہیں اور اس علم کی فضیلت و حقیقت اطاعت و ریاضت و تلاوت اور اکل حلال خلوص نیت منکشف و معلوم ہو سکتی ہے۔

لفظ ایل کے زیادہ کرنے میں مختلف اقوال ہیں۔ مگر ہم ان سب سے بلند و بالا اس کی اصلی حکمت ذکر کرتے ہیں جو یہ ہے کہ اس لفظ میں ایک الف دو یا اور ایک لام جملہ چار حروف ہیں۔ جن کے عدد ۵۱ ہیں اور اس کے یہی عدد اصل اعداد سے ساقط ہوتے ہیں۔ جب اس صورت سے اضافہ کیا گیا تو گویا کعب پورا ہوا اور خادم اس اسم کا تمہارے سامنے حاضر ہو گیا۔

اور معلوم ہو کہ حرف تین طبائع کے ہیں۔ الف ناری خاکی اور لام آبی۔ یا اس لئے مکرر ہے۔ کہ الف مرتبہ ہے۔ اور یا دقیقہ۔ جب دو مرتبہ یا کو مقرر کیا تو بمنزلہ مرتبہ کے ہو گئی۔ بعض مؤلفین نے غلط سے کتابوں میں ان مضامین کی تصحیف کی۔ اور بعض علماء انہیں غلطیوں میں مبتلا ہو کر اور ان کی تقلید کر کے گمراہ ہو گئے۔ حالانکہ کاتبوں کی غلطی پر بھروسہ نہ کرنا چاہیئے یاد رہے حروف الف دیا و لام کا ہر کعب مستخرجہ میں اضافہ ضروری ہے۔

واضح رہے کہ ہر علوی کی ایک خلوت سفلی ہوتی ہے۔ جس کا قاعدہ یہ ہے کہ جب تم کسی عمل کا استخراج کرنا چاہو تو زمام کو دیکھو اور حرف غالبہ کو الگ کر کے علاوہ ازیں باقی حروف سفل کو جمع کرو تین حرف ناری میں اضافہ کرو وہ حرف یہ ہیں۔ طبش۔ پھر مؤکل علوی کے ساتھ سفلی کو مستخرج کرو اور سفلی مستخرجہ کے ساتھ سفلی صاحب الیوم والساعۃ یہی اصلی قانون ہے اور اسی پر

ہر عمل میں بھروسہ کیا گیا ہے۔ اگر تمہارے پاس سات یا پانچ یا تین حروف باقی رہیں۔ لفظ طیش ان کے آخر میں بڑھاؤ جیسے الصعیطش دونوں قاعدے یعنی لفظ طیش اور ایل کے ہم نے تفصیل سے بیان کر دیئے۔ ایل میں چار حروف ہیں۔ الف دو یا اور لام۔ اور طیش میں یہ تین حرف ہیں۔ ط ی ش اور عدد ۳۱۹ ہیں۔ یہ قاعدہ ماخذ ہیولیٰ ہندسی کی دلیل سے لیا گیا ہے جو صحیح اور مجرب ہے۔ ساعتوں کی مقدار رات دن کے حساب۔ یعنی آسمان کے ۳۶۰ درجے ہیں۔ ان کو درجہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بارہ برجوں پر تیس تیس کے حساب سے ان کی تقسیم ہے۔ علماء نے اس کو قرآن حکیم سے اخذ کیا ہے۔ چنانچہ فرماتا ہے رفیع الدرجات یعنی درجات رفیع ۳۶۰ ہیں۔ جب ہم دونوں اساس کو جمع کریں تو ۳۶۰ ہوئے کیوں اس علم کو آسمان سے خاص تعلق ہے اور ہم نے مؤکل علوی کے نام میں حرف ایل زیادہ کیا تو یہ وہی ہوگا۔ جو ہم نے اس کے عدد ۴۰۶ سے کم کیا تھا۔ ۵۱ کم کئے۔ ۳۶۰ باقی رہے۔ پہلی پر دوسری اساس زیادہ کرنا چاہئے۔ اسی طرح علوی میں لفظ یال جس کے عدد ۴۱ ہیں زیادہ کیا اور جو کچھ کم ہوا تھا اس کو بھی زیادہ کیا۔ واضح رہے یہ وہ قاعدے ہیں۔ جن پر عمل ہے اور جو صحیح و مجرب ہے اگر طالب تقلید میں مقید ہونا چاہے تو چاہئے کہ جفر جافیہ پر عمل کرے اور اگر اجتہاد کے مدارج اعلیٰ پر پہنچنا چاہے تو جس قانون پر چاہے عمل کرے اور اگر کوئی ایسا عدد برآمد ہو جس کو تقسیم کرنا چاہو اور اسے مواقع موافق کے مرتب کرنے میں اکثر پیش آتے ہیں۔ مثلاً اگر ۱۰۰ برآمد ہوئے جس کا حرف قاف ہے تو اس حرف کو تین حرفوں پر تقسیم کرنا ہے۔ تو بغیر اسقاط اس کو زیادہ کر لو۔ اسی طرح جب ۳۰۰ کے عدد برآمد ہوں جن کا حرف شین ہے جو سفلی میں ہوں یا علوی میں ہوں تو اس کو پانچ پر تقسیم کرو۔ اس سے زیادہ ہم بیان نہیں کر سکتے کیونکہ زیادہ عدد کے حروف میں یہی کیا جاتا ہے۔ جیسے ذال اور ظا اور غ حرف ذال کے ۷۰۰ عدد ہیں۔ جب اس کو استنطاق علوی کیلئے چار یا پانچ یا سات پر تقسیم کریں تو استنطاق چار حرف کا اس طرح ہوگا۔ قضبائیل۔ اور اگر سات پر تقسیم کی تو مضبائیل ہوا۔ اسی طرح باقی کو قیاس کرو۔ اعمال کیلئے اسماء الٰہی اخذ کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ کہ عدد اصلی مستخرج علی النطق جو اسماء الٰہی اخذ کرنے کے اسم کے موافق ہو وہی اسم لینا چاہئے اور یہی اسم اس عمل کے حق میں اسم اعظم کہلاتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ مؤکل کے نام میں سے پہلا حرف لو اور دیکھو۔ کہ اسماء الٰہی میں سے کس اسم کے اوّل میں یہ حرف ہے وہی اسم لے کر عمل کرو مثلاً مؤکل کے نام میں پہلا حرف الف ہے اور اسمائے الٰہی میں سے یہ اسم اللہ کا پہلا حرف ہے لہٰذا اسم اللہ لیا یا اگر پہلا حرف یا ہے تو اسم یحیی لیا یا اگر لام ہے تو اسم لطیف لیا۔ اسی طرح عمل پورا کیا جائے۔

یاد رہے ہر حرف کے عالم ہیں جن پر اس شخص کے سوا جس کا اللہ نے حصہ مقرر کر دیا ہے کوئی دوسرا مطلع نہیں ہو سکتا۔ جب عوالم تم پر منکشف ہو جائیں تو جس وقت حروف کو جمع کر کے اساس کا اضافہ کرو گے تو فوراً مؤکل تمہارے سامنے آموجود ہوگا اور تمہاری ہر ضرورت پوری کرے گا اور تا قیامت تمہارے دعا و استغفار کرتا رہے گا۔

مطلوب حاصل کرنے کا عمل! مطلوب کے نام کے عدد لے کر دیکھو کہ کس اسم الٰہی کے موافق ہیں۔ جب اسم نکل آئے تو نام کا مؤکل بنا کر لفظ ایل اس کے آخر میں بڑھاؤ اور اسم الٰہی کے ساتھ مؤکل کو مطلوب کی حاضری کا حکم دو تو مطلوب حاضر ہوگا۔ مثلاً مطلوب ہے محمد عدد اس کے ۹۲ جسے موافق اسم الٰہی باسط اور ودود ہیں۔ بس اس کے حروف اسم الٰہی مطلوب کا مؤکل بنایا جو کعبائیل ہوا جب محمد سے کوئی حاجت ہو یا اس کی تسخیر چاہو تو ان دونوں اسماء باسط اور ودود کے

ساتھ مؤکل کو متوجہ کرو تو مطلب حاصل ہوگا میں نے پوشیدہ ترین راز کو ظاہر کر دیا بشرطیکہ اس کی قدر کرو۔

ایک طریقہ اور ہے کہ عون کے اسم کا کعب نکالو اور تکسیر سے جو اسم استخراج ہوتا ہے اُس کو بھی پڑھو۔ پھر عون کو کام پر مقرر کرو تو وہ فوراً حاضر ہو کر حکم بجا لائے یہ طریقہ حکماء قدیم کا ہے۔

اوفاق کے استنطاق کی صورت یہ ہے کہ وفق کو شمار کرو اور اُس کے اضلاع اور مساحت کا استنطاق کرو اور لفظ ایل اُس کے آخر میں اضافہ کر کے ایام پر تقسیم کردو۔

ایک عظیم قاعدہ عون مستخرج کا مؤکل لوگ پر مقرر کرنا جب وفق کی مساحت معلوم کرنا ہو تو اُس کی مساحت میں سے ۷۷ ساقط کردو اگر ایک باقی رہا تو جانو کہ وہ مذہب ہے اور اسی عمل پر کرو۔ علویہ کو استخراج کر کے اس پر مقرر کرو۔ جس کا دن اتوار ہے اور اگر دو باقی رہے ہے تو حارث ہے جیسے اگ لکھ لو اور پیر کے دن عمل کرو اور چار باقی بچے تو برقان ہے۔ اسی طرح باقی ایام جب یہ معلوم ہو جائے تو پھر جو چاہو کام لو نیز اس طرح مفتاح کا استنطاق کرو اور اُس کے گھوڑے اور عدد اور قطب اور چاروں اوتاد کو ثابت کرتے ہوئے ان آٹھوں کو ناطق کرو اور اگر وفق مثلث ہے تو وسط کو اور مساحت کو ناطق کردو۔ اگر مربع ہے تو مفتاح و اوتاد و مساحت کو ناطق کرو پھر مسبع میں اوتاد و وسط و قلب کو ناطق کر کے تعریف کا عمل کرو۔ یہی قاعدہ تمام اوفاق کا ہے یاد رکھو جتنے زیادہ عالم ناطق ہوں گے۔ اتنی ہی قدر ہو گی۔ اسی طرح اگر وفق کی سطر اوّل کے حروف کو نظم کر کے تین یا چار حروف کے بعد لفظ ایل بڑھا دو تو مؤکل تیار ہوں گے۔ اسی طرح سطر اسفل کو جمع کر کے تین چار یا پانچ حروف کے بعد لفظ طیش اضافہ کرو تو مؤکل سفلی تیار ملیں گے طول وعرض سے عون کے اسماء استخراج کرتا رہا ہو اللہ تعالیٰ ہی مدد کرنے والا ہے۔

فصل وقت کا طالع معلوم کرنا

وقت کا طالع معلوم کرنے کے لئے وفق کے اعداد کو ۱۲ پر تقسیم کرو اگر ایک باقی بچے تو برج حمل ہے۔ اور دو باقی بچیں تو ثور ہے اگر ساعت کا استخراج کرنا چاہو تو ۷ پر تقسیم کر کے ستارہ معلوم کرو۔ جو ستارہ ہو اسی ساعت پر عمل کرو۔ اگر منازل معلوم کرنا ہوں تو ۲۸ پر تقسیم کرو جس منزل پر عدد ختم ہوں اسی منزل میں عمل شروع کرو۔

اگر طبائع معلوم کرنا ہوں تو اوّلاً حروف کو وزن کر کے دیکھو کہ اُن میں کون سے حرف غالب ہیں اور کس درجہ اور مرتبہ کے ہیں جس عنصر کے حروف غالب ہوں اسی پر حکم کرو۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ اصل عمل میں کعب لینے وقت سب عدد کو ۴ پر تقسیم کرو۔ اگر ایک باقی بچے تو ناری ہے۔ اگر دو رہیں تو ہوائی اگر تین باقی رہیں تو آبی اور اگر چار باقی بچیں تو خاکی ہے۔ یہ نہایت آسان طریقہ ہے۔ طالع و کواکب اور ایام وغیرہ پہلے لکھے جا چکے ہیں۔ اس مضمون سے متعلق یہ میری آخری تحریر ہے۔

فصل بخورات معلوم کرنا

یہ بیان بہت ضروری اور عظیم ہے جس کی ترکیب یہ ہے کہ عدد طالع کو دو پر تقسیم کرو۔ اگر ایک باقی بچے تو اُس کا

بخور[1] حیوانات ہیں۔ اگر دو باقی رہے تو معدنیات ہیں اگر تین باقی رہیں تو نبات بخور کا مزاج معلوم کرنا ہو تو دنوں کے چار دل اوتاد جمع کر کے چار پر تقسیم کرو اگر ایک باقی بچے تو آتش اگر دو بچے تو ہوا۔ اگر تین باقی رہے تو پانی ہے۔ اگر چار باقی رہے تو خاک ہے، بخور کے نام اور دن کا تعلق ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ جس دن عمل کرنا ہو اس کے مطابق بخور جلاؤ۔

دو طریقے اور ہیں اوّل یہ کہ مساحت دفق معلوم کر کے خانہ عدد میں اگر عدد زیادہ ہیں تو ۲۸ پر تقسیم باقی کو حروف بنا کر حروف کے بخور روشن کرو۔ اس قاعدہ کلیہ کو ہر شخص بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ دوم یہ ہے کہ رفق کی مساحت کر کے حروف بناؤ اور دیکھو کتنے حروف بنتے ہیں اگر ف ہے تو فلفل اور ع ہے تو عنبر یا عرعر ہے۔ اسی پر باقی کو قیاس کرو۔

فصل موازین کی کیفیات

اس علم میں میزان کی کیفیت کے حالات معلوم کرنا ضروری ہیں۔ جب عمل کرنا ہو تو پہلے اس کے حروف کی تکسیر کر کے سب کو جمع کرو۔ جس میں حروف مراتب دیکھو۔ کیونکہ ہر حرف کا مرتبہ ہے۔ وہ درجہ کے چھ حرف کے مساوی ہے اور بارہ حروف دقیقہ برابر ہے۔ ایک حرف مرتبہ کے اسی طرح کل حروف کی میزان معلوم کرو میزان کی مثال یہ ہے۔

میزان اعظم جس میں تمام اسرار ہیں اور جس سے حجتیں اور براہین قائم ہیں

پہلی میزان کا نام میزان المصادقہ ہے جس سے ان حروف مصادقہ کا مزاج معلوم ہوتا ہے عمل کے وقت اس کی ضرورت و درجے ہوتی ہے۔ نیز حروف متضاد کا حال معلوم ہوتا ہے جن کی اعمال تسخیر میں بے حد ضرورت ہے اور دوسری میزان سے حروف متقابلہ کی نسبتیں و درجے وغیرہ کا حساب معلوم ہوتا ہے۔ تیسری میزان کبیر ہے

[1] بخور بمعنی دھونی۔ یعنی کس چیز کی دھونی دی جائے، نقش کی حد تک یہ بہت ضروری ہے۔

جس کے خواص اور فوائد بے شمار ہیں۔ میزان اعشاب وحیوان و معادن اس سے معلوم ہوتے ہیں اکسیر کا ڈالنا بھی اسی سے معلوم ہوتا ہے۔ اس کی تحقیق کرنے والا بھی اس کی قدر جانتا ہے۔ کیمیا کے بیان میں بھی اس کا ذکر ہوگا۔ جہاں اس کو بخوبی معلوم کرلینا اس کی ایک خاصیت یہ ہے کہ جس معدن پر اس کو لکھو گے عظیم امر پیدا ہوگا۔ جو اصلاح و فساد اور خیر و شر کے لئے بے حد فائدہ مند ہے۔

فصل ۳۵ علم جفر اور خافیہ حرفیہ کے قواعد

یہ علم بہ سند صحیح حضرت امام جعفر صادق اور حضرت علیؓ سے منقول ہے۔ حضرت علیؓ سے قبل حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام و حضرت آصف بن برخیا کے پاس تھا۔ جن کی شان میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَہٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اور اُن سے پہلے صحف آدم میں موجود رہا۔ مقصد اس علم کا رسوم اہل لغت کا جاننا ہے۔ جس سے یہ حروف مراد ہیں اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ی۔ یہ سب تیئیس حروف ہیں۔ جن میں ۲۸ حروف عربی اور چار مدغم ہیں جو تلفظ میں ثقیل ہیں۔ اور وہ چاروں یہ ہیں گ ژ چ پ۔ ان حروف تکسیر صحف آدم سے ثابت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّھَا سے تکتمون تک اس میں اسی علم کی طرف اشارہ ہے اور یہ حروف قلم سے لوح محفوظ میں تحریر ہوئے ہیں عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ جن سے مراد ہے کہ دلی مطلب کی بات زبان سے بذریعہ حروف ظاہر کرنا اللہ تعالیٰ نے سکھایا ہے جیسے انسان اپنے ہاتھ سے حروف کے ذریعہ لکھتا ہے جو نطق پر دلالت کرتے ہیں اور مختلف معنی ان سے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ علم سب سے پہلے حضرت آدم کو تعلیم ہوا پھر ان کی اولاد میں سے سب انبیاء مرسلین علیہم السلام کو ملا جن کی کتابوں میں اس کا ذکر ہے۔

عمل سے پہلے اللہ کا نام لو جب عمل کرنا ہو تو پہلے اسم اللہ کو لو۔ اور اس کی زمین سے راہ نکالو۔ اور سب سے اوّل باب کبیر شروع کرو جس کے حروف تالیف اور لغات و درجات کا ان کے مواضع سے استخراج کرو جس سے صدور مؤخر پیدا ہوں گے ان مؤخرات مقلوبہ کو صدور درست سے بدل کر موافق کلام فامیطوش کے استخراج کرو تو صدور مؤخرات سے اعداد سال کے موافق رات دن کی ساعتیں بنے گی۔ ایک دن رات میں چوبیس ساعتیں ہوتی ہیں۔ باب تکسیر میں باب اٹھائیس دراصل اسم ہوتا ہے جس میں چوبیس حروف اعداد منازل کے موافق ہیں۔ اسماء کے کل حروف رسوم یہ ہیں۔ اب ت ث آخر تک گویا ہر منزل دراصل ایک اسم ہے۔ پھر ان منازل کو بارہ سہم پر تقسیم کرو اور سہم سے مطلب ہر برج ہیں سورج کا تیس دن توقف ہے کل برج بارہ میں سب سے پہلا برج حمل ہے اور یہی اوّل زمان اور اوّل الواب سہام میں سے ہے۔ پھر ثور پھر جوزا وغیرہ ہیں آخر تک۔

جب کہ یہ عمل کرنا ہو تو برج میں عمل کرو۔ وقت و ساعت، یوم اور منزل معلوم کرلو پھر اس سہم کو منازل اور حروف کے اعتبار سے لو جس میں تم ہو۔ اس سہم کے اندر رہو اور اس کی حد سے تجاوز نہ کرنا تاکہ تمہارا عمل خراب نہ ہو۔ صاحب حاجت یا طالب و مطلوب اور دونوں کی ماں کا نام پوچھ کر ان کو ازمہ ابواب کلام کے ابتدائی درجوں پر پیش کرو اور اس مقدار کے موافق جو اس سہم میں ہو جس میں تم ہو۔ تو اس سہم سے تم تجاوز نہ کرنا۔ طالب کا نام مطلوب کے نام سے اعلیٰ ہو تو بہتر۔ اور اگر اسم مطلوب اسم طالب سے ازمۂ باب میں اعلیٰ ہو تو اسم مطلوب کا حصہ اس میں بدل دو۔ یعنی اس کے اوّل کو آخر اور آخر کو اوّل کرو۔ پھر حصۂ اسم طالب کو حروف دعوت سے تکسیر کرو۔ اس طرح کہ تالیف مخرج بالکل ہو پھر اس باب کی زمام اس طرح نکالو کہ ابتدائی اوّل حرف جو جو حروف بچا ہوگا

وہی اسم مطلوب ہے پھر ہر سطر کو مفرد کر کے علیحدہ لکھو پھر اس میں سے اول اسماء الٰہی نکالو۔ بعد ازاں حروف دعوت نکالو پھر ان میں سے اسماء ملائکہ استخراج کرو اور اسماء اعوان بھی نکالو یاد رہے یہ تکسیر ہر باب میں مصوبہ ہو یا مقلوبہ بہرحال برابر ہونا چاہیئے۔ اپنے عمل میں ہرگز حصہ مطلوب کے اعوان کا ذکر نہ کرنا جب ان دونوں کے درمیان ازمہ یا باب کے حصول کے ساتھ ایام و ساعات و اوقات اور منازل میں کوئی فرق نہ ہونے پائے۔ اس ترکیب سے اپنی حاجت پر اعوان مقرر کرو اور اسماء الٰہی کے ساتھ ملائکہ کو قسم دو۔

باب سے مراد اعوان کو پکارنا یعنی عزیمت بنانا چاہیئے۔ اس طرح کہ طالب اور مطلوب کے نام مع تالیف حروف موضع حق میں ہوں اور حصہ و اول سہم اس سے بالکل ٹھیک استخراج کرو۔ چاہے مصوب ہو یا مقلوب، مقدم ہو یا مؤخر مردود ہو تقدیم یا تاخیر سے یا مصوب در دود ہو۔ اگر اسم موصوبہ ہے جس میں تقدیم و تاخیر اور مردود و مقلوب نہ ہو جیسے اسم علی جو مصوب ہے اور رباب حساب کی طرف نہیں لوٹتا مع کسا اٹھارہ ل کے تینتیس ی کے دس ہیں۔ یہ اسم مصوب ہے۔ باب کلام میں رجوع نہیں کرتا ہے اور اگر اسم میں تقدیم و تاخیر ہو جیسے داؤد یا تاخیر و تقدیم ہو جیسے یعقوب ہے۔ اگر مردود کے ساتھ تاخیر بھی ہو جیسے داؤد ہے اسم مرتب بتقدیم اور مصوب مردود و بردت ہو جیسے احمد و جعفر۔ اور اگر مقلوب ہو جیسے ملک تو ہر حروف کو اس کے حق تالیف حروف ابتدا وازمہ الواب کلام سے لو عام اُن سے کہ سہم اس کا مصوب ہو یا مقلوب ہو۔ یعنی اسم طالب اگر اسم احمد سے باب کی طرف سے متعلق ہو تو اس کا استخراج کرو اور یہی جانتا ہے بشرطیکہ از ابتدا خارج نہ ہو۔

جعفر بن محمد مروی مولی عیسیٰ بن موسیٰ ہاشمی جو استاد تھے حسن ابو علی سراج ہمدانی کے انہوں نے فرمایا ہے۔ پہلے طالب و مطلوب اور ان کی ماں کا نام معلوم کرو۔ اور اگر ان میں سے ایک کا نام معلوم نہ ہو تو اسم طالب اور مطلوب کا حصہ اور اُن کی ماں کے ناموں کو برد تہ کرو پھر دو سطریں اسی باب سے نکالو جس میں ہر سطر زمام ہوگی ایک میں طالب ضرورت کا نام اور دوسری میں اُس کی ماں کا نام ہرن کی کی جبلی پر لکھو۔ پھر دونوں کے آخری حصہ میں اسم لکھو نیز دو سطریں اور استخراج کرو جن کا ئیں پہلا حرف۔ اور اسم طالب کا پہلا حرف لو۔ اس کے بعد اسماء و اعوان و قسم اور عزیمت لکھو۔ یہ تکسیر مخرج باب طالب و مطلوب ہے اور یہ عزیمت پڑھو یہ ہے

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَلَائِكَةَ رَبِّ الْعِزَّةِ اَجِيْبُوْا فُلَانَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَمَا تَلَوْتُ اَدْعُوْا اِلٰى هٰؤُلَاءِ الْاَعْوَانِ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ اَلْوَحَا الْعَجَلَ السَّاعَةَ بِالَّذِيْ اَوْجَبَ عَلَيْكُمُ الطَّاعَةَ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ رَبِّكُمْ وَبِمَا اُقْسِمُ عَلٰى هٰؤُلَاءِ الْاَعْوَانِ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ۔ اَجِيْبُوْا يَا مَعْشَرَ الْاَعْوَانِ بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اِلَّا يُسَلِّطُ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَلَائِكَةَ الْعَذَابِ بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَلْوَحَا الْعَجَلَ السَّاعَةَ بِالَّذِيْ اَوْجَبَ عَلَيْكُمُ الطَّاعَةَ بِعِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ رَحْمَةِ اللّٰهِ انشاء اللہ اس کی برکت سے جو چاہو گے وہ حاصل ہوگا۔

فصل کلام کے ابواب کے متعلق عافی طورش کی رائے

بیان باب کبیر اتنیس درجات مصوبہ میں سے اسم ایک قائم درجہ کبیر ہے۔ جو مؤخرات مقلوبہ مع حروف اس سے خارج ہے اور یہی ان کی تکسیر ہے۔ اس کا اول و آخر درجہ یہ درجہ اور حرف یہ حرف سے اور اسم بہ اسم مخرج باب تک لکھا گیا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو دوستو غلطی کرنے سے بچو اس باب کبیر میں اولاً باب کلام سے اور آخری حرف وہی " تک بیان ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ تکسیر کرو۔ آخر کو اول پر تو

اوّل حرف ی ملے گا۔ پھر حرف ص ملے گا۔ اور جب آخر کو اوّل پر تکسیر کرو گے تو درجہ بدرجہ مخرج اسم تک رسائی ہوگی۔ دوسری سطر میں پہلا حرف ص اور سب سے آخر میں حرف ک ملے گا۔ پھر ان کی تکسیر کرو۔ آخر سے اوّل تک بشمول اٹھائیس اسماء تک تو تمہارے لئے باب نکل آئے گا۔ یہ باب کبیر سے صدور رباب اوّل تک عمل کرو گے تو اوّل میں اس کے ی اور آخر میں حرف ب پاؤ گے اور صدور کو اٹھائیس اسم پاؤ گے۔ زمام باب کلام انتیس اسموں سے شروع کرو اور مؤخرات میں بھی یہی عمل کرو۔ والسلام۔

باب کبیر سے صدر رباب ثانی حرف ح ہے۔ اس کے ساتھ ہی ازمہ درج ازمہ کو حاشیہ ثانی سے حل کرو۔ جس کے یہ اٹھائیس درجے ہیں۔ اوّل ان ح اور آخر ب ہے۔ ان میں حروف زیادہ کرو۔ جو ان سے نکلے ہیں۔ اور اُن کو مضاف الیہ قرار دو جو حرف الف ہے یعنی زمام کے انتیس حروف ہوئے۔ پھر آخر کو اوّل پر درجہ بہ درجہ حسب تالیف تکسیر صدور عون اوّل کے تکسیر کرو۔ جس سے یکے بعد دیگرے ۲۸ اسم ظاہر ہونگے۔ جو دونوں حروف صدور رباب کبیر سے ہیں۔ ان کے اوّل میں الف اور آخر میں ص پاؤ گے اور زمام اپنے صدور کی طرف رجوع کرے گی۔ ان کل ۲۹ اسموں میں صدور رباب ثانی کے تحت بہت تکسیر ہوتی ہے۔ آخر الواب میں ازمہ کے ولاپر عزیمت بناؤ نیز اسماء الٰہی اور اسماء ملائکہ کے اعوان طلب کرنے کے لئے عزیمت بناؤ جو تکسیر موخرات صدور رباب کبیر کی ترکیب سے بہ آسانی بنتی ہے۔ زمام کو پلٹ دو تو اوّل آخر بن جاتا ہے۔ یہ قاعدے اچھی طرح ازبر کرلو۔

اوّل حرف ابتدا میں الف تھا۔ اور آخر میں ی تھا۔ لیکن اب اوّل حرف ی ہو اور آخری حرف الف قرار پایا یعنی باب کلام اوّل کی زمام مقلوب ہوئی اور بصورت آخر کو اوّل پر درجہ بہ درجہ حسب تالیف تکسیر کرو تو یکے بعد دیگرے ۲۸ اسم پیدا ہوں گے اور یہ طریقہ صدور مؤخر باب اوّل باب کبیر ہے۔ اس کا اوّل الف اور آخر اس کا لا اور زمام باب کلام ان کی ۲۹۰ درجوں کی طرف راجع ہوگی جس میں اوّل لا اور آخری حرف ی ہوگا یعنی حرف ی پیدا ہوگا۔ جو خارج ہوا ہے اور اسی کی طرف مضاف ہے۔ زمام کے ۲۹ درجہ ہوں گے۔ آخر کو اوّل پر درجہ بدرجہ تکسیر تو اس باب سے اسم یکے بعد دیگرے ایک ہی نسق میں نمودار ہونگے جو مؤخرات ثانی باب کبیر کے ہیں ان کے اوّل میں حرف ی اور آخر میں حرف ص ملیں گے۔ پھر جو کچھ ابواب سے خارج ہوا ہے وہ ازمہ ابواب ہیں۔ اور جب یہ ابواب درست ہوگیا تو اسی طرح سے اس کا اخراج بھی ہوگا۔ جو صدور و مؤخرات سے مصوبہ اور مقلوبہ حسب تالیف موافق کلام فیطورش جہانتک ممکن ہو موافق اعداد ساعات روز و شب تمام سال کی تکسیر کرو اور ازمہ کو دوسری جگہ لکھ کر مؤخرات سے صدور کو الگ کرو۔

فیطورش کے کلام کے موافق تعریف باب صغیر اس طرح ہے کہ اسم قائم کے ۲۷ درجے ہیں۔ صدور و مؤخرات کو جمع کیا تو ۳۲ درجے ہو گئے زمام ان کی ہر زمام میں سے ۲۲ درجہ ہے۔ جو صدر اوّل باب صغیر ہے۔ اس میں پہلا درجہ الف کا اور آخر ب کا لہٰذا آخر کو اوّل پر تکسیر کرو۔ درجہ بہ درجہ تو زمام حاصل ہوگی۔ اوّل ب اور آخر میں ت جب اس طرح تکسر کرلی تو گیارہ اسم یکے بعد دیگرے پیدا ہوئے اور تیرھویں مرتبہ میں جو زمام ہاتھ آئی وہی صدر رباب اوّل ہے باب صغیر سے اوّل الف اور آخر حرف ب ملیں گے پھر باب کلام کی زمام بدل دو۔ تو آخر کا اوّل ہو جائے گا۔ یعنی اوّل اس کا ابتدا الف تھا اور آخر ت اور اب زمام کلام مقلوب ہوگیا تو آخر کو اوّل پر تکسیر کرو درجہ بہ درجہ ۲۲ تک تو یہ آخر باب صغیر بنے گا۔ لہٰذا اس کے اوّل الف اور آخر ش ملیں گے۔ ان کو برابر برابر ایک زمام میں قائم کرو۔ اور اس سے چار درجہ خارج کرو جو داخل تھے اس میں مکرر ان پر لم حرف خارج ہونے والے زیادہ کرو اگر ایک زمام میں درجوں کو جمع کرلیا جائے۔ تو ان کو زمام ب کلام اوّل سے دیکھو تو اس وقت خارجہ کو داخلہ کی نظر سے معلوم کرلو گے۔ کیونکہ فوق ہر فن کا اس سے علیحدہ ہوتا ہے اور جو بھی ہر فن سے جمع ہوا اس کے دس باب زمام کی ایک ہی سطر میں

بن جائیں گے۔ پھر اس کو تکسیر کرو گے تو شابینہ وغیرہ اس سے پیدا ہوں گے۔ پھر ان میں سے لغات نکلیں گے۔ اس کتاب میں جو کہا گیا اس کو سمجھو کیونکہ اس طریقہ سے بے شمار تکسیر ہو سکتی ہے۔

فصل ابواب ثلاثہ سے مراد صغریٰ و کبریٰ و متصل ہیں جن کو تفصیل سے لکھا گیا ہے

سب سے پہلے معلوم کریں کہ ہیاکل۔ تیجان۔ حراب۔ اعمدہ۔ سیوف۔ منابر۔ مزاریق۔ احرانہ۔ کلالیب اور کراسی یہ سب باب کبیر سے ہیں جو سب بن جان مرزبان شاہ الجن کے لیے ہیں۔ اور یہی ملوک اور امراء وحراسہ و فراعنہ و قادرہ شعابذہ جنات ہیں۔

کتاب عصیٰ موسیٰ اور حراست اور الویہ اور بنوذیہ سب باب صغیر سے متخرج ہیں جنکی اولاد عغریت فہعد بن جان مرزبان شاہنشاہ ابوالحارث وغیرہ ہیں اور مولی سیارہ عغریت شبارہ اور طوعہ و غفارفہ ہیں۔

نیز کتاب اکلیل اور لوح ذہب اور کتاب کرسی اور کرسی سلیمان بن داؤد اور قبہ یہ سب باب متصل سے وابستہ ہیں۔ جن کی اولاد حفطش بن حارث بن مرزبات شاہنشاہ الجن ہیں اور یہی خدام کرسی اور وساوسہ اور اخاطفہ اور ما خاطرہ اور مستعہ ہیں۔ اور معرفتہ کتاب دراصل مناجات کلام طاہنشاہ ہے جو باب کبیر مقرون متصل سے متعلق ہے۔ اور یہ دو دو جہ سے ایک ہی زمام میں ایک درجہ پر ہے اس کے آخر کو اول پر درجہ بدرجہ مصوبہ اور مقلوبہ زمام والی تکسیر کرو اور اسم صدر سے شروع کرو پھر مؤخر سے یکے بعد دیگرے دونوں ابواب کے آخر تک اسم بعد اسم اور رجب متصل مقدم ہو تو ما بعد اس کا کبیر سے لیتے رہو۔

۱۔ معرفت تاج ملک میططرون جو شراطین لجندر بہ ہے کلام شاہنشاہ سے اور جو باب کبیر اور صغیر سے ہے جس میں صفت مناجات تکسیری ہے اور ان کا اجتماع اکادن درجوں پر مصوب اور مقلوب ہے جو موافق قیاس مناجات ہے۔

۲۔ معرفت تاج ملک میططرون دربارہ کلام طاہنشاہ یہ باب صغیر سے ہے اس کی تکسیر میں صفت ۴۔ ۴۹ پر درجہ بدرجہ اسم کے ہیں۔ اس کا اسم قیاس دراصل لوحِ آدمؑ ہے جو مصوب اور مقلوب ہے جسے دونوں ابواب کے آخر در یہ عمل لانا چاہیئے

۳۔ معرفت تاج باب صغیر یہ دراصل کلام غئیب ہے۔ جس میں ساتویں آسمان کے فرشتوں کے نام ہیں۔ جو تکسیر کے بعد موافقت اعداد درجات حروف کے باب صغیر سے حاصل ہوتے ہیں۔ جو دس ابواب سے چالیس درجہ تک ایک زمام سے نکلے ہیں جس طرح معلوم ہوا تم اسی طرح تکسیر کرو۔ زمام یعنہ ۱۱۱۶ اسموں کے بعد برآمد ہوگی۔ اسی طرح جہاں تک جی چاہے کرتے رہو۔

۴۔ معرفت اسماء دوارۃ القلب یہ باب صغیر سے کلام غئیب کے ساتھ ان فرشتوں کے اسماء سے جو فلک قمر پر مامور ہیں تکسیر کے حروف داخلہ سے بنتے ہیں۔ جو دس ابواب سے چالیس درجہ پر ہیں جو ایک ہی زمام میں صفت تاج کے حامل ہیں۔

۵۔ معرفت حربہ بادشاہ نیشا جو حربہ بادشاہ میططرون عبدالقاہر کا فرزند ہے۔ جو لوگ اس کو ابواب نظیر قیاس تاج سے شمار کرتے ہیں۔ وہ اس کو باب صغیر سے مانتے ہیں۔

۶۔ یہ باب متصل ہے۔ کلام غیب سے جس میں پانچویں آسمان کے فرشتوں کے نام ہیں جن میں تکسیری حروف باب متصل سے ہیں۔ اور یہ خارج ہیں دس ابواب مصوبہ اور مقلوبہ اور یہ قیاس تاج جو سمجھا گیا باب صغیر سے ہے۔

۷۔ معرفت اسماء ملائکہ متعینہ فلک شمس، ان کی تکسیر باب حروف متصل داخلہ سے ہے قیاس تاج اس کا دس ابواب سے سمجھا گیا ہے۔

۸- حربہ عزرائیل علیہ السلام اس میں چوتھے آسمان کے ملائکہ کے اسم ہیں جس میں تکسیر کے باب حروف متصلہ دس الابواب سے متعلق ہیں۔

۹- حربہ یوشع بن نون علیہ السلام یہی حربہ ہے بادشاہ میططرون کا بہ کلام سجع جس میں تیسرے آسمان کے ملائکہ کے اسم ہیں جن کی تکسیر کتاب طوح زدایا تاج زہرہ سے ہے جو چار درجہ ہیں ان کی زمام آخر میں ۲۶ پر رجوع کرتی ہے قیاس تاج اس کا یہ تکسیر باب صغیر سے معلوم ہوا ہے

۱۰- لوح آدم بہ باب سبغر سے ہے۔ اس پر حروف مقطعات کو کلام رشف سے زیادہ کرو تو زمام ۴۴ درجہ ہوگی اور اس کا نام دس اسموں میں رجوع ہوگی۔ اور آخر باب تک اسی طرح کریں یہ باب کلام مسرت و مصغر آصف بن برخیا کی طرف رجوع کرے گا

۱۱- معرفت ابتداء باب صغیر ابتداء اول کی تیسرے درجہ پر یہ ہے۔ اس سے ۸ زمام نکلیں گی قیاس زمام باب اس کے اعوان کے نام معلوم کرو حروف عزت سے اس کا باب متصل مثل قیاس صغیر کے ہے۔ جو تکسیر سے کلام طاہنشاہ کے مطابق ہے اور رشف احمد کا قیاس ہے۔

جب تم کو لغت معلوم کرنا ہو تو زمام ابتداء کلام کی زمام ہی پر بنا کر اسم کو زمام باب کلام سے تالیف لو جو موافق تالیف حروف ہو۔

یاد رہے لغت باب صغیر اور متصل سے نہیں نکلتا مگر بعد تنوج کیونکہ اگر ان کو ایک دم نکالے گا تو یہ سب سطر دوم میں جمع ہو جائیں گے۔ اور اگر زمام کو تکسیر میں اضافہ کرو گے۔ تو بے شک سطر آخر کو صدر سے خالی کرو گے۔ لہٰذا لغت کو باب تنوج سے درست کرو جس کی سات لغت ہیں فیطوشیا۔ طاہنشاہ۔ رشف۔ غیتب ازدار۔ شجع کو جب معلوم کرنا چاہو تو حرف باب کو ان برجوں کا درجہ بناؤ پھر اسمائے اعوان کو حروف دعوت کے ساتھ اس سے اخراج کرو دعوت جنون بروج اور مسلمان اعوانوں کے لیے ہے جو قبعد کی اولاد ہے اس کو حارث بھی کہتے ہیں۔ اور یہ کلام طاہنشاہ اور رشف کا ہے۔ عرض میں چھ بار تعریف کی جائے گی مصوبہ اور مغلوبہ ساتھ عرض کے رفعًا اور حفظًا جو حفض ہوگی کلام طاہنشاہ سے اور رفع کلام رشف سے مراد ہے تصرف حروف خانہ کے چاروں زاویوں میں حفظًا اور رفعًا ہوگی جس کی زمام باب کلام کے آخری درجہ سے ہے اس کے بعد اسمائے دعوت کا اخراج کرو یہ عمل ہر ایک کے لیے مفید تر ہے۔

۱۲- سفر ذی القرنین باب کے درجوں کے بروج گر اگر زہرہ کے تاج بیوت سرت کی طرف ثابت۔ اور دراز کیے جاتے ہیں ان کا مصوبہ قائم کرنا دراصل درجہ مرتبہ کرتا ہے اس طرح سے کہ اس کو مراذۃ سے اوپر کھڑا کرو لو ہے کے مربہ کی طرح جیسے ابتدائے کلام کی زمام قائم ہوتی ہے تاج زہرہ کے پہلے درجہ سے اسی صل ان الابواب کے اعوان مع معروف دعوت کے اخراج کرکے جس طرح چاہو ان کو تیار کرو درج ذیل حروف اس باب کے اعوان کی دعوت ہیں۔ اعطوثانی بوہاہی ہوبلہ۔ پھر کلام طلعت کی طرف جس سے مراد میغار میدہیں رجوع کرو۔ اور اس کو نقل مثل کلام رشف کے قیاس کرو باب کبیر ہی باب ہیاکل، تیجان، حساب داعدہ، کلالب وسیوف مزاریق ومنابر واحراض اور کراسی ہے جو ملوک امرائے ذرائع ہر امسہ وقادرہ اور شعابذہ ہیں باب کبیر کی تین قومیں ہیں۔ اولاد بغیر عنج اور سریج سے جو فرزندان نہب ومزبان ہیں اور بطور محبت ان کے بلانے کے لیے یہ حرف مقرر ہیں ہوہی یایا ان پانچوں میں سے ہر ایک کی چھ اولاد ہیں جن کو ملوک الاقطار کہتے ہیں اس کی کل اولاد میں ۳۳ ہیں جن میں سے ایک آسمان پر رہتا ہے۔ جس کا نام مطر ہے جو ازمہ باب سے تالیف باب کے بعد نکلتا ہے۔ اور دسعًا بالہیاکل ہیں ان میں سے سات تالیف باب پر ہیں۔ جو ہران الہیاکل ہیں۔ پھر ازمہ باب تالیف راس حران المنابر پر اخراج کرو جو قبول ہے۔ پھر ازمہ باب سے تالیف کے راس حران منابر کو برماس پہ اخراج کرو جو عرب کا بادشاہ ہے۔ پھر ازمنہ باب سے تالیف کے سرائن پر اخراج کرو جو آسمان پر اسی عمل کے لیے مقرر ہے۔ پھر دس نام منابرہ کے مؤکلوں کے نکالو جو دلنظ بن سر پہ ہرماس کی اولاد ہے۔ اور دس نام خزان منابرہ کے نکالو جو طب الفقرا بن نج الہرماس کی اولاد ہیں۔ اور دس نام ان مؤکلوں کے نکالو جو خزان منابر میں سے کرسیوں پر مامور ہیں۔ جو بھبن کی اولاد ہیں۔ پھر دس اسماء ان مؤکلوں کے نکالو جو کرسی پہ مامور ہیں جو حفص بن برنج

الہرماس کی اولاد ہیں پھر دس نام ان کے نکالو جو کرسی معزز پر متقرر ہیں۔ اور یخلا بن ابی الملوک الالبوہ کی اولاد ہیں۔ پھر دس نام ان کے جو کرسیوں پر مقرر ہیں۔ جو یخل بن سیخ الہرماس کی اولاد ہیں۔ پھر دس اسماء وصفاء الکماسی کے نکالو۔ جو سرین متوجلہ الہرماس کی اولاد ہیں۔ اور دس نام وصفاء الکماسی کی اولانظ بن ملک فلک اعظم سے نکالو اور دس نام وصفاء کرسی کے نکالو جو اولاد طیطب ابوالملوک ہیں۔ یہ کل بسط ان مؤکلوں کا ہے۔ جو بغیر ہرماس فہام بن یہب مرزبان بن ملوک الافاطرہ کی اولاد ہیں۔ ان کے بیلے صدور باب کبیر سے معصوبہ اور مقلوبہ صورتیں بناؤ جو جنس ملوک میں سے ہیں۔ اور یہی قول فیطورش کا ہے۔ پھر قادرہ اور امراء سبعہ کے نام نکالو۔ جو دنیا کی ساتوں اقلیموں میں سلطنت کر رہے ہے جو جنج اہطام بن یہب مرزبان شاہ کی اولاد ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں۔ عج رعص وعیس وح دلح یعطس یالا۔ اور یہ سب تاج اوصاف اور حرلوں کے مؤکل ہیں ان میں سے ہر ایک کی تین اولادیں بادشاہوں کی ہیں۔ مع تاج اول اور وصف اور خازن۔ عص کے تین بیٹے مؤکل ہیں۔ تابع رابع وصف اور خازن کے۔ پھر ازمہ باب کی تالیف سے ایک نام نکالو۔ جو تاج اوّل کا خاندان ہے۔ یہ کل چالیس نام ازمہ باب سے ان مؤکلوں کے ہیں۔ جو کلالیپ پر مامور ہیں۔ اور سار بن رابع کی اولاد میں ہیں اور بسط ثانی یہ ہے اولاعج التقمام خازن تاج اول کی اولاد ہیں، پھر چالیس نام جنات۔ اور پانچوں فراعنہ کے نام نکالو جو سر بیج تمقام تحت شاہنشاہ بن تاج کی اولاد میں ہیں۔ باب مقلوبہ کے بیان میں فافیطرش نے یہی کہا ہے۔

کلام سرت اس کے مجازی اور مخرج کا بیان یہ ہے کہ یہ تاج زہرہ کی شرح ایک زمام سے ہے۔ پھر ختم باب واحد تک اس کی تکسیر کرو نہایت رداس حروف کو سوائے اسم عون کے تصویب کے طریقہ سے اخراج کرو نعت کے ساتھ مخرج کی تالیف پر جو ایک زمام ہوگی پھر اس کی تکسیر کر کے سب کو مقلوب کر دو اور جو نام اس سے برآمد ہوں وہ اس کی نسل ہیں۔ اور وہ تمہارے مددگار ہوں گے۔ یہ اخراج کا عمل کتاب تاج الارت اور کتاب زہرہ سے کیا جائے۔

مخرج اسماء دعا کے سات طریقے

باب صغیر دربارہ مخرج اسماء حروف دعوت واضح رہے کہ سات طریقوں سے حروف دعوت کے مخارج نکالے جاتے ہیں نسل سے رباط شاہنشاہ بن حرب سے ہے جو ۱۲ حروف کی سطر اوّل کا صدر جو عون ہے فہصد کو مقلوب کر لو پھر اسماء الادہ کا اخراج کرو۔ کیونکہ فہصد پانچواں تالیف حروف دعوت ہے نفکر مرحول درح ہیں اور انہی کو سائرہ یا عفاریت کہتے ہیں۔ اور یہ تینوں مؤکل بحر بہ وصف اور خازن ہیں۔ اور اولادرک حرالسیارہ ۲۰ ہیں۔ جن ہیں سات مؤکل ہیں۔ الویہ، وصفا، اور حران کے۔ اور اولادرک المطبوعہ ۲۱ ہیں۔ جن میں سے سات بنول وصفاء اور حران پر مؤکل ہیں اور اولاد غطارقہ ۹۰ ہیں جو احراس وصفاء اور حران کے مؤکل ہیں۔

باب متصل باب کبیر

باب متصل باب کبیر دماصل حران ولد خفطش شاہنشاہ بن حاج ابی الحسن قدام الکراسی ہیں۔ اور یہی وساوسہ داخا طفہ وتسعہ اور سعالی ہیں۔ اس کا نام حروف دعوت میں سے کسی حرف مطر مسادس کے صدر اول سے اخذ کر کے حرف ثانی کو ضرب دو اور جو حرف اس طرح حروف دعوت سے حاصل ہو وہی مقصود ہے پھر اسم خفطش اخذ کرو۔ پھر اس کی اولاد کے نام حروف دعوت سے تالیف کے طریقہ سے نکالو جو شل اولاد فہصد کے پانچ ہیں۔ جن کے نام بلقع جزب حم ختم ہیں جن کو وساوسہ اخاطفہ، افاطرہ ہستمعہ اور سعالی ہیں کہتے ہیں بلقع کی اولاد وساوسہ ہیں جو اکیس ہیں سات ان میں صفا بحر اور حران کے مؤکل ہیں اور خبیب اور حم کی اولاد مستمعہ ہیں جن میں تین کرسی پر اور سات صفاء اور حاربا کے موکل ہیں۔ لیکن جیش کی اولاد امراء فراعنہ ملوک قماقمہ ہرامسہ قادرہ اور شعابدہ کہلاتے ہیں۔ اور یہب بن جان جس کی کنیت ابوالعمان ہے۔ اس کی اولاد میں سے ہے۔

ہیاکل سبعہ یہ ساتوں ہیاکل جو صدور باب کبیر میں سے ہیں ان کے نام ملائکہ حروف سے نکالو جب برزخ سات زبانوں میں نکل آئے اور ہر زبان کا مخرج معلوم ہو جائے اور نام اعوان کے بھی تم کو معلوم ہوں تو دعوت میں صاحب خاتم کا نام۔ اس کی کیفیت بھی ساتوں لغت میں تم کو معلوم ہوں گی۔ اور وہ ساتوں زبانیں یہ ہے۔ عربی عبرانی سریانی یونانی ہندی اور رومی اور فارسی جب تم کو وہ نام معلوم ہو گئے جو تالیف کے طریقہ پر اول سہم یا زیادہ سے حاصل ہوئے ہیں تو پس یہی نسبت صاحب خاتم معرفت کتاب خاتم الالباب کی ہے۔ جب میری بیان کردہ معلومات تمہیں مل جائیں۔ تو کل درجات غیب کے حروف کی ابتدا اخذ کرو جو تعرف حروف اپنے خانہ خفضا اور رفعا یعنی خفض اور رفع کا ہے خفض اوّل درجہ یہ ہے۔ اس کی تالیف کے لیے ایک زمام بناؤ اور اس کے آخر کو اوّل پر درجہ بدرجہ تکسیر کرو اور اسماء ملائکہ جن کا تم نے اخراج کیا ہے۔ گرد اسما کے رکھ کر پہلے دائیں طرف سے شروع کرو پھر بائیں طرف سے ان کی اولاد مخرج تالیف پر رکھ کر نفع کو ظاہر کرو نص میں اسماء سے نیچے اور تقدیس کو نص کے نیچے رکھو۔

تاج عبد القیوم میاں بیوی میں صلح تاج عبد القیوم مؤکل شمس، میاں بی بی کی صلح کرانے کے لیے لکھا جاتا ہے۔ اور اس لڑکی کے لیے بھی جب کسی نے پیغام دے کر واپس کر لیا ہو یہ سحر اخاطفہ سے متعلق ہے اس کا صدر باب متصل مقلوبہ اور حربہ عبد القیوم فلک شمس کا ہے۔ لوح ذہب سحر اخاطفہ اور اقامرہ کے لیے بہت مفید ہے اور یہ تاج عطلیہ کائیل مؤکل قمر کا ہے کتاب الکرسی والقیدو المستمعہ یہ مؤخرات باب متصل ہیں مقلوبہ زجر اور قوت یہ اعوان جادوگروں کے ہیں۔

ہیکل کرسی سلیمانؑ جس کو متعالی بھی کہتے ہیں

حضرت سلیمان بن داؤدؑ کی کرسی ہیکل جسے متعالی بھی کہا گیا ہے اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ حرف کو ابواب متصل سے شروع کرو جو ازمہ کلام ہے دلالت کرتا ہے اور متقیانا ہب ساھد الوالزوابع پر دلالت کرتا ہے جن پر علیان جب لغت معلوم کر کے پڑھا فورؔا رائیں المرذۃ جو راس الزوابع ہے حاضر ہو گا۔ اس سے خوف زدہ نہ ہونا اپنا خیال اس سے طلب کر کیونکہ جب وہ تجھ کو خیال دے گا۔ تو خوف نہ ہو گا۔ اس کا لقب مسمار ہے۔ اس سے خوف کرنا چاہیئے۔ جو بہت سے شعبدے دکھاتا ہے۔ اگر کوئی عمدہ خوشبو روشن کرو تو بہتر ہے۔ اور یہ زمام حرز اور حفاظت بادشاہوں کے پاس جانے کے لیے اگر کسی ظالم پر پتھر برسانا یا اسے ہلاک کرنا چاہو تو اس کے نام کو ان شیطانوں میں سے کسی کے نام کے ساتھ ملا کر دونوں کی ایک ہی زمام کر کے تکسیر کرو۔ اور ایک تعویذ بنا کر یہ تکسیر اس کے گرد لکھو اور سات بار تکسیر کو پڑھو۔ شیطان مردود تمہارے دشمن پر مسلط ہو جائے گا۔ اور جس طرح تم چاہو گے اس کو تکلیف پہنچائے گا۔ پھر یہ شیطان اس شخص سے علیحدہ نہ ہو سکے گا۔ اور وہ شخص بھی شیطان کو اپنے سے دور نہ کر سکے گا۔

باب اول معرفت اسماء الٰہی اس مضمون میں حروف سے اثباتی اور امی طریقہ سے بحث کی گئی ہے۔ ان اسماء میں سے اسم متشابہ ہے اسم بسم اسم اسم کے واضع بادمعرفت اسماء ملائکہ باب کبیر اور باب متصل دونوں سے بے خارج داخل ہے اور دونوں الابواب کی نظیر بھی ہے ہر باب کے لیے ۶ ملائکہ الابواب منیر و کبیر اور متصل سے قیاس کیے گئے ہیں مثلاً جب لفظ "قعقہ" کہا تو یہ خارجہ داخلہ اور مصوبہ ۲ ہے اور مقلوبہ ۳ ہے اور موافقت تھا س ازمہ ملائکہ خواتم کے اس میں ایل ملا دو۔ یہی صدر باب کبیر اول غافیطورش کا ہے اگر اب ت ث آخر تک بالا بہر اصمک ذفذ فرعوا عیطلطط جب لکھا جائے جب شمس در عقرب اور طابع بھی عقرب ہو۔

دردِ قولنج کا علاج

اور اسماء ذیل لوہے پر کندہ کر کے قولنج کے مریض کے پیٹ پر رکھیں تو آرام ہو اور ایک نسخہ میں اس طرح ہے۔ ۱۱۱۱۹ ۱۱۹ ۱۱۱۱۱۹ شدید مجر۔ اور اگر سات جوئے عمدہ لہسن کے سات دن برابر انسان نگلے تو قولنج دور ہو اسمائے بالا کی اولاد ملوک و فراعنہ اور قادرہ ہیں۔ جو اولاد ہے بہب بن جان بن مرزبان شاہ کی جس کا نام کلام سرت میں سفر آصف بن برخیا ہے۔

باب دوم: ۔ مصارۃ الکتاب صدور مصوبہ کی ۲۹ زمام ہیں۔ باب اوّل سے صدور باب تک کلام فافیطورش کے مطابق ا ب ت ث الخ کا درجہ کبیر ہے۔

اسمائے الٰہی ملائکہ دو ہیں۔ اور اعوان کے ناموں کی ۲۰ زمام کھلتی ہیں جو صدور ثانی مع درجہ کے۔ ی ص ام ح ب لا ص د س ع ان ط ق ع ف رح ط ب ت ا ہیں اور موخرات باب اول باب کبیر سے درجہ تکسیر مقلوبہ فافیطورش یہ ہیں۔ ی لا ہ ا الخ ان حروف ہجاء کا نام قلب رکھا گیا ہے۔ موخرات صدور خارجیہ ان حروف میں ا ص ض ع ح ل ب م ہ ب ط ل ت ظ ح س د ر ف ص ک د لا ی ہیں اور حروف باب صغیر میں یہ حروف زیادہ کرو۔ ب ج دم ل طع جو سات حروف ہیں۔ ۳۰ اسماء الٰہی سے اور ۱۲ اسماء ملائکہ سے اور اسمائے اعوان ۱۸ ہیں جو باب کبیر کے ساتھ بموجب کلام فافیطورش کے لکھا جائے۔ جن کی تکسیر متصلہ صدور مستوریہ اور موخرات اول صغیر اب ج دہ ذ ر ج ط ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ہیں۔

قضائے حاجات اور شادی وغیرہ

متصل دوحرہ قائمہ یہ ہیں۔ اب ت ث ح الخ (تاج ما فہم) باب متصل کے ۲۲ حروف کو ان میں داخل نہ کرو۔ اور دل ولا جو سات حرف ہیں بادشاہوں کی ملاقات اور قضائے حوائج اور شادی وغیرہ کے لیے لکھا جائے اور دس ملائکہ کے نام بھی خواتم کے نیچے لکھو جو ہر عمل کے لیے مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ تکسیر کے بعد اعداد درجات الابواب کے موافق باب۔ ۴ سے زمام واحد کے دس ابواب خارجہ صغیر سے لکھو جو اسمائے ملائکہ ہیں۔ تاج ما فہم ساتویں آسمان کے ملائکہ کے باب سے اوپر اعداد درجات کے بعد تکسیر سے کلام۔ ح ہ ص ہ ق س رم س س ل ن اح م ل س اح م ع ت ی ا ل م ہیں اور جو پرانی تورات میں مذکور ہیں۔ سخت اور مشکل کاموں کے لیے یہ اپنے پاس رکھو اور اگر چاہو تو ان کا ترک متصلہ ایک سطر میں اسماء سے لکھو جس میں کا ہر اسم سات حروف کا ہے لکھو اور ہر ایک حرف میں جیسا کہ باب صغیر اور متصل میں ہے اس کے کل ایک سطر میں ، حروف ہیں۔ خاتم عطول تاج میططرون و سر شراطیل عبد ربہ اور بکلام طاہنشاہ کبیر و صغیر بعد میں لکھو۔ ابتداء ان دونوں ابواب کی دونوں پہلے اسموں کے ساتھ دونوں صدر سے زمام اول کے ساتھ ہے۔ باب کلام کے زمام موخرات کے ۱۵ درجے ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ ایک زمام میں تکسیر آخر کی اول پر درجہ بدرجہ مصوبہ و مقلوبہ موخراً وصدراً کر کے جب صغیر ختم ہو جائے۔ تو اس کا مابعد اول تکسیر سے اخذ کر لو۔

مثلاً پہلے حرف ص کر لو پھر ض کو اور مناجات و حربہ سے بھی اسی طرح مخزن دونوں الابواب تاج ما فہم تک لو پھر مناجات پھر حربہ اور طاہنشاہ کبیر اور متصل کو (اور وہ ۱۵ درجہ ہیں) ایک زمام سے اخذ کرو پھر ایک زمام کے دونوں اسم پہلے صدر میں سے تکسیر کے بعد دونوں ابواب سے صفت تاج پر اخذ کرو تکسیر اور اجتماع حربہ میططرون عبد ربہ طاہنشاہ بہ کبیر صغیر متصل ۴۴ مصوبہ کے۔ اسم اور تکسیر میں قیاس لوح آدمؑ ضروری ہے جس سے حربہ ابو مالک کا ان دس ناموں سے نکلتا ہے ب اح ت رح ق س دف رع رس ح ن ط م ی ل ک ن ی ب درج ل ح ک ج ف ص ع ص ع ط ط۔ یاد رہے اسمائے ملائکہ تمام ابواب سے وہی خارج ہے۔ اور اس کا تطیرہ ہر باب سے تین حروف ہیں۔ مصوبہ یا مقلوبہ اور وہ لفظ جو آخر میں ملایا جائے۔ یعنی ایل اس سے موکل مراد ہے۔ اور ہر باب کے لیے ملائکہ صغیر میں جو کتاب الرازقین اور حربہ یوشع بن نون

ہے اور وہی حربہ میطط رون عبدالمولی کا ہے۔ اور یہ موافق تکسیر کے آٹھویں آسمان کے موکل ہیں۔

کتاب شرح زوایا زہرہ یہ اسم اپنے خانہ زادوں میں بہ کلام سجع تصرف کرتا ہے۔ اور خفقس اس کا از ورسے ہے اور یہی ابتداء خفقس کی ہے۔ یہی آخر کلام مدرجہ خفقس سجع کا ہے۔ اس کے بعد اعوان کے نام اخذ کرو۔ پھر باب کبیر اور صغیر ابتدائی برجوں کے درجات اخذ کرو پھر ان کی تکسیر منتہیٰ باب واحد کی طرف کرو اور اسماء دیگر اسی طرح بہ صفت خاتم باب اخراج کرو۔

زچگی کی آسانی کے لیے تنگی ولادت کے وقت عورت کی ناف پر حروف ذیل لکھو واح یعنی حوا۔ اور کسی شخص کو ناکام کرنے کے لیے انگلی سے عیسیٰ بن مریم لکھو اور عیسیٰ بن مریم موسیٰ بن عمران لکھو حضرت علیؓ شرح اسم اعظم میں فرماتے ہیں۔ یہ اسم اعظم ہے۔ ۵ ااااہ # ااااا۲ اااااا صد۔ لہٰذا ان حروف کے اسرار سے بحث کرو اور چار عین قیدی کے رہا کرنے کے لیے اس طرح لکھے جاتے ہیں۔ رغ رغ ع ع اور خوف دور کرنے کے ع ع غ غ لکھے جاتے ہیں۔

عداد حرف ب بطریقہ کبیر ۲۹ حروف ہیں۔ اور اعداد حروف متصل ۲۲ حروف ہیں الواب کبیر سے اور تولفہ ان حروف سے اب ج دہ وز پیدا ہوتے ہیں اور الواب متصل ہیں یہ حروف نہیں اور باب صغیر میں بھی یہ حروف نہیں ہیں ب ج وض ظ غ خروف داخلہ سے مراد وہ حروف ہیں۔ جو زمام میں مکرر آتے ہیں اور خارجہ سے وہ مراد ہیں جو اس میں داخل نہیں۔

نظیرہ سے وہ حرف مراد ہیں۔ جو حروف زمام کی سطر میں پائے جاتے ہیں جس سے زمام مرکب ہوتی حروف داخلہ ہمیشہ چار حرف ہوتے ہیں اور خارجہ بھی چار ہی ہیں۔ نظیرہ کے تین سے زیادہ حرف نہیں ہوتے یہ قاعدہ کل الواب کا ہے۔ یاد رہے اسماء ملائکہ حروف خارجہ اور نظیرہ کے نکلتے ہیں۔ اور حرف الواب خارجہ دس بابوں کے ۴۰ حرف ہیں۔ جیسا کہ صغیر میں ہے۔

حرارت	برودت	یبوست	رطوبت
اہ طم ف ش ذ۔	ب وی ن ص ت ض	ج زک س ق ث ظ	دح ل غ رخ ع

عددیاب کبیر ۸۲۴۵۔ عداسامی ۲۹ ۱۹ ۲ ۷۔ حروف اسامی ۳۷۶، ۷۷، ۶ ہیں جو خارج قسمت الواب سے بارہ برجوں ۲۵، پر ایک دن رات کے لیے ۲۴ عدد ہیں الواب صغیر سے ۹۲، ۷، عدد اسامی ۴۲۶ ۱۷۔ اور حروف اسامی ۸۳۳۸۵۵ بارہ برجوں سے خارج قسمت حاصل ہوتے ہیں۔

ایک دن رات کی ۲۴ ساعتیں ہیں اور ساعت کا حربہ باب تکسیر سے ملتا ہے موافق اور اعداد منازل کے ہر باب کے (۲۸) حروف ہیں اور کل حروف اسماء کی رسوم مدرجہ اب ت ث الخ ہیں۔

ہر ایک دن میں باب تکسیر کے ۲۴ باب ہیں یعنی مہینہ میں ۲۰ باب ہیں اور سال کے ۸۲۴۰ باب ہیں ہر باب کے ۲۸ حرف ہیں رات اور دن کے ۶۷۲ حروف ہیں مہینہ میں ۱۱۶ حروف ہیں۔ اور سال میں ۱۹۲۰ ۲۴ حروف میں اس کی تقسیم گیارہ سہم ہوتی ہے اور سہم سورج کا مقام ہے ہر ایک برج میں (۳) دن سب سے پہلے عمل کے لیے داخل ہوتا ہے اور یہی پہلا برج اور پہلا زمانہ ہے۔ یاد رہے اول باب سہام باب عمل تکسیر سے مخرج ہے اور ان دونوں برجوں میں ۳۰ دن ہیں وصلی اللہ علی سیدنا محمد و آلہ واصحابہ وسلم۔

فصل ۳۶ فیض ربانی نور شعشانی اور حجر محترم اور نباتات کے خواص اور رموز و اشارات

اس عنوان میں فیض رب العالمین سے نور شعشانی و حجر مکرم و نباتات اور ان کی خاصیتیں و اسرار شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی حمد ہے۔ جس کی بخشش سے ہم کو نعمتیں اور سرفرازی ملی اور حکمت کے باب کشادہ کیے اور جہل کے ظلماتی پردے دور کیے اور اپنی راہ وسیع میں نعمتوں سے اکثر مخلوق پر ہم کو فضیلت دی اور سرورِ عالم جو ہادی راہ وسیع ہیں آپ پر اللہ تعالیٰ ہمیشہ درود و سلام نازل فرمائے اور آپ کی امت کو جنت الفردوس نصیب ہو۔

بعد حمد و ثناء اللہ ہم سب کو راہ مستقیم پر چلائے، جب سے مجھے علم و صنعت الٰہی کی خبر ہوئی۔ میں ہمیشہ اس فن میں غور کرتا تھا اس کے نکات اور دقائق میں بحث اور فکر اور تدبر کرتا رہا آخر کار اس بحر ذخار میں تیرا اس کی نورانی چادر رقیب بن گئی اور اس خزانہ کا مالک ہوگیا۔ یہ جو کچھ ہوا تائید الٰہی سے ہی ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے مجھ پر احسان کیا ہے۔ تو مجھے لازم ہے۔ کہ میں اپنی اس کتاب میں بھی اس علم کا کچھ حصہ بیان کردوں تاکہ جاہلوں کے دل سے زنگ دور ہو۔ اور میرے بعد میرا یہ ذخیرہ فیض رساں قائم رہے۔ زمانہ موجودہ میں یہ علم بالکل مٹ سا گیا ہے۔ اس کے جاننے والے کہیں نہیں ملتے۔ جابر کہتے ہیں۔ اس علم پر صد افسوس ہے۔ کہ نہ کوئی اس کو جانتا ہے اور نہ اس سے نفع حاصل کرتا ہے۔ میں نے اس فن کی بہت سی کتابیں مطالعہ کی ہیں اور میں نے بہت سے اوضاع و اطوار اور اقوال ان کے دیکھے اور سمجھے ہیں منجملہ ان کے کتب دوہم بن سامہ اور کتاب حکیم فیثاغورس اور حکیم منلادش ہے اور تقریباً دو سو کتابیں ابی موسیٰ جابر بن حیان اور حکیم ابوبکر رازی اور رسالہائے حکیم ارس اور کتب بقراط دہرمس و جالینوس اور کتب عرسوس ددیلقیاو مسکین و ابن المختار و مادریہ و اسفار حکیم خالد بن یزید وغیرہ مطالعہ کی ہیں اور تقریباً بارہ سال سے زیادہ عرصہ تک ان حکماء کی کتابوں میں غرق رہا اور شہر بشہر گاؤں گاؤں اس حکمت کو تلاش کرتا رہا جیسا کہ خالد نے کہا ہے۔ شعر

لا اَنثَنِیْ عَنْ مَطْلَبِیْ وَلَا اُبَالِیْ ۔ بِمَا اُکَابِدُ مِنَ التَّشْرِیْبِ وَالْاِدْرِمِ[1]

لَعَلَّ دَهْرِیْ یُسْعِدُنِیْ فَاسْعَدُ ۔ اَوْ یَزُوْلُ عَنِّی الْهَمُّ وَالْاَلَسْرُ

آخر کار اللہ نے اس علم کو مجھ پر مفتوح کیا جسے میں نے تدابیر اور اعمال سے اختراع کیا۔ اور اپنے ذہن سے ایجاد کیا ہے۔ اگرچہ پہلے بھی نصف عمل کی تدابیر بخوبی کر لیتا تھا۔ مگر نصف ثانی کا عمل حاصل نہ ہوتا تھا۔ اور کوئی اس کا بتانے والا نہیں ملتا تھا اور میرا کیا دھرا برباد ہو جاتا ہے۔ آخر کار صحیح طریقہ مجھے معلوم ہوا اور حکماء کے اقوال کی حقیقت مجھ پر منکشف ہوئی میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ میرے جملہ گناہ بخش دے کیونکہ میں نے بہت ہی بڑے کام کی جرأت کی ہے۔ اور میں اللہ تعالیٰ سے بعجز و زاری دعا کرتا ہوں کہ میری اس کتاب سے اہل فضل کو نفع پہنچائے۔ بے شک وہ متقیوں کا ولی اور مجھے بے حد کافی ہے۔

---

[1] میں اپنے مطلب سے باز نہ آؤں گا اور مصائب برداشت کرنے کی پرواہ نہ کروں گا سفر کی مشقت اور ناکامیوں سے رنجیدہ نہیں ہوں گا زمانہ یقیناً میری مساعدت کرے گا۔ اور میں کامیاب ہوکر رنج و غم سے دور ہو جاؤں گا۔ ۱۲ اقبال الدین۔

صنعت الٰہیہ کے فضائل

اللہ تعالیٰ نے آدم کو ہر چیزوں کے نام سکھائے اور زمین سے معدن نکالنا سکھائے ان معلومات کے بعد صنعت سونا چاندی کی ان کو تعلیم دی پھر حضرت آدم نے چاہا کہ یہ صنعت اپنے فرزند شیث کو سکھاؤں چنانچہ آدم نے اپنی اولاد سے کہا خدا تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ یہ صنعت میں اپنی اسی اولاد کو سکھاؤں گا جو زیادہ عبادت گزار ہو گا شیث یہ سن کر عبادت میں لگ گئے اور چالیس برس تک عبادت کی تب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو وحی بھیجی وہ شیث میرا ولی ہے۔ اسی کو الٰہیہ کی تعلیم دو ایک دن حضرت آدم نے اس کا شیث سے ذکر کیا۔ شیث نے کہا مجھے ڈر ہے کہ اس تعلیم کی وجہ سے میں عبادت سے کہیں رک نہ جاؤں حضرت آدم سے نہیں یہ صنعت سیکھی اور معلوم کیا کہ سونا چاندی اور موتی اور یاقوت اور زبرجد کس طرح بنتے ہیں۔ سخت چیز کا نرم کرنا اور ہر منکسر کا نرم کرنا اور ہر سیال کو جمانا معلوم کر کے دیکھا کہ یہ کام بہت آسان ہے اور جن اجزاء سے معدن تیار ہوتے ہیں وہ چیز لوگوں کی نظر میں بہت خفیہ ہے اور جن کو راہ میں پامال کرتے اور بے کار سمجھ کر پھینک دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت ادریسؑ کو آسمان میں بلند کیا اور ان کو حضرت آدم کے بعد پہلا علم (علم نجوم) عطا کیا حضرت ادریس نے مطابق دی کے اسی سے علم صنعت سیکھا۔ اور جب ان کو طوفان نوح کی خبر ہوئی تو اس کے عور سے اس علم کو انہوں نے اہرام مصر کے اندر نقش کیا تاکہ طوفان سے محفوظ رہے۔ اور الحمدللہ وہ اب تک محفوظ ہے۔

اور جب موسیٰ علیہ السلام سے اللہ نے کلام کیا تو موسیٰ نے اللہ سے اپنے فقر کی شکایت کی تو اللہ نے ان کو علم صنعت عنایت کیا اور موسیٰ نے توراۃ کو سونے سے مُطلا کیا اور بارگاہ الٰہی میں سجدہ شکر کر کے دعا کی اے اللہ اس علم کو بنی اسرائیل کے لیے رحمت و رزق بنا دے اور مجھے اس کے ذریعہ یقین کی دولت سے مالا مال کر۔

بعض کا خیال ہے کہ یہ صنعت حضرت موسیٰ کو حضرت شعیب کے شہر میں اللہ نے دی تھی جسے حضرت موسیٰ سے قارون نے سیکھ کر اپنے خزانے بھر لیے اور آخر کار اس میں تکبر و خود بینی پیدا ہو گئی جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَآتَيْنَاهُ[1] مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ ۔ اور فرمایا ہے۔
قَالَ[2] إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ عِنْدِي ۔

زکوٰۃ نہ دینے پر قارون کا زمین میں دھنس جانا

موسیٰ نے قارون سے زکوٰۃ طلب کی تو اس نے انکار کیا کیونکہ اس کو زکوٰۃ کی ایک بڑی رقم خزانہ سے جاتی معلوم ہوئی آخر کار موسیٰ نے اس کے لیے بد دعا کی۔ اور وہ اپنے خزانوں سمیت زمین میں دھنس گیا حضرت ابراہیمؑ حضرت سلیمانؑ حضرت داؤدؑ اور سب پیغمبروں نے اس صنعت سے کام لیا ہے۔ اور ان سب حاجتمندوں کو اس صنعت کی بدولت اللہ تعالیٰ نے غنی کر دیا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ یہ صنعت اپنی مخلوق میں سے برگزیدہ کو دیتا ہے۔ تاکہ ان کو دنیا میں حلال روزی ملے اور ان کے ضمیر صاف ہوں اور ان کے لیے یہ صنعت رحمت اور کافروں کے لیے موجب حسرت ہو جیسے قارون فرعون و ہامان اور شداد وغیرہ حسرت زدہ رہ گئے۔

---

[1] اور ہم نے اتنے خزانے اس کو دیئے جن کی کنجیاں طاقتور انسان اٹھایا کرتے

[2] اس نے کہا ہے یہ خزانے میرے علم سے ملے ہیں۔

زُحل سب ستاروں سے بلند ہے اور اس کا معدن سیسہ ہے۔ زحل کے بعد ستارہ مشتری ہے۔ جس کا معدن قلعی ہے۔ اس کے بعد مریخ جس کا معدن لوہا ہے۔ پھر شمس کا معدن سونا ہے جس کے بعد زہرہ کا معدن تانبا ہے۔ عطارد کا معدن پارہ ہے اور قمر کا معدن چاندی ہے اسے ہم پہلے بھی لکھ چکے ہیں۔

جاننا چاہیئے نور ظاہر کی مثال شعاع باطن نور ہے۔ اور نور کے لیے شعاع ہے۔ اور ہر شاع کے لیے نور ثابت ہے اپنی شعاع کے لیے نور ثابت ہے اپنی شعاع حقیقت جو مشار الیہ ہے اور یہی مشار الیہ حقیقت نور اور روح اور عالم بناتی ہے جیسے شعاع ہر ذی روح کے لیے لازمی ہے۔ حیوان پر اوّل شعاع کا جلوہ ہوا پھر نور اور شعاع کے لطیف وکثیف پر نور جلوہ فگن ہوا اسی وجہ سے سب عالم سفلی اور شعاع کے درمیان نور ہے۔ جو حیات کا سِر شعاع نمونہ کا سِر نور ہے۔ اور جسمانیات کے لیے سِر غذا ہے۔ باطن نبات سے شعاع نکلتی ہے۔ اور نور ظاہر نباتات سے ظاہر ہوتا ہے یعنی ظاہر نباتات نمو پذیر ہے بسبب نمونہ اجساد اسی طرح باطن نباتات کی شعاع حیات نفوسِ ترکیبیہ کے لیے نباتات دراصل حیوانات سے شعاع کے لحاظ سے مناسبت رکھتا ہے اور نور کی طرف بھی، مگر حیوان بلحاظ فرد حقیقت قلم اور عالم نباتات سے حقیقت لوحیہ کے ساتھ ہے جیسے لوح ارض جو قلم کے لیے اسی طرح نبات ارضی حیوان کے لیے ہے اور جیسے لوح ارض ہے کتابت قلم کے لیے ہے ایسے ہی نبات جسم انسانی کی محتاج ہے۔

نیز نباتات میں شعاع کا اعتدال نور کے موافق نہیں ہوا ہے مگر جس میں اعتدال ہو اور اس کی طبیعت موزون ہو تو اس سے جسم کے لیے صالح غذا اور عمدہ خون پیدا ہوتا ہے۔ یہ خون طاعات علویہ کی قابلیت رکھتا ہے رہا شیطان تو اس کو اس کا راستہ نہیں ملتا۔ اور اس خون میں فساد مثلاً جذام وغیرہ امراض واقع نہیں ہوتے۔

لیکن وہ نباتات جس کا نور شعاع پر شفاف ہو تو اس سے شہوت پیدا جس سے امتلا طبائع ہوتا ہے کیونکہ قوت شفافیہ جو نور کی رطوبات کو خشک کرتی ہے۔ اس میں جا نہیں سکتی حالانکہ نور رطوبت اور کثافت سے قریب تر ہے۔ دلیل یہ ہے کہ حرکت اس کی اسفل کی طرف ہے۔ جس سے افکار صالحہ پیدا ہوتے ہیں۔ اور تدبیر ممتزج سفلیات کی وجہ سے غذا حاصل کرنا اس کے بس کی بات نہیں رہتی۔ جیسے نتیجہ میراث نبری کا جو اس غذا سے جو پیدا ہوتا ہے جس میں نورانیت ہوتی ہے۔ تناول سے شہوت پیدا ہوتی ہے جس کو جلانے والی آگ ہے۔ حضرت آدم نے تناول کیا اور وہ جنت سے نکالے گئے۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو نور شعاع سے متصل ہوتا۔ اور بدن کی طرف عود نہ کرتا۔ اور کبھی اپنے ٹھکانے کی طرف واپس نہ ہوتا جس شخص پر یہ غلبہ ہوا اسے چاہیئے کہ شہرت نورانیہ کو جسمانیہ سے ترک کرکے تاکہ اس سے شیطانی وسوسے دور ہوسکیں اور وہ نبات جس میں شعاع نور غالب ہے۔ وہ دوائیں ہیں جن میں موافق غلبہ شعاع کے تفاوت ہے۔ بعض دوائیں زہر ہیں اور بعض تریاق ہیں لیکن وہ دوائیں جو شعاع کے باطن سے نکلتی ہیں ان سے مادہ سموم ختم ہوجاتا ہے۔ بسبب اجزائی جواہر اجسام کے جو متصل نور ہیں اور وہ جو باطن شعاع ہیں ہیں تو وہ منفرد ہیں جو اجسام کو اپنی کثیف ترکیب سے خاکستر کردی ہیں۔ دوا تفرقہ ڈالنے والی ہے ظاہر جسم میں لیکن نفس سے ممتزج ہوکر اس کو عالم علوی کی طرف پہنچاتی ہے۔ جس کا کشف رسولوں کے سوائے کسی دوسرے شخص کو میسر نہیں ان لوگوں میں یہ زہریلی دوا اثر کرتی ہے۔ کیونکہ وہ اس کی پوری کیفیت سے واقف ہوتے ہیں تم کو معلوم ہوگا کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زہر آلودہ گوشت نہایت بے تکلفی سے نوش فرمایا اور پھر بسبب عالیہ آپ پر کچھ بھی اثر اس کا نہ ہوا اکثر بزرگ ایسی دوائیں بناتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں۔ جن کو عام لوگ مفر خیال کرتے ہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان پر اسباب وجود کا کشف ہوتا ہے یہ لوگ علویات

کو سفلیات کے درجہ میں رکھتے ہیں۔ نیز کل کو کلی حیثیت سے اور جز کو جز کی حیثیت سے مشاہدہ کرتے ہیں اسی اصل کل چیزیں ان کی مسخر اور غیب کی کنجیاں ان کے قبضہ میں آجاتی ہیں۔

اکسیر حاصل کرنے کا مجرب وظیفہ

یاد رہے اسباب علویات دراصل شعشانیہ ہیں اور اسباب سفلیات کی شعاعیں نور سے ملی ہوئی ہیں اور اسی وجہ سے حیوان کو نباتات کی ضرورت ہوئی۔ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ نباتات پر یہ فیض نورانی ہے جو شخص ان تینوں مراتب کو سمجھ گیا وہ صنعت آلہیہ کے راز کو بھی پا گیا یاد رہے کہ نباتات کی لطافت کی وجہ سے اجرام کثیفہ میں بھی سر لطافت موجود ہے اور بسبب قوت شعشانی کے ایک عالم سے دوسرے عالم کی طرف انقلاب واقع ہوتا ہے۔ اتفاق اجزاء کے رنگینی کا اثبات اجسام میں ہے اور حجر مکرم ان سب خوبیوں کا جامع ہے جس کا باطن نور شعشانی سے منور ہے اور اس کا ظاہر ممتزاج نورانی ہے جو نباتات اور معدن سے ممزوج ہے اس سے مراد ہماری کیمیا نہیں بلکہ ہم کیمیائے سعادت مراد لیتے ہیں یعنی شعشانی ۲۳۱ اور ممتزج کو جمع کرکے اسراب جہل پر القا کیا جو ہر باطن کی طرف دل کو پلٹ دے اگر کبریت کو شہوت پر ڈالو تو نار احتراق اس کی دور کر دے گا اور اگر قلعی معاصی پر القا کر دے تو سر اطاعت کی طرف اس کو بدل دے گا اور یہ اکسیر موجود ہوگی۔ اور زیبق کو بہت جلد عقد کر دے گی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے[1] صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً۔

یاد رہے علم صناعی مجموعہ ہے نزدیک القلم کے کیونکہ اگر جسم پر اکسیر کا القاء کیا تو اس کو طبیعت سے تحلیل کر دے گا لیکن مرتبہ حق جلال تک پہنچ نہ سکے گا اور اگر موافق قدر معلوم کے ڈالا تو وہ عین باطن سے عین حقیقت کی طرف بطفیل علم ربانی منقلب ہو جائے گا۔

اگر معرفتِ حق بغیر ان حیلوں کے اجسام سے متقابل ہو تو اجسام مضمحل ہو کر تحلیل ہو جائیں گے۔ اور اگر اجسام پر قدر معلوم کے موافق معرفت کو القا کیا جائے۔ تو نہایت عمدگی سے اجسام اپنے عین باطن سے عین حقیقت کی طرف بطفیل علم ربانی فرود لوٹیں گے۔

معرفت الٰہی بھی کیمیائے سعادت ہے۔ اور یہی غناء اکبر اور درازی عمر ہے۔ اللہ ہم کو اس طریقت سے آگاہی عنایت فرمائے۔ فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللّٰهِ۔[2]

چھٹی وجہ سے یہ فیض ارادی ہے جو معدنیات پر منعکس ہوتا ہے۔ اور چونکہ غیب مختلف المراد ہے۔ جیسا ہم نے بھی بیان کیا اور مختلف المراد ہونا اس کا ظہور انواع اور اجناس کے لیے ہے۔ عالم محاط کے عالم محیط سے تباین حکمت کے لیے اور اختلاف علوم دراصل اشیاء متناہیہ اور آخرت غیر متناہیہ سے ہے اس سے لازم آتا ہے۔ کہ ہر عالم کے لیے ایک دار ہو اور ہر دار کے لیے ایک عالم ہو۔ یعنی متناہی کے لیے اور مطلق کے لیے ہو جو محال ہے۔ اسی لیے علویات کے ارتفاع اور انخفاض کا اختلاف عالم معدنی کی پیدائش کے لیے ہے۔ جیسے کہ معدن ظاہری طور پر ظہور علویات سے اور منکد رمنکدر سے پیدا ہوتا ہے ظاہر معدن سونا چاندی ہے۔ اور یہ دونوں متغیر نہیں ہوتے اور ان کے سوائے کل دوسرے معدن متغیر ہو جاتے ہیں۔ سونا ۲۳۱ کے نور سے ہے اور چاندی ۱۶۴ کے نور سے اور سیسہ ح مں کے نور سے ہے۔ اور لوہا خ م ر کے نور سے اور زہر ع ع کے نور سے اور زیبق م م ح کے نور سے ہے۔ اور قلعی م ع ح اح ع ح کے نور سے پیدا ہوتے ہیں اور

---

[1] رنگ اللہ کا رنگ ہے اور اللہ سے زیادہ اور کون رنگ دے سکتا ہے۔

[2] منقریب یاد کرو گے اس بات کو جو میں تم سے کہتا ہوں اور اپنا کام اللہ کے حوالہ کرتا ہوں۔

تمام انوار کرسی سے پیدا ہیں[1] جو معدنیات سے متصل اور یہ طریقہ کشف معدنیات سے وابستہ ہے۔ جب کہ نباتات نور اعلیٰ سے مخصوص ہوئیں۔ تو معدنیات ارادہ محیط سے مخصوص ہو گئیں۔ اور محمد رسول اللہ نے اس کی تشبیہ یوں دی ہے۔ اَلنَّاسُ مَعَادِنُ لَمَعَادِنُ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ۔ یعنی مومن اور عارف سونے اور چاندی کی طرح معدن ہیں۔ ان کے علاوہ لوگوں کا بیان نہیں کیا ہے کیونکہ وہ تانبے اور لوہے وغیرہ کے معاون کی طرح ہیں وہ تعلیمِ ایمانی میں داخل نہیں اسی لیے محسوسات کا تعرف معدنیات کے وجود سے اور نباتات محتاج ہیں معدنیات کے ساتھ ایمان لانے کے بلکہ معدنیات کے ایمان میں متصرف ہیں واقعہ یہ ہے اجسام مرکبہ اسرار نباتات یقیناً قائم ہیں نہ کہ اسرار معدنیات کے ساتھ کیونکہ معدنیات میں ارادہ علویہ کا راز ہے کیونکہ وہ اس کے ساتھ ہیں ورنہ عدم میں کوئی طاقت اور قوت نہیں ہے کیونکہ عدم نام ہے سکون محض کا اور اسی کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ فرمایا ہے قُلْ كُونُوا حِجَارَةً اَوْ حَدِيدًا لفظ حجارۃ سے اشارہ دوزخ کے ایندھن کی طرف اور لوہے سے اشارہ زنجیروں اور بیڑیوں کی طرف ہے۔ جن کا ظہور عالم جزا[2] میں ہوگا جس جسم خاکی کو انوار غیبی کا کشف نہ ہوا بلکہ وہ مثل پتھر کے جم کر رہ گیا اور اس کو علویات کے ادراک کی کوئی راہ نہیں ہے تو ایسے جسم والا موجب عذاب ہوگا۔ ایک وجہ یہ ہے کہ حیات اربعہ نے کون قدرت پر فیض مناسب ازمی طور سے غیر مدرک جہتہ اور شہور جاری کیا اور جہات سے فیض ظاہر کرنے والا حقائق معلومات پر علم ہے جو بزرگ ہے اس بات سے کہ اس کا ادراک کیا جائے نسبتاً اعمال اور بلاحظہ احوال سے وہ بلند ہے جبکہ فرمایا ہے۔

وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ اِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اس آیت میں استثناء لفظ اِلّا کیا تھا ہے تو اس کے خالص علم سے جو اللہ کی طرف مضاف ہے آگاہی بھی ہوئی اور علم اللہ کا اس کی صفت ہے اور صفت اس کی ص ذات اور علم اس کا کشف ہے۔ اس کے ماسوا سے کلی اور جزوی طور پر پھر جاری کیا اس نے علم سے فیض مثالی حقائق موجودات پر اپنے ارادہ سے میلے اور اس کی شان اس کے ظہور اور سماجت اور مکاشفہ اور احاطہ معارف اور مغیبات اور تغنیات اور اس کے کلیات سے واضح ہے اور وہ قائم ہے نشاۃ برزخیات لطیف کے ساتھ از روئے احسان اور بخشش پھر اس کے مطلق پر فیض کلی جاری کیا تاکہ وہ سبب ہو جائے۔ اس کتاب عزیز کے سننے کا اور پورا فہم کرنے اور حقائق حکمتوں کے منکشف ہونے کا اور اسی باعث اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ اپنے بندوں پر اپنے غیب کو اپنا کلام سننے کی ہدایت کی پھر اپنے علم سے فیض شعاعی کی بصارت دی جس وجہ سے کائنات کا ادراک ازل میں اور تکوینیات کا شہود ابد میں اور معلومات کا ظہور بصر میں ہوا اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو پھر کوئی شخص آخرت اور اس کی ذات بزرگ کی طرف نظر نہ کرتا یعنی اس کو اس کے ادراک کے ساتھ پایا وہی ادراک کرنے والا اور وہی ادراک کیا گیا ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ پھر بینائی سے اپنے فیض عمیم کو کلام قدیم پر جاری کیا جس کے سبب کلام سے فائدہ ہوتا ہے اور وہ ایسے کلام سے متکلم ہے جو اس کی صفت ذاتی ہے۔ اور مخلوق کے کلام سے بالکل الگ ہے الحاصل اس کے فیض کلام میں بینائی اور بینائی میں سماعت کا فیض اور سماعت میں ارادہ کا فیض اور ارادہ میں علم کا فیض اور علم میں قدرت کا فیض اور قدرت میں حیات کا فیض ہے اور حیات میں ذات کا فیض اور ایمان میں ذات کا فیض عقل میں حیات روح میں قدرت کا فیض نفس میں علم کا فیض قلم میں ارادہ کا فیض انسان میں سماعت کا فیض ترکیب میں بینائی کا فیض صورت میں کلام کا فیض ہے۔ غرضیکہ انسان پر اور چونکہ سابق بالقوۃ وتر ہے۔ اول بالقوۃ اور بالفعل دونوں طرح سے وتر ہے۔ اس

[1] اعداد و حروف کا بسط و کسر کر کے استنطاق ملائکہ کے بعد اسم الٰہی کی تلاوت سے سونا چاندی ہیرا اور زمرد وغیرہ بنائے جا سکتے ہیں۔

[2] عالم جزا سے مراد یہاں دوزخ ہے۔

لیے وتر ہونا اس سے متصل ہوا یعنی وہ اول اور آخر وتر ہے اور وہ یکتا ہے۔

سونا بنانے کی اکسیر

بعض بزرگ فرماتے ہیں جو شخص حکمت الٰہیہ حاصل کرنا چاہئے اسے اسم علیم کا بکثرت ذکر کرنا چاہیئے بعض اسم علام الغیوب کا ذکر اور بعض اسم حکیم کا مشورہ دیتے۔ یاد اور کے ساتھ یعنی یا علیم اور یا حکیم جو شخص اس طرح بکثرت ذکر کرے گا تو اللہ تعالیٰ غیب سے کسی حکیم کو اس کے پاس بھیجدے گا اس کو یہ صنعت سکھا دے گا۔ یا خضرؑ اس کو یہ صنعت سکھا دیں گے اور ایسی اکسیر بن جائے گی کہ اگر ہزار مرتبہ گلاؤ جب بھی رنگ نہ بدلے اور تپانے اور کسوٹی پر لگانے سے بالکل کھرا معلوم ہو۔

یہ نسخہ سرخ رنگتا ہے اس کو سرخ اجار اور سرخ ارواح اور سرخ سے عمدہ ترکیب و ترتیب سے بنادیا جائے تو ایک ماشہ اسکا دو سو ماشوں کو رنگ دیتا ہے اور اس میں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ سے مدد لی جاتی ہے۔

سونا بنانے کی ترکیب

ترکیب یہ ہے کہ راس صابون عمدہ (اگر اس نسخہ کے لیے خود تیار کرو تو بہتر ہے) ایک رطل لو اور نصف اسکے نمک بھی سفید لو اور نمک طعام و نطرون و پھٹکڑی و ہڑتال زرد و کسیس اور ابرک ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ پیس کر رکھو اور اس کے چہارم وزن سفیدی بیضہ مرغ یعنی انڈے کی جھلی ان سب کو ملا کر پھر آدمی کے سر کے بال جو بالکل سیاہ ہوں ان کی چکنائی صاف کر کے ان کو ایک دن رات پانی میں بھگو کر دھوپ یا ہلکی آگ پر رکھو اور مذکورہ دوائیں اس میں آمیختہ کر لو ان دواؤں کی تیزی سے بال حل ہو جائیں تو اس کو تقطیر کرو۔ اور صاف عمدہ عرق کو بحفاظت اپنے پاس رکھو پھر چاندی کو گلا کر اس کے تہائی وزن جست کو اس میں ملاؤ اور ان دونوں سے تگنا پارہ ان میں ملاؤ چاندی ایک جزو ہو۔ اول چاندی کو گلا کر اس کے اوپر جست ڈالیں اور دونوں کو ایک کریں پھر ان کو خوب باریک پیس کر ایک پیالہ میں ڈالیں ڈھک کر گل حکمت کر کے تصعید کریں۔ اور پھر اعلیٰ کو اسفل پر کر کے اتنا تصعید کریں کہ بالکل مٹی کی شکل ہو جائے گویا اب روح اور جسم جمع ہو گئے پھر نفس مصعّد کو اس میں اضافہ کرو نصف وزن کے برابر یہاں تک کہ روح اور جسم برابر ہو جائیں۔ پھر ان کو خوب سحق کرو۔ اور آب مذکور ڈالتے رہو تین دن متواتر پھر دھوپ یا آگ پر اس کو خشک کرو اور یہاں تک کہ سحق کرو کہ پانی قبول نہیں کرے تو پھر پانی میں اس کو ڈبو دو یہاں تک کہ سحق پورا ہو (یہ مزاج ثانی ہے جب یہاں تک عمل پورا ہو تو اس کو ایک شیشی میں بند کر کے تازہ لید میں دبا دو اور ہر ہفتہ لید بدل دو یہ دوائیں سفید پانی کی صورت میں حل ہو جائیں گے پھر جتنا تانبا چاہو اس پانی سے سفید کر لو جب بھی اس پانی میں تانبے کا ٹکڑا ڈالو گے سفید ہو گا اور کبھی رنگ نہ بدلے گا اگرچہ ہزار مرتبہ گلایا جائے۔

اگر چند بار اس پانی کو اسی طرح سے تحلیل اور تعقید کرو تو اکسیر کامل بن جائے گی ایک رتی دو سو مثقال تانبے کے لیے کافی ہے۔ یہ پارہ کو اور ہر دھات کو چاندی بنائے گی۔ علماء کے نزدیک اس نسخہ میں کوئی شک نہیں ہے۔ اگر اس میں بجائے چاندی کے سونا یا تانبا یا رصاص مصفیٰ ڈالا جائے اور پوری ترکیب مثل سابق کی جائے یعنی تصعد وغیرہ اور پانی کے نسخہ میں ہڑتال کے بدلہ کبریت احمر اور مرتیشا زرد اور سفید بیضہ کے بدل زردی بیضہ اور بالوں کے ساتھ تھوڑے خون بھی اضافہ کر کے باقی تمام ترکیب اور کل اجزاء بدستور سابق ڈال کر عمل کرو تو سرخ تیار ہو گا۔ جو پارہ کو سونا بنا دے گا۔

سونا بنانے کی ایک اور صحیح ترکیب

ایک نیک شخص سے مجھے یہ نسخہ ملا جو نہایت ہی صحیح ہے۔ ریچ۔ اہیض۔ ابلیلج اکمل۔ زرادق اہم قدرے تلعی میں ملا ہوا اور ندہ کھفر۔ ان سب کو خوب باریک پیس کر زیتون کے تیل میں لت پت

کرو اور درمیانی درجہ کی آگ پر اس کو پکاؤ اس کے بعد سیسہ گلا کر قدرے اس پر ڈالو سرخ ہو گا۔ آٹھواں حصہ سونا ملا کر کام میں لاؤ صنعت الٰہیہ کے اسرار تفصیل سے آئندہ ذکر ہوں گے۔

حجر مکرم کے خواص اور ان کے راز و اشارات

حجر مکرم کے متعلق قدیم حکماء نے بہت کچھ لکھا ہے۔ جس کی تاثیر بالفعل ہے۔ یعنی اس میں تدبیر سے پہلے ہی اثر ہے۔ اور اکثر فلاسفہ نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے کہ سب سے یہ حجر مثلث اور اس کے تین رنگ ہیں۔ جن سے نفس تابعہ روح واصلہ اور جسد ضابطہ مراد ہے اور یہ حجر متمیز ہے ہم نے اس میں مختلف رنگ اخذ کیے اور اس نے غلطی کی جو کہتا ہے کہ رنگ وہی ہیں جن اجساد نام رکھا گیا ہے۔ حالانکہ قدیم لوگوں نے اس پر اجماع کیا ہے کہ حجر اور تدبیر ان کے نزدیک تفصیل اور ترکیب اور حل و عقد اور نفس و روح اموات و حیات ہے۔ حالانکہ ان کلمات میں سے ہر کلمہ ایک دوسرے کی ضد ہے۔ جب سب کلمات جمع کر دو تب یہ عمل پورا ہو گا۔ ورنہ ہر کلمہ نصف عمل بنتا ہے مثلاً تفصیل اور ترکیب یا جیسے تکلیس اور تطہیر اور تبییض اور تصعید ان میں سے ہر کلمہ نصف عمل پر محمول ہے۔ اور سارا عمل کسی ایک کے بس کی بات نہیں۔ جب تفصیل کہا جائے تو اس سے لطیف اجزاء کا جدا کرنا مراد ہے۔ تاکہ ہر ایک میں تمیز ہو سکے اور کثیف خشک ہو جائے۔ اور اسمیں لطافت مطلق باقی نہ رہے۔ اور لطیف ایسا کہ بالکل روح ہو جائے۔ اور کثافت اس میں بالکل نہ رہے۔

ترکیب سے جمع مراد ہے۔ درمیان لطیف اور جمع ملتزم کے ہم شکل لطیف اور کثیف دونوں ہیں یہ دونوں شکل واحد میں ہوں اور رنگ طبعی میں اس طرح کامل ہوں کہ ایک دوسرے سے کچھ بھی زیادہ نہ ہو۔ یاد رہے جس جسم کو آگ سے تکلیس کیا گیا ہو اس کی روح جسم سے الگ ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اگر روح الگ نہ ہو تو جسم کبھی بھی نہ مرتا اور اس کی رطوبت ختم نہ ہوتی کیونکہ رطوبت ہی وہ چیز ہے جو آگ کا مقابلہ کرتی ہے تاکہ اس کے جسم کی شکل خراب نہ ہو جائے۔ معدنیات میں چاندی اور سونے کے سوائے کوئی جسم نہیں ہے کہ ان کے برابر آگ کا مقابلہ کر سکے ان دونوں کے سوا باقی اجساد کو جب آگ پر رکھا جاتا تو اس کے لطیف و کثیف اجزاء علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ اگر ایک جسم کو تکلیس کیا اور اس میں رطوبت کا اضافہ کیا اس رطوبت کے بدلہ جو اس سے خارج کرائی گئی ہے تو یہ محض تکلیف دی ہوئی اس رطوبت کے اضافہ کی ضرورت اس لیے ہے کہ طبیعت نے جو اس جسم میں رطوبت پہلے رکھی تھی معتدل نہ تھی اگر وہ معتدل ہوتی تو جسم اکسیر کامل ہوتا مگر ایسا نہ تھا لہٰذا اب اس میں رطوبت کے اضافہ کی پھر ضرورت ہوئی اور آگ کے بغیر یہ ترکیب ممکن نہیں۔ کیونکہ آگ ایسی چیز ہے۔ جو جسم کے تمام اجزاء جمع کرتی ہے اور بعض کو بعض سے ملاتی ہے۔ نیز جسم مختلفہ میں تفریق کرتی ہے۔ اسی وجہ سے بڑے بڑے حکماء کہتے ہیں۔ جس نے آگ کے راز کو نہ پایا وہ اس صنعت سے کچھ بھی نہ جانا سکا کیونکہ آگ کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ ہے۔ آگ روشن کرنے اور جلانے سے معلوم ہو گا کہ کس آگ سے یہ جسم گل سکتا ہے۔ تجربہ ضروری اور نہایت مشکل امر ہے۔ واضح باد جس جسم کی رطوبت آگ سے جاتی رہتی ہے۔ اور اس کے لطیف و کثیف اجزاء میں فرق ہو جائے تو اس کو نصف تدبیر اور نصف عمل اور مردہ کہا جاتا ہے۔

عمل کا دوسرا نصف حصہ

دوائے رطوبت کو کشتہ پر اس مقدار سے ڈالنا کہ وہ پوری طرح باہم مل جائے یعنی رطوبت اور کشتہ ہر دو ملکر ایک ہو جائیں کیونکہ کشتہ سے اس کی اصل رطوبت کو تدبیر کے ساتھ نکالا ہے۔ جب کسی چیز کو کشتہ کیا جائے تو یہ مٹی کی صورت ہو گی۔ اور اگر پھر اس کو آگ میں ڈالیں تو رطوبت اس کی جدا نہ ہو گی بلکہ باقی رہے گی اور اجساد ذائبہ میں کام کرے گی۔ اور یہ رطوبت

کچھ نقصان نہیں کرتی کیونکہ نفس نے اس کو آگ میں روک رکھا ہے۔ اور اگر یہ تنہا ہوتی تو بے شک نکل جاتی۔ اور جس وقت نکلتی تو نفسوں سے مقابلہ کرتی تاکہ آگ کا اثر اس کے اجزا تک نہ پہنچ سکے۔ اور تمثال اس میں سے نکل جائے اس میں حرارت صرف بوجہ مزاج ہے۔ اگر اس کشتہ کو آگ میں ڈالیں تو یہ رطوبت خارج نہ ہوگی۔ بلکہ جسم ذائب سے مل جائے گی۔ اور عاشق کی طرح اپنے معشوق سے چمٹی رہے گی۔ کیونکہ رطوبت اور نفس دونوں مل کر ایک چیز بن گئے ہیں قاعدہ ہے تاثیر غالب ہی کی اثر کرتی ہے۔ ان دونوں سے عمدہ رنگ پیدا ہوگا۔ کیونکہ یہ دونوں مثل ثانی کے ہیں۔ جس میں رنگ گھولا اور کپڑے کو رنگ لیا۔ حجروہ ایک رنگنے والی چیز ہے۔ اور رطوبت جو پانی ہے۔ جس کے ملنے سے جسم میں رنگت سرایت کر جاتا ہے۔ اب وہ ترکیب یاد رکھو جس سے رطوبت کشتہ میں داخل کی جاتی ہے۔ اس کشتہ کے اہل ہیں کئی نام ہیں۔ کلس۔ رماد۔ نقل۔ جسد۔ مقتول ارض عطشانہ واردہ شکلے۔ تراب۔ عکر۔ زبل۔ وغیرہ یہ سب کشتے ہیں۔ شیشہ کی کھرل میں ڈال کر زیبق محلول کا پانی ہم وزن ڈال کر حل کر و حل کرنے کے بعد پھر آگ پر رکھو تو سیاہ رنگ ہو جائے گا۔ جس کو نار اولی کہتے ہیں۔ پھر بطریق مذکور تسقیہ وتحلیل آگ میں رکھو پہلے قدرے کم سیاہ ہوگا۔ یہ نار ثانیہ ہے۔ جس کو ابن النار بھی کہتے ہیں۔ اور یہ پگھل جائے گا اور رطوبت اس کے اوپر ظاہر ہوگی حالانکہ اس سے پہلے پگھلا نہیں اہل صنعت کے نزدیک بلا اختلاف مسلمہ ہے۔ کہ جب اس طرح سے تحلیل وتسقیہ اور تشویہ ۴ بار مکمل ہو جائے۔ تو اس کا رنگ سفید ہوگا۔ کھرل میں ڈال کر کبریت محلول سے بطریق مذکور تسقیہ اور تشویہ کریں تین بار یہ عمل پورا ہونے پر بالکل سرخ تمہارے ہاتھ آجائے گا۔

شاگرد کے دریافت حجر مکرم پر فلسفی استاد کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حجر مکرم جوہر واحد ہے۔ جس کی دو قسمیں اور دو مختلف شکلیں ہیں۔ ایک روحانی دوسری جسمانی جزو اول وہ جس میں قمر و عطارد اور زہرہ حل کیے جائیں اور جزو ثانی وہ ہے۔ جس میں شمس و مریخ اور زحل عقد کیے جائیں اسی وجہ سے علماء اس حجر کو عالم صغیر کہتے ہیں۔ کیونکہ عالم کبیر کے افلاک و نجوم وغیرہ سب کے سب اس میں موجود ہیں۔

چاندی بنانا اب میں وہ ترکیب بتاتا ہوں۔ جسے تم اپنی جگہ خود کر سکتے ہو وہ یہ ہے کہ نوجوانوں کے سر کے بال کالے قرع انبیق میں رکھ کر آگ جلاؤ پہلے عرق نکلے گا۔ اس کو الگ رکھو۔ پھر دھواں نکلنا شروع ہوگا۔ اس وقت اس کے سر کو بدل دو دھواں باہر نکلنے دو اور ایک سیخ اس کے اندر ڈال کر ہلاتے جاؤ آگ تیز کر دو پھر ٹھنڈا کرو۔ اور وہ نوشادر جو قرع انبیق کے اوپر آگیا ہو اس کو اٹھا کر ایک برتن میں حفاظت سے رکھ دو پھر قرع انبیق میں سے بالوں کی راکھ بھی نکال لو (جس کو اصطلاح میں معنیا کہا جاتا ہے۔ اور ایک مٹی کے پیالے میں گل حکمت کر کے بہت تیز آگ میں (جیسے شیشہ گر یا لوہار کی بھٹی ہوتی ہے) سات دن متواتر رکھو تو زعفران جب سرخ کشتہ تیار ملے گا جیسے ایک شیشی میں حفاظت سے رکھ لو اور وہ سفید پانی جو پہلے بالوں سے نکلا تھا پھر سات مرتبہ اسے کشید کر دو اور جو کچھ اس کا ثقل باقی رہے (وہ مرتشیشا ہے) اس کو ایک برتن میں خوب گل حکمت کر کے جلاؤ پھر پانی اس میں حل کر کے پھر سات مرتبہ تصعید کرو اور ہر مرتبہ فضلہ کو پانی میں اتنا حل کر لو کہ کل فضلہ مثل کافور کے ہو جائے پھر اس فضلہ کو جسم زعفرانی اور نوشادر مذکور کے ساتھ ملا کر خوب کھرل کرو اور پہلے کا پانی ڈال کر تصعید کرو جس وقت سب پانی سوکھ جائے اور فضلہ بالکل خشک رہ جائے تو زیبق عربی معتلی اس میں ڈال کر اتنا کھرل کرو کہ سفیدی چمکنے لگے۔ پھر اس کو جس جسم پر ڈالو گے چاندی بن جائے گا۔

سونا بنانے کا ایک اور نسخہ اگر زرد بنانا ہے تو یہ ترکیب ہے کہ بالوں کی خاک کو ارض بھی کہتے ہیں، کو احمر کے ساتھ تسقیہ کر کے تصعید کرو یہاں تک کہ زرد ہو جائے (جس کو نحاس کہتے ہیں۔ اس کا پانی جو نکلا ہو اس کو علیحدہ رکھ لو پھر جسم زعفرانی

کو بارہ گنا زیادہ نکلے ہوئے محفوظ پانی میں ڈال کر، بار تصعید کر لو اور ہر بار فضلہ کو سحق کرو اور پانی میں ملاتے جاؤ پھر وہ تیل جو پہلی بار نکلا تھا۔ اس میں اس سے تین حصہ زیادہ پانی ملا کے تصعید کرو اور قرع انبیق کے نیچے دوپہر تک آگ جلاؤ اور ٹھنڈا ہونے پر کھولو تو سرخ پانی ملے گا اس کو پھر بالوں کی خاک میں حل کر کے تین بار تصعید کر لو اب یہ عمل ہو گیا اسے شیشے کے ایسے گلاس میں رکھو جس کا منہ کھلا ہو پھر اس کو قرع انبیق میں رکھ کر قرع کو تانبے کے برتن میں جس میں پانی رکھا ہو رکھو۔ اور نیچے آگ جلاؤ یہاں تک کہ رنگ گلاس کے اندر رہ جائے اور پانی سوکھ جائے تو ٹھنڈا کر کے ایک جز ارض کا اور ایک جز رنگ کا اور جز ایک ماء الحیات اور ایک جز نوشادر کا لے کر ان سب کو ایک شیشی میں رکھ دو اس کے منہ پر ایک دوسری شیشی رکھ کر دونوں کا منہ خوب مضبوط جوڑ دو اور گرمی ہو تو دھوپ میں ورنہ ہلکی آگ پر اتنا خشک کرو کہ سارا پانی ارض میں جذب ہو جائے۔ پھر اسکو پیس کر ایک شیشی میں اپنے پاس رکھ لو اور بوقت ضرورت ایک جز بیس جز پر ڈالو اور اللہ کا شکر ادا کرتے رہو۔

نسخہ سونا چاندی کی تفصیل

حجر اگرچہ ایک مفرد چیز ہے۔ لیکن بعض اس کو انسان کے بال بعض رانگ بعض نحو کہتے ہیں۔ اور دیگر مختلف اقوال بھی ہیں اس کی تدبیر کا ایک ہی طریقہ ہے۔ بعض نے بسط سے بعض کے تعلیم سے بعض نے رمز سے اور بعض نے ایسا خلط ملط بیان کیا ہے۔ کہ پڑھنے والا کچھ بھی نہ سمجھ سکے۔ مگر ہم نے سب اشاروں کو واضح اور صاف بیان کیا ہے۔ تاکہ ہر صاحب عقل اس کو سمجھ سکے۔

علماء صنعت گری کا بیان ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ فرد ہے حجر بھی فرد ہے۔ اس میں تکسیر از روئے فہم ہے۔ جب ہیں نے حجر کی تطہیر کا ارادہ کیا تو اس کو کئی اجزاء پر تقسیم کیا جو بہت سے اجزاء ہیں۔ اور ان کا ہر جز سے بہت سی چیزوں سے مرکب ہے اولاً انہوں نے ایک جزو کا ذکر کر کے کہا۔ کہ یہی ہے۔ پھر کہا کہ یہی جزو جب تک سفید نہ ہو رقیق ہوتا ہے جس پر کچھ غبار رہتا ہے گویا اس میں چکنائی ہے اور اس کو انہوں نے کئی نام دیئے ہیں۔ تجر۔ خمر۔ جیق۔ ماء السحاب۔ مطر۔ لبن۔ دہن۔ خل۔ بول۔ جو سب کے سب سیال اور مرکب ہیں۔ جب آگ کو تیز کیا۔ تو سفید ثقیل اور سفید و براق سے پانی مقطر نکلا جس کی چمک آنکھ کو خیرہ کرتی ہے۔ اگر شیشی میں رکھو تو اس کی تیزی سے مشتبہ ہوتا ہے۔ شیشی توڑ کر نکل جائے گا۔ اس کو حرکت دینے سے مختلف شعاعیں اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس کا نام انہوں نے زیبق عربی رکھا جس کی تاثیر سرد تر ہے پھر جب آگ کو تیز کیا۔ تو غلیظ تیل سیاہی مائل مقطر ہاتھ آتا ہے۔ اس کو زیبق شرقی کہتے ہیں تاثیر اس کی گرم و خشک اور رنگ ناری مزاج ہوتا ہے۔ مگر انحلال کا مادہ زیبق عربی میں ہے۔ جب وہ حل ہو گیا تو روحانیت صاف اور دوسرے کو رنگنے والی پیدا ہو گئی اور سفیدی یا سرخی کے لیئے زمین کو بلایا گیا۔ ارض اور ہوا اور نار یہ تینوں آب زیبق میں اتنا حل کیے جائیں کہ مثل غبار کے بن جائیں ان کی شعاع آنکھوں کو خیرہ کرتی ہے۔ اور قمر کی مثل سے یہ دوران کرتے ہیں۔ جب اس کی ہلکی آگ سے زمین کی رطوبت دور کی جائے۔ (اور یہی حکمت اس سے مراد ہے۔ تو یہ سب ایک پانی بن جاتا ہے۔ اور ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتا جسے ماریہ کہتے ہیں اگر تم کسی کتاب میں تشمیع یا تہیہ یا تقعید یا دم یا ضرب یا تحلیل یا تصعید یا تقطیر کے الفاظ دیکھو تو سمجھ لو کہ ان سب سے ایک ہی معنی مراد ہیں۔ کبھی ماء خالد منغیم میں جو رنگنے والا زیبق شرقی ہے۔ اور وہی نفس ہے۔ نفس روح کو رنگتا ہے۔ اور روح جسم کو رنگتی ہے۔ اور یہ بعید الصبغ ہے۔ یعنی وہ روغن جو متغیر نہ ہو کیونکہ ارواح صاعدہ جب اپنے جسد ارضی کی طرف رجوع کرتی ہیں تو ان سے علیحدہ ہونے کے بعد اور دونوں مل کر بھی صرف ایک شکل بن جاتی ہیں۔ اور ان میں سے ہر ایک اپنی طرف اشتیاق و اتفاق سے میلان کرتی ہے۔ یہ سب جمع ہو کر ایک دوسرے کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

اکثر سفل کو ارض وجسد وذہب وفضۃ ونحاس ورمل اور رماد وغیرہ نام دیتے ہیں یہ سب ایک ہی چیز کے نام ہیں بعض زیبق کو ماء اول کہتے ہیں۔ یہ خاص ارض مدبرہ ہے۔ جس کو آگ سے جلا لیتے ہیں۔ اور یہی صبغ ہے۔ اور اگر یہ خوف ہو کہ آگ اس کو بالکل ہی کھا نہ جائے تو اس کو چند بار پانی سے اتنا تسقیہ کرلو کہ سفید اور سخت ہو جائے کہتے ہیں۔ کہ زیبق رماد سے مل گیا، توم کی کبریت میں تین قوتیں ہیں۔ ایک قوت مولدہ دوسری مغذیہ تیسری ہاضمہ نار کی سات قسمیں ہیں نار تکلیس الجسد اور نار عقد الماء جس سے زیبق مراد ہے۔ اور عنصریہ جو مکانوں میں روشن کی جاتی ہے۔ اور نار طبیعت اور نار عقد[1]

حضرت ذوالنون مصری فرماتے ہیں آگ کے سات مراتب ہیں۔ اور تین اور ہیں جس سے دس پورے ہو جاتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ نار قوت طبعیہ کبریت میں موجود ہے جس کی تین قوتیں ہیں۔ مولدہ اور معدیہ اور ہاضمہ پس مولدہ تو نطفہ کو پیٹ میں ٹھیراتی ہے کہ بچہ پیدا ہو جاوے ایسے ہی مولد احمر ہے۔ احمر اول بچہ کی طرح ہوتا ہے جو آگ کی شدت پر نہیں ٹھہر سکتا جیسے بچہ سخت غذا نہیں کھا سکتا صرف دودھ ہی پیتا ہے اور بتدریج غذا کے قابل ہوتا ہے۔ ایسے ہی میزان اول لطیف ہوتی ہے اور پھر بتدریج قوت مرجیہ اسے ترغیب کرتی اور اس کا جسم بڑھاتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ جوان ہو جاتا ہے۔ پھر انحطاط اور نقص کی طرف پلٹتا ہے۔ ایسے ہی یہ مولود جو اس مرکب میں اور جو حالت نفس میں ہے۔ اپنے والدین سے جب منفل ہوتا ہے۔ تو ذرا سا عرق ہوتا ہے۔ پھر تھوڑا تھوڑا بڑھتا ہے۔ اس کو اکثر لوگ مرتبہ لبن کلبہ کہتے ہیں اس کی کئی اجزا سے ترکیب کی جاتی ہے۔ اسی طرح وہ لبن جو مرکب میں ہے۔ اوّل عمل کے وقت اس پر یہ عمل کرتا ہے۔ ان کے اجسام میں، تم اس کو کرو گے تو یہ عمل عظیم ہوگا۔ اس کے ہدم اور تحلیل میں تھوڑا تھوڑا اضافہ کرتے رہو جو اپنی انتہا کو پہنچے۔ پھر غایت صعود قدرے کمی کرتے رہو۔ بعضیہ ارضیہ میں بھی جو پھر رجوع کرے گا اپنے جسم عنصری کی طرف اس کی مثال اس زمین کی سی ہے۔ جس میں گھاس نہ ہو۔ اسی طرح روحیں بغیر جسم قائم نہیں ہوتیں اور اپنے مرکز کو تلاش کرتی رہتی ہیں۔ جن سے مراد نار اور ارض ہیں جس کا مرکز اسفل میں ہے اور اس کا اعلیٰ متصل ہے اسفل سے۔ چونکہ غذا بغیر حرارت اور رطوبت کے ہضم نہیں ہوتی اسی لیے بدم ایک قسم تعفین ہے اور تعفین حروف غلیظ الجد ہے۔ تم اس کو روح عواص بناؤ کیونکہ وہ جسم غلیظ تھا سخت تعفین کا اس صنعت کا بہت زیادہ استعمال ہے۔ اور تعفین ہی کے سبب سے غذا پک کر آنتوں میں جاتی ہے۔ اسی طرح حکما جب حجر سے صاف مادہ اخذ کرتے ہیں تو اس کو نفس اور ماء کبریت وغیرہ کہتے ہیں اور جو ثفل باقی رہا اسے زبل کہتے ہیں۔ اسی وجہ اپنی کتابوں میں حکماء نے تعفین کا بہت زیادہ بیان کیا اور کہتے ہیں کہ حجر کو زبل رطب کے ساتھ تعفین کیا جائے اس زبل سے یہی ثفل مراد ہے ورنہ اس کے سوا اور کوئی زبل نہیں ہے۔ جس کے ساتھ تعفین کی جائے۔ اور اسی لیے خالد کہتے ہیں کہ یہ طبیعتوں کو ایک جا کرتا ہے۔ جو شیشے کے غیر میں اصل ہے۔ طلب کریم کے ساتھ جمع نہیں ہوتا جس سے وہی زبل ہے اور یہ اس لیے ہے کہ علمائے صنعت کے قول نیران میں یہ معنی ہیں کہ نیران کا مثلث الکیان تین اجزا سے مرکب ہے۔ جو نفس روح اور جسم اور مرکب الکیفیتہ ہے یعنی اس کے چار طبائع ہیں۔ آگ۔ ہوا۔ مٹی۔ پانی اسی وجہ سے یہ سات ہو گئے جسم کا رنگ روح نکلنے کے بعد سیاہ ہو جاتا ہے جس کو زبل کہتے ہیں۔ یہ ظاہرًا سیاہ ہے مگر اس میں ایک جوہر صافی موجود ہے۔ حکماء کہتے ہیں۔ اس سے نہ خور و کہ طبائع غلیظ اور نہایت میلے ہیں۔ کیونکہ یہ سارا میل آگ سے صاف ہو کر نور واحد رہ جاتا ہے۔ سیاہی کا دور ہو کر سفیدی حاصل ہونا یہ سب کام پانی سے ہوتے ہیں۔ اور آگ اس کو معقود کرتی ہے اسی کو شرقی کہتے ہیں جب اجزاء ایک دوسرے میں مل گئے تو اس وقت ہوا گرم تر پیدا ہو جائے گی۔ اور نہایت قوی ہوگی جس کی قوت ارض بافتہ میں عمل کرے گا۔ نار عنصری اس کی خدمت گار

---

[1] اصل متن میں مندرجہ بالا صرف (۵) نام لکھے ہیں۔ مترجم۔

ہے اور نار طبعی اس کو ہدم کرتی ہے اور یہی نفس ہے بعض کا قول ہے۔ کہ نار وہ ہے جس کو نقش ابھارتا ہے۔ اور دوسری آگ وہ روح ہے۔ جو تغفین سے رنگ پیدا کرتی ہے۔

" ارواح کا ادہان سے ملنا" اس کے معنی ہیں کہ دھن کا زیبق ہے۔ اور ادہان متضاد کبریتوں کے لیے زیبق ہے۔ انہیں کے ساتھ قائم ہوتا ہے۔ اور یہ زیبق کے ساتھ قائم نہیں ہوتے ہیں۔ البتہ تعلیق اجساد ہوتی ہے۔ اور اس پر مزاوجت کے بعد قدرت حاصل ہو جاتی ہے۔ اور تحلیل سے بعد بھی بن جاتا ہے۔ اور تحلیل نہیں ہوتی مگر سیاہ حار جن کو تم کون میں داخل کرتے ہو اور حالت فساد میں داخل کرتے رہو۔

دو صفتیں ایک سرخ اور دوسری سفید پہلی صفت سونے کی اور دوسری صنعت چاندی کی ہے۔ اور ان کی معینا تین حجروں سے مرکب ہیں۔ روح اور جسمانی انثیٰ جس کو شوہر تحلیل کرتا ہے۔ اور انثیٰ زیبق غربی ہے۔ جس کی طبیعت سرد تر ہے۔ اور یہ زیبق شرقی کی گرم آگ کو تحلیل کرتا ہے۔ اور وہ اس کو ضعیف کرتا جاتا ہے۔ جب زیبق شرقی اور غربی داخل ہوں گے تو رنگ پیدا ہو گا۔ اور مغنیا ایک مرکب کا نام ہے۔ جب جسم اور روح اور نفس جمع ہوتے ہیں تو وہی زیبق ہے جس سے خلط مراد لیتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں۔ یہ رانگ ہے جس نفس شکل تین چیزیں ہیں۔ سیاہی سپیدی اور سرخی بعض کہتے ہیں چار چیزیں ہیں۔ رطوبت اور سرعت اذابت اور خشکی کیونکہ سیسہ کبریت ہے۔ جو جل جاتا ہے اور اسکی رطوبت کو حرارت نہ کھاتی ہے۔ اور یہی اس کا راز ہے اگر تم کہو کہ رطوبت کا خارج کرنا جو زمین ہے۔ اور وہی ہے جس میں خون باقی ہو جو اس سے نکلا ہے۔ تو وہ مرکب ہوا اور یہی کبریت محرقہ ہیں جن کا دور کرنا حکماء کا منشاء ہوتا ہے۔ جب وہ دور ہو گئیں تو جاتی ہیں۔ اور جسم بغیر ان کے باقی رہ گیا اس کے بعد حکماء نے اس راز کو آگے ظاہر نہیں کیا۔ حکماء کا ارادہ اس سے وہی تھا جو میں نے بیان کیا کہ معدنوں کو جب آگ کے ساتھ تدبیر کیا جائے تو جسم انسان کے لیے یہ زہر قاتل ہو جاتے ہیں۔ اور حجر مبارک کو اگر تدبیر کیا جائے۔ تو بہت سے امراض کے لیے شفا ہوتا ہے۔ اگر اس کے اجزائے مبارکہ کو جمع کیا جائے۔ اور پوری اکسیر تیار ہو تو ہر موزی مرض کے لیے تریاقِ شافی ہے۔ طب کے بہت سے معانی میں تصرف کرتا ہے۔ چنانچہ جابر بن حیان اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔ ایک عورت کو تھی جو انتہا درجہ کو پہنچ گئی تھی۔ میں نے اس کو قدرے حجر مکرم مدبرہ دیا جس کے استعمال سے وہ عورت بالکل تندرست ہو گئی اور اس کے اعضاء میں پیوست اور حرارت کا جو غلبہ تھا وہ بالکل جاتا رہا وہ غذا کھانے لگی اسے نئے سرے سے زندگی ملی۔ وہ ہر سال فصد کھلوایا کرتی تھی اب اس نے وہ بھی موقوف کر دی زیبق معدن کو جب فار میں مدبر کیا جائے تو وہ اکسیر ہو جاتا ہے اور حکماء کا قول ہے إِسْقُوا الْمُرَكَّبَ الْحُمْرَ حَتّٰى يُسْكِرُ سے مراد ہے۔ رنگ کا ارض پر داخل کرنا بعض دفعہ اس پر نار اور کبریت اور ماء کبریت اور ماء ذہب اور ماء عود یک اور ذہب اور شمس ڈالتے ہیں۔ ان سب ناموں سے رنگ کا زمین یعنی جسم پر داخل کرنا مراد ہے۔ جب یہ پانی زمین اور رنگ کے ساتھ جمع ہو گیا تو اس میں کبریت و زیبق سب جمع ہو گئے اور بعض مرتبہ ان اجزا کو کبریت احمر بھی کہتے ہیں۔ جس سے اکسیر مراد لی جاتی ہے۔

فن صنعت سے متعلق چند امور

فن صنعت میں جن امور سے طالب کو خوف ہوتا ہے وہ دو طرح کا ہے۔ ایک تو مدت تدبیر اور دوسرے القاء اکسیر مدت کے بارے میں تو بہت زیادہ اختلاف ہے اور مدت ان چیزوں میں سے نہیں ہے۔ جس کو بیان کیا جائے۔ اوسط درجہ تین مہینے ہے جابر فرماتے ہیں۔ تجربہ کار آدمی عمل کو مختصر کر سکتا ہے۔ اور کوئی خرابی عمل میں نہیں آتی اور نجد اہم نے بھی قلیل سی مدت میں اس کو بنا لیا تھا۔ اور یہ میں اس لیے کہتا ہوں تاکہ معلوم ہو جائے کہ مدت کی کچھ قید نہیں۔ مثلاً تم گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کر کے ہانڈی میں رکھ کر گلاؤ گے تو بہت دیر میں پکیں گے۔ اور چھوٹے ٹکڑے یا قیمہ کر کے آگ میں بھونو گے یا گرم پانی میں ڈالو گے۔

تو جلد گل جائے گا۔ مگر یہ بات معادن میں نہیں۔ کیونکہ وہ سخت اور عسیر الانفعال ہیں۔ لیکن القاییتی اکسیر کے جسم پر ڈالتے میں حکماء کا بہت اختلاف ہے۔ اور بے حد اس امر کو پوشیدہ رکھا ہے مگر میں واضح طور پر بیان کرتا ہوں۔ جب تمہارا مطبوع یعنی اکسیر آگ پر ٹھہرنے کے قابل ہو جائے۔ اور طبیعت اس بچہ کی طرح صحیح ہو جس کے باپ نے کامل طور سے اس کی ماں کے رحم میں منی ڈالی۔ اور رحم نے بھی عمدہ طریق سے اس کو قبول کر لیا اور حمل کی مدت بھی صحیح گزر گئی اور بچہ پیدا ہو کر صحت کے ساتھ پرورش ہوا اور رضاعت پوری کر کے طاقتور انسان بن گیا بس یہی حال اکسیر کا ہے۔ کہ جب اس کو پوری طرح مدبر کر لیا تو یہ

ایک تولہ اکسیر سے ایک کروڑ تولہ چاندی کو سونا بنانا

ایک تولہ اکسیر ایک کروڑ تولہ چاندی کو سونا بنا سکتی ہے۔ اگر عمل میں کوئی خطا ہو گئی تو اس خطا کے موافق اس اکسیر کی جودت اور تاثیر بھی کم ہو جائے گی۔ اور یہ خطا اکثر اجزاء کی مقدار اور طریقہ ترکیب میں ہوتی ہے صنعت گری میں اس سے زیادہ مشکل کام کوئی نہیں ہے۔ ضروری ہے کہ ان دو باتوں کو حاصل کرو ایک تو اجزاء کے اوزان کی تحقیق کرو۔ کیونکہ ان کو حکماء نے بہت ہی راز میں رکھا ہے۔ سوائے ان کے جیسے حکماء کے دوسروں کو نہیں معلوم یا جس کو وہ خود دکھائیں اور وہ شخص کئی بار اپنی آنکھ سے خود دیکھ لے دوسری بات اجزاء کو ملانے کا ہے۔ کس جزو کو پہلے ملائیں اور کس کو پیچھے۔ اور اس بات کی بڑی احتیاط کرنا چاہیئے کہ ہر جزو کو اس کے وقت پر ملایا جائے۔ نہ پہلے نہ پیچھے مثلاً جو وقت پانی ملانے کا ہے۔ یعنی پارہ کا اس وقت آگ یعنی گندھک داخل نہ کی جائے اور اسی طرح جب گندھک داخل کی جائے تو پارہ داخل نہ کیا جائے بلکہ ہر ایک اپنے وقت پر ملایا جائے یہ طریقہ حکماء نے واضح نہیں کیا بلکہ خلط ملط کر گئے۔ جیسی آگ کی ضرورت ہے ویسے ہی پانی کی بھی ضرورت ہے۔ جس پانی میں رنگ حل ہوتا ہے۔ اس پانی کو رنگ کے لیے رکھ چھوڑتے ہیں اور نئے سرے سے دوسرا پانی تیار کر کے زمین کو پلاتے اور تدبیر کے ساتھ اس کو سفید بناتے ہیں۔ شاہانہ تدبیر بادشاہوں ہی کے لائق ہے اس کی سہولت اور آسانی کو دیکھ کر تم اس کو ظاہر نہ کرنا اگرچہ وہ تمہارا لڑکا ہی کیوں نہ ہو۔ اور اگر ظاہر کیا تو یاد رہے کہ بہت شرمندہ ہونا پڑے گا۔

جس دھات کو چاہو سونا بنا لو

جو شخص کہتا ہے کہ حجر بیضہ ہے۔ اور اپنے اس قول کو صحیح ترجانتا ہے۔ اگرچہ ہم نے بذات خود اس کا تجربہ نہیں کیا۔ مگر میں اس کو سچا ضرور جانتا ہوں۔ وہ کہتا ہے کہ انڈے چھلکے جتنے ہو سکیں صاف کر کے جوش کر دو (اور اس کے اندر کے باریک چھلکے کو دور کر دینا) پھر خشک کر کے باریک پیس کر ایک ہنڈیا میں بھر کے گل حکمت کرو اور سات دن متواتر تیز آنچ دو کشتہ تیار ہو جائے گا (اس کا کلس البیض کہا جاتا ہے۔) پھر ایسا برتن جس میں تنو انڈے آجائیں اور بیچ میں اس برتن کے سوراخ ہو تاکہ انڈوں کا عرق اس سوراخ سے باہر نکل آئے) اس برتن کو ایک گڑھے میں رکھو گڑھے کے اندر شیشی برتن کے عین مقابل ہو۔ تاکہ جو پانی انڈوں سے خارج ہو وہ اس شیشی میں جمع ہو سکے۔ پھر انڈوں والے برتن پر ایک مٹی کا طباق ڈھک کر اس پر تھوڑی راکھ بچھاؤ اور اوپر اپلے رکھ کر ایک پورے دن آگ جلاؤ (انڈوں کی آواز تمہارے کان میں آئے گی اور شیشی میں عرق جمع ہونا شروع ہو گا۔ جب تمام عرق نکل آئے تو ایک ساعت اس کو ٹھنڈا ہونے دو پھر شیشی نکال کر فوراً بند کر دو (ایسا نہ ہو کہ اس میں سے بخارات نکل جائیں۔ کیونکہ یہی بخار در اصل روح ہے) پھر اس شیشی کو گرد و غبار اور دھوپ سے بچاؤ اس کے بعد کلس البیض جتنا چاہو شیشہ کے برتن میں جس کا ڈھکنا بھی شیشے کا ہو رکھو اور کلس البیض سے تین حصہ زیادہ یہ عرق اس پر ڈال کر سات دن رکھو پھر یہ عرق تمار کر روئی کے کپڑے میں اس طرح نچوڑو کہ ذرا بھی فضلہ نہ آئے بلکہ خالص عرق آئے پھر اس عرق کو محفوظ کر لو اور کلس اوّل ایک اوقیہ لے کر نصف اوقیہ اس میں عرق ملا کر ڈال کر اس کو ایسی شیشی میں رکھو جس کا عرض وطول ۶ انگشت کم

ایک بالشت کا اور اونچائی ایک بالشت ہو۔ اور ڈھکنا بھی شیشے کا ہو۔ پھر اس شیشی کے ڈھکنے گل حکمت کر دو اور یہ شیشی ایک ہنڈیا میں رکھ کر چولہے پر رکھو اور اوپر تک خوب پانی بھر دو کہ پوری شیشی ڈوبی رہے۔ فقط گل حکمت کی جگہ اوپر رہے۔ اور اس ہنڈیا کے نیچے آگ روشن کر کے دیکھتے رہو کہ کہیں سے بخارات گل حکمت کو توڑ کر نکلے تو فوراً بند کر دو اصلی راز اسی بخار میں ہے اور آگ پر نظر ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہنڈیا کا سارا پانی سوکھ جائے اور شیشی ٹوٹ جائے جب دیکھو کہ شیشی کی اندر کی چیز بالکل خشک ہو گئی ہے۔ تو آگ بجھا کر پانی کے ٹھنڈا ہونے کے بعد شیشی کھول کر اس میں پھر عرق مذکور ایک تہائی ڈالو اور مکرر یہی عمل کرو یہاں تک کہ قوس و قزح کے رنگ ظاہر ہو جاویں ہر مرتبہ عرق بقدر ایک تہائی ڈالتے رہو۔ جب یہ دوا اس صفت سے تیار ہو جائے تب یہ دوا ایک درم چاندی یا سونے پر ڈال کر اس کو کشتہ کر لو پھر اس کشتہ کو جس معدن پر ڈالو گے اگر وہ معدن سونے کا ہے تو سونا اور چاندی کا ہے۔ تو چاندی تیار ہو گی سب معدن برابر ہیں۔۔۔۔ چاندی۔ شیشہ۔ تانبا۔ لوہا۔ قلعی۔ رانگ ان میں سے جس پر ڈالو گے مطلب پورا ہو گا۔

عمل دیگر جو عمل حجر سے علیحدہ ہے جس کو خوانی کہتے ہیں

اس عمل کو حکماء نے بادشاہوں کے لیے کیا جو بسبب سہولت انہیں کے لائق ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ مریخ صاف شدہ از زہرہ منقطوعہ النظل ان دونوں کو گلائیں اور قمر وزن ۳ شمس ۴ ان دونوں کو بھی گلائیں اور پہلے گلے ہوئے پر گرم گرم ڈالیں تاکہ سب مل کر ایک جان ہو جائیں۔ پھر جدول ثانی سے قمر ۲ شمس ا گلائیں۔ اور زہرہ ۳ اور مریخ ۴ گلا کر بسوک اول پر گرم گرم ڈال کر پھر ایکجان کر لیں بعد ازیں ان دونوں مجموعوں کو پھر گلا کر ایک جا کر کے ان کو بڑے ہتھوڑے سے خوب کوٹ کر پارہ مصفی ہم وزن لے کر تین بار اس میں سے اڑائیں اور پھر گلائیں عمل درست ہو گا۔

میزان کی ترکیب استرال مریخ یہ ہے

مریخ	۱	نار
زہرہ	۲	ہوا
قمر	۳	ماء
شمس	۴	تراب

شمس	۱	نار
قمر	۲	ہوا
زہرہ	۳	ماء
مریخ	۴	تراب

کہ مریخ یعنی لوہے کا ایک اوقیہ برادہ، ہموزن صاف شدہ پارہ میں ملاؤ اور ساڑھے تین ماشہ زنگار اور عرق لیموں ڈال کر خوب حل کرو۔ جب وہ ٹھیک حل ہو جائے۔ تو نصف اوقیہ نوشادر اور تین ماشہ سہاگہ ڈال کر دوبارہ حل کرو پھر زاج اور نوشادر اور نطرون اوپر نیچے رکھ کر تین بار گلاؤ عمل تیار ہو گیا۔

زاج یعنی شیشہ کی تکلیس کا قاعدہ یہ ہے۔ کہ اس کو آگ پر سرخ کر کے تین مرتبہ سرکہ میں بجھاؤ جو مکلس ہو گیا۔

غسل مریخ کا قاعدہ یہ ہے کہ مریخ ہم وزن نمک اندرانی پیس کر انڈے کی سفیدی میں حل کر کے کٹھالی میں آگ پر رکھو جب سرخ ہو جائے تو نکال کر ٹھنڈا کر کے کھرل کر لو اور پھر مکرر عمل کرو یہاں تک کہ میل صاف ہو جائے۔

تزیین قمر کا قاعدہ یہ ہے کہ بنولے اور پھٹکڑی اور آدمی کے سر کے بال ان تینوں کو پیس کر قطران میں گولیاں بنا لو اور چاندی کو گلا کر ان گولیوں پر ڈالو یہاں تک کہ اس کا رنگ بہتر اور خوب نکھر آئے۔

قطع ظل زہرہ کا قاعدہ یہ ہے کہ نطرون اور پھٹکڑی اور نمک اور ہینگ ان چاروں کو الگ الگ پیس کر باہم ملاؤ اور پھر حل کر دو اور ایک بینگن پختہ کو باریک کر کے تین بار شراب میں ڈالو اور صاف کر کے دوپہر تک مذکورہ دوا اس میں ملا کر ۸ حصے کر دو اور تانبے کے ٹکڑے پر یہ دوا لگا کر گرم کر دو پھر

میٹھے پانی میں بجھاؤ پھر اوزان مذکورہ کے موافق عمل کرو اور پھر اللہ کا شکر بجالاؤ کہ مطلب پورا ہو گیا۔

ایک اور دوسری ترکیب یہ ہے۔ کہ مریخ احمر مستنزل ۸۔ زہرہ مروبغہ ۵ قمر ۴ شمس ۸ ملالو تو شمس خالص تیار ہو جائے گا تحمیر مریخ کا قاعدہ یہ ہے کہ ایک اوقیہ لوہے کا برادہ تین ماشہ زاج قبرصی سبز تین ماشہ زنجفر تین ماشہ سرخ گندھک ان سب کو انڈے کی زردی میں گھیپ کر حل کرو اور مات بھر آگ دو یہاں تک کہ برادہ سرخ ہو جائے پھر اس کو زیت اور نظرون مشوی اور سہاگہ میں گلا کر ٹھنڈا کرو تو سرخ ہاتھ آئے گا۔

روبغہ زہر کا قاعدہ یہ ہے ایک اوقیہ تانبے کو گلا کر شورے اور قرار ابیض کو پیس کر بقدر ڈیڑھ اوقیہ کے اس پر تھوڑا تھوڑا ڈالو تو عمل درست نظر آئے گا۔

عقاقیر اور اس کی اقسام

عقاقیر کی تین قسم ہیں۔ ترابی۔ نباتی۔ حیوانی اور ترابی یعنی خاکی کی چھ قسم ہیں۔ ارواح۔ اجساد۔ احجار زاجات املاح۔ بوارق۔ اور ارواح کی چار قسم ہیں۔ زیبق۔ نوشادر۔ کبریت۔ زرنیخ اجساد (۷) ہیں سونا۔ چاندی۔ تانبہ۔ لوہا۔ سیسہ۔ رانگ۔ جست۔ احجار (۱۶) ہیں۔ قرقشیسا۔ مغنیا۔ اوس لاجورد۔ رہنج۔ فیروزہ۔ شاذنج۔ شک۔ سرمہ۔ ابرک جیس زاج۔ زاجات قلقند۔ قلقطار۔ سوری۔ بوارق ۶ ہیں۔ بوارق جبری۔ بورق۔ صناعہ۔ تنکار۔ بورق احمر۔ بورق راوند۔ بورق الغرب۔ املاح ۱۱ ہیں۔ ملح الطیب اور ملح مرار طبرزاد اندرانی۔ ابیں اور نفطی۔ ابیں۔ ہندی اور چینی اور ملح الرماد۔

کیمیا میں کارآمد اور نبات

عمدہ پارہ وہ ہے جس کا رنگ سپید ہو اور رقیق ہو۔ جب اس کو کپڑے میں رکھ کر نچوڑو تو مادہ پورے کا پورا نیچے آجائے۔ اور کپڑے میں کچھ باقی نہ رہے۔ نوشادر کی دو قسمیں ہیں۔ ایک معدنی جو عمدہ اور تیز ہوتا ہے اور یہ سمرقند میں پیدا ہوتا ہے اور دوسرا زرد یہ صنعت میں کام نہیں آتا۔ اور یہ نوشادر نجاست کا ہے۔ اگر اس کو پگھلاؤ۔ تو پگھل جاتا ہے۔ ہڑتال چھ قسم کی ہوتی ہے۔ سرخ جو نایاب ہے۔ زرد بے چمک مثل سندرس کے ہے جو سخت مثل ہاتھی دانت کے ہوتی ہے اور مٹی میں ملی ہوئی سیاہ کنکریلی ہوتی ہے۔ قرقشیسا ۴ قسم کی ہے۔ ابیض فضی۔ اصفر ذہبی۔ احمر نحاسی۔ اور اسود حدیدی۔ مغنیا کے بھی کئی رنگ ہوتے ہیں۔ سیاہ جس میں آنکھیں ہوتی ہیں۔ بعض سیاہ ٹکڑے ہوتے ہیں۔ جو نر ہے اور ایک سرخ ہوتی ہے جس میں چمکدار آنکھیں ہوتی ہیں۔ اور یہی سب سے اچھی ہے۔ روس کی دو قسم کی ہے۔ ایک اصطخری۔ اور دوسری ماء الحدید۔ توتیا بھی کئی قسم کا ہوتا ہے۔ سبز ٹکڑے۔ زرد حجری اور محمودی اور سبز کرمانی اور قشوری۔ اور سفید اور ازرق اور ہندی یہ سب توتیا کی قسمیں ہیں۔ رہنج یہ ایک سبز رنگ کا پتھر۔ خط دار ہوتا ہے۔ نگینے اس کے بکثرت بنتے ہیں۔ یہ نیا اور پرانا مصری اور خراسانی ہوتا ہے۔ مگر سب سے بہتر نیا کرمانی ہے۔ لاجورد کی ایک ہی قسم ہے۔ اس میں سرخی اور چمکدار آنکھیں ہوتی ہیں۔ اور یہ سبز ذہبی ہوتا ہے۔

ساذنج یہ ذہبی ہے۔ جو سونے کے رنگ کو سرخ کرتا ہے کیونکہ اس کی اصل جوہر نحاس ہے۔

شک دو قسم کا ہوتا ہے۔ سفید اور زرد اور یہ چاندی کی کان سے برآمد ہوتا ہے۔

سرمہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ معصمت زجاجی اور محبب اصفہانی۔

ابرک کئی قسم کا ہوتا ہے۔ یمانی۔ بحری۔ جبلی۔ جب اس کو کچلیں تو اس کے ورق بالکل الگ ہو جاتے ہیں سب سے بہتر قسم یمنی ہے۔ اس کے بعد بحری سفید ہے جس میں سرخ معدن شامل ہوتا ہے۔

زجاج کی چند قسمیں ہیں۔ جو ریت اور بجی سے بنایا جاتا ہے سب سے بہتر شامی ہے جو صفائی میں بلور کا مقابلہ کرتا ہے۔ اور ایک زردی مائل سخت ہوتا ہے۔ جس میں چمکدار آنکھیں ہوتی ہیں۔ اس کو رنگ ریز استعمال کرتے ہیں اور اس کے چھوٹے چھوٹے زرد ٹکڑے نیلہ عجمی کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اور یہی سب سے بہتر زجاج ہے پھٹکڑی کی بھی کئی قسمیں ہیں سفید یمانی خط دار اور طبر زردی مائل اور شامی سفید مٹی سے ملی ہوتی ہے اور کچھ سبزی بھی ہوتی ہے۔ اور شب مصری زرد ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ کار آمد شب سفید ہے۔

قلقندس سفید یا قلقندس سبز دراصل کیس کو کہتے ہیں اور قلقطار زرد بھی کیس ہی کا نام ہے۔

اور سوری سرخ بھی کیس ہی ہے اور یہ چاروں کم یاب ہیں۔ سب سے عمدہ سوری ہے جو سرخی کے لیے کام دیتا ہے اور قبرص کی کان سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اصل اس کی پھٹکڑی اور کیس ہے جسے پانی کی رو بہا کر گڑھوں میں لے جاتی ہے جہاں سورج کی حرارت سے یہ جم جاتا ہے۔

حکماء وقت ضرورت خود بھی بنا لیتے ہیں۔ جس کی ترکیب یہ ہے کہ سفید اور عمدہ پھٹکڑی حل کر کے صاف کر لو اور کیس کو بھی صاف کرو۔ پھر تانبے کا برادہ اس میں ملاؤ۔ تاکہ سبز ہو جائے۔ اور صاف کر کے تانبے کی پتیلی میں ڈال کر آگ پر رکھو۔ اور اس کا بیسواں حصہ نوشادر اس میں اضافہ کرو پھر اتار کر ٹھنڈا کر لو یہ جم جائے۔

اس سے زیادہ بہتر طریقہ یہ ہے زرد کیس کو پانی میں گھول کر زاج کے برابر زنگار داخل کر کے چند روز چھوڑ دو۔ پھر صاف کر لو جو عقد ہوگا۔ ایک ترکیب یہ ہے کہ زاج کو حل کر کے صاف کر لو۔ پھر زعفران ملا کر پکاؤ۔ پھر سرخ کر دو تو منعقد ملے گا۔ بعض اوقات شوشا بھی اس کے قائم مقام سمجھی جاتی ہے۔

قلقطار کی ترکیب یہ ہے زاج کو پانی میں حل کر کے صاف کر لو۔ اور اس کے چوتھائی حصہ کے برابر آب سفرہ مقطورہ اس میں ملا کر اسے کھودو تو منعقد ہو جائے گا۔

سوری بنانے کی ترکیب یہ ہے زاج کو پانی میں حل کرنے کے بعد زنگار ڈال کر گرم کر لو پھر ٹھنڈا کر کے منعقد ملے گا۔ جو سرخی میں کام دیگا۔ یہ معدنی سے بھی عمدہ ہے۔

بلورق کی تین قسموں میں سے ایک بورق جبری اور دوسری بورق صناعہ ہے جو سفید شورہ کی طرح ہوتی ہے اور اکثر دیواروں کی جڑوں میں دکھائی دیتی ہے تیسری بورق رادندی ہے جس کا رنگ سرخ اور چمکدار ہوتا ہے یہ سب سے بہتر ہے۔

سہاگہ بھی ایک قسم کا بورق ہے جس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ملح قلی سفید ایک حصہ بورق سفید تین حصہ ہر دو کو حل کر کے بھینس کا دودھ اس پر اتنی مقدار ڈالو کہ سب دوائیں دودھ میں بالکل ڈوب جائیں۔ پھر اس کو پکا کر منعقد کر لو۔ پھر اس کی گولیاں بنا کر دھوپ میں خشک کر کے استعمال کرو۔

اس سے بھی اچھی ترکیب یہ ہے کہ سفید نمک سجی نطرون بورق صاف نمک اندرانی نمک پیشاب اور نوشادر ہم وزن لے کر سب کو باریک پیس کر گائے کے دودھ میں ملا کر تین بار خشک کر لو۔ اور گولیاں بنا کر دھوپ میں خشک کر لو۔ کار آمد ہیں۔

نمک کو چونہ۔ سفیدی کے پانی میں گھول کر دو تین دن بعد نتھار کر اس پانی کو نمک ملے گا۔

نمک پیشاب کی ترکیب یہ ہے کہ سات سیر پیشاب کو ایک قرابہ میں بھر کر چالیس روز سخت دھوپ میں رکھو جب وہ منعقد ہو جائے گا تو نمک ہوگا۔ اگر گرما کا موسم نہ ہو تو اس قرابہ کو گل حکمت کر کے گرم راکھ پر رکھ دو جب راکھ سرد ہو جائے۔ اس کو ہٹا کر دوسری گرم راکھ پر رکھو۔ یہاں تک

کہ پیشاب منعقد ہو جائے۔

ایک بہتر ترکیب یہ ہے کہ جو چیز جتنی چاہو اسے پورے ایک ماہ تک پانی میں بھگو رکھو پھر اسے تمار کر بحساب فی رطل چار اوقیہ نمک بھی ملا کر رکھ دو جو تین دن بعد بلور کی طرح کا جما ہوا ملے گا۔

بعض نے کہا بہتر یہ ہے کہ دو مہینے تک بھگو رکھو پھر تقطیر کر کے ہر رطل میں نمک ملا دو۔ اور ثفل کو تکلیس کر لو تو تین دن میں مثل بلور کے منعقد ملے گا۔

عقاقیر ثابتہ کے خواص

حکماء کہتے ہیں سب سے بہتر چیز انسان میں مسیحی خوشبودار ہے۔ جس سے حکما اکسیر بناتے ہیں اسی طرف اشارہ کر کے انہوں نے اسے پوشیدہ رکھا ہے۔ جو دس ہیں۔ بال۔ کھوپڑی۔ دماغ۔ پتہ۔ خون۔ دردہ۔ پیشاب۔ بیپ۔ بیضہ۔ سینگ۔ مگر ان سب میں زیادہ عمدہ بال ہیں۔ پھر دماغ پھر بیضہ۔ پھر سیپ پھر خون وغیرہ۔

پارہ کا عقد جتنا پارہ صاف کرنا ہو رائی میں اسے تین گھنٹے تک خوب حل کرو یہاں تک سیاہ ہو جائے۔ پھر سرکہ اور نمک میں پکاؤ یہاں تک کہ زرد ہو جائے پھر زمین میں ایک گڑھا کر کے اس میں یہ رکھ دو اور تھوڑا سا زیت کلوڑے کے اس پر لگا دو تا کہ مٹی صاف ہو پھر ابیض متحول اسکے اوپر چھڑک دو اور سیسہ اور رانگ پگھلا کر اس کے اوپر اتنا ڈالو کہ ایک انگل اس پر چڑھ جائے چند بار اسی طرح کرو تو پارہ پتھر کی طرح منعقد ملے گا۔

تکلیس مریخ کی ترکیب یہ ہے لوہے کا برادہ جتقدر چاہو قدرے نوشادر کے پانی میں کئی ہفتے تک بھگو کر رکھو پھر خوب حل کر کے کٹھالی میں ڈالو صبح سے دوپہر تک آگ پر رکھو پھر گرم ہاون میں ڈالو اور نظرون کا پانی اس پر چھڑک کر کوٹتے جاؤ یہاں تک اسفیداج کی مانند ہو جائے پھر اسے گندھک میں سفید کر کے ایک اوقیہ لے کر عمدہ روغن زیت میں حل کر دو اور کپڑے سے خوب چھان کر مٹی کے مضبوط برتن میں گل حکمت کر کے کمہار کے آوے میں ایک رات رکھو اور اسی طرح تین بار مکرر عمل کرو۔ برادہ مثل سفیدہ کے ہو جائے گا۔ ایک درم یہ کشتہ ۸ درم صاف قلعی پر ڈالو تو چاندی ہاتھ آئے گی۔ پھر مزید دو درم چاندی اس میں ملا کر گلاؤ۔

قلعی کی تکلیس

قلعی کے باریک باریک ریزے کر لو اور نمک کو پیس لو اور ایک کلیا میں ایک تہہ نمک کی اور اس پر اوپر ایک تہہ قلعی کی پھر ایک تہہ نمک کی اور اس پر ایک تہہ قلعی کی دیتے ہوئے کلیا کو بھر دو اور گل حکمت کر کے آگ دو پھر آگ سے نکال کر میٹھے پانی سے قلعی کو خوب دھو لو کہ تمام نمک اس سے الگ ہو جائے پھر خشک کر کے بطریق مذکور گل حکمت کر کے خشک کر کے پھر آگ دو یہاں تک کہ قلعی سفیدے کی طرح ہو جائے تو زیت اور نظرون کے ساتھ پیس کر ایک باریک کپڑے میں باندھ کر گل حکمت کرو۔ اور خشک ہونے کے بعد لوہے کی ہنڈیا میں رکھ کر اس کا منہ بند کر کے ایک دن رات چونے کی بھٹی میں رکھو۔ پھر نکال زیت اور نظرون کا عمل بار کرو جب یہ قلعی نوشادر کی طرح ہو جائے گی۔ اسفید میں چاندی سے بھی اول درجہ ہو گی اس میں بدلو اور مر یہ وغیرہ کچھ بھی نہ رہے۔ اس کو پیس لو ایک درم یہ اور ایک درم چاندی۔ اور درم تانبے پر ڈالو تو اصلی چاندی معلوم ہو گی۔

سیسہ کی تکلیس

سیسہ جس قدر چاہو ایک کرچھے میں گرم کر لو اور سفیدی سائیدہ کی چٹکی دے کر آہنی سلاخ سے ہلاتے جاؤ تھوڑی دیر تمام سیسہ سفید راکھ ہو جائے گا۔ یہ تکلیس سب سے بہتر ہے اس کو پیس کر میٹھے پانی میں دھو ڈالو پھر خشک کر کے اس کے ہم وزن گائے کی جلی ہوئی ہڈی کی راکھ ایک برتن میں رکھ کے اس کے اوپر سیسہ کی راکھ رکھو اور گل حکمت کر کے کمہار کے آوے میں ایک دن رات تک آگ دو پھر نکال لو جو بالکل سفید ہو گی ایک درم اس میں سے ۳۰ درم تانبے پر ڈالو تو چاندی ہو گی۔ بالنصف درم یہ کشتہ دس درم پارہ پر ڈالو تو عمدہ

چاندی ہاتھ آئے گی۔

پارہ کی گولی دس درم نوشادر دو درم انڈے کے مصفی چھلکوں میں حل کر کے ایک کرچھے میں آگ پر رکھو دونوں چرخ کھا جائیں گے پھر ایک درم مزید چھلکے ملا کر حل کر کے پھر چرخ دو اور اسی طرح تین بار عمل کرو پھر دس درم پارہ کے اوپر نیچے یہ دوا رکھ کر گل حکمت کر کے رات بھر آنچ دو پارہ قائم ملے گا۔ اس پارہ میں سے ایک درم نو درم قلعی پر ڈالو تو چاندی تیار ہو جائے گی۔

مجرب ترکیب جوڑا بناؤ

جبر۔ ربع ثابت۔ سبد یمانی طلع قلعی نظرون۔ نوشادر ثابت سہاگہ۔ سب ہم وزن لے کر الگ الگ پیس کر سب کو انڈے کی سفیدی میں تر کر کے خشک کر لو اور سرخ تانبے کے چھوٹے چھوٹے ریزہ کر کے ہم وزن دوائے مذکور میں ملا کر کٹھالی میں گلا کر عمدہ زربت میں پلٹ دو اور جتنا مناسب سمجھو چاندی ملا کر جوڑا بناؤ۔

مرقیشا مدبر اس کے مدبر کرنے کی ترکیب یہ ہے جتنی دیر چاہو پیس کر صابن اور نظرون میں ملا کر کٹھالی میں گلاؤ اور جس قدر چاہو خالص حاصل ہو اس کو علیحدہ کر کے میل پھینک دو اس طرح تین بار عمل کرو تو بہتر ہے۔ یہ مرقیشا خالص چاندی کی طرح چمکدار ہوگی مگر ریزہ ریزہ ہو جائیگی اس کو پیس کر نوشادر ملے ہوئے سرکہ میں تر کر لو اور کرچھے میں ڈال کر آگ پر رکھو۔ یہاں تک کہ سرکہ اس میں خوب جذب ہو جائے اس اکسیر کے برابر دوسری چیز نہیں قلعی مصفی پر اس کو ڈالو دہ بدہ لو اور صریہ اس کی سب جاتی رہتی ہے۔ یا سرخ تانبے پر ڈالو سفید ہوگا چاندی ملا کر فروخت کر کے آج ہی سے نفع اٹھاؤ یہ بہترین عمل ہے۔

چاندی کی پہلی سے زیادہ اچھی ترکیب حرقوص جلی کو گرم کر کے پہلے، بار سرکہ میں بجھاؤ۔ پھر شہد میں، بار بجھاؤ پھر صابن کو سبز لیموں کے عرق میں گھول کر اس میں، بار بجھاؤ پھر ۱۱ درم یہ دوا اور ۳ درم پارہ اور گندھک زرد اور ایک درم بھی ان سب کو پیس کر عمدہ زیت اور نظرون میں ملا کر کٹھالی میں گرم کرو تو سرخ ظاہر ہو جائے گا۔ دس درم یہ اور دس درم زرد تانبا اور دس درم چاندی کتری ہوئی ان سب کو گلا کر چاندی تیار ملے گی۔

پارہ قائم ہوگا میرے ایک مغربی دوست نے کہا ہے نظرون سرخ سلطانی جس کے ہم وزن سفیدی سنگ مرمر لے کر بعض سنگ مرمر کے بجائے بھی کہتے ہیں) سب کو باریک پیس کر ایک ہنڈیا میں گل حکمت کر کے دو شبانہ روز بھٹی میں رکھیں اور نکال کر ان سے چار حصہ زیادہ جوش کیا ہوا گرم پانی میں ان دواؤں کو ڈال کر اتنا جوش کریں کہ ایک تہائی پانی جل جائے تب اس پانی کو اتار کر اور نتھار کر محفوظ کر لو پارہ برتن میں رکھ کر ایسی خفیف آگ دو جیسے چراغ کی لو ہوتی ہے۔ اور آب مذکور قطرہ قطرہ جانور کے پر سے اس پر ڈالتے رہو تھوڑی دیر بعد آگ کو پہلے سے دگنا تیز کر دو اور پانی سے تسقیہ کرتے رہو پھر آگ اور زیادہ تیز کر دو اور تسقیہ بحال رکھو یہاں تک کہ پارہ خوب قائم ہو جائے تم اس طرح کامیاب ہونے پر دو خزانے تمہارے ہاتھ آئے سفید بھی اور سرخ بھی اور ہر خمیر کے واسطے عجین درکار ہے۔

بعض لوگوں کی ترکیب یہ ہے۔ کہ اسی ایک رطل پانی گرم میں تین اوقیہ گندھک پیس کر ڈال دو گندھک پانی میں پڑتے ہی سیاہ چونے کی طرح ہو جائے گی، اور تین اوقیہ بال بھی ڈال دو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ پھر اس کو آگ پر خوب گرم جوش دو جب رباب کی طرح اس کا قوام ہو جائے تو اس کے اوپر چکناہٹ مثل زعفران ظاہر ہوگی اس کو چمچے سے الگ اٹھالو اور حرقوص جلی کو گرم کر کے ۱۲ بار اس کے اندر بجھاؤ پھر ایک اوقیہ یہ حرقوص

اور ایک اوقیہ قمر مشیب مزن ان دونوں کو ملا کر گلا لو تو یہ چاندی خالص سونے کی طرح نظر آئے گی۔

رجراج کی صفت ۶۰ رطل حنظل کی لکڑی چھری سے تراش کر اس میں دو رطل نظرون ملا کر پیس کر ایک شیشی میں رکھ کر اس کا عرق نکالو اور پاؤ رطل گندھک عمدہ ہم وزن برادہ کے ساتھ حل کر کے پوری رات آگ میں رکھو پھر پاؤ رطل گندھک حل کر کے آگ میں رکھ کر آدھا رطل گندھک بھی حل کر و تو برادہ کو پارہ سرخ ہو جائے گا بعد ازاں ایک رطل پارہ پانی اور رائی سے دھو کے انڈے کی سفیدی میں حل کر کے گرم پانی سے دھو ڈالو اس برادہ کو پارہ کے اوپر نیچے رکھ کر عرق حنظل ڈال کر پیالہ کو گل حکمت کر کے آگ پر رکھو جب پانی خشک ہو جائے تو اور پانی ڈالو یہاں تک کہ پارہ حس و حرکت موقوف ہو جائے۔ پھر اس کو کٹھالی میں گرم کر کے شمع شعر کھلاؤ تو یہ ثابت ہو گا۔ اور کبھی بھی متغیر نہ ہو گا۔

سونا بنانے کا ایک نادر نسخہ جو بعض علماء سے ہمیں ملا ہے

اس نسخے کا طریقہ یہ ہے کہ عمدہ قسم کا کیس لے کر خوب پیس لیا جائے اس کو مٹی کے آبخورے میں رکھ کر اس پر اتنا سرکہ ڈالو کہ خوب تر ہو جائے پھر اس کا منہ بند کر کے ایک رات اس کو ہلکی آنچ پر رکھو تاکہ کیس سرخ ہو جائے۔ پھر ایک نوشادر اور اسی کے ہم وزن گندھک لے کر علیحدہ علیحدہ پیسا جائے پھر دونوں کو ملا کر بھی پیسا جائے پھر وہ کیس جو تم نے تیار کیا ہے۔ ان دونوں کے مساوی لے کر اور پیس کر ملا لو پھر تصعید کرو جب تین مرتبہ تصعید مکمل ہو جائے گی تو نشادر گندھک دونوں سرخ رنگ ہو جائیں گے۔ پھر ایک حصہ سونا اور تین حصہ پارہ رجراجی ملاؤ اگر رجراجی پارہ دستیاب نہ ہو تو پھر وہ پارہ حاصل کرو جو سیسہ کے ذریعہ بستہ کیا گیا ہو اور اس سونے اور پارے ملے ہوئے سے دوگنا گندھک اور نشادر مصعد لے کر ان سب کو ملا کر خوب پیسا جائے جو باریک ہو جائے ایک دن سے زیادہ پیسا جائے۔ پھر ایک شیشی میں رکھ کر گل حکمت کیا جائے پھر تصعید اتنی دفعہ کی جائے کہ پارہ اور سونا پورا سرخ رنگ ہو جائے تو یہ نسخہ تیار ہے۔ اس کا ایک حصہ بیس حصہ چاندی کو سرخ کر دے گا۔ یہ ایک مجرب نسخہ ہے جو ہر طرح ٹھیک ہے۔

ایک بہت آسان عمدہ ترکیب

نوجوان آدمی کے سر کے کالے بال جتنے مل سکیں ان کو صابن سے اچھی طرح دھو کر خشک کریں اور اتنے باریک کتر لیں کہ چھلنی سے چھن جائیں ایک رطل یہ بال اور ایک رطل ماء الراس لو جس میں زاج حل کر لیا گیا ہو یہ دونوں لے کر کام میں لائیں۔ زاج کی صفت زرد کیس کو عمدہ پیس کر سرکہ میں تر کر کے پیالہ میں گل حکمت کر کے آگ پر رکھو مکرر اسی طرح کرے تاکہ کیس سرخ ہو جائے تو کسی لکڑی سے اس کو صاف کر کے ماء الراس ملا کر آگ پر رکھو اور تھوڑے تھوڑے بال ڈالتے جاؤ تاکہ ایک رطل بال سب کے سب حل ہو جائیں تو اس کو تقطیر کر لو۔ پہلے سفید پانی نکلے گا اس کو الگ رکھ لو اور جب سرخ پانی نکلنا شروع ہو تو دوسری قلکی لگا کر سرخ پانی لے کر جمع کرو اس میں چکنائی بھی ہو گی اور رنگ اس کا زعفران کی طرح ہو گا۔ اس کو ہاتھ نہ لگانا کیونکہ یہ پانی ہر چیز زرد کر دیتا ہے۔ جب تقطیر ختم ہو جائے تو اس دوا کو محفوظ رکھو پھر شنگرف زمانی کی ایک ڈبی اور گندھک دھنکوی پیس کر انڈے کی زردی میں تر کر کے اس ڈلی پر چڑھا کر ایک ہنڈیا میں کھانے کا پسا ہوا نمک رکھ کر اس کے بیچ اس ڈلی کو رکھو اور اس ہنڈیا کو گل حکمت کر کے سخت آنچ دو اور سرد ہونے پر مکرر اسی طرح کرو یعنی گندھک پھٹکوی ڈلی پر چڑھاؤ اور ہنڈیا میں نمک بھی تازہ رکھو۔ اسی طرح پانچ بار عمل کرو پھر شنگرف کی ڈلی پر چڑھاؤ پیس کر سفید عرق میں ڈال کر ایک شیشی کے اندر گل حکمت کر کے نرم آگ پر پکاؤ خشک ہونے پر پیس لو اور سرخ تیل میں

شنگرف کو حل کرو تا آنکہ منجمد نہ ہو پھر پارہ پر اس کو بطریق مذکور ٹپکاؤ۔ پارہ منعقد ہو جائے اس پارہ کو پیس کر روغن شنگرف میں حل کرد پھر روغن حجر میں بھی حل کرلو اور سیسہ پر قدرے لگا کر آگ میں تپاؤ تو سونا تیار ہو گا۔ اور سب کام آسان ہو جائیں گے۔

شرائط کیمیاء

جو شخص علم کیمیا صحیح طریقہ سے حاصل کرنا چاہے اسے لازم ہے کہ پاک ہو کر متواتر چالیس روزے رکھے۔ اور ذی روح سے مکمل پرہیز کرے حلال روزی سے افطار کرے اور ہر شب سورۂ والشمس سورۂ واللیل سورۂ والضحیٰ اور سورۂ الم نشرح ہر ایک سات مرتبہ اور آیت قل اللھم مالک الملک۔ بغیر حساب تک ۷۰ بار پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِقُدْرَتِکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَتَسْخِیْرِکَ لِکُلِّ شَیْءٍ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَنْ تُسَخِّرَ لِیَ الْعِلْمَ الَّذِیْ سَتَرْتَہٗ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِکَ، وَ اَکْرَمْتَ بِہٖ کَثِیْرًا مِّنْ عِبَادِکَ یَا کَافِیْ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ یَا فَتَّاحُ یَا ھَادِیْ وَاَغْنِنِیْ بِہٖ عَمَّنْ سِوَاکَ اِنَّکَ مَلِکُ الْمُلْکِ بِیَدِکَ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

جب متواتر چالیس دن یہ عمل پورا کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ خواب یا بیداری میں ایک شخص اس کے پاس بھیج کر اس کا مسخر کر دے گا جو یہ علم اس کو تعلیم کر دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

فصل ۳۳ اعمال سیمیا اور اس کے مقامات

حضرت آصف بن برخیا نے حضرت سلیمانؑ سے اعمال کیمیا روایت کیے ہیں۔ اور حلاج وغیرہ اس فن کے بڑے علماء گزرے ہیں۔

علم خنفطریات ایک محفوظ علم ہے۔ جو بڑے بڑے کامل استاد مثل خوارزمی و سید بہلول و آصف بن برخیا و حضرت سلیمان نے بیان کیا ہے۔ اور حلاج نے اسے گیارہ مقالوں میں جمع کیا ہے۔

جاننا چاہیئے اس علم کی اصل تدبیر روحانی ہے۔ جب تم اس عمل کا ارادہ کرو تو وہ لاتا نا ما رہم ا، یعنی ایک سیاہ بلی لو جس کا کوئی بال سفید نہ ہو اور تین دن روزے رکھو اور ہر روز قبلہ کی طرف ہو کر اکیس مرتبہ دعائے خنفطریات پڑھو اور دو دھاری چھری سے اپنے ہاتھ سے کسی بڑے برتن میں اس بلی کو ایک دھار سے ذبح کرو اور دوسری دھار سے اس کا پیٹ چاک کر دو اور پورے احتیاط سے ذبح کرو ایک بوند بھی اسکے خون کی باہر نہ گرے ورنہ عمل خراب ہو گا مٹی کا برتن لینا چاہیئے اور ذبح کے وقت دعائے مذکور پڑھتے جاؤ اس کے بعد تیرہ بار زیادہ مگر طاق اعداد میں ابابیلوں کو ذبح کرو مع خون و گوشت و پوست و مٹی کے بند کر کے گل حکمت کر دو اور چولہے پر رکھ کر بید مشک کی لکڑی سے اتنی آگ جلاؤ کہ تمام گوشت پوست اور ہڈیاں جل کر راکھ ہو جائیں پھر آتار کر زمین پر رکھو اور اس کے دھوئیں سے جو اس ہنڈیا کے اندر سے نکلتا ہے پرہیز کرو کیونکہ یہ دھواں جس کی آنکھ کو لگ جائے وہ اندھا ہو جاتا ہے۔ اور اس کی بینائی کا علاج بھی نہیں ہو سکتا غرضیکہ جب یہ سیاہ دھواں نکلنا موقوف ہو جائے اور یہ سب جل کر کوئلہ ہو جائیں گے۔ ان سب کو نکال کر پیس لو۔ اور چینی کے برتن میں اپنے پاس محفوظ کر لو اس علم کی اصل یہی راکھ ہے جب اس راکھ کو اپنے آگے چھڑک کر دعائے مذکور ایک مرتبہ پڑھو گے اور جس بات کا اشارہ کرو گے۔ وہی تمہارے سامنے

ظاہر ہوگی جب تم اس راکھ کے مالک ہو گئے تو گویا نور میں آ گئے اور تمام تعریفیں صرف اللہ کے لیے ہیں۔

مقالہ (۱)

یہ مقالہ اا ﷲ ہے۔ ہرن کی کھال کی ٹوپی بنا کر اس پر یہ تعویذ روشنائی سے لکھ کر اپنے سر پر پہن لو اور پھر یہ دعائے خنفطریات پڑھو۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْقَدِیْمِ یَا دَائِمُ یَا اَبَدُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ یَا عَزِیْزُ یَا وَھَّابُ بِاَخْتِیَاطِ ق۔ یُھُولِ یَوْمَ الْمُخَافِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ وَاحِدًا مِنْ خُدَّامِ اِسْمِکَ یَخْدِمُنِیْ فِیْمَا اُرِیْدُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

یہ دعا خوب ریاضت کے بعد پڑھی جائے تب اس کا اثر ظاہر ہوگا۔ مذکور راکھ اپنے آگے ڈال کر یہ دعا پڑھے یہاں تک کہ سایہ پوشیدہ ہو اس وقت جہاں چاہے جاؤ کوئی جن وانس تم کو دیکھ نہ سکے گا۔ اور تم سب کو دیکھو گے اور کوئی پرند درند بھی تمہاری رفتار محسوس نہ کر سکے گا لکھنے تعویذ یہ ہے۔ مع ۸۸، ۷اا ط اا علے ۲ ۶۲ اا کاع ۲۲۶ اا اا۔

بدا ۲۵ بارھیو (۳)، بارھلی لھلوہ ۱۲ مرتبہ حلولیا اا عہ اا ۸۸ اا ھ ۵ ع ااا ن کان ۱۲ ح اا

(۲۵) باریوش (۲) باردش (۲) بارالواش (۲) باردہ ع اا ف ۸۸۸، ۸ ع اا ھ ۵ ع

الیوش (۲) بارالوش (۲)، بارشلش (۲)، بارشالش (۲)، بارالیش ایک بار اصدان ۲ بار اوطف (۳) بار لطف د ۳ بار لوطائف (۳)، بار طائف ۳ بار

جیبوا یا خدام ہذا سماء واخفونی عن الابصار بحق اللہ الواحد القہار پڑھ کر الوحا ۲ بار پڑھے۔ تو جلد تر مقصد پورا ہوگا۔

مقالہ ۲ یہ مقالہ توفیق ہے جس کے بہت سے اسماء ہیں اور (۱۱ ۸۵) اعداد ہیں یہ اسماء اصلی کے پتہ پر لکھ کر مادہ مذکور پر ڈال کر یہ پتے ہاتھ میں لے کر جس شخص کی طرف اشارہ کرے فوراً وہ گر کر بے ہوش ہو جائے اور اگر حاملہ عورت کی طرف اشارہ کرے تو اس کا حمل ساقط ہو جائے گا۔ جانوروں کی طرف اشارہ کرے تو وہ اپنا سامان پھینک دیں گے۔ اور تیر کی طرف نگاہ کرے۔ تو وہ الٹا ہو کر مارنے والے کو خود لگے گا۔ اور ایسے ہی ہر مارنے والے اور چور کا حال ہوگا۔ پتہ پر لکھنے کے اسماء یہ ہیں ۲ م ۸ ماسلہ مسعو ۹۹۹۔ اور پتہ پر یہ دعا پڑھے۔ ابداہ، دلبراہ۔ آہ احیاہ، لمہ، ع ع ع ۷ ۷ ۴ ۲ ۳ ۳ ود د ایاش، اشمواس، ایاش الوحا العجل الساعۃ تو کلوا یا خدام طرح ح ۸ ااا ۹۹ ۲۲۳ ااا ۵۶۶، ۵ اا ۱ ہذہ الاسماء داجیبنو وعجلوا بکذا وکذا بحق من یقول للشیء کن فیکون۔

مقالہ ۳ یہ اعمال طری ۵۱ ہیں۔ جب جی چاہے ۸ عدد کوری ٹھیکری اور قدرے زبر جدیر کی لے کر جنگل میں جاؤ کچھ رماد مذکور اپنے آگے پیچھے اور دائیں اور بائیں چھڑک کر سات بار خنفطریات پڑھو تو اس جگہ دریا معلوم ہوگا اور جب تک تم یہ عمل ختم نہ کرو گے دریا کا وجود رہے گا یہ بہت بڑا طلسم ہے۔ اور یہی طلسم اکثر حکماء نے خزانوں میں بنائے ہیں۔ اور اسی طرح جب تم چاہو کہ دریا خشک ہو جائے تو قدرے رماد مذکور اور خاک دال سہی ھشہ دریا کے کنارہ میں ڈالو تو دیکھنے والوں کو خیال ہوگا کہ دریا خشک ہو گیا ہے۔ جب تم اس کو باطل کرنا چاہو تو ۲ بار یہ کلام اس پر پڑھو ایک جسم دخانی ظاہر ہوگا اس سے کہنا کہ اس طلسم کو باطل کر دے تو وہ باطل کر دے گا اور ٹھیکری پر یہ لکھا جاتا ہے۔ اا مع م اا ۸ ۵ اا ط ااا ھیمہ ۵ و ۶ مہ ہ دکاع ح دہ اور یہ کلام اس پر کہنا چاہیئے ۲ یاہ ۲ بار اھیہ صیا اتنا اذنیا ادد ھیوف داہ (۱۲) اہدا ناہواہ تو کلو بکذا و کذا یا خدام ہذہ الاسماء۔

مقالہ ۴ قیدی کے چھٹکارا کے لیے اور جو شخص کسی مصیبت میں پھنس گیا ہو وہ مٹی پر یہ حروف لکھے۔ طط = ۸ پھر قدرے رماد مذکور اپنے آگے پھونک سے گے اوپر کھڑا ہو اور، بار دعائے مذکور پڑھے تھوڑی سی رماد اپنے ہاتھ میں رکھ کر مؤکل کی طرف ہاتھ بڑھائے مؤکل اس کو اڑا کر کسی امن کی جگہ پہنچا دے گا۔ اور اگر اتنی سکت نہ ہو تو ایک بڑے طشت میں پانی بھرے اور ایک بار خنفطریات پڑھ کر کاغذ کو اپنے ہاتھ میں لے۔ اور قدرے رماد اپنے آگے ڈال کر اس طشت میں اتر جائے۔ لوگوں کی نظر سے غائب ہو جائے گا اور پھر جدھر جی چاہے امن سے چلا جائے کاغذ پر یہ لکھے۔ وہ وہ ع موھہ ی ۷ اد اور یہ الفاظ کہے۔ ایں ۲ ا یا ۲ یا س د ہ لواہ ا ہ ا لھہ لیسلوہ اجب طا لعاد ا فصل کذ ا و کذ ا پھر جو کہے وہی ہوگا۔

مقالہ ۵ موی شمع میں زنگار لگا کر اپنے پاس رکھے۔ اور ایک ریشمی کپڑے پر اسماء لکھ کر اس کی بتی بنا کر موم میں آلودہ کر کے شمع بنائے ایک طشت میں پانی بھر کے اس میں یہ شمع لاکر روشن کرے۔ اور قدرے رماد مذکور اس پر ڈال کر دعائے مذکور اتنی مرتبہ پڑھو کہ سبز رنگ کے مور اس طشت پر آکر طشت کے پانی میں غوطے لگائیں اور نہائیں۔ اور زور زور سے آوازیں لگائیں جب تک وہ شمع جلے گی یہی تماشا رہے گا بتی پر لکھنے کا طلسم یہ ہے۔ ۹۸ ۱۱۱۱ ، ۷ ۴۹۶۱۱ ۱۱ ا ی ۱۲۹۱ ۹۹ اور یہ دعا کہنے کا ہے۔ اطیاش طیاش (۲) یا بیوہ بیوہ اجیبُو وعجّلو ابارک اللہ فیکم و علیکم اجمعین۔

مقالہ ۶ ایک لکڑی پر ذیل کی تحریر لکھ کر لوبان ذکر کی دھونی دو اور، با ذیل کی دعا پڑھ کر جس جگہ حفاظت کی ضرورت ہو۔ (مثلاً، خزانے یا باغ یا مکان) میں لگاؤ جو شخص اس طرف آئے گا۔ ایک آدمی کھڑا ہوا دیکھے گا جس کے خوف سے بھاگ جائے گا۔ اس آدمی کے ہاتھ میں آگ کا ایک شعلہ عظیم ہوگا۔ لیکن جب تم یہ لکڑی اکھاڑ لوگے تو طلسم ختم ہو جائے گا لکڑی پر یہ تحریر کیا جاتا ہے کسہ ھو لا ط ۹ ۱۱ ۹ علے اصحب و یہ دعا پڑھی جاتی ہے۔ یا حیا شر احیا ادوھای الطیوش اجب بارک اللہ فیک و علیک۔

مقالہ ۷ خہ ہ ہ ، اس ۱۱ ط ط الد یہ اسمائے ایک کاغذ پر لکھ کر لٹکاؤ اور خنفطریات پڑھو تو جو تمہارے پاس سے گذرے گا وہ بلا شک و شبہ تم کو ہاتھی یا زبردست شیر سمجھے گا۔ اور تم سے خوفزدہ ہو کر بھاگ جائے گا تعویذ یہ ہے۔ یہ اور مؤکل سے یہ کہو ۲ با د ھو لا ۵ ، اھو لا ۵ ، اھواہ (۲) یا را اجب و عجل بارک اللہ فیک و علیک۔

ی ح ح ۶ ۱۱۱۱ ۴۹ ۱۴ ا ح ہ ع ی
۹۹ ۶ ۲ ۱۱۱ ۱۱۱ ۳ آ آ ۹۹ ۷ ۱ ی

مقالہ ۸ یہ اسماء ایک کاغذ پر لکھ کر ہاتھ میں لو اور قدرے رماد مذکور نہر یا دریا میں ڈال کر یہ کلام پڑھو۔ ہر طرف سے مچھلیاں جمع ہوں گی جتنی چاہو ہاتھ سے پکڑ لو اور یہ تعویذ کاغذ پر لکھے۔ مگر سطر اول کا عین دوسری سطر کے عین کے بالکل مقابل ہونا چاہیئے۔ کلام یہ ہے۔

جمیعا الھیو ہا اجب و عجل بکذا و کذا بارک اللہ فیک و علیک آمین۔

اور تعویذ یہ ہے۔ ←

ط ۱۱ ع ط ط ۷ ۱۱
۹ ط ۱ ع ط ۱۱ ۷ ھ
۹۹ ۹ ۱ ۰ ۰ ۱ ۷ ۷ ۱
۲ ط ۱۱۱ ۴ ۱۹ ۱۱

مقالہ ۹ جنگل جا کر اپنے گرد ایک دائرہ کھینچ کر اس میں بیٹھ جاؤ دائرہ کے باہر اپنے آگے رماد مذکور چھوک کر یہ کلام پڑھو اور اسماء ذیل ایک کاغذ میں لکھ کر انار کی لکڑی پر لٹکاؤ تو جنگل کے تمام طیور و حوش

اور حشرات الارض اکٹھے ہو جائیں۔ اور تمہیں فرزند دیں گے ان میں سے جس کو چاہو پکڑ لو باقی کو رخصت کر دو اور ان کا رخصت کرنا یہ ہے کہ لکڑی پر سے کاغذ اتار لو۔ کاغذ پر لکھنا یہ ہے ۷ ہ ٥ = ھ ھ و

اور کلام یہ پڑھو۔ آ ہ آ ہ ایہ ایۃ ابدًا الوحا العجل الساعۃ بارك الله فيك۔

مقالہ ۱۰ ایک چھری پر یہ اسماء آب انار سے لکھو پھر ایک بانس کسی شخص کو دو اور کچھ رما داس بانس پر پھوک دو اور یہ چھری اس شخص کو دے کر کہو کہ چھری سے اس کو ذبح کر دو اور کلام تم اپنی زبان سے کہو۔ وہ بانس مرغ کی شکل معلوم ہو گا اور بانگ دیتا ہوا اس شخص کے ہاتھ سے ہوا میں اڑ جائے گا چھری کے ایک طرف یہ اسماء لکھنا چاہیئے۔ ۱۱۔ ۱۱۱ ۷۹۹ ۱۱ ۱۱۱۱ ۹ مح اور دوسری طرف یہ لکھنا چاہیئے۔ ۹۹ع ۷ ۱۱۱۱ ٥٥ ادح اور بانس پر یہ مادہ پھوک کر یہ کلام پڑھے۔ یا شار شار اشار ایس اسا اشا اجب وعجل بکذا وکذا بارک اللہ فیک وعلیک آمین۔

مقالہ ۱۱ کاغذ کے روپیہ بنا سکتے ہو نا ہے کہ گلاس پر یہ اسماء نقش کر کے اس میں پانی بھر کر یہ کلام پڑھو تو پانی تیل معلوم ہو گا اور اگر چاہو تو روپے کے برابر کاغذ کتر کے ان پر حسب ذیل کلام پڑھو تو سب سکہ دار روپے معلوم ہوں گے اور ان کاغذ کے روپوں پر ایک رخ ۲ ۹ ی ٥ اور دوسرے رخ ھ م ہ حسا ہ ع لکھو اور گلاس پر یہ لکھو ۱۱۱ اح ۱۱ ۱۱۱ ۱۱۱ ۲ ح ۲ ط ۱۱۱ ۹ ح ۷ اور یہ کلام پڑھو۔ صامیا لس اص اَجِب وعجل۔ رماد مذکور چھڑکنے سے جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے۔ سب ظاہر ہوتا ہے۔ یہ جانو اور اس کی تحقیق کرو تو راہ ہدایت ملے گی۔ اعمال سیمیا کرنے کے لیے ایک مدت تک روزہ ریاضت اور خلوت کی ضرورت ہے۔ جب شروط بجا لاؤ گے تو اپنے مقاصد میں کامیاب ہو گے واللہ الموفق۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وسلم۔

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ کہ آج بروز جمعہ اس عظیم کتاب شمس المعارف حصہ سوم کا ترجمہ مکمل ہو گیا اور اللہ تعالیٰ سے یہ دعا ہے کہ وہ اس کا چوتھا حصہ مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین یارب العالمین۔ اقبال الدین احمد۔ ۲۴ر جمادی الاول ۱۳۹۷ھ مطابق ۱۳ر مئی ۱۹۷۷ء۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شمس المعارف اُردو حصّہ چہارم

فصل ۳۸ : حروف کے خواص و اسرار اور چلّہ کشی کے بیان

اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے معلوم ہو کہ حروف کی چلّہ کشی ان کی خدمت اور ان کے خواص و اسرار معلوم کرنے کے لئے اولاً حروف کو جاننا لازمی ہے۔ حرف الف۔ بلحاظ پیدائش تمام حروف سے مقدم اور عدد کے لحاظ سے ایک ہے اور اقوال کے اسرار اسی سے ظاہر ہوتے ہیں اور باقی سب حروف، افعال کے اسرار سے ظاہر ہوتے ہیں اور حروف کے اعمال کی درستی کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں جس کو اللہ تعالیٰ حروف کے خواص سے مستفید کرنا چاہے اسی کے لئے مؤثر ہوتے ہیں۔

اولیاءُ اللہ اور مقربین کو بلند درجات پر پہنچانے کی حرف الف میں خاص تاثیر ہے، جس کو اس حرف کے ظاہری اور باطنی علم کی تحقیق ہو گئی۔ وہ تمام عالم کو مسخر کر سکتا ہے اور یہ جنت کی نعمتوں میں سے ہے۔

حروف ابجد کے اثرات | حرف الف، دنیا کا نچوڑ اور انتہا اور تمام عالم کا مرجع ہے حرف الف کا قیام اسم قیوم کے اسرار میں سے ہے اور اسم اعظم یعنی اسم اللہ کا یہی پہلا حرف ہے سورۃ فاتحہ اور تمام سورتوں کے اول میں آیا ہے یہ حرفِ نورانی بالذات قائم جو تمام امتوں میں سے ایک امت ہے اس کے اعمال دو طرح ہیں ایک تو خلوت و استخدام کے ساتھ اور دوسرا بغیر خلوت و استخدام کے یہی اعمال بالخاصیتہ ہیں کند ذہن کے لئے ایک ہزار بار حرف الف ریشمی کپڑے پر لکھ کر سینہ پر باندھیں تو ذہن کھل جائے گا۔ اور جو بات سنے گا یاد رہے گی۔

وصالِ محبوب اور کند ذہن کا علاج | حرف الف کے عدد اصلی[1] (۱۱۱) کو اپنے اور محبوب کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھو تو اللہ تعالیٰ تمہارے محبوب کو تم پر مہربان کر دیگا اور سب مشکل کام تم پر آسان ہو جائیں گے۔

اگر عاشق و معشوق کے نام کے حروف کو ترکیب دے کر اتوار کے دن شمس کی ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو معشوق توقع سے زیادہ حسن سلوک پائے گا۔

حرف الف کی شکل کو سونے کی انگوٹھی پر جبکہ قمر برج حوت میں ہو کندہ کر کے دعوت اور اضمار کرے (جس کا ذکر آئندہ ہوگا) تو تمام حکام میں قبولِ عظیم حاصل ہوگا۔ شکل حرف یہ ہے۔ . . . .

۳۶	۴۱	۳۴
۳۵	۳۷	۳۹
۴۰	۳۳	۳۸

خزانے نکالنے اور اسکی حفاظت | اگر کسی خزانہ سے مال نکالنا ہو اور چاہا ہو کہ کوئی مانع نہ ہو تو حرف الف اور اسکے مؤکل اور اضمار کو لکھ کر پاس رکھو اور مال بقدر حاجت نکال لو اگر حرف الف کو مع اضمار کے ایک

---

[1] بلحاظ بسط حرف الف = ا = ۱، ل = ۳۰، ف = ۸۰ = جملہ = ۱۱۱ ہوئے

پتھر پر لکھ کر مال میں رکھ دیں اور یہ دعا پڑھیں تو وہ مال ہر آفت سے محفوظ رہے گا دعا یہ ہے یَا حُدَّا بِرَهْذَ الْحَرْفِ اِحْفَظُوا هٰذَا الْمَالَ۔

دشمن کا گھر برباد

دنبہ کی کھال پر تصویر بنائیں۔ اور حرف الف بموافقت اعداد مع مؤکلات کے ناموں کے اس پر لکھ کر جس مکان کو ویران و برباد کرنا ہو اس کی کسی بھی دیوار میں رکھ دیں۔ تو مکان ویران ہو جائے گا اگر محبت کے لئے عمل کرنا ہو جس میں کبھی خلل نہ پڑے تو طالب و مطلوب کے نام کے حروف بسط کر کے حرف الف کو اس کے اعداد کے موافق ملا کر اتوار کے دن جب آفتاب برج اسد میں ہو شیشہ کے گلاس یا ریشمی کپڑے پر لکھ کر خوشبو کی دھونی دو۔ اور حرف الف کی خاتم بھی لکھوا اور اپنے پاس رکھو تو معشوق کبھی جدا نہ ہوگا۔

حکام کو مسخر کرنا

حکام یا بڑے لوگوں کو مسخر کرنا چاہو تو ۷ ماشہ سونے کی انگوٹھی اتوار کے دن تیار کرو اور طالب و مطلوب کے ناموں کے حروف کو مفرد کر کے جمع کرے اور حرف الف موافق عدد کے لکھ کر اس میں ملا کر اس کا ایک مربع انگوٹھی پر بناؤ۔ اور نقش کے چاروں گوشوں پر خاتم اور مؤکل کا اسم لکھوا اور ہر گوشہ کے قریب حرف الف ۳۰ بار اور چوتھے گوشے میں ۱۲ بار لکھو تاکہ ۱۲۱ الف ہو جائیں، پھر اس منقش انگوٹھی کو خوشبو کی دھونی دو اور اپنے پاس رکھو تو مقصود حاصل ہوگا۔

دافع مرگی و تلی

حرف الف کو مع مؤکلات کے چھری پر کندہ کر کے طحال یا درد سر کے مریض کی طرف اشارہ کریں تو وہ صحت پائے گا اور صرع یا جنون کا مریض بھی اس کے اشارہ سے ہوش میں آجائے گا۔ مجرب ہے[1]

دوسروں کی نظر سے غائب رہنے کا عمل

نظر سے غائب ہو جانے کے لئے حرف الف کا طریقہ یہ ہے کہ الّو کی کھال کو مہندی اور پھٹکڑی سے دباغت دے کر حرف الف مع اسمائے مؤکلات و دعوت و اتمام اس میں لکھیں اور ٹوپی بنا کے پہنیں تو مخلوق کی نظروں سے چھپے رہیں گے۔

اور حرف الف کی تکبیر کر کے مسدس میں شرف آفتاب مریخ کی گھڑی میں ایک کاغذ پر سرخ روشنائی سے لکھیں تو جو شخص اسکو اپنے پاس رکھے گا۔ کوئی ہتھیار بھی اس پر اثر نہ کریگا اور اگر کسی سے دل کی بات کہلانا چاہو تو تم اس حرف کو اپنی دائیں ہتھیلی پر بائیں ہاتھ سے اپنے خون سے لکھو جبکہ قمر منزل نطح میں مریخ اس کی طرف ناظر ہو۔ پھر سوتے شخص کے سینہ پر اپنا ہاتھ رکھ دو تو وہ شخص اپنے دل کا تمام حال بیان کر دیگا اور اگر کسی کھڑے شخص سے مصافحہ کرو تو فوراً دل کی بات کہہ دے گا۔ شکل اس کی یہ ہے۔ . . . .

۱۱	۱۵	۳۰	۳۴	۳۵	۱
۱۴	۱۸	۲۱	۴۴	۱۱	۲۲
۲۷	۳۴	۱۶	۱۷	۲۲	۱۰
۱۹	۱۳	۱۶	۱۹	۱۶	۲۸
۲۹	۳۰	۱۵	۴	۱۵	۱۸
۳۶	۳۴	۱۷	۳	۱۲	۳۱

حرف الف کے مؤکل کی تسخیر

الف کی خلوت ۲۸ ہے اپنے ظاہر و باطن کو پاک کرے اور خلوت میں بیٹھو اور ایک سو گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد دعوت و اضمار پڑھو اور حرف الف کی شکل لکھ کر اپنے سامنے رکھو، جس روز مؤکل ظاہر ہوگا۔ تمام خلوت کی جگہ منور ہو جائے گی اور مؤکل آسمان و زمین کے درمیان معلق دکھائی دے گا۔ جو کچھ عہد و پیمان اس سے کرنا ہو وہ کر لو۔ پھر جو کام بھی اس سے کہو گے وہ پورا کریگا۔ حرف الف کی خلوت کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تنہائی میں یہ دعا بغیر تعداد پڑھو اور الف کی شکل اپنے سامنے

قبولیت و محبت کی عجیب تاثیر اور اضمار حرف الف

جاننا چاہیئے کہ مخلوقات میں حرف بھی ایک مخلوق ہیں اگر حرف کو بغیر خلوت و ریاضت بھی پڑھا جائے تو محبت و قبول کی عجیب تاثیر

---

[1] نانا حکیم احمد رضا خاں صاحب رامپوری بھی اسی عمل سے ورم طحال ۲ منٹ میں تلوار رکھ کر کاٹ دیا کرتے تھے ۱۲ مترجم۔

یختے ہیں اسماء یہ ہے۔ اَجِبْ اَیُّهَا الْمَلِكُ هَطْمَطَلْنِیَا ئِیْلُ نَطِیَائِیْلُ الرَّئِیْسُ الْاَکْبَرُ اور دعوت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ لَهُ الْعَظَمَةُ وَالْاٰلَاءُ وَالْمَجْدُ وَالْکِبْرِیَاءُ یَا اَللّٰهُ ۳ بار یَا رَبَّاهُ ۳ بار یَا هُوَ یَا سَیِّدَاهُ اَسْئَلُكَ السِّرَّ الْاَعْظَمَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّتَكَ وَالْبِسْنِیْ بِهَا نُوْرًا وَّجَمَالًا وَّقَبُوْلًا وَّاَنْ هَبْنِیْ سِرًّا مِنْ اَسْرَارِ الْاَلِفِ اَصْرِفُ فِیْمَا اُرِیْدُ اَیُّهَا الْحَرْفُ الْمُتَحَرِّكُ مِنَ الْیَقْظَةِ وَالتَّلَقِّیْ بِشَرَفِ اِسْمِكَ وَبِالنَّارِ وَالنُّوْرِ وَالظِّلِّ وَالْحُرُوْرِ وَمَا قِیْلَ بِالنَّهَارِ وَبِمَا اَخْرَجَهُ الْقَدِیْمُ مِنْ قَدِیْمٍ وَبِسِرِّ مَا وَضَعْتَ فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ مِنَ الْعِلْمِ مَنْشَاءُ الْاُمُوْرِ وَبِسِرِّ اِمْدَادِكَ الْاَلِفِ وَبِاَمْرِكَ النَّافِذِ بِکَلِیْلِیَا وَمَلِیْلِیَا طَلِیَا وَهَلِیَا وَمَرْیَا وَشِیَا وَهِیْنَامَرْ بِالْفِ الْاَمْرِ وَبِحَقِّ اھ شراھیا اذونای اصباؤت ال شدای والامر العظیم ازجر الرئیس الاکبر ھمطھاغیا ئیل ھمطیائیل اَنْ تَفْعَلُوْا کَذَا وَکَذَا اَلْوَحَا الْعَجَلَ اَلْوَحَا۔

اس دعوت کے پڑھنے والے کی محبت کو اللہ تعالیٰ مخلوق کے دلوں میں ڈالدے گا موکل سے جب کچھ ضرورت ہو یا کسی سے انتقام لینا ہو تو مرغی کے انڈے پر حرف الف کی صورت بنا کر آگ میں ڈالتے جاؤ اور دعوت پڑھتے جاؤ تو موکل حاضر ہو کر ہر حاجت پوری کریگا اس کا اسماء یہ ہے۔ اَجِبْ اَیُّهَا الْمَلِكُ الْعَظِیْمُ السَّیِّدُ طَهْطَائِیْلُ الرَّئِیْسُ الْاَکْبَرُ وَاَسْرِعْ بِحَقِّ هیه ۲ یهون ۲ شکمیل ۲ سلحوا اَجِبْ وَاهْبِطْ تَمَثَّلْ لِیْ بِصُوْرَةٍ حَسَنَةٍ اَلْوَحَا الْعَجَلَ۔

اور حرف الف کی روحانیت میں بخور کی حاجت نہیں مگر دیگر حرف میں یہ بخور روشن ڈالو۔ طالب چاہے تو تصرف کر سکتا ہے پھر اس کے بعد یہ پڑھے۔ اَجِبْ یَا اَلِفُ وَافْعَلْ لِیْ کَذَا وَکَذَا۔

حرف باء کے خواص اسکے موکل کی تسخیر

اس حرف کا مزاج سرد و خشک ہے یہ حروف باقیہ میں سے ہے یہی حرف باطن الف اور وجود کا راز ہے۔ اس کی تصریف تا قیامت قائم رہے گی لوگ اسی کے طفیل حقائق کو ان کا علم اور توحید کے دلائل پاتے ہیں۔ حرف باء میں عالم علوی و سفلی کی طرف اشارہ ہے حرف ب کو اللہ تعالیٰ نے یہ بڑائی دی ہے کہ بسم اللہ کو اس سے شروع کیا اور صحیفہ آدم بھی اسی سے شروع ہوا۔

اللہ تعالیٰ نے جب قرآن کریم نازل کیا تو جبرئیل نے حضور صلعم سے عرض کیا اِقْرَأْ یَا مُحَمَّدُ بِاسْمِ رَبِّكَ۔ یعنی حرف باء جو ذات کے لئے مضمر تھا اب صفات ذات کو ظاہر کرنا چاہتا ہے اسرار تجلی کی نظیر قبل ازیں پہچان چکے ہو مضمر صفات سر افعال حرف ج ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حرف باء کے ساتھ ۴۲ موکل پیدا کئے ہیں جن میں سے ہر موکل کے تحت لاتعداد فرشتے مقرر کئے سب موکل اللہ کی تسبیح کرتے رہتے ہیں حرف با تمام کتابوں کے خزائن کی کنجی ہے راز بسط اس میں موجود ہے نیز الف کی ایک شکل کی بھی حامل ہے۔

فراخی رزق وحل مشکلات

حرف باء کے اصلی اعداد اور وہ اسماء جن کے اول میں حرف باء ہے لکھ کر اگر غریب شخص اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی کشادہ کردیگا اور اسی طریقہ سے لکھ کر یوست کے مریض کو پلائیں تو اس کو صحت ہوگی۔ اگر حرف باء ۱۶ مرتبہ اور بسم اللہ ۱۹ مرتبہ لکھ کر اس کے ساتھ یہ آیت بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لکھیں اور اپنے پاس رکھیں تو تمام مشکلات آسان ہوتی ہیں۔

محبت و قبولیت حاصل کرنے کا عمل

اگر محبت و قبولیت چاہو تو چاندنی رات میں چاند کی طرف منہ کر کے حرف ب ۱۹ بار اور

سلہ اے بڑے سردار موکل طھطائیل میرا حکم قبول کر اور جلدی آ اور اچھی شکل میں جلد میرے پاس حاضر ہو جا۔ ۱۲

اس کے اضمار ۱۶ لکھیں اور کہتے رہیں اَجِبْ یَا خَادِمُ حرف الباء بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پھر آخر میں چاند کو سلام کر کے اپنے منہ پر ہاتھ پھیر لیں اور لکھے ہوئے کو زبان سے چاٹ لیں۔ اسی طرح چودھویں رات تک کریں تو مؤکلات مہربان ہو جاتے اور حاجت پوری کرتے ہیں۔

اگر حرف باء اور اسمائے قمر اپنی ہتھیلی میں رکھ کر چاند کی طرف منہ کر کے دعوت اور اضمار پڑھا اور رکھا جائے اور اَجِیْبُوْا یَا رُوْحَانِیَّۃَ الْحُرُوْفِ وَاقْضُوْا حَاجَتِیْ وَامْزِجُوْا وُدَّمَا بَیْنِیْ بَیْنَ الْعَوَالِمِ زبان سے کہا جائے تو مقصد حاصل ہو گا۔

بخار درد اور مطلب برآری و قبولیت عام

چینی کے برتن میں حرف باء مع اضمار اور بسم اللہ اور آیت بدیع السموات والارض الخ اور وہ اسماء جن کے شروع میں حرف باء ہے لکھ کر اس برتن میں چنبیلی کا تیل ڈال کر اپنے چہرہ پر لگائے تو عظیم قبولیت حاصل ہو گی اور جمعہ کے دن اگر کوئی شخص حرف باء مع بسم اللہ اور اضمار اور ان اسماء کو جن کے شروع حرف باء سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کا سینہ کھول دیتا اور سستی اس سے دور کر دیتا ہے اگر کسی شخص سے استفادہ کرنا ہو تو اسکے نام کے حروف کو تکسیر کر کے جن اسماء کے اول حرف باء ہے انکی بھی تکسیر کر کے سب کو یکجا کرو اور اسم یا بُدُّوْحُ پورے سو مرتبہ پڑھ کر شخص مطلوب کے پاس جاؤ تو مطلب برآری ہو گی اگر حرف ب ۱۶ بار تین کاغذوں پر لکھ کر بخار والے کو پلائیں تو بخار دور ہو۔ اگر مخلوق میں مقبول عام ہونا ہو اور قمر منزل بطین میں ہو تو اس لمحہ چاندی کی انگوٹھی بنوا کر یاقوت کا نگینہ اس میں جڑوا کر حرف باء کو مع اسم بُدُّوْحُ کے اس پر نقش کرو۔ اور پہن لو قبولیت عام حاصل ہو گی۔

حرف باء کے لئے خلوت کامل بہت ضروری ہے اس کا خادم مہیائیل ہے اگر تم اس سے خدمت لینا چاہو تو ریاضت کے بعد ب لکھ کر اپنے سر سے باندھو اور دعوت و قسم بعد ہر نماز ۲۸ مرتبہ پڑھو۔ اس عمل کی ریاضت چالیس دن ہے۔ مؤکل حاضر ہو گا۔ جو کہو گے تعمیل کرے گا، بخور جو چاہو جلاؤ جب کہو گے یَا خَادِمَ حُرُوْفِ الْبَاءِ تو فوراً مؤکل حاضر ہو گا۔

اسم بُدُّوح کا نقش اور اس کے عظیم خواص

ب	د	و	ح
و	ح	ب	د
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و

نقش بُدُّوْح کو پتھر پر لکھ کر جس دیوار میں لگائیں اس گھر میں چور داخل نہ ہو گا جب کسی خزانہ میں تم کو طلسمی پانی دکھائی دے تو حرف باء ایک ٹھیکری پر لکھ کر اس پانی میں ڈال دو تو وہ پانی فوراً خشک ہو جائے۔ ایک مٹی میں پانی لے کر اس پر حرف باء کی دعوت دم کر کے ڈاکوؤں میں پھینک دو تو وہ سب اندھے ہو جائیں گے۔

زبان بندی اور خزانہ نکالنا

زبان بندی کے لئے اگر حرف ب مع ان آیات کے جو زبان بندی کے واسطے مناسب ہیں لکھے تو مفید ہے اور خزانے نکالنے میں بھی حرف ب سے مدد ملتی ہے حرف ب کی دعوت یہ ہے۔ اَجِبْ یَا خَادِمَ الْبَاءِ وَکُنْ عَوْنًا لِّیْ عَلٰی مَا اُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ یَا رَازِقَ الْخَلْقِ بِغَیْرِ حِسَابٍ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّۃَ ھٰذَا الْحَرْفِ یَقْضِیْ حَوَائِجِیْ فَاِلَیْکَ اَشْکُوْا ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَبِکَ اَسْتَعِیْنُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ

ف اے اللہ تجھ سے سوال کرتا ہوں اے بادشاہوں کے پالنے والے اے مخلوق کے روزی رساں اس حرف کے مؤکل کو میرا مسخر کر دے تاکہ وہ میری ضرورتیں پوری کرے تیرے ہی حضور اپنی کمزوری کی شکایت کرتا ہوں اور تجھی سے میں مدد طلب کرتا ہوں تو ہی مددگار ہے، میرا تجھی پر بھروسہ ہے

وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ اَجِبْ يَا خَادِمَ حَرْفِ الْبَاءِ بِهُبُوْبِ الْاَرْيَاحِ وَمُسْتَتِرَ الْاَرْوَاحِ وحرهبوب ۲ دکرکوب ۲ نبعوت ۲ سیقوب ۲ وسایوب ۲ اَجِبْ بِحَقِّ مَنِ ابْتَلَى اَيُّوْبَ وَبِالْمُصْطَفَى الْمَحْبُوْبِ عَلَيْهِ لِمَا فِيْهِ مِنَ السِّرِّ اسْتَجَبْتُ وَاَخَذْتُ نَاصِيَتَكَ بِالَّذِيْ قَالَ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَهَّابٍ وَاهِبٍ وَهَّابٍ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝[1]

حرف با کا اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ يَا خَادِمَ حُرُوْفِ الْبَاءِ السَّيِّدِ حزهیائیل بلبس لیبح هلیبح ذی النُّوْرِ اللّٰہ مع ذِي الْاٰلَاءِ وَالْكِبْرِيَاءِ ۝

حرف جیم کے خواص اور اس کے مؤکل کی تسخیر و بے شمار فوائد

ج کا مزاج سرد و تر اور جمالی و جلالی بشکل ہوا کے ہے اور یہ حروف مراتب میں سے ہے اس سے کام لینے والے کا کام کرتا ہے حرف جیم مع ان اسمار کے جن کے اول جیم ہے کاغذ پر لکھ کر گرمی کے بخار کے مریض کو پلائیں تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ اگر غائب کو حاضر کرنا ہو تو ۳۰۰ مرتبہ حرف جیم مع اضمار و اسم مطلوب کے نیلے رنگ کے کپڑے پر لکھ کر بتی بنا کر روغن زنبق میں جلاؤ اور اضمار پڑھتے رہو۔ تو شخص غائب کے حاضر ہونے میں بجز طے مسافت کے کچھ دیر نہ ہوگی۔ اگر تین مرتبہ حرف جیم مع اسم مؤکل سرخ پتھر یا سونے یا سرخ تانبے کی مثلث تختی پر لکھیں اور ہر حرف پر تین مرتبہ حرف لکھیں اور رکھنے والا اس کو اپنے پاس رکھے تو عزت زیادہ ہوگی اور پوری دنیا اسکی تعظیم کرے گی۔ اگر ان اسمار کو جن کے اول میں جیم ہے ہرن کی جھلی پر سرخ روشنائی سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو قبولیت عام پیدا ہوگی۔

وضع حمل میں سہولت اور قبولیت عام

اگر حرف جیم بشکل مثلث لکھ کر اس کے گرد حرف جیم اور مؤکل کا نام اس پر لکھ کر حاملہ کی کمر میں باندھیں تو فوراً وضع حمل ہو۔ حرف جیم کے خواص یہ ہیں۔ دنیا میں ٹھنڈک پیدا کرتے ہیں تاکہ سورج کی گرمی دنیا کو جلا نہ دے اگر حرف جیم انگوٹھی پر لکھ کر اس کے گرد اضمار بھی لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور دعوت پڑھتے جائیں اور ۵۳ مرتبہ ج کہیں تو کبھی پیاس نہ لگے گی۔ نیلے کپڑے جو کسی گھوڑے سے اٹھایا ہو اس پر حرف جیم کسی شخص کے نام کے ساتھ تکبیر کر کے لکھیں پھر اس کو پلائیں تو مرض قولنج میں وہ شخص گرفتار نہ ہوگا۔

دشمن کو بیمار ڈالنا اور پوشیدہ خزانہ نکالنا

اور اگر کھانے میں کھلائیں اور خادم حرف کو اس پر مقرر کریں تو فالج میں مبتلا ہوگا اور اگر شخص مطلوب کے نام سے کسی کپڑے پر مع اس کے اسماء جلیل و جمیل کے تکبیر کر کے لکھیں اور اپنے پاس رکھیں تو قبول عام حاصل ہو اگر تازہ انڈے پر حرف جیم مع اضمار لکھ کر جہاں خزانہ کا شبہ ہو وہاں جا کر دروازہ کھولیں تو دروازہ فوراً کھل جائے گا حرف جیم کی خلوت پاکیزگی سے کرنا چاہیے جب دعوت پڑھنے میں مشغول ہو تو حرف کی شکل لکھ کر اپنے سینہ پر باندھ لے جو عامل کو حصار کا کام دیتا ہے اور بعد ہر نماز عزیمت پڑھے تو اس حرف کا خادم طعائیل نامی حاضر ہو، جب وہ حاضر ہوگا اس سے عہد لے وہ سب حاجتیں پوری کریگا۔ حرف جیم کا نقش اور اس کے فائدے اور اس حرف کی دعوت۔

حرف جیم کا نقش یہ ہے

۱۲	۵	۲۱	۵
۲	۶	۱۱	۱۶
۳	۲۳	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۱۲

---

[1] اس اسم کے اسرار سے تجھے میں نے طلب کیا اور تیری پیشانی پکڑی ہے بطفیل اس ذات کے جو قیامت کے دن فرمائے گا کہ آج کس کی حکومت ہے، پھر خود ہی جواب دے گا۔ اللہ وحدہٗ قہار کی حکومت ہے، وہ بخشنے والا اور کرم کرنے والا ہے، جس کو چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اقبال الدین احمد مترجم ۱۲

حرف ج کا نقش یہ ہے

۱۲	۵	۲۱	۵
۲	۶	۱۱	۱۶
۳	۲۳	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۱۲

دعوت حرف ج یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ جلبت[1] بِجَاہِ الْجَبَرُوْتِ وَبِعِزَّۃِ الْعَظْمَۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَبِالْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْمَاجِدِ الْقَیُّوْمِ الدَّائِمِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ جَلِیْلٌ تَجَلّٰی لِلْجَبَلِ فَجَعَلَہٗ دَکًّا وَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا جَلَبْتُ مَطْلُوْبِیْ مَحْبُوْبِیْ لَیْسَ حَبِیْبٌ سِوَاہُ الْقَرِیْبُ الْمُجِیْبُ اَجِبْ یَا حَرْفَ الْجِیْمِ بِمَا فِیْکَ مِنَ الْبِرِّ وَالْمَحَبَّۃِ وَالتَّقْلِیْبِ جَدُّکَ الْجَلِیْلُ اَجِبْ مَطِیْعٌ وَبِحَقِّ الشَّمْسِ وَالْوَھِیْجِ جِئْتُمْ جَعَلْتُکَ جِیَادِیْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکَ بِرَبِّ الْعِبَادِ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْاَمْرُ وَالْحُکْمُ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَجِبْ یَا طَعْیَائِیْلُ وَافْعَلْ کَذَا وَکَذَا بِھٰذَا الْحَقِّ

ترف ـ بہت جلدی مؤکل کو حاضر اور حاجات پوری کرتا ہے اس کا اضمار یہ ہے

الرفات یا باعث الاموات یا باسط الارضین و یا رافع السموٰت یا کاشف الکربات بجاہ محمد صلی اللہ علیہ و سلم المجتبیٰ المخصوص بالشفاعۃ العظمیٰ ان تسخر لی خادم ھذا الحرف یقضی حاجتی انک علی کل شیء قدیر اجب ایھا الخادم بھذا الحرف بارک اللہ فیک و علیک یا تواب ھیا سیعلمون ۲ مھیوت ۲ سبحانک لا الہ الا انت ما اعظم شانک و کھوب سبحانک من التجر سدّ الیک کفی و من استعان بک نجد اللھم اقض حاجتی بالف لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اضمار یہ ہے اجب ایھا الملک مرعیائیل بحق سرحیل صفیل طوسم طاہ یموہ لواب العجل الوحا ھیا بارک اللہ فیک و علیک آمین۔

حرف ثا کا نقش اور اس کی دعوت، فوائد کثیرہ

حرف (ث) بخار کے مریض کے لئے بہت مفید ہے اگر اس کو چاندی کی تختی پر مع اضمار لکھ کر مریض پہنے یا دھو کر پیئے۔ تندرست ہو جاوے گا۔ یہ حرف الف کے مانند کام کرتا ہے اس حرف کو اپنی ہتھیلی پر رکھ کر اضمار اور دعوت پڑھو اور جس شخص کے سینہ پر دم کرو تو وہ شخص تمہارا عاشق ہو جائے اگر اس کو کسی شخص کے نام کے ساتھ لکھے اور اضمار پڑھے تو وہ شخص مطیع ہو جائے گا۔ حکام اور دولتمند کو مطیع کرنے کی اس حرف میں پوری تاثیری قوت ہے جب اس حرف سے خدمت لینا چاہو۔ تو اس کا خادم تمام کام پورے کر دے گا اس کی دعوت و اضمار ۱۲ دن پڑھے تب خادم حاضر ہوتا ہے۔ بخور اس کا لہسن کے بیج ہیں، جو سرکہ میں ڈالے گئے ہوں۔ ۱۲ دن تک ہر وقت تلاوت انہیں جلائے مقصد حاصل ہوگا۔ حرف ثا کا نقش اور اس کی دعوت فوائد کثیرہ۔

ث ث ث ث
ث ث ث ث
ث ث ث
ث ث ث ث ث ث
ث ث ث ث

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ نثبت قدرتک اللھم وجودک فی قدام القدم من غیر کیف و لا تشبیہ خلقت النطفۃ و العلقۃ و المضغۃ و کسوت العظام لحما و اخرجت الطبع فی النفس فجعلت الشمس منقادۃ الی ما انجذبت الیہ بانتخاب الامر و الائتمار ثلاث ثمال تنور ث نار مھجتی بسر طبع السیر فی القلب اجب الامر یا خادم حرف الثاء بخلق فالق الحب و النوی و جاعل اللیل سکنا و الشمس و القمر حسبانا ذالک تقدیر العزیز العلیم اور اضمار یہ ہے اجب الخادم حمیائیل بحق لیالید لبدرس طمعت انما امرہ الخ۔

پڑھ کر خلوت میں داخل ہو اور اپنی حاجت طلب کرے تو انشاء اللہ پوری ہو گی۔

حرف خاء کے خواص اور دشمنوں کے مجمع کو منتشر کرنا کہیں سے خرید و فروخت بند کرنا کسی کو ڈرانے کا عمل

حرف خاء نقطہ دار طبعاً آبی اور سرد تر ہے۔ اگر اس کو کوری ٹھیکری پر مع اضمار معکوس لکھو اور نالی کے گندے پانی سے دھو کر لوگوں کے مجمع میں چھڑک دو، تو لوگ متفرق ہو جائیں گے اگر سیسہ کی تختی پر لکھ کر کسی جگہ دفن کر دو تو خرید و فروخت وہاں سے ختم ہو جائے اور اگر اس کو اپنی ہتھیلی پر لکھ کر اضمار پڑھ کر مٹھی بند لو اور جس کو ڈراتا ہو اسکے سامنے جا کر کہو اے فلاں خوف کر پھر اسکے آگے مٹھی کھول دو تو تم سے خائف رہے گا۔

حرف خاء کی دعوت اور اس کا نقش مع خواص۔ دعوت حرف خاء یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ خَلِّصْنِیْ اَللّٰھُمَّ مِنْ کُلِّ ھُمُوْمِ الدُّنْیَا وَخُذْ بِنَاصِیَتِیْ اِلَی الْخَیْرَاتِ یَاخَفِیُّ یَاعَالِمُ خَفِیِّ الْاَمْرِ وَھُوَ عَالِمُ خَفِیِّ الْاَمْرِ وَھُوَ عَالِمٌ بِہٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تَکْسُوْنِیْ نُوْرًا اَشْھَدُ بِہٖ عَلٰی سِرِّ الْخَاءِ حَتّٰی اَقْضِیْ حَاجَتِیْ یَاخَبِیْرُ ھَیَا ۳ اَلْعَجَلَ عَجِّلْ یَاخَاءُ بِالْخَاتِمِ الْخَلْمُوْتِیْ خبوم اَسْئَلُکَ اَنْ تَمُدَّنِیْ بِخَادِمِ حَرْفِ الْخَاءِ وَبِخَیْرٍ مِّنْ خَلْقِکَ یَامَنْ یَّعْلَمُ السِّرَّ وَالْخَفِیَّ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی وَبِاَلِفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ بِحَقِّ ھُوَ طیال عبوط الاوکس وکس خخم ۲ خفج باہ بموہ انوحل اَلْعَجَلِ السَّاعَۃِ ۔

حرف خاء میں ہر قسم کی تاثیر موجود ہے۔

حرف (ذ) کے خواص کثیرہ اور بیشمار فوائد مع نقش اور غصہ کا علاج

حرف ذ لکھ کر جس کو کھلاؤ اسے میٹھا معلوم ہو۔ اگر کسی کو طلب کرنے کا ارادہ ہو تو سفید ریشم پر اس حرف کو مع اسماء مطلوب و مادر لکھ کر جب قمر اس کی منزل میں ہو اس کی بتی سی بنا کر کورے چراغ میں روشن کرو اور اضمار پڑھتے رہو تو مطلب حاصل ہوگا۔ اگر کسی کی عقل خراب کرنا ہو تو اس شخص کی شکل بنا کر اس پر حرف ذال لکھ کر اس کے گھر میں ڈال دو۔ تو اس شخص کی عقل ماری جائے گی۔ اس حرف کو غصہ اور پیاس دور کرنے کے لئے لکھ کر اپنے پاس رکھنا مفید ہے جب اس کی ریاضت کرنا ہو تو ہر نماز کے بعد خلوت میں ستّو بار دعوت پڑھو۔ موکل حاضر ہوگا (اس کے اضمار کا مصنف نے ذکر نہیں کیا۔ مترجم) دعوت اور نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لِذَّذْنِیْ اَللّٰھُمَّ بِتِلَاوَۃِ اَسْمَائِکَ یَارَبِّ تَذَلَّلَتْ بَیْنَ یَدَیْکَ تَذَلُّلَ الْعَبِیْدِ الْمُفْتَقِرِیْنَ بِالْحَاجَاتِ اِلَیْکَ وَتَلَذَّذَتْ بِاَسْمَائِکَ تَلَذُّذَ الْاٰئِکَ فِیْ سِرِّیْ وَجَھْرِیْ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ خَادِمَ ھٰذَا الْحَرْفِ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ ھُوَ ھِیَ اھیاہ بموہ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

حرف ضاد کے بیشمار فوائد، باعزت رہنے اور کسی کے گھر میں آگ لگانے کا عمل، آسیب کا علاج

حرف ضاد طبعاً بردخشک ہے جو کوئی اس کو ریشمی کپڑے پر مع اضمار لکھ کر اپنے پاس رکھے باعزت رہیگا اور ہر شخص اس کی بات مانے۔

پھر بیت کو جمع کر دینا

اس حرف کو قنفذ کی چربی سے اگر لکھ کر کسی شخص کے گھر کی دہلیز میں دفن کردو۔ تو پھر، پسّو، جوئیں اور مینڈک اس مکان میں بہت سے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ اگر کسی مکان میں آگ لگانا ہو تو اس حرف کے خادم کو حکم کرو وہ آگ لگائے گا۔ اگر یہ کسی آسیب والے پر پڑھو گے تو اس کا آسیب خاک ہو جائے گا۔ حرف ض کا نقش یہ ہے ←

حرف (ظ) کے خواص موذی جانوروں کو جمع کرنا | یہ حرف ظاء نقطہ دار مثل حرف طا غیر منقوطہ کے تصرف کرنے والا ہے۔ اس کو دشمنوں کو برباد کرتا ہے ہر آفت سے محفوظ رہیں ۴ | کیکر کی لکڑی پر قنفذ کی چربی سے لکھ کر جس گھر میں دفن کرو سب موذی جانور وہاں جمع ہو جائیں گے۔ اگر اس حرف کو لکھ کر بچوں کے گلے میں باندھو تو ہر آفت و بلاسے حفاظت رہے اور اگر اس کو مع اسمائہ معکوس طور پر سیسہ کی تختی پر لکھ کر کسی گھر میں دفن کرو تو اس کے مکین متفرق ہو جائیں گے یہ دعوت خلوت میں ۹۰۰ بار روز پڑھنے سے مؤکل حاضر ہو کر عہد و پیمان کرتا ہے یہ حرف ہلاکت زمین میں مصائب اور قتل و بربادی کے کام دیتا ہے، حرف ظ کی دعوت اور نقش۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ظ ظ ظ	ظ ظ ظ
ظ	ظ
ظ ظ	ظ ظ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ ظَهَرَتْ قُدْرَتُكَ اَللّٰهُمَّ فِی الْاٰفَاقِ وَحَصَلَ مَا ظَهَرَ عَلَى الْاَشْقَاقِ وَضَلَّ مَنْ ظَهَرَ بِالْاَضْدَادِ وَالْاَنْدَادِ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِمَا اَوْدَعْتَ اَنْبِيَاءَكَ وَاَوْلِيَاءَكَ مِنَ الْاَلْفَاظِ اللَّطِيْفَةِ الطَّاهِرَةِ الْعِظَامِ اَنْ تُظْهِرَ فِیْ عَلٰى كَشْفِ سِرِّ التِّقَاءِ حَتّٰى اَضْرِبَ مَنْ تَظَاهَرَ فِیْ عَلٰى خَلْقِكَ بِالْاَذٰى وَالْفَوَاحِشِ بِسِرِّ الْاَعْرَاضِ وَالدَّلَالَةِ الْمُخَالِفَةِ الْاَمْرِ هَيَا يَا ظَاءُ تَمَثَّلْ لِیْ حَتّٰى اَرَاكَ وَاُخَاطِبَكَ اَجِبْ بِحَقِّ مَنْ قَالَ اَنَا اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَسْئَلُكَ يَا رَبِّ بِالْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰى اَهْيَا يَا طَا بِحَقِّ وَطعیائیل وَظهوريائیل اَظْهِرْ بِالْاَسْرَارِ النُّوْرَانِيَّةِ وَالْاٰيَاتِ الرَّبَّانِيَّةِ الْعَجَلَ الْوَحَا اَقْضِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَبِاَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ یا هجائیل بحق هموطوش سعدائیل سطول سموه ظاظ ظ۹ظ یاه یموه الْعَجَلَ الْوَحَا السَّاعَةَ ۝

حرف غین کے خواص اور اس کی دعوت اور نقش جس کے بے شمار فوائد ہیں ۴ | یہ حرف غین نقطہ دار طبعاً سرد خشک ہے اگر یہ مع اسمائے عبلیہ ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے سر سے باندھو تو رزق ملے اور سب لوگ تم سے محبت کریں۔ اگر اس کو کسی آدمی کے نام کے ساتھ (جب قمر اسی کی منزل میں ہو) لکھو اور اضمار پڑھ کر اس پر دم کرو۔ اور ایک بہت وزنی پتھر کے نیچے دبا دو تو معمول حاضر ہو کر شرمندہ ہوگا (جب شمس کی منزل میں ہو) اسے لکھ کر اپنے پاس رکھو تو محبت اور عزت حاصل ہو اس ریاضت جب کرو تو کوئی چیز روشن نہ کرو، اس کے خادم کا نام سقبائیل ہے جو کام ہو اس سے لو اور دعوت[1] و اضمار ۲۰ بار پڑھو۔ اور دعوت یہ ہے۔

غ ۹۰۰	غ غ غ	غ ۹۰۰
	غ غ غ غ	
	غ ۹۰۰ غ ۹۰۰	
	غ غ غ غ	
غ		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَغْنِنِیْ وَالْغَنِیْ شَرَّ الْبَلَايَا وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَغَضِّ طَرْفِیْ وَاغْمِرْ بِخَيْرِكَ يَا اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ فِیْ بِنُوْرِكَ الَّذِیْ نَوَّرْتَ بِهٖ اَوْلِيَاءَكَ وَاَسْعِفْنِیْ بِقَبُوْلِ الْعَمَلِ وَغُفْرَانِ الزَّلَلِ اَللّٰهُمَّ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا اَللّٰهُ هَيَا يَا خَادِمَ حَرْفِ الْغَيْنِ اَجِبْ وَافْعَلْ كَذَا بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَبِحَقِّ اِسْمِهِ الْغَفُوْرِ الرَّحِيْمِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ. غلماغ غصوع اَغْنِنِیْ وَاغْمِرْنِیْ بِكُلِّ مَا اُرِيْدُ مِنْكَ يَا غَفُوْرُ يَا اللّٰهُ يَا رَحِيْمُ. اَجِبْ بِالْاِجَابَةِ مِنْ غَيْرِ فُتُوْرٍ بِمَا يَصِيْرُ فِی اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنْ غَيْرِ فُتُوْرٍ مَا تَهَلَّلَتِ الْاَنْوَارُ الْغَيْبِيَّاتِ ۲ اَجِبْ، بِاَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ ۝ اور اضمار یہ ہے اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلِكُ الْجَلِيْلُ سلسائیل، بحق

---

[1] مصنف نے اس کی دعوت کا ذکر نہیں کیا ہے۔ مترجم اقبال الدین احمد ۱۲

مطط شہقیع کک ہبوط غنی مغنی حَیٌّ قَیُّوْمٌ اَلْوَحَاہُ

حرف ل کے بے شمار فوائد اور دعوت نقش

حرف لا تعریف کے لحاظ سے بے مثال ہے، جہاں دوسرے حروف تصرف کرتے ہیں یہ حرف لا ان سب کاموں میں تصرف کرتا ہے، اس کی دعوت یہ ہے۔ نیز یہ جملہ کاموں کے لئے سود مند ہے۔

لالالا لالالالا لالالا		
لاه	لا	لاه
لالالالالالالا		

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا اَللّٰہُ بِعِزِّ جَنَابِکَ فَاِنَّہٗ لَا یَخْفٰی عَلَیْکَ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا مَا فِی السَّمَآءِ هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ لَا اِلٰہَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ط اَسْئَلُکَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کَلَامِکَ الْقَدِیْمِ وَبِمُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَنْ تُظْهِرَ لِیْ خَادِمَ حَرْفِ اللَّامِ اَلِفِ لَاَسْتَفِیْئَ بِہٖ بِنُوْرِکَ عَلٰی کَشْفِ الْحِجَابِ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ اَجِبْ بِحَقِّ ذِی الْاٰلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَغْنِنِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ یَا اَللّٰہُ ۱۱ مرتبہ اَنْتَ مَقْصُوْدِیْ اِلَیْکَ حَاجَتِیْ یَا اَللّٰہُ یَا رَبِّ دَعَوْتُکَ فَاِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ذَلَّتْ لَکَ الرِّقَابُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ہ هیا لا تناخر طرفۃ عین واکشف لی عنک لا لا لا لا طلع بعیلاد سمیلا طیلا غافلا اسرع بکذا بالف لا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

تم جب بھی خلوت میں مؤکل کو طلب کرو گے تو حاضر ہوگا۔ مدت خلوت وریاضت ۲۸ دن ہے۔

ابجد کی خلوت اور خدمت لینے کے دن

حروف ابجد متذکرہ بالا کی خدمات کے لئے کوئی خاص وقت نہیں ہے ہر وقت ان کا عمل ہو سکتا ہے جب ریاضت کا ارادہ کرو تو حرف کے عدد کو ۳۰ × ۳۰ پر تقسیم کرو جو باقی بچے بس وہی خلوت کے ایام ہیں۔ اور جب کوئی ضرورت پیش ہو تو اس ضرورت کے لئے اسی حرف سے کام لو مثلاً طرد کے لئے طا سے اور جلب کے لئے جیم سے اور محبت کے لئے جیم سے اور عداوت کے لئے عین سے کام لو ہر عمل کے لئے تقویٰ اور اکل حلال لازمی ہے ستاروں کے رنگ کے موافق کپڑے روزانہ بدلو اور پاک و صاف گھر میں بیٹھ کر دعا میں مشغول رہو تو ایک نور سامنے آئے گا (رات کو دعوت زیادہ پڑھا کرو) جو مؤکل ہوگا۔ صورت اس کی چاند کی طرح ہے، وہ تم سے مخاطب ہو کر تمہاری ضرورت پوری کرے گا۔

ہر حاجت و ضرورت کے لئے دعوت عجیب

یہ دعوت ہر حاجت کے لئے مفید تر ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ مَا شَآءَ اللّٰہُ[1] لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا هُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ بَابُنَا تَبَارَکَ حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا اِسْتَغْنَا بِاللّٰہِ عَلٰی سِرِّ اِمْدَادِ النُّقْطَۃِ هُوَ یَا هُوَ یَسِّرْ حَالِیْ عَجِّلْ یَا نُقْطَۃَ الْوُجُوْدِ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ یَا مُحِلَّ الْعِلَلِ یَا اَزَلِیَّ الْاَزَلِ یَا مَنْ

---

[1] جو خدا نے چاہا (وہ ہوگا) سرچشمہ قوت صرف اللہ برتر و بزرگ ہے ہم سب اللہ کے لئے ہیں ہم اسی کی طرف رجوع ہیں۔ اللہ میرا رب ہے میں اس کا کسی کو شریک نہیں کرتا۔ ایمان لانے والوں کا اللہ ولی ہے جو اندھیروں سے روشنی کی طرف ان کو نکالتا ہے۔ اللہ کافی ہے اور نہیں ہے کوئی معبود مگر اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے۔ عرش عظیم کا مالک ہے بسم اللہ ہمارا دروازہ، تبارک الذی ہماری دیواریں، یٰسین ہماری چھت ہے ہم مدد چاہتے ہیں اللہ سے کہ سر امداد نقطہ کو میرے لئے آسان کر دے، اے نقطۂ الوجود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے قدیم احسان والے

يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى اللَّيْلِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ بِهٰذِهِ النقطة وَتَبْسُطَ حَالِيْ هَبَا يَا جَامِعَةَ اَصْلِ الْوُجُوْدِ هَيَا يَاه يَاه، هَيَاهوت، هَبَا، رهبه، اهعاب، لاهامى، هاها، يَاها، اَجِبْنِي الْجَامِعَةُ بِعِزَّةِ بُدُّوْحٍ، حوددوب، حولحويں، برج وجبره، رجب، بجودياه، اجهرلوحا اللَّوْحِ مِنَ الْاَسْمَاءِ وَبِحَقِّ الْاَسْطُرِ الْاَرْبَعَةِ وَمَا فِيْهَا وَبِالْحُرُوْفِ الْمُعْجَمَةِ اَجِيْبُوْا اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَّةِ بِحَقِّ الْبَسْمَلَةِ جهيا جهر وَمَا فِيْهَا وَبِالْحُرُوْفِ الْمُعْجَمَةِ بَرْهِيَةِ الْعَظِيْمِ مَالِكَ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ففقف ستفاطيس نستقين بِعِزَّةِ صاليا سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ آخر آیت تک۔

حروف کی چلہ کشی کی دوسری ترکیب حروف ابجد کی چلہ کشی کی ایک ترکیب میں یہ جاننا چاہیئے کہ ہر بولی میں علم حروف سے مدد لی جاتی ہے جب حروف ابجد سے محبت و قبول و اطاعت و زبان بندی، نفع و کشش، ابطال سحر وغیرہ اور خزانے نکالنے کا عمل کرنا ہو تو ایک تنہا گھر میں تین دائرہ بناؤ کہ مؤکل سے محفوظ رہو پھر جس حرف کا عمل کرنا ہو اس کا اضمار لکھو، پہلے ہفتہ میں ایک نور ایک گول روٹی کی طرح ظاہر ہوگا۔ نیز ارواح نظر آئیں گے تب یہ کلمات پڑھو۔ يَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَكْشِفُوْا لِيْ قَدْرَ طَاقَتِيْ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ اگر تو روز روز پڑھے اور مؤکلوں کی تسبیح کی آواز تم سنتے ہو تو یقین کر لو کہ ۲۱ دن بعد تمہارے پاس ہم مؤکل آکر سلام کریں گے اور سب کے ہاتھ میں مصحف ہوگا۔ تم ان سے کہنا اے بزرگو تم سے اسمائے الٰہی کی اطاعت درکار ہے پھر ان سے عہد لے لو۔ وہ دل و جان سے اطاعت قبول کریں گے اور تم سے کہیں گے کہ جب تم اطاعت خدا پر قائم رہو گے ہم مؤکل بھی تمہارے مطیع ہیں اگر خزانہ نکالنے کا ارادہ ہو تو اضمار کو چار انڈوں پر لکھ کر اسمائے عظیمہ پڑھو، اور ایک ایک انڈا اس گھر میں مارو تو مواقع خزانہ باطل ہو جائیں گے۔

جن کو حاضر کرنا اور خزانہ نکالنے کا عمل اور کسی شخص کو اپنا مطیع کرنا کسی جن کو بلانا درکار ہو تو اس حرف کے اضمار کو اس جن کے لئے پڑھو وہ جن مطیع ہو کر حاضر ہوگا۔ اگر کسی کو بلانا ہو تو ایک صفحہ پر ۲۸ حروف مع اضمار لکھ کر ایک سوئی ایک حرف پر گاڑ کر دعوت پڑھو اور کہو اے فلاں حاضر ہو۔ اگر حاضر ہو جائے تو بہتر نہیں تو دوسرے حرف میں سوئی گاڑ کر وہی عمل کرو۔ یہاں تک کہ باقی سب حروف پر عمل کرو۔ کسی نہ کسی حرف سے وہ شخص ضرور حاضر ہو جائے گا پھر جب بھی اس شخص کو بلانا ہو تو اسی حرف سے بہ آسانی بلا سکتے ہو اگر کسی خزانہ کے موانع کو باطل کرنا چاہو تو حرف الف و حرف یا و حرف جیم اور دال کے چاروں اضمار کو مرغی کے خالی چار انڈوں پر لکھ کر مرغ کی گردن میں باندھو اور اس گھر میں چھوڑ دو جہاں خزانہ ہوگا وہاں وہ مرغ اپنے پاؤں اور چونچ سے کھود دے گا اگر کسی کو خود سے ایسا ملانا چاہو کہ وہ تم سے کبھی جدا نہ ہو تو مندرجہ ذیل نقش اور تمام حروف ابجد مع اضمار کے لکھ کر ایک صورت دو سر والی بنا کر کسی گھر میں دفن کر دو تو وہ شخص ہمیشہ تمہارے قریب رہے گا۔

نقش شکل ابجد ......

اے علق کے معلق، اے ازلی الازل، اے وہ ذات جو رات کو دن پر اور دن کو رات پر لاتا ہے، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اس نقطہ کو میرا مسخر کر دے اور میرے حالات وسیع کر دے اے جامع اصل وجود اے بعزت بدوح میری اطاعت بطفیل ان ناموں کے جو لوح محفوظ میں ہیں اور بحق چار سطروں کے جو حروف معجمہ میں ہیں اے ارواح روحانی بحق بسم اللہ میری اطاعت کرو۔ اور بحق حروف معجمہ جو بسم اللہ میں ہیں۔ اللہ بڑا ہے، مالک ملک ہے۔ جلال اور بزرگی والا ہے (اقبال الدین احمد مترجم)۔

بر ایک عظیم قاعدہ ہے اگر اس کے لئے دور دراز کا سفر بھی کرنا پڑے تب بھی کسی کو نہ بتایا جائے۔ اگر تم کوئی عمل کرنا چاہو تو اس عمل کے اول اور آخر کے حروف اور ان کا اضمار نکالو۔ پھر قاعدہ مذکورہ سے عمل کرو۔ اگر خیر کے لئے ہو تو سیدھی طرف سے اور اگر شر کے لئے ہو، تو معکوس کرکے عمل کرو۔ اس سے زیادہ تفصیل بیان کرنا مناسب نہیں۔

۱۲۸ انڈے لے کر ہر انڈے پر ایک ایک حرف ابجد مع عدد و اضمار لکھو۔ پھر ایک شیشہ کے برتن میں سب اضمار اور ایک مرغی ان انڈوں پر بٹھا کر گیہوں دیتے رہو اور اس گلاس سے پانی پلاتے رہو۔ یہاں تک کہ ان انڈوں میں سے بچے نکل آئیں۔ یقیناً ان میں کوئی مرغ منفرد ہوگا، جس کا سر اوپر کی طرف ہوگا۔ اس کی بحفاظت پرورش کرو، جب جوان ہو جائے تو اس کو ذبح کرو اور اس کا خون لے کر جو شخص اپنی آنکھ میں لگائے گا وہ خزانے دیکھے گا۔

خزانہ دریافت کرنا۔ ارواح سفلی دیکھنا۔ دشمن کی زبان بندی کرنا غلبہ اور مقبولیت حاصل کرنا کسی کو بیمار کرنا یا علاج کرنا

ارواح سفلیہ اس کو ظاہر نظر آئیں گے۔ لفظ ابجد کے چار حروف مع اضمار زین ٹھیکریوں پر لکھ کر مرغ کی گردن میں باندھیں تو خزانہ کی جگہ مرغ بتا دے گا۔ محبت و قبول، زبان بندی اور قہر و غلبہ وغیرہ کے کاموں کے لئے ناری حروف لکھنا چاہیے غائب کے بلانے کے لئے حروف ہوائیہ سے کام لو۔ نکیر بہانے اور پتھر برسانے کے لئے حروف ترابیہ سے کام لو اور طرد و عکس کے لئے حروف مائیہ سے۔ اگر کسی مریض کا علاج کرنا ہو تو مریض کے نام میں جو حروف ہوں وہ مع اضمار کے لکھ کر علاج کرو۔ خیر کے لئے اضمار سیدھا اور شر کے لئے معکوس لکھو۔

فصل ۳۹: اسماء حسنیٰ کا بیان اور ان کی تشریح

جاننا چاہیئے کہ اسمائے حسنیٰ کی تعداد مخصوص نہیں ہے۔ البتہ ان میں بزرگ ترین وہ اسمائے ہیں جن کا اللہ تعالیٰ نے خود کتاب حکیم میں ذکر کیا ہے۔ ہم قبل ازیں ان کا اجمالی ذکر کر چکے ہیں، مگر یہاں تفصیل بیان کی جاتی ہے اور سب سے پہلے ان کی تصریف کی کیفیت کا بیان ہے۔

اسماء کی تلاوت دو طرح سے کی جاتی ہے ایک تو یہ کہ کسی ضرورت کے لئے اسم پڑھیں اس کی شرائط آئندہ بیان ہوں گی اور دوسری یہ کہ اعمال صحیح کے طریقے سے کئے جائیں جس کے لئے استاد کامل ضروری ہے جو خلوت کرائے اور اسم کی اجازت دے، یہ کام صرف اس کتاب کے مطالعہ سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ حاجت برآری کے لئے پڑھنے کی چار شرائط لازمی ہیں۔

اسمائے حسنیٰ کے اعمال کی بنیادی شرائط

اول یہ کہ اس حاجت کے لئے اسمائے الٰہی میں سے کونسا اسم پوری مناسبت رکھتا ہے مثلاً محبت کی ضرورت ہے تو اسم ودود پڑھے۔ اگر تسخیر قلوب کی حاجت ہے تو اسم رؤف پڑھے۔ اگر کسی کو بیمار کرنا ہو تو اسم مُنْتَقِمُ يَا قَابِضُ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ کی ریاضت عدد کے ساتھ کرے۔ دوم یہ کہ ریاضت اور اسم کے اعداد کے موافق پڑھنا۔ سوم یہ کہ تنہائی میں بجمعیت خاطر بیٹھے اور پوری طرح عمل پر توجہ دے اور اسم کو بسط کرکے باہمی ضرب دے کر اس کے مجموعہ کے موافق پڑھے تو تعداد پوری بھی نہ ہوگی کہ ضرورت پوری ہوگی۔ چہارم یہ کہ اپنے اور مطلوب کے نام کے اعداد کا حساب کرے اور ایسا اسم تلاش کرے جو تمہارے نام اور تمہاری ضرورت کے موافق ہو اس کو کام میں لاؤ۔

ایک اور ترکیب یہ ہے اگر کوئی دستکار ہو اس کو اپنے مناسب اسماء کو پڑھنا چاہیئے۔ مثلاً یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ۔ وغیرہ اگر اہل صنعت سے ہو تو اس کو اسم غَنِیُّ وغیرہ پڑھنا چاہیئے۔

اسماء کے عمل کے طریقے جس سے دنیا میں تصرف اور کشف حاصل ہو اور جن و انس خدمت کریں شہداء صدیقوں اور کامل ولیوں کا مرتبہ نصیب ہو: یہ اعمال کے نتیجہ پر منحصر ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا۔ یعنی اللہ تعالیٰ ہی کے لئے اسمائے حسنیٰ ہیں لہٰذا اس کو جس نام سے چاہو پکارو۔ اگر اسماء کے حجاب نہ ہوتے تو مالک الملک کے چہرہ کی شعاعیں تمام عالم کو جلا کر خاک کر دیتی۔ حقائق اسمائے کو صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے حضور اکرم نے فرمایا ہے خدا تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جو ان کو یاد کرے گا، جنت میں جائے گا۔

واضح ہو یاد کرنے کا راز امانت ہے اور یاد کرنے کے معنوں کا نتیجہ دراصل حقائق اسماء کے کشف سے سکون و خاطر اور امانت معرفت اسماء حاصل ہوتی ہے اور یہ نسبت ایمان اور علم کی نسبت ہے۔

امانت ہی معرفت اسرار ہے رسول اکرم نے فرمایا ہے لوگوں کے دلوں میں امانت نازل کی گئی ہے نیز امانت انسان کی پشت میں رکھی گئی ہے اس کی مثال معرفت ہے جو عقل میں عہد اول کے وقت رکھی گئی ہے جو اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے خطاب سے ظاہر ہے دوسرا عہد میثاق نظر ہے۔ تیسرا عہد میثاق نفوس ہے۔ چوتھا میثاق اختیارات کو بروئے کار لانا۔ پانچواں عہد اللہ تعالیٰ کی توحید ہے جو بربنائے قبولیت اشیاء میں اس کے احکام کا ظہور ظاہر ہو رہا ہے اور چھٹا عہد وہ سماع ہے جو بہ دوام اتصال بہ اظہار قوت سماعت بحیثیت امانت کے معرفت اسرار الٰہی ہے۔ واضح رہے عہد سے مراد ہماری اس دنیا میں علم کا ظہور ہے جیسا کہ کہا گیا ہے حقیقت علم کی اشارہ سے ابتدا ہوئی ہے اور ابتدائے حقیقت وہ حیلہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے سعادت اور شقاوت میں رکھا ہے۔ اسی باعث حضور اکرم نے فرمایا ہے کُلٌّ مُّیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَہٗ ہر کام کے لئے آسانی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ نے لوگوں سے اپنے ظہور حکم کا عہد لیا کہ وہ اس کے عطیات حواس و قلب و اختیار کو بیکار کاموں میں رائگاں نہیں کریں گے بلکہ احکام الٰہی کی تعمیل اس کے رسول کی پیروی کریں گے، یعنی احکام الٰہی کی تعمیل دراصل رسول اکرم کی پیروی ہے۔

خلوت اسماء کے طریقے تمام اسماء کی خلوت کا طریقہ یکساں ہے جب ان تمام اسماء یا ان میں سے کوئی ایک اسم استعمال کرنا چاہو تو روزہ رکھ کر ریاضت کرتے ہوئے یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُکَ نُوْرًا اَبْیَضَ یَمْحُوْ زَلَّاتِیْ وَیَقْبَلُ عَثَرَاتِیْ وَیُصْلِحُ ظَاھِرِیْ وَیَجْمَعُ شَمْلِیْ وَیُقَدِّسُ سِرِّیْ وَیُسَیِّرُ لِیْ اَمْرِیْ وَیُعْطِیْنِیْ مَعْرِفَۃً مَا اَفُوْقُ بِہٖ عَلٰی اَبْنَاءِ جِنْسِیْ اِنَّکَ مُنَوِّرُ الْاَنْوَارِ وَکَاشِفُ الْاَسْرَارِ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَکَ بِمِقْدَارٍ

اس دعا کے دوامی ذاکر کی لوگوں کے دل میں ہیبت پڑ جاتی ہے اور اس ذاکر کے دل سے وسواس دور ہو جاتے ہیں اسے اللہ تعالیٰ کشف احوال اسماء عطا کرتا ہے۔ ذاکر کو لازم ہے کہ مذکرہ بالا کے اختتام پر اپنی آنکھیں بند کر لے اس لئے کہ وہ روحانیات کو مقید کر لیتا ہے۔ ذاکر کو لحم و پیاز سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ جو کی روٹی کھائے اور دل بیدار رکھ کر قدرے سویا کرے، صبح اور شب و روز میں بکثرت استغفار پڑھا کرے۔ مذکرہ بالا اسماء کے ذکر کے ساتھ سورۂ یٰسین و تبارک الذی بھی پڑھے۔ بوقت خلوت زمین پر بیٹھے اور بیٹھے بیٹھے ہی بند پوری کرے۔ تلاوت قرآن کریم بھی کرے۔ اس نوبت پر جو اسرار نظر آئیں وہ پوشیدہ رکھے

ذاکر اپنی خلوت میں کسی آدمی کو اپنے پاس نہ آنے دے۔ اس ذاکر سے جن بھی دور رہتے ہیں۔

بزرگانِ دین کا یہ ذکر رہا ہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ نیز زیادہ تر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھا کرتے تھے۔ ذاکر کو اکلِ حلال کھانا چاہیئے۔ ذی روح اور ان کے انڈوں سے بھی پرہیز کرنا چاہیئے پنج وقتہ نماز باجماعت پڑھنا چاہیئے۔ مؤکل خواب یا بیداری میں مانند نور یا بجلی یا آئینہ نور، یا سبز پرندہ ہو گا، جس کا چہرہ آدمی سا ہو گا۔

ان اسماء کا تصرف حسب مراتب ذاکر ہے ان کا مربع اور مخمس لکھا جاتا ہے اور ہر ایک خواص کا حامل ہے۔ یہ نقش سعید دن سعید طالع میں مخصوص معدن پر اس طرح لکھو کہ مربع میں یہ اسم پورا ہو جائے اور بوقت نقش اسم کی تلاوت کرتے رہو جو ضرورت مند یہ نقش مربع رکھے اس کی ضرورت ان شاء اللہ پوری ہو گی۔

اسم اللہ کی فضیلت

اسم اللہ بالاتفاق اسم اعظم ہے اور تسبیح سے مراد در حقیقت اسمائے حسنیٰ کا ذکر ہے اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کرنے والا مظہر تقدیس اوصاف سرداری ہو کر اس کے دل سے لذت مجازی دور ہو جاتی ہے اس سے کرامات کا اظہار ہوتا اور بلند مراتب پاتا ہے اسرار توحیدی میں حقیقتاً فنا، کا مقام حاصل کر لیتا ہے یہ ذاکر اوصاف ذمیمہ سے پاک ہو کر کمال طہارت ذاتی کی بدولت روزِ محشر جہاں حیلہ سازی کی کوئی جگہ نہ ہو گی حقیقت الٰہی کے زیر سایہ کھڑا ہو گا اور سابقین الاولین کی صف میں ہو گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا یعنی آتے جاتے یہ ذاکر تسبیح کیا کرتا تھا تسبیح کے معنی یہ ہیں کہ ہر سانس میں الٰہی سو ذکر کرے۔ اس اسم اللہ کے اشتقاق میں علماء باہم مختلف ہیں، بعض کہتے ہیں عربوں میں یہ غیر مشتق ہے اور اپنی تحریر میں اسے اللّٰھُمَّ لکھنے اور اپنی ثبت دلیل میں اللہ کا یہ حکم پیش کرتے ہیں ھَلْ تَعْلَمُ لَہٗ سَمِیًّا اسی بنا پر جنید بغدادی کہتے ہیں مَا عَرَفَ اللّٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو اپنے اسماء بتا دیئے جو انہیں محبوب ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِیْمِ اور میں یہ کہتا ہوں کہ دین و دنیا کے سال و ماہ میں کسی نے بھی اللہ کو ویسا نہیں پہچانا جو پہچاننے کا حق ہے۔

در اصل یہ اسم اللہ سے متعلق نہیں بلکہ یہ اسم متخلق رب کعبہ ہے بعض اسے تولہ معنی فزع و گھبراہٹ سے مشتق کہتے ہیں، اور قول اِلٰہٌ وَلَا اِلٰہَ دلیل میں لاتے اور رکھتے ہیں۔ قرب الٰہی کی وجہ سے بندہ اپنی ضروریات میں گھبراتا اور پریشان ہوتا ہے۔ اسی لئے لفظ اللہ اسم اعظم ہے لفظ اِلٰہ میں دونوں حروف آخری ساکن ہیں اور پہلے حرف ال میں ہمزہ ہے جو گویائی کے پیش نظر الف کہلاتا ہے اور اسی حرف الف سے تمام دیگر حروف پر تجلی کر کے ان کو حقیقت کا لباس پہنایا ہے۔ حرف الف کی تجلی سے جب دوسرے تمام حروف منقہور ہو گئے تو اللہ تعالیٰ کی تجلی رحمت نے انہیں ۲۸ حروف ذاتی قرار دیا۔ پھر اللہ تعالیٰ کی دوسری مرتبہ کی امدادی تجلی نے انہیں علویات و سفلیات کی معرفت دے کر اسباب مشقت پر تصرف دیا۔ امر اول یہ ہے کہ حروف کی شکل کو اسرار عنایت الٰہی سے بلندی نصیب ہوتی ہے۔ پھر ان حروف کو اسرار مقبول کا احاطہ دیا گیا ہے اور یہ ۲۸ حروف باوجود الگ الگ ہوتے سب در اصل ایک ہیں اور ان سے انشراح صدر ہوتا ہے جو رسول اکرم کا احسان عظیم ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ

نے کہا ہے اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ کہ لفظ اللہ میں پہلے حرف پر حرکت اور دوسرا ساکن ہے تاکہ اول اور آخر دونوں الگ
الگ معلوم ہوں اول آخر و آخرت ہی انتہاء حیات دنیاوی ہے۔ حرکت کی تعریف سب جانتے ہیں اور سکون یعنی ساکن ہونا دراصل
اسرار سکون و اطمینان اور الف کی قوتوں کے اسرار پوشیدہ رکھنے کا راز ہے، چونکہ اس اسم میں اسرار حرکت و سکون دونوں جمع ہیں
اس لئے یہ باطن کا باطن اور اسرار انشراح صدر ہے۔

لفظ اللہ میں الف اس کی ذات کی جانب اشارہ ہے اور پہلا لام عہد میثاق کے لئے اور دوسرا لام تعیین نظر اور تیسرا لام دنیا
میں ایمان کی پختگی کے لئے ہے تاکہ مقبولیت عوام و تکلیف شرعی یہ سب اسرار الف کے ذریعہ لوگوں کو نصیب ہوں اور صرف ھا
تکمیل حکم یوم آخرت کے لئے ہے جس میں تمام اگلے پچھلے جمع ہونگے۔ لفظ اللہ میں چودہ حروف ہیں[1]۔ اور زمین و آسمان بھی چودہ ہیں
کائنات کی تمام اشیاء بلکہ ہر ذرّہ اسرار اسم اللہ کی وجہ سے قائم ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا خلاصہ یہ کہ الف اسکی ذات پر لام اس کی صفات پر اور حرف ھا بواطن اسماء پر دلالت کر رہا ہے۔
یقین کیا جائے کہ الف بلحاظ مخلوقاتِ عقل پر دلالت کر رہا ہے اپنے مدرکات کے ساتھ اور پہلا لام بہ نسبت عقل کے روح ہے
اور دوسرا لام گویائی اور نطق پر دلالت کر رہا ہے اور روح دراصل صفت حیات ہے، اور لام کو دل سے نسبت ہے اس لئے کہ وہ نفس سے
بنا ہے اور حرف ھا کے ذریعہ خلوتوں کو عبور کیا جاتا ہے اور خلوت نام ہے اندھے پن کا جسے اسرار الف سے دور کیا جاتا ہے جیساکہ
رسول اکرم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو عماء تاریکی میں پھر فضا میں پیدا کیا اور فضاء دراصل عالم اشیاء ہے۔
بعض عارفین نے کہا ہے لام دراصل اسرار نا اسرار کا ایک راز ہے، بعض کہتے ہیں الف لام کے درمیان راز کا ایک راز پوشیدہ ہے۔
ان امور پر غور کیا جائے تو اول و آخر اور ظاہر و باطن سب معلوم ہو جائیں گے۔

فضاء کیا ہے؟ اپنے تقدیم توحید کے باعث فضاء باطنی اسم اعظم ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے هُوَ اللّٰهُ الْحَيُّ اور قبل ازیں بیان
کیا جا چکا ہے کہ الف دراصل توحید باطنی کی طرف اشارہ ہے یعنی توحید اول آخر سے متصل ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے۔
هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ان امور میں ایک راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے باطن کو محل حرارت بنایا ہے جس میں سے
حرارتِ شوق اللہ تعالیٰ کی جانب بڑھتی ہے اور اسی حرارت سے لوگوں کے طبائع میں حرارت ربانی سماتی ہے اور اللہ تعالیٰ ہی نے ان
تمام حرارتوں کو معتدل رکھنے کے لئے اپنا رحم و کرم عام فرمایا ہے۔

عارفوں کے ھُوھُو کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جلا ڈالنے والی حرارت جسم انسانی سے نکل کر روح کی جنبیت میں ہوا بن جاتی ہے
اور ٹھنڈک کی وجہ سے یہ ھُو ھُو ہو جاتی ہے واضح باد ظاہرا یہ ٹھنڈک اور باطنًا حرارت ہے۔ اِلَّا اللّٰہ میں الف زیادہ کا ایک
راز ہے جو باطن میں ھو اور ظاہر میں الف توحیدی ہے اور حرف واو جو ہونٹوں سے نکلتی ہے اسی لئے آخر میں ہے اور حکم الٰہی ھو اللہ
یہ توحید ذاتی ہے جو توحید موجودات بشمول توحید معلومات کے مقدم ہے، جیساکہ فرمایا وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ اور احکام
مشیت الٰہی بلحاظ باطنی معنی کے مقدم اول ہیں جس کی دلیل اس کا فرمان هُوَ الْاَوَّلُ هُوَ الْاٰخِرُ ہے جو ظاہر کا باطن اور باطن کا باطن

[1] اسم اللہ میں چودہ حروف اس طرح ہیں کہ ال اہ میں دو الف اور دو لام ان چاروں حروف کو تین میں ضرب دینے سے حاصل ضرب بارہ ہیں
حرف ھا کے دو حرف جمع کئے جو چودہ ہو گئے۔ از مترجم اقبال الدین ۱۲

ہے۔ واضح باد حرف ھا لطائف حیات کی حامل ہے اس لئے سانس سینہ میں رہ کر روح حیات کو آسائش پہنچاتی ہے اور قاعدہ کلیہ بھی یہی ہے کہ ہوا فرحت افزا ہے اس مضمون پر خوب غور کرو۔ اور اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا ہے۔

معنی ھُوَ داخلی و خارجی طور پر حقیقت یقین کی ہیبت کا نام ھُوَ ہے جس کی وجہ سے قوت گویائی ملتی ہے جب سانس اندر آتی ہے تو باطن گویا ہوتا ہے اس لئے کہ ہوا پھیلتی ہے۔ ہوا داخل ہوتے وقت کمی لاتی ہے اور نکلتے وقت پھیلتی ہے حرف ھا نفس حیات سے باہر اور حرف واؤ احتراق حرارت سے یا نہ رہتا ہے دراصل واؤ جو سر حیات ہے یہ حرارت کو ٹھنڈا کر دیتا ہے اور ھا جس نے سر حیات کو قبول کیا ہے یہ اسرار امداد الٰہی کی وجہ حیات سے متصل ہو جاتا ہے اور یہ سلسلہ موت تک جاری رہتا ہے جہاں فیض و کشار کے احکام کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے اور انسان اللہ تعالیٰ کے حضور واپس ہو جاتا ہے۔ اس مضمون پر خوب غور و فکر کرو تو تمام موجودات کو اللہ کی ملکیت دیکھ لو گے۔

اسم بزرگ اللہ رب کعبہ کا عظیم الشان اسم ہے اس کے لئے خلوت و پنجوقتہ نماز اور (۶۶) دن کی ریاضت درکار ہے، یہ اسم ہر نماز کے بعد (۶۶) مرتبہ خلوت میں پڑھا جائے اور خلوت میں مجاہدہ نفس، ترک قبائح کرنا چاہیئے۔ تاکہ قلب عالم ملکوت کی طرف راغب ہو جائے خلوت میں اولاً دل سے اَللّٰہُ دَائِمٌ یہاں تک ذکر کیا جائے کہ حال غالب آجائے اور تن دھن کا خیال نہ رہے اس وقت ذاکر کی ہمت بلند و مضبوط ہوگی اور ایک دروازہ کھلے گا، جس میں سے دنیا، فرشتے، ارواح انبیاء و صلحاء سب نظر آئیں گے اور ایک مؤکل خواب میں آئے گا۔ اس پہلی خلوت میں ذاکر کو ذاکری کا مرتبہ حقائق اسماء الٰہی کا علم مل جاتا ہے۔

اسمائے الٰہی میں سے کلمہ طیبہ کے (۱۳) حروف ہیں جو قلعہ خداوندی ہے جیسا کہ رسول اکرم نے بحوالہ حکم الٰہی فرمایا ہے لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میرا قلعہ ہے جو اس میں داخل ہوا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہا بعض کہتے ہیں کلمہ توحید کے حروف بسطی ا ال و ال ا ال ل ہ یہ بارہ ہیں اور برج بھی بارہ ہیں جن کی برکت سے آسمان، ستارے اور چاند سب گردش کر رہے ہیں۔ ان سیاروں کے طالع میں کلمہ توحید کا عمل جلد قبول ہوتا ہے۔ اس لئے کہ یہ اسم ان سب سیاروں کا مدبر ہے اور یہی اس کلمہ کا راز ہے۔ اسی کلمہ کی بدولت انسان گفتگو کرتا اور آسمان گردش کر رہے ہیں۔ یہی کلمہ تمام موجودات و نباتات و جمادات و حیوانات و چار فصلوں اور سال کے بارہ مہینوں کو درجہ کمال تک پہنچاتا ہے۔ ان حروف ہی کی وجہ سے گھنٹے بھی بارہ ہیں۔ انہی حروف کے اسرار سے رحمتوں کا نزول، برکات کا ظہور، حکمتوں کا انفجار، ہدایات کا وقوع، قوت نمویہ کی عظمت اور تمام بھلائیاں بڑھتی پھولتی ہیں اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کم از کم کرم نے دنیا میں تصرف کرنے کے لئے ایک دن کے بارہ گھنٹے رات کے اور بارہ گھنٹے دن کے بنائے اور اپنی حکمت سے چار فصلیں خریف و ربیع اور بہار و خزاں کی بنا کر ہر ایک کو تین تین ماہ کی مدت دی جو زمانہ کی تدبیر کر رہی ہیں نیز یہ حروف توحید الٰہی کے لئے مستند ہیں جو کلمہ توحید کا نتیجہ ہیں اور کسی چیز کا دیرپا رکھنا صرف اللہ قیوم ہی کے قبضہ قدرت میں ہے۔ دنیائے انسانی حرکت و سکون سے مرکب ہے اور حرکت و سکون کا مقتضا دراصل ظاہر انبیاء کا کشف ہے چنانچہ رات کو اس کے وجود کا راز بتایا اور عالم حقیقت کی طرف رجوع ہو کر اسرار افعال و بعثت و ارتقاء ارواح اور عقول کو شائستگی و صفائی عنایت کی ہے اور انہی حروف کے اسرار سے رات اور رات کے بارہ گھنٹے بنا کر شب تاریک کو لوگوں کے آرام کے لئے بنایا۔ لا الٰہ الا اللہ کہنے سے توحید حاصل ہوتی جس کی تکمیل محمد الرسول اللہ سے ہوتی ہے جس کے بارہ حروف دن کی تکمیل کرتے ہیں۔

اس طرح حکمت الٰہیٰ اپنی تمام رحمتیں نازل کرتی رہتی ہیں۔ بشرائط متذکرہ بالا کلمہ طیبہ پڑھنے والا توحید کامل کا اظہار کرتا ہے اور بموجب حدیث شریف انبیاء سابقین نے کہا ہے کہ کلمہ طیبہ ہی افضل ترین کلمہ ہے۔

فوائد کلمہ طیبہ اس امر کا بھی علم ہونا چاہیئے کہ چوبیس حروف کے مقابل ہیں ۲۴ جہان ہیں اور ہر جہان الف میں موجود ہے کلمہ طیبہ دراصل عالم علوی و سفلی کی حقیقت ہے اور اسی کی نسبت سے عرش کی تحریریں سفید و سبز نورانی ہیں اور کلمہ طیبہ کے دونوں حصے اسی نور سے تحریر ہیں کلمہ طیبہ پڑھنے والے کے منہ سے نور نکل کر سیدھا عرش تک جاکر قیامت تک تسبیح کرد رہتا ہے۔ ہمارا مشاہدہ ہے کہ ملک ملکوت و جبروت میں کلمہ طیبہ جا پہنچتا ہے اور حقیقت الٰہیٰ تک پہنچنے میں اسے کوئی چیز مانع نہیں ہوتی جیساکہ ارشاد ہے اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ وَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُہٗ۔

احادیث شریفہ میں ہے جس شخص نے پوری طہارت کے روزانہ ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ اسباب پیدا کرکے اس کی روزی بالکل آسان کر دیتا ہے، جو شخص رات کو سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھے تو رات بھر اس کی روح عرش کے نیچے سکون سے رہتی ہے۔ سورج نکلنے تک کلمہ طیبہ پڑھنے والے کا نفس شیطانی کمزور رہو جاتا ہے۔ نیا چاند دیکھتے وقت کلمہ طیبہ پڑھنے والا تمام بیماریوں اور تکالیف سے محفوظ رہتا ہے، پوری ہمت اور دلجمعی سے کلمہ طیبہ پڑھ کر جو کسی ظالم کے پاس جائے تو وہ ظالم ہلاک و برباد ہو جائے۔ کلمہ طیبہ یہ تعداد پڑھ کر جو کسی شہر میں جائے تو وہاں کے فتنہ و فساد سے محفوظ رہتا ہے۔

مقام ارتقاء کے حالات جاننے کے قصد سے کلمہ طیبہ پڑھنے والے کے مقاصد پورے ہوتے ہیں جس نے کلمہ طیبہ پڑھا اس کی مغفرت ہوگی، مرتے وقت جس کی زبان پر کلمہ طیبہ رہا اس کی بھی مغفرت ہوگی جسے سخت مشکل پیش ہو وہ خلوت میں پوری دلجمعی سے لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ پڑھ کے اپنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو ضرورت پوری ہوتی ہے، بعض لوگ کہتے ہیں جس نے کلمہ طیبہ بموافق عدد پڑھا تو اس نے اپنی جان اللہ کو فروخت کر دی جو اس کا ہر طرح حافظ و نگہبان رہتا ہے بعض محققین کا بیان ہے کہ ھَلْ جَزَاءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ کے معنی ہی لا الٰہ الا اللہ ہیں۔ صاحب ہوش و گوش کے لئے تمام اذکار کے منجملہ لا الٰہ الا اللہ بہترین ذکر ہے۔ کلمہ طیبہ کا معرفت ہی دراصل اللہ تعالیٰ کی قربت ہے۔

حضرت عثمان غنی کا بیان ہے ایک دن میں رسول اکرم کے پاس بیٹھا آسمان کی طرف دیکھ رہا تھا کہ جبرئیل امین نے آکر کہا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو عدل و احسان کرنے اور کلمہ طیبہ کی شہادت حکم دیا ہے۔ یہ سنکر ایمان کی جڑیں میرے دل میں مضبوط ہوگئیں اور میں نے کہا عدل دراصل یہ ہے۔ ایک مرتبہ میں نے رسول اکرم سے اخلاص کے معنی دریافت کئے تو آپ نے فرمایا عبودیت میں پکے رہنے کا نام بھی اخلاص ہے اللہ تعالیٰ نے کہا ہے یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ اس حکم الٰہی میں صادقین سے مراد ہیں وہ اشخاص جو لا الٰہ الا اللہ کہنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے تمام مخلوق کی خلقت اور ان کے تمام علوم کا مرکز لا الٰہ الا اللہ ہے۔ نیز علم اولین و آخرین کلمہ طیبہ میں ہیں اور تمام انبیاء کی بعثت کلمہ طیبہ کے اظہار کے لئے ہوئی جیساکہ اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم سے کہا ہے فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِکَ سرور عالم کا ارشاد ہے بہترین ذکر لا الٰہ الا اللہ اور بہترین دعا الحمد للہ ہے اگرچہ فرشتے تمام اعمال اللہ کے حضور لے جاتے ہیں مگر لا الٰہ الا اللہ وہ ذکر ہے جو خود بدولت بارگاہ الٰہیٰ میں پہنچتا ہے، بعض مفسرین نے کہا ہے اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ سے مراد روز قیامت ہے۔ جس کا دنیا میں آخری کلام کلمہ طیبہ ہوگا تو یہ

کلمہ روز محشر اس پر تجلّی کرے گا۔ اور جنت کی کنجی کلمہ طیبہ ہے۔

واضح باد تمام اعمال کی روز محشر دریافت کی جائے گی۔ دراں حالیکہ ذکر الہیٰ اور کلمہ طیبہ اپنے پڑھنے والوں کو اس مقام تو تک پہنچائیں گے۔ یہاں اس ذاکر پر انوار کی بارشیں ہوں گی ۔آخری زمانہ میں لوگ عادت کے طور پر عبادت کریں گے یاد رہے کہ کوئی عبادت لا الٰہ الا اللہ صدق دل سے بھی کہے۔ بغیر قابل قبول نہ ہوگی حضرت یونس نے مچھلی کے پیٹ میں لا الٰہ الا اللہ کا ذکر کیا تو نجات ملی۔ کلمہ طیبہ کے تمام فوائد کثیرہ کی اس کتاب میں تاب برداشت نہیں ہے۔ مختصراً عرض ہے نشاید حاجت مند خالی جگہ میں ستر ہزار مرتبہ لا الٰہ الا اللہ بشرائط طہارت و دلجمعی سے پڑھے تو اس جگہ سے اٹھنے سے پہلے ہی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔

ترکیب استنطاق اسم اللہ کی دوسری ترکیب استنطاق یہ ہے کہ اس اسم کو جب تحریر کرو گے تو اسم الوہیت سے وہ گویا ہوتا ہے۔ جس کی مثال یہ ہے اگر اس میں سے لام کو کم کرو گے تو لِلّٰہ بھی گویا ہوتا ہے اور اگر دونوں لام کم کر دو تو باقی اہ بھی گویا ہوتا ہے اور اگر آخری ھا اور لام کم کر دو تو ال بھی گویا ہوتا ہے جو سریانی زبان الف اور دونوں لام یہ بھی گویا ہیں اور ھُوَ بھی گویا ہے جو اسم ذات اور دیگر تمام اسماء الہیٰ کا جامع ہے اگر تمام اسماء الہیٰ کو چھوڑ کر صرف ھُوَ سے کام لو تو یہ بھی گویا ہوتا ہے اس لئے کہ یہ تمام اسرار کا جامع ہے جب تم یا رحمٰن یا رحیم یا اللّٰہُ اعنّی وارحمنی یا اللہ کہو یا یا غفارُ یا اللّٰہُ اعنّی یا واغفرلی یا اللّٰہُ کہو اور تکلیف میں تو تم اے اللہ ہماری تکلیفیں دور کر دو کہتے ہی ہو ان تمام اسمائے میں انسان کی زبان سے لفظ ھو ضروری نکلتا ہے جو اسم ذات اللہ سے متعلق ہے اور اللہ ہی مشکل کشا اور حاجت روا ہے۔

اسم اللہ کے خواص

اسم اللہ کی سب سے بڑی تاثیر یہ ہے کہ بیماریوں سے شفا ہوتی ہے جس کی ترکیب یہ ہے کہ اللہ (۶۶) مرتبہ لکھ کر اس نقش کو پانی یا شہد میں گھول کر مریض کو پلایا جائے تو مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔ عام اس سے کہ کسی قسم کی ہر تکلیف دور ہو جاتی ہے اگر کسی جن کو گرفتار کرنا ہو تو اسم اللہ کے حروف اپنی انگلیوں پر لکھو وہ جن تمہارے قبضہ میں آجائے گا۔ اگر کسی جن کو جلانا چاہو تو اسم اللہ کے حروف کسی نیلے کپڑے پر لکھ کر اس کپڑے کا ایک سرا جلا کر آسیب زدہ کو سنگھاؤ تو وہ جن سوختہ ہو جاتا ہے یہی عمل جن کو جلانے مارنے یا گویا کرانے کے لئے کام میں لایا جائے۔

اگر اسم اللہ کا مربع سونے کی انگوٹھی پر اتوار کے دن طالع حمل میں نقش کر کے (۶۶) مرتبہ اللہ اللہ کہہ کر پہنا جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی لوگوں میں عزت دوبالا کرتا ہے۔ اور اگر پیر کے دن یہ نقش چاندی کی انگوٹھی پر پہنا جائے اور ذاکر اسم اللہ کی مداومت کرے تو اس کی قدر دوچند ہوتی اور لوگ اس کا نام ہمیشہ عزت سے لیتے ہیں۔

اللہ کی عظمت رسول اکرم نے فرمایا ہے مسلمان جب یا اللہ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کہتا ہے اے بندہ میں تیرا مدد گار موجود ہوں کیا تیری حاجت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت کو صرف اللہ ہی جانتا ہے جو تمام کا رب ہے[1] وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ اللہ تعالیٰ

[1] رب وہ ذات قدیم ہے جو ہر چیز کو اپنی نگرانی و تربیت میں حد کمال تک پہنچاتی اور اسے رزق بھی پہنچاتی ہے۔ استاذی المحترم حضرت مولانا عبدالوہاب خاں صاحب رامپوری کا یہ قول مشہور ہے۔ از مترجم ۱۲

حقیقت حقائق ہے جو بغیر ابتداء کے اس کی قدامت سے ثابت ہے اور اس کی بقاء کا کوئی نقطۂ اختتام نہیں ہے۔ اس کی وحدانیت بغیر کسی عدد کے ہے، وہ یکتا ہے۔ اس کی صفات مخلوق کی صفات سے بالکل جداگانہ ہیں اس کی صفات بیان کرنے اس کی کسی بھی صفت کی کنہ، حد اور حقیقت تک رسائی نہیں کر سکتے۔ اگر رسائی کر لیں تو اس کی صفات محدود اور متناہی ہو جائیں گی اور یہ امر محال ہے کیونکہ اس کی ذات و صفات غیر محدود اور غیر متناہی ہے۔

امام خوارزمی کا سفر بیان ہے کہ ایک مرتبہ میرے دل نے کہا اسم اعظم اللہ کی معرفت حاصل کرنا چاہیئے چنانچہ سات سال تک اسی تلاش میں مصروف سفر رہا۔ آخر کار ملک چین میں شیخ کبیر تابینا سے میری ملاقات ہوئی جو علم ہندسہ کے ماہر مشہور تھے اور اسمائے الٰہی کے مرتاض بزرگ تھے میں نے اپنا مطلب ان سے کہا تو انہوں نے کہا اے بیٹے اسماء الٰہی تمام تر عظیم ہیں میں نے کہا جی ہاں اے پیر و مرشد مجھے اس اسم جامع کی معرفت درکار ہے جس میں طبائع اربعہ موجود ہوں تو انہوں نے میری طرف منہ کر کے کہا سنو! اسم اعظم وہ ہے مثلاً اسمائے ناقوفہ، بلعام برحاعورا، ناقوفۂ موسیٰ، اور ان اسماء مسلسل کی جو علم کیمیا کے لئے وضع کئے گئے ان سب کو جانتے ہو؟ میں نے کہا اے سید جی ہاں، تب مجھ سے زیادہ فرمایا۔ ذرا میرے قریب آ جاؤ اور خود بھی ایک قدم آگے بڑھ کر بالکل نزدیک ہو کر کہا سنو! اسم اعظم وہ ہے جس کی وجہ سے ہر ایک کو گویائی کی قوت ملی ہے۔ یہی اسم عصائے موسیٰ پر کندہ تھے اور اسی اسم کو پڑھا کرتے تھے اور وہ اسم اسم ذات ہے جس میں طبائع اربعہ موجود ہیں اور اس کے جملہ بارہ حروف ہیں۔ ٹھہرو میں ابھی تمہیں اس کا دائرہ دکھاتا ہوں لیکن ان کے پاس اس وقت وہ دائرہ نہیں تھا۔ آخر کار انہوں نے ایک صندوقچہ کھول کر ایک لپٹا ہوا کاغذ نکال کر کھولا جس میں یہ خط حمیری ایک دائرہ میں اسماء تحریر تھے وہ مجھے دکھایا میں نے کہا اس کی تشریح و وضاحت فرمایئے تو کہا اے بیٹے میں تمہیں اس کے معانی اور اس کی مخصوص اقسام بتاتا ہوں چنانچہ میں نے شیخ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور انہوں نے فرمایا اسمائے حسنیٰ کی معرفت دراصل اسرار الٰہی میں سے ایک پوشیدہ راز ہے جو اہل اللہ اور افراد کو پھر وہ دائرہ میرے سامنے رکھ دیا جس میں عجیب و غریب اسماء اسرار الٰہی مجھے دکھائی دیئے اور شیخ نے فرمایا اس کی قدر کرنا اور نااہل لوگوں سے اسے محفوظ رکھنا عبداللہ بن حمید نے بھی مجھ سے کہا اس اسم اعظم کی فضیلت دیگر اسماء پر ایسی ہے جیسے شب قدر کی دوسری راتوں پر۔

نقش اسم اعظم دوسرے صفحہ پر دیکھیں۔

پھر اس دائرہ کی نقل کر کے میں نے اس کے خواص و اثرات پوچھے تو شیخ نے فرمایا اس کے خواص بے حد و بے شمار ہیں۔

اسم اعظم کے فائدے شاہوں اور حکام کے پاس جانا ہو تو اس دائرہ کو مشک و زعفران اور کافور سے سفید ریشم پر لکھ کر خوشبو کی دھونی دے دو اور اسماء مندرجہ ذیل پڑھتے رہو پھر یہ دائرہ اپنے پاس رکھ کر ان سے ملو تو اللہ تعالیٰ انہیں اور دیگر لوگوں کو تم پر مہربان کر دے گا اور جو کوئی تمہیں دیکھے گا مرعوب ہو کر تمہارا احترام کرے گا اور جو شخص کامل طہارت سے یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالےٰ لوگوں کے دل میں اس شخص کی محبت پیدا کرتا ہے۔

اگر ہرن کی جھلی پر عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر حاملہ اپنے پاس رکھے تو وضع حمل میں آسانی ہوتی ہے۔ کوئی مصیبت زدہ یا ضعیف و کمزور یا مرگی کا مریض یہ نقش رکھے تو مشکلیں دور اور صحت یاب ہو اور سوداویت کا مریض بھی شفایاب ہوتا ہے۔

ہفتہ کے دن اگر شیشہ کے برتن میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر کوئی بیمار پئے تو صحت یاب ہو۔
ہرن کی جھلی پر نیک ساعت میں یہ نقش لکھ کر اپنے ساتھ رکھنے والے سے سب لوگ محبت کرتے، قبولیت عامہ حاصل ہوتی، بیماریاں دور ہوتی، برکت کے دروازے کھلتے اور تکالیف دور ہوتی ہیں۔ اور حضرت عیسٰی اسی کے ذریعہ سے مردے زندہ کرتے تھے۔

اس دائرہ کی خلوت یہ ہے کہ یہ دائرہ لکھ کر جائے نماز کے وسط میں رکھ کر اسم اعظم اللہ کا ذکر کرے تاآنکہ حال غالب ہو جائے تو اس کے سات علوی مؤکل آکر سلام کر کے کہیں گے۔ اے ذاکر صالح! ہم آپ کے حکم کے محکوم ہیں، جو حکم دیجئے تعمیل بجا لائیں۔ دعائے خلوت یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ انی اسئلكَ بما سألكَ به جبريل عند عرشكَ العظيم ان تسخّر لِي ملائكتكَ الكرام خدام هٰذِهِ الاَسْمَآءِ اَللّٰهُمَّ سخّر لِيْ كسفيائيل ودردبائيل وشمخيائيل وطوطيائيل دروفيائيل وسمعيائيل وطغمائيل وَجبرائيل وميكائيل وسمسائيل وصرفيائيل۔ اَجِيبُوا ايتها الملوك والرُّؤساء واعينونِي على قضاحَوائجی بحق مَاتعلمونَ من عظيم سرّ الله وبحقِ هٰذَ الاسم العظيم الاعظم الله الله الله بعلمكَ وقدرتكَ عَلَى الخلائق وَبِاسْمِكَ العظيم الكبيرِ المتعال الله الله الله الاسم الذى فضّلته عَلٰى سَائِرِ الاَسْمَاءِ اسئلكَ ان تسخّر لِيْ هٰذِهٖ الارواح وان يانونى فى نومى اويقظتى انكَ عَلٰى كلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يا اللّٰهُ يا اللّٰهُ يا اللّٰهُ۔

واضح یاد کہ ہر مؤکل کے نام کے بعد تین مرتبہ یا اللہ کہے۔

قرب الٰہی قرب الٰہی کے حصول کے لئے ہر نماز کے بعد (۶۶) مرتبہ اللہ اللہ بغیر خلوت کے پڑھا جائے اور اگر خلوت میں پڑھتا ہے تو (۴۳۹۶) مرتبہ یہ اسم اعظم پڑھنے پر اس کا مؤکل جس کا نام کھیال ہے کانپتا ہوا حاضر ہو کر تمہاری خواہش پوری کرتا ہے۔ اس کی خلوت کو خلوت صمدانیہ بھی کہتے ہیں۔ تیس دن پورے نہ ہوں گے کہ اس کا مؤکل جو (۶۶) صفوں کا سردار ہے حاضر ہو کر مقصد ذاکر کو پوچھتا ہے۔ اس نقش کی تاثیر یہ ہے اتوار کے دن سونے کی انگوٹھی پر یہ نقش مربع لکھ کر اس کے اطراف میں مؤکل کا نام لکھ کر خلوت میں جا کر ہر نماز کے بعد (۴۳۵۶) مرتبہ یا اللہ پڑھے تو مؤکل کھیال تاج پہنے حاضر ہوگا۔ اس وقت ذاکر سجدہ میں جا کر یا اللہ (۵۲۱) مرتبہ پھر ایل (۲) مرتبہ الوہم (۲) مرتبہ پڑھ کر بیٹھ کر آنکھیں کھولے تو کشف اور تصرف حاصل ہوگا۔ اگر کسی ظالم کو نظر بھر کر دیکھے گا تو وہ ظالم ہلاک و برباد ہو جائے گا۔ بوقت تلاوت یہ ذاکر اپنے منہ سے نور نکلتا ہوا بھی دیکھتا ہے اور ابدال کا مرتبہ پاتا ہے۔ مؤکل حاضر رہ کر کہتا ہے اللہ نے آپ کی دعا قبول کر لی ہے، میں خادم موجود ہوں جب آپ طلب کریں گے، مجھے فوراً حاضر پائیں۔

نقش مربع یہ ہے

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

اگر قبولیت عامہ درکار ہو تو یہ مثلث چاندی کی انگوٹھی پر پیر کے دن لکھ کر اس کے اطراف میں مؤکل کھیال لکھ کر عمدہ خوشبو کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے مثلث یہ ہے۔

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

اگر کسی ایک سے محبت درکار ہو یا زبان بندی چاہتے ہو تو یہ اسم جلالت آپ ایک لاکھ مرتبہ پڑھ کر یہ کہو اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْيُسْرُ کھیال۔ اَلَامَا امرتُ احن قُوادكَ احضروا فعل كذا وَكذا یہاں اپنا مقصد زبان پر لائے تو انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

جس شخص کا نام (۶۶) کے اعداد کے برابر ہو وہ یا اللہ نقش کرا کے انگوٹھی پہنے اور زیادہ سے زیادہ یا اللہ کا ذکر ادا کرے بعد

نماز عشا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اِسْمِکَ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَحْیِنِیْ حَیَاۃً طَیِّبَۃً اَعِیْشُ بِھَا عَلٰی شَاطِئِ بَحرِ مَحَبَّتِکَ وَاَلْبِسْنِیْ مَھَابَتَہٗ عِنْدَ العَوَالِمِ العُلْوِیَّۃِ وَافْتَحْ عَیْنَیْ قَلْبِی بَصَرِی بِنُوْرِکَ حَتّٰی یَنْفَتِحَ قَلْبِی لِتَلَقِّی الاَسْرَارِ وَتَنْطِقُ بِمَکْنُوْنِ جَوَاھِرِ وَتَایَتِکَ وَافِضْ عَلَیَّ مِنْ بَحْرِ فَیْضِکَ الاَقْدَسِ وَسَھِّلْہُ عَلَیَّ حَتّٰی اَصِلَ اِلٰی سَاحِلِ اللُّطْفِ وَخُذْ اَخْذَۃً لِطِیْفَۃً اَجْرِحَلَا وَتَھَا اَیَامَ لِقَائِکَ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ یَا لَطِیْفُ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِتَفَرُّغِ نَسِیْمِ نَسَمَاتِ نَفَحَاتِ اَسْرَارِکَ وَکَشْفِ سِرِّ اسْمِکَ الَّذِیْ اَلْفَیْتَہٗ لِتَلَقِّی عَطَشِ اَکْبَادِ وَارِدِی حَوْضِ بِرِّکَ وَقَاصِدِیْ سِرِّکَ یَامَنْ لَہُ الاِسْمُ الاَعْظَمُ وَھُوَ الاَعْظَمُ یَامَنْ لَا لَہٗ حَتّٰی یَعْظُمَ وَھُوَ اَعْلَمُ۔ یَا قَدِیْمُ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ اِسْمِکَ وَبِمَاجَرٰی بِہٖ قَلَمُکَ وَبِمَا اَلْھَمْتَ بِہٖ عِیْسٰی بْنَ مَرْیَمَ وَبِمَا نَاجَیْتَ یَدَ مُوْسٰی عَلٰی طُوْرِ سِیْنَا وَنَادَیْتَ بِلِسَانِ الْقُدْرَۃِ اَنَا اللّٰہُ اَبْلُ اَبْلُ الْوَھِیْمُ اَبْلُ الْوَھِیْمُ اَبْلُ وَبِحَقِّ مَا اَنْزَلْتَہٗ عَلٰی نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَجِّلْ بِنُجْحِ مَطَالِبِیْ وَتَسْھِیْلِ مَآرِبِیْ وَاکْشِفْ لِیْ عَنْ عَالَمِ الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ وَاَجْرِیْ مُرَادِیْ فِیْمَا یُرْضِیْکَ مِنَ الْقَضَاءِ وَاکْشِفْ لِیْ عَنْ اَرْوَاحِ الْمَلَکُوْتِیَّاتِ الْمُخْفِیَاتِ الْمُسْتَتِرَۃِ مِنْ سِرِّ اِسْمِکَ الْجَامِعِ لِلْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ الَّذِیْ تَسَمَّیْتَ بِہٖ فِیْ کُلِّ اللُّغَاتِ وَسَبَّحَتْ لَکَ کُلُّ الْمَخْلُوْقَاتِ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ، یَا اللّٰہُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خَادِمَ ھٰذَا الاِسْمِ کَھْیَائِیْلَ، اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

واضح باد جو شخص اسم اللہ کے ذکر کے ساتھ یہ دعا پڑھنا خود پر لازم کرلے تو اللہ تعالےٰ اسے وسعت و فراخی عطا کرتا ہے۔ لوگوں میں عزت دار بناتا فہم و سمجھ دیتا رہتا ہے پھیلتا رزق دیتا ہے اور اس اسرار پوشیدہ اس پر واکر دیتا ہے۔ نیز اسم اللہ کے ساتھ یہ دعا اپنے ساتھ رکھنے والا عوام میں مقبول اور اشرار کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔

اسم الرحمٰن لفظ رحمٰن مشتق ہے جس کے معنی پاس راحت و مہربانی۔ رحمت کا تقاضا ہی مرحمت کرتا ہے ہر مرحوم اپنے رحم کرنے والے کا محتاج ہے۔ راحم و رحمٰن اس دنیا اور پوری کائنات میں رحم و کرم کر رہا ہے اور آخرت میں بھی رحم و کرم کرے گا (آمین)[1] اللہ تعالیٰ بلحاظ باطن رحمٰن اور بلحاظ ظہور الوہیت رحیم ہے۔ اور اس کی صفت الوہیت ظاہر و باطن میں رحمٰن و رحیم ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے کہا ہے قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن اور اپنے اسماء میں باہمی طور پر کسی خصوصیت کا اظہار نہیں فرمایا ہے۔

صفت رحیم کو اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم سے بھی متعلق کیا ہے، جیسا کہ فرمایا ہے۔ با لمومنین رؤف رحیم۔ اور رحیم اس ذات کو کہتے ہیں جو مجسم شفقت و رحم و کرم ہوتی ہے۔ اور رسول اکرم کی شان یہ ہے۔ کہ آپ مسلمان پر شفیق و مہربان ہیں اور مسلمانوں ہی پر مہربانی کریں گے۔ اور رحمت و شفقت کرنے سے متعلق رسول اکرم کی حدیث ہے انما رحم اللہ من عبادہ الرحماء و اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں پر رحم کرتا ہے جو دوسروں کے ساتھ رحم و کرم سے پیش آتے ہیں۔ یاد رکھا جائے کہ رحمٰن و رحیم کے اسرار بہت

[1] اللہ تعالیٰ بے شک و شبہ رحم کرم کرنے والا ہے۔ مسلمانوں کو لازم ہے کہ اس کی عبادت کرتے ہوئے صالح بنیں گے اور اس کے رحم و کرم کے حصول کے لئے خود میں اہلیت پیدا کریں۔

ہی لطیف ہیں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، تمام اقسام وانواع پر سایہ فگن ہے بسم اللہ کی باء جو قدرت سے متعلق ہے تمام اسماء کو متصل کرتی ہے اور یہی وہ اساس ہے جو تمام عالم حیات کو قائم رکھے ہوئے ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے بی یسمع و بی یبصر و بی ینطق و بی یدرک و بی یُمسِکُ یعنی جب مسلمان تمام احکام الٰہی کی تعمیل کرتے ہوئے اللہ والا ہو جاتا ہے تو اس کے بارے میں کیفیت ہوتی ہے کہ اللہ کہتا ہے کہ یہ مسلمان بندہ میرے ہی کانوں سنتا، میرے ہی کانوں دیکھتا میری ہی زبان بات چیت کرتا، میرے ہی ذریعہ احساس و ادراک کرتا اور میری ہی قوت کے ذریعہ ہر چیز تھامتا ہے بسم اللہ کا حرف سین دراصل تمام اسماء کی اصل و اساس ہے اور تمام اسماء ظاہر سے باطن کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔ اور باطن دراصل قدرت ہے۔

جس طرح حرف باء کے بعد سین تمام اشاء و احوال میں ظہور قدرت کے لئے ہے اسی طرح ہر مکان اور جگہ میں غیاث المستغیثین ہی قائم و دائم ہے حاصل یہ کہ تمام اسماء اور مسمیات کے لئے ایک باطنی مکان ہے جسے عالم ملک و ملکوت کیا جاتا ہے جہاں تمام معانی بالکل واضح اور ظاہر ہوتے ہیں۔

واضح باد حرف باء قدرت کا راز ہے اور قدرت کا وجود اللہ تعالیٰ کے اسم قادر سے ہے اور لفظ اسم مشتق ہے سُمُوٌّ سے جس کے معنی علو و بلندی ہیں اور علو مشتق ہے اللہ کے نام علی سے اور بسم اللہ کا حرف میم دراصل ظروف کو نیہ میں سے ہے وظروف دراصل محیط اعظم ہے اور لفظ محیط دراصل اللہ تعالیٰ کا نام ہے جو انوار علی سے تمام مقامات و محلات کو منور کرتے ہوئے آثار قدرت سے بھی مقدم ہے ولاسم علی اسکے اسم محیط کے اظہار کے سبب سے مقدم ہے اور یہ اسماء دراصل بسم اللہ کے اسرار ہیں تاکہ اسم اعظم کا تشخص ہو جائے جو دراصل اللہ ہے۔

بسم اللہ پر غور کرنے سے دس ارکان حاصل ہوتے ہیں پانچ ظاہری جو بیان کئے گئے۔ اور بقیہ پانچ باطنی ہیں اسم ذات قدرت، احاطہ، علویت و بلندی اور ظہور کونین ہیں جو لفظ رحمٰن سے ظاہر ہیں، میری یہ تحریر ازلی و ابدی نہیں ہے بلکہ اللہ کی رحمت اس کی شاہد و عادل ہے کہ بسم اللہ غیر مقید بلکہ مطلق ہے اس لئے کہ مبدأ اول اللہ تعالیٰ کی رحمت سبقت لے جا چکی ہے اس لئے بسم اللہ اشرف قواعد اوراعظم اسماء ہے۔

ب اور میم عالم الغیب والشہادۃ کا اور با و سین عالم ملکوت علوی کا پتہ دے رہے ہیں، حرف باء دراصل رحمت کے اظہار کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ درحقیقت اللہ تعالیٰ نے خود آپ اپنی تعریف کرتے ہوئے اَلْحَمْدُ میں الف لام داخل کیا ہے اور اَلْحَمْدُ دراصل اللہ تعالیٰ کے اسم حمید کا اظہار اور بسم اللہ کا ایک راز ہے۔

جب بسم اللہ کہتے ہو تو یہ ابتداء ازلی اور منشاء اول ہے اور لفظ لِلّٰہ کہنے سے بہ نفس نفیس خود اللہ کی تعریف ظاہر ہے۔

یاد رہے بسم اللہ، راز عقل ہے اللہ کی جلالت راز عقل و روح ہے۔ الرحمٰن راز دل ہے، الرحیم، راز رحمت و احاطت ہے الحمد للہ پڑھنے کے بعد جب رب کہتے ہو تو اس سے مراد رحمٰن ہے، جو بسم اللہ میں ہے، جو دلوں کو پاکیزہ بناتا اور دل رب متعال کی کتاب کا محل و مقام ہے اور رحمت کا راز ایمان ہے۔ العالمین کہنے سے اس کا رحیم ہونا اس لئے بھی ظاہر ہے کہ اسکے نور رحمت سے تمام موجودات ظاہر ہوئے۔ اور موجودات میں سے انسان دراصل اسرار الٰہی ہے جو توحید و تعریف ازلی و ابدی کرتا رہتا ہے، جس سے عالم آخرت میں رحمت کا اسی طرح ظہور ہوگا، جیسے ابتداء اور اس دنیا میں اس کی رحمتیں عام ہیں حاصل کلام یہ کہ بسم اللہ میں اسم اعظم ہے، بسم اللہ کے نزول کے وقت آسمان کانپ رہے تھے تھر تھر آہیں فرشتے زیادہ سے زیادہ تسبیح میں لگ گئے پہاڑ اوندھے منہ گرے اسرافیل اور آدم کی پیشانی پر، جبرئیل کے بازوؤں پر، عزرائیل کے ہاتھوں پر، عصائے موسیٰ پر، زبان عیسیٰ پر، خاتم سلیمان پر

بسم اللہ لکھی ہوئی تھی اور بسم اللہ ہی قرآن کریم کے درمیان کی سورتوں کے درمیان حد اور فصل بناتی ہے البتہ امام شافعیؒ کے نزدیک، بسم اللہ ہر سورت کی مشمولہ آیت ہے اور اس کی برکات قرآن کریم سے ظاہر ہیں

بسم اللہ کے اثرات بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے چند خواص و تاثیرات یہ ہیں :- بسم اللہ (۷۸۶) مرتبہ سات دن تک کسی مریض پر دم کرنے سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے ۔ (۵۰) مرتبہ پڑھ کر کسی ظالم کے منہ پر دم کرنے پر ظالم کے شر سے نجات ملتی ہے (۷۸۶) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ضرورت پوری ہوتی ہے ۔ سوتے وقت (۵۰) مرتبہ پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ ہر موذی کے شر سے محفوظ رکھتا ہے ۔ کسی خاص مریض پر تین دن تک روزانہ سو مرتبہ پڑھنے سے مریض کو شفا ہو جاتی ہے ۔ مرگی والے کے کان میں (۴۱) مرتبہ پڑھنے سے افاقہ ہوتا ہے ۔ مصیبت زدہ یا تکلیف کا مارا یا سرخ بادہ کا مریض تین دن تک ایک ہزار بار پڑھے تو نجات پاتا ہے قیدی یا محصور (۷۸۶) مرتبہ پڑھے تو قید سے چھٹکارا پائے ۔ جمعہ کے دن ساتویں ساعت (۱۲۳) مرتبہ پڑھ کر اللہ سے امور دنیا یا آخرت کا جو سوال کرے اللہ وہ پورا کرتا ہے ۔ بسم اللہ کے حروف کو بسط کر کے ان کے اعداد کے موافق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کسی مشروب پر پڑھ کر جس سے محبت کرتا چاہو اسے پلانے سے وہ محبت کرنے لگتا ہے ۔ کسی برتن میں لکھ کر اور اسے گھول کر کند ذہن کو پلاؤ تو اس میں فہم و ذکاوت پیدا ہو جاتی ہے ، بہتے پانی پر پڑھ کر اس سے باغ سینچو تو پھل خوب آتے ہیں ۔ (۴۰) دن تک بعد نماز فجر روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے والے کو کشف قلب ، الہام اطلاع اسرار اور جو کچھ دنیا میں ہوتا ہے وہ سب دکھائی دیتا ہے ۔ پنج وقتہ نماز کے بعد (۲۵۰) مرتبہ پڑھنے والے کو ہر چیز کے وقوع کا مشاہدہ خود بخود ہوتا ہے ۔ اگر کسی کو شکست دینا چاہو تو ہفتہ کے دن بعد نماز عشاء بارہ رکعتیں اس ترکیب سے پڑھو کہ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی و سورۃ اخلاص اور سورۃ المعوذتین دس دس مرتبہ جملہ چالیس مرتبہ پڑھو اور اس نماز کے خاتمہ پر بسملہ کے حروف بسط کے اعداد کے موافق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد نماز وتر پڑھو اور یہ عمل سات راتوں کرو اور ساتویں رات کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لو جب ایک سے لے کر ستر آدمیوں سے مقابلہ کر کے شکست دینا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کہو اے ان اسماء کے موکلو حاضر ہو اور ان لوگوں کو شکست دو اور اپنی انگلی سے ان لوگوں کی طرف اشارہ کرو تو یہ سب لوگ شکست خوردہ ہو کر گر پڑیں گے ۔ اور ان میں جس کو اٹھانا چاہو اس کے کان میں ایک مرتبہ بسملہ پڑھ دو تو وہ بچھڑا ہوا اور گرا ہوا شخص اٹھ کر کھڑا ہو گا ۔ رفع حاجت کے وقت یہ نقش اپنے بازو سے کھول کر الگ رکھ دو اور بعد فراغت فوراً باندھ لو ۔

اگر کسی حاکم عملے سے اپنی ضرورت کی تکمیل درکار ہو تو بشروط طہارت و دلجمعی و نیک نیتی و ریاضت جمعرات کو روزہ رکھ کر کھجور سے افطار کر کے بعد نماز مغرب (۱۰۱) مرتبہ پڑھو اور پھر سوتے وقت لیٹے لیٹے مسلسل پڑھتے رہو تاکہ نیند آ جائے ۔ دوسرے دن بعد نماز فجر (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر عنبر خام کی دھونی دے کر اپنی ٹوپی یا صافہ میں رکھ لو اور حاکم سے ملاقات کرو ، انشاء اللہ مطلب پورا ہو جائے گا ۔

بسملہ کے حروف تکبیر کے اعداد کو مربع میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا بارعب اور مقبول عوام ہو جاتا ہے جب آفتاب دل حمل میں ہو تو (۲۰۳) مرتبہ لکھ جو فقیر اپنے پاس رکھے اللہ اس کے رزق میں کشادگی پیدا کرتا اور مقروض کا قرض ادا ہو جاتا ہے ۔

اگر (۶۱۳) مرتبہ لکھ کر کوئی عورت اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ حاملہ ہو جائے گی ۔ اور جس درخت میں پھل نہ آتا ہو اس میں باندھنے سے وہ درخت ثمر دار ہو جائے گا ۔

اگر سو مرتبہ کسی پتھر پر لکھ کر اسکو پانی میں ڈالدو جس سے درخت سینچے جاتے ہیں. تو انشاء اللہ درختوں میں خوب پھل آئیں گے

اگر بسملہ کو بہ شکل نقش مثلث رانگ کی تختی پر لکھ کر جال میں باندھ دیں تو شکار خوب ہوتا ہے۔ نقش مثلث یہ ہے۔ ......

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم
۱۴۴	۲۶۲	۲۷۵
۲۳۵	لطیف	۴۲۵

اگر اس نقش مثلث کو کسی دکان میں ڈال دو تو وہ برباد ہو جاتی ہے۔

اور اگر یہ نقش مثلث سونے یا چاندی کی تختی پر کندہ کر کے کسی بچہ کے گلے میں پہنا دیں تو اس بچہ کی اللہ تعالیٰ حفاظت کرتا رہتا ہے۔

چاندی کی انگوٹھی پر یہ نقش پہننے والا شخص ہر نماز کے بعد تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا رہے تو اسکے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں۔

رسول اکرم نے فرمایا ہے یقین کامل رکھنے والے جس مسلمان کے نامہ اعمال میں (۸۰۰) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گا۔

اسم الرحمٰن کی تاثیر اسم الرحمٰن کا ذکر دل کو نرم کرتا اور جلد مطلب برآری کے لئے بہت سودمند ہے مطلوب کی کشش کرنے والا اسم الرحمٰن کے حروف کی الگ الگ تکسیر ہو: مع اسم الرحمٰن اور اس کی تعدادی عدد کو کاغذ پر لکھ کر اسم الرحمٰن کے اعداد وفق کے حساب سے پڑھ کر اس نقش کو اپنے پاس رکھے تو مطلوب حاضر ہو جاتا ہے۔

اسم الرحمٰن (۵۰) مرتبہ مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا خوش قسمت مبارک اور مقبول عوام ہو جاتا ہے اور قبولیت دعا کے لئے اسم الرحمٰن کا ذکر مؤثر و مشہور ہے اسم الرحمٰن کے مؤکل کا نام طرفیائیل ہے جس کے تحت (۵) سردار ہیں اور ہر سردار کے تحت (۷۰) صفیں ہیں۔

اسم الرحمٰن کا ذاکر خلوت میں (۳۲۶) مرتبہ الرحمٰن ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو مؤکل آکر ذاکر کی ضرورت پوری کرتا ہے۔

اسم الرحمٰن کسی دن نیک ساعت میں سونے یا چاندی کے نگینہ پر ہے. اسم مؤکل لکھے اور ریاضت کے ساتھ خلوت میں اسم الرحمٰن (۲۰۹) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو مؤکل حاضر ہوتا ہے. پھر ذاکر جب چاہے اس مؤکل کو طلب کر سکتا ہے۔ نقش مربع یہ ہے ....

الر	ح	م	ن
۵۱	۳۹	۲۹	۹۹
۱۰	۲۰۲	۲۸	۱۸
۳۷	۴۹	۲۰۱	۱۱

نقش الرحمٰن جو شخص اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد الرحمٰن کا ذکر جاری رکھے تو سب لوگ اس ذاکر پر لطف و کرم کرتے ہیں۔

ذکر بسملہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ذکر یہ ہے۔

اِلٰهِي رَحْمَتُكَ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ قَدَّرْتَ الْأَشْيَاءَ وَ أَحْكَمْتَهَا بِحِكْمَتِكَ وَرَحِمْتَ الْعِبَادَ بِرَحْمَةِ الْعُمُوْمِ وَرَحْمَةِ الْخُصُوْصِ، سُبْحَانَكَ أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ احاطه سرادقات مُلْكِكَ احاطةً أَبَدِيَّةً أَحَدِيَّةً أَسْئَلُكَ وَأَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِأَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى ان تشهدني حَقَائِقَ الْأَشْيَاءِ أَنْ تُوَفِّقَنِي لِحِفْظِهَا وَأَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ الرَّحْمٰنُ عَلَيْنَا فِي الْأَزَلِ وَالْأَبَدِ بِالْكَشْفِ عَنْ سِرِّ النَّفْسِ وَالْجِسْمِ وَحَقِيْقَتِهَا يَا اَللّٰهُ يَا مَلِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ سَخِّرْ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْإِسْمِ الشَّرِيْفِ وَأَمِدَّنِيْ بِرَقِيْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِكَ لِأُحْظٰى بِهَا بَيْنَ أَبْنَاءِ جِنْسِيْ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ۔

تو اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ سے اپنی مراد پالے گا۔"

اسم رحیم کے عظیم الشان فوائد!

اس سے قبل اسم الرحمٰن کا بیان کرتے کے بعد اب اسم رحیم کا بیان ہوگا۔ ان دونوں عظیم الشان اسماء کا اشتقاق ایک ہی ہے۔ لیکن ان کے استعمال میں خصوصیت ہے، جب تم آثار رحمت مثلاً بارش رزق تناسل مہربانی نزول عالم تبلیغ نبات و رجاندار کا نمو وغیرہ کا مشاہدہ کرو جو سب رحمت جو عموم اور خصوص کے ساتھ سب پر ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وکان بالمؤمنین رحیما۔ یعنی دنیاوی رحمت خداوندی وہی ہے، جو دنیا میں ہے۔ مگر آخرت کی رحمت اس کے علاوہ ہے جو قیامت کے لئے امانت ہے یعنی اہل اسباب پر رحمت کے آثار ظاہر ہیں تاکہ آخرت پر یقین رکھیں اور اہل عرف کے لئے رحمانیت قائم ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دین و دنیا دونوں کی جامع ہے۔ یہ سب سے اول حضرت آدم پر نازل ہوئی پھر حضرت ادریس اور حضرت سلیمان ع پر چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور خدا تعالیٰ نے حضرت سلیمانؑ کے لئے دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں جمع کی تھیں رحمۃ عام سلطنت ہے اور رحمت خاص میں نبوت ہے اور نبوت اس لئے رحمانیت کے اثر کے ذریعہ تمام عالم کو انکا مسخر کیا اور رحیمیت کے راز سے اسم اعظم عطا کیا گیا چنانچہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

ادائے قرض کا عمل حضور اکرم فرماتے ہیں جس کسی پر احد پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو، اور وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔ جو اسم رحیم ہر نماز کے بعد اس کے عدد کے موافق پڑھے تو وہ اخلاق حسنہ سے بہرہ ور ہو اہل خلوت کے لئے یہ اسم نہایت ہی موزوں ہے۔ اسم رحیم اسکے عدد کے موافق لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں تو بچہ رونے سے محفوظ رہتا ہے۔

اگر کوئی شخص اس اسم کی خلوت کرنا چاہے تو اسے لازم ہے کہ کسی مخلوق سے عاجزی نہ کرے بلکہ اپنے اعمال و افعال کی پوری نگرانی کرے اور کسی سے کوئی چیز طلب نہ کرے۔ پورا تجریدی قدم رکھے دل کا غنی اور صابر ہو واضح باد میں جو قوت اور جتنی نفع کی چیزیں اس میں ہیں سب ان ہی دونوں اسماء رحمٰن و رحیم کی تجلی سے ہیں خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ فَانْظُرْ اِلٰى اٰثَارِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا - یہ رحمت عام ہے یعنے جس قدر روئید کی ہوتی ہے اور سب حیوانات سے مستفع ہوتے ہیں یہ سب اسم رحیم کی تجلی ہے۔

اسم رحیم کا خادم جبرائیل علیہ السلام کے عوالم میں سے ہے جو شخص ورد کرتا ہے۔ تو خدا تعالےٰ اس پر دنیا و آخرت میں رحم کرتا اور بلند مراتب سے نوازتا ہے۔

اللہ کی رحمت کا نزول اور بچہ کا رونا بند چاندی کی تختی پر لکھ کر رونے اور ڈرنے والے بچہ کے گلے میں ڈالیں تو اس کو فائدہ ہو اور جو کوئی اس کو انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے خدا تعالیٰ کی شفقت اور رحمت حاصل ہوتی ہے اور جو شخص اس کے بسط عدد کے موافق اس کا ذکر کرے گا خدا تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند فرمائے گا۔

اسم رحیم کی خلوت۔ ۴ دن بشرط ریاضت اور مداومت ہے ذکر اسم رحیم کا نقش اپنے پاس رکھنے والا ہر نماز کے بعد اسم تلاوت کرنے والے کے پاس جس کا نام جریال ہے حاضر ہوتا ہے جو چار افسروں کا سردار ہے۔ جن میں ہر ایک سردار (۲۰۰) دو سو صفوں کا حاکم ہے۔ ذاکر کے پاس مؤکل آکر حاجت پوری کرتا ہے اسم رحیم

کا نقش اور دعا مع خواص ذکر یہ ہے، شکل نقش اسم رحیم یہ ہے۔

ل	ر	حی	م
۱۹	۳۹	۲۲	۱۹۹
۳۸	۱۶	۲۲	۳۳
۲۰۱	۳۴	۳۷	۱۷

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّحِيْمُ عَلَى الْمَخْلُوْقَاتِ وَكَاشِفُ شَرِّ الْمَوْجُوْدَاتِ وَاَنْتَ الرَّحْمٰنُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ عَبْدَكَ جِبْرَائِيْلَ يَقْضِيْ حَاجَتِيْ وَمَا اُرِيْدُ اِلٰهِيْ اَسْئَلُكَ الْكَشْفَ عَلٰى وُجُوْدِيْ وَنَيْلَ مَقْصُوْدِيْ وَاَطْلِعْنِيْ عَلٰى وُجُوْدِ شَمْسِيْ لَا تَحْتَقْ فِيْ كُلِّ رَقِيْقَةٍ وَاَبْيَضُ وَاَسْوَدُ شُهُوْدًا نَمْحُوْا عَنِّيْ نُقْطَةَ غَيْرٍ وَنَوِّرْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ اِسْمِ الرَّحِيْمِ لِتَخْضَعَ لِيْ اَرْوَاحَ الْجَبَّارِيْنَ وَتَنْقَادَ لِيْ نُفُوْسُ الْمُتَمَرِّدِيْنَ وَاكْشِفْ لِيْ عَنْ حَقِيْقَةِ الْعَالَمِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ لِاَحْظٰى بِالْقُرْبِ مِنْكَ يَا قَرِيْبُ يَا وَدُوْدُ يَا رَحِيْمُ ۔

اسم ملک کے خواص اور فائدے

اسم ملک کے معنے وہ ذات ہے جو ہر چیز کی حقیقی مالک ہے اور ہر چیز کی انتہا اسی کی جانب ہے اور یہ صفت اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ کیونکہ اس کا مالک عالم ملک و ملکوت و جبروت کو شامل ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اس اسم میں تین حرف ہیں م ل ک میم کسرا حدا اور دوائر حروف میں سے ہے جو حروف کے لئے ظاہر ہے اللہ تعالیٰ نے جب ھا کو ظاہر کیا تو یہ حرف اپنی ظاہری شکل میں نمودار ہوا اور باطن میں دراز ہے کیونکہ اس کی کچھ حقیقت نہیں ہے۔ جس پر حروف اس سے ملیں۔ اسی لئے میم پیدا کر کے اسکی شکل احاطی بنائی تاکہ اس کا راز اپنے باطن توحید و سقوط عبادت سے متصل ہو چنانچہ میم ھا کا ظاہر ہے اور خدا تعالیٰ نے اس کے سر ملکوتی پیدا کئے ہیں اور اسی کے لئے کرسی پیدا کی جو بصورت مناجات کے موجودات کے لئے احاطہ ہے پھر اسی نور سے اللہ نے لوح پیدا کی اور کلمہ اعلیٰ سے اس کو خاص کیا پھر جس سے کلمۂ احاطہ پر بنا اطلاق ربوبیت کیا آسمانوں کے تیر ربوبیت اور سر احاطہ کو اسرار ملک سے پیدا کیا اور اس کے اسرار انوار کو خاص کیا کیونکہ اس کا تعلق عرش کے ایک پایہ سے ہے، جو علوم علویہ کو اسم ملک اور حرف میم کے ساتھ خاص کرتا اور اس کی خدمت کرتا ہے اس طرح یہ حرف ہمارے حضور اکرم کے نام نامی میں تین اشاروں سے مکرر ہے۔ اگر اسم ملک مقابل کرو تو عوالم ملکوت تمہارے مقابل ہونگے اور ملکوت سے مقابل کرنے پر انوار ملکوت تمہارے عقول میں مقابل ہونگے اسم ملکوت کا حرف میم پہلا حرف ہے۔ پھر لام وہ حرف ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے جبروت کی مدد فرمائی اور جب اس کا وزن انوار ملکوت پر بھاری ہوا اور کوئی حرف اس کا بدل نہ تھا تو اللہ تعالیٰ نے عالم کاف کو باطن لام سے ظاہر فرمایا جس سے کن مراد ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے عالم ملک کو مع اسرار جبروت اور ملکوت سے پیدا کیا۔

ایک راز کی بات اور حصول کمال

جب اللہ تعالیٰ نے عالم کو پیدا کیا جس کے ہر فرد کو اس کی حیثیت کے موافق عقل دی پھر انسان کو پیدا کیا اور جس میں مختلف ہمتیں قبول نورانیات اور کشف اسرار ملکوتیات کی پیدا کی ہیں پھر پہاڑ اور ان کے اندر معدنیات پیدا کئے جس کا مبداء میم ہے۔ کیونکہ یہ احاطہ دور عقول جس کے عدد ۔لم ہیں۔ اسی سبب سے اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے محبوب نور بن خلقت میں ساکن کر کے خطاب فرمایا

اور اول الطور ہیں ان میں کو جواب دیا اور روح کو روح کے ساتھ پیدا کیا جس میں ہیبت کی حکمت رکھی (اس بارے میں تفصیلی گفتگو ہے) سو روح ہی عالم جبروت اور عالم ملکوت ہی عقل اول ہے اور عقل ان ہی عوالم کے ساتھ مربوط ہے جو اپنی قوت ان کو عطا کرتی اور امداد پہنچاتی ہے۔ کمالات اور اسرار حاصل کرنے کا وجہ بھی یہی ہے۔ اسی وجہ سے اس کو مواہب ربانی کہتے ہیں۔ روح کے لئے اللہ تعالےٰ نے بہت ایسے فرشتے مقرر کر رکھے ہیں جو حقائق ملکوت اور اسرار محبوب کے حامل ہیں اسی عالم کو عالم وثلک قرار دیا گیا ہے اور یہ عالم تین عالموں پر مشتمل ہے۔ عالم نباتات۔ عالم حیوانات۔ عالم معادن۔ تمام حیوانات میں احسن اور اشرف انسان ہے جو بہت سی ذاتوں نفس اور قلب پر مشتمل [۱] ہے اور چونکہ عالم قدرت سے عالم نباتات استفادہ کرتا ہے اسی لئے نباتات جنگلوں اور بیابانوں میں پائی جاتی ہیں اور کسی ایک گھر میں مقید نہیں ہیں ایسے ہی دل میں بے شمار خطرے پیدا ہوتے ہیں میری عرض ہے کہ جس طرح زمین پر سات اقلیمیں ہیں، اس لئے کہ قلب حقیقت صورت ہے جس پر روح اور سر ایمان کے دو حصوں کا فیض پہنچایا جاتا ہے، نیز نفس و عقل اور سر کو بھی فیض پہنچایا ہے۔ سات اقلیموں میں سے قلب کی پہلی اقلیم فواد ہے یہ بادشاہ کا مقام ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔۔۔ دوسری اقلیم سویدا [۲] ہے جو دل میں بمنزلہ وزیر قائم ہے۔ تیسری اقلیم شغاف [۳] ہے اس کی بھی وزیر کی حیثیت ہے چوتھی اقلیم محبت [۴] ہے جو سویدا اور شغاف کا درمیانی مقام ہے۔ پانچویں اقلیم منیر [۵] ہے جو محل سر ہے چھٹی اقلیم علاقت [۶] اور ساتویں اقلیم احاطہ قلب ہے ان میں سے ہر اقلیم کا ایک علیحدہ دروازہ ہے اور پہلی اقلیم کا دروازہ سر حیات دوسری کا دروازہ سر علم ہے تیسری کا سر قدرت چوتھی کا سر ارادہ ہے۔ پانچویں کا سر رحمت چھٹی کا سر حکمت اور ساتویں کا سر عمل ہے۔

انسان کی تعریف بندہ اور اللہ کے درمیانی حجاب سات اقلیموں کے (۴۰) حجابات ہیں اور یہ وہی حجاب ہیں جو بندہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہیں ان حجاب کو دور کرنے کے لئے چالیس دن کی ریاضت مقرر کی گئی ہے کیونکہ ہر ایک دن کی ریاضت سے ایک حجاب اٹھتا جاتا ہے۔ اور سالک ان ساتوں کی سیر اور عجائبات قدرت دیکھتا ہے اور حیوانات نباتات اور جمادات وغیرہ جس قدر ہیں یہ سب کو دیکھتا ہے۔ حجابات درجہ بدرجہ یہ ہیں۔ پہلا پردہ خاکی پھر پانی پھر ہوا پھر آگ پھر خشکی پھر رطوبت پھر حرارت پھر برودت پھر صفراء پھر بلغم پھر خون پھر سودا پھر جہل پھر گناہ پھر غفلت پھر کثافت پھر مخالفت پھر چھوٹے خالقوں کا پھر خواہش پھر دعویٰ باطل پھر خوف پھر امید پھر عبادت پھر قبضہ پھر نیند پھر دن پھر رات پھر سابقہ کا پردہ اور آخری پردہ خاتمہ ہے۔ یہ کل چالیس پردے ہیں۔ جو ساتوں دروازوں کے حجابات ہیں اور یہ کل حجابات چار قسم سے اٹھتے ہیں کہ ہر قسم سے دس حجابات رفع ہوتے ہیں۔ حیات کے نور سے پہلے دس پردے اٹھتے ہیں۔ دس پردے نور علم سے دس پردے نور قدرت سے رفع ہوتے اور دس پردے نور ارادہ سے اٹھ جاتے ہیں۔ ان کی تعریف یہ ہے ۱ صافات صفاً میں ۲ فالزاجرات زجراً ۳ تالیات ذکراً میں ۴ ذاریات ذرواً میں ۵ حاملات وقراً میں ۶ جاریات یسراً میں ۷ مقسمات امراً میں ۸ والطور میں ۹ کتاب مسطور میں ۱۰ فی رق منشور میں ۱۱ البیت المعمور میں ۱۲ السقف المرفوع میں ۱۳ مرسلات عرفاً ۱۴ عاصفات عصفاً میں ۱۴ فارقات فرقاً میں ۱۵ ملقیات ذکراً میں ۱۶ ناشرات نشراً میں ۱۷ فارقات فرقاً میں

---

[۱] انسان نام ان قوتوں اور جذبات کا جو قدرت نے اس کے جسم میں ایک خاص انداز سے اور ترتیب سے ودیعت کئے ہیں یہی بیان ہے مولوی عبدالوہاب خان رام پوری اور حکیم مسیح الدین احمد خان کا ۱۲ ۔

۱۹ نَازِعَاتِ غَرْقًا میں ۲۰ نَاشِطَاتِ نَشْطًا میں ۲۱ سَابِحَاتِ سَبْحًا میں ۲۲ سَابِقَاتِ سَبْقًا میں ۲۳ مُدَبِّرَاتِ اَمْرًا میں ۲۴ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا میں ۲۵ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا میں ۲۶ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا میں ۲۷ وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا میں ۲۸ والسماء وما بناها میں ۲۹ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا میں ۳۰ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ میں ۳۱ طُوْرِ سِيْنِيْنَ میں ۳۲ بَلَدِ الْاَمِيْنِ میں۔

۳۳ جملہ اسماء الٰہی میں مخلوق کی تفصیلی حیثیت سے تصرف کرتا ہے۔ واضح ہو کہ دونوں پردے استار کل ہیں اور سینتیسواں استار جملہ اور تمام استار میں ہے۔ اڑتیسواں پردہ لَا اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ میں متصرف ہے۔

پردہ ہائے کلیات وجزویات یہ سب پردے کلیات وجزویات علویات وسفلیات فردیات ومرکبات مزدوجات خمسیات اور ملکویات اقسام الٰہی ہیں جن کا ذکر قرآن پاک میں ہے اگر طالب اشارات کی معرفت وریاضات اس راز میں تحقیق کرے تو ریاضت کے وسیلہ سے یہ سب راز معلوم ہو جاتے ہیں۔ جاننا چاہیئے یہ اسماء اولیاء اللہ میں سے اہل عقل کے لئے بہت سودمند ہیں۔ جو اس کا ذکر کرتا ہے اسے یہ اسم ہیبت وعظمت دلاتا ہے۔

اسم ملک کے خواص حکام کی نظر میں عزت ہو اسم ملک کو پیر کے دن چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اس کے گرد مؤکل کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور اس کے

نقش اسم ملک

ال	م	ل	ک
۲۱	۱۹	۳۲	۲۹
۲۸	۱۸	۴۲	۳۳
۱۴	۳۴	۱۷	۲۹

عدد ضرب کردہ کے موافق اس کا ذکر کرتے رہیں تو اللہ تعالیٰ مراتب بلند کرے گا۔ مؤکل ہیہائیل اس کے عدد ضرب کردہ ۱۲۱ ہیں جس شخص کے نام سے یہ اعداد مطابق ہونگے اس کے لئے یہ اسم اعظم ہے اور مؤکل اس کی حاجت پوری کرے گا اگر حاکم کے سامنے یہ اسم پڑھا جائے تو حاکم اس کی عزت کرتا ہے۔ اسم ملک کا کثیر الفوائد نقش اور دعا تسخیر ومحبت کا عمل۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ مُحْيِ الْاَرْوَاحِ وَالنُّفُوْسِ مَالِكُ الرِّقَابِ وَمُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ مٰلِكُ يَوْمِ الدِّيْنِ وَمُقَرِّبُ الْبَعِيْدِ وَمُجِيْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ ذَلَّتْ لَكَ رِقَابُ الْمُلُوْكِ وَصَارَ كُلُّ مَلِكٍ لَكَ عَبْدًا مَمْلُوْكًا۔ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ اَنْ تُمَلِّكَنِيْ نَاصِيَتِيْ وَتَكْشِفَ لِيْ عَنْ حَقَائِقِ عَالَمِ الْجَبَرُوْتِ لِاَحْظٰى بِالْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَالْاٰيَاتِ الْمَلَكُوْتِيَّةِ وَاَسُوْدُ بَاشْرَاقِيْ عَلٰى اَبْنَاءِ جِنْسِيْ وَمَلِّكْنِيْ اَللّٰهُمَّ نَاصِيَةَ عَوَالِمِ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِيْ تَعَزَّزْتَ بِهٖ وَلَا يُسَمّٰى بِهٖ غَيْرُكَ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَجِبْ اَيُّهَا السَّيِّدُ الْجَلِيْلُ هٰذَا الْاِسْمَ الْجَلِيْلَ وَاَمِدَّنِيْ بِرُوْحٍ مِنْ رُوْحَانِيَّتِكَ يَخْدِمُنِيْ فِيْ حَوَائِجِيْ۔

اسم ملک تسخیر ومحبت میں عجیب وغریب پرتاثیر ہے اور قضائے حاجات کے لئے بھی پورا اثر دکھاتا ہے یہ نقش مربع لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اور اسم ملک عدد مذکورہ کے مطابق پڑھ کر مؤکل کو حکم دے تو وہ اس کا حکم پورا کرے گا۔

اسم قدوس کے عجیب وغریب فوائد وخواص

قدوس کے معنی نقص سے پاک ہونے کے ہیں اللہ تعالیٰ کی ذات کمال وتقدیس سے موصوف ہے اور بندہ کے لئے تقدوس کے معنی طہارت وپاکیزگی کے ہیں اور دیگر مقامات میں جیسے بیت المقدس وغیرہ میں بھی اس کا اسی طرح استعمال ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عرش کو اٹھانے والے فرشتوں کو پیدا کیا ان کے لئے ایک ذکر خاص کیا اسی طرح ان فرشتوں کے لئے جو کرسی کے گرد ہیں ایک ذکر خاص کیا اور ان فرشتوں کے لئے بھی جو قلم اور لوح پر مقرر ہیں سب کے لئے ایک ایک ذکر خاص کیا ہے اور سات آسمانوں اور ملاء اعلیٰ کے فرشتوں کا ذکر قدوس مقرر ہے اہل کرسی کا ذکر سبوح قدوس اور اہل لوح کا ذکر قدوس سبوح رب الملائکۃ والروح ہے۔ دراصل قدوس کے معانی لطائف و جبروت میں ارفع ہونا ہیں اور قدوس اس عالی ذات کو کہا جاتا ہے جس کے انوار ادراک سے برتر و اعلیٰ ہیں۔

کشف عالم علوی اور عالم ملکوت و جبروت

اسم قدوس کی ایک خاصیت یہ ہے کہ جس شخص کے نام کے اعداد کے مطابق ہو اور وہ اس کا ذاکر ہو یا اس کے ساتھ اسم سبوح ملا کر اس کی مداومت کرے تو اسے عالم علوی کا کشف نصیب ہوتا ہے اگر سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح کا ذاکر بنے تو عالم ملکوت و جبروت کا ایسے کشف ہوتا ہے۔ حاملان عرش کا بھی ذکر یہی ہے، ایک دفعہ یہ اسم اور ایک دفعہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ پڑھا جاتا ہے اور صرف اسم قدوس کروبیوں اور دیگر بڑے فرشتوں کے لئے۔

جبریل کا قیام و مقام

واضح یاد روح القدس کا مقام سدرۃ المنتہیٰ ہے۔ اور تخلیق ایمانی کے لئے پاک دلوں میں تجلی و وحی اور اولیاء اللہ پر الہام کرتا ہے۔ اس کے پانچ مراتب ہیں سر، عقل، روح، نفس، قلب اور عالم انسانی اپنی وضع میں توحید کے سوا دیگر تمام چیزوں سے پاک منزہ ہے اللہ نے ابتداء از عین قرب میں ظاہر کیا اور عقل کو انوار شہود ظاہر کیا اور روح کو انوار مخاطبہ اور نفس کو حقائق جنت سے قلب کو نور ایمان سے ظاہر کیا ہے کیونکہ یہی اسرار ایمان کے لطائف ہیں۔

طہارت کی تین اقسام ہیں ایک طہارت ایوان، صفاء وقت کے ساتھ دوسری طہارت تفکر تیسری طہارت سر مراقبہ ہے جو اس زمانہ میں متروک ہے۔ تاکہ تجلی موافق موکل اس کے رہی طہارت کاملہ جو دراصل تقدیس اصلی ہے جو دریائے عظمت میں مستغرق رہنا اور انوار ازل میں غرق رہنا ہے۔ صدیقین و انبیاء اور اولیاء مقربین کا مرتبہ ہے۔

عقول و ارواح و نفس کی اقسام

تقدیس عقول کی بھی تین اقسام ہیں قسم اول عقل کی تقدیس جو برائی سے دور رہنا ہے۔ یعنی حکمت کے پیش نظر دوسری تقدیس نبوت سے خطاب اول بدوام مشاہدہ سے جو توفیق الٰہی ملتی ہے اور تیسری تقدیس جو القاء ہے۔ مخاطبہ اولیٰ سے ہر قلب کے مشاہدہ مخاطبہ اولیٰ میں اور یہی مقام اسرار ہے۔

ارواح تقدیس کی بھی تین قسمیں ہیں۔ ایک عالم نفخ کے مشاہدہ پر ثبوت ہے دوسری حقائق لوحیہ پر جو متحقق ہے تیسری قلم سے مبادی ارواح اعلیٰ میں ہے، جو تلویات نعمائی سے ہے یہاں تک کہ عقل عقل سے متصل ہو گئی ہے۔

نفوس کی تصدیق کی بھی تین اقسام ہیں اولاً اس کا ثبوت سمع اول پر اس راز کو اس کی قبولیت ہے جو اس کے لئے مقدر ہے اور یہ امر شہوت کو ریاضت سے دور کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ دوسری قسم وہ الواح ہیں جو اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں رکھے ہیں جن کا شہود حاصل کرتا ہے اور یہی لوح عالم انسانی ہے ان اسرار حرکات کے سبب سے جو اللہ تعالیٰ نے اس میں رکھے ہیں یہ مرتبہ علوم ربانی کے مطالعہ اور ورود اہل معرفت و تحقیق اول ہے جو لوامہ پھر مطمئنہ کی طرف راجع ہے اسی طریقہ

پر عالم سفلی سے مکمل انقطاع کر لیا جائے۔

تقدیس قلب و جسم و اعمال تقرب الٰہی

تقدیس قلب کی بھی تین اقسام ہیں ایک شرک کی ظلمت اور اعمال میں ریاکاری سے تقدیس دوسرے مرتبے پر اخلاص سے عمل کرنا ایمان کی تقدیس کے معنی ہیں حضور حق انفاس کا دیکھنا یہ مقام بجز تائید الٰہی حاصل نہیں ہو سکتا۔
اعمال کی تقدیس حق کی اپنا قبلہ بناتا ہے اور اس کے سوا کسی دوسرے کی طرف متوجہ نہ ہو اور جملہ حقائق کو دیکھتا رہے تیسری قسم قیام خدمت نفس ہے یعنی ہر سانس میں ذکر الٰہی کرتا رہے۔ اور دولت دنیا سے محبت نہ رکھے کیونکہ قلب میں ذرہ برابر بھی محبت دنیا ہوگی اس پر حلاوت ایمان حاصل کرنا حرام ہے اس لئے کہ یہ شخص اس کا مدعی ہے جس کی اس میں قابلیت نہیں اور ایسے ہی لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَیُحِبُّوْنَ اَنْ یُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا۔

اسی طرح تقدیس جسم کی بھی تین اقسام ہیں۔ پہلی حلال روزی کی طلب۔ یہ بات توکل سے حاصل ہوتی ہے۔ دوسری طہارت جسمانی سے جو خشوع جسم کی ساری کثافت دور کر کے لطیف حصہ باقی رکھتی ہے اور یہ امر ذکر الٰہی اور خلوت اور خاموشی سے ہاتھ آتا ہے۔ تیسری جسم کا ہمیشہ رات دن پاک طہارت سے رہنا اور بیداری اور خدمت کرتے رہنا ہے اور یہی کلام مقام ورع اور تقویٰ کی ابتداء ہے جب ان طریقوں سے خود کو صاف کر لوگے تو روح القدس تمہارے سامنے آئے جہاں تک ہو سکے اسکی تعریف کرتا وہ بحکم اہل تمکین عجائب ملکوت کے راز بتلائے گا۔ اس حال کا حامل عالم کرسی میں ارواح کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور اہل مکاشفات سے بلند ہوتا ہے۔ اور یہ مرتبہ شہوات نفسانی دور کرنے سے حاصل ہوتا ہے جس کے نتیجہ میں حکمت ہے۔ گویائی ملتی ہے اس اسم کے خواص میں سے یہ بھی ہے کہ اسم اس کے اعداد کے موافق جو اسے پڑھے اور پوری ریاضت کرے تو اسے ہیبت اور تقرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اس طرح پڑھنا چاہیئے سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ۔ اسمائے الٰہی کے تلاوت کے زمانہ میں خاموشی ضرور ہے کیونکہ حضور اکرم نے فرمایا ہے۔ اپنا منہ محفوظ رکھو اس لئے کہ اسی سے قرآن شریف تلاوت کرتے ہو اس اسم کو سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر جو اپنے پاس رکھے اور بکثرت پڑھتا رہے۔ تو خلق پر ہیبت اور مقبول عوام ہوگا۔

ال	ق	دو	س
۱۱	۵۹	۳۲	۹۹
۵۸	۱۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۷۵	۸۱

دل کی صفائی، مقبول عوام کے لئے اسم اعظم کا نقش اور دعا

اگر گناہگار اس کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے اور اس کی مداومت کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا دل پاک و صاف کرتا ہے۔
اس میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے اور اس کے باہمی ضرب دے کر پڑھنا چاہیئے۔ نقش یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ فَرِّجْنِیْ مِنْ شَبُعَاتِ الْاَغْیَارِ وَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ بِنُوْرِ الْاَنْوَارِ وَاکْشِفْ لِیْ عَالِمَ الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ لِاَحْظٰی بِالسِّرِّ الْاَقْدَسِ النَّفِیْسِ الْاَنْفُسِ وَاکْشِفْ عَنْ قَلْبِیْ حِجَابَ الْغَفْلَۃِ وَقَرِّبْنِیْ اِلَیْکَ زُلْفٰی یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ وَامِدَّنِیْ بِرَقِیْقَۃٍ مِنْ رَقَائِقِ اِسْمِکَ الْقُدُّوْسِ لاُقَدِّسَ بِھَا وُجُوْدِیْ بِتَقْدِیْسِ الْاَبْرَارِ الْکَامِلِیْنَ الْاَخْیَارِ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَسَخِّرْ لِیْ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ لِاُحْظٰی بِالتَّحْقِیْقِ وَالتَّمْکِیْنِ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ اَجِبْ لِقَبَائِلِ وَعَوَانِکَ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْقُدُّوْسِ ط

اسم سلام کے خواص اور اعمال

سلام کے معنی ہیں ذاتی طور پر محدثات سیعہ سے اور دیگر مخلوقات سے اپنی صفات میں پاکیزہ ہونا اور یہ خصوصیت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ لفظ سلامت اسی سے بنا ہے جیساکہ حضور اکرمؐ نے فرمایا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ السَّلَامُ وَ اِلَیْكَ یَرْجِعُ السَّلَامُ وَتَعَالَیْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

نیز لفظ سلامت اللہ تعالیٰ کے اسم سلام سے مستخرج اور اسلام خالص مسلمانوں کا خاصہ ہے جس میں خواص اور عوام دونوں شامل ہیں۔ عمومی طور پر اللہ نے کہا ہے۔ وَلَہٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ اور خواص لوگوں کے حق میں فرمایا ہے وَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ۔ اسلام کو اللہ نے اپنی طرف مضاف کیا ہے۔ تمام علوی اور سفلی مخلوق سب اسی کی ہے۔ تمام اس سے کہ حیوانات ہوں، جمادات ہوں یا نباتات سب سلامتی کے خواہاں ہیں۔

جسم کو اعمال کے لئے اور فکر کو تفکر کے لئے پھر اسلام سپرد کرنا چاہیئے نفس کو خواہشات کی مخالفت اور روح کو ذکر الٰہی کے لئے مع قیام و رکوع و سجود کے پوری توانائیوں کے ساتھ خالص کرنا لازمی ہے۔

شہود و اسلام کے درجات: شہود اسلامی کے تین درجے ہیں اعلیٰ۔ اوسط۔ ادنیٰ۔ اولاً پانچوں فرائض بجالانا چاہیئے دوم تقدیر الٰہی کو بغیر اعتراض بخوشی تسلیم کرنا موت کے بعد دارالسلام میں حشر ہوگا۔ یہ عقائد لازمی ہیں۔ عقل کی سلامتی یہ ہے کہ غیر سے محفوظ رہے یعنی کسی حال میں بھی شرک نہ کرے روح کی سلامتی یہ ہے کہ جسم کا قدر رے لحاظ رکھے نفس کی سلامتی یہ ہے کہ ایمان کو برقرار رکھے اجسام کا ایمان یہ ہے کہ اپنی طاقت کے مطابق احکام اسلامی پر کامزن رہے۔ مرد کی نماز یہ ہے کہ ہیبت و عظمت الٰہی میں غرق رہے۔ روح کی نماز یہ ہے کہ اسماء الٰہی کی تجلّی سے مسرور رہے۔ نفوس کی نماز یہ ہے کہ علائق جسمانی (جو اللہ سے غافل کرنے والے ہوں) سے بالکل الگ رہے۔ قلوب کی نماز یہ ہے کہ سمیات نور سے خطرہ کی تصحیح ہوتی رہے اجسام کی نماز یہ ہے کہ امر و نہی کرتے ہوئے ہر وقت اللہ کے سامنے خود کو حاضر جانے۔

قبلوں کے اور حجوں کی اقسام اور سوداوین کا علاج

اسرار کا قبلہ ذات ہے عقل کا قبلہ صفات رحمانی ہیں۔ ارواح کا قبلہ اسمائے مکرم ہیں نفوس کا قبلہ افعال پاکیزہ ہیں قلب کا قبلہ اللہ رحمٰن و رحیم پر مکمل ایمان و یقین ہے۔ اجسام کا قبلہ بیت الحرام اور اسرار کا لزوم قیامت تک ہے عقول کا حج بیت الحکمت ہے۔ ارواح کا حج مکاشفہ نفوس کا حج بیت الفراست دل کا حج طواف بیت مواہب لدنیہ اور اجسام کا حج مکہ معظمہ ہے۔

اسرار اذان دراصل راز داری کا اعلان ہے عقول کی اذان دراصل ثبوت اسماع ہے ارواح کی اذان دراصل ثبوت قبولیت ہے نفوس کی اذان دراصل قیام جنت ہے۔ قلوب کی اذان دراصل ہمیشہ ذاکر رہنا ہے اور اجسام کی اذان غافلوں کو آواز دے کر عبادت کرنے کے لئے بلانا ہے۔

مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان کو تکلیف نہ پہنچے اسم سلام کی ریاضت ۱۸ دن ہے

اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے تو مؤکل حاضر ہوگا اور ذاکر حقائق اشیاء کو اپنی نظر سے دیکھے گا یہ مربع لکھ کر سوداوی مریض کو پلائیں تو تندرست ہو جائے اس کو چاندی پر نقش کر کے اطراف میں مؤکل کا نام کندہ کریں اور تنہائی میں ہر نماز کے بعد اس کی تلاوت بموافق اعداد کریں یعنی ۲ ۱۳۲ کو اس کے اندر ضرب دیں اور ضرورت کے لئے پڑھیں تو ضرورت پوری ہوگی خلوت کی ابتداء جمعہ کے دن اور تلاوت عصر کے بعد سے شروع کریں۔

جو آدمی یہ اسم ۶۶ مرتبہ کسی برتن میں لکھ کر چالیس دن نفسانی وسواس کے مریض کو پلائے تو وسواس دور ہو جائیں۔

ظلم ظالم سے نجات، اور ہر حاجت پوری ہو اس کو چاندی کی انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے اور اس اسم کو بعد ہر نماز بموافق اعداد پڑھے تو اللہ تعالیٰ ظلم سے نجات دے کر سلامتی نصیب فرماتا ہے۔ جس کا نام اس اسم کے عدد کے موافق اس کے لئے یہ اسم اعظم کی حیثیت رکھتا ہے جس حاجت کے لئے پڑھو گے پوری ہوگی۔ اس نقش کے مربع کو پاس رکھنے والا ہر جگہ سلامت رہے نقش السلام اور اسکی دعائے عجیب الاثرات مع اسم اعظم اور ذکر یہ ہے

ال	س	لا	م
۹۳	۳۹	۴	۳۹
۲۸	۴۹	۳۲	۳
۳۱	۴	۲۷	۳۰

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِیْ مِنَ الْخَوَاطِرِ النَّفْسَانِیَّۃِ وَاحْیِ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ الْقُدُسِیَّۃِ وَسَلِّمْنِیْ مِنَ الْکُدُوْرَاتِ الظُّلْمَانِیَّۃِ وَالرُّعُوْبَاتِ النَّفْسَانِیَّۃِ وَجَنِّبْنِیْ عَلٰی مَکْرُوْرَۃٍ وَانِلْنِیْ کُلَّ رِفْعَۃٍ وَاکْشِفْ یَا قُدُّوْسُ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُہَیْمِنُ وَمَلِّکْنِیْ نَاصِیَۃَ الْمُلْکِ الْخَادِمِ بعطیائیل وَاکْشِفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَہُ الْحِجَابَ وَاقْضِ حَوَائِجِیْ بِحَقِّ اِسْمِکَ السَّلَامِ۔

پیر کے دن صبح سویرے اسم کے ذاکر کی اللہ تعالیٰ منزلت بلند کرتا ہے اور ہر بلا سے محفوظ رکھتا ہے۔

اسم مؤمن کے خواص و اعمال

مؤمن کے معنی لغت میں ہیں اسلام کی تصدیق کرنے والا اور اصطلاح میں اس کو کہتے ہیں جس کی طرف تمام کام منسوب کئے جاتے ہیں اسلام کا محل کرسی الٰہی اور ایمان کا محل قلب عرش ہے۔ اس لئے کہ قلب تجلی اور عنایت الٰہی کا محل ہے جیسا کہ فرمایا ہے اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِہِمُ الْاِیْمَانَ۔ اور یہی محل روح ہے حقیقت یہ ہے کہ روح ملکوتی میں تبدیلی نہیں ہوتی بلکہ وہ ایمان محل ہے۔ اور ایمان نام ہے۔ زبان سے اقرار ہے اور اعضاء سے عمل کرنے کا۔ ذیل کی چیزوں پر ایمان لانا چاہیئے اللہ تعالیٰ اس کے فرشتوں اس کی کل کتابوں اور جملہ رسولوں، آخرت اور خیر و شر منجانب اللہ ہونے پر اور یقین کرو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جن چیزوں کے درمیان ساتھ ایمان لائے وہ حق ہیں۔ میزان حق۔ حوض حق۔ شفاعت حق اور اللہ تعالیٰ سے ملنا حق ہے۔ اور قیامت ضروری ہے۔ اس میں شک نہیں ہے۔ اور مُردوں کو قبروں سے اللہ تعالیٰ اٹھائے گا۔

ایمان کی اقسام اسرار کا ایمان معرفت سے ہے عقول کا ایمان علم سے ہے۔ روح کا ایمان کشف سے ہے نفوس کا ایمان تحقیق سے ہے دلوں کا ایمان اخلاص سے ہے اور اجسام کا ایمان افعال پر منحصر ہے جو ارواح پر نور ایمان کی رحمت سے ہوتا اور اس سے محبت ہوتی ہے جب نور ایمان نفوس پر جلوہ کرتا ہے تو اس سے دلوں میں فراخی ہوتی اور جب نور ایمان اجسام پر جلوہ فرما ہوتا ہے تو اس سے عبادت میں قیام ہوتا ہے۔

ذاکر اسم مومن کو تجلّی قلب حاصل ہوتی ہے اور وہ متوکلوں کا مقام پاتا ہے اور ما سوائے سے گمدان ہو کے خاص ذات واحد کی طرف رجوع ہو جاتا ہے۔ ایمان کا پہلا درجہ فراست ہے۔ اس لئے کہ فراست کے ذریعہ قلب میں نور ایمان داخل ہوتا ہے ایمان کا دوسرا درجہ رؤیت اور مشاہدہ ہے، جو سالکوں کو اعلیٰ مراتب میں نصیب ہوتا ہے

یہ بھی معلوم رہے، فراست ایک قوت بھی ہے اس لئے کہ جو دل پر ہجوم کر کے شک کو نکال دیتا ہے۔ مکاشفہ وہ نور ہے جو دل میں آکر ہو کے اکوان پر روشنی ڈالتا ہے اور حال وجود کے دریا میں غوطہ زن کرتا ہے یہ دنیا میں حفظ مراعات ادب اور خروج حق سے قولاً و فعلاً مراعات احوال ہے۔ اور فنا غیبت پر حضوری کا ثبوت ہے اور یہی ایمان کی حقیقت ہے۔

افلاطون کو کشف اور وساوس کا علاج حکیم افلاطون کو کشف ہوا اور وہ اس اسم کی برکت سے عبادت گزار شب زندہ دار اور اسم مؤمن کے مراعات سے متخلق تھا اسی باعث اسے مشاہدہ کی حقیقت ملی مریدوں کے لئے اس اسم میں خصوصیت ہے۔ کوئی ایمان کی حقیقت مشاہدہ کرنا چاہے وہ بخوقتہ نماز کے بعد اس کا ذکر کرتے اور جو شخص ہر نماز کے بعد خلوت میں اسم مومن سو بار پڑھے تو مشاہدہ کی قوت اسے حاصل ہو شہوات نفسانیہ اور وسوسے دور ہوں حرام کی جانب کوئی خیال اسکے دل میں نہ آسکے گا۔ اسم مومن کی ریاضت چالیس دن ہے۔ جس کے بعد وہ امور منکشف ہوتے ہیں جو بیان نہیں کئے جا سکتے۔

شک یا وسواس کا مریض اسم اسم کو لکھ کر نہار منہ ۲۱ دن پئے تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ اور اس کا نقش رکھنے والا ہر مرض سے نجات پاتا ہے۔ نقش المومن یہ ہے۔

الم	و	م	ن
۴۱	۴۹	۷۲	۵
۴۸	۲۸	۱۷	۷۰
۷	۷۴	۴۷	۳۹

۴۰ دن تک ہر نماز کے بعد اس کے اعداد ۱۳۶ کو باہم ضرب دے کر پڑھنے والے کے پاس اس کا مؤکل قلبیائیل آکر حاجت پوری کرتا ہے جس کے ماتحت ۶ حاکم ہیں۔ اور ہر حاکم کئی صفوں کا نگران ہے۔ اسم مومن کے مؤکل کی تسخیر اس کا نقش اور دعا۔

رَبِّ اَمِدَّ فِیْ بِرَ قِیْقَۃٍ مِّنْ رَقَائِقِ اِسْمِكَ نَشْرَحُ بِهَا صَدْرِیْ وَاَمِدَّ نِیْ بِبَارِ قَۃٍ مِّنْ فَیْضِكَ الْاَقْدَسِ النَّفِیْسِ الْاَنْسِ فَاَنْتَ سَامِعُ الْاَصْوَاتِ وَمُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ سَرَیَانِ رُوْحِكَ الْقَدِیْمِ اَنْ تَهْدِیَنِیْ اِلٰی صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِیْمِ وَتُحْیِیْ رُوْحِیْ بِالْاِیْمَانِ الْقَدِیْمِ فَاَنْتَ رَبِّیْ وَبِیَدِكَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ اَللّٰهُمَّ مَلِّکْنِیْ نَاصِیَۃَ خَادِمِ الْعَوَالِمِ اِسْمِكَ الْمُؤْمِنِ وَاشْرَحْ صَدْرِیْ بِمُلَاقَاتِ عَبْدِكَ وَقَلْبِیْ لِیُمَدَّ فِی الْعَوَالِمِ وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

جو شخص اس اسم کے ورد پر مداومت کرے خدا تعالیٰ اس کو ہیبت اور ایمان کی حلاوت عطا کرے گا۔

اسم مہیمن کے خواص و اعمال

وہ ذات جو اپنی مخلوق کے اعمال ان کی زندگی موت اور پھر زندہ کرنے پر قادر ہے وہ مہیمن ہے یہ اسم سلام کا جامع ہے۔ اسی میں ظاہری و باطنی دلیل بھی ہے اس کے پانچوں حروف ملکوتی نیز لطائف اکوان پر شامل ہیں میم حروف ملکوتی اور انکا ظہور ہے۔ ھا بھی ظہور ہے اور ھا کے دونوں حرف جن سے اسم ھو مراد ہے اور یہ ھو حقیقت نفس ہے اور

صرف یا سِرِّ الف ہے، جو صمت سے پیدا ہے جو عقل ایک حرف ہے اور دوسرا حرف میم ملکوت اعلیٰ کا اشارہ کرتا ہے اور نون سے حقیقت علم کی جانب اشارہ ہے، کیونکہ یہی اس کا باطن ہے اور اسی نون پر ملک ہے الحاصل اسم مہیمن تمام اسرار کا جامع ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے امر کو عقل پر عقل کو مدرع پر مدرع کو نفس پر نفس کو حرکات پر اور حرکات و سکنات کو حروف پر اور حروف کو معانی پر اور معانی کو اسرار پر مہیمن بنایا ہے۔ اور اسی ذریعہ سے عالم میں ربط قائم کیا ہے اور اشیاء کو باہمی طور پر مربوط کیا ہے اور سب اسی سے متعلق ہیں پہلا حرف دوسرے پر مہیمن ہے یعنی الف بار پر اور با تا پر وغیرہ وغیرہ۔

جس اسم سے تم کام لوگے وہ دوسرے اسم پر مہیمن ہے۔ اسماء ذاتی اسمائے غیر ذاتی پر مہیمن ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے اسے لازمی ہے کہ تمام افعال کا پاس و لحاظ رکھے۔ یہ اسم اولیاء اللہ کا ذکر رہا ہے اسم کا ذاکر خوب مشاہدہ کرتا ہے اور خوف الٰہی سے کانپتا رہتا ہے۔

اسم مہیمن کے معانی اور اثرات دراصل مہیمن وہ ہے جس نے سِرِّ عقل کا الہام کیا اور سِرِّ امر کا انہیں تصرف دیا اور سِرِّ عنایت کے طفیل سماعت دی ہے۔ اور سِرِّ دراثت اور ہدایت سے عمل کرایا اس اسم کے ذریعہ تقرب خدا حاصل کرتے والا یکے بعد دیگرے مدارج حاصل کرتا رہتا اور عروج پاتا ہے اس اسم کی تلاوت سِرّاً اور فکر سے کرنا چاہیئے۔ سِرّ کا مراقبہ ہیبت سے فکر کا حیات سے روح کا مراقبہ تمکین سے نفس کا خوف الٰہی سے قلب کا مراقبہ علم سے جسم کا مراقبہ عمل کے ذریعہ کرو، کیونکہ یہی مراقبے دراصل علوم غیب کی کنجیاں ہیں ان مقامات پر پہنچنے کے لئے خلوت میں شب و روز اس اسم کا ذکر کرنا چاہیئے دوران ذکر میں حیات سے بسط کا دروازہ اور مراقبہ روح سے امن کا دروازہ اور مراقبہ قلب سے علم کا دروازہ اور خوف الٰہی کے ساتھ اس کا دروازہ کھل جائے گا۔

جس کے نام کے عدد اسم مہیمن کے عدد کے برابر ہوں اور اس کا وظیفہ کرے تو اس کے لئے یہ اسم اعظم ہے جسے خوب تر برکات ملتی ہیں، اس اسم کے ذاکر کو ابدالوں کا درجہ حاصل ہوتا اور حقائق علم اس پر منکشف ہوتے ہیں۔ کسی کے نام کے حروف اس اسم کے برابر مربع میں رکھنے والا کبھی اس سے جدا نہ ہو۔ نقش اسم مہیمن یہ ہے۔

ال	م	ھی	من
١٦	٨٩	٣٢	٣٩
٨٨	١٣	٤٢	٣٢
١٤	٤٤	٨٧	١٤

حافظہ قوی ہونے کا عمل اور اسم مہیمن کا نقش ودعا چاندی پر اس نقش کو کندہ کر کے ذہن رکھے تو اس کا حافظہ قوی ہو جائے خواب میں تجلیات سے بہرہ یابی ہو تو یہ اسم کاغذ پر لکھ کر اپنے سر کے کا نزول پیچھے نیک وقت میں رکھو اور اسم کو اعداد کے موافق پڑھ کر سو جاؤ اللہ تعالیٰ تم پر تجلیات کرے گا۔ اور ذکر یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ سُبْحَانَكَ مَا اَعْظَمَ شَانُكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْاَرْبَابِ وَمَالِكُ الرِّقَابِ اَنْتَ الْمُهَيْمِنُ الْوَهَّابُ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِسَرَيَانِ حِكْمَتِكَ فِي الْقُلُوْبِ وَالْاَسْرَارِ وَنُوْرِ تَجَلِّيْكَ عَلَى الصَّالِحِيْنَ الْاَخْيَارِ اَنْ تَكْسِيَنِيْ هَيْبَةً وَّقُبُوْلًا بَيْنَ اَبْنَاءِ جِنْسِيْ وَاَنْ تَكْشِفَ لِيْ عَنْ اِسْرَارِ الْمُهَيْمِنَةِ يَا مُهَيْمِنُ اَنْتَ الْعَالِمُ بِمَا يَكُوْنُ صَرَفْتَ الْاَفْهَامَ وَالْاَلْسِنَ عَنْ وَصْفِ كَمَالِكَ وَاَنْتَ اَجَلُّ وَاَعْظَمُ اَنْ قُدْرَكَ ذَاتَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَمُدَّنِيْ بِرَقِيْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِ اِسْمِكَ الْمُهَيْمِنِ وَاَنْ تَمُدَّنِيْ بِخَادِمِ هٰذَا الْاِسْمِ طَلِيَا ئِيْلَ لِاَعْرَافِ الْمَرَاتِبِ السَّنِيَّةِ مِنَ الْعُلُوْمِ اللَّدُنِّيَّةِ يَا اللّٰهُ يَا مُهَيْمِنُ۔

اسم عزیز کے خواص و اعمال

عزیز بے مثل و بے نظیر اور سب پر غالب و قاہر ذات ہے عزت ہی اصل بقا ہے اللہ تعالیٰ ہی کو بقا ہے اور بقاء کی علاوت مسلمانوں کو جنت میں عزت ملے گی اور رسول اکرم کی عزت بھی حیات آخروی سے ہے۔ جو نور نبوت سے ان کو حاصل ہے آپ کی رسالت بقاء سے باقی ہے اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو نازل کیا ہے۔ اسی لئے علماء انبیاء کے وارث ہیں کیونکہ علم ان کو وراثت میں ملا ہے۔ قومی حیات و ایمان کی حقیقت دراصل قلوب کی حیات ہے دل کی حیات محبت الٰہی سے ہوتی ہے اور حیات اجسام دراصل احکام الٰہی ثبات کی وجہ سے ہے۔ بندہ ان مقامات میں ترقی کرتا ہے۔ تو عزیز کہلاتا ہے اسم مہیمن کی تحقیق کرنے والے پر لازم ہے کہ ربوبیت پر عبودیت کے راز تسلیم کرے۔ حضرت اکرم نے فرمایا ہے جس شخص نے متمول سے اس کی تونگری کے پیش نظر اس کی عزت کی تو اس کا دین دو تہائی برباد ہوگیا اس لئے کہ انسان میں تین چیزیں ہیں زبان، ہاتھ اور دل اگر زبان سے تواضع کی تو اس کا تہائی دین جاتا رہا اگر دل سے تواضع کی تو دین جاتا رہا۔ ہر بات ضمیر پر منحصر ہے نیک ہو یا بد۔

اس اسم کے ذاکر کو لازمی ہے کہ جملہ دیگر خواہشوں کو چھوڑ کر خلوت میں بیٹھ کر اپنی ضروریات کا اظہار نہ کرے یہ اسم متوکلین کا ذکر اس کے مداومت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بے گمان رزق دیتا ہے۔

عزت کی زندگی اور بے گمان رزق ملنے کا عمل جو اس مربع کو چاندی کی انگوٹھی میں پہنے اور اس کا ذکر جاری رکھے تو اللہ تعالےٰ عزت کی زندگی دیتا ہے۔

جس کے نام کے اعداد اس اسم کے مطابق ہو اس کے لئے یہ اسم اعظم ہے۔ اس کے ذاکر اللہ تعالیٰ عزت و ہیبت کے دروازے کھولتا اور تمام عالم علوی و سفلی میں ہیبت عطا کرتا ہے۔ اس اسم کا یہ ذکر ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یَغْلِبُ قُوَّتَہٗ غَالِبٌ اَسْئَلُکَ اَنْ تُقَوِّیَنِیْ عَلٰی طَاعَتِکَ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَبْدَکَ بِغَیَائِیْلَ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ یُمِدَّنِیْ بِالْھَیْبَۃِ وَالْوَقَارِ وَیَقْضِیْ حَوَائِجِیْ وَاَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ وَرُوْحِیْ بِبَارِقَۃٍ مِّنَ الْبَوَارِقِ النُّوْرَانِیَّۃِ تُعِزُّنِیْ بِعِزِّ عِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ وَاحْفَظْنِیْ وَارْفَعْنِیْ اِلٰی رُتْبَۃِ الْاَوْلِیَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَثَبِّتْنِیْ کَمَا ثَبَّتَّ اَوْلِیَاءَکَ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَھْلَ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ ۝

جبار کے معنی ہیں غلبہ کے ساتھ ہر ایک پر اس طرح حکمرانی کرنا کہ کوئی چیز اس کی حکمرانی میں مانع نہ ہو۔ اور یہ قوت اللہ تعالیٰ کی ہے وہی جبار مطلق ہے جو ہر ایک پر قادر ہے۔ اسم جبار پر تفصیلی نظر کرتے وقت بہت ہی اشیاء ہیں جسے بڑا مشاہدہ عالم ملک ہے جس کو عالم شہادت بھی کہتے ہیں اعتبار کرنے والوں کے لئے بھی نزدیک تر ہے۔ اور ان کی ذوات کا محل اور خط تدبیر الٰہی اللہ ہے اللہ اپنی رحمت سے پانی برساتا ہے۔ اور ایک مقدار معلوم سے ابر بھرتا ہے پھر مختلف اطراف زمین پر بارش ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔۔ بعض نباتات سے انسان کا نبات اور بعض سے ہلاکت ہے۔ بعض چھوٹی نباتات پر اگر پانی کی کثرت ہو تو پانی بند مضر ہوتا ہے چاہے وہ میٹھا اور رحمت کا پانی ہو اور بڑی نباتات کو پانی کی زیادتی مضر نہیں ہوتی۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ ہر عالم کی ایک حد ہوتی ہے۔ مثلاً درخت کے اندر جڑ شاخیں پتے اور پھل

مجدریاقت ہیں۔ اسم جبّار میں جبر و قہر کا وہ راز ہے اگر یہ نہ ہوتا تو نظام عالم برباد ہو جاتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ عناصر اربعہ ہی کے ذریعہ نظام عالم چل رہا ہے۔"

اسم جبّار کے اسرار انسان اور تہذیب اخلاق انسان اپنے نفس کو مہذب بنا کر لطافت اور جباریت حاصل کرتا ہے اور اس کی روح پاک ہو کر اس میں عمدہ اخلاق پیدا ہو جاتے ہیں۔ اگر اسرار امداد اور اقامت طبائع کی نسبت سر جبر و قہر کی طرف نہ ہوتی۔ اور ان سے اسرار قائم نہ ہوتے تو جسم فاسد اور برباد ہو جاتا۔ جبار نے سّر جبار سے اس پر قابو کیا ہے۔ اسی سے جسم اور نظام عالم کون و فساد کا مقام و ثبات ہے۔ اور اسی وجہ سے نظام عالم سّر نسبت اور اضافات سے ہویدا ہے اس کا ایک سبب یہ بھی ہے نسبتیں اسمائے الٰہی سے ہیں اور نسبتیں کسی غیر کا احتیاج نہیں رکھتی ہیں۔ جسم کا نظام حرارت عزیزی سے قائم ہے اور طبائع اربعہ معاون ہیں اور طبائع کا راز قوت قہریہ سے متصل ہے۔ جب کوئی دار آخرت کو سفر کرتا ہے تو قدرت قہر اور جبر کا راز طبائع مرکبہ پر سے اٹھ جاتا ہے۔ اسی طرح عالم غائب و شہادت کے راز ہیں اور دوسرا شاہد اللہ تعالیٰ ہے، جس نے ایک عوالم عالم سے تدابیر پیدا کی ہے۔ جس طرح عالم علوی کے نظام میں وہ اپنی قوت جبّاریت سے تدبیر کرتا ہے اسی طرح ہر عالم سفلی کی بھی تدبیر کرتا ہے تقدیر اور روح کو ترکیب میں اپنی حکمت و ہیبت سے لازم کیا ہے۔

ہر تکلیف زائل اس اسم کی چالیس دن کی ریاضت ہے اگر تکبر یا رعونت پیدا ہوتی دیکھو تو اس اسم کا خوب ذکر کرو۔ ہر تکلیف زائل اور دور ہو جائے گی۔

عوام و حکام میں عزت دشمنوں کی بربادی اس اسم کو مربع تکسیری میں رکھنے والا عوام میں صاحب عزت ہوتا اور حکام تعظیم کرتے ہیں۔ اس مربع کو چاندی نقش کرا کے اور اس کے گرد مؤکل کا نام لکھوا کر پہنے اور ذکر جاری رکھے اور حکام سے ملے تو وہ اس سے محبت تکرار سے پیش آویں گے اور دشمن برباد ہوں گے ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْجَبَّارِ اَنَّ فُلَانًا عَبْدَکَ اٰذَانِیْ وَتَجَبَّرَ عَلَیَّ وَاَنْتَ جَبَّارُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُجَبِّرَہٗ وَتَقْھَرَہٗ بِالْمَحَبَّۃِ الْمَوَدَّۃِ لِیْ یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ اور یوں بھی پڑھ سکتے ہو۔ اَجِبْ یَا اَیُّھَا الْمَلِکُ وَتَوَکَّلْ بِفُلَانٍ بِحَقِّ ھٰذَا الْاِسْمِ الْجَبَّارِ اور یہ بھی پڑھو ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ سے آخر تک یہ تمام اسمائے اشتقاقی ہیں صرف اسم اللہ ہی وہ نام ہے جو کسی سے مشتق نہیں ہے۔

اسم جبّار کا نقش اور دعا اور اس کے مؤکل کی تسخیر فائدہ ازفاق میں اسم جبّار باب لروح ہے اس کے مربع کو در رفتار مشک و زعفران و گلاب سے لکھے اور آیت اس کے عدد حسب ذکر کرے اور مؤکل کا نام لے تو مؤکل حاضر ہوگا۔

الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر
الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله
القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک
السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس
المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام
المهیمن	العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن
العزیز	الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن
الجبار	المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	الغزیز
المتکبر	الله	الملک	القدوس	السلام	المؤمن	المهیمن	العزیز	الجبار

یہ مؤکل عوالم عزرائیل سے ہے جب اس کو حاضر کرتا ہو تو اسم موافقت عدد پڑھو رحیائیل کو مل کر حاضر ہوگا اور حاجت روائی کرے گا۔ تحت چار سردار ہیں اور ہر سردار ۶۰ صفوں کا حاکم ہے۔ نقش سابقہ صفحہ پر دیکھئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا مُعَلِّلَ الْعِلَلِ وَاَزَلِیَّ الْاَزَلِ قَبْلَ الْاَزَمَانِ الزَّائِلَۃِ وَالْاَمَانِ الْفَانِیَۃِ یَا جَبَّارُ یَا قُدُّوْسُ یَا مَنْ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالْبَاطِنُ یَا مُکَوِّنَ التَّکْوِیْنِ یَا مُقَدِّرَ الْوَقْتِ وَالْحِیْنِ اَنْقِلْنِیْ مِنْ ھٰذَا الْبَحْرِ الَّذِیْ اَلْقَانِیْ وَالْخَلِیْفَۃِ الْفَانِیَۃِ وَاحْمِلْ رُوْحِیْ مَعَ مَلَائِکَتِکَ الْکِرَامِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْاَخْیَارِ وَانْقِلْ طَبْعِیْ مِنْ طَبَائِعِ الْبَشَرِیَّۃِ یَا اَزَلِیَّ الْاَزَلِ یَا مُغْنِیَ الْخَلْقِ الدَّوَالِ یَا مَنْ ھُوَ فِیْ مُلْکِہٖ جَبَّارٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ اَسْئَلُکَ اَنْ تَمُدَّنِیْ بِعَوَالِمِ ھٰذَا الْاِسْمِ لِیَقْھَرُ وَاِلٰی کُلِّ مُتَکَبِّرٍ بِاللّٰہِ ۳ یَا جَبَّارُ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلَکُ رجفائیل وَتَوَکَّلْ بِکَذَا وَکَذَا بِحَقِّ اِسْمِہِ الْجَبَّارُ اور پوری آیت ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

اسم متکبر کے خواص اور فوائد

متکبر کے معنی ہیں اپنی ذات کے سامنے ہر چیز کو حقیر دیکھنا اور اپنی ہی ذات کے لئے کبریائی کو خاص کرنا اور غیر کی طرف ایسے دیکھے جیسے بادشاہ غلاموں کو دیکھتا ہے۔ واضح رہے۔ یہ ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اس کے سوائے جو اپنے لئے کبریائی خیال کرے وہ جاہل و گمراہ ہے۔ متکبر مطلق صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بلند آسمانوں اور پست زمینوں کو قبل ایجاد موجودات پیدا کیا اور عجیب مصنوعات ظاہر فرمائیں پھر اپنے رحمت کے انوار فراخ کئے۔ جو عالم توحید میں ثبوت ہیں جن سے حقائق اعمال کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ ہر ذرہ کے لئے سجو قہر لازم ہے۔ وہ عبودیت کی ذلت کی وجہ سے ہے اور یہ صفت کونین میں ظاہر ہے۔

مغرور شخص اللہ کا دشمن ہے اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ کی خیر کا ارادہ کرتا ہے تو پہلے اس کو اپنی کبریائی کی بصرت عطا کرتا ہے۔ پھر اپنی رحمت سے اس کی مدد فرماتا ہے۔ تب جا کر موجودہ نعمت الٰہی سے وہ شخص خوش ہوتا ہے۔ جو شخص زمین پر تکبر و غرور کرتا ہے وہ دراصل اللہ تعالےٰ کی ذات کا دشمن ہے۔ اور جو لوگ ایسی باتوں پر اپنی تعریف چاہتے ہیں، جو انہوں نے نہیں کی ایسے اشخاص اہل شہوت ہیں جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں، صاحب تمکین جس نے اللہ کی کبریائی دیکھی ہے اسے اللہ تعالیٰ جو بلی اس کے جان و جسم میں تصریف کی قوت دیتا ہے۔ اس اسم کے ذاکر حرکات خاک دی پائی جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے اس کا قرب بڑھتا ہے اور اتنا خشوع و خضوع اس پر طاری ہوتا ہے کہ وہ ہر وقت کانپتا رہتا ہے، حضور نبی کریمؐ نے ایک شخص کو نماز میں ڈاڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا تو اس کے اعضاء پر بھی خشوع طاری رہتا یعنے یہ شخص اپنی ڈاڑھی سے نہ کھیلتا بلکہ خشوع و خضوع سے نماز پڑھتا رہتا۔"

حصول عزت اور حاجت برآری اسم متکبر دراصل عابدوں کا ذکر ہے۔ اس کے ساتھ بڑی آیات بھی پڑھنا چاہیئے۔ دل کا خشوع و خضوع بہت ضروری ہے حصول عزت جو شخص اسے لکھ کر اپنے سر سے باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت کرتا ہے اور قدر بڑھتی ہے۔

اس اسم کی ریاضت ۲۱ دن ہے روزانہ اس کے اعداد کے موافق اسے پڑھتا جائے تو مؤکل بجبائیل حاضر ہو کر ضرورت پوری کرتا ہے۔ ذاکر کے حکم پر دشمنوں کو ہلاک کرتا ہے۔ دعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ الۡمُتَکَبِّرُ لَا کَبِیۡرَ غَیۡرُکَ لَکَ الۡکَمَالُ الۡمُطۡلَقُ ذٰلِکَ الۡجَبَرُوۡتُ الۡقَھۡرِیُّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ اَسۡئَلُکَ یَا قَھَّارُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ اَللّٰھُمَّ اَقۡھِرۡ اَعۡدَائِیۡ وَاحۡیِ قَلۡبِیۡ وَ اَیِّدۡنِیۡ بِالۡخُضُوۡعِ وَالۡخُشُوۡعِ حَتّٰی یَخۡشَعَ لَکَ قَلۡبِیۡ وَجَوَارِحِیۡ بِالۡخُضُوۡعِ اِلَیۡکَ یَا مُتَکَبِّرُ یَا اَمَانَ الۡخَائِفِیۡنَ یَا رَبَّ الۡعَالَمِیۡنَ۔

جو اس دعا کو ہمیشہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے اور دولت کشف سے مالامال کرتا ہے۔

اسم خالق کے خواص و اعمال اور فوائد

خالق نام ہے اس صانع کا جو ہمیشہ سے پیدا کر رہا ہے۔ اس کا کوئی لمحہ خالی نہیں ہے۔ خلق کے معنی ابداع کے اور ابداع بغیر مثال اور نمونہ پیدا کرنے کو کہتے ہیں۔ عالم ملک اور ملکوت ہی اختراع ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ عالم امر اور علوی ہی عالم رتق ہے اور عالم غیب و سفلی عالم فتق ہے اور یہ سب سماء اسرار الٰہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ الا له الخلق والامر۔

اللہ ملتے سے ہر چیز ملتی ہے — جو دار خلق اور امر ای کے لئے یہ اسم بہت بڑا ذکر ہے۔ اس کا ذاکر مخلوقات کے اصول مبادی میں غور کر کے مقام کشف حاصل کرتا ہے اور ترقی کرتے ہوئے اس کے قلب میں سب حالات آجاتے ہیں اس کے بعد ترتیب، روحانیات اور ان کی غایت ترتیب کا راز ظاہر ہوتا ہے۔ اور بہ تدارکہ زمین و آسمان کی ہر چیز معلوم کر لیتا ہے۔ اور وہ مراتب عالی پاتا ہے جو نفس کے لئے مراتب ثابت ہیں نفس کے اندر اور قلب کے مطابق یہ دنیا صورت معلوم ہے اور علم الٰہی و علویات اپنے وجود کے موافق موجود ہیں اور انکا وجود ہی حصول کا سبب ہے اللہ کے ملنے سے یہ سب مل جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ساتوں آسمان پیدا کر کے ان کو نورانی حجاب اور حالات کرامات سے نوازا ہے اور ساتوں زمینوں کو پیدا کر کے اپنی نعمتوں کا خزانہ بنایا۔ جس طرح علویات کے چار مراکز ہیں۔ اس طرح سفلیات بھی چار ہیں۔ علویات کا پہلا مرکز عقل ہے، جو مدارک عقول ہے۔ دوسرا مرکز روح جو مدارک نفوس ہے۔ تیسرا مرکز قلب جو مدارک قلوب ہے۔ چوتھا مرکز کرسی ہے، جو وسیع ہے۔ اسی طرح زمینوں میں اپنے خزانے اور جہنم کے طبقات اور اپنی رحمت کے ظلمانی حجاب رکھے ہیں نیز ہر زمین کو گنہگاروں کے لئے ایک طرح کے عذاب کا حامل بنایا ہے۔"

انسان کی جاہلیت کی تفصیل — اللہ نے یہ سب امور انسان میں رکھ کر اس کا نام اصغر رکھا ہے۔ بعض محققین کہتے ہیں۔ شعر

وَتَزۡعَمُ اَنَّکَ جِرۡمٌ صَغِیۡرٌ ۔ وَفِیۡکَ انۡطَوَی الۡعَالَمُ الۡاَکۡبَرُ

انسان چھیاسٹھ ہزار اطوار کا اور چوبیس ہزار نقوش کا جامع ہے۔ جس کی چوبیس ساعتیں رات دن پر منقسم ہیں۔ اس میں عمل کرو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے قلبی اطوار سفلی ترتیب پر رکھے ہیں۔ ہر زمین کے لئے ایک طور ہے جس پر ظلمات کے حجابات پڑے ہیں اور تمہاری ابتدائی حالت کو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا ہے مِنۡ مَّآءٍ مَّھِیۡنٍ ثُمَّ جَعَلۡنَاہُ نُطۡفَةً فِیۡ قَرَارٍ مَّکِیۡنٍ ثُمَّ خَلَقۡنَا النُّطۡفَةَ عَلَقَةً ۔ یہ سات اطوار مشکلات چھ اطوار غیر مشکلات ہیں جن کا حال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ملائکہ عرش کو مخلوق اور غیر مخلوق نطفوں کی شناخت کا حکم دیتا ہے۔ جو ان نطفوں کو علیحدہ کرتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کرنا چاہا ہے اور اس نطفہ کو باپ کی پشت سے ماں کے رحم کے اندر پھیر کے اللہ کا نام اس نطفہ پر چالیس دن تک دم کرتے ہیں

اس دوران شیطان اس نطفہ کے قریب نہیں بھٹک سکتا حضور اکرم نے فرمایا جب اپنی بیبیوں کے پاس جاؤ تو وضو اور طہارت سے جاؤ اور بسم اللہ کہہ کر یہ دعا پڑھو اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَارَزَقْتَنَا اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا وَلَدًا صَالِحًا۔

عرش کے فرشتے نطفہ پر مقرر ہونے کی تخصیص اس لئے ہے کہ عرش پر اللہ تعالیٰ کا نام رحمٰن ہے اور رحم لفظ رحمٰن سے مشتق ہے اسی لئے حضور اکرم کا ارشاد ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وہ رحم ہے اور میں رحمٰن ہوں میرا نام اس کے ناموں سے مشتق ہے جس نے اس کو ملایا مجھے ملایا۔ جس نے اس سے قطع کیا تو مجھ سے قطع کیا ملائکہ نطفہ کی حفاظت چالیس دن اس لئے کرتے ہیں کہ پیدائش کے بعد چالیس سال اس کے تجربہ کار ہونے کے لئے ضروری ہیں۔

پیدائش انسان کے عجائبات

پیٹ میں چار ماہ کا بچہ حرکت کرنے لگتا ہے۔ اور سریع النزول ہوتا ہے۔ اطبائع کا قول ہے کہ سات ماہ کا بچہ پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے اور آٹھ ماہ کا پیدا ہونے والا اکثر زندہ نہیں رہتا۔ اس مسئلہ میں نجومیوں اور حکماء کی باہمی نزاع ہے حکماء کہتے ہیں پورے سات مہینہ کا بچہ نکلنے کے لئے حرکت کرتا ہے۔ اگر نکل آئے تو زندہ رہتا ہے۔ آٹھویں ماہ میں حرکت نہیں کرتا اسی لئے حرکت بھاری ہو جاتی ہے۔ یہی امر بحران کا ہے: بحران کے ایام میں طبیعت کدہ کا بحران دفع کرتا ہے۔ ایک شب و روز تک پھر راحت کے لئے ساکن ہو جاتی ہے۔ اگرچہ بچہ آٹھویں ماہ میں بھی حرکت کرے تو دو حرکتوں کے قائم مقام ہو جائے گا۔ اسی باعث اس مہینہ میں بچہ بہت کمزور ہوتا اور زندہ نہیں رہتا ہے۔ نجومیوں کا خیال ہے کہ پہلے ماہ بچہ پر زحل ستارہ اثر کرتا ہے پھر مشتری پھر مریخ یہانتک کہ آٹھواں مہینہ زحل کی نوبت آتی ہے اسکی طبیعت سرد خشک اور اثر موت کا ہے اسی وجہ سے بچہ زندہ نہیں رہتا۔ ہمیں پہلا قول صحیح معلوم ہوتا ہے۔

پیٹ میں چالیس دن کے بچہ کو علم کے فرشتے تدبیر کرتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ کو اس کا پورا کرنا منظور نہ ہو تو فرشتے طاق نسیان بن جاتے ہیں جس سے وہ اسکی تدبیر نہیں کر پاتے اور بچہ ختم ہو جاتا ہے۔ اگر اللہ کو پورا پیدا کرنا منظور ہوتا ہے تو بڑے فرشتے حکمت و مصلحت والے اس پر توجہ کرتے ہیں اور یہ لکھا جاتا ہے کہ یہ بچہ شقی ہے یا سعید۔ پھر ملائکہ توجید اس سے ملاقی ہیں اگر یہ بچہ اصحاب یمین سے ہے تو امانت کے فرشتے بھی اسکے پاس آجاتے ہیں اور حکمت اور امانت بحکم الٰہی عطا ہوتی ہے۔ ایسے بچہ کی ولادت کے وقت زمین تا آسمان نور ہی نور ہوتا ہے اور ملائکہ تہلیل و تکبیر بلند کرتے ہیں یہ معاملہ انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین سے مخصوص ہے۔ جس بچے سے اللہ تعالیٰ نور فطرت و حکمت سلب کرتا ہے۔ اس کی ولادت کے وقت آسمان و زمین اندھیرے سے پٹ جاتے ہیں اور شیاطین غل مچاتے اور سرائے معصیت کی آگ مشتعل ہو جاتی ہے یہ مخالفت ظاہرہ نہیں بلکہ حکمت تقریبہ کا ظہور اور تمام ارادہ ہے۔"

سفلیات کے چاروں مراکز آتش ہوا۔ آب و ہوا اور خاک ہیں سے مرکز حرارت فلک شمس مرکز برودت فلک قمر مرکز رطوبت فلک مشتری اور مرکز یبوست فلک زحل ہے۔

اجزائے طبائع اپنے فلک کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے باہمی متداخل ہیں۔ اپنی ارکانِ طبیعات کو مرکز سفلیات کہا جاتا ہے۔

حقائق اسماء مع خواص

حروف کے حقائق: دراصل اسماء ہیں اور اسماء امانت ہیں جن کی شرائط یہ ہیں۔ نیک اعمال نماز روزہ ادا کرو اچھی طرح وضو کرو

قامت یہ کہ ہر عضو کے مقابل ایک دروازہ ہے۔ اعضاء اتنے قائم کرو کہ دوزخ کے دروازے بند اور جنت کے دروازے کھل جائیں اسی وجہ سے نبی کریم نے فرمایا ہے۔ جس نے اچھی طرح وضو کیا اور کہا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اس کیلئے جنت کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں۔ وہ جس سے چاہے داخل ہو تو نماز جنت کے دروازوں کی کنجی ہے جو اتصال حقائق الہیہ ہے۔ انسان انوار باطنی موجود عالم امر عالم غیب اور عالم ملک ملکوت عالم کشف عالم فتق و رتق عالم اختراع و ابداع عالم سرّ اعلوت، عالم قسم، عالم اجابت، عالم تلبیہ، عالم ترکیب، عالم ظہور، عالم عقل، عالم نفس، عالم ہیولائی۔ عالم مولید۔ عالم ضمیر۔ عالم عرش عالم کرسی۔ عالم لوح و عالم قلم۔ عالم زحل عالم مشتری عالم مریخ۔ شمس، عطارد اور عالم قمر نیز عالم آتش، ہوا اور عالم آب اور عالم حیوان ہے۔

انسان کامل کی تعریف اب انسان کامل وہ ہے جو تین عالموں سے مرکب ہے۔ عالم افعال و اقوال اور عالم عمل سے۔ نیز پھر عوالم اس میں موجود ہیں۔ جن میں پہلا عالم سرّ ہے جو عالم وجود سے پہلا عالم ہے اور یہ عوالم توحید میں قیام سے تخصیص کا راز دار ہے جو تقدیر ہے، عقل سے وابستہ ہے، جو عقل در روح ہے عقل روح کی روح ہے۔ جب نفس اور روح سے ملتی ہے ~~روح~~ ہے قلب نفس کے ساتھ۔ اور ام القلب جسم النفس ہے۔ اور نفس روح القلب ہے۔ جسم اور قلب کے مباحات ہیں۔ ان چھ عالموں کا راستہ بالکل سیدھا ہے۔ جسم والی اشیاء قیامت ہیں (جس مقدار حجابوں اور طبعی اوصافوں کے باعث پچاس ہزار سال کی ہوگی) اپنے راستہ پر ہوں گی ارباب قلوب کا دن ایک ہزار سال کا اور ارباب نفوس کا دن ایک دن کے برابر ہے۔ ارباب حقائق کا دن ایک فلکی درجہ کے مانند اہل لطائف کا دن ایک دقیقہ کی طرح ہے۔ صراط اجسام کا طبقہ طبقہ عنصریہ پر ہے جو شخص گرا وہ دوزخ کے درک اسفل میں جا پہنچا۔

دوزخ کے سات درجے ہیں۔ جو دقائق کے لئے ہیں۔ جو کامل ہوا اس نے اپنا راستہ پالیا اور جو کچھ مشاہدہ کیا وہ کیا اور یہ طبقہ معلوم ہے اور اقامت مفہوم ہے۔ درختوں کے لئے قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا ہوگا۔

اسمائے عنصریہ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے خَلَقَکُمْ مِنْ ضُعْفٍ اِلٰی قَوْلِہٖ یَخْلُقُ مَایَشَآءُ۔ یہ نشاۃ و پرورش اور یہ خلائق در اصل اسمائے عنصریہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو ان چیزوں کے نام باوجود باہمی اختلاف کے بتائے ان میں سے بعض کا فطرت انسانیت میں راز رکھا۔ اور ان کی مدلولات کو محل حکم قرار دیا ہے۔ جو اسم علم کے مطیع ہیں۔ در اصل اللہ تعالیٰ نے سلوک اسمائے انسانی کا حکم دیا ہے تاکہ انسان حقائق ربانیہ کا علم حاصل کریں۔ پہلا مصنوع جو فتق ہے۔ ذات انسانی اسکے اسماء اسم خالق سے متعلق ہیں۔ جیسا کہ فرمایا ہے وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ یعنی ہر چیز کی زندگی میں پانی اساسہ ہے جو فلک آب میں ہے۔ اور یہ فیض عرش سے حاصل کیا گیا ہے۔ جو پانی پر قائم تھا جس پر ارشاد ہے۔ وَکَانَ عَرْشُہٗ عَلَی الْمَآءِ۔

واضح باد اسم خالق کے عدد (۷۳۱) ہیں جو نطفہ کو چالیس دن تک مدبّر کرتے ہیں۔ چالیس طور یہ اور روحانیہ لوانیہ پورے ہوتے پیدا (الباری) اپنا تدبیراتی دور اسم خالق کے ساتھ خط ازلی اور کتاب دہری کی طرف کرتا ہے بچہ پر ان تین اسماء خالق باری

مصور۔ کے دور ہوتے ہیں جنکو اسم قدیر سے فیض پہنچتا ہے کل سبب یہ کہ انوار مقادیر اس اسم کے سردار ہوتے ہیں اسم قدیر کے ۵ ہم ۳ عدد ہیں۔

ضرورت پوری کرنے کا عمل

جو شخص اسم خالق کو ۵۱۱۵ بار خالی جگہ میں پڑھے اور حاجت طلبی کرے تو اسکی ضرورت پوری ہوگی عامل کی استعداد کے موافق مؤکل ظاہر ہونے اور اسکی ضرورت بر لاتے ہیں اسکا مؤکل طماقیل ہے جو براہ راست میکائیل کا خادم ہے۔

اور یہ تسبیح پڑھنا ہے سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِئِ الْمُصَوِّرِ اس اسم کی ریاضت ۷ دن ہے جس میں اکثر امور دکھائی دیتے ہیں ذکر یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ الْمَوْجُوْدَاتِ الْاُمْنِیَّۃِ وَ مُکَوِّنُھَا وَاَنْتَ الَّذِیْ اَظْھَرْتَھَا مِنَ الْعَدَمِ الْمُخْتَرِعِ بِقُوَّۃِ التَّدْبِیْرِ بِاِبْرَادِ مَا تَفَضَّلْتَ بِہٖ مِمَّا سَبَقَ مِنْ عِلْمِکَ فِی الْقِدَمِ فَاَنْتَ الْمُخْتَرِعُ لِاَنْوَاعِ الْاَشْیَاءِ عَلٰی مَا تَشَاءُ مِنْ اِیْجَادِھَا وَاِبْرَازِھَا مِنْ ظُلُمَتِ الْغَیْبِ بِاَحْسَنِ التَّرْتِیْبِ وَالتَّفَاصِیْلِ اَسْئَلُکَ یَا مُبْدِعَ الْاَشْیَاءِ وَمُمِیْتَ الْاَحْیَاءِ اَنْ تُنَزِّلَ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا دَائِمًا تَجْذِبُ بِہٖ مُجَامَعَۃً اِلٰی شُھُوْدِکَ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَبْدُکَ سَمَاخِیْلَ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ الشَّرِیْفِ لِیُوَقِّفَنِیْ عَلٰی اَسْرَارِ الْاِخْتِرَاعِ لِاَتَحَقَّقَ بِہٖ تَعْمِنِی النَّعِیْمِ الْاَکْبَرِ وَتَحْقِیْقِ الْکَلِمَاتِ بِالظُّھُوْرِ مِنْ صِفَاتِکَ الْعُلْیَا وَاَنِلْنِیْ ذَالِکَ یَا اَللّٰہُ یَا خَالِقُ۔

اسم باری کے خواص و اعمال

اسم باری اسم خالق ایک ہی ذات کے نام ہیں جس نے مٹی سے کچھ پیدا کیا جس پر یہ آیت دلیل ہے ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ تُرَابٍ تراب کو اہل عرب ثری البریہ کہتے ہیں ثری کے معنی مٹی اور بریہ کے معنی مخلوق۔ لیکن ان اسماء میں تھوڑا سا فرق ہے یہ اسمائے مترادفہ بھی نہیں ہیں جب کہ فرمایا وَلِلّٰہِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا یاد رہے ایجاد اور ابداع کا لفظ ذوات مکنونات کو قدم سے وجود میں لانے پر کہا جاتا ہے اور اسم خالق ہر مخلوق پر شامل و حاوی ہے۔"

دنیا کی پیدائش کے عجائبات

اللہ تعالیٰ نے عقل پیدا کر کے اسے علم اول میں رکھا پھر دنیا کو لطیف خاکہ میں رکھ کر عالم ظہور میں منتقل کیا یہ تینوں باطنی پیدائش ہیں عالم ترکیب میں پہلی پھر ان کے اجسام پیدا کئے۔ اجسام کو قوالب میں ڈھالا۔ اور پیدا کر کے ان پر مہر لگا دی۔ کہ ایک فریق جنت میں ایک فریق دوزخ میں۔ اور دوزخی ہی اصحاب شمال ہیں۔ حالانکہ تشکل حرکت اور سکون سبھی ہیں اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ بناوٹ دراصل علویات میں ہے۔ واقعہ یہ ہے جو نفس قالب نورانی میں صاف اور شفاف نکلا وہ مطمئنہ کھلایا جو قالب ظلمت میں سرکش ہوا۔ وہ امارہ کھلایا۔ اور جو قالب نورانی میں جلوہ ریز ہوا۔ وہ لوامہ ہی کہلاتا ہے۔"

بعض لوگوں کے دل اللہ تعالیٰ نے حیوانوں کی طرح بنائے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو شہوات میں بندروں اور سوروں کی طرح ڈوبے ہوئے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل مسخ کر دیئے ہیں جس سے مہر کرنا مراد ہے جیسا اس آیت میں ہے۔ اُولٰئِکَ الَّذِیْنَ طَبَعَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ اور عام انسانوں سے خطاب قُلْ کُوْنُوْا حِجَارَۃً اَوْ حَدِیْدًا پھر اور

لو ہے سے مراد ان کی سخت قلبی ہے۔ جو نفس کی خواہش میں گرفتار ہیں۔ جب کلام الٰہی کو انہوں نے سن کر قبول نہ کیا تو وہ مسخ ہو گئے۔ جیسا فرمایا ہے۔ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا۔[1]
اور ظاہر ہے ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً۔ یہی باطنی پیدائش اور یہی اسم باری کے معنے ہیں۔ اور اسی باعث نفوس کی بابت فرمایا ہے مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ[2]

پیدائش ارواح کے اسرار اہل سعادت کی ارواح کی سر بسط میں اہل شقاوت کی ارواح سر قبض میں پیدا کی گئی ہیں۔ اہل سعادت کے دل قالب ایمان ہیں اور اہل شقاوت کے دل کفر کے سانچہ میں ڈھالے گئے ہیں۔ اہل سعادت کے اجسام خدمت کے لیے۔ اور اہل کفر کے اجسام شقاوت کے لیے ہیں۔ جو شخص اہل سعادت کے موافق رہا وہ علیین ہو گا۔ اور جس شخص نے شقاوت پر سبقت کی وہ اسفل السافلین میں رہ کر غضب الٰہی میں داخل رہے گا۔ اہل سعادت کیلئے ہے۔ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ۔ اور اہل غضب کے لیے فرمایا ہے۔ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا الآیۃ۔ قوت بشری میں قوت ترکیب جسمانی و ترکیب روحانی دونوں ہیں۔ ذاتی سعادت و شقاوت وغیرہ سے ہر انسان اس کا ادراک نہیں کر سکتا۔ اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دیتا ہے۔

تکمیل ترکیب کائنات

اللہ تعالیٰ نے اپنے اسم خالق سے تکمیل ترکیب کائنات چاہا تو اس کو فلک اسم باری اور اسم مصور سے تقویت دی۔ اور فلک اسم قدیر کی تجلی سے فعال بنا کر اس کی ولادت روحانی کی نبوت کے معالم میں یہی مقام اول ہے۔ جب کہ حضور اکرمؐ نے یوں تنبیہہ فرمائی ہے۔ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ۔ یعنی جس نے گناہ سے توبہ کی وہ ایسا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔ ایک اور حدیث ہے۔ خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ علوی ولادتوں کا یہ اول طور ہے۔ پھر صحیفہ تدبیر میں اللہ نے نقش کیے۔ جن کی ۵۴۴۳ سطریں ہیں۔ یعنی اِسْمُ الْقَدِيْرِ۔ وغیرہ جو سب مراتب اسم کی تحقیق الطوار ترکیبی کی معرفت ہے۔ جو شخص اس اسم کو پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں تقرب کرنا چاہے۔ تو لازمی ہے کہ انکسار و دوام فکر اور مراقبۂ اسرار اور حقائق توحید میں انہماک کرے اور خلوت میں چالیس دن چلّہ کرے اور ان تین اسماء کا ذکر کرے خَالِقُ بَارِئُ مُصَوِّرُ۔ جب یہاں حال تجھ پر غالب ہو کر مؤکلات ہجوم کریں۔ تب ان سے گفتگو کرو۔

اللہ تعالیٰ کی عجب صنعتوں کا انکشاف اور سر کے مریض کا علاج ان اسماء کی ہر لمحہ تلاوت کرنی چاہیے۔ اگر اسم باری چاندی کھود دا کے سر کی بیماری کا مریض سر پہ باندھے۔ تو صحت ہو۔ ان کا ذکر ۲۴۴ بار ضرب دے کر پڑھا جائے۔ اور چاندی کی تختی پر اپنے پاس رکھے تو مؤکل حاضر ہو گا۔ جو چار سرداروں کا حاکم ہے۔ اور ہر سردار کے پاس مؤکلوں کی ۶۶ صفیں ہیں۔ جو اس تعداد کے موافق یہ اسم پڑھتا ہے۔ تو مؤکل اُس کے پاس آتا ہے۔ تم یہ دعا پڑھو۔ يَا اَللّٰهُ يَا بَارِئُ يَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ عَلَيْنَا بِسِتْرِ غَيْبِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْمُعْطِي الْهَادِيْ۔ اس اسم کا ذکر اللہ تعالیٰ عجیب و غریب اشیاء دکھاتا ہے۔ دعا یہ ہے۔

---

[1] اور ہم نے اِنکے دلوں پر پردے ڈال دیئے۔ وہ سمجھیں گے نہیں اور انکے کانوں میں گرانیاں بھر دی ہیں۔ اس کے بعد تمہارے دل سخت ہو گئے مثل پتھر کے یا اس سے بھی زیادہ سخت تر۔

[2] نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں تمہارے نفسوں کو مگر وہ کتاب مبین میں تحریر ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَارِیُٔ اَبْرَزْتَ الْعَالَمَ الْاَعْلٰی مِنَ الْجَوْھَرِ الْعَظِیْمِ وَ اَبْرَزْتَ اَزْوَاجًا مِنَ الْاَمْرِ الْبَھِیِّ الْخَفِیِّ وَاَبْدَعْتَ الْعَالَمَ السُّفْلِیَّ بِمَا ھُوَ خَیْرٌ مِّنْہُ لِاَمْرِکَ الْعُلٰی وَ جَمَعْتَ بَیْنَ الْمُضَادَاتِ بِظُھُوْرِ السِّرِّ الْاَعْظَمِ الْجَلِیِّ وَتَشَابَکَتْ بِتَشَابُکِھَا الْاَرْوَاحَ وَکَشَابُکَ الْاَشْبَاحِ حَتّٰی جَرٰی قَلَمُ الْتَّدْبِیْرِ بِمَا شِئْتَ مِنَ الْفَسَادِ وَالصَّلَاحِ اَسْئَلُکَ یَا مُوْجِدَ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنَ الْمَعْدُوْمَاتِ وَمُدَبِّرَ الْاَفْلَاکِ بَدَ فَائِقِ الْحَرَکَاتِ اَنْ تُدَبِّرْنِیْ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ قَاطِعٍ یَقْطَعُنِیْ عَنْکَ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ نَجّٰی مِنْ حَوَادِثِ الزَّمَانِ نَجِّنِیْ مِنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ وَالْکَسْلِ وَالْخِذْلَانِ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ وَمِنْ کُلِّ شَاغِلٍ یَّشْغَلُنِیْ عَنْکَ یَا اَللّٰہُ یَا بَارِیُٔ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَبْدَکَ تَمْسَائِیْلَ یَکُنْ عَوْنًا لِّیْ عَلٰی اَمْرِیْ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْبَارِیُٔ ۝

رنج و غم سے نجات حصول عزت و شوکت جو کوئی منگل کے دن یہ ذکر پڑھے۔ قیدی ہو تو قید سے نجات پائے۔ اور اگر رنج و غم میں پھنسا ہو تو اس سے نجات ملے اور جو اس کو اپنا وظیفہ بنائے گا اللہ تعالیٰ اس کو محبت شوکت دے گا اس ذاکر کے سب عالم مسخر ہوتے ہیں اور ملائکہ پوشیدہ امور بتاتے ہیں۔

اسم مصور کے خواص و اعمال

ہر چیز کا مصور ہی ہوتا ہے۔ جو اس کی تصویر کھینچے اور غیر سے اس کو تمیز دے اور اللہ تعالیٰ ہی حقیقی مصور ہے۔ خلق کے معنے ایجاد اور تصویر کے معنے تشکیل اور اختصاص نوعی ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَلَقَدْ خَلَقْنٰکُمْ اس سے قدرت کا اظہار اول ایراد پر ہے۔ جو عالم رتق ہے اور فرمایا ثُمَّ صَوَّرْنٰکُمْ علطف مہلت پر ہے کیونکہ یوم ایجاد یوم ابراز کے درمیان جو وقت گزرا۔ اس کا اندازہ بجز اللہ کے کسی اور کو نہیں — یٰاَیُّھَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ الَّذِیْ خَلَقَکَ۔

اس سے مراد ایجاد قدرت سے فَسَوّٰکَ سے مراد باطن ہے۔ جو محل تسویہ و تبدیل ہے۔ یوم ثانی یوم ثالث میں طور ثالث ہے۔ جس کا ذکر اس آیت میں ہے فِیْۤ اَیِّ صُوْرَۃٍ مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ اسی سے مصورات کا راز واضح ہے۔ ارواح حق کی اشکال ہیں۔ اور شکلیں ہی روح کی صورت ہے۔ اور روح دراصل اللہ کا حکم ہے۔ تعمیل حکم ہی زندگی کا راز ہے۔ اور سراپا ہے۔

صورتوں کی اقسام صورتیں دو قسم کی ہیں۔ ایک تو ظاہری ہیں دوسری باطنی ظاہری وہ جس سے شکل کا اظہار ہوا اور باطنی وہ بصیرت کی آنکھ سے ادراک کی گئی۔

عالم اسماء افلاک وجود۔ اور صورت باطنی دراصل فطرت سے عبارت ہے۔ اور فطرت اسماء و افعال کے درمیان برزخیں ہیں۔ حقائق اسماء اور افعال کا احاطہ وجود سے ظاہر ہوا ہے۔ اور وہ دائمی شہود میں ہے۔ جو مبدا اول کا کشف کرنے والا ہے۔ اور منتہی مآلی ہے۔ یہی روح کا راز اعظم الٰہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جملہ موجودات کو اپنے اسماء اور افعال سے متفرق طور پر پیدا کیا ہے۔ اور اجمالی و تفصیلی طور سے فطرت زوجیت کے ساتھ

۱؎ حروف مم کے ساتھ۔ ۱۲ ۲؎ اور جب ابراہیم نے اپنے رب سے کہا اے رب مجھے دکھا دے تو مردوں کو کس طرح زندہ کرتا ہے۔ تو اللہ نے کہا کیا تم ایمان نہیں لائے ابراہیم نے عرض کیا بے شک لایا ہوں مگر مقصد یہ ہے کہ میرے دل کو اطمینان ہو جائے۔ ۱۲

یوم ازل میں ودیعت کا اسی لیے سب اس کی طرف متوجہ اور اس کی معرفت کے مشتاق ہیں اس کے احکامات وہ بجالاتے ہیں جس پر ملکوت کے اسرار منکشف ہوتے ہیں اور وہ اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام نے کیا۔ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيمُ رَبِّ اَرِنِي كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ۔

جسم میں روح باقی رہتی ہے

اس آیت میں تین معنی ہیں۔ ایک تو جسم میں روح باقی رکھنا دوسرے معنی صور پھونکنے پر آخرت میں دوبارہ زندہ ہونے کا ظہور تیسرے معنی عالم جسمی اور معنوی میں مردوں کا زندہ ہونا۔ اور حضرت ابراہیمؑ کا سوال ان ہی تین باتوں پر محمول تھا۔ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ یہ حکم اسمائے ذات و اسمائے صفات اور اسمائے معانی کی وضاحت کر رہا ہے۔ کہ ایک پہاڑ پر ان میں سے ایک ایک حصہ رکھدے۔

پہاڑوں سے رواسخ و اصول مراد ہیں۔ چنانچہ ابراہیم نے پہلے دن ایک حصہ جبل الذر پر رکھا۔ اور دوسرا حصہ جبل فطرت پر یوم تصویری میں تیسرا حصہ یوم برزخ پر اور چوتھا جبل یوم البعث پر يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب فطرت کا راز مشاہدہ کیا تو تمام عالم کو انہیں طور سے مرکب پایا۔ اور ان ہی اسماء کی برکت سے دنیا کو قائم دیکھا۔ اور اُن کو حق الیقین حاصل ہوا۔ بعد اللہ تعالیٰ کے ملکوت کے عجائب دیکھے جب کہ ارشاد ہے۔ وَكَذٰلِكَ نُرِيْ اِبْرَاهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔

انسانی اور فطری صورت ہی حقائق شہود اور اسرار وجود ہیں۔ اسمائے ذات کے کمال معارف کا مقام حضرت ابراہیم کو حاصل تھا۔

کچھ ستارے روشن ہیں اور بعض روشن نہیں ہیں وہ لوگ جن پر اسمائے الٰہی نے تجلی کی ہے۔ روشن ستاروں کی طرح ہیں مگر ان میں بھی مختلف درجے ہیں۔ کوئی ستارہ زیادہ روشن ہے۔ جس سے لوگ راستہ پاتے ہیں۔ اور کوئی چھوٹا اور کم روشنی والا ہے۔ یہی فرق لوگوں کے درجات میں ہے۔ حضور اکرم نے فرمایا ہے۔ جنت میں داخل ہونے والے میری اُمت کے پہلے گروہ کے چہرے مثل آفتاب روشن ہوں گے۔ ان کے چہرے کا نور حسبِ اعمال اور ایمان ہوگا۔

صورت کی تجلی

صورتوں کی تجلی دارین میں باقی اور دونوں جہان میں قائم رہتی ہے۔ اسی باعث فطرت نے حقائق اسماء کو اجمال اور تفصیل سے انسان میں ودیعت کیا ہے۔ تم جنت کو نہیں دیکھتے کہ وہ بھی اسم خالق کو ظاہر کرتی ہے۔ کہ جنت کی نعمتوں کی انتہا نہیں ہے۔ تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ جنت ایک بازار ہے۔ جس میں حسین وجمیل صورتیں ہیں۔ جو شخص ان میں سے جو صورت پسند کرے وہ اس کو مل جاتی ہے اور چونکہ فطرت الٰہی تو قالب اسمائے میں ودیعت ہے اسی لیے بقا لازم ہوئی ہے[1]

نشاۃ عالم میں چار پیدائش ہیں۔ پہلی نشاۃ ازل ہے۔ اور یہی باطن العمی ہے۔ دوسری نشاۃ ابد ہے۔ جو باطن فطرت البنیہ وہ نشاۃ جو عمی سے متصل ہے۔ اس کا تذکرہ آیت میں ہے۔ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ۔

یہی عالم صغیر ہے۔ جسے انسان کہتے ہیں جس کے لیے کائنات پیدا کی گئی ہے۔ اور یہی حق معلوم کا نتیجہ ہے۔ اور یہی روح عالم متحقق ہیں ہر فرقہ اپنے حال کے نقش خوب جانتا ہے۔ یہ اشارہ ہے۔ مومنوں کے لیے خواہش اور کافر کے لیے بدبختی اور دوزخ کا نشاء ابد حقیقۃ الھبا ہے۔ اور یہی اس کا فرمان ہے لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا تیسری نشاۃ سرمدیہ اور وہی حقیقت فی الدہر ہے۔ جو اس فرمان میں ہے۔ اَلَسْتُ بَلٰى چوتھی نشاۃ کا یہ اس فرمان ہے۔ نُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاءُ اور هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ

[1] کوئی مسلمان مرتا اور فنا نہیں ہوتا بلکہ دنیا سے آخرت میں منتقل ہوتا اور زندہ رہ کر اپنے جسم ثانی کے ساتھ آ جانا بھی رہتا ہے۔ از مترجم۔

معلومات کے اقسام اور وجود مطلق

معلومات کی چار قسمیں ہیں ۔ ایک حق تعالیٰ جو وجود مطلق ہے ۔ کیونکہ وہ کسی ذریعہ یا کسی سبب سے معلوم نہیں ۔ بلکہ وہ درحقیقت خود موجود ہے ۔ اس کا وجود معلوم بالذات نہیں بلکہ وہ صفات معانی اور صفات کمال سے جان جاتا ہے ۔ واضح رہے ۔ حقیقت ذات کا علم ممنوع ہے ۔ وہ دلیل سے معلوم ہو سکتا ہے ۔ اور نہ برہان سے کیونکہ وہ بے نیاز کسی شے سے مشابہ نہیں ہے ۔ جو ادراک کیا جا سکے ۔ یقیناً وہ بے مثل ہے ۔ اس کے علم ذات میں فکر کرنے کی ممانعت ہے ۔ اور دوسرا معلوم نہی ہے ۔ یہ حقیقت کلیہ حق تعالیٰ کے لیے خاص ہے ۔ جب تک دنیا کا قدم اور حدیث و عدم معلوم نہ ہو تب تک دنیا کا محدث یا قدیم ہونا معلوم نہیں ہو سکتا ۔ جب یہ حقیقت معلوم ہوگی تو یہ کسی صفت کے ساتھ وصف کیا جا سکے گا ۔ کیونکہ وہ تجزی کو قبول نہیں کرتا ۔ اسی حقیقت کے پیش نظر حق تعالیٰ کے واسطہ سے پایا گیا یعنی حق نے ہم کو وجود قدیم سے بنایا اور تیسرا معلوم کل عالم ہے ۔ جس میں افلاک و افلاک ہوا اور پانی اور تمام چیزیں شامل ہیں ۔ چوتھا معلوم ارشاد خلیفہ ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :۔ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۔ فرمایا وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ حدیث میں ہے اللہ تعالیٰ نے عرش کے ہر پایہ کے نیچے اس دنیا کی برابر مخلوق بنائی ہے ۔ جو کوئی اس اسم سے تقرب کرے گا اس کو کشف ادراکات ہوں گے ۔ اس کے عدد کے موافق خلوت میں اس کی تعداد پوری ہونے پر اس کا مؤکل صفیائیل حاضر ہوتا ہے ۔ یہ چار مؤکلوں کا سردار ہے ۔ اور ہر مؤکل کے ماتحت ۳۶۵ منعین ہیں ۔ اس نقش کو پیر کے دن لکھ کر جس کا حمل ساقط ہو جاتا ہے اپنے پاس رکھے تو حمل نہ گرے گا ۔ اس نقش کے گرد مؤکل کا نام اور دعا ابراہیم نام کے لوگوں کے لیے اسم اعظم اور حمل کی حفاظت کا نقش بھی لکھنا چاہیے ۔ اور جس شخص کے نام کے اعداد کے برابر یہ اسم ہو گا اس کے حق میں تو اسم اعظم ہے ۔ شکل نقش یہ ہے :

ال	م	صو	ر
۹۰	۱۹۹	۳۲	۳۹
۱۱۸	۹۴	۴۲	۳۳
۴۱	۳۲	۱۹۷	۹۵

دعا یہ ہے :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُصَوِّرُ لِلْاَشْكَالِ وَمُشَكِّلُ دَقَائِقِ بَدَائِعِ الْاَشْغَالِ بِيَدِهٖ وَمُصَوِّرُ اِخْتِلَافِ تَصْوِيْرِ الْمِثَالِ الْمُخْتَرِعِ تَصَادِيْرِهَا وَتَرَاكِيْبِهَا اَسْئَلُكَ يَا مُبْدِعَ مِثَالِهَا وَمُصَوِّرَ الْقُبُوْرِ الْعِلْوِ بِاَشْكَالِهَا وَحَقَائِقِهَا مِنَ الْمَلِيْحِ وَالْقَبِيْحِ وَالْجَمِيْلِ وَالْكُلُّ مِنْ فِعْلِكَ اَنْتَ مُبْدِعُ الْاَرْوَاحِ وَمُخْتَرِعُ الْاَجْسَامِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ اِمْدَادِكَ فِي الْعَوَالِمِ الْعُلْوِيَّةِ وَالسُّفْلِيَّةِ اَنْ تُزِيْلَ عَنِّي الْاٰلَامَ وَالْاِسْتِقَامَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُنْعِمُ الْمُتَفَضِّلُ اَنْعَمْتَ عَلَى الْمَخْلُوْقَاتِ بِنِعْمَةِ الْاِيْجَادِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ هٰذَا السِّرِّ اللَّطِيْفِ اَنْ تُمِدَّنِيْ بِرَقِيْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِكَ تَكْشِفُ لِيْ بِهَا عَنْ حَقَائِقِ الْاَشْبَاحِ الصُّوْرِيَّةِ يَا خَالِقُ يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ فِي الْمَسَاءِ وَالصَّبَاحِ وَاَمِدَّنِيْ فِيْ هٰذَا الْاِسْمِ اَجِبْ يَا خَفْنَيَائِيْلُ وَاقْضِ حَاجَتِيْ یہ دعاء کے پڑھنے والے کا اللہ تعالیٰ درجہ بلند کرتا ہے ۔ اور اسے کشف کو نصیب کرتا ہے ۔

اسم وہاب کے خواص واعمال

وہاب کے معنی جو بغیر غرض کے بخشش کرے۔ اللہ تعالیٰ بکثرت سے بخشش فرماتا ہے۔ اسی لیے اسے وہاب کہتے ہیں۔ بخشش صرف اللہ تعالیٰ کی ہیں۔ اُسی نے آنکھ ناک، کان، زبان ارادہ اور ایجاد عنایت کیا ہے۔ اور خلقت کو مکمل کیا ہے۔ تاکہ انسان داعی کی دعوت قبول کرے۔

امانت الٰہی کی تعریف

یقیناً امانت الٰہی آسمان زمین اور پہاڑوں پر پیش کی گئی لیکن دونوں اس امانت کے اٹھانے سے عاجز رہے۔ مگر انسان نے بارِ امانت اٹھالیا۔ اور وہ امانت دراصل اسماء اور صفات ہیں۔ جو توحید کی وجہ سے مقدم ہیں انسانی تجلی کا محل عقل معارف کا محل، نفس خواص کا محل اور قلب کو حروفِ ظاہر کا محل بنا کر اختلاف انوار کے ذریعہ تعریف معانی نطق بخشی ہے۔ نیز عالم انسانی میں حرکت اطوار حسیتہ کے ساتھ رزق آزادانہ طور پر دیا ہے۔ تاکہ معنی نطق حاصل کرلو اور کان عنایت کیے۔ جن سے مختلف قسم کی آوازیں آتی ہیں۔ اور عالم انسانی میں حرکت عطا کی تاکہ جو معانی نظر میں آئیں۔ ان کو پورے طور حاصل کرلو۔ علم ملکوت عطا کیا جو طرح طرح حاصل ہوتا ہے۔ اور ایک پوشیدہ راز عطا کیا جس پر رسول ایمان لائے۔ اور خطاب الٰہی کو سمجھا۔ اور اس نے دار القرار اور برزخ کی زندگی بخشی تاکہ وہاں ارواح کا مشاہدہ کیا جائے اور دار الجمع کی طرف واپسی بخشی اور اعمال کی بدولت نشوونما کیا۔ پھر جنت میں ہر طرح کی نعمتیں بخشیں جن کی تعداد و کیفیت ومزاج صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ یہ اس کی بے شمار ظاہری بخشش ان کے علاوہ باطنی نعمتیں بھی بہت زیادہ ہیں۔

امت مسلمہ پر اللہ کا احسان

ایک حدیث میں ہے۔ حضرت موسیٰ نے عرض کیا۔ اے پروردگار میں نے توراۃ میں دیکھا ہے۔ ایک اُمت کے سینہ میں انجیل ہوگی۔ اے خدا وہ کون ہے۔ ارشاد ہوا وہ حضرت محمد کی اُمت ہے۔ اس کی اللہ تعالیٰ نے اتنی تعریف کی کہ موسیٰ مشتاق دید ہوگئے۔ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اے اُمت محمدیہ تم کو طلب سے پہلے میں نے عنایت کیا۔ اور مغفرت سے پہلے تم کو بخش دیا۔ ان حالات میں غور کرو۔ اللہ تعالیٰ نے تم پر ازل میں کیا کیا۔ بیش از بیش نعمتیں کی ہیں۔ اس اسم کا ذاکر بلا عوض کے بخشش وعنایت سے موصوف ہوتا ہے۔ اور نہ کوئی چیز نہ رکھنے والے کو بے حد فتوح ربانی ملتی ہیں۔ اس اسم کی ریاضت ۴۰ دن ہے۔ عدد کو ضرب دے کر مجاہدۂ نفس کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔ اس کا مؤکل حطیائیل ہے اس کی دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ سُبْحَانَ الْوَھَّابِ الْقُدُّوْسِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْفَعَّالُ لِمَا یُرِیْدُ۔

اسم وہاب کے اثرات

ایک نیک بخت شخص کند ذہن تھا۔ خلوت میں اس نے یہ اسم پڑھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے علم لدنی اسے دیدیا۔ خواب میں مؤکل نے جملہ علوم اسے تعلیم دیئے۔ جو بھی اس اسم کی تلاش کرے کبھی کسی مخلوق کا محتاج نہ رہے۔ اور پوشیدہ خزانے پائے۔ میں نے ایک دن بیت المقدس میں بیٹھے دیکھا۔ کہ ایک شخص نے آکر کہا شمعین توڑ عزت جلال کی قسم۔ اگر تو مجھے اس وقت کھانا کھلا دے تو ٹھیک ورنہ میں تیرے گھر کی شمعیں توڑوں گا میں نے دل میں کہا کہ شاید یہ شخص مجنون ہے۔ وہ جا کر سو رہا پھر میں نے دیکھا ایک شخص روٹی لایا اور اس سوتے شخص کو جگا کر اس کے ساتھ کھانا کھایا اور چلا گیا۔ میں نے اس جانے والے کا پیچھا کیا۔ اور کہا تم کون ہو اور کہاں سے آئے ہو۔ اس نے کہا میں اپنے مکان میں کھانا کھانے بیٹھا تھا کہ ایک آواز آئی کہ مسجد میں ہمارا ایک دوست سویا ہے۔ اس کو اپنے ساتھ کھانا کھلاؤ چنانچہ سوتے کو جگا کر اس کے ساتھ میں نے کھانا کھایا میں نے کہا خوش قسمت ہو تمہاری مغفرت ہوگی۔ کیونکہ حضور اکرم نے فرمایا جس نے سوتے کو جگا کر ساتھ کھایا۔ اس کی بخشش ہوگی۔ پھر میں جلد از جلد اُس سونے والے کے پاس لوٹا۔ لیکن پھر وہ وہاں نہ ملا۔

ہر کامیابی اور کند ذہنی کا علاج

اگر کوئی صدق دل سے اس اسم کا ذکر کرتا ہے۔ تو تمام عالم کو اپنی خدمت میں پاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اُس کے لیے فتح باب کرتا ہے۔ اس پر دروازے کھول دیتا ہے۔ تلاوت اس اسم کی اس کے عدد ضرب کردہ کے ساتھ کرنا چاہیے۔ اس کے مربع کو اپنے پاس رکھنے والے پر عنایات الٰہی بکثرت وارد ہوتی ہے۔

کند ذہن شخص
اُس کو لکھ کر گھول
کر پیئے تو عقل و فہم
کی دولت سے
فیض یاب ہو۔

ا	ل	و	هاب
۳۰	۷	۳	۳۹
۶	۴	۳۲	۴
۳۱	۴	۵	۵

شکل نقش الوہاب یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَھَّابُ الْجَوَّادُ بِالْعَطَایَا وَالْاِنْعَامِ الْبَاذِلُ الْمَوَاھِبَ لِکُلِّ مَوْجُوْدٍ مَوْھِبَۃً فِیْ خَزَائِنِکَ مَمْلُوْءَۃً لَا تَنْقُصُ بِکَثْرَۃِ الْبَذْلِ وَبُرُوْزِ اِنْفَاسِکَ بِمَا تَشَاءُ مِنْ عِبَادِکَ مِمَّا تَخْتَارُ مِنْ فَضْلِکَ اَسْئَلُکَ یَا وَھَّابُ الْجَزِیْلَ مِنَ الْعَطَایَا وَدَافِعَ الْبَلَایَا اَنْ تُعْطِیَنِیْ الْجَزِیْلَ مِنْ نَعْمَائِکَ وَتَدْفَعَ عَنِ الْجَلِیْلِ وَالْحَقِیْرِ مِنْ بَلَائِکَ وَاَنْ تُعَاجِلَنِیْ بِھَلَاکِ الْاَضْدَادِ الْمُعْتَدِیْنَ وَاَنْ تَصْرَعَ بِقَھْرِکَ الْحُسَّادَ الْجَائِرِیْنَ اَسْئَلُکَ اَنْ تَھَبَنِیْ حَلَالًا وَسِرًّا اِلٰھِیًّا تَرْفَعُ بِہِ الْحُجُبُ الظُّلْمَانِیَّۃَ مِنْ قَلْبِیْ فَاَغْنِنِیْ بِکَ اِلَیْکَ یَا اَللّٰہُ یَا وَھَّابُ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلَکُ ھَطْیَائِیْلُ خَادِمُ ھٰذَا الْاِسْمِ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکَ ۔

رزق میں آسانی وسعت اور غیبی امداد

اس اسم کے ذکر پر اللہ تعالیٰ رزق آسان کرتا اور لوگوں کے دل میں اس کی محبت پیدا کرتا ہے۔ اور مواہب ربانی سے اس کی مدد کرتا ہے۔

اسم رزاق کے خواص و اعمال

رزاق وہ ذات مطلق ہے۔ جس نے رزق اور کھانے والے پیدا کیے۔ اور رزق کے اسباب عنایت فرمائے رزق کی دو قسمیں ہیں۔ ظاہری اور باطنی ظاہری سے اجسام کی قوت واسطہ تکلیف عقلی اور اقتصار اسباب نباتات وغیرہ ہے۔ جو بقاء جسم کے لیے ہے۔ کھانے والے کو اپنے مقام اور نیت کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔ کہ اللہ تعالیٰ ہی کھلاتا ہے۔ اور وہ خود نہ حسًا کھاتا ہے۔ نہ معنیً۔ اور یہ صفات اللہ کے علاوہ کسی اور میں نہیں ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اشیاء ایجاد کر کے عقل کو نور سے پیدا کیا۔ کیونکہ وہ پہلا مخاطب پہلی مرتبہ اور پہلی نشاۃ ہے۔ اس خطاب قدیم کا راز واضح ظاہر ہوتا ہے۔ اور سے جدا نہیں ہے۔ بلکہ اس کا کلام وجود دائمی رکھتا ہے۔ جو لوگوں کے لیے رحمت و کرم ہے طبقات ترکیب کے نیچے وہ محجوب ہے۔ اور اُس کا کلام محجوب نہیں ہے۔ کیونکہ ان پر امدادی ترکیب یہ اختیار مجاہدات ذرک آرام حاصل ہوتی ہے۔ جو عقل کا رزق ہے۔ اور جب اللہ تعالےٰ نے ارواح کو حیات دی اور سرام سے اُن کو قائم کیا امر شل نظر ہے۔ اشباح وغیرہ کے لیے جو عوالم ارواح سے مثل اشباح کے۔ اور حیات ارواح کے لیے ہڈی کی طرح ہے۔ یہ بھی عوالم امر ہے۔ اور یہی کلام الٰہ امر کی حیثیت رکھتا ہے۔ جو قرآن میں مذکورہ ہے۔ اور قرآن کریم اس دنیا سے عقبیٰ تک قائم

رہنے والا ہے۔ اور یہی امر کی کیفیت ہے۔ جو ہر نفس اور ہر زمانہ میں موجود ہے۔ اور یہ دوسرا رزق ہوا۔ تیسرا رزق نفوس کا ہے۔ جو عالم شہادت میں اُس راز کا نعرف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے وقائق عالم اور موجودات میں اسرار رکھے ہیں۔ دراصل نفس ہی علوی اور سفلی صورتوں کی آئینہ داری کرتا ہے۔ اور ہر صورت ایک حقیقت ظاہر کرتی ہے۔ جو اُس کی غذا ہے۔ چوتھا رزق قلوب کا ہے اس طرح سے کہ قلب محل تعریف ہے۔ مع قیامت حروف ترکیب معانی کے جو نفس و روح سے عقلاً صادر ہوتے ہیں تاکہ پاکیزگی۔ اور انوار حروف ظاہر ہوں اور نور ایمان میں اضافہ ہو۔

ارشاد ہے۔ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ رزق باطنی ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ جو حقیقت ربانی سے متصل ہے ظاہر کا رزق محدود ہے۔ جس کا انجام فنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں اسماء جمع کرکے علویات اور سفلیات کے رزق کے متعلق کہا ہے۔ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ آسمانی رزق اہل باطن اور ارواح ملکوت کے لیے۔ اور زمینی رزق دنیاوی کے لیے ہے۔ اہل قرب اور بزرگ اشخاص جنہوں نے آسمان و زمین والوں کے رزق سے ترقی کی ہے۔ وہ اہل قرب اور خاص برگزیدہ اشخاص ہیں۔ اُن کو بے گمان رزق ملتا ہے۔ جہاں اِن کو خیال بھی نہیں ہوتا ہے۔ رزقِ باطن کی حقیقت کا یہی لوگ ادراک کرسکتے ہیں۔ کیونکہ اس رزق مطالب میں وسائط گم ہو جاتے ہیں۔ اللہ کا ارشاد ہے فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ "اللہ ہی کے پاس رزق تلاش کرو۔"

جس شخص کا قیام، مقدمات اسماء و افعال میں ہو۔ اس کا رزق ملکوتی ہوتا ہے۔ اور جس کا قیام اسمائے معانی ذات سے ہوتا ہے۔ اس کی روزی بغیر واسطہ اللہ سے ملتی ہے۔ اسی جانب حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اشارہ ہے۔ اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ۔ آپ کے اس ارشاد سے وسائط کرنا مراد ہے۔"

تمام مخلوق کا رزق مقدر ہے

اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کا رزق اس کی مقدار آسمان و زمین کی پیدائش سے دو ہزار سال قبل پیدا کی پھر ہوا نے اس رزق کو عام میں یہ حکم الٰہی بکھیر دیا۔ جس سے کہیں ڈھیریاں لگ گئیں کہیں صرف تھوڑا سا گرا بعض کو اچھا پکھتا اور بعض کو نیالا۔

وہب بن مالک سے ایک شخص نے پوچھا آپ کہاں سے کھاتے ہیں۔ آپ نے منہ کی جانب اشارہ کیا اس نے کہا یہ تو ہر شخص جانتا ہے۔ تو آپ نے جواباً کہا۔ جس نے چکی پیدا کی وہی اس کے لیے آٹا بھی بھیجتا ہے۔ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ یعنی اللہ ہی کے لیے ہیں۔ خزانے زمین و آسمان کے۔"

اسم رزاق کے عامل کو ضروری ہے۔ کہ توحید اور توجہ الی اللہ میں خوب مشغول ہے۔ اور یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا رزق تقسیم کر دیا ہے۔ اس کا ذکر تنہائی میں اس کے عدد ضرب کردہ کے سات کرنا چاہیئے۔ ذکر کے بعد یہ کلمات کہنا چاہیئے۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ یَا رَزَّاقُ یہ عمل ظاہر کرے اور پوشیدہ مراقبہ میں مشغول رہے۔ اس کے مؤکل نام کا جبرائیل۔ جس کے نیچے بہت سے افسران ہیں۔

رزق میں آسانی اور ہر ارادہ پورا ہونے کا عمل

اسم فاتح بھی اس اسم رزاق کے ساتھ پڑھے پڑھنے والے کا رزق اللہ تعالیٰ بالکل آسان بنا دیتا ہے۔ اور ہر بند دروازہ اس کے لیے مفتوح ہے۔ چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھنے والے کا ہر ارادہ پورا ہوگا اگر مکان یا دوکان میں رکھیں تو برکت اور فائدہ ہو اور خرید و فروخت خوب ہو یہ اسم جس شخص کے نام کے اعداد کے موافق ہو اور وہ اس وظیفہ پڑھے تو یہ اس کے حق میں اسم اعظم ہے۔ مگر یہ امر عظیم ریاضت اکل حلال

ق	زا	ر	ال
۱۹۹	۳۲	۹۹	۹
۳۳	۱۰۲	۶	۹۸
۷	۹۷	۳۴	۲۰۱

اور شبہ ناک چیز سے پرہیز کرنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ نقش اسم رزاق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْكَفِيْلُ الرَّزَّاقُ عَلَى الْاِطْلَاقِ الْمُوْصِلُ الرِّزْقَ لِكُلِّ اَحَدٍ مِّنَ الْمَخْلُوْقَاتِ سُبْحَانَكَ رَزَّاقُ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بِالْاَرْزَاقِ وَاَمْدَدْتَهُمْ بِلَطَائِفِ الرُّوْحَانِيَّاتِ وَرَزَّاقُ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَّاقُ النَّوَامِيْسِ الْجُسْمَانِيَّةِ وَرَازِقُ الْجَنِيْنِ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ مِنَ الْغِذَاءِ اللَّطِيْفِ وَالْاَشْرِبَةِ الدَّقِيْقَةِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُدِرَّ عَلَى الْاَرْزَاقِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاقِ وَتَشْرَحَ صَدْرِيْ وَتُمِدَّنِيْ بِاَنْ تَكْشِفَهٗ عَلٰى لَطَائِفِ الرِّزْقِ فِيْهٖ وَاَنْ تَجْعَلَهَا لِيْ قُوَّةً مِّنْ كَرَمِكَ يَا كَرِيْمُ وَامْنَحْ قَلْبِيْ بِلَطَائِفِ الْمَعَارِفِ وَاجْعَلْهَا فِيْ رِزْقِيْ وَاَمِدَّنِيْ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ يَا رَزَّاقُ وَاَنْ تُمِدَّنِيْ بِهَا وَتُحْيِيَ قَلْبِيْ اِلَى الْاَبَدِ يَا اَللّٰهُ يَا رَزَّاقُ کوئی شخص اس دعا کو نہیں پڑھتا ہے۔ مگر کہ اللہ تعالیٰ اس پر رزق کشادہ کرتا ہے۔

اسم فتاح کے اعمال وخواص

فتاح وہی ذات یکتا ہے۔ جو حقیقی اور فیض کے دروازے کھولتا ہے۔ سب کو فتح عطا کرتا ہے۔ فتح کی دو قسم ہیں۔ ایک علم کی اور دوسری ہر گہری اور باریک چیز کی فتح فتاح ہی اپنے اولیاء کی آنکھوں سے ملکوت کے پردے دور کرتا ہے اور رحمت کے باب مفتوح کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرمؐ سے فرمایا ہے۔

اس فتح میں انسانی ذمہ داری ہے۔ اتنا صبر کرے کہ الہیات کی مشکلات اور لطائف ملکوت علویات اس پر مفتوح ہوجائیں اور اللہ وہ باتیں سمجھا دے۔ جو اور لوگ نہیں سمجھ پاتے۔ علم لدنی مضامین رسالت اور اسرار کتابت سب کے سب اس پر واضح ہوجائیں۔

اس اسم کے عامل کو چاہیئے کہ نفس کا محاسبہ کرتا رہے۔ اور اخلاص کے اسرار حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ اسم فتاح کے خواص عجائبات کا انکشاف حصول حاجات فتاح کے معنی بیان اسم وہاب میں گزر چکے۔ اگر چلّہ کرنا چاہو تو حتی الامکان روزہ ریاضت اور تلاوت سے شب زندہ دار بنو لمحہ بھر میں دروازہ رحمت مفتوح ہوجاتے ہیں اس اسم کی خصوصیت یہ ہے۔ کہ جمعہ کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھے اور پڑھنے سے عجائب کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ اس کا موکل تخیائیل ذاکر کے پاس آکر تمام ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْفَتَّاحُ عَلَى الْعِبَادِ بِمَا تَشَاءُ مِنْ مَعَالِيْقِ الْمَسَالِكِ الْفَتَّاحِ النَّاصِرِ مِنْ شَرِّ بَيْنِ الْمَهَالِكِ الْقَاضِيْ بَيْنَ الْعِبَادِ بِدَقَائِقِ الْحِكْمَةِ فِي الْعَالَمِ الْعُلْوِيِّ وَالْمَمَالِكِ تَحْكُمُ بِمَا تَشَاءُ وَتَخْتَارُ فِيْ خَلْقِكَ اَسْئَلُكَ بِسِرِّكَ السَّارِيْ فِيْ سُبُحَاتِ عَالَمِ الْمَلَكُوْتِ الْمُنَزَّلِ فِيْ خَفَايَا سِرِّ اِلٰى اَنْ تَصِلَ اِلَى الْبَهْمُوْتِ الرَّاجِعِ فِيْ سُتُوْدِهٖ فِيْ قَضَايَا عَالَمِ الْجَبَرُوْتِ وَاَنْ تَفْتَحَ فِيْ قَلْبِيْ بِالشُّهُوْدِ هٰذِهِ الْاَسْرَارِ وَتُحَقِّقَهٗ بِحَقَائِقِ الْاَنْوَارِ وَاجْعَلْنِيْ اَهْلًا لِلْوُصْلَةِ بِسِرِّ حَيَاةِ ذَاتِكَ الْمُنْعِمِ بِجَلِيْلِ اَسْرَارِ صِفَاتِكَ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْنِيْ بِنَصْرِكَ الْعَزِيْزِ الْمَانِعِ عَلٰى كُلِّ مُعَانِدٍ وَّمُنَازِعٍ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ عَبْدَكَ تَخْيَائِيْلُ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

★

اسم علیم کے خواص واعمال

علم وہ ذات مطلق جس نے اپنی صفت کمال سے ظاہر وباطن اور اول وآخر ہر چیز کا کامل نے احاطہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علم کا احصاء نہیں ہو سکتا مخلوق کا علم محدود ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جس کے لیے مقدر کیا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے ملکوت انوار کو پیدا کر کے اِن چیزوں کو پیدا کیا۔ جن کو اپنے اسماء سے مستفیہ کیا ہے۔ جو ملکوت میں قائم اور ایک دوسرے اسم کے مقابل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو عرش کے نور سے پیدا کیا اور عرش کو اسماء ذات کے اسرار سے پیدا کیا ہے۔ اور ملائکہ حروف کو انوارِ کرسی سے پیدا کیا۔ جو اسمائے صفات قائم اور عوالم کرسی میں ثابت ہیں۔ اور عالم شہادت کے فرشتوں کو لوح سے پیدا کیا جو اسمائے افعال سے ثابت ہیں۔ ملائکہ ملک تعریف سے ملائکہ جبروت، تدبیر سے ملائکہ، ملکوت، تدبیر اجازت سے ثابت قائم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جب چاہا کہ عالموں کا اختلاف مختلف علوم کے ذریعہ ظاہر کرے تاکہ اس کا علم وحکمت، قدرت اُس کے ارادہ سے ظاہر ہو تو حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کر کے معانی اس کے جسم میں رکھے۔ اور اس کے عضو میں ایک اسم مقرر کیا اور تمام اسماء آدمؑ کو بتائے جب کہ فرمایا ہے۔ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ اور اُن کی بیوی حوا کو ان کی بائیں پسلی سے پیدا کیا اور اپنے انوار علوی سے مدد دی اور اُن کو زمین پر خلیفہ بنا کر اسمائے صفات، اسمائے افعال کی ان پر تجلی کی جس وہ مکمل ہوئے ارشاد ہے۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ پھر عقل اِن کو مرحمت فرمائی اور اعتقاد دے کر انسان بنایا۔ عالم ابدی یعنی عرش رحمانی سے رزق مقادیر اتصال تدابیر واضح ہے۔ اللہ کی طرف جانے کے بہت راستے ہیں اور ارواح لطیف مصیبت ونعمت کو محسوس کرتی ہیں۔

سعادت علویات کا مجموعہ آیات کتابیہ اور کلمات الٰہی یعنی آیۃ الملک اور سرّ اعلیٰ کی حقیقت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یقیناً اس آیت میں شہود وادوار، اختلاف ادوار اور تعاقب حرکاتِ فلک کو طوالع اسمائیہ میں ودیعت کیا ہے۔ اور از روئے شعاع فلک وجودی کو حرکت دے رہا ہے۔ جس سے اس عارف انسان کا قیام ہے۔ اور درجات فلک کے مقابل اشیاء سے انسان کو کمالاتِ الٰہی ونورانی سے قیام دیا ہے۔ اس کا دائیں صراط مستقیم اور بائیں کو جحیم کے نیچے رکھا ہے۔ کیونکہ یہ کمالات انسان میں ہیں۔ اور یہ علوم آفتاب آسمانِ معرفت کے میں ودیعت کے ہیں۔ اور علویات کو اس پر جاری کیا۔ کیونکہ وجود کا ہر ذرہ اُس ایک دقیقہ کو شامل ہے۔ جو علویات میں سے ایک عالم پر حاوی ہے۔ اس کا کل اسماء ۹۹ ہیں جس کا ہر اسم اپنے مسمّیٰ کے مقابل اُس کی استعداد اور قابلیت کے سبب مظہر ہیں۔ ان اسماء کو اس صورتِ انسانی میں جسم دیا گیا جبکہ اصول اشیاء کا عارف ہو گیا اور صراط مستقیم پر ان چیزوں کو پہچان لیا۔ جو اس میں ہیں تو اصحاب یمین سے مشرف ہوا۔ اور جس نے اختیار وہ اہل شمال سے ہوا۔ اور مردوں میں جا ملا۔

سات آسمان وزمین اور دوسری سات سات مخلوقات الٰہی

خدا تعالیٰ نے سات آسمان اور سات زمین سات خلفاء سات شیاطین سات سیارے، سات مقرب فرشتے سات اسمائے ذات وصفات وافعال اور سات جنتیں پیدا کی ہیں۔

عارف بھی سات ہیں۔ جن سے ساتوں سفلیات گردش میں ہیں۔ جن پر انوار علویات ہوتی ہے۔ ہر ایک دوسرے کے عرش کی مدد کرتا

ہے۔ سوائے غوث کے جو عرش مطلق سے مدد لے کر دوسروں کو فیض پہنچاتا ہے۔ اسی سبب سے خلفاء اور غوث مدد لیتے اور سر کو مدد پہنچاتے ہیں۔ اور ان سب کو کرسی کا فیض ہے۔ جو انسان کی صورت میں اسماء اور صفات ہیں۔

حضور اکرم نے فرمایا ہے۔ جنت ماں کے پاؤں تلے ہے۔ اور ماں ہی اپنی اولاد کی معلم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی معلومات اپنی مخلوق کے سپرد کی ہیں۔ اور اپنے مقربین کو ان سے مطلع فرمایا ہے اور آدم کو تمام اسماء تعلیم کیے اور امداد کلی کے بعد اُن پر حروف نازل کیے۔ اور ان حروف سے اسماء کی ترکیب دی ہے اُن حروف میں سے ہر ایک حروف میں نو ہزار آٹھ سو انتیس علوم ہیں۔ اور ہر علم میں ۲۸ علم ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ نے یہ سب آدم کو سکھائے۔ اور ان کے خلفاء اور اولوالعزم کی عنایت فرمائے۔ اور اہل ولایت پیدا کیے جو افراد ہیں۔ ولی کا معمولی درجہ کہ عرش سے لے کر فرش تک سب کچھ اس پر منکشف ہے۔ جنت و دوزخ اور لوح محفوظ سب اس کے سامنے پلک جھپکائے شاہی مع ماہیت موجود ہوتے ہیں۔

زمین پر سات خلفاء اقلیموں کا راز

زمین پر سات خلفاء اقلیموں کا راز اللہ تعالیٰ نے سات خلفاء کو ساتوں اقلیموں میں مقرر کیا ہے۔ جو عالم سفلی ہیں۔ باہمی امداد کرتے ہیں۔ مگر غوث عرش مطلق ہے۔ نسبتی مدد لیتا ہے۔ جس کا فیض علوی ہے۔ اور یہی صاحب توقیع شمالی ہے اسی باعث دنیاوی امداد اس کا کام ہے۔ واضح باد غوث چار اشخاص مدد دیتے ہیں۔ اور یہ چار سات کو اور یہ چالیس کو۔ اور یہ چالیس ستر کو اور ستر تین سو ساٹھ کو ہر آن اللہ کی مدد پہنچاتے ہیں۔

چند اعداد کی خصوصیتیں

۴ کے عدد سے طبائع مراد ہیں۔ سات سے قلب چالیس سے تختگی کے چالیس سال ستر سے انتہائے عمر اور تین سو ساٹھ سے جوار جسم مراد ہیں۔

مخلوق کے نیری اطوار میں سے پہلا طور نطفہ ہے۔ دوسرا ترکیب ہے۔ تیسرا النشاۃ برزخیہ ہے۔ جس پر ہر انسان گزرتا ہے۔ چوتھا انسان کامل ہے۔ پانچواں تسویت۔ چھٹا نفخ۔ ساتواں خطاب۔ آٹھواں یہ کہ اِن مراتب میں سے ہر مرتبہ میں چھ انوار پوشیدہ ہیں سر خطاب انوار کلام سے جاری ہوا تو پس حکم عالی اس نے سمجھ کر نفخ پر انوار حیات کا فیض جاری کیا۔ اور خطاب اوّل سے لذت گی پہلا مرتبہ حیات ہے۔ جب کہ اُس نے اپنے اسم سے کلی لے کر اپنے بندہ پر امداد ارادہ جاری کیا اسی لیے انسان نے اس کو نوع تکلیفات وکشف۔ معدودات معلوم واختلاف کو سمجھے دنیا و آخرت میں جمع اور منتشر ہونے کے راز اور دونوں برزخوں میں حشر کے راز سے خاص کیا ہے۔ جب وہ قلب انسانی پر اللہ تعالیٰ

اپنا فیضان کرتا ہے۔ تو عمل کشف اور راز قبول، عارف پر ہویدا ہوتے ہیں۔ وہ انوار کلام اول۔ اور اسی سے قَابَ قَوسَینِ اَوْ اَدنٰی ہے۔ اور اُسی کے ساتھ وحی حق ہے۔ وسائط کا حضور سے ساقط ہونا فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰی ہے۔ حیات کی اصل چار ہیں اور چار کی سات اصل ہیں۔ اور جملہ اسماء خلیفہ کے باعث ثابت و قائم ہیں۔ نشر کے متعلق حضور اکرم ؐ نے فرمایا ہے۔ میری امت کی عمریں ساٹھ اور ستر کے درمیان ہونگی۔

اس اسم کا طریقہ ذکر ہے۔ کہ اس کے عدد ضرب کردہ یعنی ۱۵۰×۱۵۰ میں ضرب دے کر اس کے مطابق دن رات پڑھیں اگر لکھ کر گھول کر ذہن کو پلائیں تو اسے علم نصیب ہو اگر سونے یا چاندی کی تختی پر لکھ کر کسے عامل کے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ تمام خلائق میں اس عزت کرائے۔ نقش یہ ہے ۔

ال	مل	ی	م
۱۱	۲۹	۳۲	۱۹
۳۸	۸	۱۹۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۳۷	۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ الْعَلِیْمُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَعَالِمُ دَقَائِقِ الْاَسْرَارِ وَالْخَفِیَّاتِ الْمُحْصِیْ بِکُلِّ ذَرَّۃٍ تَفْصِیْلِ الْمُؤْتَلِفَاتِ بِمَا قَدَّرْتَ وَرَتَّبْتَ فِی الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ اَسْئَلُكَ بِاِحَاطَۃِ عِلْمِكَ وَتَفْصِیْلِ شَکْلِ قَدَمِكَ وَنُفُوْذِ قُدْرَتِكَ وَبِخِطَابِكَ بِاَنْوَارِ اَرْبَابِ حِکْمَتِكَ اَنْ تَخْرِقَ فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَكَ الْحِجَابَ لِاَطَّلِعَ عَلٰی مَا تَحْتَ ذَرَّۃٍ مِّنْ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ فَابْتَهِجَ بِسِرِّ الْقِدَمِ وَتَزُوْلَ عَنِّی الْعَدَمِ یَا اَللّٰهُ یَا حَکِیْمُ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ قُوَّتِكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَبْدَكَ عَیْنَائِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِقَضٰی حَاجَتِیْ وَیَکُوْنَ عَوْنًا لِّیْ فِیْمَا اُرِیْدُ یَا اَللّٰهُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ ۔

جو شخص یہ ذکر جمعہ کے دن طلوع آفتاب سے نماز جمعہ تک مسلسل پڑھے اور نقش کے اطراف مؤکل کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ درست کرتا اور درجات عالیہ عطا کرتا ہے۔

اسم قابض کے اعمال وخواص

قابض وہ خدا ہے۔ جو ارواح کو اجسام سے قبض کرتا اور نفخہ دوم کے دن ان کو پھر جسم میں داخل کرے گا اور وہی ہر چیز کا موجد و خالق ہے۔ اس کی وحدانیت بلا مثال اشیاء کی موجد ہے۔ تمام اشیاء اُسی نے ظاہر کی اور اسی کی طرف واپس ہوں گی عود اور ابداء اسی کی جانب سے ہے۔ اول و آخر اور ظاہر و باطن اسی کے نام ہیں۔ وہی فعل فاعل مفعول اور وہی قابل و مقبل ہے۔ اور وہی سب ناموں والا ہے۔ واحد اللہ تعالیٰ ہے۔ اللہ کا ارشاد ہے۔ هُوَ الَّذِیْ یَبْدَاُ الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ اور فرماتا ہے۔ کَمَا بَدَاَکُمْ تَعُوْدُوْنَ ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عمران بن حصین نے ابتداء آسمان و زمین کا سوال کیا۔ تو آپ نے فرمایا اس وقت اللہ تھا۔ اور کچھ نہ تھا۔ وہی سب سے اول ہے۔ اور آخر ہے۔ اس سے پہلے اور آخر میں کوئی نہیں ہے۔ اللہ نے سب سے پہلے پیدا کیا ہے۔ پھر لوح پیدا کر کے قلم

سے فرمایا لکھ قلم نے عرض کیا لکھوں؟ فرمایا قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے۔ سب لکھ تب اس نے لکھا پھر عرش پیدا کیا۔ بعد میں ذوات موجودات کو حاضر کر کے علم سے ان کا احاطہ اور گنتی شمار کیا۔ پھر مشیّت تدبیر حکمت سے فطرت پر پیدا کیا۔ پھر عقلوں کو توحید سے مالا مال کیا۔ پھر ارواح کو نشاۃ احکام دیئے۔ پھر سینوں کو ارواح کے مرکز اور حیات کا مستقر بنایا۔ پھر ملکوتِ اعلیٰ سے اور حروف کو انوار صفات سے مزین کر کے لوح محفوظ میں رکھا۔ جس میں ذکر الٰہی تحریر ہے۔ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ۔

پھر عالم ملکوت پیدا کر کے متعدد عالموں کے اسماء اور ارتقاء کے درجات مرتب کیے اور اپنے حکم سے کائنات ظاہر فرمائی۔

امرالٰہی سے تمام عالم قائم ہیں۔ اس امر سے اور امر پیدا ہوئے۔ پہلا امر ایجاد اول سے اخذ مواثیق کے دن دونوں قبضوں اور ارواح اور سب عقول پر ہوا یہ امر میثاق کے دن تھا۔ دوسرے امر سے عرش قائم ہوا تاکہ تمام اہل اسلام وزمین کو استقلال حاصل ہو۔ تیسرے کرسی قائم ہوئی ہے۔ جو تمام موجودات کائنات کی صورتوں کی حامل ہے۔ چوتھا امر حکم امر قائم ہے تاکہ ظہور کے لیے راز تعریف اکوان کے واسطے جاری کرے۔ جو کہ اس میں ودیعت کے ہیں۔ پانچویں امر سے ظہور کے لیے روح قائم ہے۔ چھٹے امر سے اہل اسماء کی عقل ہے۔ ساتویں سے صورتیں قائم ہیں۔ آٹھویں امر سے آسمان وزمین قائم ہیں نویں امر سے ایجاد کے اعلام قائم ہیں۔ دسویں امر سے نفخ صور اور محشر کا قیام ہے۔ گیارھویں امر سے اہل جنت، دوزخ میں تعریف ہے بارھواں امر سے خلود ہے۔ جہاں مسلمان فرحت ومسرور رہیں گے۔

اس اسم کے ذاکر دل میں حکمت کی نہریں بہتی۔ اور کشف حاصل ہوتا ہے۔ مگر یہ شرط ہے کہ دل کو خطرات سے صاف کر کے سحر کے وقت خاص طور سے دعا میں مشغول رہے اور عدد ضرب کردہ کے موافق ذکر کرے۔ اس کا مؤکل شراطیل ہے۔ جو عوامل عزرائیل میں سے ہے۔

پیدائش آدم کے اسرار

اللہ تعالیٰ نے آدم کو پیدا کرنے کا ارادہ کر کے جبرائیل کو حکم دیا۔ زمین سے مٹھی بھر لے آئیں۔ جبرائیل زمین پر آئے مٹی لینا چاہی۔ زمین نے قسم دے کر منع کر دیا۔ جبرائیل لوٹ گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسرافیل کو روانہ کیا ان کو بھی زمین نے قسم دے کر لوٹا دیا۔ اسی طرح میکائیل بھی لوٹ گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے عزرائیل کو روانہ کیا۔ عزرائیل زمین پر آئے زمین نے ان کو بھی قسم دی۔ انہوں نے اپنی قوت سے کہا مجھے اس نے بھیجا ہے۔ جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ میں تیری نہ مانوں گا۔ بلکہ اُس کے حکم کی تعمیل کروں گا۔ چنانچہ زمین سے مٹھی بھر آسمان لے گئے (وہ اسم قابض کی تسبیح پڑھتے تھے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم لے آئے آئندہ تم ہی ارواح بھی قبض کرو گے۔ اس وقت سے عزرائیل قبض ارواح پر متعین ہیں۔ جب اسم قابض پڑھ کر مؤکل کو دھمکاؤ گے۔ وہ فوراً عاجزی سے حاضر خدمت اور قوت دے گا۔ اس کے ماتحت چار سردار ہیں۔ اور ہر سردار کے تحت بیت سے لشکر ہیں۔ جو شخص کسی ظالم کے لیے۔ اسم قابض پڑھے تو وہ ظالم ہلاک ہو۔ جب نقش قابض انگوٹھی پر کندہ کرا کے اسم قابض کو تعداد کے موافق پڑھ کر نقش پر دم کر کے اُس کے گردیہ ذکر پڑھ کر اپنے پاس رکھے ساری مخلوق کی زبان اس برائی سے بند ہو جائیں اور مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔ نقش یہ ہے۔

ال	ق	۲ب	ض
۴	۷۹۹	۳۲	۹۹
۷۰۸	۱	۱۰۳	۳۳
۱۰۱	۳۴	۷۹۱	۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ قَابِضُ السَّمٰوٰتِ وَبَاسِطُ الْاَرْضِیْنَ وَالْجِسْمِ بِھَیْبَتِکَ وَعَظْمَتِکَ وَتَدْبِیْرِکَ قُدْرَۃُ الْاَشْیَاءِ بِقُوَّۃِ مُرَادِ الْاَخْیَارِ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ قَبَضَ وَبَسَطَ الْاَخْیَارِ وَاَمَدَّ النُّوْرَ الْمُحَقِّقِ بِالْحَیٰوۃِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ الْمُظْھِرُ بِقُوَّۃِ التَّدْبِیْرِ خَفَا التَّدْبِیْرِ فِیْ بَسْطِ الْحَرَکَاتِ وَقَبْضِ السَّکَنَاتِ وَسَائِرِ الْمَوْجُوْدَاتِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَقْبِضَ قَلْبِیْ وَجَوَارِحِیْ بِمَا یُبْعِدُنِیْ عَنِ الْمَعَاصِیْ وَاَنْ لَا یَحْجُبَنِیْ عَنْ نُوْرِ حَیَاتِیْ وَاَخْلَاصِیْ وَاقْبِضْ عَنِّیْ شَرَّ کُلِّ مُعَانِدٍ وَمُتَکَبِّرٍ وَضَرَرَ کُلِّ حَاسِدٍ مُتَجَبِّرٍ وَاجْعَلْ قَبْضِیْ عِنْدَ دَنَائِیْ مَسْرُوْرًا لَا مَفْتُوْنًا وَلَا مَحْجُوْبًا اَللّٰھُمَّ ابْسُطْ رِزْقِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَمَا قَدَّرْتَہٗ فِیْ اَبَدِ الْاَبَدِ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ وَالْبَسْطِ یَا بَاسِطُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَبَارِکْ لِیْ بِاِمْتِنَانِکَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ النَّشَائَتَیْنِ وَسِرِّ الْقَبْضَتَیْنِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ عَبْدَکَ قَبْضِیَائِیْلَ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْقَابِضِ وَبِحَقِّ الْمَلٰئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَاَنْ تُنَوِّرَ فِیْ وَاَلْبِسْنِیْ نُوْرًا مِّنْ اَنْوَارِ ھٰذَا الْاِسْمِ یَا اَللّٰہُ یَا قَابِضُ۔

اسم باسط کے اعمال وخواص

اسم باسط ارواح کو اشباح میں رجعت کرتا ہے۔ جو ذات پاک پروردگار ہے۔ اس کا ظاہر ظہور یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ سکون سے قبض کراتا۔ اور حرکت سے بسط کراتا ہے۔ اسی کو قبض عموم کہا جاتا ہے۔ ایجاد اول میں جس کے معنی یہ ہیں۔ جس دن اہل شمال یعنی کافروں کے دلوں کو اس نے حقائقِ ایمان کے حاصل کرنے سے قبض کر لیے۔ اور اصحاب یمین کے دل انوار ایمان و اسلام کے حصول کے لیے کھول دیئے۔ اور جمادات کو جاوید رہنے سے روکا اور رات کو زیادہ بڑھنے سے روکا۔ اور دن کو ظہور حرکات کے لیے کھولا۔ اور باطن کو عالم امر دہبیت میں روکا۔ اور خلق پر رحمت کے دروازے کھول دیئے۔ تقرب الٰہی حاصل کرنے کے لیے شہوتوں سے اپنے نفس کو، جسم کو حرام؛ زبان کو کلام سے نظر کو محرکات اور کان کو غیبت سے، ہاتھ کو حرام اور دل کو گناہوں سے عقل کو خواہش سے روح کو کرامات دکھانے سے سر کو کشف اسرار الٰہی سے باز رکھ کر اسم باسط کا ذکر کرو گے تو اللہ تعالیٰ باب انوار تم پر کھول دے گا۔ اور تمہارے حواس خمسہ نور فراست سے معمور ہوں گے۔ اور حقائق ملکوت معلوم ہوں گے۔ اور حقائق علویات وسفلیات کا تم مشاہدہ کرو گے۔ اور تمہیں تصرف بھی نصیب ہو گا۔ ہر نماز کے بعد اسم باسط ۷۲ بار پڑھ کر اس کا ذکر جاری رکھو۔ مؤکل آئے گا۔ اُس کا نام بسطائیل ہے۔ جو نفوس کے بسط پر متعین ہے۔ ذاکر اسے خواب اور بیداری میں بھی دیکھے گا۔

بیماریاں دور ہونے اور رزق کی وسعت اور حل مشکلات

اس ذاکر کو بہت سی خوبیاں نصیب ہوں گی۔ جس شخص پر سودا کا غلبہ ہو سات روز یہ نقش لکھ کر پلائیں تو مفید ہو گا۔ اگر چاندی کی تختی پر اس کو کندہ کر کے اس کے گرد مؤکل کا نام لکھا جائے۔ اور لوح کو اپنے پاس رکھیں تو عافیت رہے۔ جس شخص کا نام اسم باسط کے عدد موافق ہو وہ اس مربع کو انگوٹھی پر نقش کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور اسم کے ذکر پر مداومت کرے تو لوگوں میں باعزت ہو۔ اور اس کے دل کو کبھی گھٹن نہ ہو گی۔ اگر اسم باسط کے ساتھ اسم وُدود کا بھی ذکر کیا جائے تو اللہ تعالیٰ رزق کی کشادگی اور محبت عنایت کرتا ہے اسکے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں۔

نقش اسم باسط یہ ہے۔

ال	با	س	ط
۶	۸	۳۲	۲
۷	۵۸	۵	۳۲
۴	۲۴	۶	۵۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا بَاسِطَ الْاَرْضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ قَدَّرْتَ الْاَشْيَاءَ وَبَسَطْتَهَا بِحِكْمَتِكَ ثُبُوْتُ الْاَمْرِ وَحِفْظُ الْقَلْبِ وَبَسْطُهٗ وَكَشْفُ الْاُمُوْرِ الْغَيْبِيَّةِ وَالثَّبَاتُ عَلٰى كَشْفِ اللَّطَائِفِ الْغَيْبِيَّةِ وَالْاُمُوْرِ الْعَطَائِيَّةِ وَاَمِدَّنِيْ بِرَقِيْقَةٍ مِنْ رَقَائِقِ اُنْسِكَ لِيُخَاطِبَنِيْ كُلُّ ذَرَّةٍ مِنْ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ بِالْبَسْطِ يَا بَاسِطُ يَا اَللّٰهُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ يَكُوْنُ عَوْنًا عَلٰى اُمُوْرِيْ يَا حَافِظُ يَا بَاسِطُ يَا وَدُوْدُ ۔

اسم الخافض الرّافع

خافض وہ ذات ہے۔ جو کافروں سے انتقام لے کر سرنگون کرتی ہے۔ اور مسلمانوں کو سعادت سے سرفراز کرتی۔ اور قرب سے اولیاؔ کے درجات بلند کرتی ہے۔ دشمنوں کو دور کر کے انہیں ذلیل کرتی ہے۔ مرتبہ کا پست و بلند کرنا اللہ تعالیٰ کے قبضہ و اختیار میں ہے۔ اللہ نے آسمانوں اور زمینوں کو ایک انداز سے پر بلند و پست کیا۔ جو شخص اپنا مشاہدہ کو محسوسات سے اور اپنی ہمت کو حیوانی خصائل سے پاک کرے گا۔ ایسے شخص پر اس اسم کے اسرار کا ایک انکشاف ہوتا ہے۔ اگر چلہ کرے تو خدا کر کو عزت اور قبولیت حاصل ہوگی۔ اس اسم کی خاصیت یہ بھی ہے۔ کہ جو کوئی اس کی ریاضت کے بعد کسی حاکم یا ظالم کے سامنے یہ اسم پڑھے تو اللہ اس حاکم کو ذلیل کرے۔ اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھ کر اپنے مقابل سے لڑے اُس پر غالب ہو اور جو کوئی ہر نماز کے بعد اعداد کے موافق اسے ذکر کرے کے مؤکل عید کیائیل کو طلب کرے تو مؤکل فوراً حاضر ہو کر حاجت پوری کرے گا۔

منزلات اور اسم اعظم کے بیشمار خواص

اسم الرافع کو جو کوئی اعداد کے مطابق پڑھے۔ خلق میں اس کی عزت دوبالا ہو۔ رفع اور خفض کے تنزلات منکشف ہوں۔ اس کا موکل کالمیائیل ہے۔ اسم الرافع میں اسم اعظم کے دو حروف ہیں دیگر اس کے سے خواص میں سے ایک خاصیت یہ بھی ہے۔ کہ انسان پر تنگی ہو تو اسم رافع کا نقش اپنے پاس رکھے۔ اور اسم ذکر کرتا رہے۔ تو رزق آسان ہوگا۔ اور دنیا میں عزت ہوگی۔ خلوت میں جب مؤکل کو طلب کرو تو وہ حاضر ہوگا۔ اس سے جو چاہو کام لو۔ نقش الرافع یہ ہے۔

ال	ر	ف	ع
۸۱	۱۹	۸۲	۳۰
۸	۷۸	۲۰۳	۳۲
۳۰۲	۳۴	۱۷	۷۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَافِضُ الرَّافِعُ فِيْ جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَبِمَا تَخْتَارُهٗ مِنْ غَامِضِ الْاِشَارَةِ وَالْاِرَادَتِ سُبْحَانَكَ تَخْفِضُ اَعْدَائَكَ مِنْ مَحَلِّ الْقُرْبِ بَعْدَ دَلَائِلِكَ وَتَرْفَعُ اَحْبَابَكَ اِلٰى دُجُوْدِ نَعْمَائِكَ يَنْفَعُهُمْ فِيْ جَمَالِ جِبَابِكَ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ فِيْ صُوْرَةِ جِمَائِكَ اَسْئَلُكَ بِسِرَّائِرِ خَفْضِ مُرَادِكَ فِيْ اَزَلِ الْمَغْفِرَضَاتِ وَرَفْعِ اَقْدَارِ سَرَائِرِكَ فِيْ عُلُوِّ الْمَرْفُوْعَاتِ وَالْجَامِعِ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ فِيْ خَفَايَا دَقَائِقِ الْمُغَيَّبَاتِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَخْفِضَ عَنِّي الْاِرَادَاتِ النَّفْسَانِيَّةِ وَالْخَوَاطِرِ الْهَوَائِيَّةِ وَالنَّفَاثَاتِ الشَّيْطَانِيَّةِ وَاَنْ تَرْفَعَ عَنْ قَلْبِيْ حُجُبَ الْكَثَافَاتِ الظُّلْمَانِيَّةِ وَالْحُجُبَ السَّمَاوِيَّةِ النُّوْرَانِيَّةِ

حَتّٰی تَشْرَقَ بِہٖ سَرَائِرُ قَلْبِیْ بِنُوْرِكَ الْمُنَزَّهِ فِیْ خَطَائِرِ قُدْسِكَ نُبْشَاهِدُ نَوَادِیْ مِنَ التَّحْقِیْقِ یَا اَللّٰهُ یَا خَافِضُ یَا رَافِعُ اَسْئَلُكَ یَا رَبِّ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ هٰذَیْنِ الْاِسْمَیْنِ الشَّرِیْفَیْنِ یَا اَللّٰهُ یَا خَافِضُ یَا رَافِعُ

اسم المعز المذل کے اعمال وعجیب خواص

جس شخص نے اپنے قلب سے حجاب دور کر کیا اس کو قناعت ملی۔ اور حضوری کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور مخلوق سے مستغنی ہو جاتا ہے۔ رسول اکرم کے اس فرمان سے مزین ہوتا ہے: مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ۔

جس نے اپنے نفس کو پہچانا۔ اُس نے اپنے رب کو پہچانا۔ اللہ ایسے کو ملک عنایت کرتا۔ اور اس سے کھلتا ہے۔ اے نفس مطمئنہ اپنے نفس کی طرف چل۔ میں تم سے راضی اور تم ہم سے راضی رہو۔ جو کوئی بوقت ضرورت مخلوق کے سامنے اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر حرص کو مسلط کر دیتا ہے۔ یہاں تک کہ یہ شخص قناعت نہیں کرتا۔ کافر کو استدراج حاصل ہوتا۔ اور اُس کا نفس متغیر ہو جاتا ہے۔ اور جہل کی ظلمت میں گر پڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کاریگری ہے۔ جیسا چاہتا ہے۔ او بگڑوانا ہے" اس کی قرب رضا مسلمانوں کے لیے عزت ہے۔ اس کے رحمت کے دروازے سے دھکے اور دوری کافروں کے لیے ذلت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے علماء کو معارف کی شہدا اور کو بلند درجات کی عزتوں سے سرفراز کیا اور مشرکوں کو اپنی نعمتوں سے دور کر کے ذلیل وخوار کیا ہے۔

اسم معز کی یہ بھی خاصیت ہے۔ کہ جمعہ کے دن اس کا نقش اور مؤکل کا نام چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے ظالم کے درد کرے تو اللہ تعالیٰ ذاکر کی قدر بلند کرتا ہے۔ اور دشمن کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ اس کی تلاوت تنہائی میں اس کے اعداد کے موافق کرنا چاہیئے۔ اس کے مؤکل کا نام رطیائیل ہے۔

اسم مذل کا مؤکل خرطیائیل ہے۔ خلوت میں المذل اعداد کے مطابق پڑھو مؤکل حاضر ہو۔ جو کچھ منظور ہو۔ اُس سے کام لو۔ اس مربع کو لکھ کر دھونی دے کر اپنے

ظاہر ظاہر کے شر سے حفاظت حاکم مطیع ہوتا ہے

پاس رکھنے والا اس اسم کا ذاکر جس کو دیکھے گا وہ مطیع ہو جائے گا۔ اگر حاکم اس عمل کو کرے تو بڑے بڑے سرکش اس کی فرمانبرداری کریں۔ جو کوئی نقش اپنے پاس رکھے۔ اور دعا پڑھے تو اس کی ہر مہم آسان ہو جاتی ہے۔ اور دشمن ذلیل وخوار اور ظالم برباد ہو جاتا ہے۔ دعوت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُعِزُّ الَّذِیْ لَا یُشَابِہُ عِزُّكَ عِزَّةَ كُلِّ عَزِیْزٍ وَّعَظِیْمٍ وَلَا یَصِلُ اِلٰی كِبْرِیَائِكَ عَنِ الْمُلُوْكِ وَالْاَمْلَاكِ فِیْ جَمِیْعِ خَلْقِكَ اَنْتَ الْمُعِزُّ بِحُسْنِ الطَّاعَةِ لِاَوْلِیَائِكَ وَالْمُذِلُّ بِخُذْلَانِ الْمَعَاصِیْ لِقُلُوْبِ اَعْدَائِكَ اَسْئَلُكَ الْمَعُوْنَةَ النَّافِذَةَ بِالْقَهْرِ الرَّبَّانِیِّ الَّذِیْ لَا یَمْنَعُہٗ حِرَاسَةُ الْحَذْرِ الْاِنْسَانِیْ اِلَّا مَا حَمَلْتَہٗ فِیْ حِفْظِ حِمَایَتِكَ وَاَقَمْتَہٗ فِیْ مَقَامِ سِرِّ وَاحِدِ بَیِّنَتِكَ اَنْ تُعِزَّنِیْ وَتُذِلَّ مَنْ ظَلَمَنِیْ وَتَعَاجَلَ بِالْخُذْلَانِ كُلَّ شَیْطَانٍ وَّحَاسِدٍ وَّمُعَانِدٍ وَاَنْ تُفَوِّیَنِیْ بِقُوَّتِیْ لُطْفِكَ یَا اَللّٰهُ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

نوٹ:۔ ان دونوں اسماء المعذل میں سے کسی کا بھی اصل کتاب کے متن میں نقش نہیں ہے۔ (از مترجم)

اسم سمیع کے خواص و اعمال بہرے پن کا علاج

سمیع وہ ذات والاصفات جس کے سننے سے کوئی بات خالی نہ رہے جو چیونٹی کی آہٹ کو بھی سنتا ہے۔ اور دعا کرنے والوں کی دعا سنتا ہے۔ اس اسم کی خاصیت یہ بھی ہے۔ جس کو بہرا پن کی شکایت ہو وہ اسم سمیع کو منگل کے دن خطمی کے پتہ پر روغن گلاب سے دھو کر کان میں ڈالا جائے تو اس کا کان سننے لگتا ہے۔

اسم بصیر کو اسم سمیع کے ساتھ ملا کر خلوت میں ذکر کرنے سے جو کام چاہو گے انشاء اللہ پورا ہوگا۔ اگر خلوت میں اس نیت سے پڑھو کہ روحانیوں کی باتیں سنو تو سن سکو گے سحر کے وقت پورے خلوص اور یقین سے اس اسم کے ذاکر کی دعا قبول ہوتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعُ اَنْتَ الَّذِیْ تَسْمَعُ جَمِیْعَ الْبَوَاطِنِ مِنْ غَیْرِ اُذُنٍ سَمْعًا عَلٰی اِخْتِلَافِ اَصْنَافِ اللُّغَاتِ فَلَا یَخْفٰی عَلَیْکَ شَیْءٌ مِمَّا هَجَسَ فِی الضَّمَائِرِ وَمَا نَطَقَتْ بِهِ السَّرَائِرِ یَا مَنْ اَحْصٰی عِلْمُهٗ جَمِیْعُ الْمَسْمُوْعَاتِ الَّذِیْ اَحْطَتَّ بِجَمِیْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَتَسْمَعُ دَبِیْبَ النَّمْلَةِ السَّوْدَاءِ عَلَی الصَّخْرَةِ الصَّمَاءِ فِی اللَّیْلَةِ الظَّلْمَاءِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَسْمَعَ دُعَائِیْ وَتُسَخِّرَ لِیْ عَبْدَکَ تَنْجَائِیْل بِحَقِّ اِسْمِکَ السَّمِیْعِ وَاَنْ تَفْعَلَ لِیْ کَذَا وَکَذَا یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَتُعَامِلَنِیْ بِلُطْفِ الْخَفِیِّ وَتَمُدَّنِیْ بِرَقِیْقَةٍ مِنْ رَّ قَائِقِکَ وَاَوْصِلْنِیْ بِکُلِّ شَیْءٍ یُقَرِّبُنِیْ وَیَرْفَعُنِیْ بَیْنَ اَقْرَانِیْ حَتّٰی اَتَشَرَّفَ بِالْحُضُوْرِ بَیْنَ یَدَیْکَ فَتَبْسُطُ قَلْبِیْ عِنْدَ الْاُنْسِ بِجَمَالِکَ وَ شُهُوْدِ کَمَالِکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ۔

اس اسم کے ذاکر پر اللہ تعالیٰ ابواب خیر مفتوح کر دیتا ہے۔ اور مسموعات سے اس کی نصرت کرتا ہے۔

اسم بصیر کے خواص و اعمال

بصیر وہ ذات اعلیٰ جس سے کوئی ذرہ بھی پوشیدہ نہیں وہ آنکھ اور پلک وغیرہ سے منزہ و مقدس ہے۔ جیسے انسان کی آنکھ میں صورتیں ہوتی ہیں۔ وہ اس سے مقدس ہے کہ ذات میں بھی کوئی چیز سمائے واقعہ یہ ہے کہ انسان کی آنکھ قاصر ہے۔ پوشیدہ اسرار کا مشاہدہ نہیں کر سکتی اور ارواح و ضمائر اور خطروں کو بھی نہیں دیکھ سکتی۔ انسانی آنکھ میں بینائی صرف دو باتوں کے لیے ہے ایک تو یہ کہ عجائب الٰہی کا مشاہدہ کرے۔ دوسرے یہ جانے کہ آئینہ دراصل اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کو اپنی حرکات و سکنات پر حیرت نہ ہو اور یہ خیال بھی نہ کرے کہ اسماء میں دلالت کی طرف سے کوئی تغائر ہے۔ بلکہ اعتقاد رکھے کہ سب کچھ معلومات کی جانب سے ہے۔ کیونکہ صفات الٰہی مخالف نہیں ہیں۔ اور اللہ ہی واحد احد فرد او صمد ہے۔

صاحب خلوت کو یہ اسم بصیرت اور مراقبہ حرکات و سکنات عنایت کرتا ہے۔ یہ ذاکر کوئی غیر معتدل حرکت نہیں کرتا بلکہ اپنی آنکھ میں ایک خاص قوت دیکھتا اور مراقبہ میں ایمان کی حلاوت پاتا ہے۔ ذاکر کو لازمی ہے کہ ظاہری و باطنی خطرات سے محفوظ رہے اس اسم کے ذاکر کے دل کی آنکھ اللہ تعالیٰ کھول دیتا ہے۔ کہ وہ حقائق اشیاء کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور تیسرے ہفتہ میں شرطیائیل مؤکل حاضر ہو کر اس کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ تنہائی میں رکھ کر اس کے اعداد کے مطابق ہر نماز کے بعد اس کا ذاکر ہر برائی سے محفوظ رہتا ہے۔ اور جس کام کا ارادہ کرے وہ اللہ کے حکم سے پورا ہو۔

اس اسم کو مشک وزعفران سے ایک برتن میں لکھیں اور اس کے گرد اس کے مؤکل کا نام لکھ گلاب اور عنبر و کافور اس میں حل کر کے جالے والی آنکھ میں لگائیں تو اللہ شفا دیتا ہے۔

مراد حاصل کرنے کا عمل اور جو چاند رات کو چاند کے سامنے کھڑے ہو کر سات مرتبہ سورہ الفاتحہ پڑھ کر اسم بصیر کے اعداد کے موافق پڑھ کر چاند کو سلام کر کے تکبیر پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے تو اس کی سب مرادیں پوری ہوں گی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اِسْمِكَ يَا بَصِيْرُ اِلَّا مَا بَصَّرْتَنِیْ وَعَافَيْتَنِیْ بِحَقِّ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ يَا اَللّٰهُ يَا بَصِيْرُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَصِيْرُ بِدَقَائِقِ جَوَاهِرِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْجِسْمَانِيَّةِ كَاَبْصَارِكَ بِظَوَاهِرِ حَقَائِقِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْحِسِّيَّةِ فَتَرٰى تَفَاصِيْلَ الْاَعْرَاضِ وَالْاَكْوَانِ فِیْ مَوْجُوْدَاتِ الْاِمْكَانِ اَسْئَلُكَ يَا مَنْ لَا يَشْغَلُهٗ شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ وَلَا يَحِلُّ بِمَكَانٍ يَا ذَالْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ نَوِّرْ بَصَرِیْ وَبَصِيْرَتِیْ بِنُوْرِ بَصَرِكَ الْبَاقِیْ دَعْلِمِكَ الرَّبَّانِیْ حَتّٰى يَكُوْنَ لِیْ سَمْعًا وَّبَصَرًا وَّيَدًا وَّرِجْلًا وَّلِسَانًا وَّقَلْبًا وَّنُوْرًا فِیْ بِاَنْوَارِكَ يَا اَللّٰهُ يَا بَصِيْرُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ عَبِيْدَكَ مَرْطِيَائِيْلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔

اس دعا کا ہمیشہ پڑھنے والا ارباب سلوک میں سے ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل کی آنکھ کھول دیتا اس کی قوت بصارت روشن کر دیتا ہے۔ اس کی نظر اطلاع حقائق اشیاء پر براہ راست پڑتی ہے۔

اسم اَلْحَكَمُ

حکمت نام ہے معرفت کا عبادت کا اور کوئی چیز اللہ کے حکم سے بہتر اور اس راستہ سے اعلیٰ نہیں ہے جو اس کی طرف لے جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ الٓر كِتَابٌ اُحْكِمَتْ آيَاتُهٗ۔

حکمت دراصل ایک ذاتی صفت ہے۔ جسے عقل ظاہر کرتی ہے اور جس کی چھ اقسام ہیں۔ حکمت فی السر، حکمت فی العلانیہ حکمت فی الروح، حکمت فی النفس، حکمت فی القلب، حکمت فی الجسم سر و اسرار سے وہ ایجاد اول مراد ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے دنیا کو ابتدا میں اپنی معرفت سے خاص کیا اس کی ہدایت کے موافق کہ وہ اس کو پہچانیں۔ اسی سر کی مقدار کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے اس کو ودیعت کی ہے۔ حکمت الٰہی کا مشاہدہ کرے ہے۔ صاحب خلوت ذکر پر مداومت کرے۔ اگر کوئی شخص علم یا کیمیا کا کشف ہے اسے لازمی خلوت میں ریاضت کرے اور اَلْحَكَمُ الْعَدْلُ يَا الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ پڑھے تو مؤکل تین علوم سکھادے گا۔ علم کیمیا، علم عقاقیر، اور علم توحید اس پر مداومت کرنے پر مواہب الٰہیہ مفتوح ہوتے ہیں۔

فہم و حکمت کا حصول جو شخص یہ اسم مع اعداد ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اسے فہم و حکمت عنایت کرتا ہے۔ بوقت ضرورت خلوت میں یہ اسم مع اعداد پڑھ کر دعا پڑھے تو حاجت پوری ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ الْحَكَمُ الْحَاكِمُ الْقَاضِیْ بِمَا حَكَمْتَ فِیْ غَيْبِ الْقِدَمِ بِمَا اَظْهَرْتَ مِنْ مَخْلُوْقَاتِ الْاَمْلَاكِ وَالْاَفْلَاكِ وَجَمِيْعِ الْحَرَكَاتِ ثُمَّ حَكَمْتَ عَلٰى كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْ هٰؤُلَاءِ الْمَعْدُوْ وَمَاتِ مِنَ

الْعُلْوِيَاتِ وَالسِّفْلِيَّاتِ بِمَا سَبَقَ مِنْ تَفْصِيلِ الْاِرَادَاتِ وَالْمَشِيْئَاتِ اَسْئَلُكَ بِمَا شِئْتَ مِنْ تَقْطِيرِ تَقْدِيرِ الْحُكْمِ وَبِمَا اَخْرَجْتَهُ مِنَ الْقَضَاءِ فِي اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ خَمْطَيَائِيْلَ يَقْضِيْ حَاجَتِيْ يُعَلِّمُنِيْ مِنَ الْمَعْلُوْمَاتِ بِحَقِّ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاَنْ يَكْشِفَ لِيْ عَنْ حَقَائِقِ الْاَسْمَاءِ يَا اَللّٰهُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ۔

اسم العدل کے خواص واعمال

عدل اس عمل کو کہتے ہیں جو ظلم کے خلاف میں پوری پر مداومت کے ساتھ صادر ہو یہ مرتبہ مقربین کا ہے کہ حقائق اشیاء اور آسمانوں سے اور نیچے زمین کی گہرائیوں تک دیکھتے ہیں اور ہر چیز میں عدل کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ یہ آیت حجت ہے عدل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے موجودات کو معتدل پیدا کیا اور اجسام بسیط و اجسام مرکب یعنی چاروں عناصر آگ۔ پانی۔ ہوا اور مٹی پیدا کیے۔

اللہ ہی نے آسمانوں کو شفاف جو ہر قائم بنفسہ بنایا اور زمین کو اسفل السافلین مقرر کیا زمین کے نیچے پانی زمین پر ہوا اور ہوا پر آسمانوں کو انتظام عالم کے لیے بنایا ہے۔ جس نے ترکیب کا راز سمجھ لیا کہ انسان مرکب اجزا ہے تو یہ سمجھ لیتا ہے کہ انسان کے جسم میں تمام عالم موجود ہے۔ دنیاوی عدل یہ ہے کہ اپنے اخلاق وصفات وکردار میں عدل وانصاف کرے اور اہل واولاد میں بھی عدل کرے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ۝ یعنی کان آنکھ اور دل سب سے دریافت کی جائے گی۔

مشاہدات قدرت اور حصول عدل اس اسم کے مؤکل کا نام عریائیل ہے۔ اس کے اعداد کے موافق خلوت میں پڑھنا چاہیے اسم کو پتھر پر نقش کر کے اپنے پاس رکھنے والا عادل ہو جاتا ہے۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اس کا ذکر کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس استقامت اور عدل نصیب کرتا ہے اور مشاہدات قدرت ملاحظہ کرتا ہے۔

نقش العدل یہ ہے۔

ال	ع	د	ل
۵	۲۹	۳۶	۶۹
۳۸	۳	۴۲	۳۳
۴۱	۲۲	۲۴	۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَدْلُ عَدَلْتَ فِيْ تَرْجِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ فَتَدَمَّتْ وَحِكْمَتَ بِالْحَقِّ اَدْرَيْتَ الْاَحْكَامَ فِي الْمُحْدِثَاتِ فَوَضَعْتَ كُلَّ شَيْءٍ فِيْ مَوَاضِعِهِ عَلٰى اَحْسَنِ التَّرْتِيْبِ وَنَعْتِ الصِّفَاتِ فَسَبَقْتَ الْاَسْمَاءِ بِمَا فِيْهَا بِحُسْنِ نِظَامِ الْاَجْزَاءِ الْمَوْضُوْعَاتِ لِلْاَحْكَامِ وَالْاَفْلَاكِ الْمُسَخَّرَاتِ وَوَضَعْتَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا مِنَ الْمَعَادِنِ وَالْجَوَاهِرِ وَالنَّبَاتِ وَجَمِيْعِ مَا فِي الْاَبْدَالِ الْجُزْئِيَاتِ وَمَا فِي الْبِحَارِ الزَّخْرَاتِ مِنْ اَصْنَافِ اَنْوَاعِ الْمَخْلُوْقَاتِ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِالْعِلْمِ وَالْمَعْلُوْمِ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ وَتَكْشِفَ لِيْ عَنْ حَقَائِقِ الْمَعْلُوْمَاتِ وَلَا تُوَفِّقْنِيْ اِلَّا لِكُلِّ عَمَلٍ يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ زُلْفٰى بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ يَقْضِيْ حَاجَتِيْ يَا اَللّٰهُ يَا حَكَمُ يَا عَدْلُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ۔

اسم اللطیف کے خواص و اعمال

لطیف وہ ذات جامع الصفات ہے جو ہر امر کی باریکی جانتی ہے اور تمام کائنات میں یہ کمال صرف اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے۔ افعال و قائق اشیاء میں اللہ تعالیٰ لطف حد حصر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موجودات ایجاد کر کے اپنے اسماء کا نور مسلمانوں پر ڈالا ہے۔ لطیف کا لطف انہیں فرمانبرداروں سے مختص ہے جو اس کے احکام کی تعمیل میں معروف و مشغول ہیں۔

ذاکر لطفِ الٰہی حاصل کرتا اور تقرب الٰہی میں پہنچتا ہے اس اسم کے ذاکر سے نفسانی خطرات اور خواہشیں دور ہو جاتی ہیں اس اسم کا ذکر اعداد بسائط کے تحت (۱۲۹ ۶۶) مرتبہ ہے۔ اس کے مؤکل کا نام قطیائیل ہے۔ جو اللہ تعالیٰ سے اجازت لے کر کہ تیرے فلاں بندہ نے مجھے طلب کیا ہے ذاکر کے پاس خواب یا بیداری میں آ کر ذاکر کی حاجت روائی کرتا ہے۔

یہ اسم دور اول اور عوالم زحل پر حکم چلاتا ہے جس خیر و شر کے لیے یہ اسم پڑھایا جائے کار آمد ہے۔ جس کا کام بند ہوں۔ وہ مع اعداد پڑھے تو اس کی مشکل کشائی ہوگی۔

یالطیف کے اثرات ہر کام میں مشکل کشائی

محمد بن منذر اپنے والد کے انکار پر میرے پاس آئے اور مجھ سے اسماء کی تعلیم چاہی مجھے کشف سے معلوم ہوا تو میں نے اس کی پیشانی پر لکھا ہوا دیکھا اس شخص کو پھانسی ہوگی یہ بات مجھے اچھی نہ لگی لیکن میں نے استخارہ کر کے کہا اسم لطیف نوے ہزار مرتبہ پڑھا کرو جب اس نے یہ تعداد پوری کر لی تو خواب میں دیکھا حاکم وقت نے اس کو قتل کر دیا اور لوگوں نے اس کو غسل و کفن دے کر دفن کر دیا جب وہ نیند سے بیدار ہو کر ہانپتا کانپتا میرے پاس آیا اس مرتبہ میں نے اس کی پیشانی کو دیکھا تو وہ بات لکھی نہ پائی بلکہ اس کا چہرہ نور سے دمک رہا تھا پھر اس نے اپنا خواب سنایا تو میں نے اللہ کا شکر ادا کر کے ذکر اسم لطیف اسے بتایا اور وہ کامل ولی ہو گیا۔

تقرب الٰہی اور وسعت رزق

مراد برآری اور وسعت رزق کی بھی اس میں خاصیت ہے۔ جو مصیبت زدہ یا ضرورت مند یہ اسم پڑھے اس کی مشکل کشائی ہوتی ہے۔ اس نقش کو سونے یا چاندی کی تختی پر نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے پر کشایش ہوتی ہے جب مؤکل کو بلاؤ تو فوراً حاضر ہوتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

نقش اللطیف یہ ہے۔

ف	ی	ط	ال
۳۸	۳۲	۷۹	۱۹
۳۳	۴۱	۸	۷۸
۹	۷۷	۳۴	۴۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا لَطِیْفُ بِعِبَادِہٖ یَا ۳ باحَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا لَطِیْفُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا لَطِیْفُ یَا رَبَّاہُ ۲ سُبْحَانَکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاکَ یَا لَطِیْفُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِیْقُ یَا لَطِیْفُ یَاہُ یَا مَنْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا لَطِیْفُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا لَطِیْفُ یَا مُجِیْبُ یَاہُ ۱۳ اَجِبْ یَا رَکَ اللّٰہُ فِیْکَ وَافْعَلْ کَذَا وَکَذَا مِمَّا اُرِیْدُ وَاَظْھِرْ لِیْ فِیْ خَلْوَتِیْ یَا شَمْخُ اَشْمَاخُ الْعَالِیْ عَلٰی کُلِّ بَرَاخٍ یَا لَطِیْفُ اللُّطْفُ ۲ اَنْتَ الْحَاضِرُ لَمْ تَغِبْ یَا رَبَّاہُ ۲ اَنْتَ الْحَاکِمُ لَا یُحْکَمُ عَلَیْکَ حَاکِمٌ یَا لَطِیْفُ یَاہُ ۱۲ اَنْتَ السُّلْطَانُ الْقَوِیُّ لَمْ یَقْوَ عَلَیْکَ قَوِیٌّ یَا لَطِیْفُ یَا مَنْ ھُوَ کُلَّ یَوْمٍ فِیْ شَاْنٍ سَخِّرْ لِیْ خَادِمَ

هٰذَا الْاِسْمِ يَفْعَلُ بِيْ كَذَا وَكَذَا يَا لَطِيْفُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِيْ اِخْتَصَّ بِهٖ الْاِحْصَاءِ مِنْ خَلْقِكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔

سونا چاندی و مصنوعی گھی بنانے کا عمل

اسم اللطیف میں سونا چاندی بنانے اور پانی کو گھی بنا کر دیتے کی بھی خاصیت ہے۔ اسکے مؤکل کا نام رومان ہے سات ہزار مرتبہ خلوت میں یہ اسم پڑھو پھر ۱۸ بار دعوت پڑھو شب جمعہ کو بعد عشاء دو رکعتیں پڑھو پہلی میں سورہ کہف دوسری میں یٰسین پڑھو نماز کے بعد یہ اسم پڑھو تو مؤکل حاضر ہوکر تمہیں ایک سیاہ پتھر دے کر تمہارا مقصد اور کام بتائے گا عود اور لوبان ذکر کی دھونی دو جب مؤکل کو رخصت کرنا چاہو تو اس سیاہ پتھر کو کہہ دینا جا رخصت تو وہ چلا جائے گا جب بلانا چاہو تو اس سیاہ پتھر کو آگ دکھاؤ اور دھونی دو مؤکل حاضر ہوکر کام کرے گا۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللَّطِيْفُ الْخَافِيْ عَنْ نَظْرِ الْعُيُوْنِ الْمُنَزَّهُ عَنْ اِدْرَاكِ الْعُقُوْلِ وَالْاَفْكَارِ الْعَالِمِ بِالْاِحَاطَةِ الْمَوْجُوْدَاتِ الْمُتَجَلِّيْ بِاَسْرَارِ الْقُلُوْبِ فِيْ حَنَادِسِ الْغُيُوْبِ بِاَظْهَرِ الظُّهُوْرِ فِيْ بُطُوْنِ الْعَالِمِ بِالْاِحَاطَاتِ وَاخْتِلَافِ التَّقْدِيْرِ وَبِمَا اَوْجَدْتَ مِنَ الْعَالِمِ الْجَلِيْلِ مِنْهُمْ وَالْحَقِيْرِ وَبِمَا نَشَاءُ مِنْ حُسْنِ التَّدْبِيْرِ وَالتَّحْبِيْرِ اَسْئَلُكَ بِمَا بَطَنَ مِنْ غَوَامِضِ خَفَاءِ الْاَسْرَارِ وَمَا ظَهَرَ مِنْ دَقَائِقِ التَّكْوِيْنِ فِيْ ظُلَمِ الظُّلُمَاتِ مِنْ ضِيَاءِ اَشِعَّةِ الْاَنْوَارِ اَنْ تَجْذِبَ قَلْبِيْ بِلَطِيْفِ الْكَشْفِ اِلٰى شُهُوْدِكَ مِنْ لَطَائِفِ الْاَسْرَارِ لِيَتَنَعَّمَ قَلْبِيْ فِيْ سِرِّ اللَّطَائِفِ وَالدَّقَائِقِ وَبِزَوَالِ عَنِّيْ شُبْهَةُ الْمُشْكِلَاتِ بِظُهُوْرِ تِلْكَ الْحَقَائِقِ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنِيْ بِسِتْرِ اِسْمِكَ اللَّطِيْفِ مِنْ شَرِّ مُؤْذٍ وَحَاسِدٍ وَبِحَقِّ اِسْمِكَ اللُّطْفِ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ ۞

اسم خبیر کے خواص و اعمال پوشیدہ خزانوں اور کاموں کا کشف

خبیر وہ ذات صاحب اسرار ہے۔ جس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے۔ اسے ہر ذی کی حرکت کی خبر ہوتی ہے۔ اسم خبیر کی دعا یہ ہے۔ يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ عَنْ كَذَا خواب میں سب کچھ معلوم ہوگا۔ مؤکل اس کا نہرپائیل ہے جو خزانوں اور پوشیدہ امور بتاتا ہے اس اسم کو مشک اور زعفران اور گلاب سے مع اسم مؤکل لکھ کر سر کے نیچے رکھیں تو خواب میں سب کچھ معلوم ہو اور اگر برتن میں لکھ کر کند ذہن کو پلائیں تو وہ ذہین ہو جائے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَبِيْرُ الْمُطَّلِعُ عَلٰى خَفَايَا الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ الْعَالِمِ بِدَقَائِقِ عِلْمِكَ الْغَامِضِ اِلٰى بَاطِنِ خَفَايَا كُلِّ شَيْءٍ مِنْ عَالِمِ الشَّهَادَةِ وَالْجَبَرُوْتِ اَسْئَلُكَ بِخَبِيْرِيَّةِ اِحَاطَتِكَ بِبَوَاطِنِ الْمَوْجُوْدَاتِ فَلَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ وَلَا تَنْشَقُّ حَبَّةٌ اِلَّا وَقَدْ اَحَاطَ بِهَا نُفُوْذُ الْمَشِيَّاتِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَكْشِفَ عَنْ قَلْبِيْ حِجَابَ الظُّلُمَاتِ فِيْ تَنَزُّلِ اَنْوَارِ الْمُرَاقَبَةِ لِيَكُوْنَ خَبِيْرًا لِاَسْرَارِ سَرَائِرِ صَنَائِعِكَ مُتَنَبِّهًا بِشُهُوْدِ ذَاتِكَ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنِيْ فِيْ حِصْنِكَ الْحَصِيْنِ لَا مَنَّ بِهٖ فِيْ جَمِيْعِ الْاَوْقَاتِ وَالْمَوَاطِنِ لِيَتَطَمْئَنَّ نَفْسِيْ بِذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ يَا اَللّٰهُ يَا خَبِيْرُ بِالْعِبَادِ ۞

اسم الحلیم کے خواص و اعمال

حلیم وہ ذات رحمٰن الرحیم جو اپنے نافرمانوں کی سزا میں اور نافرمانوں پر غصہ میں جلدی نہیں کرتا اللہ تعالیٰ کی یہ خاص صفت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عقل کے نمو کو ایسا ہی باطنی بنایا ہے۔ جس طرح اجسام کے نمو کو ظاہری بنایا ہے۔ اطوار اسی طرح ترتیب دیئے ہیں۔ جس طرح کہ ترتیبی اطوار مرتب کیے ہیں۔ جو عقل و روح و نفس اور دل کا نشو و نما ہے۔ عقل کے ساتھ جو چیز ادراک اور تمیز میں جاتی ہے تو اپنے نشو کے ساتھ قالب علم میں اسماء اور عقل دونوں شریک ہوتے ہیں۔ اس کی نشو و نما میں اور صرف معانی ادراک اور اسمائے حقائق کا نمو روح کے نمو سے ملتا ہے جب روح کا نمو زائد ہوتا ہے۔ تو قوت شوق زیادہ ہوتی اور روح کی بصیرت کھلتی ہے تاکہ عقل سے انوار معلومات حاصل کرے عقل کا نمو معرفت کے میدان میں انوار ذات سے اور روح کا نمو انوار صفات سے مسلسل جاری رہتا ہے۔

بچہ کی ہر تکلیف دور اور بد خلق کا علاج

اس اسم کا ذاکر دوسروں کی غلطیوں سے بے خبر ہوتا ہے اس اسم کی کوئی خلوت نہیں اس اسم کو چاندی کی تختی پر کندہ کرکے بد خلق کے باندھیں تو وہ خوش خلق و صاحب کردار ہو جاتا ہے۔ اور کسی چیز پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو بچہ تکلیف سے محفوظ رہتا ہے۔ ذاکر دائم کو اس اسم کا مؤکل علم بتاتا ہے جس کا نام جہطیائیل ہے اور یہ اسم ہر ظاہری اور باطنی مریض کو سودمند ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَلِیْمُ الَّذِیْ تُشَاھِدُ مَعْصِیَۃَ الْعَاصِیْنَ وَفَسَادَ عَیْنِ الْغُرَاۃِ وَلَا تُعَاجِلُ بِالْعُقُوْبَۃِ مَالْغَضَبِ عَلٰی مَا تَرَاہُ مِنْ قَبِیْحِ الصِّفَاتِ تُمْھِلُ الْعُصَاۃَ۔ بِالْمَعَاصِیْ اِلَی الْاِنْتِبَاہِ وَتَتُوْبُ عَلَی الْمُفْسِدِ وَالظَّالِمِ فِیْمَا اِقْتَرَفَہٗ وَجَنَاہُ وَکَمْ یَبْقٰی بَعْدَ التَّمَھُّلِ اِلَّا الْحَقُّ وَالْاِنْتِقَامُ وَالْعَذَابُ بِالْغَرَامِ وَالْاَخْذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ اَسْئَلُکَ بِالسِّرِّ اسْتِوَائِکَ عَلٰی عَرْشِکَ وَمِمَّا حَوَاہُ مُرَادِکَ مِنَ الْقَضَاءِ الْمَقْدُوْرِ فِیْ عِلْمِکَ الْقَدِیْمِ اَنْ تُدِیْمَ نَظْرَکَ عَلَیَّ بِالْحِلْمِ وَتُبَشِّرُ مَلَائِکَتَکَ بِالنِّعْمَۃِ وَالرَّحْمَۃِ وَتُلَیِّنَ قَلْبِیْ مِنْ حِلْمِکَ مَا تُحَرِّکُ بِہٖ مِنِّی الشَّیَاطِیْنَ فَتَطْمَئِنَّ اِلَیْکَ نَفْسِیْ بِالسُّلُوْکِ الرَّحْمَانِیِّ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ جَھْطِیَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

اسم العظیم کے خواص و اعمال عزت و عظمت کا حصول تمام مرادیں پوری ہوں

اسم عظیم اسمائے اجسام میں سے ہے اس میں تین امور شریک و شامل ہیں بظاہر بڑی چیز ہوتی ہے۔ جس کے بڑے پن کی وجہ سے نگاہ اس کو محدود کر سکتی ہے۔ جیسے ہاتھی، اونٹ، پہاڑ وغیرہ اور ایک چیز ایسی ہوتی ہے جس نگاہ محدود نہیں کرتی مگر عقل محدود کر سکتی ہے۔ جیسے زمین و آسمان وغیرہ دو ایک چیز ایسی ہے جسے عقل بھی اس کی بزرگی کی وجہ سے محدود نہیں کر سکتی ہے وہ اللہ تعالیٰ عظیم و بزرگ ہے۔ جب کوئی پڑھنا چاہے تو اسم علی بھی ساتھ ملالے کیونکہ ان دونوں اسماء میں سرّ عظیم ہے۔ جب کوئی خلوت میں جانے لگے تو پاک صاف ہوکر پاکیزہ کپڑے پہنے اور یہ اسم ہر نماز کے بعد اعداد کے مطابق پڑھے تو مؤکل حاضر ہوگا۔ نام جس کا قنیائیل ہے اگر حاکم یہ اسم اپنے پاس رکھے تو فوج بھی اطاعت کرے۔ سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں کندہ کرکے اس کے اطراف مؤکل کا نام لکھے ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو عزت دیتا ہے۔

جنات سے امان

اور تمام مرادیں پوری ہوتی ہیں یہ دعا کرنے والا دشمنوں سے محفوظ رہتا ہے اور جنات کے فتنوں سے امان میں رہتا ہے۔ ذکر یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَظِیْمُ الْاَعْظَمُ لَا کَعَظْمِ الْاَجْسَادِ الْاَرْضِیَّۃِ وَلَا کَعَظْمِ الْاَرْوَاحِ السَّمَاوِیَّۃِ ذَاتٌ وَاحِدٌ مِّنْ ھٰذَیْنِ لَہٗ مَسَاحَۃٌ قُدْرِیَّۃٌ وَاَوْضَاعٌ عَدَدِیَّۃٌ وَبَسَائِطُ جِسْمَانِیَّۃٌ وَاَجْسَامٌ طَبْعِیَّۃٌ مَحْدُوْدَۃٌ تَرْکِیْبِیَّۃٌ وَاَمَّا عَظْمَتُکَ یَا اِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ یَارَبَّ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فَھِیَ عَظْمَۃُ شَاْنٍ فَھْمِ الْوَحْدَانِیَّۃِ اَسْئَلُکَ یَا مَنْ ھُوَ کَذَا اَنْ تَجْعَلَ قَلْبِیْ مُلَاحِظًا لِعَظْمَتِکَ لِیَدُوْمَ اِلَی الْخُضُوْعِ بَیْنَ یَدَیْ ھَیْبَتِکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الْحَلِیْمُ الشَّکُوْرُ اَلْبِسْ ذَاتِیْ مِنْ عَظْمَتِکَ یَخْضَعْ لِیْ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَیَقْھَرُ عَنِّیْ شَرَّہٗ وَیَدْفَعُ عَنِّیْ مَکْرَہٗ یَا اَللّٰہُ یَا عَظِیْمُ۔

اسم الغفور کے خواص حاکم کا غصہ دور کرنے اور دشمنوں میں صلح کرانے کا عمل

اسم غفور کے معنی اسم غفار میں بیان کیے گئے ہیں جو کوئی کسی حاکم کا غصہ فرو کرنا چاہے اس کے لیے یہ سودمند ہے۔ جس حاکم کے نام سے یہ اسم پڑھا جائے تو مؤکل حرقطیائیل اسم حاکم پر مسلط ہو جاتا ہے۔ نیک ساعت میں جو شخص یہ اسم مع موکل لکھ کر جس کسی کے سامنے جائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی عزت کراتا ہے اور دو دشمنوں میں صلح کرانے کے لیے یہ بھی مفید پایا گیا ہے۔ اس کی تفصیل اسم غفار میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اسم الشکور کے خواص دوام نعمت اور رزق میں وسعت

اسم شکور اور شاکر دونوں ہم معنی ہیں شکور وہ ذات عظیم القدر ہے جو ذرہ برابر عمل پر بھی بڑے بڑے درجے اور نعمتیں دیتی ہے اسم شکور مع اعداد مبسوط پڑھنے سے مؤکل حاضر ہو کر حاجت روائی کرتا ہے اسم شکور کے مؤکل کا نام طویائیل ہے اس کا نقش حصول برکت اور دوام نعمت کیلئے سونے یا چاندی کی تختی پر اپنے پاس رکھنے سے رزق میں وسعت ہوتی ہے۔ ذکر یہ ہے:۔

ال	ش	کو	ر
۲۷	۱۹۹	۳۲	۲۹۹
۱۹۸	۲۴	۳۲	۳۳
۳۰۱	۳۴	۱۱	۲۵

نقش اسم شکور یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّکُوْرُ الَّذِیْ اَلْھَمْتَ عِبَادَکَ الْحَمْدَ وَالشُّکْرَ وَقَرَّبْتَھُمْ عَلَی الطَّاعَاتِ وَالذِّکْرِ فَاَنْتَ الشَّکُوْرُ لِلْمُحْسِنِ بِجَلَائِلِ النِّعَمِ بِمَا اَلْھَمْتَ بِالشُّکْرِ وَالْاِحْسَانِ تَقَدَّسَتْ صِفَاتُکَ بِمَجَارِی التَّھْلِیْلِ مِنَ الطَّاعَاتِ بِجَزِیْلِ التَّفْضِیْلِ وَالْحَسَنَاتِ وَرَفْعِ الْعَوَالِیْ مِنَ الدَّرَجَاتِ اَسْئَلُکَ بِاِحْسَانِکَ الْقَدِیْمِ بِظُھُوْرِ مَبَادِی الْمَوْجُوْدَاتِ وَاِحْسَانِکَ بِمَا اَلْھَمْتَنِیْ بِصِفَاتِ قُدْسِکَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ عِبَادِکَ الشَّاکِرِیْنَ وَبِفَضْلِ اَنْعَامِکَ مِنَ الْحَامِدِیْنَ الذَّاکِرِیْنَ تَتَقَبَّلْ قَلِیْلَ عَمَلِیْ بِجَزِیْلِ فَضْلِکَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ

وَبِنُورِ قُدْسِكَ لَا كُونَ مِنْ اَهْلِكَ وَاجْمَعْ لِيْ جَوَامِعَ الْخَيْرَاتِ وَنَوَاهِيَ الْبَرَكَاتِ فِي الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ يَا اَللّٰهُ يَا شَكُوْرُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ قَرْطِيَائِيْلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اسم العلی کے خواص

علیؒ وہ ذات اعلیٰ ہے جس کے اوپر کسی اور کا کوئی مرتبہ نہیں سنو بلندی ایک حسی ہوتی ہے جیسے درجات یا بلندی مراتب معقولات کی ہوتی ہے جیسے سبب و مسبب اور کامل و ناقص کا فرق ہے۔ ان مثالوں سے سمجھ گئے ہوں گے کہ درجات کی تقسیم عقلی در بُوں پر ممکن نہیں ہے۔ بلکہ اللہ کی بلندی واقعی ہے۔ یہ اسم ذاکر بلند درجے عنایت کرتا ہے اس کے مؤکل کا نام قنیائیل ہے ذاکر پورے انہاک سے ہر نماز کے بعد پڑھے تو مؤکل حاضر ہو کر حاجت روائی کرتا ہے۔ اس اسم کو اپنے پاس رکھنے والے کی لوگ عزت کرتے ہیں۔ اگر اسم کبیر کا مثلث اس اسم علیؒ کے مربع میں لکھ کر رکھنے والے حاکم کی ہر ماتحت اطاعت کرتا ہے۔

لڑکی کی جلد شادی ہونے کا عمل اگر چاندی کی تختی پر اسم علی کو کندہ کر کے جس لڑکی پیغام شادی نہ آتا ہو اس کے گلے میں ڈالنے سے جلد تر شادی ہو جائے گی۔ ذکر اسم علی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْاَعْلٰى الَّذِيْ لَا يُشَابِهُ عُلُوَّكَ عُلُوُّ الْمَخْلُوْقَاتِ وَلَا يُمَاثِلُ نُوْرُكَ نُوْرَ الْمَوْجُوْدَاتِ وَالْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ كُرْسِيُّكَ الْقَدِيْمُ الَّذِيْ وَسِعَ جَمِيْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ وَعَرْشُكَ الْعَظِيْمُ الْعَلِيُّ عَلٰى عُلُوِّ الدَّرَجَاتِ الْعُلْوِيَّاتِ وَكُلِّ مَوْجُوْدٍ فِيْهِ كَذَرَّةِ الذَّرَّاتِ وَاَمَّا عُلُوُّ الدَّرَجَاتِ الْعُلْوِيَاتِ وَكُلُّ مَوْجُوْدٍ فِيْهِ كَذَرَّةِ الذَّرَّاتِ وَاَمَّا عُلُوُّ ذَاتِكَ فَمُنَزَّهٌ عَنِ الْحَالِ وَالْمَكَانِ وَمُقَدَّسٌ عَمَّا وُجِدَ فِي الدُّهُوْرِ وَالْاَزْمَانِ لِاَنَّهٗ عُلُوُّ عَظْمَةٍ وَّجَلَالٍ وَنُمُوُّ كِبْرِيَاءٍ وَكَمَالٍ اَسْئَلُكَ بِعُلُوِّ رَحْمَتِكَ عَلٰى كُلِّ الْعُلْوِيَّاتِ وَسُمُوِّ اِلٰهِيَّتِكَ عَلٰى عَظِيْمِ الْجَلَالَاتِ وَوَحْدَانِيَّتِكَ وَحْدَانِيَّتِكَ عَلٰى شَرَفِ تَطْهِيْرِ الْكَمَالَاتِ اَنْ تُعْلِيَ قَدْرِيْ عِنْدَكَ بِمَحَاسِنِ الطَّاعَاتِ وَتَجْعَلَنِيْ مُخْلِصًا فِيْهِ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ فِيْ جَمِيْعِ الْاَوْقَاتِ اِلَى الْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ حِصْنِكَ وَامْنَعْ عَنِّيْ كُلَّ مُعَانِدٍ وَاَنْزِلْ قَهْرَ عُلُوِّكَ عَلٰى مَنْ يُّرِيْدُ ضَرَرِيْ مِنْ كُلِّ حَاسِدٍ وَمَارِدٍ اَللّٰهُمَّ خُذْ قَلْبِيْ اِلٰى عُلُوِّ رَحْمَةِ اِسْتِوَائِكَ وَخُذْ بِفُؤَادِيْ اِلٰى تَجَلِّيْ عُلُوِّ قُدْسِكَ وَاجْعَلْنِيْ اَهْلًا لِوِلَايَتِكَ مَعَ رُسُلِكَ وَاَنْبِيَائِكَ يَا اَللّٰهُ يَا عَلِيُّ ۔ جو کوئی اس ذکر کی ملازمت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی قدر و منزلت بلند کرتا ہے اور نیک کاموں کی کرتا ہے اور نیک کاموں کی اس کو توفیق دیتا ہے۔

اسم کبیر کے خواص، اعمال اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور عزت کا حصول

کبیر کبریا والے کو کہتے ہیں اور کبیر سے کمال ذات مراد ہے۔ جیسے وجود سے کمال موجود سمجھا جاتا ہے۔ اور یہ کمال اس کی ذات کی جانب ازلاً اور ابداً ہوتا ہے۔ اور وہ موجود جو عدم سابق ولاحق کے باعث منقطع ہو وہ ہر ایک کے نزدیک ناقص ہے۔ جس شخص کی عمر زیادہ ہو جاتی ہے۔ تو ایسے شخص کو بھی کبیر السن کہتے ہیں حالانکہ انسان کی عمر مدت متعین ہے حقیقتاً دائم ازلی جس پر عدم محال ہے جو شخص اسم کبیر

کا ذکر کرتا رہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرتے ہوئے اس کو عزت بھی دیتا ہے۔ وہی کبیر ہے۔ اس کی تفصیل اسم متکبر میں بیان کی گئی ہے۔ ذکر اسم کبیر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَبِیْرُ الَّذِیْ تَقَدَّسَ کِبْرِیَائُکَ عَنِ الْعَوَامِ وَالسِّنِیْنَ وَتَنَزَّھَتْ ذَاتُکَ عَنْ تَمَاثُلِ الْمَخْلُوْقِیْنَ اَنْتَ ذُوْ الْکِبْرِیَاءِ وَالْکَمَالِ تَنَزَّھَتْ ذَاتُکَ الْعُلْیَا الْمُطَھَّرَۃُ عَنْ ذَا الْمُمَاثُلَاتِ اَنْتَ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ الْکَرِیْمُ الْمُتَفَضِّلُ یُجْزِیْلِ النَّوَالِ الْمُغْنِیْ عَنْ اِصَالَۃِ السُّؤَالِ اَسْئَلُکَ بِکَمَالِ کِبْرِیَاءِ الرُّبُوْبِیَّۃِ تَزِیْدَ اَدْ تَلِیْ بِضِیَاءِ کِبْرِیَائِکَ نُوْرًا دَبَھْجَۃً وَضِیَاءً اَللّٰھُمَّ اَلْبِسْنِیْ ھَیْبَۃً مِّنْ کِبْرِیَائِکَ تَکُفُّ عَنِّیْ شَرَّ اَعْدَائِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ حِفْظِ حِرْزِ سَلَامَتِکَ وَجَوَارِ اِمْتِنَانِکَ وَاَمَانِکَ یَا کَبِیْرُ یَا اَللّٰہُ۔

اسم الحفیظ کے خواص

حفیظ وہ ذات صاحب اقتدار ہے جس نے اپنی حفاظت میں مختلف چیزوں کو ایک دوسرے سے محفوظ رکھا ہے۔ جیسے پانی اور آگ جو دونوں متضاد ہیں اسی طرح رطوبت اور خشکی یا حرارت اور برودت جو باہمی ضد ہیں اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا۔ اللہ حفیظ آسمان و زمین کی حفاظت کر رہا ہے۔ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ۝ ہر مسلمان کو لازمی ہے اپنی ایک ایک سانس کی حرکت و سکون کی حفاظت کرتا رہے۔ اور اعتراضات ترک کر دے جو شخص مراقبہ کے ساتھ اپنے اوقات کی حفاظت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ظاہر و باطن کے وسوسوں سے اسے محفوظ رکھتا ہے اور اس کی حفاظت بھی کرتا ہے خلوت سے ذاکر میں خود اعتمادی و حفاظت اوقات کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کے مؤکل کا نام حنیائیل ہے ذاکر جب ذکر کرتا ہے تو مؤکل حاضر ہو جاتا ہے۔ اس مؤکل کے تحت دیگر مؤکلوں کی چالیس صفیں ہیں سب کے سب اس اسم حفیظ کے ذکر کی بدولت ذاکر کی خدمت کرنے کا عہد کرتے ہیں۔

نظر بد سے حفاظت مال محفوظ رہے وسوسے دور ہوں عامل کی حفاظت اور

اگر یہ اسم مع اسم مؤکل چاندی کی تختی پر لکھ کر مال و دولت کے صندوق میں رکھیں تو مال مجتمعہ ہر آفت سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر بچہ کے گلے میں باندھیں تو نظر بد سے بچا رہے۔ اس کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَافِظُ الْحَفِیْظُ لِلْوُجُوْدِ مَا اَوْجَدْتَ فِیْ تَفَاوُتِ الْقِسْمِ بِحَسَبِ صِفَاءِ کُلِّ مَوْجُوْدٍ فِی التَّفْضِیْلِ وَالتَّرْجِیْحِ جَمَعْتَ بَیْنَ الْاَضْدَادِ وَالْمُتَقَارِبَاتِ الْقِسْمِ وَاَحْسَنْتَ الْقِسْمَ بِحَسَبِ کُلِّ ضَبْطٍ مِّنَ الْمَوْجُوْدَاتِ فِی الْجَمْعِ وَالتَّفْصِیْلِ اَسْئَلُکَ بِقُدْرَتِکَ عَلٰی اِبْدَاءِ ظُھُوْرِ اَجْنَاسِ الْبَدَائِعِ وَاَخْرَاجِکَ لِاَنْوَاعِھَا مِنَ الْعَدَمِ عَلٰی اَصْنَافِ ھَیْئَاتِھَا وَصُوَرِھَا الْمُتَحَرِّکَاتِ اَنْ تَحْفَظَ عَلٰی تَحْقِیْقِ حَقِّ تَوْحِیْدِکَ وَاَسْئَلُکَ اَنْ تُقَدِّسَ فُؤَادِیْ بِنُوْرِ اِلٰھِیَّتِکَ لِاَکُوْنَ مُنْتَھِجًا بِشُھُوْدِکَ وَتَجْعَلَ لِیْ ذَالِکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاحْرِزْنِیْ بِرُکْنِکَ الَّذِیْ لَا یُضَامُ وَاَجِرْنِیْ مِنْ کَیْدِ الشَّیْطٰنِ وَجُنُوْدِ السُّلْطَانِ وَمِنْ شَرِّ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ اَبَدًا یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خَادِمَ ھٰذَا الْاِسْمِ حَفِیَائِیْلَ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْحَفِیْظِ۔

اسم مقیت کے خواص ہر مراد پوری اور اللہ کی مدد اور مکان میں برکت

مقیت وہ ذات مقتدر ہے جو قوت پیدا کرتی ہے۔ اور اسی کے ذکر سے ارواح عالیہ کی شکم پری ہوتی ہے۔ باطن میں بھی اللہ تعالیٰ ہی مقیت ہے۔ جو طرح طرح کے کھانے دیتا اور پیٹ بھرنے کا طریقہ و ترکیب بتاتا ہے اللہ تعالیٰ ہی تمام اجسام کو مختلف طریقوں سے غذا دیتا ہے۔ تاکہ بنیادی جسم مضبوط اور روح قائم رہے جو شخص اسم مقیت کا ذکر کرے وہ جو چاہے گا اسے حاصل ہوگا چاندی کی انگوٹھی پر لکھ کر پہننے والے کو جس قوت کی ضرورت ہو اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتا ہے اگر اسم رزاق بھی اس کے ساتھ لکھ کر کسی مکان میں لگادیں تو برکت اس میں بہت زیادہ ہو جو لوگ نفسانی مریض ہوں ان کے لیے مفید ترین ہے اس کے ذاکر کی ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُقِیْتُ الَّذِیْ خَلَقْتَ کُلَّ شَیْءٍ قُوْتًا وَّجَعَلْتَ لَهٗ فِیْہِ الْاِصْلَاحَ وَجَبَلْتَ اَنْوَاعَ الْمَاْکُلِ وَالْمَشْرَبِ وَجَعَلْتَھَا عِنَی الْاَشْبَاحِ وَاَبْرَزْتَ اَصْنَافَ الْعُلُوْمِ وَالْمَعَارِفِ وَجَعَلْتَھَا عِنَی الْاَرْوَاحِ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ قُوْتًا وَّصَدَّیٰ سِرَّ کَانِہٖ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ وَّ کَانَ عَلَیْهِ مُقِیْتًا اَنْ تُسَخِّرَ لِیَ الْمَلَكَ قَیْطَائِیْلَ الْمُوَکَّلَ بِالْقُوْتِ وَاَنْ تَدْفَعَ عَنِّیَ الْعَاھَاتِ وَالْاٰفَاتِ مِنْ سَائِرِ الْجِھَاتِ فِیْ کُلِّ السَّاعَاتِ وَالْاَوْقَاتِ وَاجْعَلْ لِّیْ قُوَّةً عَلَی الطَّاعَاتِ الْمُقَرَّبَةِ اِلَیْكَ یَا رَبَّ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ عَلٰی رُوْحِیْ اَقْوَاتًا مِّنَ الْمَعْلُوْمَاتِ وَاللَّطَائِفِ مَا تُقَرِّبُنِیْ اِلَی الْاَسْرَارِ وَالْمَعَارِفِ اَللّٰھُمَّ حَلِّ مِنْ اَسْرَارِ فُؤَادِیْ بِدَقَائِقِ اَسْرَارِكَ مَا یُوْصِلُنِیْ اِلٰی مَشْھُوْدِ حَقَائِقِھَا بِسِرِّ ذَاتِكَ یَا اَللّٰهُ ۔

اسم الحسیب کے خواص

لفظ حسیب کے معنے کافی اور پورا کرنے والے کے ہیں جیسے اس آیت میں ہے۔ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۔ یعنی علماء یہ معنی کافی اور کفایت کے معنی افعال و خواطر کا حساب لینا ہیں لفظ حسیب بمعنی اسم فاعل ہے یعنی حساب لینے والا اور یہ اسم اللہ تعالیٰ کی ہی ذات کے شایان شان ہے اس لیے کہ کفایت کی طرف مکفی تین حالات میں محتاج ہوتا ہے وجود سے دوام وجود سے اور وجود غیر میں اللہ تعالیٰ کے سوائے اور کوئی وجود موجود بذات خود نہیں ہے۔ انسانی وجود میں اچھی طرح غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے کس کس طرح اس کی کفایت کی سب سے پہلے نطفہ کی پرورش کی جو صرف ایک بوند پانی اور حیوانی و نباتات غذا کا جوہر تھا اللہ تعالیٰ نے اپنی صنعت سے اس کی تدبیر کی اور اس کے دل سے حرکت کا مادہ پیدا کیا کیونکہ حرکت کا مادہ اگر رحمت سے ملا نہ ہوتا تو نطفہ خلاف نوع طبعی کے نکلتا پھر اللہ ہی نے اس کی ماں کی چھاتی میں دودھ پیدا کیا اور الہام کیا کہ یہی تیری غذا ہے اور بھوک پیدا کر کے اس کو سمجھایا کہ جب بھوک لگے تو رونا یہاں تک کہ والدہ کے دل میں رحم کا جذبہ جاگتا ہے۔ اور وہ دودھ پلاتی ہے۔ پھر بچہ کو بتدریج کا عادی اللہ بناتا ہے۔ بچہ کو عقل بھی دی ہے جو بچہ کے ساتھ نمو کرتی ہے۔ تاکہ دنیا کی چیزیں پہچانے اور اللہ تعالیٰ ہدایت دے کر جو کچھ اس کا مقدر کیا ہے اس کے سامنے ظاہر کرتا ہے اس کے دل کو زندگی کا محل اور عقل کو تدبیر کا محل اور ایمان ملتا ہے تاکہ نجات کا سبب ہو اللہ کو اپنی صفات ظاہر کرنے کے لیے کسی غیر کی مطلق حاجت نہیں وہ ہر مولود کا حسیب ہے۔ اسم حسیب کے ذاکر کی کیفیت یہ ہو جاتی ہے کہ مخلوق سے علیحدہ رہتا ہے۔ اور اپنے خطروں کی خوب حفاظت کرتا ہے

اور ولی بن جاتا ہے۔

دشمن سے حفاظت کا عمل اسم حسیب لکھ کر اپنے پاس رکھو اور یہ اسم پڑھتے ہوئے دشمن کے سامنے جاؤ اور اس کے شر سے محفوظ رہو گے اس کے مؤکل ملطیائیل اگر اسم الجلیل بھی اس کے ساتھ ملا کر پڑھو تو اللہ تعالیٰ عزت دوبالا کرے مشائخ کے لیے یہ ذکر بہت ہی مناسب ہے وہ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَسِيْبُ الْكَافِيْ فِيْ كُلِّ ذَرَّةٍ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ اَخْرَجْتَهَا مِنَ الْعَدَمِ اِلَى الْوُجُوْدِ وَحَفِظْتَ قُوَّةَ وُجُوْدِمَا فِيْ كُلِّ حَالٍ مِنَ الْمُتَضَادَاتِ تَكَفَّلْتَهَا فِيْ كُلِّ حَالٍ بِقُوَّةِ الْبَسَائِطِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَكَفَيْتَهَا فِيْ حَالِ التَّيْسِيْرِ بِالتَّرَاكِيْبِ التَّالِفِيَّةِ الْكَوْنِيَّةِ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِكِفَايَتِكَ وَاَصْنَعَ التَّرَاكِيْبِ الظَّاهِرَةِ السَّبْعَةِ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ مَنْ يُؤْذِيْنِيْ اَوْ مَنْ يُرِيْدُ لِيْ بِسُوْءٍ اَوْ يُحَاوِلُنِيْ بِشَرٍّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ فِيْ حُسْنِ كِفَايَتِكَ وَحِفْظِكَ وَاجْعَلْنِيْ بِحُسْنِ التَّوْفِيْقِ لِلْقُرْبِ مِنْكَ اَهْلًا سَاكِنًا فِيْ حَظَائِرِ قُدْسِكَ مِنَ التَّرْتِيْبِ الْاَعْلٰى يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

اسم الجلیل کے خواص سوداوی امراض میں شفاء

جلیل وہ ذات گرامی جو جلال و جمال سے موصوف ہوتی ہے اس اسم کا ذاکر اچھے مراتب پاتا ہے خلوت میں اس اسم کا ذکر کرنیوالے کی لوگ عزت کرتے ہیں۔ اس کے مؤکل کا نام اتیائیل ہے سوداوی مریض کو یہ اسم لکھ کر پلانے سے فائدہ ہوتا ہے اس اسم کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْجَلِيْلُ الَّذِيْ جَلَّتْ ذَاتُكَ عَنِ الشَّبِيْهِ بِشَيْءٍ مِنْ جَلِيْلِ الْاَجْسَامِ وَتَقَدَّسَتْ عَظَمَتُكَ عَنِ التَّمْثِيْلِ بِشَيْءٍ مِنْ صِفَاتِ الْاَنَامِ وَاِنَّمَا اَنْتَ مَوْصُوْفٌ بِجَلَالِ الْكِبْرِيَاءِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْقُوَّةِ الْمَعْنُوْنِيَّا بِالْحَيَاةِ وَالْعِلْمِ وَالْقُدْرَةِ الْاِلٰهِيَّةِ فِي الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ لَكَ الْكَمَالُ الَّذِيْ لَا يُنَاسِبُهُ كَمَالٌ وَلَكَ الْجَلَالُ الَّذِيْ لَا يُنَاسِبُهُ جَلَالٌ وَلَا يُضَاهِيْهِ مَلَائِكَةُ الْحُجُبِ الْعَوَالِ اَسْئَلُكَ بِهَمَايَةِ جَلَالِكَ الْعَظِيْمِ وَبِاِسْمِكَ الْجَلِيْلِ الْكَرِيْمِ اَنْ تَكْسِيَنِيْ مَهَابَةً وَجَلَالَةً لِاَكُوْنَ بِهَا بَيْنَ الْمَخْلُوْقَاتِ مُعَظَّمًا لِاَنَالَ الْجَمَالَ الْبَهْجَةَ وَالسُّرُوْرَ مِنْ مَجَالِسِ كَمَالِ صِفَاتِكَ اَللّٰهُمَّ جَلِّلْنِيْ بِنُوْرِ الْمَهَابَةِ وَالْعَظَمَةِ حَتّٰى تَقْهَرَ اَعْدَائِيْ وَاَخْرِسْ عَنِّيْ اَلْسِنَةَ الظَّلَمَةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ شَرِّ الْحَاسِدِيْنَ وَسَخِّرْ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ يَقْضِيْ حَاجَتِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اسم الکریم کے خواص

کریم وہ ذات ذوالمنن ہے جو قادر ہونے کے باوجود معاف کر دیتی ہے۔ اور وعدہ کو وفا کرتا ہے اور اتنا دیتی ہے کہ غنی کر دیتی ہے یہ امور صرف اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ فعل تکرم سے پہلے کرم رب العالمین ہے جو ایک نعمت اور اس کی ایجاد ہے جس سے روح کا امتداد ومیثاق گری اور عالم کو عدم سے وجود میں لانا ہے اور دوسرا کرم عقل سے مفید کرنا ہے پھر اور کرم نبیوں کی دعوت اور حکمت کا ظہور ہے۔ جو ہمارے دلوں میں ودیعت کی جس طرح ہم سب مسلمان ایمان لائے اگر اللہ کا کرم ہم پر نہ ہوتا تو ہماری مجال نہ تھی کہ ہم ایمان لا سکتے یہ اس کا بے حد کرم ہے ہم کو

مسلمان بنایا ہے۔ کافر اس کے غیر کی پرستش اور نافرمانیاں کرتے ہیں۔ لیکن وہ عذاب میں جلدی نہیں کرتا ہم پر اس کا خصوصی کرم ہے کہ ہمیں ایک نیکی کے بدلے دس نیکیوں کا ثواب دیتا ہے اور ایک بدی کرنے پر ایک ہی بدی کا گناہ دیتا ہے جب گنہ گار کی طرف رجوع ہو کر توبہ کرتا ہے تو کریم اس کی جملہ برائیاں نیکیوں سے بدل دیتا ہے۔ میرے کریم بہت آپ کے کرم ہم پر۔

بعض کتب نازل شدہ میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ میرے بندہ نے انصاف نہیں کیا مجھے اس پر عذاب کرتے شرم آتی ہے لیکن وہ میری نافرمانی کرتے ہوئے شرم نہیں کرتا۔

ایک بزرگ عارف نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے اللہ ایک بہت ہی حقیر ایک چیز کی مجھے ضرورت ہے۔ مجھے شرم آتی ہے کہ تجھ ایسی حقیر چیز کا سوال کروں لیکن تیرے سوا کسی اور سے مانگتے ہوئے شرم آتی ہے حکم ہوا مجھ ہی سے مانگو۔ اگرچہ آٹے کے لیے نمک اور بکری کیلئے چارہ کی ہی حاجت ہو اس اسم کی دوامی ذاکر کی اللہ حفاظت کرتا اور ابواب رزق مفتوح کرتا ہے۔

خیر و کرم کی بارش اور رزق میں وسعت

اس اسم کی خلوت میں ذکر کرنے والے پر خیر و کرم کی بارش ہوتی ہے جو اس کے اعداد کے موافق ذکر کرے تو مرقیائیل مؤکل آکر اس کی حاجت پوری کرتا ہے ذکر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۃ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَرِیْمُ الْبَاذِلُ الْعَطَایَا الْجَوَادُ بِالتَّفَضُّلِ بِمَکَارِمِکَ عَلَی الْبَرَایَا تَتَکَرَّمُ بِالْخَیْرِ الْکَثِیْرِ عَلَی الشُّکْرِ الْقَلِیْلِ وَتَتَجَاوَزُ عَنْ ذَنْبِ الْکَبِیْرِ لِلْعَبْدِ الْمُتَضَرِّعِ الذَّلِیْلِ اَسْئَلُکَ یَاکَرِیْمُ بِتَطَاوُلِ فَضْلِکَ الْکَرِیْمِ الْمُظْہِرِ لِوُجُوْدِ اِلَی الْعَدَمِ اَنْ تَتَکَرَّمَ عَلَیَّ بِفَضْلِکَ مِنْ جُوْدِ وَالْمَوْجُوْدَاتِ، مِنَ اللَّطَائِفِ الْعُلْوِیَاتِ وَالْاَسْرَارِ الْعُلْوِیَّۃِ الرَّبَّانِیَّۃِ الْمُطَہَّرَۃِ لِلْحَضْرَۃِ الْقُدْسِیَّۃِ وَاَنْ تُمِدَّنِیْ بِطَیِّبَاتِ النِّعَمِ الْاَرْضِیَّۃِ بِالْاَرْزَاقِ الْمُطَہَّرَۃِ مِنَ الشُّبُہَاتِ الرَّدِیَّۃِ وَتَجْعَلَ ذَالِکَ لِیْ قُوَّۃً عَلٰی حَسْبِ اِقْبَالِیْ بِالطَّاعَاتِ الْمُوْصِلَۃِ اِلَیْکَ اَللّٰھُمَّ تَکَرَّمْ عَلَیَّ بِرَدِّ الْاَسْوَاءِ عَنِّیْ لِلْاَعْدَاءِ وَبِقَہْرِ الْاَضْدَادِ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

اسم اَلرقیب کے خواص

رقیب وہ محافظ حقیقی ہے جو پوشیدہ اور ادنیٰ چیز کی بھی حفاظت کرتا ہے۔ وہ دائم الوجود ہے۔ زمانہ اور مکان اسے محدود نہیں یہ صفت بھی صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

باری تعالیٰ نے آسمانی مخلوق پیدا کر کے ان میں فنا کے رقیب کو توحید میں عطا کیا اور ان کو برزخ کی طرف منتقل کیا یہاں بھی ان پر رقیب مقرر کیا پھر ان کو عالم فطرت میں لا کر امانت کو ان پر رقیب کیا۔ پھر حشر کی طرف لے جا کر وہاں تجلی کو ان پر رقیب کیا فرماتا ہے اِلَیْہِ یُرْجَعُ الْاَمْرُ کُلُّہٗ ۔ اسی کی طرف سب کام واپس جاتے ہیں۔

ال	ر	قیه	ب
۱۰۱	۱۱	۳۲	۱۹۹
۱۰	۹۵	۲۵	۳۳
۳۰	۳۵	۹	۹۹

اس اسم کی ریاضت خلوت ظاہر و باطنی طہارت کے ساتھ تاریکی میں بیٹھ کر کی جائے جب شب در وز اور ہر آن ذکر کرتا رہے تو مؤکل آکر ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ اگر اسے برتن میں لکھ کر ایسے کو پلائیں جس سے محبت کرنا ہو تو وہ یقیناً تم سے بہت محبت کرے گا۔

کند ذہنی دور اور محبت کا عمل انگوٹھی میں کندہ کر کے کند ذہن کو پلائیں تو اس کو فہم وذکاوت ملتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّقِیْبُ الْمُرَاقِبُ لِاَعْیَانِ تَفَاصِیْلِ الْاِمْتِدَادِ فِی الْمَوْجُوْدَاتِ وَتَفَاصِیْلِھَا یَا اِلٰہَ الْعِبَادِ اَنْتَ الْمُلَازِمُ بِدَوَامِ النَّظَرِ لَھَا فَلَا تَغْفَلُ لَمْحَۃً مِّنَ اللَّمْحَاتِ وَ اَنْتَ الْحَافِظُ لِنِظَامِھَا عَلٰی اَکْمَلِ الْحَالَاتِ مِنَ التَّحْلِیْلِ وَالتَّرْکِیْبِ وَالْحَرَکَاتِ وَالسَّکَنَاتِ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ عِلْمِ غَیْبِکَ الْقَدِیْمِ عَلٰی نِظَامِ مُرَادِکَ الْعَالِمِ بِمَا اَجْرَاہُ قَلَمُکَ فِیْ لَوْحِ التَّفْصِیْلِ وَالتَّعْظِیْمِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُنَوِّرَ ظَاھِرِیْ وَبَاطِنِیْ بِنُوْرٍ مِّنْ عِنْدِکَ وَاَنْ تُلْھِمَنِیْ اَنْ تَخْلُقَ بِمُرَاقَبَۃِ لَمْحَاتِیْ وَلَحَظَاتِیْ بِمَا تَتَّخِذُنِیْ وَکَمَالِ الْمُلَاحَظَۃِ مِنَ الْاَمْرَاضِ فِی الْقَلْبِ وَالْجَسَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ یَا اَللّٰہُ یَا رَقِیْبُ۔

اسم المجیب کے خواص و اعمال

ذات مجیب الاموات ہے جو سائلوں کی سائلی سنتا اور فریاد رسی کرتا اور پریشاں حالوں کو سکون خاطر عطا کرتا ہے۔ اور یہ تمام تر اوصاف صرف اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ اپنے بندے کو خالی ہاتھ پھیرتے اسے شرم آتی ہے بندہ کو بھی چاہیئے کہ اس کے احکام دل وجان سے بجالائے اس کے کسی حکم کی خلاف ورزی نہ کرے عارف کو سزاوار ہے کہ تمام لواطن اماکن کا مشاہدہ کرے کہ ان سب کی حرکت ایک ہے۔ اس اسم کا ذاکر مستجیب اور موات ہے جلد اپنی مراد اور بھلائیاں پاتا ہے۔

نقش یہ ہے

ب	جیب	م	ال
۳۹	۳۲	۱۱	۴
۳۳	۱۳	۱	۱۰
۳	۵	۳۴	۴۱

جو مانگو ملتا ہے کسی حاکم کو مہربان کرنا جس حاکم کا دل جیتنا چاہو تو اس کی تصویر بنا کر خلوت میں اپنے سامنے رکھ کر یہ اسم پڑھنا شروع کرو اور اس نقش کو ایک نئی ٹھیکری پر لکھ کر اپنے پاس رکھو مقصد براری ہوگا اگر چاندی کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھو اور ذاکر بنے رہو تو اللہ مجیب سے جو مانگو گے مل جاتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِیْ اِذَا کَانَ مُخْلِصًا فِیْ دُعَائِہٖ وَمُسْعِفُ الْمُضْطَرِّیْنَ بِالْاِجَابَۃِ قَبْلَ سُؤَالِھِمْ لَا تَکُ عَالِمُ بِحَاجَۃِ الْمُحْتَاجِیْنَ بِمَا سَبَقَ فِیْ عِلْمِکَ الْقَدِیْمِ مِنَ الْاُمُوْرِ الْمُقَدَّرَاتِ وَنُفُوْذُ مَا قَضَیْتَ مِنَ الْاِرَادَاتِ الْمُحْکَمَاتِ وَاسْرَاعِ اَمْرِکَ فِیْ اَقْطَارِ الْاَرْضِ وَطَبَقَاتِ السَّمٰوٰتِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُجِیْبَ دَعْوَتِیْ وَتُسْرِعَ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ وَتَکْشِفَ عَنِّیْ شَرَّ مُلِمَّاتِیْ وَتَامَنُ رَوْعَاتِیْ وَ مَخَافَاتِیْ وَتَسْتُرُ مَنْ اَرَادَ صَفْرَاتِیْ وَتَرْفَعُ دَرَجَاتِیْ اِلٰی غَایَۃِ غَایَاتِیْ اَنْتَ مُنْتَھٰی غَایَاتِیْ مِنْ جَمِیْعِ جِھَاتِیْ وَکُلِّ تَوَجُّھَاتِیْ یَا اَللّٰہُ یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ

اسم الواسع کے خواص و اعمال (مشکلات کا حل تنگی سے فراخی)

لفظ واسع کا مادہ سعت ہے۔ سعت کبھی دنیا کی طرف مضاف ہوتا ہے۔ اور کبھی خالق کی طرف خالق حقیقی اسقدر وسیع ہے کہ اس نے اپنے وجود اور ادراک سے حقائق معلومات کا احاطہ کیا ہے۔ اور احسان وانعام اسی کا ہے اور تقدیس و توصیف سب اسی کے لیے ہے۔ اور بے شک اللہ ہی واسع مطلق ہے۔ اگر اس کے علم کو دیکھا جائے تو وہ لا انتہاء ہے اگر اس کے کلمات لکھنے کے لیے سات سمندروں کے پانی کی سیاہی بنا کر اور تمام روئے زمین کی روئیدگی کے قلم بنا کر لکھا جائے تو یہ سیاہی اور قلم سب ختم ہو جائیں گے۔ لیکن اس کے کلمات ختم نہ ہونگے اگر حقیقتاً لکھا جائے تو نہ سمندر ہے اور نہ روئیدگی ہے۔ بلکہ سب اسی وسیع اور وسیع پاک و بزرگ کی تجلیاں ہیں۔

واسع وہی ہے۔ جس کی انتہا نہیں جو ذات باری تعالیٰ ہے۔ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا ۔ بندہ کو چاہیئے کہ اس اسم واسع سے اخلاق و علم اور کشادگی کے کشف کرے جب ذاکر اپنے باطن میں قبول ایمان کی کشادگی محسوس کرے تو یقین کر لے کہ مقام وسع اسے نصیب ہوا اور اصل باطنی کشادگی نورانی ہوتی ہے ایک کشادہ اور وسیع مکان میں اسم واسع ہر نماز کے بعد اعداد بسط کے مطابق ذاکر کے پاس مؤکل خواب یا بیداری میں آتا ہے۔ اور ذاکر کے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں تنگی سے فراخی نصیب ہوتی ہے۔ جس شخص کے نام کے اعداد اس کے برابر ہوں اس کے لیے یہ اسم اعظم ہے۔

ع	س	وا	ال
٦	٣٣	٦٩	٦١
٣٣	٩	٥٨	٢٨
٥٩	٩٧	٣٤	٨٨

مریض صحتیاب ہوتا ہے اسے لکھ کر کسی مکان یا دوکان یا تھیلی میں رکھیں تو برکت ہو اگر انگوٹھی پر کندہ کر کے اسے پہنے تو اس کی جملہ مرادیں پوری ہوں سودای کو بھی اس کا ذکر موجب صحت مندی ہے۔ ذکر یہ ہے۔ نقش الواسع یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاسِعُ الْمُحِيْطُ بِدَقَائِقِ الْمَعْلُوْمَاتِ الَّذِيْ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ اَثَرُ الضَّمَائِرِ وَالْخَوَاطِرِ الْخَفِيَّاتِ اَسْئَلُكَ بِقُوَّةِ قُدْرَتِكَ عَلٰى بَذْلِ الْاِحْسَانِ بِدَوَامِ الْفَضْلِ عَلَى الْعِبَادِ وَالْاِمْتِنَانِ اَنْ تُوَسِّعَ مَكَارِمَ اَخْلَاقِيْ وَمَعَارِفِيْ وَاَنْ تُوَفِّيَ مَعْلُوْمِيْ مَا يَسَعُ اِسْرَارِيْ وَمَوَارِدِيْ لِتَجَلِّيْكَ وَتُضَاعِفَ اَنْوَارِيْ بِنُوْرِ عِنَايَتِكَ اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ عَلَيَّ الْخَيْرَاتِ وَادْفَعْ عَنِّي الْمَضَرَّاتِ يَا اَللّٰهُ يَا وَاسِعُ يَا حَلِيْمُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُوَسِّعَ عَلٰى كُلِّ اَمْرٍ ضَيِّقٍ بِفَرَجٍ مِّنْكَ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ ۔

اسم الحکیم کے خواص

اسم حکیم کے معنی قرآن کی اس آیت میں ہیں لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞ اسم حکیم کی خاصیت ہے کہ اس کو ہمیشہ پڑھنے والا جس عقلی امر کا ارادہ کرے وہ اسے حاصل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ يَا مَوْلَائِيْ يَا دَائِمُ يَا مَوْلَائِيْ يَا عَلِيْمُ يَا مَوْلَائِيْ يَا حَكِيْمُ ، حِكْمَتُكَ بَالِغَةٌ لِاَمْرِكَ لَا رَادَّ لِاَمْرِكَ وَلَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِكَ فَمِنْ قَوْلِكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ فَهٰذِهِ الْحِكْمَةُ الْبَالِغَةُ فِي الْمَخْلُوْقَاتِ اَسْئَلُكَ يَا حَكِيْمُ بِالْحِكْمَةِ وَمَا حَوَتْ مِنْ بَدَائِعِ الصُّنْعِ وَمُمْكِنَاتِ الرَّحْمَةِ وَسَوَابِغِ النِّعْمَةِ اَنْ تَفْتَحَ لِيْ خَزَائِنَ رَحْمَتِكَ بِمَنَابِعِ حِكْمَتِكَ مِنْ بِحَارِ فَضْلِكَ بِسَوَابِغِ نِعْمَتِكَ وَاَقِمْنِيْ عَلٰى اِقَامِ الْعُبُوْدِيَّةِ بِطَاعَتِكَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۔

اسم الودود کے خواص محبت کا مجرب عمل اور کسی کی محتاجی نہ رہے

ودود وہ ذات رحمٰن الرحیم ہے جو مخلوق سے بھلائی چاہتی ہے یہ اسم رحیم سے قریب ہے اور اللہ تعالیٰ کی پاک ذات ہے جو شخص اس اسم کے ذریعہ تقرب الٰہی حاصل کرتا ہے۔ وہ لوگوں کا محتاج نہیں رہتا اس اسم کے ذاکر سے تمام لوگ محبت کرتے ہیں۔ اس اسم کا ذکر خلوت میں ہر وقت استغفار سے کرنا چاہیئے ذکر یہ ہے۔ یَا وَدُوْدُ یَا رَحِیْمُ اس اسم کا مؤکل صہیائیل سُبْحَانَ الرَّحِیْمِ الْوَدُوْدِ ذکر کرتے ہوئے ذاکر کے پاس آتا ہے محبت الفت کے لیے اس اسم کے گرد سے مؤکل کا نام انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے تو محبت ہوتی ہے۔ جو کوئی مکمل محبت چاہے وہ ان اسماء کو محبوب کے نام کے الگ الگ حروف اور ان کے اعداد مربع میں لکھے الفت ہوگی اسماء یہ ہیں۔ اَلْوَدُوْدُ الرَّحِیْمُ وَالْعُطُوْفُ الرَّحِیْمُ اور دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۃ اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ ۳ اَنْتَ الَّذِیْ اَعْلَنْتَ سِرَّ الْمَحَبَّۃِ وَالْمَوَدَّۃِ فِیْ قُلُوْبِ اَھْلِ الْاِیْمَانِ وَتَجَلَّیْتَ بِالنُّوْرِ الْقَائِمِ وَالسِّرِّ الدَّائِمِ عَلَی الْاَرْوَاحِ فَاَلَّفْتَ الْاَشْبَاحَ وَتَجَلَّیْتَ بِاِسْمِکَ الْوَدُوْدِ عَلَی الْاَرْوَاحِ بِسِرٍّ سَرَیَانِ حُبِّکَ فِیْ جَمِیْعِ خَلْقِکَ کَمَا اَلْقَیْتَ الْوَحْیَ فِیْ قَلْبِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّۃَ اِسْمِکَ الْوَدُوْدِ اِنَّکَ اَنْتَ الْمَحْمُوْدُ وَالْمَعْبُوْدُ اَجِبْ یَا مَلِکُ صَھْیَائِیْلُ الْوَحَا الْعَجَلُ۔

اللہ تعالیٰ اس ذاکر کے لیے لوگوں کے دل نرم کر دیتا ہے اور اس کے ذاکر کی دعا جلد قبول ہوتی ہے اور اس کی مرادیں بر لاتا ہے۔

اسم المجید کے خواص

مجید وہ ذات بزرگ ہے جو بے انتہا ہی بخشش والی ہے جس کے شرافت ذاتی کے ساتھ ساتھ افعال بھی شریف ہوں اسے مجید کہتے ہیں۔ العدۃ مجد الاماجد اور مجید ہے مجید اسم مبالغہ ہے جس کے معنے جلیل اور کریم میں اور ان دونوں اسماء کے معنی پہلے بیان کیے گئے ہیں۔ اگر اسم باعث کو اس کے ساتھ رات دن پڑھیں تو خلائق میں اعلیٰ مرتبہ حاصل ہو۔ حصول رزق کے لیے اسم رزاق کے ساتھ اسم مجید کا ذکر مناسب ترین ہے۔

عہدہ دوبارہ حاصل ہونا جس شخص کا عہدہ کم کر دیا ہو وہ اسکو چاندی کی تختی پر مع اسم مؤکل کندہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور اسم جلیل کے ساتھ ذکر اسم مجید کا کرے تو عہدہ دوبارہ حاصل ہوگا اگر سالک ورد رکھے تو ہر تمنا پوری ہوگی ذکر یہ ہے: نقش یہ ہے۔

د	جی	م	ال
۳۱	۳۰	۱	۱۶
۳۹	۴۲	۱۵	۲
۱۴	۳	۳۲	۳۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۃ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَجِیْدُ ذُو الشَّرَفِ الْوَاسِعِ الْجَلِیْلِ الْمُفِیْضِ عَلَی الْعِبَادِ بِالْمَجْدِ وَالْعَطَایَا الْمُتَزَایِدَ فَاَنْتَ تَشْرُفُ ذَاتِکَ لِحُسْنِ فِعْلِکَ وَنَضِیْکَ الْجَمِیْلِ فِیْ وُدِّکَ بِمَقَامِ الْاِسْلَامِ وَقَدْ مَجَّدَکَ کُلُّ طَوْدٍ مِنَ الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اَسْئَلُکَ بِشَرَفِ مَجْدِکَ یَا مَاجِدُ عَلٰی اَھْلِ الْمَمَاجِدِ بِعُلُوِّ جَلَالِہٖ یَا مَاجِدُ عَلٰی اَھْلِ الْمَجْدِ یَا وَحِیْدَ بِہٖ کَلَامِکَ الْقَدِیْمِ الْوَاجِبِ الْوَاحِدِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُلَاحِظَنِیْ بِشَرَفِ مَجْدِکَ الْجَلِیْلِ وَتُدِیْمَ عَلَیَّ اِحْسَانَکَ

بِفِعْلِكَ الْجَمِيْلِ وَاجْعَلْنِيْ بِحُسْنِ الطَّاعَةِ وَالْاِقْبَالِ مَجِيْدًا وَمَعَ اَحْبَابِكَ مَشْهُوْدًا اَوْ بِاَوْلِيَائِكَ وَرُسُلِكَ شَهِيْدًا اَوْ بِتَحْنِيْنِيْ مَرْدَانِيَّتِكَ وَحِيْدًا يَا اَللّٰهُ يَا مَجِيْدُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ عَبْدِكَ رَطْيَائِيْل اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

اسم الباعث کے خواص

باعث وہ ذات عالیشان ہے جو پریشان حالوں کی دعا قبول کرتا ہے اور ان کی بے چینی دور کرتی ہے۔ اور یہ ذات اللہ تعالیٰ کی ہی ہے۔ اللہ سے دعا کرنے والے چار قسم کے ہیں۔ ایک جو حالت اضطرار میں دعا کرتا ہے ایسی دعا جلد قبول ہوتی ہے دوسری دعا ربانی ہوتی ہے جس میں دعا کرنے والا پوری طرح کام نہیں لیتا ہر دعا میں اخلاص ہونا ضروری و لازمی ہے تاکہ سختیوں پر صبر عطا ہو۔ تیسرا وہ شخص جسے شدت سے فقر و فاقہ ہو وہ دعا کرے تو اللہ قبول کرتا ہے۔ چوتھا وہ شخص ہے جو اللہ سے بکثرت دنیا ملنے اور عمر بڑھنے کی دعا کرتا ہے۔ یہ شخص مغرور رہا کیونکہ اس نے ایسے کام میں اپنا وقت برباد کیا جو ہرگز اللہ تعالیٰ سے دعا کے قابل ہی نہ تھا۔

بہتر یہ ہے کہ اللہ سے رزق میں برکت کی دعا کی جائے اور نیک کاموں کی توفیق طلب کی جائے۔ اور مومنوں کے لیے امداد مانگی جائے حضرت عمر خراسانی سے حکایت ہے کہ ایک سال میں حج کے لیے جا رہا تھا۔ میں ایک کنوئیں میں گر پڑا میں نے اپنے دل میں کہا میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور سے فریاد نہیں کروں گا اور چند لوگوں کا وہاں سے گزر ہوا میں نے کچھ بھی نہ کہا پھر کچھ لوگ آئے جو اس کنوئیں کا منہ بند کرنا چاہتے تھے تاکہ اس میں کوئی نہ گر پڑے چنانچہ انہوں نے کنوئیں کے منہ پر ایک پتھر رکھ دیا اور مٹی ڈال کر چلے گئے۔ اور میں کنوئیں میں خاموش بند ہو گیا۔ ان لوگوں کے جاتے ہیں ایک درندہ نے وہ مٹی اور پتھر ہٹا دیئے۔ اور اپنی دم کنوئیں میں لٹکا کر بیٹھ گیا۔ میں اس کی دم پکڑ کر اوپر آ گیا میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ایک غیبی آواز آئی تو نے خاص ہم سے فریاد کی ہم نے تجھے نجات دی جس کا تجھے شان گمان بھی نہ تھا۔

سالک کے لیے لازمی ہے شریعت پر مضبوطی سے عمل کرے قضائے الٰہی پر راضی ہو کسی امر پر معترض نہ ہو اور صدمہ پر صبر کرے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا ہے فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ اسم باعث کی تاثیر یہ ہے۔

سختی سے خلاصی

سختی میں جو شخص اس کا ذکر کرے تو اللہ اس کو خلاصی دیتا ہے۔ اگر اسم فتاح کے ساتھ اسم باعث پڑھے تو اس کا مؤکل بغتیائیل آ کر ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ اگر اس مؤکل کا نام لکھ کر کسی مکان میں رکھا جائے تو بہت برکت اور فائدے ہوتے ہیں۔ ذکر یہ ہے۔

ال	با	ع	ث
۷۱	۴۹۹	۳۲	۲
۸	۶۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۴۹۷	۶۹

نقش اسم الباعث یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاعِثُ عَلَى الْاِطْلَاقِ فِيْ كُلِّ الْاَحْوَالِ اَوْجَدْتَ الْاَشْيَاءَ مِنْ تَطِيْفِ بَسِيْرًا لْمَاءِ السَّيَّالِ وَبَعَثْتَ كُلَّ رُوْحٍ اِلٰى جَسَدِهٖ بِاَمْرِكَ الْعَزِيْزِ الْمُتَعَالِ فَعَرَفْتَ بِلَطِيْفِ الْاَرْوَاحِ فِيْ كَثِيْفِ الْاَشْبَاحِ عَلٰى مَا اَخْتَرْتَ مِنَ الْفَسَادِ وَالصَّلَاحِ فَاِذَا تَكَامَلَ نَبْضُ كُلِّ لَطِيْفٍ وَتَنَاهِيْ فِيْهِ اَعْدَدْتَ لِكُلِّ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ وَبَعْثَ مَوَاطِنَ مِنَ الْقُبُوْرِ لِتَحْصِيْلِ مَا حَوَتْ اِسْرَارِ الصُّدُوْرِ بِمَا سَبَقَ مِنْ جَرَيَانِ الْقَلَمِ

فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ الْمَسْتُوْرِ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ بُرْھٰنِ الْبَعْثِ الْعَظِیْمِ وَمَا فِیْہِ مِنْ خَفَایَا الْاَمْرِ الْقَدِیْمِ اَنْ تَبْعَثَ لِیْ مِنْ سَرَائِرِ لُطْفِکَ مَا تَدْفَعُ بِہٖ عَنِّیْ قَضَایَا بِاِسْمِکَ وَتُوْجِبَ فِیْ خَفَایَا رَحْمَتِکَ وَنَوَاحِیْ حِفْظِکَ مِنْ لَطَائِفِ رَحْمَتِکَ وَصِفْ قَلْبِیْ بِوَصْفِ اِلٰھِیَّتِکَ لِیَطَّلِعَ عَلٰی فُؤَادِیْ سِرَّ حَیَاۃِ رَحْمَتِکَ یَا اَللّٰہُ یَا بَاعِثُ۔

اسم الشہید کے خواص

اسم شہید بھی اسم علیم ہی کی طرح ہے اس لیے کہ اس غیب اور شہادت دونوں صفات موجود ہیں غیب سے باطن اور شہادت سے ظاہر مراد ہے۔ اکل حلال کے ساتھ خلوت میں اسم باعث کا ذاکر ہر نماز کے بعد چالیس دن تک اس کے اعداد کے موافق پڑھے تو نورِ یائیل مؤکل حاضر ہوتا ہے جس کے ماتحت چار سردار ہیں یہ ذاکر سے حجابات اٹھا دیتا ہے۔ روحانی اشخاص ذاکر کو دکھائی دیتے ہیں۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَلشَّھِیْدُ عَلٰی کُلِّ ذَرَّۃٍ بِمَا اَظْھَرْتَ فِیْ عَالَمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ بِمَا جَرٰی بِہٖ قَلَمُ التَّفْصِیْلِ فِیْ صَفْحَاتِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ لِشَھَادَتِکَ عَلٰی کُلِّ ذَرَّۃٍ فِی الْمَوْجُوْدَاتِ وَبِقُدْرَتِکَ عَلَی الْمَوْجُوْدَاتِ وَبِمَا سَبَقَ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ مِنَ الشَّقَاوَۃِ وَالسَّعَادَۃِ وَبِمَا سَبَقَ فِی الْعِلْمِ الْمَکْنُوْنِ اَشْھِدْنِیْ بِفَضْلِکَ تَفْصِیْلَ الْمَقَامَاتِ الَّتِیْ ھِیَ مَقَامَاتُ الشُّھَدَاءِ وَاَشْھِدْنِیْ بِذٰلِکَ وَحَقِّقْنِیْ بِحَقَائِقِ الْمَعْلُوْمَاتِ یَا اَللّٰہُ یَا شَھِیْدُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ یَا اَللّٰہُ یَا شَھِیْدُ۔

امورِ خفیہ کا انکشاف اس اسم کے ذاکر پر اللہ تعالےٰ امورِ خفیہ واضح کرتا ہے اس کے مال و رزق میں برکت دیتا اور سینہ منور ہوتا اس کا سینہ نورِ باطن سے معمور کر دیتا ہے۔

اسم الحق کے خواص

اسم حق دراصل اللہ تعالیٰ کی زمینی تلوار ہے جس سے باطل کے پہاڑ قطع کیے جاتے ہیں باطل کی ضد کا نام حق ہے حق تعالےٰ نے موجودات کو جس طرح چاہا ظاہر کیا۔ اور ہر موجود کے لیے اپنے اسماء میں سے ایک اسم ظاہر پر حق کو محیط کر کے توحید فطرت کی جانب متوجہ ہوا اور اپنے اسم حق کے معانی و مفاہیم موجودات پر بسط فرمائے الحاصل اسم حق کا ذاکر عجائبات الٰہی مشاہدہ کرتا ہے۔ اور ایک ایک حرکت و نفس اور فعل دیکھتا ہے ذاکر جب اخلاص سے ریاضت و ذکر کرتا ہے تو مؤکل بر میائیل حاجت روائی کرتا ہے اور ذاکر کو حق و باطل میں تمیز ہو جاتی ہے۔ کسی بات کے سنتے ہی نتیجہ سے آگاہ ہو جاتا ہے۔ اسم حق کا ذکر قضائے حوائج کے لیے بہت سود مند ہے اس کا نقش جس ضروریات کے لیے باندھو مطلب بر آری ہوتی ہے۔ اسم حق کے عدد جس شخص کے نام کے برابر ہوں اور وہ اسے پڑھتا رہے تو عجائبات قدرت زیر نظر آتے ہیں۔

ق	ح	ل	ا
۲۹	۳	۹۹	۹
۳	۳۳	۶	۹۸
۷	۹۷	۴	۳۰

مرض سے شفا اور ہر مراد پوری ہو اگر یہ چاندی کی تختی پر لکھ کر بلغمی مریض استعمال کرے تو صحت ہوتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُطْلَقُ الْمَوْجُوْدُ فِیْ حَقِیْقَۃِ ذَاتِکَ الْمَوْصُوْفِ، بِحَقَائِقِ الصِّفَاتِ الْحُسْنٰی فِیْ تَدَّوُ سَیِّتِکَ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ اَنْوَارِ اَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی اَنْ تُحَقِّقَ لِیْ کُلَّ حَقٍّ فِی الْوُجُوْدِ وَتُبْطِلُ لِیْ کُلَّ بَاطِلٍ مَعْدُوْمٍ وَّمَفْقُوْدٍ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ وُجُوْدِکَ الَّذِیْ حَقَّقَتْ بِہٖ حَقَائِقَ صِفَاتِکَ اَنْ تَرْفَعَ فُؤَادِیْ بِحَقِّ الْحَقِّ اِلٰی شُھُوْدِ حَقَائِقِ ذَاتِکَ فَاَکُوْنَ بِکَ مَعَ وُجُوْدِ بِکُلِّ مَوْجُوْدٍ اَبَدًا اَبَدًا یَاحَقُّ یَامُبِیْنُ۔

اسم الوکیل کے خواص

وکیل وہ ذات برحق ہے جو سب امور کا مالک ہے۔ وہ جس طرح چاہتا ہے ہر ہر کام کی تدابیر کرتا ہے۔ وکیل دو قسم کے ہوتے ہیں۔ اور ایک وہ جن کو بعض کام سپرد کیے جائیں۔ وہ تو ناقص ہیں اور ایک وہ جس کو کلیۃً سب کام سپرد کیے جائیں وہ کامل ہے اور یہ اللہ تعالےٰ ہے وکالت کے معنی کفالت کے بھی ہیں جو شخص اپنے باطن کی اصلاح مکمل ارادے اور خود اعتمادی سے کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو استغنا اور اطمینان کا نور عنایت کرتا ہے توکل کی پانچ قسمیں ہیں۔ پہلی قسم توکل مع لزوم قلب ہے اللہ تعالیٰ نے دلوں کے صحیفہ میں ایمان لکھا ہے اور اپنی روح سے اس کی مدد کی اور اسے مرتب کرکے ایمان میں اضافہ وقوت کے لیے اطمینان دیا ہے انسان اپنے ایمان کی ہر سانس میں زیادتی دیکھے تو یقین کرے توکل درست ہے یہ کیفیت دل میں دوام ذکر سے پیدا ہوتی ہے اور اسی سے متصل ایمان ثانی جو ان اعمال پر ایمان لانا ہے جو پر معرفت کا انحصار ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان کی نشانی معرفت کو قرار دیا ہے جس سے اس کا مومن ہونا ہو جاتا ہے ارشاد ہے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَہٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَکَرَّہَ اِلَیْکُمُ الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ۔ اللہ تعالیٰ ہی نے ایمان کو تمہارا محبوب بنادیا اسے تمہارے دلوں میں زینت دی اور کفر وفسق اور گناہ کو تمہارے لیے ناپسند کیا ہے ان علامات سے ایمان کا وجود معلوم ہو جاتا ہے اور یہی فطرت اولی کا منشاء ہے۔ جو حقیقت میں حق کے خصوصی عارف کی علامت ہے۔

ہر ایک اپنا رزق پورا کر لیتا ہے حضور اکرم نے فرمایا روح القدس نے میرے دل میں یہ بات ڈالی کہ کوئی شخص نہیں مرتا جب تک کہ اپنا رزق پورا نہ کرے اس اسم کے ذاکر کے لیے ظاہر وباطنی تقویٰ سے آراستہ ہونا لازمی ہے اور بالکل اللہ کی جانب متوجہ رہے یہ اسم اولیاء کا ذکر جو تعرف اسم اللہ کرتا ہے۔ وہی تعرف اسم حق بھی کرتا ہے کیونکہ دونوں کے اعداد مساوی ہیں اعداد کے موافق خلوت میں ذاکر کے پاس اسم حق کا مؤکل کہیائیل حاضر ہوتا ہے اور ذاکر کو معارف سے آگاہ کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَکِیْلُ الْحَافِظُ بِمَا اَوْجَدْتَ فِیْ تَفَاصِیْلِ الْجَبَرُوْتِ وَفِیْ عَالِمِ الْمُلْکِ الْمُلْکِ وَخَزَائِنِ الْمَلَکُوْتِ الْمُتَصَرِّفِ فِیْ عَالِمِ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ وَاَسْرَارِ الْعَوَالِمِ الْعِلْوِیَّۃِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَشْھَدَ فِیْ مَقَامِ التَّوَکُّلِ وَاَشْھَدَ فِیْ ذَالِکَ فِیْ اُمُوْرِیْ مِنْ عَالِمِ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ وَاَسْرَارِ الْعَوَالِمِ الْعِلْوِیَّۃِ اِلٰی عَالِمِ الْیَمُوْتِ وَاَنْ تُحَقِّقَ تَوَکُّلِیْ عَلَیْکَ وَاِعْتِمَادِیْ لَدَیْکَ لِاَکُوْنَ بِتَوَکُّلِیْ عَلَیْکَ مَسْتُوْرًا بِسِتْرِکَ الْوَافِیْ مَلْحُوْظًا بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِکَ الْاَسْنٰی بِاللّٰہِ یَاوَکِیْلُ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

اسم القوی کے خواص و اعمال

قوی وہ ذات مستحکم جو پوری قوت رکھتا ہو یقین کرلیا جائے قوت اور قدرت یہ دونوں اپنے موصوف کی صفتیں ہیں اللہ نے فرمایا ہے وَکَانَ اللّٰہُ قَوِیًّا عَزِیْزًا ط وَکَانَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ۔ اللہ تعالیٰ نے جس امر کا ارادہ کیا۔ اسے اپنی حکمت سے وجود کی حیثیت دے کر ایجاد کیا اور وجود شئے پر پُرقوت احسان کرکے اس کے مزاج میں بھی ایک مناقب قوت ودیعت کی۔ جس کی وجہ سے توحید اور امانت کا بار اٹھانے کے قابل ہوا اللہ تعالیٰ نے عرش کو عظمت اور رفعت کے ساتھ پیدا کر کے اپنی عظمت و جلال کی اس پر تجلی کی اور توحید پر قائم رہنے کی اسے قوت دی پھر لوح کو پیدا کرکے اسے بھی توحید کا حکم دیا پھر آسمان وزمین پیدا کرکے ان کو بھی توحید کا حکم فرمایا جو توحید کی تاب نہ لاسکے وہ دریائے جبروت میں سرگذشت ہوگئے ان سرگشتگان کو پھر اللہ کریم نے انوار الٰہی کی تب وتاب سے انہیں توحید کی دولت دی جس کے باعث یہ سرگشتہ وگم ہوگئے اس نے اپنے انوار سے ان کو ایک نور بخشا تب انہوں نے توحید کی نفس اور اجسام کی صورت میں جلوہ گر ہوئے اللہ کی ہیبت سے آسمان وزمین پہاڑ دریا اور ہوا سب کے سب اپنے محل اور مقام پر قائم ہوئے اللہ کے احکام کی تعمیل کے لیے رات اندھیری اور دن روشن ہے جنت درخشاں اور دوزخ مشتعل ہے کان سنتے اور آنکھیں دیکھتی ہیں زبانیں گویا اور حواس حرکت کرتے ہیں خلوت میں اسم قوی کے ذاکر کے تمام حواس اور اعضاء میں قوت ظاہر ہوتی ہے۔

کمزوری دور ہو قوت حاصل ہو

شخص کمزور بطریق تکسیر اسے لکھ کر روزانہ نہار منہ بارہ دن پئے تو قوت آجاتی ہے۔ خلوت میں ہر نماز کے بعد اس کے اعداد بسط ذکر کرنے والے کے پاس مؤکل یہ آتا ہے۔ اس مؤکل کے ماتحت چار اعلیٰ سردار ہیں اس مؤکل کا نام موطیائیل ہے ذاکر کے پاس خواب یا بیداری میں آتا اور اس کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ اور بیماری صحت سے بدل جاتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَوِیُّ الشَّدِیْدُ التَّمْکِیْنُ الْمَتِیْنُ قُوَّتُکَ قَادِرَۃٌ عَلٰی جَمِیْعِ الْمَقْدُوْرَاتِ وَشَانُکَ ھُوَ شِدَّۃُ نُفُوْذِ الْقُدْرَۃِ عَلٰی اِظْھَارِ الْمُخْتَرِعَاتِ اَسْئَلُکَ بِشِدَّۃِ قُوَّتِکَ عَلٰی اِیْجَادِ الْکَائِنَاتِ وَتَکْوِیْنِ الْمُحْدَثَاتِ بِالتَّفْصِیْلِ التَّنَافِیْ مِنْ اَسْفَلِ السَّافِلِیْنَ اِلٰی عِلِّیِّیْنَ اَسْئَلُکَ اَنْ تَشُدَّ قُوَّۃَ قَلْبِیْ عَلٰی مُخَاطَبَۃِ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِیَّۃِ وَقُوَّۃَ لُبِّیْ عَلٰی تَرْکِیْبِ الْمُخْتَرِعَاتِ وَالتَّکْوِیْنِ وَاَنْ تَشُدَّ قَلْبِیْ بِمَحَبَّتِکَ وَاَعْضَائِیْ عَلٰی طَاعَتِکَ وَاِخْلَاصِ سِرِّیْ فِیْ مَعْلُوْمَاتِکَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَھْلِ کَرَامَتِکَ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ اَرَادَ بِیْ بِسُوْءٍ وَّمَکْرُوْہٍ وَرُدَّ مَکْرَہٗ بِوَجْہِ الْخِذْلَانِ وَالْعَجْزِ اِلَیْہِ اَللّٰھُمَّ لَا تُمْھِلْہُ وَعَاجِلْہُ قَبْلَ اَنْ یُّعَاجِلَنِیْ وَخُذْہُ قَبْلَ اَنْ یَّاْخُذَنِیْ یَا اللّٰہُ یَا قَوِیُّ یَا مَتِیْنُ

اللہ تعالیٰ اس اسم کے ذاکر کو حاسدوں کے مکر اور ظالموں کے شر سے بچاتا ہے۔ اسم کے دوامی ذاکر کو اللہ تعالیٰ ثابت قدم رکھتا ہے۔ اور مؤکل سے گفتگو کرنے کی اسے پوری قوت عطا کرتا ہے۔

اسم المتین کے خواص

جس شخص کا نام متین ہو وہ بڑا ہی حلیم ہوتا ہے کیونکہ متانت یا سختی اجسام کے لیے خاص ہے حق تعالیٰ ان سے پاک اور منزہ ہے۔

متین کے معنے یہ ہیں متانت قوت کی شدت پر دلالت کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کا پورا کرنے والا اور پوری قوت والا ہے اللہ تعالیٰ چونکہ زبردست قوی ہے۔ اس لیے متین کے معنے قوت قرار دینا زیادہ مناسب ہیں اکل حلال کے ساتھ اس اسم کو اسم قیوم کے ساتھ پڑھنے پر مؤکل آکر دو خلعت پہناتا ہے اور ضرورتیں پوری کرتا ہے اس اسم کا ذاکر اگر فاسق کو دیکھے تو وہ فوراً توبہ کرتا ہے۔ اور اگر عجب اشیاء کا کشف ہوتا ہے۔

شکل نقش المتین یہ ہے

قوت اور چلنے پھرنے کی طاقت جب قمر نحوست سے خالی ہو اس وقت نقش لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جس کی قوت کسی مرض کی وجہ جاتی رہی ہو صحت ہوتی ہے۔ نقش کے گرد مؤکل کا نام بھی لکھنا چاہیئے۔ جو بچہ چلنے پھرنے کی سکت نہ رکھتا ہو اس کے گلے میں باندھنے سے وہ جلد چلنے پھرنے لگتا ہے مسافر کو بھی سفر میں یہ نقش رکھنے سے راہروی کی تکلیف سے نجات پاتا ہے اس کا ذکر اسم قوی میں بیان کیا گیا ہے۔

ال	م	ت	ین
۴۵۱	۵۹	۳۲	۳۹
۵۸	۱۹۸	۴۲	۸۳۳
۴۱	۳۴	۵۷	۳۹۹

اسم الولی کے خواص

ولی وہ ذات حمیم ہے جو بندوں کے امور کا متولی و مجیب ہے اور اپنے اولیاء کی بخشش کرتا ہے فرمان ہے۔ ذَالِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكَافِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ۔

اللہ مسلمانوں کا مددگار اور کارساز ہے اور کافروں کا کوئی کارساز نہیں ولی کے معنے نزدیک کے ہیں جب کہ فرمایا ہے۔ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى بارش کو بھی ولی کہتے ہیں کیونکہ بارش ہی کی وجہ سے زمین زندہ ہوتی ہے اور سبزیاں اگاتی ہے۔ نیز مرنے والے کے بعد جو شخص رہتا ہے۔ وہ ولی کہلاتا ہے۔ اور حاکم کو بھی ولی اور والی کہتے ہیں۔

يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت بندوں پر کی ہے۔ اس سے پہلے ان کے دلوں میں کفر کی آگ شعلہ زن تھی اللہ نے باران رحمت بھیجی یعنی ایمان عنایت کیا پھر تھوڑی تھوڑی بارش ہوتی رہی سبزہ کے بعد قاعدہ ہے کبھی ہلکی بارش ہوتی ہے اور کبھی تیز کیونکہ اللہ اپنی مخلوق کے احوال سے خوب واقف ہے۔ وقت پر ایمان کو غذا پہنچاتا ہے۔ وقت پر مینہ برساتا ہے اور روئیدگی اپنے کمال تک پہنچتی ہے یہی مثال پنجوقتہ نمازوں کی ہے۔ جو روحانی غذا اور نورانی دریا ہیں نماز پڑھنے والا ہمیشہ دریائے رحمت و نور میں نہاتا رہتا ہے اور ملکوت سے غذا حاصل کرتا رہتا ہے اور جب وصل کی خواہش ہوتی ہے تو فرائض کے ساتھ نوافل ادا کرتا ہے اور اسے اپنا معمول بنا لیتا ہے ایسے شخص کا نامہ اعمال لپیٹ کر ذخیرہ کے طور پر رکھ دیا جاتا ہے۔ جیسے گرانی غلہ کے لیے غلہ روک رکھتے ہیں۔ یہی راز نماز اور روزہ کے بارے میں ہے۔ جیسے ہر ساعت بڑھتی ہے ایسے ہی مہینہ اور سال بڑھتے اور اعمال نیک ذخیرہ آخرت بنتے جاتے ہیں۔

مرض ام الصبیان دور ہو اسم ولی کی ریاضت سے مقامات بلند اس ذاکر پر کھلتے جاتے ہیں۔ ابواب خیر کھلتے اور تکلیفیں دور ہو جاتی ہیں۔ خلوت میں باشروط و مقررہ داخل ہو کر اسم اور آیت اتنی پڑھو کہ مستغرق ہو جاؤ تو مؤکل کھیا ئیل خواب یا بیداری میں تمہاری استعداد کے موافق تمہارے پاس آتا ہے۔ اور تمہارا شمار اولیاء میں ہوگا۔ اس اسم کے اکثر خواص میں سے چند یہ ہیں۔ ام الصبیان کے

لیے بچہ کے گلے ڈالیں محفوظ رہے گا حاکم سونے یا چاندی کی انگوٹھی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں میں اس کا رعب داب غالب رہے گا۔ جو شخص سر تداخل سے واقفیت پیدا کرے گا۔ وہ دنیا میں جس طرح چاہے تصرف کر سکے گا۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَوَالِیْ الْمُتَوَالِیْ لِاَمْرِ الْعِبَادِ بِاَحْسَنِ التَّدْبِیْرِ وَالتَّفْصِیْلِ عَلٰی کُلِّ شَھِیْدٍ فَبَشِّرْھُمْ لَہٗ بِرَمِیْقِ التَّحْرِیْرِ اَجَبْتَ قَوْمًا وَنَظَرْتَ اِلَیْھِمْ بِاللُّطْفِ وَاللّٰہُ بَیْرُ وَخَفِیْتَ الْاٰخِرِیْنَ وَنَظَرْتَ اِلَیْھِمْ بِعَیْنِ الْبُعْدِ وَالتَّحْقِیْرِ اَسْئَلُکَ یَا مَنْ یَتَجَلّٰی وَیَا مَنْ یُحْیِ الْعِظَامَ الْعِظَامَ الرَّمِیْمَ ؕ اَسْئَلُکَ بِالْقُدْرَۃِ وَالْعِلْمِ الْمُحِیْطِ الْقَدِیْمِ وَمَا سَبَقَ فِیْہِ مِنْ تَفَاصِیْلِ النَّعِیْمِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ فِیْ خَاصَّۃِ اَحْبَابِکَ وَاَوْلِیَائِکَ وَفِیْ خَطَائِرِ التَّقْدِیْسِ وَاحْفَظْنِیْ مِنْ حِذْبِ الشَّیْطٰنِ وَمِنْ وَّسَاوِسِ اِبْلِیْسَ اَللّٰھُمَّ احْرُسْنِیْ بِوِلَایَتِکَ مِنْ اِکْتِسَابِ الْخَطِیْئٰتِ وَمِنْ تَوَلِّ الْمِحَنِ وَالْبَلِیَّاتِ وَاجْعَلْنِیْ اَھْلًا لِلْاِنْسِ بِکَ مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ مُنْعِمًا بِتَوْحِیْدِکَ مَعَ الْوَحِیْدِیْنَ یَا اَللّٰہُ یَا وَلِیَّ الْخَیْرَاتِ ۔

اسم الحمید کے خواص

حمید وہ ذات والا صفات ہے۔ تعریف کا سزاوار ہے اور جس کی تعریف معرّف نے خود آپ کی ہے۔ جلال و جمال و کمال کے بھی یہی معنی ہیں حمد بقا کی حقیقی ہے جو دوام کا راز و اساس ہے اسے باعث اللہ تعالیٰ نے آپ اپنی حمد و تعریف کی ہے اور عرش ذکر سے و قلم کو بھی حمد کرنے کا حکم دیا ان سب نے بشمول جملہ مخلوق اس کی حمد بجا لائی اور اللہ تعالیٰ نے سب کی حمد کو قرآن شریف میں جمع کر کے ارشاد فرمایا۔

آثار قرآن کریم میں بھی اَلْحَمْدُ ہے جس شخص نے حمد فی الجنۃ کا راز سمجھ لیا وہ حمد کتاب کو حمد جنت سے ملانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

سامان آخرت

حمد کی چار قسمیں ہیں۔ حمد تعظیم ہر حال میں حَمْد۔ الہامی حَمْد۔ اللہ کا آپ اپنی حمد کرنا جو کوئی حمد سے تقرب اسے لابدی ہے کہ حمد و ثنا الٰہی کرتا رہے کائنات کا ہر ذرہ گواہی دے رہا ہے۔ کہ حکمت الٰہی میں اسرار ہیں رنج و تکلیف کے وقت اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ۔ کہنا چاہیئے ہر چیز ذاکر کی تعریف کرے کسی کی برائی نہ کرے غیبت اور جھوٹ بالکل ترک کر دے غیبت کرے گا تو حمد قبول نہ ہو گی۔ اگر جسمانی عالم میں صحت پر شکر کرو اہل قلوب سے ہو تو اللہ کے فضل پر شکر کرو کیونکہ ایجاد سب سے زیادہ عظیم نعمت جس پر شکر کرنا واجب ہے۔ ذکر بکثرت کیا جائے دنیا میں آخرت کے لیے سامان مہیا کر لو ہمیشہ اور ہر آن وظائف و حمد الٰہی میں مشغول رہنا چاہیئے اگر اس اسم کا اعداد کے مطابق خلوت میں ذکر کرو تو مقصد حاصل ہوتا ہے۔ مرتبہ بلند اور مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ الْحَمِیْدُ حَمِدْتَ نَفْسَکَ بِنَفْسِکَ فِیْ اَزَلِ قُدْسِکَ ثُمَّ اَعْلَمْتَ الْخَاصَّۃَ مِنْ عِبَادِکَ بِحَمْدِکَ بِمَا وَلَیْتَھُمْ مِنْ لُطْفِ اُنْسِکَ وَاَظْھَرْتَ مِنَ الْاَنْعَامِ مَا اَوْجَبَ الْحَمْدَ وَالثَّنَاءَ مِنَ الْخَاصِّ وَالْعَامِّ عَلٰی مَمَرِّ الشُّھُوْرِ وَالْاَعْوَامِ بِھَیْبَۃِ الْجَلَالِ وَلُطْفِ اُنْسِ الْجَمَالِ وَبِتَمَامِ اَوْصَافِ الْکَمَالِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ عِنْدَکَ مَشْکُوْرًا مَحْمُوْدًا مُبْتَھِجًا بِقُرْبِکَ مَسْرُوْرًا بِنُوْرِ الْعَقْلِ مَعَ اُولِی الْاَلْبَابِ مَرْفُوْعًا عَنْ ظُلْمَۃِ الْحِجَابِ شَاھِدًا لِلْکَمَالِ وَالْجَمَالِ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ حَمِیْدٌ الْفَعَّالُ ۔

اسم المحصی کے خواص

محصی وہ ذات علیم ہے وبصیر جو ہر چیز کا اجمالی وتفصیلی علم رکھتا ہے اس اسم محصی کی بیان اسم علیم میں تفصیل موجود ہے اس محصی میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے۔ اس کے اعداد کے برابر ذاکر اسم محصی کے پاس خواب یا بیداری میں مؤکل آکر اس کی حاجت پوری کرتا ہے مؤکل یہ کہتا ہوا آتا ہے۔

اضافہ عقل وحافظہ وحقائق اشیاء کا علم اسم محصی کا ذکر حافظہ درست کرتا ہے نہار منہ تین ہفتہ تک پینے اور یا چاندی کی تختی پر کندہ کر کے گلے میں ڈالنے سے فہم وعقل میں اضافہ ہوتا ہے۔ ذاکر کو حقائق اشیاء اللہ عطا فرماتا ہے ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ مُحْصِی الْمَوْجُوْدَاتِ قَبْلَ وُجُوْدِھَا عَلَی الْقُبُوْرِ وَالْمِثَالِ وَاَنْتَ الْعَالِمُ بِمَثَاقِیْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ وَالْحُجُبِ الْعَوَالِیْ وَعَدَدِ النُّجُوْمِ وَاَوْزَانِ الْاَفْلَاکِ الثِّقَالِ وَاَوْزَانِ الْاَرْضِ وَالْجِبَالِ وَقَطْرِ الْبِحَارِ وَالْاَمْطَارِ وَجَمِیْعِ الْحَیَوَانَاتِ وَاَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدِ الرَّمْلِ وَالْاَحْجَارِ وَعَدَدِ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ وَعَدَدِ مَا یَصْدُرُ مِنْھُمْ مِنَ الْاَنْفَاسِ اَسْئَلُکَ بِعِلْمِکَ وَالْمُحْصِیْ لِجَمِیْعِ الْمَعْلُوْمَاتِ مِمَّا عَلَّمْتَنَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ وَمَا لَمْ نَعْلَمُہٗ مِنْ اِسْرَارِ الْمُغَیَّبَاتِ اَنْ تَسْتُرَ عَوْرَاتِیْ وَنَاصِرُ رُوْعَاتِیْ وَتَغْفِرَ سَیِّئَاتِیْ وَتُضَاعِفَ حَسَنَاتِیْ وَتَحْشُرُنِیْ مَعَ اَوْلِیَائِکَ وَاَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ وَتُعْلِیْ دَرَجَاتِیْ وَاَسْئَلُکَ اِنْ تَطْلِعَنِیْ عَلٰی حَقَائِقِ الْمَوْجُوْدَاتِ یَا اَللّٰہُ یَا مُحْصِی الْمَوْجُوْدَاتِ یَا رَبِّ۔

اسم المبدئ المعید کے خواص گم شدہ چیز کی بازیابی حاکم کی قوت وعزت وحکومت میں اضافہ

مبدی وہ ذات خلاق ہے جس نے از سر نو ہر چیز پیدا کی اور معید وہ ذات ازلی وابدی ہے جو عدم سے وجود میں لاتا ہے اللہ تعالیٰ ہی نے تمام مخلوق پیدا کی اور نیست کے بعد دوبارہ پیدا کرے گا۔ سب چیزوں کی ابتداء اور انتہاء کا مرجع صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

اسم مبدی کا مؤکل خفیائیل ہے۔ موافق اعداد پڑھنے والے کو حضوری اشیاء پیدا ہوتی ہے۔ اگر چیز گم ہوگئی تو اسی اسم کے اعداد کے برابر ذکر کرنے سے وہ چیز مل جاتی ہے۔ یہ اسم صالحین کا ذکر ہے۔ حاکم یا امیر کی چاندی پر لکھ کر پہننے سے عزت زیادہ ہوتی اور حکومت مضبوط ہوتی ہے اسم المبدی اور المعید کا مربع حرفی رکھنے والے کو منجانب اللہ قوت ملتی اور عزت دوبالا ہوتی ہے۔ ذاکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُبْدِیُٔ الْمُعِیْدُ بَدَاْتَ الْخَلْقَ وَاَوْجَدْتَھُمْ عَلٰی غَیْرِ شَکْلٍ وَّلَا مِثَالٍ سَبَقَ وَلَا دَلِیْلٍ وَتَعْدَادٍ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحَقِّقَ عَلٰی مَا اَبْدَعْتَ مِنْ اَنْوَارِ الْاَسْرَارِ وَلَطَائِفِ الرُّوْحَانِیَّۃِ وَاخْتَرَعْتَ تَفَاصِیْلَ اللَّطَائِفِ وَالْکَثَائِفِ الْجِسْمَانِیَّاتِ وَاَخْرَجْتَھَا مِنَ الْعَدَمِ وَجَعَلْتَھَا مَوْجُوْدَاتٍ لَمْ تَحْکُمْ عَلَیْھَا بَعْدَ وُجُوْدِھَا بِالْفَنَاءِ وَتُعِیْدُ مَا عَلٰی مَا تَشَاءُ مِنْ اَصْنَافِ اَعَادَتِ الْکَائِنَۃِ اَسْئَلُکَ نُفُوْذَ قُدْرَتِکَ عَلَی الْاَبْدَاءِ بِتَفَاصِیْلِ حِکْمَتِکَ اَنْ تُبْدِیَٔ فِیْ قَلْبِیْ لَطَائِفَ اَنْوَارِکَ تَشْھَدُ بِہٖ حَقَائِقِ اَسْرَارِکَ وَتُعِیْدُنِیْ اِلٰی خَطَائِرِ قُدْسِکَ فَاَکُوْنَ فِیْ قُرْبِکَ وَجَوَارِکَ اِنَّکَ اَنْتَ

اللّٰہُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ ۔

ان دونوں اسماء کے ذاکر کے لیے علوم اور خوبیوں کے دروازے کھل جاتے ہیں اور صراط مستقیم ملتی ہے۔

اسم المحی الممیت کے خواص

ان دونوں اسماء کے معانی ایجاد اور اختتام کے ہیں۔ وجود نام ہے حیات کا اس کے فعل کو امانت کہتے ہیں صرف اللہ تعالیٰ ہی موت و حیات کا خالق و مالک ہے۔ تمام شرائط کے ساتھ ان دونوں اسماء کا ذاکر نفس کو پاک وصاف کرتے ہوئے اہل حاجات کی ضرورتیں پوری کرتا ہے اور امت کی مصلحتوں کے کام کرتا ہے۔

اسم المحی کے ذکر سے عبادت دائمی کے راز حاصل ہوتے اور رازِ حیات سے واقف ہو کر حصولِ راحت کے کام کرتا ہے۔ اسم المحی کا مؤکل کہیائیل ذاکر کو دو خلعت پہناتا ہے جس سے قلب ذاکر کی حفاظت ہوتی اور اس کی نظر میں یہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ کہ بیمار کو دیکھے تو وہ تندرست ہو جاتا ہے۔

لوگوں میں عزت اور ابواب خیر مفتوح

اسم الممیت کے موکل کا نام عطیائیل ہے پلیگ کے زمانہ میں اس کی حکومت واضح ہوتی ہے بعض ان اسماء کو مع اعداد لکھ کر اپنے پاس رکھ کر جو دعا مانگو گے اللہ تعالیٰ پوری کرتا ہے۔ اور ان دونوں اسماء کے ذاکر کی لوگ بے حد عزت کرتے ہیں اور اس کے لیے ابواب خیر مفتوح ہو جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِیْ الْمُمِیْتُ
خَلَقْتَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاۃَ
حَتْمًا عَلَی الْعِبَادِ بِلَا ابْتِدَاءٍ
بِمَا تَخْتَارُ مِنَ الصَّلَاحِ وَ
الْفَسَادِ وَقَدَّرْتَ لِکُلِّ اَحَدٍ

رِزْقَہٗ وَاَجَلَہٗ وَاَخْتَرْتَ
اَقْوَامًا بِالْمَعَاصِیْ وَجَازَیْتَھُمْ
بِالْخِزْیِ وَالْاَخْذِ بِالنَّوَاصِیْ
اَسْئَلُکَ یَا مُقِیْمَ الْاَرْزَاقِ بِمَا
ثَبَتَ مِنَ الْاَزَلِ فِی الْاَزَلِ
وَبِقُدْرَتِکَ عَلَی الْاَحْیَاءِ

وَالْاَمْوَاتِ فَاَنْتَ الْمُتَّصِفُ بِالْبَقَاءِ وَالدَّوَامِ اَنْ تُمِیْتَ نَفْسِیْ مِنَ الشَّھَوٰتِ الْفَانِیَۃِ وَتُوْضِعَ مَسَاوِیْ فِیْ مُحَاسَبَۃِ الدُّنْیَا الصَّلٰوۃُ قَلْبِیْ بِمُحَاسَبَۃِ الدَّارِ الْبَاقِیَۃِ یَا اَللّٰہُ یَا مُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ ۔

نقش الحی اور الممیت یہ ہے۔

۴

ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت
ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا
م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل
ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م
ی	ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح
ی	ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی
ا	ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی
ل	م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا
م	م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل
م	ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م
ی	ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م
ت	ا	ل	م	ح	ی	ی	ا	ل	م	م	ی

اسم اَلحیُّ کے خواص عجیبہ

جاننا چاہیئے کہ یہ اسم قرآن شریف میں اس آیت میں ہیں یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ حیات کے معنی سِرّ الٰہی کے ساتھ گویائی کے ہیں۔ وہی ظاہراً اور باطناً حرکت ہے اسی سے لطف حرارت اجزائی اہوا ہو حرارت نفس و معدن سرادر تدریج قدیم سرطور ترابی ملکوت اور حیات جمادات وغیرہ کی ہے۔ حکمت اور قدرت الٰہی ظاہر ہوتی ہے اثبات توحید اور اقرار اللہ کا یہ راز دار ہے۔ حیٌّ کے فاعل مدرک کے بھی آتے ہیں۔ بشروط اسم کا ذاکر اگر اپنی سانس جاری رکھے اور کھانا کم کھائے کیونکہ سیر شکمی کے باعث نور و حکمت کی گنجائش نہیں ہوتی۔ حضور اکرم نے فرمایا ہے لاتدخل الحکمۃ معدۃ مُلِئَت طَعَامًا ۔ طہارت اور پاکیزگی سے جسم کو زندہ رکھتے ہوئے اور اسم قیوم کا بھی اسم الحی کے ساتھ ذکر کرے تو مؤکل جیسا ئیں آکر ذاکر کو دو خلعت پہناتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۃ انت الحی الازلی الذی حیاتہ ضد الموت وزوال الباقی الابد الذی لا یطلع علیہ شیٔ من الحی والفقر والانتقال انت القدیم الجبار ابدیٌّ الوجود بالذات السرمدیۃ صفاتک ان نسئلک والصفات اسئلک بقدیم حیاتک وابدیۃ وجود ذاتک وسرمدیۃ صفاتک ان تسئلک فی مسالک الخواص من العباد والصدیقین من الاولیاء ان تجعلنی مع السادۃ الاصفیاء واحی قلبی یا حی فی کل

حي يا قيوم القائم بتدبير الموجودات من العوالم والخلائق في كل عالم اسئلك ان ترزقني ما قسمت لي به في علمك من غير مغنة وحركة المتحركات وسكنة المسكنات وجعلت كل شئ في رتبة من المخالفات والمساوات من كل صامت وناطق اسئلك بسر القيومية في الموجودات وبقوة الايجاد في خفايا المعلومات واحاطة نعوذ القدرة في الملك الملكوت اسئلك ان تقيمني بطاعتك في كل مايذهب عني ظلمة البشرية ويكشف لي سر القيومية وترفعني الى المواصلات القلبية يا الله يا حي يا قيوم۔

اسم القیوم کے خواص

اسم قیوم لفظ قیام سے اسم مبالغہ ہے۔ اور قائم و قیوم وہ ذات مجمع الکمال ہے جس سے تمام موجودات قائم ہیں بغیر وجود قیوم کے کسی چیز کا بھی تصور نہیں کیا جا سکتا اللہ ہی قیوم ہے۔ اس لیے کہ اس کا قوام ذاتی ہے اور ہر چیز کا قوام اس کے ہاتھ میں ہے۔

اسم قیوم کی تجلی دنیا و آخرت میں ظاہر ہے۔ اس کا ظاہر ایک دائرہ ہے جو وجود میں ظاہر ہے اسی نے ملکوت آسمان و زمین کے عوالم اپنی قیومیت سے قائم اسی نے عقول اور عالم ملکوتی اطوار کی تدبیر بھی اسی کی قیومیت قائم ہے۔ اسی نے عقول اور عالم ملکوتی فطرت کو قائم کیا اور عہد لیا اور تمام اجسام وارواح و جنت و دوزخ وغیرہ کو قائم کیا۔ اللہ تعالیٰ مشہود و شہود جمع کے ساتھ قائم ہے۔ سال دنوں سے دن ساعات سے ساعات درجوں سے درجے دقیقوں سے اور دقیقے۔ ثانیوں سے مرتب و قائم ہیں۔

اللہ قیوم لطائف عوالم میں ذات سے ظاہر ہے اور یہی طریقہ قائم ہے۔ علقہ نطفہ سے قائم ہوا علقہ سے گوشت و ہڈیاں اور عضلے اور عضلے روابط سے اور اغشیہ شباک سے اور شباک عروق سے اور عروق گوشت خون سے قائم ہوا اور خون کی صفت قومیت سے قائم ہے اللہ تعالیٰ کی صفت اختراعی یہ ہے کہ غذا جسم سے اور پانی رحمت سے اس کی خلاقی صفت ہے۔ اور ان سب چیزوں سے قائم مجموعہ کا نام انسان ہے۔ یعنی انسان اپنے عوالم سے قائم ہے۔ جس کی وجہ اعمال علم سے قائم ہیں۔ اور طلب علم دراصل طلب ترک سے ہے قائم اور دوائر عالم مع اطوار و احکام و افعال و دوائر مقام صرف راز قیومیت سے قائم ہیں اسم قیوم دار آخرت میں بھی ظاہر ہوتا ہے۔ اس دنیا میں اس راز کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ نے کرسی میں ودیعت کیا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ آسمان و زمین کو اٹھائے ہوئے ہے۔

اصل اسم اعظم کونسا ہے اور اسمائے الٰہی کا علم بڑا جلیل القدر ہے۔ اسم اعظم کی بابت علماء کے اکثر اقوال میں اضطراب میں جس اسم کے ساتھ دعا کی جائے اور قبول ہو وہ اسم اعظم ہے اسم اعظم دراصل اسم اللہ ہے اور یہی قول صحیح ہے۔

بعض ذوالجلال والاکرام کو اور بعض یا لطیف کو اسم اعظم بتاتے ہیں بعض کے نزدیک سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ہے بعض کے نزدیک حنان منان ذوالجلال والاکرام ہے بعض کے نزدیک شروع سورۂ حدید میں اور بعض کے نزدیک آخر سورۂ حشر میں بعض یا ودود کہتے ہیں۔ بعض سورہ حج کی اس آیت میں بتاتے ہیں وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ط بعض حروف نورانیہ یعنی مقطعات کو اسم اعظم کہتے ہیں بعض اسم یا نافع کو بعض اسم اللہ تکرار کرنے کو۔ بعض اسم علیم بعض علی العظیم کو بعض سالہ الا اللہ کی گواہی کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ سب یہ صحیح روایات ہیں اور ایک حدیث میں ہے کہ حضور اکرم نے فرمایا ذوالجلال والاکرام کہہ کر

دعا کرو۔ یہ دلیل اسم ہونے پر قطعی ہے۔ سریانی زبان میں بھی اسی طرح ہے یا اخبار صحیحہ تجیر جیو شا عبرانی زبان میں اہیا شراہیا ادونائی اصباؤت آل شدائی اسم اعظم کہے جاتے ہیں۔ قرآن کریم تین مقامات میں اسم اعظم ہے سورۂ بقرہ آل عمران اور طٰہٰ میں بعض کے نزدیک اسم اعظم ہو بعض کے نزدیک هُوَ الرَّبُّ ہے۔ دراصل اسم اعظم قطب الاسماء ہے۔ جس سے تمام اسماء مدد لیتے ہیں جیسے غوث یا قطب سے اکثر لوگ مدد لیتے اور ان کی دعا قبول ہوتی ہے حقیقت یہ ہے کہ تمام ارواح و موکلات اسم اعظم کی اطاعت کرتے ہیں۔

ذاکر کو اکل حلال اور ریاضت کرنا لازمی ہے۔ کیونکہ اسم قیوم سے حیات قائم اور امداد لیتی ہے چلہ ختم کرنے پر مؤکل نقیبائیل آکر ذاکر کا مرتبہ بلند کرتا اور اقرار کے مقام پر پہنچاتا ہے۔ یہ مؤکل چار سرداروں پر حاکم ہے۔ جن ہیں ہر حاکم کے مؤکلوں کی . . صفیں ہیں۔

محبت و قبولیت عوام جنگ میں فتح و حاجت براری

ان دونوں اسماء کے اکثر خواص میں سے بعض یہ ہیں۔ محبت کے لیے ان کو مربع یا مسدس میں شرف شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے قبول عظیم حاصل ہوتا ہے۔ اور سونے کی تختی پر لکھنے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے۔ اگر مطلوب کے نام سے نیک طالع میں لکھے اور اپنے پاس رکھے تو محبت اور قبول عظیم ہو اگر پرچم پر لگائیں تو فتح نصیب ہو اس اسم کا دوامی ذاکر جو چاہے تصرف کر سکتا ہے ان دونوں اسماء الحی اور القیوم کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِنَصْرِعِ نَسِیْمِ نَسَمَاتِ اَرْوَاحِ رُوْحَانِیَّۃِ جَوَاھِرِ تُغُوْرِ بُحُوْرِ اَنْوَارِ سِرِّ اِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ رَوَیْتَ بِہٖ عَطَشَ اَکْبَادِ وَارِدِیْ حَوْضِکَ وَقَاصِدِیْ سُبُوْحِ سِرِّکَ یَا مَنْ لَّہُ الْاِسْمُ الْاَعْظَمِ وَھُوَ اَعْظَمُ یَا مَنْ تَقَادَمَ عَلَاہُ عَلَی الْقِدَمِ وَھُوَ اَقْدَمُ یَا مَنْ لَّیْسَ لَہٗ حَدٌّ یَّعْلَمُ وَھُوَ اَعْلَمُ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَبِنُوْرِ وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ الْاَکْرَمِ وَبِمَا جَرٰی بِہِ الْقَلَمُ وَبِمَا فَرَیْتَ بِہِ الذَّبِیْحِ اِسْمَاعِیْلَ فَسَلِمَ وَبِمَا نَجَّیْتَ بِہٖ یُوْنُسَ فِیْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَظُلُمَاتِ اَحْشَائِہٖ فَسَبَّحَ وَقَدَّسَ وَتَنَدَّمَ وَرَجَعَ وَقَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَسْئَلُکَ بِمَا رَفَعْتَ بِہٖ اِدْرِیْسَ وَبِمَا نَجَّیْتَ بِہٖ نُوْحًا مِّنَ الْغَرَقِ وَبِمَا کَلَّمْتَ بِہٖ مُوْسٰی وَنَجَّیْتَہٗ مِنْ فِرْعَوْنَ وَبِمَا نَجَّیْتَ بِہٖ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلَکَ وَالْکُلَّ بِبَرَکَۃِ اَسْئَلُکَ الْحَیِّ الْقَیُّوْمُ وَبِمَا اَیَّدْتَ بِہٖ عِیْسٰی وَبِمَا اَصْطَفَیْتَ بِہٖ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَجَبْتَ دُعَاھُمْ وَسُؤَالَھُمْ بِاِسْمِکَ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُنْجِحَ مَطَالِبِیْ وَاَنْ تُسَخِّرَ لِیَ الْمُلْکَ الْمَلَکُوْتَ وَاَنْ تُجْرِیَ سَحَائِبَ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ بِمُرَادِیْ وَاقْضِ حَوَائِجِیْ بِاِسْمِکَ الْحَیِّ الَّذِیْ نَجَّیْتَ بِہٖ مَنْ نَجَا وَاَھْلَکْتَ بِہٖ مَنْ ھَلَکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ اَنْ تَجْعَلَ قَلْبِیْ حَیًّا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا وَّوَفِّقْنِیْ لِطَاعَتِکَ سَرْمَدًا وَکَثِّرْ اَرْزَاقَنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَتَلَطَّفْ بِنَا فِیْمَا قَدَّرْتَہٗ عَلَیْنَا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ یَا ھُوَ یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝

ان دونوں اسماء الحی اور القیوم کا ذکر دراصل اجر عظیم ہے۔ جس سے ہر ضرورت پوری ہوتی اور مسرت و خوشی ہوتی ہے نیز اس ذکر سے تمام ارواح اور موکلات مطیع ہوتے کل حاجتیں پوری ہوتی اور کمال حاصل ہوتے ہیں۔

اسم الواجد کے خواص موجودات کے اسرار ظاہر ہوں

واجد وہ ذات کامل ہے۔ جس سے ایسی بات فوت نہ ہوئی ہو جو اس کے لیے صفات الٰہیہ میں سے ضروری ہو واحد واجد مطلق اور اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کے سوائے اور کوئی معبود اور موجود نہیں ہے۔

اسرار موجودات معلوم کرنا اس اسم کے ذاکر کو لازمی ہے۔ کہ یہ یقین کرے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے اشیاء کو عالم عدم سے وجود دیا ہے اس اسم کے اعداد کے برابر اس کا ذاکر یا حی یا حی بھی ذکر کرے تو مؤکل ہیطائیل ذاکر کے پاس خواب میں حاضر ہو کر موجودات کے اسرار بتاتا اور حجابات دور کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ یَا وَاجِدُ اَنْتَ الذی اوجدت کل ظاھرٍ وَمَکْنُوْنٍ فِیْ خَزَائِنِ غَیْبِکَ بِکُلِّ جَلِیْلِ الْقَدْرِ وَعَنْ سِرِّ الْوُجُوْدِ فِی مَخْزُوْنِ سِرٍّ اَوْ اَمْرِکَ فِی کل شیءٍ وَاَمْرِ لِبَیْنِ الکاف والنون اَسْئَلُکَ یَا مَرْجِعَ الْاَشْیَاءِ مِنَ العدم الی الوجود من غیر عجزٍ عن امجاد کل شیءٍ یا موجود یا حی یا قیوم یا ذا الجلال والاکرام۔

اسم الماجد کے خواص

ماجد مجید کی طرح ہے جیسے عالم بمعنی علیم۔ اس کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم ؕ اللھم انت الماجد المجید الفعال لما تریدُ ذوالوعد الشدید اسئلک ان تقضی حاجتی یا موجد الحی من المیت وموجد المیت من الحی امرک بین الکاف والنون ونقول للشیءِ کن فیکون حی قیوم مکون الاشیاءِ کلھا من غیر مثالٍ ولا مشیرٍ ومدبرھا سبحٰنک لا الٰہ الا انت اللطیف الخبیر انت الواحد الماجد اسئلک ان قدم علی الخیرات وان ترزقنی المسرات تمم فعلک علی فرحی بکمال السرور انک انت الواجد الموجود واسئلک وتقضی حاجتی وتسخر لی خادم الاسم الملک میکائیل علیہ السلام انک علی کل شیءٍ قدیر۔

اسم واحد الاحد کے خواص

ذرہ اصطلاح میں واحد ایک کو کہتے ہیں۔ اور احد کے معنی ہیں یکتا جس کے حصے نہ ہو سکیں اور کوئی اس کے مماثل نہ ہو۔ مثلاً ذرہ، جوہر یا فرد یا نقطہ کہ وہ بھی غیر متجزی ہے۔ اللہ تعالیٰ واحد ہے اور اس کا جوہر منقسم ہونا محال ہے۔ جس چیز کا تثنیہ اور جمع نہیں وہ بے نظیر ہے اس کی جنس میں اس کے مماثل نہیں اور یہ بے مثالی وقت سے بھی محدود نہیں ہے کہ دوسرے وقت میں اس کی نظیر پیدا ہو سکے اللہ تعالیٰ تمام خصائل کے ساتھ احد ہے۔ اور یہ وحدت علی الاطلاق اللہ تعالیٰ ہی کے لیے خاص ہے۔ اس کی صفات میں سے تخصیص کی جہت سے بیان کی گئی ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اس کی احدیت تقریب کی جہت سے بھی ہے۔ سر لطیف اور کشف شریف یہ ہے کہ جو اسم لطیف اور بزرگ ہوگا۔ اس کی علامت ہے کہ اس کی معانی عقل میں عجیب اور دیر فہم ہوں گے اور اس کا علم ادراک سے بڑے ہوگا

اور جو اسم ایسا ہو وہی اسم اعظم سے قریب تر ہے۔ چنانچہ اسم احد صرف جہت اور وحدیت کے سوائے کسی دوسری جہت سے نہیں جانا جاتا ہے۔ یہ اسم اسمائے الٰہی سے قدیم اور ازلی ہے۔ کیونکہ اللہ احد کے سوائے کوئی دوسرا موجود نہیں تھا اور اب بھی اللہ کے سوائے کوئی اور احد یکتا نہیں ہے۔

تمام عالم کی مثالیں بنائی ہیں جیسا کہ تمام کائنات چند دائروں پر مشتمل ہے۔ جن کے اندر نقطے اور مرکز ہیں جو نقطہ سے جتنا قریب ہوگا اتنی ہی امداد اس کو قطب کلی سے ملے گی بعض مرتبہ اس سے کشف بھی حاصل ہو کر اکثر امور سے واقفیت ہوگی۔

دائروں کے حالات

کائنات میں اکثر دائرے ہیں ملک سعادت اور شقاوت کے دائرے بھی ہیں۔ اور ان سب کے گرد آسمان کا دائرہ ہے جس کا احاطہ اللہ خالق کل نے کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ یہ دائرہ فلک البثیر کا ہے جو عالم ملک پر محیط یہ عرش کا فلک بروج کا دائرہ ہے۔ جس میں نو آسمان اور زحل مشتری مریخ شمس زہرہ عطارد اور قمر کے افلاک ہیں پھر ان کے نیچے آتش ہوا پانی اور خاک کے دائرے ہیں اور زمین ہی میں پہاڑوں کی میخیں گڑی ہوئی ہیں نیز زمین کے گرد کوہ قاف محیط ہے اور اس کے بعد زمین سفید ہے۔

بعض کے نزدیک اسی سفید زمین میں جنت ہے۔ فلک کے آٹھوں دائروں میں سے ہر دائرے میں بہت وسعت ہے۔ اور آخرت کا دائرہ

ان سب سے الگ ہے جو بعث ونشور کی زمین ہے جس کے ساتھ سات دائروں میں سے دائرہ فلک، دائرہ عالم اور دائرہ رسالت وغیرہ ہیں ان میں بہت سی آیتیں اور ہر آیت میں مرکزی دائرے ہیں اور انہی میں دوائر تحقیقات اور دائرہ قطب ودائرہ اولیاء ہے دائرہ اولیاء بہت عظیم ہے اس کا پہلا حصہ دائرہ کشف پھر دائرہ نفس پھر دائرہ مرکز ہے جس سے اولیت ظاہر ہوتی ہے جب دور مکمل ہوگا تب فنا ہو جائیں گے اُخرویت ازلاً ابداً اللہ کے لیے ہے۔ وہی اول اور وہی آخر ہے۔

مثال اس لیے بیان کی گئی ہے۔ کہ عالم ملک اور آخرت میں اس کے دوائر نظر ڈالتے ہوئے کہو کہ دائرہ میں چار احکام ہیں ایک ذات وجود قطب جسے وضع دائرہ کی اصطلاح میں اسم مجرہ کہتے ہیں۔ پھر وقوع نقطۂ علم انہی اسرار میں سے ہے پھر قلب عقل روح اور پھر جسم کا دائرہ ہے اور یہ سب کے سب ان ہی دائروں میں موجود ہیں علم اور ارادہ کو راز سمجھو اور نقطہ اولیت جو نفس دائرہ کا راز ہے یہی صدیقوں کا محل ہے کیونکہ وہی لوگ قرب حقیقی کے مالک ہیں۔ جنہیں عالم سرالامر سے علم ہوتا ہے۔ اور ایسی صدیقیت ہی دائرۃ الامر کا موضوع اول ہے۔ اطوار بلحاظ قطب الامر میں نبوت ہی موضوع اوال ہے۔ پھر نقطہ انتہاء ہے۔ جو صدیقوں کے مقامات کامل کرنے کے لیے سر ارادہ ہے۔

د	ح	ا	ل	ا
ا	د	ح	ا	ل
ل	ح	ا	ل	ا
ا	ل	ح	ا	ح
ح	ا	ل	ا	د

نقش الاحدیہ ہے

اگرچہ علماء عاملین ان مراتب سے واقف ہیں لیکن میں نے شوق پیدا کرنے کے لیے ان کا تذکرہ کر دیا ہے تاکہ علم کی فضیلت وماہیت سے واقف ہوں اور اسم کے اسرار کا انکشاف کر سکیں۔ اور ان اسماء کی دعا کوئی خاص نہیں البتہ ان کے خواص میں نے اپنی کتاب قبس الاہتداء میں تحریر کیے ہیں۔ جو ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

اسمائے القادرُ المقتدر کے خواص

ان دونوں اسماء کے معانی قدرت والے کے ہیں لیکن اسم مقتدر میں مبالغہ ہے۔ یعنی بہت زیادہ قدرت والا اور قدرت کے معنوں میں جس کے ساتھ چیز پائی جاتی، قادر وہ ذات ہے۔ جو جس چیز کو کرنا چاہے۔ اس کو لے مگر شرط نہیں ہے کہ فوراً ہی کرے۔ اگر اللہ تعالیٰ قیامت برپا کرنے پر قادر ہے لیکن جس وقت چاہے گا۔ اسے برپا کرے گا۔ اس نے اپنے علم میں قیامت کے لیے ایک وقت رکھا ہے۔ اور اس سے اس کی قدرت میں کوئی فرق نہیں ہوتا اس لیے کہ وہی سب کا اختراع کرنے والا فقط تنہا اکیلا اور واحد ہے۔ نیز اپنی قدرت میں کسی ضرورت نہیں رکھتا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بھی کچھ قدرت دی ہے لیکن اپنی قدرت کی طرح نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بندہ بھی عمل کر لیتا ہے جس کی تفصیل ہم نے اپنی کتاب علم الہدیٰ میں کی ہے۔ ان اسماء کا ذاکر اشیاء کے قدرت کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور اللہ نے جو کچھ تقدیر میں لکھ دیا ہے۔ وہ ہو کر رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی اشیاء کے وجود کا خالق ہے۔ اور فاعل انسان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آگ کو پیدا کیا اور اسے جلانے کی بھی قوت دی ہے مگر کہاں آگ جلائی جائے یہ انسان کا فعل ہے سالک ان امور پر غور کرے۔

امراض سے شفا دشمن کی ہلاکت حقائق اشیاء کا علم

امراض دور کرنے کے لیے ان دونوں اسماء کو دو مربعوں میں لکھ کر شہد اور پانی سے دھو کر پلائیں۔ حکم الٰہی سے مریض شفا پاتا ہے۔ اگر چاندی کی تختی

پر دونوں اسماء کندہ کرکے پہننے سے دشمنوں کی زبانیں بند ہو جاتی ہیں۔ اور دل نرم ہوتے اور کل مطالب پورے ہوتے ہیں۔

اس اسم کا ذاکر افراد میں شامل ہو جاتا ہے سات اسماء میں سے ہر اسم کی خلوت الگ الگ ہے اسم القادر بشروط مقررہ پڑھنے سے مؤکل جبرائیل حاضر ہوتا ہے۔ جو عزرائیل کے ماتحتین میں سے ہے۔

امور آخرت کی جھلکیاں ذاکر کسی دشمن کی طرف غصہ سے دیکھے گا تو وہ فوراً ہلاک ہو جائے گا۔ اسم مقتدر کے ذکر سے حقائق اشیاء مع تفاصیل کا علم ہوتا ہے۔ جس کا مؤکل خفیائیل ہے جو میکائیل کا ماتحت ہے ذاکر کے پاس خواب یا بیداری میں آکر مقدرات کے راز بتاتا ہے۔ ذاکر اپنے سامنے آنے والے کی بات بتا دیتا ہے۔ کہ یہ شخص خوش نصیب ہے یا بدبخت اور ذاکر جو چاہتا ہے وہ اسے حاصل ہو جاتا ہے۔ اس ذاکر پر امور آخرت کی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔

ر	د	ا	ق	ل	ا
ا	ر	د	ا	ق	ل
ل	ا	ر	د	ا	ق
ق	ل	ا	ر	د	ا
ا	ق	ل	ا	ر	د
د	ا	ق	ل	ا	د

ر	د	ت	ق	م	ل	ا
ا	ر	د	ت	ق	م	ل
ل	ا	ر	د	ت	ق	م
م	ل	ا	ر	د	ت	ق
ق	م	ل	ا	ر	د	ت
ت	ق	م	ل	ا	ر	د
د	ت	ق	م	ل	ا	ر

نقش مربع القادر اور المقتدر۔ دونوں اسماء کا ذکر۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الَّذِیْ اَبْدَعْتَ بِقُدْرَتِكَ مَا اَوْجَدْتَ مِنَ الْمَعْدُوْمَاتِ وَقَدَّرْتَ الْقُدْرَتَ الَّتِیْ اَخْتَرَعْتَ وَوَضَعْتَ بِقُدْرَتِكَ وَمَا وَضَعْتَ بِهَا اِخْتِرَاعًا وَّ وَضْعًا وَاَنْتَ مُسْتَغْنٍ عَنْ مُعَاوِنَۃٍ شَیْءٌ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ اَنْتَ الْقَادِرُ الَّذِیْ تَقْدِرُ بِقُدْرَتِكَ عَلٰی سَائِرِ الْمَخْلُوْقَاتِ مِنْ غَیْرِ مُمَاسَۃٍ وَّلَا مُعَالَجَۃٍ بِالْمَعَالِجَاتِ وَالْاٰلَاتِ اَسْئَلُكَ یَا قَدِیْرُ بِاِحَاطَۃِ قُدْرَتِكَ عَلَی الْجَلِیْلِ وَالْحَقِیْرِ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ قُوَّۃً عَلٰی مَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْكَ مِنْكَ وَلَا تَقْطَعْنِیْ اَبَدًا عَنْكَ وَاتَّخِذْنِیْ بِفَضْلِكَ حَبِیْبًا مِّنَ الْاَحْبَابِ وَلَا تُبَدِّلْنِیْ بِتَبْدِیْلِ الْوَصْلِ وَالْحِجَابِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰہُ الْوَھَّابُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ ط۔

اسم المقدم المؤخر کے خواص

مقدم اور مؤخر وہی ذات مقدر اعلیٰ ہے۔ جو دور اور قریب ہے۔ جسے اس نے نزدیک کیا وہی مقدم ہے اور جسے دور کیا وہی مؤخر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو اپنے قرب اور ہدایت سے مقدم کیا ہے۔ اور اپنے دشمنوں کو دوری سے مؤخر کیا ہے۔ اپنے اور ان کے درمیان حجاب حائل کر دیتا ہے۔ اور اولیاء کو بھی اللہ تعالیٰ کی قرب کی دولت عطا فرماتا ہے۔

حاکم اعلیٰ جسے اپنا مقرب بنا لے۔ تو لوگ کہتے ہیں کہ حاکم اعلیٰ نے فلاں شخص کو مقدم کیا ہے۔ اور یہ تقدم کبھی مکانی ہوتا ہے اور کبھی درجات ہیں اور لازمی طور پر اپنے متاخر کا مضاف الیہ ہے۔ تقدم میں قصد ضروری ہے جو اضافت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف جس نے اس چیز کو مقدم کیا اور اس کی دوری سے یہ چیز مؤخر ہوئی تقدم و تاخر صفات توقیری ہے۔ جو علم پر محمول ہے۔ اور اس سے بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ ہی مقدم اور مؤخر ہے۔ جسے اس آیت میں تصریح فرمائی ہے اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰی ۔ الآیۃ اور فرمایا ہے۔ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَیْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا ۔ یعنی مسلمانوں کو مقدم اور کافروں کو مؤخر کیا ہے سالک و ذاکر پر یہ دونوں حالتیں منکشف ہیں۔

جسمانی قوت لوگوں میں محبوبیت مرتبہ کی بلندی

اسم مقدم کے ذاکر کے پاس مؤکل طرفیائیل خواب یا بیداری میں آکر آفاق کی سیر کراتا ہے۔ ان اسماء کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے لوگ محبت کرتے اور بلند مرتبہ اس کو ملتا ہے۔ اسم مؤخر کے ذاکر کے جسمانی اعضاء طاقتور ہو جاتے ہیں۔ مؤکل خرجیائیل ذاکر کے پاس آکر ذاکر کی ہر طرح مدد کرتا ہے۔ یہ دونوں اسماء مع معکوس اسم مؤکل سیسہ کی تختی پر نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا نور حاصل کرتا ہے۔

ال	مق	د	م
۵	۳۹	۳۱	۱۳۹
۲۸	۲	۱۴۲	۲۲
۴۱	۳۴	۱۲۷	۳

نقش المقدم المؤخر۔

ال	مو	خ	ر
۶۰۱	۱۹۹	۳۲	۲۵
۹۸	۵۹۸	۴۸	۲۳
۴۷	۳۴	۱۹۷	۵۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ سَبَقَتْ مَشِیَّتُكَ فِیْ خَلْقِكَ تَقْسِیْمَ الرَّحْمَةِ عَلٰی كُلِّ مَوْجُوْدٍ اَحْیَیْتَهٗ مِنَ الْجَلِیْلِ الْحَقِیْرِ وَحَكَمْتَ بِالشَّقَاوَةِ عَلٰی مَا اَبْعَدْتَهٗ مِنْ كُلِّ خَبِیْرٍ اَسْئَلُكَ بِجَرَیَانِ قَلَمِ التَّسْطِیْرِ وَالتَّحْرِیْرِ وَاِتْقَانِ حُسْنِ التَّصْوِیْرِ وَالتَّقْدِیْرِ وَاِحَاطَةِ عِلْمِكَ بِالتَّسْرِیْرِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الْمُتَقَدِّمِیْنَ اِلَیْكَ بِحُسْنِ الْوَاصِلَاتِ وَقَضَاءِ الْحَاجَاتِ وَلَا تَجْعَلْنِیْ مِنَ التَّاخِیْرِ اَسْبَابِ التَّدْبِیْرِ وَاَهْلِ الْغَبْنِ وَالتَّقْتِیْرِ اَللّٰهُمَّ قَدِّمْنِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ یُعَادِیْنِیْ وَاَخِّرْ بِالْعَجْزِ وَالْخِذْلَانِ مَنْ یُرِیْدُ ضَرَرِیْ وَاَیِّدْنِیْ بِالنَّصْرِ یَا مُقَدِّمُ یَا مُؤَخِّرُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۔

اللہ تعالیٰ ان اسماء کے ذاکر کا سینہ نور ایمان سے بھر دیتا ہے۔ اور ذاکر نام کل موجودات میں پھیلاتا اور نیک عمل کی توفیق کرتا ہے۔

اسم الاول الآخر کے خواص

اوّل وہ ذات ازلی ہے۔ جو ہر چیز سے اوّل ہے۔ اور آخر بھی وہی ہے۔ جو ہر چیز سے آخر ہے۔ یہ دونوں اسماء اگرچہ متناقص ہیں اور یہ تصور کیسے ہو سکتا ہے۔ کہ ایک ہی چیز اوّل بھی ہو اور آخر بھی ہو لیکن جب ترتیب وجود اور سلسلۂ موجودات اسی کے وجود سے موجود ہیں۔ اور سالکوں کے سلوک کی ترتیب پر نظر کرو گے تو اللہ ہی کو آخر پاؤ گے کیونکہ ارتقاء کا آخری مقام وہی ہے۔ جس کی جانب عارف ترقی کرتا ہے۔ اور جو معرفت اللہ تعالیٰ کی معرفت سے پہلے ملتی ہے۔ وہ دراصل اللہ تعالیٰ کی معرفت کی ابتدائی سیڑھی ہے۔ سلوک کی اضافت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ ہی اوّل ہے اور وجود کی اضافت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ ہی مبداء اوّل ہے۔ اور اسی کی طرف کل امور رجوع کے جاتے ہیں۔ ابتداءً ہوں یا انتہا

موجودات کی طرف نظر کرنے سے ان میں قدرت الٰہی صاف نظر آتی ہے۔ کیونکہ ان کا وجود اللہ تعالیٰ ہی کے وجود سے ہے۔ وہی سب چیزوں کا موجد ہے اور خود کسی وجود استفادہ نہیں کیا ہے۔ مقامات عارفین پر نظر کرنے سے اللہ تعالیٰ ہی آخر میں ملتا ہے۔ جب کہ فرمایا ہے۔ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى وجود کی اضافت کے لحاظ سے وہی اول ہے۔ اور سعود کی اضافت سے وہی آخر ہے۔ یہ حقیقت معلوم ہونے پر یقین کامل کر لو وہی اوّل ہے وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن ہے۔ اس کی اولیت اس کی صفت ذاتی ہے۔ اور اس کے وجود کی توحید ہے۔ اور اسکی آخرویت اس کی خلق کے لیے صفت قائم ہے۔ جو بقا دیتا اور فنا کرتا ہے۔ وہ فنا اشیاء کے وجود سے بھی قبل موجود تھا۔ اس کی ولایت ترتیب مقامی اور تعدادی نہیں ہے۔ اس لیے اس کی اوّلیت وآخریت میں کسی غیر کی شرکت ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ وہ امر ایسا ہے۔ جس کی جانب عارفوں کے عوارف منتہی ہوتے ہیں۔ وہی اول وآخر ہے ہر اس امر سے جس کا اس نے ارادہ کیا اور اس کی قدرت مقدرہ سے اس کی قدامت کی اور اس کی آخرویت اس کے استحالہ عدم کی خبر دے رہی ہے۔ جب کہ حضرت شبلیؒ[1] نے فرمایا ہے۔ حدود سے پہلے حروف سے بھی پہلے اللہ تعالیٰ موجود تھا اس میں اللہ تعالیٰ کے قِدَم ذاتی کی جانب اشارہ ہے۔ یعنی ذات الٰہی کے لیے کوئی حد نہیں ہے۔ اور اس کے کلام میں جو حروف ہیں وہ اس کی اولیت ابتداء پر شاہد عادل ہیں۔

حضرت جنید بغدادی سے کسی نے توحید کے بارے میں سوال کیا فرمایا توحید دراصل موحد کا افراد اس کی وحدانیت کی تحقیق اور احدیت کا کمال ہے اس طرح سے کہ وہی واحد واحد ہے۔ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ کسی سے جنا گیا نہ کوئی اس کی ضد نہ کوئی شریک اور نہ کوئی اس کی شبیہ اور مثل نہیں ہے۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ۔

اے بھائی اس کے قرب کے لیے اول بنو اور فعل عبودیت میں اس کے آگے آخر رہو۔ اگر اس کے حضور قیام میں اول رہو گے تو وہ تمہارے باطن کو توحید میں اولیت کا مشاہدہ کرا دے گا۔ اور اگر عبودیت میں آخر رہو گے وہ تم کو انتہا مقرب کر دے حقائق آخرت تم پر واضح کر دے گا۔

توحید کے باریک لطائف الفاظ میں بیان نہیں کیے جا سکتے اول کے معنی یہ ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ ایسا قدیم ہے جس کی ابتدا اور انتہا نہیں ہے اس کا وجود اتفاقی نہیں ہے۔ اس کے اوّل ہونے سے یہ امر بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ اس کے ساتھ کوئی غیر نہیں ہے اور اسکی ازلیت کی کوئی ابتداء نہیں ہے۔ نیز اس کی ابدیت دائمی ہے۔ اللہ واحد مشابہت سے بری اور اس کے کی احدیت برتر از ہمہ ہے۔ اللہ احد کی احدیت میں کوئی شریک نہیں ہے۔ اور اس کی توحید اس کے سوائے کوئی اور بیان کر سکتا ہی نہیں اسی لیے حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا اللہ تعالےٰ نے اپنی مخلوق کے لیے اپنی معرفت کی صرف ایک راہ رکھی ہے۔ کہ اس کی معرفت کے ادراک سے بندہ عاجز رہے۔

بعض صوفیائے کرام نے کہا ہے اللہ کو نہیں پہچانا مگر اللہ نے اس اسم کے ذاکر کو لازم ہے اپنے خطرات کو ہمیشہ میزان اصول اور قواعد میں ظاہر اور باطناً وزن کرتا رہے۔ دنیا پر نظر رکھے اور مقام آخرت کو دیکھتا رہے۔ اور اس آیت میں غور کرے اَلتَّائِبُوْنَ الْحَامِدُوْنَ اگر ایمان میں کمی ہوئی اور ذات مسکنت مولی کی تو اسفل السافلین میں گر پڑے گا۔ وہاں بھی اللہ تعالیٰ تیرے لیے اولیت اور آخرویت جمع کرے گا اور حساب کتاب ہو گا نتیجہ نکلے گا مسلمانوں کے لیے فرمایا ہے۔ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۔ الٰہی دونوں اسماء کا کوئی ذکر خاص نہیں۔ بلکہ یہ اسم اعتقاد صحیح کرنے کے ہیں مرید ابتداء میں ان دونوں اسماء کا ذکر کرے تاکہ اپنی ذات میں توحید دیکھنے لگے۔

---

[1] یہ بزرگ شبلی سنہ ۶۲۲ھ سے پہلے گذرے ہیں۔

پھر تو موحد ہے۔ اور حقیقت توحیدی کا معترف ہے۔

ذاکر بننے کے لیے اپنے اعمال خالص کرو اور بغیر کسی عوض کے عمل کرو اس لیے عوض کی غرض سے کام کرنا موجب غصہ ہے نعوذ باللہ منہا۔ بہر حال خلوص لازم ہے۔ اگر تمہارے نفس میں کوئی اغراض ہو تو کسی طرح کا تصرف نہیں کر سکتے۔ تکبر و خود غرضی اپنے ظاہر و باطن سے باہر نکال پھینکو۔ سورۂ اخلاص اور ان اسماء کا ذکر رکھو ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ ۔ فضول باتیں چھوڑ دو یا ہر جمعہ بلکہ روزانہ غسل کرنا اور ان اسماء کا ذکر کرتے رہنا کیونکہ یہ اساس ہیں۔ ان ہی سے ذاکر کو فتوحات ملتی ہیں۔ اعداد کے برابر ہر نماز کے بعد خلوت میں پڑھنے سے کشف ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو اپنے افعال میں جلوہ گر پاؤ گے اس کی ذات واحد کا نور تم پر جلوہ کرے گا جس کے مشاہدہ سے اپنے باطن میں معلوم کرو گے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری رگ وجان سے بھی زیادہ قریب تر ہے۔ اس حقیقت کے بعد تمہیں لازم ہے۔ کہ اس پر ثابت قدم رہو اور تمہیں کشف نصیب ہو ان اسماء کے ذکر پر اسم اوّل کا خادم طهطیائیل اور اسم آخر کا خادم ارحنائیں دونوں حاضر ہو کر علویات میں قبولیت کا خلعت تمہیں پہنا کر مقام بلند اور برزخ کا کشف کرائیں گے

نقش الاول

ال	ا	و	ل
۱۱	۲۷	۲۶	۴
۳	۷	۲۸	۲۲
۵	۲۲	۲۸	۱

نقش الآخر

ال	ا	خ	ر
۱۹۹	۶۰۱	۴	۲۸
۳	۲۹	۱۹۸	۶۰۲
۱۹۹	۲۰۱	۳۰	۲

ان اسماء مربع عددی دشمن کو دور کرنے اور عالم علویات میں قبولیت کے لیے بہت سودمند ہے۔ چاندی کی تختی پر کندہ کر کے گلے میں ڈالنے سے بچہ باتیں کرنے لگتا ہے اسے گلاس میں لکھ کر پاک پانی سے دھو کر نوش کریں تو اللہ اس کو علم نصیب کرتا ہے۔ جو لوگوں کو عام طور پر معلوم بھی نہیں ہوتا حفظ محبت اور قبول عام کے لیے پرتاثیر عمل ہے۔

محبوب محبت سے بے چین ہوتا ہے یہ اسماء کسی شخص کے نام کے ساتھ سے سر تداخل نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے مطلوب محبت سے بے چین ہو جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ الْقَدِیْمُ لَا نِھَایَۃَ الْوُجُوْدِکَ اَنْتَ الْاَبَدِیُّ مُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ وَمُعَلِّلُ وَمُوْجِدُ الْاَکْوَانِ وَمُؤَخِّرُ کُلِّ مِّنْھُمْ اِلٰی اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ اَسْئَلُکَ یَا مَنِ افْتَقَرَ اِلَیْہِ کُلُّ شَیْءٍ فِیْ وُجُوْدِہٖ اِلٰی اِیْجَادِہٖ وَاِثْبَاتِہٖ وَاضْطَرَّ کُلُّ حَیٍّ فِیْ حَیَاتِہٖ وَانْتَھٰی وُجُوْدُ کُلِّ شَیْءٍ بِالرَّجْعَۃِ اِلَیْہِ بَعْدَ فَنَائِہٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیْنِیْ بِحَیَاتِکَ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

اسمائے الظاہر الباطن کے خواص

یہ دونوں اسماء دراصل صفتیں ہیں۔ ظاہر جو ایک وجہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ دوسری وجہ سے باطن نہیں ہوتا اللہ تعالیٰ تم کو ادراک دے تو اس نسبت کو سمجھو گے جو باطن سے ہے۔ استدلال اور نقل کے ذریعہ جس کو طلب کرو گے تو ظاہر ہے۔ یہ مسئلہ طولانی ہے۔ تاہم محققین کے اشاروں پر ہم اکتفاء کرتے ہیں۔ اللہ کی قدرت سے اخبار ظاہر ہیں اور اس کی حکمت سے کچھ اشیاء باطن میں موجود ہیں۔

اللہ تعالیٰ ظاہری و باطنی عبادت چاہتا ہے۔ جو یہ ہے۔ وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ط ۔

ظاہری عبادت سے ظاہری جسمانی کام مراد ہے۔ اور باطنی عبادت سے دلی خلوص مراد ہے۔ اور جو عبادت صرف باطن سے ہوتی ہے

یہ ہے۔ وَ فِیْ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ اور فرمایا ہے۔ اَوَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا فِیْ اَنْفُسِهِمْ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اِلَّا بِالْحَقِّ۔ بغیر باطن کے ظاہری عبادت کی مثال یہ ہے۔ اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ کَیْفَ خُلِقَتْ۔

اہل باطن کو اللہ تعالیٰ نے عبادت کے لیے جمع کر کے عبادت میں ظاہر کو پیش نظر رکھا اور باطنی اسرار کے لیے۔ صادقان اخلاص کے لیے ظاہری و باطنی اسرار جمع کر کے فرمایا۔ الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ تا مُفْلِحُوْنَ۔

یہ وہ لوگ ہیں جن کے ایمان بالغیب لانے کو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے۔ یہی صاحبان اخلاص اول ہیں اور ان ہی پر عنایت اولیٰ ہوتی ہے۔ دراصل غیب عالم ملکوت میں لطیف ترین شئے ہے۔ غیب کے اسباب اخروی کی رسولوں نے خبر دی ہے۔ ایمان بالغیب کے متعلق قاعدہ کلیہ ہے۔ کہ کوئی چیز ادراک نہیں کی جاتی۔ مگر اس چیز کے ذریعہ سے جو اس سے زیادہ لطیف ہے اور جو چیز اس سے کم لطیف ہو اسکے ذریعہ ادراک نہیں کیا جا سکتا اللہ تعالیٰ نے عقول پیدا کر کے ان کو اپنے لطائف حقائق اور عالم اسرار الٰہیات سے خاص کر کے سر نورانی عطا کیا پھر اس سے خطاب کیا اس میں دو قوتیں ہیں ایک سماع کی قوت دوسری اجابت کی بر شمول فرمانبرداری عقل اور یہی اس کی قوت اور نعمت ہے۔

رازکی بات اور غیب کا حال معلوم کرنا

ذاکر کو لازمی ہے کہ تقویٰ خشوع اور خاموشی سے روزہ اور نماز کے ساتھ خلوت دونوں میں اسماء پڑھے اور سورۂ اخلاص روزانہ ایک ہزار بار دل جمعی سے پڑھے۔ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ پڑھتا رہے۔ تاکہ نورانی تجلیات جلوہ گری کریں عہتیائیل مؤکل کے پاس آکر غیب کے پردے ہٹادے گا اور بقدر استعداد خوش اسلوبی سے گفتگو کرے گا۔ کوئی رازکی بات معلوم کرنی ہو تو ان دونوں نقشوں کے گرد ذکر اور مؤکل کا نام لکھ کر ان اسماء کو موافق اعداد پڑھو اور جو راز معلوم ہو وہ کسی سے نہ کہو۔ مطلب بر آری ہوگی۔ ذکر یہ ہے:

نقش ۱ الظاهر و ۲ الباطن

ال	ظا	ھ	ر
٦	١٩٩	٣٢	٩٠٠
١٩٨	٣	٤٣	٣٢
٩٢	٣٤	١٩٧	٤

ال	با	ط	ن
١٠	٤٩	٢٢	٢
٤٨	٧	٥	٣٣
٤	٣٤	٤٧	٨

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الظَّاهِرُ بِالصِّفَاتِ الْبَاطِنِ بِالذَّاتِ الَّذِیْ لَا تُدْرَكُ بِاِدْرَاكِ الْحَوَاسِ وَقُوَّةِ الْوَهْمِ وَالْخَیَالِ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ مُخْتَصٌّ بِالرَّحْمَةِ وَالْاَفْضَالِ وَتَنْظُرُ بِعَیْنِ الْفُؤَادِ بِقُوَّةِ الْعَقْلِ بِطَرِیْقِ الْاِسْتِدْلَالِ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ بِالْغَلَبَةِ وَالْقَهْرِ وَالْجَلَالِ وَصِفَاتِ الْکِبْرِ وَالْکَمَالِ اَسْئَلُكَ بِجَمِیْعِ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی وَکَلِمَاتِكَ الْعُلْیَا اَنْ تَظْهَرَ عَلَیَّ مِنْ قُوَّتِكَ مَا اَظْهَرَ بِهٖ عَلٰی شَهْوَتِیْ وَاَقْهَرُ بِهٖ اَعْدَائِیْ وَنَفْسِیْ بِتَقْدِیْسِ ذَاتِكَ ذَاتِیْ یَا اَللّٰهُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

اسمائے الوالی المتعال کے خواص

اسم الوالی اگرچہ قرآن شریف میں نہیں ہے۔ لیکن اس کے معنی کل چیزوں کے مالک اور ان پر اپنی مرضی کے موافق تصرف کرنیوالے کے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ بلا شرکت غیرے ہر چیز پر متصرف و حاکم ہے۔ قرآن شریف میں اَلْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ آیا ہے اس کے معنی بہت ہی مرتبہ والے ہیں اور ان معانی میں مبالغہ ہے۔

اسم البَرُّ کے خواص

لفظ بر کے معنی حق کے ہیں نیز لفظ بر اسم مطلق ہے۔ جس سے تمام خوشیاں اور احسان معلوم ہوتے ہیں بندہ بھی اپنی نیکی کے لحاظ سے بَرّ کہلاتا ہے۔ خاص کر اپنے والدین اور اساتذہ سے بھلائی کرتے وقت بر کہلایا جاتا ہے۔

موسیٰ نے اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے کے بعد ایک شخص کو عرش کے پایہ کے پاس دیکھ کر تعجب کیا۔ اور پوچھا اے پروردگار یہ بندہ مرتبہ تک کس طرح پہنچا جواب آیا یہ کسی سے حسد نہیں کرتا تھا اپنے والدین سے بہتر سلوک سے پیش آتا تھا یہ ہے بندہ بَرّ کی تفصیل۔

اللہ تعالیٰ الطاف اور بَرّ نے مسلمان کو اہل یمن میں سے کر کے اس کی دعا کو الہام بخشا اور اجابت نصیب کی اس کی پر شہوتوں اور طبعی ظلمتوں کی شدت دور کر کے ایمان طرف رجوع توفیق دی۔

دنیا میں اللہ تعالیٰ نے رسول اور کتابیں دے کر احسان کیا ان رسولوں اور کتابوں کو قبولیت بھی عنایت کی اور انسان کو عمل کرنے کا امر غیب سمجھائی اور خواہشوں سے محفوظ رکھا اللہ تعالیٰ نے بے حد احسان واکرام کیے ہیں۔ برزخ میں اس کے احسان یہ ہیں۔ کہ مسلمانوں اور شہداء کی روحیں سبز پرندوں کی صورت میں جنت میں کھاتی پھرتی ہیں۔ پھر مردوں کو اپنے کرم واحسان سے زندہ کرے گا۔ اور صراط مستقیم پر ثابت رکھے گا تاکہ دوزخ میں گر نہ پڑیں۔ اس لیے کہ مسلمانوں نے ایمان کو ابتداء اسلام دائیں جانب سے اور قرآن کریم کو آگے سے حاصل کیا اور سنت پر عمل کیا پھر اس کا کرم ہو گا حوض کوثر سے ایک گھونٹ پلائے گا۔ جس کے بعد کوئی پیاسا نہ رہے گا۔ پھر یہ احسان ہے۔ کہ جنت میں داخل کر کے اپنے دیدار کا بہت بڑا احسان فرمائے گا۔ اور مزید احسان یہ ہے کہ اس نعمت میں ہمیشہ رکھے گا اور اللہ تعالیٰ کا ایک احسان یہ کیا کم ہے۔ کہ اپنے کلام میں کر اس نے ذاکر کا خادم بنایا فرمایا ہے۔ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۔ یہ تمام احسانات الٰہی اپنے بندوں پر فرمائے ہیں۔

حضرت امام حسنؓ سے مروی ہے کئی دن آپ نے اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ کھانا نہ کھایا جب انہوں نے پوچھا بیٹا ہمارے ساتھ کھانا کیوں نہیں کھاتے تو عرض کیا اس بات سے ڈرتا ہوں کہ آپ کی نظر کسی چیز پر ہو اور میں کھا لوں تو عاق ہو جاؤں گا۔ والدہ محترمہ نے فرمایا خوف نہ کرو تم کو کھانے کی اجازت ہے۔ اس کے بعد آپؓ والدہ کے ساتھ کھانا نوش فرماتے رہے۔[1]

اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس نے مسلمانوں کو دیگر امتوں پر قیامت کے دن شاہد بنایا اور استغفار کرنے والوں کے برے اعمال کو فرشتوں سے پوشیدہ کر دیا ہے۔

مسلمانوں کو لازم ہے کہ جو اس سے نیکی چاہے اس سے نیکی کرے خصوصاً فقراء اور مساکین سے پورے خلوص کے ساتھ نیکی کرے تاکہ عجائب ملکوت کے کشف کا سبب بن سکے اور اپنی نفسانی خواہشوں سے مخالفت کرے جو نیک نیتی کے ساتھ متفرق ریاضتوں کے باعث رب کی معرفت کا ذریعہ ہو۔ کیونکہ نفوس سے اپنے اعمال صالح کے ذریعہ نیکی کرو گے تو اس کے اوصاف تم پر ظاہر ہوں گے جس کی طرف حضور اکرمؐ نے فرمایا ہے مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ روح کے ساتھ نیکی کرنا یہ ہے کہ حقوق الٰہی ادا کرتے رہو امانت ادا کرو جو تم پر واجب ہے اور نماز پنجوقتہ پڑھتے رہو کیونکہ یہی اساس شرائع اور اسی سے موجودات میں اسرار قدرت کے کشف ہوں گے اور اس کے سبب

---

[1] یہ عاق ہو جانے کی روایت بھی طلباء تاریخ کی نظر میں بجتی نہیں ہے۔ از مترجم

سے دنیاوی غلامی اور جسمانی ظلمت سے پاک صاف ہو جاؤ گے۔

ذاکر کو لازم ہے ایسی چیزیں کو ترک کر دو جو نفس کو محبوب ہوں کیونکہ استعمال اشیاء دراصل ہلاکت روح و پاکیزگی ہے۔ عقل سے ہمیشہ کام لو اور نفس کو پاک و صاف بناتے رہو تاکہ فہم علم نصیب ہو کر علوم باطنی اور حقائق ایمانی تم پر جلوہ گری کریں جن کے باعث تم دریائے عظمت اور مشاہدہ انوار میں تیراکی کر سکو گے۔

متذکرہ بالا خوبیاں دراصل امہات اور اساس اعمال ہیں۔ جب ان امہات کے ساتھ ہر اسم حاصل کرو گے تو کل مقامات اور راہ سلوک کے ساتھ بے چوں و چرا باغات معارف میں داخل ہو گے جہاں تم پر حقائق کی جلوہ گری ہو گی اور اللہ تعالیٰ کے کرم و احسان سے جنت میں رہو گے۔

جنت ماؤں کے پیر کے نیچے ہوتے ہیں، ماں سے یہی امہات مراد ہیں۔ اسم کا ذاکر والدین کے ادب کی طرح شریعت اسلامیہ کے موافق شروع کرو۔ اور ظاہر و باطن میں شریعت کی مخالفت نہ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ راہ شریعت پر چلنے والے کو پسند کرتا ہے۔

حضرت بایزید بسطامیؒ سے حکایت ہے۔ ابتدائی زمانہ میں جب میری عمر دس سال تھی۔ میں رات کو سوتا نہ تھا۔ میری والدہ نے ایک شب مجھے قسم دی کہ میں ان کے بچھونے پر لیٹوں میں اس طرح لیٹا کہ میرا ہاتھ ان کے سر کے نیچے دبا ہوا تھا مجھے نیند نہ آئی۔ اس حالت میں دس ہزار مرتبہ قل ہو اللہ احد جو میرا معمول تھا پڑھا۔ اور ان کے جاگنے کے خیال سے اپنا ہاتھ ان کے سر کے نیچے سے نہ نکالا۔

اپنے مرشد سے نیکی کرنا بڑا درجہ رکھتا ہے۔ اور یہی بقاء کا سبب ہے۔ مرید کے لیے لازمی ہے۔ کہ مرشد سے کوئی پوشیدہ نہ رکھتے تاج العارفین شیخ ابوبکر قرشی سے حکایت ہے میں اس سے تونس میں تھا کہ آپ کا ایک مرید باقلا لیے آیا اور عرض کیا حضرت اس کا کیا کروں فرمایا انطار کے لیے رکھو میں نے کہا باقلا بھی ایسی چیز ہے۔ جس میں آپ سے دریافت کی ضرورت ہے۔ فرمایا اگر مرید ایک بات بھی پوشیدہ رکھے۔ تو کبھی فلاح نہیں پا سکتا۔

اسم اَلْبَرُّ کے ذاکر اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے حقوق کی رعائت کرنا ان کے ساتھ نیکی کرنا قرآن کریم پڑھنا اور نماز پڑھنا روزہ رکھنا اور نیک لوگوں کی ہم نشینی کرنا چاہیئے اور کسی شخص پر اعتراض نہ کرنا لازمی ہے خلوت اور ریاضت کے ساتھ اس اسم کو اس کے اعداد کے موافق پڑھنے سے مؤکل خواب یا بیداری میں آکر علم اکسیر بتاتا ہے۔

ا	ل	ب	ر
۱۰	۴۶	۲۲	۳۵
۴۸	۱۷	۵	۳۲
۳	۳۴	۴۷	۲۴

بابرکت بننا اور فلاح پانا نماز کے بعد یہ اسم پڑھنے والے کی زبان سے اللہ تعالیٰ حکمت کے جاری کرتا ہے۔

یہ نقش رکھنے والا بابرکت ہو جاتا ہے۔ ذکر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ذُو الْبَرَكَاتِ الْمَعْرُوْفُ بِالْجُوْدِ وَالْاِكْرَامِ فِي الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ تَفَضَّلْتَ بِالْاِحْسَانِ وَالْاِمْتِنَانِ عَلٰى سَائِرِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَاَبْرَزْتَ لَطَائِفَ بِرِّكَ عَلٰى ذَوَاتِهِمْ بِرُوْحِ الْحَيَاتِ بِحَسْبِ ذَاتِ كُلِّ شَيْءٍ بِنِهَايَتِهِ بِالْاَعْدَامِ وَالْمُسَمَّاتِ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ الْمُحِيْطِ الْعَظِيْمِ وَكُرَّةِ قُدْرَتِكَ عَلَى الْمَخْلُوْقَاتِ بِاَحْكَامِ التَّفْصِيْلِ وَالتَّقْسِيْمِ اَنْ تَدُوْمَ عَلٰى بِرِّكَ اِلٰى تَمَامِ الْحَيَاةِ وَتَتَفَضَّلَ عَلٰى بِدَوَامِ النِّعَمِ الْمُتَابِعَاتِ وَتُكْمِلَ

سروری بالنظر الیک فی الدنیا والاخرۃ یا ارحم الراحمین

اسم تواب کے خواص قبولیت توبہ گناہوں سے نجات رزق میں وسعت

تواب وہ ذات الٰہی ہے۔ جو توبہ کی لوگوں کو توفیق دیتا ہے۔ اپنی نشانیاں تنبیہات ان کے سامنے کرتا ہے۔ جن سے لوگ متاثر ہوکر توبہ کرتے ہیں اور اللہ اپنے فضل سے ان کو توبہ قبول فرماتا ہے

دم نکلنے سے پہلے تک توبہ کا دروازہ کھلا رہتا ہے۔ چھوٹے بڑے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ جب کہ یہ قصد ہو کہ پھر جرم نہ کروں گا۔ جن لوگوں کی چیزیں ظلم سے لی ہیں۔ ان کو واپس کر دینا چاہیئے یہ اسم اولیاء کا ذکر خاص ہے اس کو لکھ کر سخت گنہگار کو پلائیں تو وہ گناہوں سے توبہ کرتا ہے۔ اس اسم کا ذاکر جس گنہگار کی طرف توجہ کرے گا وہ فوراً توبہ کرے گا۔ اس اسم کا مؤکل حاملان عرش کے خدام میں سے ہے۔ اس پر ستر صفیں دیگر مؤکلوں کی ہیں۔ جو ذاکر کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں جس شخص پر تنگی ہو وہ بکثرت استغفار پڑھے اسم کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھول دیتا ہے مطلوب حاصل ہوتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔ نقش التواب یہ ہے

ال	ت	وا	ب
۳	۶	۴۹۷	۳۴
۳۹۸	۴۳	۴	۵۸
۸	۱۸	۲۲	۳۹۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اللّٰھم انت التواب علی العصاۃ اذا ندموا وانت اداب علیھم بلطفک اذا رجعوا فاظھرت لھم الدلیل والآیات ونشرت لھم من جنابک الحسنات وتریھم مواقع التحریفات فتجمع لھم اسباب القربات اسئلک اللّٰھم یا مقدر التوفیق بالارادات ومسبب ھذہ الاسباب بسر ربوبیتک یا رب الارباب اسئلک ان تقبل توبتی وتجعلنی عندک من خواص الاحباب حتی لا یبقی بینی وبینک حجاب وان تغفر خطیئاتی وزلاتی وتضاعف اجری وحسناتی وتجعلنی فی حظائر قدسک الاعلی یا اللہ یا رحیم۔

اسم منتقم کے خواص

منتقم وہ احکم الحاکمین ہے۔ جو نافرمانوں اور سرکشوں کو عذاب کی تنبیہہ کرتا اور عذاب سے قبل مہلت اور فرصت دیتا اس عرصہ میں ان کو خوف بھی دلاتا ہے۔ تاکہ اپنے کرتوت سے باز آجائیں یہ طریقہ انتقام جلد عذاب دینے سے زیادہ دردناک ہے۔ لوگوں کو انتقام اس طرح لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں یا سب سے بڑے اپنے دشمن نفس سے انتقام لے انتقام کا وقت وہ ہے۔ جب وہ گناہ کا مرتکب ہو یا عبادات الٰہی میں خلل ڈالتا ہو۔

حضرت بایزیدؒ سے حکایت ہے۔ ایک دن میرے نفس نے ذکر کرنے سے مجھے کاہل سا بنا دیا۔ میں پانی بہت پیتا تھا۔ چنانچہ میں نے ایک سال تک پانی نہ پیا نفس کو عذاب دیا۔ اور قریب تھا کہ میں پانی پیئے بغیر ہلاک ہو جاؤں گا لیکن عبادت کے مقابلہ میں نفس کو زیر کرنا ضروری ہے۔

اسم التواب کا ذاکر قطب وقت کا نائب ذریعہ ہوتا ہے۔ اولیاء پر جو لوگ اعتراض کریں وہ ان سے انتقام لے اپنے ظالم کے لیے یہ بموافقت اعداد پڑھے خلوت اور ریاضت شرط ہے اور مؤکل کو اس کے ہلاک کرنے کا حکم دو تو مؤکل جس کا نام طلیائیل ہے خواب

یا بیداری میں تمہارے پاس آکر تمہارے حکم کی تعمیل کرے گا۔ اسم جبار کے ساتھ اس کو ملا کر پڑھنا ہلاکت کے لیے بہت نافع ہے۔ جنات کو اس اسم سے جلانے کی ترکیب یہ ہے کہ مریخ کے قمر کی منزل میں جانے کا انتظار کرو پھر اس اسم کا نقش سیسہ کی تختی پر کندہ کرے اور موکل کا نام بھی اسکے گرد لکھکر آسیب زدہ کردے تو جن اسکے قریب نہ آوے اگر آئیگا تو جل جائے گا۔

ال	من	ت	قم
۴۰۱	۱۳۹	۳۲	۲۹
۱۳۸	۳۹۸	۹۲	۳۳
۹۱	۳۴	۱۳۷	۱۹۹

کسی کو مرض میں گرفتار کرنے کا عمل

ہمزند اخل کے ساتھ اس اسم میں جس مرض کا نام اضافہ کرو وہ مرض اس شخص میں پیدا ہوجاتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُنْتَقِمُ مِنَ الْجَبَابِرَۃِ وَالْعُصَاۃِ وَقَاصِمُ ظُھُوْرِ الْمُتَکَبِّرِیْنَ وَالطُّغَاۃِ الشَّدِیْدِ الْسَّطَوَاتِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ الْبُغَاۃِ اَسْئَلُکَ بِقُدْرَۃِ سَطْوَتِکَ وَشِدَّۃِ اَخْذِ النِّیَاتِکَ وَقُوَّۃِ قَھْرِ نَقْمَتِکَ اَنْ تَعَاجَلَ اللّٰھُمَّ بِالْقَھْرِ مَنْ یُرِیْدُنِیْ بِالسُّوْءِ وَالضَّرَرِ وَتُمْھِلُہٗ قَھْرًا عَلَیْہِ وَاَیِّدْنِیْ بِالنَّصْرِ عَلَیْہِ وَالظَّفَرِ اَللّٰھُمَّ اَحْرِسْنِیْ مِنْ شَرِّ الْاِنْتِقَامِ بِنَظْرِ الْمُقَدَّسِ وَعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا یَنَامُ مِنْ شَرِّ الْاَنَامِ وَاَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی الدَّوَامِ یَا مُنْتَقِمُ یَا سَلَامُ۔

اسم عفو کے خواص

معلوم ہو کہ عفو وہ ذات ارحم الراحمین ہے جو برائیوں کو معاف اور گناہوں سے درگذر کرتی ہے اس کا تذکرہ اسم رحمان و رحیم میں بیان ہوچکا ہے یاد رہے غفران سراسر اسے پیدا ہوتا اور عفو محو سے ہویدا ہوتا ہے۔ اور محو سے زیادہ بلیغ ہے مسلمان کا کام یہ ہے کہ جو اس پر ظلم کرے اسے معاف کردے اور اس سے نیکی کرے۔ اللہ تعالیٰ محسن علی الاطلاق ہے وہ نافرمانوں کی سزا میں جلدی نہیں کرتا بلکہ انکی توبہ قبول کرنا چاہتا اور اپنے فضل و کرم سے ان کو معاف فرماتا ہے۔ یہ اسم بہ شکل مربع دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے مفید ہے۔

نقش العفو یہ ہے۔

۲ال	ع	ف	و
۸۱	۵	۳۲	۶۹
۴	۷۸	۷۲	۳۲
۷۱	۳۳	۲	۷۹

اسم رؤف کے خواص

رؤف کے معنی ہیں بہت زیادہ رحمت والا اسکی تفصیل اسم رحیم میں بیان کی گئی ہے۔ اور اس کا تخلق و معانی اسم ودود میں لکھے جاتے ہیں۔ اس اسم کو اگر کسی شخص کے نام کے ساتھ ترکیب دیکر لکھا جائے تو بڑی محبت پیدا ہوتی ہے۔ اس اسم کے ذاکر کو کشف ہوتا ہے۔ اس اسم کے

نقش الرؤف یہ ہے۔

۲ال	ر	و	ف
۷	۷۹	۳۲	۱۹۹
۷۸	۴	۲۰۲	۳۳
۲۰۱	۳۴	۷۷	۵

مؤکل کا نام عبائیل ہے۔ جو میکائیل کا خاص ماتحت ہے ذاکر کی صلاحیت کے لحاظ سے اگر کام پورے کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّؤُفُ الرَّحِیْمُ الْمَوْجُوْدُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُوالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ ضَاعَفْتَ الْحَسَنَاتِ وَرَفَعْتَ الدَّرَجَاتِ اَسْئَلُكَ الرَّحْمَةَ الْوَاسِعَةَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُعْطِیَنِیْ قَصْدِیْ وَلَا تُخَیِّبْ رَجَائِیْ وَمَتِّعْنِیْ بِشُهُوْدِ ذَاتِكَ وَحَلِّنِیْ بِمَحَاسِنِ صِفَاتِكَ اَبَدًا مَادَامَتْ حَیَاتِیْ اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ مِنْ كُلِّ مَا ظَهَرَ وَبَطَنَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اسمائے الغنی المغنی کے خواص

غنی وہ ذات ہے۔ مستغنی جو دوسرے کی محتاج نہ ہو نہ بلحاظ ذات اور نہ بلحاظ صفات اور تمام علائق سے پاک ہو جس کا وجود کسی خارجی شئے پر موقوف ہوتا ہے۔ وہ فقیر اور محتاج ہے اور غنی صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ وہ غنی مطلق ہے جسے چاہتا ہے غنی کر دیتا ہے۔ جو انسان غنی کہلاتا ہے وہ دراصل مغنی یعنی غنی بنانے والے کا محتاج ہے اور غنی وہ ہے جو غیر سے بے پرواہ اور اللہ تعالیٰ کا محتاج ہو اللہ ہی سب کی امداد فرما کر احتیاج سے دور رکھتا ہے۔ اور حقیقتاً مغنی وہی ہے۔ جسے کسی چیز کی حاجت نہیں ہے۔ اور جن لوگوں کو غنی کہا جاتا ہے مجازاً غنی کہے جاتے ہیں۔ محض حاجت نہ ہونے سے غنی نہیں کہا جاتا بلکہ حاجت باقی ہی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہی غنی ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ وَاللّٰهُ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ۔ اللہ کے سوائے سب باقی فقیر و حاجت مند ہیں۔

رسول اکرم کا ارشاد ہے۔ کثرت مال سے امیری نہیں بلکہ امیری دل سے ہے بعض لوگوں کے پاس اتنی دولت ہوتی ہے۔ کہ عمر بھر خرچ کریں تب بھی ختم نہ ہو مگر کوڑی کوڑی کے لیے جان دیتے ہیں۔ تونگری کا اعلیٰ مرتبہ یہ ہے کہ جو کچھ موجود ہو اسی پر قناعت کی جائے کیونکہ تونگری سے ہوتی ہے۔ اور وہی تونگر ہے جسے اللہ تونگری اور غناء دیتا ہے۔

بعض متقی انسان از حد مفلس ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی خودداری کی وجہ سے ان کو بہت بڑا امیر سمجھتے ہیں جب حکم الٰہی ہے۔ یَحْسَبُھُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِیَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ جو انسان سیرت حیوان ہے وہ نہایت نالائق اور بے کار ہے پوری دنیا اسے ذلیل اور فقیر کہتی ہے۔

جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے وہ دل کا تونگر خوددار و پروقار مخلص اور پاکیزہ نیت رکھتا ہو۔ ان دونوں اسماء کو ملا کر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ اور جی چاہے تو الگ الگ پڑھنے سے مؤکل حاضر ہو کر ذاکر کے حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ اسم غنی کے مؤکل کا نام علیائیل اور اسم مغنی کے مؤکل کا نام غفیلائیل ہے ان دونوں اسماء کا مربع ۱۰×۱۰ کا ہے۔

محبت کا عمل اور رزق کی کشادگی محبت کے لیے اسم غنی کا نقش طالع سعد میں لکھ کر اس کے اطراف مؤکل کا نام لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے تو محبوب کا دل اس کی طرف رجوع کرے گا۔ اگر مفلس اسے اپنے پاس رکھے تو اس کا رزق کشادہ ہوتا اور لوگوں کے سامنے عاجزی کرنے سے نجات پاتا ہے۔

حاکم سونے یا چاندی کے برتن پر نیک طالع میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو دھوم سے حکومت کرے اگر فقیر ان اسماء کا ذکر کرے تو اللہ اسے غنی کرتا ہے۔ اگر یہ نقش بخودی یا صندوق میں رکھیں تو اللہ مال میں برکت دیتا ہے۔ اور گنہگار اسے اپنے پاس رکھے تو اللہ اسے ہدایت دیتا ہے اور نیک اعمال کی توفیق دیتا ہے اور برائی اس سے دور کر دیتا ہے۔

لوگوں سے مستغنی ہو نیک عمل کی توفیق

ان دونوں اسماء یا کسی ایک اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ لوگوں سے مستغنی کر کے ذاکر کو قناعت بھی عطا کرتا ہے۔

اسم مغنی کا مربع ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے کے دل کو اللہ غنی کر دیتا اور اس کے سب کام آسان کر دیتا ہے۔ ہر اچھے کام کے لیے یہ نقش لکھا جاتا ہے۔ یہ اسرار مخزونہ کا عمل ہے۔ ان دونوں اسماء کا ذکر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ فِيْ وَحْدَانِيَّتِكَ بِالذَّاتِ الْمُنْفَرِدُ فِيْ تَنْزِيْهِ النُّعُوْتِ وَالصِّفَاتِ الْمُغْنِيْ عَنِ التَّحْقِيْقِ فِي الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ الْاَحَدُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ اَسْئَلُكَ بِغِنَا ذَاتِكَ وَ تَنَزُّهِ صِفَاتِكَ اَنْ تَكْشِفَ لِيْ عَنْ اَحْوَالِ الْمُحْدَثَاتِ وَاَنْ تُغْنِيْ ذَاتِيْ بِالتَّوْحِيْدِ اِلٰى ذَاتِكَ وَتُطَهِّرَ صِفَاتِيْ صِفَاتِكَ يَا غَنِيُّ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ اَغْنَيْتَ مَنْ شِئْتَ مِنْ عِبَادِكَ بِالْعَرَضِ الْفَانِيْ وَاَغْنَيْتَ مَنْ شِئْتَ بِالْبَقَاءِ بِلَدُنْيَدِ الْمَعَانِيْ اَغْنَيْتَ اَهْلَ الدُّنْيَا بِوُجُوْدِ الْمَالِ وَاَغْنَيْتَ اَهْلَ الْاٰخِرَةِ بِحُسْنِ التَّوَجُّهِ بِالتَّوْحِيْدِ اِلَيْكَ النَّوَازِلُ فِي الْمَآلِ وَاَنْ تُغْنِيْ بِغِنَائِكَ فِيْ كُلِّ اٰنٍ يَا اَللّٰهُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا مُغْنِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ ۔

نقش اسم الغنی

۲۹	۸۸	۱۲۹	۱۵۱	۵۲	۴۶	۱۰۳	۱۲۷	۹۱	۶
۸۱	۱۳۰	۱۱۸	۱۴۷	۶۹	۷۰	۱۵۸	۱۰۲	۱۲۶	۹۸
۱۳۷	۱۰۳	۴۶	۹۰	۸۹	۸۹	۷۱	۵۲	۱۱۹	۱۳۶
۱۰۹	۱۴۱	۶۱	۹۳	۱۲۸	۱۲۵	۸۷	۷۳	۱۶۰	۷۴
۱۴۳	۱۶۸	۹۲	۱۳۰	۲۵	۱۰۶	۱۳۱	۷۵	۷۴	۱۵۵
۱۴۴	۷۸	۷۲	۱۳	۱۷	۱۶۰	۱۶۱	۸۵	۸۴	۷۲
۶۵	۳۸	۱۴۰	۴۰	۱۴۲	۱۵۹	۱۱۷	۱۲۱	۶۴	۷۳
۱۵۷	۹۹	۸۰	۱۳۳	۱۰۸	۱۱۳	۱۲۵	۲۹	۹۲	۹۸
۱۱۱	۱۵۲	۷۷	۸۳	۱۳۸	۱۲۳	۹۵	۶۷	۱۴۵	۱۱۰
۱۳۲	۱۲۰	۱۵۴	۷۸	۸۲	۹۷	۲۴	۱۴۹	۱۰۱	۱۳۲

نقش المغنی

۸۲	۹۱	۱۲۳	۱۱۸	۱۵۶	۱۴۹	۱۰۶	۱۴۰	۹۴	۶۳
۷۴	۱۳۵	۱۲۱	۱۵۰	۷۲	۷۳	۱۶۱	۱۰۵	۱۶۹	۱۰۱
۲۳۰	۱۰۷	۴۲	۶۹	۹۳	۹۴	۷۴	۱۵۹	۱۲۲	۱۳۹
۱۱۲	۱۴۴	۶۴	۴۶	۱۳۱	۱۳۸	۹۰	۷۰۶	۱۲۴	۱۱۷
۱۴۲	۷۲	۹۵	۱۳۳	۱۱۹	۱۰۹	۴۴	۸۸	۸۷	۱۵۸
۶۸	۹۹	۴۳	۱۰۱	۱۴۵	۲۵۲	۱۲۰	۲۴	۷۸	۶۵
۱۶۰	۷۹	۷۲	۳۶	۱۱۱	۱۰۰	۶۷	۱۰۲	۵۶	۱۵۱
۱۱۴	۱۵۵	۸۰	۸۶	۱۴۱	۱۲۶	۹۸	۲۷۰	۱۲۸	۱۱۳
۱۲۷	۱۲۳	۵۷	۸۱	۸۰	۱۱۰	۶۷	۱۵۲	۱۰۴	۱۲۵
۹۷	۱۲۷	۱۱۰	۱۵۴	۷۸	۱۶۶	۵۳	۱۱۵	۱۴۴	۸۹

اسمائے مالک الملک ذوالجلال والاکرام کے خواص

مالک الملک وہ مالک حقیقی ہے جو اپنی مخلوق میں جو چاہے تعرف کرے جسے چاہے موجود یا معدوم کرے ملک کے معنی مالک ہیں۔ مالک وہ ہے۔ جو مکمل قوت رکھتا ہے۔ اور تمام موجودات اس کی مملوک ہیں۔ وہی سب کا مالک و مختار ہے اور قادر مطلق ہے۔ تمام موجودات ایک مملکت ہے۔ جن میں سے بعض سے مربوط ہیں جیسے انسان جو ایک ہے۔ لیکن جس کے اعضاء مختلف ہیں۔ لیکن تمام اعضاء ایک ہی وجود کے حکم میں ہیں اسی طرح کائنات کے اجزاء اعضاء انسانی کی طرح ہیں جو مقصود کی مدد کرنے میں ایک ہیں۔ اور یہی کمال ملک ہے۔ جس کی وجود الہی بسبب تنظیم متقاضی ہے رابطہ واحدہ دراصل اللہ کی ملکیت ہے جس کا اللہ تعالی مالک ہے۔ اسی طرح ہر انسان کی مملکت اس کے بدن میں ودیعت ہے اور اس کی مشیت انسان کے صفات قلب و جوارح میں نافذ ہوتی رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی مالک الملک اور قادر مطلق ہے جلال اس کی صفت ذاتی اور کرم اس کی صفت فعلی ہے۔ جس کے لیے اس کی مخلوق موجود ہے۔ جس پر وہ کرم کرتا رہتا ہے۔ ذوالجلال والاکرام لوگوں کی کرامت سے مخصوص جب کہ فرمایا ہے۔ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ بنی آدم کا مکرم و معظم ہونا اور قدرت الہی کے مظاہر سے کرنا وغیرہ یہ سب

اسم کریم میں بیان کیا گیا ہے۔ یہاں اسے طول دینا نہیں ہے۔ اکرام کے معنی انعام ہیں یعنی ہر مطیع اور گنہگار و مومن و کافر پر اس کی مسلسل نعمتیں اور افضال و کرام جاری ہیں۔ جب کہ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ یہیں فرمایا ہے یہ کرم تمام عالم انسانی پر ہے لیکن وہ کرم جو مسلمانوں سے مخصوص ہے وہ یہ ہے۔ کہ اس نے مسلمانوں کو اپنی خدمت کے لیے بنا کر اپنی قدرت کے اسباب اسے سکھائے اور حقائق مراتب پر مطلع کیا اور اپنے نبی مکرم کی زبان ان سے وعدہ کرم فرمایا ہے۔ اور اس سے بڑھ کر اور کیا کرم ہوگا کہ اس نے ہمیں اصحاب یمین سے کیا ہے۔ اس کا دنیاوی کرم یہ بھی ہے کہ قلب کو مع اجزاء کے معلق کیا ہے۔ آخرت کی نعمت یہ ہے کہ اجزائے اعمال کو پورا دیا جائے گا اور اس کا جلال تمام اکوان پر حاوی ہے۔ جس کے باعث دنیا میں اس کا دیدار نہیں ہو سکتا قیامت کے بعد جنت میں دیدار عام ہوگا اور ناظر کی نظریں انوار روشنی جگمگ جگمگ کریں گے جن سے آنکھوں میں نئی قوت ادراک پیدا ہوگی جس سے نظر جنت میں کامیاب ہوگی۔ اللہ کریم کا وجود دندانہ تاثیر ہے۔

جن و انس کے لیے عظمت و جلال ابتدائی حالتیں ہیں اور اللہ تعالی کے احوال میں استغراق اور خلائے انتہائی کے امکان میں جو اول حال ہے۔ جس پر صفت جلال کی جلوہ گری ہوگی اور متوسط پر بسط ظاہر ہوگا اور جو انتہا میں ہو اس پر ظاہری و باطنی تمکین احوال کی صورت گری ہوگی۔

ابن جلال حکایت کرتے ہیں۔ میں اونٹ پر سوار تھا کہ اونٹ کا پاؤں ریت میں دھنس گیا تو میں نے کہا اللہ جل اللہ تو اونٹ نے بھی کہا جل اللہ اونٹ میں یہ کہنے کی قوت دو اسباب سے تھی ایک یہ کہ اونٹ اللہ کا قصد کرنے والا تھا جس پر حضور اکرم کی یہ حدیث شاہد ہے۔ لَوْ كُنْتُمْ فِيْ جَبَلٍ لَعَجِبْتُمْ عَلَى اللّٰهِ اور دوسرا سبب یہ تھا کہ اونٹ کثافت کے باوجود جب ابتدائی احوال جلال برداشت نہ کر سکا۔ تو اللہ تعالی نے حقیقت حال جل اللہ اس سے کہلوادی جو شخص اللہ تعالی کے کرم و فضل جانتا ہے۔ وہ اپنے دل و جان اللہ کے سپرد کر دیتا ہے۔ اور اسی کے تصرف پر بھروسہ کرتا ہے۔ تو اللہ تعالی اس کے ظاہری و باطنی دشمنوں سے نجات دیتا ہے۔

موسیٰ کی والدہ ماجدہ نے جب اللہ تعالی پر بھروسہ کیا تو ان کے فرزند کو کس طرح ظلم سے نجات دلائی کہ فرعون جیسے سفاک دشمن سے ان

کو پرورش کرایا۔ حالانکہ موسیٰؑ کے آنے سے پہلے اسی دن ستر ہزار بچوں کو وہ ہلاک کر چکا تھا۔

انسان جب نیکی کا ارادہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَاَنِیْبُوْا اِلٰی رَبِّکُمْ وَاَسْلِمُوْا لَہٗ[1] اور جب گناہ کا قصد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَفَتَتَّخِذُوْنَہٗ وَذُرِّیَّتَہٗٓ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِیْ الآیۃ[2] لوگو اپنے تمام کام اللہ کے حوالہ کر دو اگر اپنے باطن کو اس سے خوفزدہ کرو گے تو وہ تمہاری ظاہری حرکات کو محفوظ رکھے گا اور جب دوسرے لوگ ڈریں تو وہ تم کو امن دے گا۔

اسم اعظم اور اس کی بے شمار برکات

حضرت مریم کی والدہ نے اپنا حمل اللہ کے نذر کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے انکو فضیلت دی اور انکے گھر مریم پیدا ہوئیں۔ اور ان سے حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے آخری زمانہ میں دمشق کے شرقی منارہ آسمان سے اتر کر صلیب توڑیں گے۔ خنزیر ہلاک کریں گے شریعت محمدیہ پر عمل کریں گے اور کانے دجال کو قتل کر کے دنیا پر حکومت کریں گے۔

اسم اس کے اکثر خواص میں سے چند یہ ہیں۔ یہ اسم اعظم ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم نے جاتے جاتے سنا ایک اعرابی یہ دعا مانگ رہا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الْحَنَّانِ مَالِکِ الْمُلْکِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ تو فرمایا اس شخص نے اسم اعظم کے ساتھ دعا کی ہے۔ جو شخص اس اسم کے ساتھ دعا کرتا ہے تو قبول ہوتی ہے۔ اور جو مانگتا ہے دیا جاتا ہے۔ اس اسم کے ذاکر کے لیے مراقبہ کرنا اور اس اسم کے کو اسکے اعداد کے موافق پڑھنا لازمی ہے۔ تاکہ کوحائیل اور طفیائیل اور مرجائیل موکل حاضر ہوں ان میں سے ہر ایک کے تحت، صفیں ہیں حاکم مہربان ہو۔ مشکلات میں آسانی مکان میں برکت حمل کی حفاظت جو ذاکر کو بخششیں کرتے ہیں اور ذاکر کو اسرار مخلوقات کا کشف ہوتا ہے اور دنیا میں قوت ہوتی ہے۔ اس اسم کا نقش ۲۵ ضرب ۲۵ ہے جو بہت عظیم خواص رکھتا ہے۔ یہ نقش شرف شمس میں لکھ کر اس کے اطراف سورۂ حدید لکھیں پھر دعوت حروف جامعہ اور سورۂ ملک اس پر دم کریں پھر اس نقش کو پاس رکھیں تو کوئی ہتھیار اس پر اثر نہ کرے گا۔ زبان بندی کے لیے مطلوب کے نام کے ساتھ یہ نقش لکھ کر سورۂ یٰسین اس پر دم کریں۔ یہ نقش تین کاموں کے لیے عام طور پر لکھا جاتا ہے۔ حکام کو مہربان کرنے کے لیے حکم جاری کرنے کے لیے اور مشکلوں کی آسانی کے لیے ریشم پر لکھ کر انگوٹھی کے اندر رکھ کر پہننے سے رعب و داب قبولیت عامہ ہوتی ہے۔ ایک صفحہ پر اسے لکھ کر مکان میں رکھنے سے برکت ہوتی ہے۔ اور لوگ اس کی جانب مائل ہوتے ہیں جس کا حمل ساقط ہو جاتا ہو۔ وہ اپنے پاس رکھے تو حمل قائم رہے گا۔ پلیگ کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا سلامت رہتا ہے۔ دو آدمیوں میں صلح کرانے کی خاطر اسے گھول کر کھانے یا پانی میں دونوں کو کھلا دیں تو باہم صلح ہو جائے گی جس کام کے لیے معدن مقررہ پر موافق طالع میں لکھا جائے فائدہ دیتا ہے۔ بعض علماء نے اسے سیسہ کی تختی پر لکھا جائے اور اس پر مطلوب کی صورت بنا کر گھر میں رکھ دیا تو اس کی نکسیر جاری ہوگی کیچڑ پر لکھ کر اور اس کو سکھا کر ظالم کے گھر ڈال دے تو وہ گھر برباد ہوتا ہے۔

دلہن کی خوبصورتی میں اضافہ اور دوسرے خواص

اگر ریشم پر لکھ کر دلہن اپنے پاس رکھے تو اس کی زیبائش بہت اچھی معلوم دیتی ہے۔ نیز دیگر ضروریات کی تکمیل کے بھی اس میں اثرات ہیں۔ اس نقش کے گرد عوالم ثلثہ لکھ کر جس عمل کے لائق جو خوشبو ہو اس کی دھونی دینا چاہیئے۔

---

[1] اللہ کی طرف رجوع اور اسی کی فرمانبرداری کرو۔

[2] کیا تم شیطان اور اس کی ذریت کو میرے سوائے اپنا دوست بناتے ہو

نقش مالک الملک ذوالجلال والاکرام یہ ہے۔

م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر		م
ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م
ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا
ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل
ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک
ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا
م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل
ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م
ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل
ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک
و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ
ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و
ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا
ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل
ل	ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ل	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج
ا	ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل
ل	و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا
و	ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل
ا	ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و
ل	ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا
ا	ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل
ک	ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	ا	ل	ا
ر	ا	م	م	ا	ل	ک	ا	م	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	ل	و	ا	ل	ا	ک
ا	م	م	ا	ل	ک	ا	ل	ل	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	و	و	ا	ل	ا	ک	ر
م	م	ا	ل	ک	ا	ل	م	ک	ذ	و	ا	ل	ج	ل	ا	ل	ج	ل	ا	ل	ا	ک	ر	ا

اسم المقسط کے خواص

مقسط وہ ذات عادل ہے جو مظلوم کا ظالم سے بدلہ دلانے میں انصاف کرے ظالم کو کیفر کردار تک پہنچائے اس امر کو عدل و انصاف کرتے ہیں۔ اور اس پر صرف اللہ تعالیٰ قادر ہے۔

روایت ہے۔ ایک مرتبہ رسول اکرمؐ اتنا مسکرائے کہ آپ کی کچلیاں دکھائی دیں حضرت عمر بن خطاب نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔ آپ کس چیز پر مسکرائے فرمایا میرے دو امتی اللہ کے حضور کھڑے ہوئے ایک نے کہا اے اللہ میرا اس شخص سے بدلہ لے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تو نے اس پر جو ظلم کیا ہے وہ اسے واپس دے دے اس نے کہا اے رب اب میرے پاس کوئی نیکی نہیں رہی پھر مظلوم نے کہا۔ میرے گناہ اپنے اوپر لادے اتنا فرما کر رسول اکرمؐ کے آنسو بہنے لگے۔ اور آپ نے فرمایا بے شک وہ دن بڑا سخت ہوگا۔ اور لوگ اس دن حاجت مند ہوں گے کہ کوئی ان کا بوجھ اٹھالے پھر فرمایا اللہ تعالیٰ اس مظلوم سے فرمائے گا۔ سر اونچا کر جب وہ سر اٹھا کر جنت دیکھے گا تو کہے گا اے رب یہ کس نبی یا مقرب کے لیے ہے۔ ارشاد ہوگا اس کے لیے جو قیمت دے وہ مظلوم عرض کرے گا میرے پاس کیا اللہ فرمائے گا اپنے بھائی کا ظلم معاف کر دے اور جنت میں داخل ہو جا۔

اس کے بعد رسول اکرمؐ نے فرمایا اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو اور باہم صلح رکھو کیونکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مسلمانوں میں عدل و انصاف فرمائے گا۔

حضور اکرمؐ سے انصاف کی نسبت کسی نے پوچھا۔ فرمایا رب العزت ہی عدل و انصاف کرتا ہے۔ اور وہی عادل ہے۔ غصہ دور کرنے کی اس نقش میں عجیب خاصیت ہے۔ بشرطیکہ اسمیں اسم عفو بھی شامل کر لو اور لڑائی کے وقت اس طرح کہو۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الْعُفُوُّ الْمُقْسِطُ اَلَّا مَا اَطْفَاتُ عَنِّیْ غَضَبَ تو دور ہو جائے گا۔

نقش المقسط یہ ہے۔

ال	مق	س	ط
۶۱	۸	۳۲	۱۲۹
۷	۵۸	۱۴۲	۳۳
۱۴۱	۳۴	۲	۵۹

غصہ دور ہو تمام ناراض راضی ہوں

یہ نقش مع اس کے ذکر جو شخص اپنے پاس رکھے تو تمام ناراض اور خفا لوگ سب کے سب راضی ہو جائیں گے۔ ذکر یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُقْسِطُ الْعَادِلُ تُنْصِفُ الْمَظْلُوْمَ مِنَ الظَّالِمِ الْمُحِیْطُ فِیْ دَقَائِقِ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ فِی الْعَوَالِمِ الْمُطَّلِعُ عَلٰی مَا تُخْفِیْهِ النُّفُوْسُ فِی الصُّدُوْرِ وَمَا تُظْھِرُہُ الْاَفْعَالِ وَالْاَقْوَالُ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ طَلَبْتَ الْعَدْلَ وَنَھَیْتُ عَنِ الظُّلْمِ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ اَوْجَبَ الْعَدْلِ فِی الْعَالِمِ الْجِسْمَانِیْ الرُّوْحَانِیْ وَفَضَّلْتَ اَقَامَةَ الْعَدْلِ فِیْ عَالَمِ الْمُلْکِ الْاِنْسَانِیْ بِحَمْلِکَ الْمُخْتَمِ الْمُقَدَّرِ فِیْ عَالَمِ الْبَسْطِ وَ النُّوْرَانِیَّاتِ وَتُعَدِّلُ اَوْزَانَ الْمَوْجُوْدَاتِ فِی الْاَرْضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَیَتَعَادَلُ فِیْ ذَاتِ الْقُوَّةِ الْجِسْمَانِیَّةِ وَفِیْ جِسْمِ الْقُوَّةِ الروحانیة اَنْ تُشْرِقَ فِیْ فُؤَادِیْ مِنْ اَنْوَارِکَ الرَّبَّانِیَّةِ لِشُھُوْدِ ذَاتِکَ الْوَحْدَانِیَّةِ یَا مُقْسِطُ یَا اَللّٰهُ رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔

اسم الجامع کے خواص

جامع وہ ذات مستجمع ہے۔ جو مماثل متبائن متضاد اشیاء کو جمع کرے اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو ایک جگہ پر جمع کرے گا۔ یہ مماثلات جمع کرنے کی مثال ہے متباینات کو جمع کرنے کی مثال یہ ہے کہ آسمان وزمین ستاروں جمادات نباتات اور معدنیات وغیرہ کو جمع کرے گا حالانکہ ان میں سے ہر چیز باہمی طور پر شکل وصورت اور رنگ وغیرہ میں مختلف ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے سب کو کائنات میں جمع کیا ہے۔ اور تمام عالم جمع کیے ہیں۔ اور تمام جانداروں میں گوشت خون اور رگ پٹھوں کو جمع کیا ہے۔

اور متضادات جمع کرنے کی مثال یہ ہے کہ حرارت و برودت اور رطوبت و یبوست کو جسم میں جمع کیا ہے۔ حالانکہ یہ باہمی ضدین ہیں۔ انسان میں بصر و بصیرت جمع ہیں۔ اس اسم کے ذاکر کو کشف ہوتا ہے۔ اس کے قلب کی آنکھ کھل جاتی ہے۔ اور متضاد اشیاء وغیرہ بخوبی دیکھتا اس کا ذکر اعداد بسط سے کرنے پر مؤکل حاضر ہوتا ہے جس کے تحت ستر ہزار مؤکل سردار یہ کمال کا خلعت پہناتا اور تمام ضرورتیں ری کرتا ہے۔ اس کے مؤکل کا نام بطیائیل ہے جو ذاکر کی حیثیت کے لحاظ سے کام کرتا ہے۔ گم شدہ اشیاء کی واپسی کے اس میں خاصیت ہے۔ یہ نقش مکان میں رکھنے اور اعداد کے موافق پڑھنے اور۔ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اَجْمِعْنِیْ عَلٰی کَذَا وَکَذَا۔ کہنے سے گم شدہ چیز واپس آجاتی ہے۔

نقش الجامع یہ ہے ۴

ال	جا	م	ع
۴۱	۶۹	۴۲	۳
۶۸	۳۸	۶	۳۲
۵	۳۴	۱۷	۲۹

میاں بیوی میں صلح گمشدہ چیز کی بازیابی وغیرہ اگر خاوند اپنی بیوی سے ناراض ہو اور تم ان میں صلح چاہو تو قاعدہ مذکورہ سے اس اسم سے کام لو اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کی نیکیاں عنایت کرتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ جَامِعُ الْمَوْجُوْدَاتِ بَعْضِھَا عَلٰی بَعْضٍ وَجَمِیْعِ حَالَاتِھَا فِی الْاِبْرَامِ وَالْغَضَبِ مَنَعْتَ الْاَشْیَاءِ عَنْ مَقَاصِدِھَا بِالْاَمْرِ الْقَاھِرِ وَاَوْصَلْتَ بَعْضَھَا لِبَعْضٍ بِالرَّحْمَۃِ وَالْخَطْءِ اَسْئَلُکَ بِمُرَادِکَ مِنْ مَنْعِ الْاَشْیَاءِ اَنْ تَقْطَعَ عَنِّیْ کُلَّ قَاطِعٍ یَقْطَعُنِیْ عَنْکَ وَیُحْجِبُنِیْ مِنْکَ یَا اَللّٰہُ یَا جَامِعُ اَسْئَلُکَ اَنْ تَجْمَعَ عَلٰی اَذْرَاکَاتِیْ وَذَاتِیْ بِالسَّلَامَۃِ الْقُدْسِیَّۃِ وَتَتَحَلّٰی عَلٰی رُوْحِیْ دَوَامَ حِفْظِکَ وَوَفِّقْنِیْ بِخِدْمَتِکَ وَحُضُوْرِیْ بَیْنَ یَدَیْکَ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الْجَامِعُ لِکُلِّ خَیْرٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

اسم مانع کے خواص و اعمال

مانع وہ ذات کامل ہے جو اسباب ہلاکت و نقصان کو مذہب اور جسم سے دور کرتی اور ان کی حفاظت کرتی ہے۔ جس شخص نے حفیظ کے معنے سمجھ لیے وہ اسم مانع کے معنی بھی بآسانی سمجھ لیتا ہے۔ لفظ منع کے معنی حفاظت اور حفاظت کے معنی نقصانات دور کرنا۔ یعنی ہر حافظ مانع

روکنے والا ہے۔ اور ہر مانع حفاظت کرنے والا نہیں ہے بشرطیکہ مانع مطلق ہو۔

بعض اسی اسم کو اسم اعظم کہتے ہیں کیونکہ اس میں اسم اعظم کے تین حرف ہیں اس اسم کے مؤکل کا نام فنیائیل ہے۔ اور یہ مانع مؤکل ہے۔ یعنی دوزخیوں کو جنت میں جانے سے روکتا اور اہل جنت کو دوزخ میں داخل ہونے سے روکتا ہے۔ اور مسلمانوں کو کافروں سے ملنے نہیں دیتا اس کا نقش مثلث نہایت سود مند ہے۔
آندھی اور بارش روکنے کے لیے یہ نقش ہوا میں لٹکاتے ہیں۔ اہل اسرار جس طرح چاہے تصرف کرتے ہیں۔

نقش المانع یہ ہے۔

ال	ما	نع
۴۹	۴۱	۴۳
۴۲	۴۰	۵

دشمن کو روکنا اور اسم اعظم کے فائدے

جو شخص اپنے دشمن روکنا چاہے وہ یہ اسم اعداد کے موافق پڑھے اللہ اس دشمن کے شر سے حفاظت میں رکھے گا۔

اسم اَلضَّارُ النَّافع کے خواص

دراصل ضار اور نافع وہ ذات اعلیٰ ہے۔ جس سے خیر و شر اور نفع و ضرر دونوں صادر ہوتے ہیں۔ اور یہ تمام امور اللہ تعالےٰ کے اختیار میں ہیں۔ فرشتوں انسانوں اور جمادات کے ذریعہ یا بغیر ذریعہ اپنے احکام مبارک کرتا ہے ہرگز یقین نہ کرو کہ زہر بذاتہ مارتا یا نقصان پہنچاتا ہے۔ یا فرشتہ، انسان، شیطان، کوئی اور مخلوق، اور ستارہ نیکی یا بھلائی پہنچاتا ہے۔ بلکہ یقین رکھنا چاہیئے کہ یہ اسباب ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جس کام کے لیے انہیں مقرر کیا ہے۔ وہ انجام دیتے ہیں۔ اس اسم کا عمل قلم کی طرح ہے۔ جو کاتب کی طرف منسوب ہے۔ جس انسان کو کرامت یا غذا ہوا سے قلم سے نہ نفع ہوگا نہ ضرر بلکہ جس کے ہاتھ میں قلم ہے۔ اس سے جزاء ملتی ہے۔ اور یہی کیفیت تمام وسائط کی ہے۔ بہر ثبوت حضرت ابراہیم کا واقعہ ملاحظہ ہو کہ ان کے لڑکے حضرت اسماعیل پر چھری نے کوئی اثر نہ کیا۔ جاننا چاہیئے کہ قلم اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔ جو کاتب کا ہاتھ ہے کاتب جو لکھتا ہے۔ وہ اللہ ہی کا لکھا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ اللہ تعالیٰ ہی نے قدرت جاریہ پیدا کی ہے۔ جس سے انگلیاں حرکت کرتی ہیں یہ دقائق سمجھو معرفت مکمل ہوگی اور موجودات کے ہر ذرہ میں خود کو موجود پاؤ گے۔
اسم ضار کے مؤکل کا نام مرفیائیل اس اسم کے ذاکر کی اللہ تعالیٰ تمام حاجات پوری کرتا ہے کسی کو نقصان پہنچانا چاہو تو اس اسم سے کام لیا جائے۔

نقش اسمائے الضَّارُ النافع یہ ہے۔

قبولیت و محبت اور سب بلائیں دور رزق میں برکت اور اسم

نافع کے مؤکل کا نام فنیائیل ہے۔ یہ دونوں اسماء چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھنے سے تمام آفات اور بلیات دور ہوتی ہیں۔ جس طرح اسم ضار میں ضرر پہنچانے کا اثر ہے اسی طرح اسم نافع میں نفع رسانی کی تاثیر ہے۔ بارش رزق اور ہر قسم کی بھلائی حاصل کرنے کا قاعدہ اہل تکسیر سے اس اسم میں بڑی تاثیر ہے محبت اور قبولیت کے لیے بھی چاندی پر نیک ساعت میں یہ نقش لکھا جاتا ہے۔ ذکر یہ ہے:۔

ال	ض	ا	ر
۴	۱۹۷	۳۰	۸۰۱
۱۹۵	۳	۸۰۲	۲۹
۱۹۹	۳۲	۹۹	۳

ال	نا	ف	ع
۸۱	۶۹	۳۲	۵۱
۲۸	۷۸	۵۲	۲۳
۵۲	۳۴	۶۷	۷۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الضَّارُّ النَّافِعُ اَوْجَدْتَ مَا شِئْتَ مِنَ الْخَلْقِ وَالْعِبَادِ وَالْمَجْمُوْعِ الْاَزْوَاجِ وَالْاَفْرَادِ وَجَعَلْتَ فِیْ کُلِّ مِنْھَا نَفْعًا وَضَرًّا عَلٰی مَا سَبَقَ مِنَ الْمُرَادِ فَمَا بَیْنَھُمَا نَفْعٌ اِلَّا اِذَا شِئْتَ وَمَا بَیْنَھُمَا ضَرٌّ اِلَّا اِذَا اَرَدْتَ اَلَا وَھِیَ اَسْبَابُ تَدْرِیْکَ مُسَخَّرَۃُ الْاَقْلَامِ الْمُسَطَّرَۃِ اَسْئَلُکَ بِمَا فِیْ عِلْمِکَ الْمُحِیْطِ الَّذِیْ یُرِیْ مِنَ الْاَمْرِ الْجَلِیِّ لِخَفِیِّ مِنَ الْمُرَادِ وَالْقَضَاءِ وَالنَّفْعِ وَالضَّرَارِ اَنْ تُعْطِیَنِیْ نَفْعَ کُلِّ شَیْئٍ وَاَنْ تُیَسِّرَ لِیْ اَسْبَابَ الطَّاعَاتِ بِمَا یُوْصِلُنِیْ بِھَا اِلَی الْوَصَلَاتِ یَا کَاشِفَ الشَّدَائِدِ وَالْکُرُبَاتِ یَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ وَالْکَرَامَاتِ یَا اللّٰہُ یَا ضَارُّ یَا نَافِعُ ۔

اسم نور کے خواص

نور وہ خالق کل ہے۔ جس نے تمام چیزیں ظاہر کی ہیں اللہ تعالیٰ ہی فی نفسہٖ مظہر ظاہر ہے۔ جس کا نام نور ہے وجود دراصل عدم کے مقابل ہے۔ اس سے ثابت ہے کہ وجود ظاہر و روشن ہے۔ اور عدم ظلمت کدہ و تاریک ہے۔ وجود کا نور درحقیقت ذات وجود پر نور ہے۔ جو فیاض ہے اور وہی آسمان و زمین کا نور ہے جو اللہ تعالیٰ ہے۔

نور کی دو قسمیں ہیں ایک حسی دوسری معنوی محسوس اور حسی نور آنکھ کا نور ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے آنکھ میں ودیعت کیا ہے۔ اسی طرح معرفت کے لیے ان کے قلوب میں تدبیر و اعتبار کا نور رکھا ہے جو بصارت کو ظاہر کرتا ہے اور یہ نور اقتدار نور سائل اور نور علیم کا نور ہے۔ جو حقائق عالم پر سلوک معلوم سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ سلوک چاہیے سلوک عقلی ہو یا سلوک شرعی۔

شہود حکمت اور ظہور عبودیت کی حقیقت دراصل تنزیہ ربوبیت کی طرح ہے اور یہ نور آٹھ قسم کا ہے۔ نور قلبؔ۔ نور ایمانؔ۔ نور نفسؔ۔ نور روحؔ۔ نور عقلؔ۔ نور سرؔ۔ نور قلبؔ۔ نور کشفؔ۔ ان میں سے ہر نور کے اسرار ہیں۔ جو سب کے سب حقائق عرش ہیں اور ان ہی سے وہ آٹھ نورانی ہیں۔ جو عرش اٹھائے ہوئے ہیں۔ وَیَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّکَ فَوْقَھُمْ یَوْمَئِذٍ ثَمَانِیَۃٌ ۔ قیامت کے دن تیرے رب کے عرش کو آٹھ فرشتے اٹھائیں گے قلب کا نور ایمان کے نور سے ہے جس طرح ایمان نوری صفت ہے۔ جن لوگوں پر نور ایمانی کا فیضان ہے جو تمام تکالیف شرعیہ اور اوامر شہودیہ کو قبول کر کے ان ہی کی بابت اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ ۔

جب دل کی آنکھیں نور ایمانی سے متقابل ہوئیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے علم ملک کو اجمالاً و تفصیلاً منکشف کر دیا اور اسرار عالم ترکیب سے وہ واقف ہو گئیں اور اللہ تعالیٰ جو کچھ ان میں ودیعت کیا ہے۔ اس کے ایک ایک ذرہ میں نور حقانی انہوں نے دیکھ لیا۔ درحقیقت انوار الٰہی میں سے ہر نور کا یہی عالم ہے۔ جس نے اس کا نور دیکھ لیا وہ اگر دیواروں کو شعاع نور سے جل رہی ہیں تو کونسا تعجب ہے۔ جبکہ دھوپ سے ہر چیز روشن ہو جاتی ہے۔ اور ایسا مسلمان اپنے قلب جسم میں نور ہی نور دیکھتا ہے۔

نفس کا نور روح کے نور سے منور ہے۔ جس کا نفس اطاعت الٰہی اور طہارت ظاہری و باطنی رکھتا ہے۔ فکری کثافتوں سے الگ ہو گیا۔ تو اس کا نور روح کے نور سے بہرہ مند ہو گیا۔ اور جنت میں استغراق شہود سے مالا مال رہتا ہے۔ یہ وہ مسلمان ہے۔ جس کے نفس اور روح کو اللہ تعالےٰ نے جبروت کے انوار حقائق کا کشف دیا ہے یہ مسلمان موجودات میں لطائف تصرف الٰہی کا ملاحظہ کرتا اور ملائکہ کو کلمہ طیبہ آسمان پر لے جاتے ہوئے دیکھتا ہے۔

عقل کانور اسرار کے نور کے منجملہ ہے۔ جس شخص کی عقل معرفت مستقیم ہوگئی وہ سب سے الگ ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر رہتا ہے۔
جس کی وجہ سے اسرار الٰہی دیکھتا اور عجائبات ملکوتیہ مشاہدہ کرتا ہے عالم علوی اور عالم سفلی میں جزوی وکلی ادا ابطہ جو ایک کلمہ سے قائم ہیں ان کی حقیقت مجمل اور مفصل اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اسرار کانور قرآن کریم کے نور سے مستمد ہے۔ جس مسلمان کے اسرار ملاحظہ اعیان سے بہ توسط الوان اور غناعن الخلق ظاہر ہوتے ہیں جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ظاہر کی ہے ان انوار تحقیق وحقائق معارف اور انوار تجلیات کو حاصل کرتا ہے۔ اور قرآن کریم کے انوار میں غوطہ زن ہو کر موتی نکالتا ہے۔ قرآن کریم کانور اسی کشف اعلیٰ کانام ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۔ اس اسم کے ذاکر کا دل انوار افکار کے آئینے کو روشن کرتا ہے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ حلال روزی کھانا آرام کی چیزیں ترک کرنا ہمیشہ روزے رکھنا ہر وقت وضو اور طہارت سے رہنا اور پچاس دن اسی طرح ریاضت کرنا ذاکر کے لیے لازمی ہے۔ بشرائط بالا پچاسویں دن ذاکر اپنے منہ سے بوقت تلاوت نوری شعاعیں نکلتے دیکھے گا۔ اور عرش و کرسی کی طرف دیکھے گا تو انوار جمال دیکھے گا تمام دنیا اور علویات اس پر ہویدا ہوں گے نور کشف کی تاثیر تھی جو حضرت عمرؓ نے مسجد مدینہ میں سے اسلامی لشکر مقیم نہاوند کے کمانڈر کو حکم دیا تھا۔ یَا سَارِیَةَ اِلَی الْجَبَلِ ۔

ظاہر و باطن معلوم کرنا اور انوار و برکات کا حصول

حضور اکرم نے کو حافظ بنی البخاری میں دوزخ وجنت کا کشف ہوا تھا اور وہ زمین جو حضور اکرم کی امت کے فتح کی۔ آپ کی نظر سے گذری تھی ذاکر یہ اسم مع اس آیت کے پڑھے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ تو مؤکل مسمی ربیائیل حاضر ہوتا ہے۔ اور ابواب جزوظاہر و باطن اس پر کھول دیتا ہے۔ سونے یا چاندی کی انگوٹھی پر یہ نقش کندہ کر کے جو اپنے پاس

نقش اسم النور یہ ہے ھ

ال	ن	و	ر
۷۰	۱۹۹	۳۲	۴۹
۱۹۸	۴	۵۲	۳۳
۵۱	۳۴	۱۹۷	۵

رکھے اور یہ اسم موافق اعداد پڑھے تو اس کا دل روشن ہوتا اور ظاہر و باطن منور ہو جاتا ہے۔ اور ہیبت ووقار حد سے زیادہ ہوتا ہے اور رزق کشادہ ہوتا ہے۔ ذکر یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ النُّوْرُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بِنُوْرِ هٰذِهِ اٰيٰتِكَ بِالْغَيْبِ فِيْ ذَوَاتِهِمْ عَلٰى تَوْحِيْدِكَ وَمَعْرِفَتِكَ النُّوْرُ الْمُبِيْنُ الْهَادِيُ الْقَوِيُّ الْمُبِيْنِ وَنُوْرُكَ لَيْسَ لَهٗ شَبِيْهٌ فِي الْعَالَمِيْنَ ذَاتِكَ الْوُجُوْدُ الْمُحَقَّقِ الَّذِيْ لَيْسَ لَهٗ كَيْفِيَّةٌ الْمُتَمَاثِلِيْنَ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْنِيْ بِنُوْرِ صِفَاتِكَ النُّوْرَانِيَّةِ وَذَاتِكَ الْقُدْسِيَّةِ عَنِ التَّقْلِيْسِ وَالتَّنْزِيْهِ وَالْكَيْفِيَّةِ وَعِلْمُكَ الْمُحِيْطُ بِالدَّقَائِقِ وَالْمَوْجُوْدَاتِ اَنْ تَظْهَرَ فِيْ فُؤَادِيْ مِنْ نُوْرِكَ مَا تَنْزِيْلُ بِهٖ عَيْنَ الظُّلُمٰتِ الْكَوْنِيَّةِ وَنُوْرًا يَزِيْلُ عَنِّيْ مِنَ الْحُجُبِ الْبَشَرِيَّةِ وَيُذْهِبُ عَنِّى الْاِرَادَاتِ الْاِنْسَانِيَّةِ لِيَفْنٰى بِهٖ وُجُوْدِيْ فِيْ وُجُوْدِ ذَاتِكَ وَهٰذِهِ اٰيَةٌ نُوْرَانِيَّةٌ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ النُّوْرُ نَوِّرْنِيْ يَا نُوْرُ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْنِيْ بِنُوْرِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ وَنُوْرًا فِيْ لَحْمِيْ وَنُوْرًا فِيْ عَظْمِيْ وَ نُوْرًا فِيْ شَعْرِيْ نُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ وَنُوْرًا عَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا وَعَنْ يَسَارِيْ وَنُوْرًا مِنْ فَوْقِيْ وَنُوْرًا مِنْ تَحْتِيْ وَنُوْرًا يُحِيْطُ بِيْ يَا نُوْرَ النُّوْرِ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔

اسم الہادی کے خواص دلوں کی ہدایت اور کند ذہنی ومالیخولیا کا علاج

ہادی وہ ذات کمال ہے جس نے مخلوق پیدا کر کے اسے اپنی معرفت ذات کی ہدایت دی اور ہدایت کو اپنی ذات سے منسوب کیا جبکہ ارشاد ہے۔ اِنَّ الْھُدٰی ھُدَی اللّٰہِ ہدایت یقیناً اللہ ہی کی ہدایت ہے۔ جو ہدایت کی طرف چلتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت نصیب کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے نشاۃ اول میں وجود کو قدم سے پیدا کر کے اس کی دو قسمیں کی ہیں جیسا کہ فرمایا ہے۔ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّۃِ وَ فَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ اول فریق جو اہل یمین ہے۔ جنت میں ہے۔ اور دوسرا فریق جو اہل یسار ہے۔ دوزخی ہے۔ ان کے وجود پر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان شاہد ہے۔ فَھَدَی اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یعنی اہل ایمان کو اللہ تعالیٰ نے توحید قبول کرنے کی ہدایت دی اور کافروں کو ان کے وجود کے تحت اضطرار دے کر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ہدایت دے دی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی ہادی حقیقی ہے دیگر معبودوں پر ہدایت کا اطلاق مجازاً بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ اصل حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے اعمال کے لحاظ سے اصل کی طرف ہدایت ہی نہیں کی جس پر وہ چلتے بلکہ وہ خود اصل ہدایت سے دور ہو گئے ہیں۔ یہ تمام امور اللہ تعالیٰ کی قضا وقدر ہے اس کے احکامات جور وظلم سے منزہ ہیں لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَھُمْ یُسْئَلُوْنَ اس اسم کے ذاکر کو چاہیئے کہ اعمال خیر کرتے ہوئے ذکر جاری رکھے اگر اسم بدیع کو بھی ملا کر پڑھے تو بہتر ہے اس اسم کے مؤکل کا نام اطیائیل ہے۔ ذاکر اس اسم کا ذکر کرنے سے ہدایت کا مظہر ہو گا۔ دلوں کی ہدایت اور کند ذہنی کے لیے یہ اسم بے حد سود مند ہے۔ یہ نقش گھول کر پئے ذیل کی دعا پڑھنے والے اس اسم کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے پکا مسلمان بناتا اور عمل صالح کی توفیق دیتا ہے۔ اگر یہ نقش ذکر مالیخولیا کے مریض کے گلے میں ڈالے تو اس کو صحت ہوتی ہے۔ ذکر یہ ہے۔

نقش الہادی یہ ہے

ی	د	ها	ال
۵	۳۲	۹	۵
۳۳	۸۰	۲	۸
۳	۷	۳۴	۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْھَادِیْ لِکُلِّ مَخْلُوْقٍ لِمَعْرِفَتِہٖ مَالَا یُدْرِکُہٗ مِنْ قَضٰی حَاجَتِہٖ مِنَ الْاِقْدَامِ عَلَیْکَ وَالتَّقَرُّبُ مِنْہُ فِیْ صُوَرِہٖ وَتَقَلُّبَاتِہٖ ھَدَیْتَ الْعَالَمِیْنَ مِنَ النَّاسِ بِدَلَائِلِ اِتْقَانِ صُنْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَھَدَیْتَ الْعَاصِیَ اِلٰی مَعْرِفَتِکَ وَاَظْھَرْتَ لَھُمْ مِنْ لَطَائِفِ الْکَرَامَاتِ وَھَدَیْتَ الْاَطْفَالَ فِیْ صِغَرِھِمْ اِلَی الْاِرْتِضَاعِ وَالطَّیْرِ اِلَی الْاِلْتِقَاطِ فِی الْبَقَاءِ وَھَادِیَ النَّحْلِ وَکُلِّ ذِیْ رُوْحٍ اِلٰی صَلَاحِ حَالِہٖ وَالْاِنْتِفَاعِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَزِیْدَ فِیْ مِنْ حُسْنِ التَّوْفِیْقِ مِمَّا تَکْمُلَ بِہِ الْھُدٰی وَتَجْعَلَنِیْ مِنْ اَتْبَاعِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

اسم بدیع کے خواص اسرار مخلوق کا انکشاف وغیرہ

بدیع وہ ذات والا صفات ہے جو اپنی ذات میں انوکھی ہے۔ اس کے احکام یا اس کی صفات کے ہم مثل اور کوئی چیز نہیں ہے۔ ہر چیز پر ہے۔ اور جو چیز مقہور ہو وہ ہرگز بدیع نہیں ہو سکتی نہ مطلقاً مشہود جیسا کہ فرمایا ہے بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنّٰی یَکُوْنُ لَہٗ وَلَدٌ الخ

اس اسم کا ذاکر مصنوعات الٰہی میں بہ لطافت تدابیر بلحاظ عین اعتبار مشاہدہ کرتا ہے۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ اول عقل۔ حقیقت بلوغ علوم علویہ۔ حکمت۔ لطائف وبہیہ اور اسرار خفیہ۔

دوسری ارواح کا وقت جس میں کلام اللہ پڑھتے اس میں غور و فکر کرتے اور دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس بحر عمیق میں کیا عجائبات رکھے ہیں۔ تیسری وقت یقین یعنی طہارت اور ذکر لازمی کرنا اور اسم بدیع کا ورد رکھنا تاکہ ملکوت ظاہر ہوں۔ چوتھی وقتِ دل خطرات قبضہ میں لاکر ان پر حکم جاری کرنا پانچویں وقتِ جسم، حقوق عبادات اور ریاضت سے جسم کو آراستہ کرنا تاکہ یہ مقام اعلیٰ حاصل ہو سکے۔

مال و اسباب کی حفاظت معزول حاکم کی بحالی | یہ اسم یا بدیعُ اعداد بسط کے برابر پڑھنا چاہیئے اس کے مؤکل کا نام حفیائیل ہے جو خواب یا بیداری میں اکثر اسرار مخلوقات منکشف کرتا ہے۔ جو حاکم اپنے عہدہ معزول ہو گیا ہو وہ اس اسم کے ذکر سے اپنا عہدہ پائے گا۔ یہ نقش مال و اسباب کی حفاظت کے لیے بڑا پر تاثیر ہے۔ یہ دعا پڑھنے سے دل کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمُبْدِعُ جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ عِلْوِيِّهَا وَسُفْلِيِّهَا خَالِقُهَا نُمُوْذَجًا بِغَيْرِ مِثَالٍ وَاخْتَرَعْتَهُمْ بِلَا مُعِيْنٍ وَلَا شَرِيْكٍ وَّدَلِيْلٍ وَعِمَادٍ اَسْئَلُكَ بِقُوَّتِكَ عَلٰى اِخْتِرَاعِ اَنْوَاعِهَا وَاصْطِنَاعِهَا وَتَالِيْفِ ذَوَاتِهَا وَبَيَانِ اَوْصَافِهَا وَتَصَوُّرِهَا وَمَا اَوْجَدْتَ فِيْ اَكْنَافِهَا اَنْ تَكْشِفَ عَنْ قَلْبِيْ ظُلُمَاتِ الْكَثَائِفِ وَتُبْدِعَ فِيْ فُؤَادِيْ اَنْوَارَ الْمَعَارِفِ وَتُوْدِعَ فِيْ سِرِّيْ مِنْ اَنْوَارِكَ الْمُقَدَّسَةِ اَصْنَافَ اللَّطَائِفِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ بَدِيْعُ الصُّنْعِ۔

نقش البدیع

ال	ب	د	یع
۱۵	۴۹	۳۳	۱
۸	۱۲	۴	۲۳
۲	۲۴	۱۷	۲۳

اسم باقی کے خواص

باقی وہ ذات مکمل باقی ہے جس کا وجود کبھی منقطع نہیں ہوتا اور واجب الوجود بذاتہ ہے۔ اس اسم کی ذہن کی طرف اضافت کرنے سے مستقل شاندار ہوتا ہے اور نام باقی رہتا ہے اگر ماضی کی طرف اضافت کی جائے تو قدیم نام رہتا ہے۔ دراصل باقی وہ ہے۔ جس کی قسمت ماضی میں ختم نہ ہو اسی کو اوّل ازلی اور واجب الوجود بذاتہ کہتے ہیں۔ اس کے یہ مختلف نام ماضی، مستقبل اور منقلبات کی اضافت کی وجہ سے کہے جاتے ہیں کیونکہ ماضی وغیرہ زمانہ ہے اور تغیر و حرکت زمانہ ہی میں ہوتا ہے۔ اور حرکت بذاتہ ماضی و مستقبل پر منقسم ہے۔ اور متغیر زمانہ میں تغیر و انقلاب کی وجہ سے آتا ہے۔ اور جو چیز تغیر سے خالی ہو وہ زمانہ میں نہیں آسکتی اور ماضی و مستقبل سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اسی طرح امور متوجہ کا بھی وقت میں ہونا ضروری ہے۔ جو تھوڑے تھوڑے ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ جو گزر گیا وہ ماضی ہوا جس کا انتظار رہے۔ وہ مستقبل ہو گا۔ ان تمام امور کے پیش نظر واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ زمانہ کے پیدا کرنے سے پہلے بھی موجود تھا اور زمانہ کے فنا کرنے کے بعد بھی رہے گا۔ اور درحقیقت اللہ ہی باقی ہے۔

چھونے سے مریض کو صحت اور تمام حاجات پوری ہوں | کوئی شخص اسم باقی کے ذکر سے باقی نہیں بن سکتا بلکہ یقین کرے

کہ میں فنا ہونے والا ہوں خلوت میں ارواح کے ہجوم کے وقت بھی اسم یا باقی کو اسم یا ثابت کے ساتھ پڑھنے سے اس کا موکل عطیائیل ذاکر کے پاس آ کر تمام ضروریات پوری کرتا ہے۔ اور ذاکر جس مریض کو ہاتھ لگائے وہ فوراً اچھا ہو جاتا ہے۔ یہ اسم ابدالوں کا ذکر خاص ہے۔ جس شخص کے نام کے اعداد اس نقش کے اعداد کے موافق ہوں تو اس کے حق میں یہ اسم اعظم ہے۔ وہ جو کام چاہے لے سکتا ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر اللہ تعالیٰ خوشی و خوبی کے دروازے کھول دیتا ہے۔ ذکر یہ ہے۔

نقش الباقی

ال	با	ق	ی
۱۰۱	۹	۳۲	۲
۸	۹۸	۵	۳۳
۴	۳۴	۷	۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاقِیْ فَلَا اِنْتِهَا لِوُجُوْدِكَ وَاَنْتَ الصَّمَدُ الْقَيُّوْمُ الْاَزَلُ وَاَنْتَ الْحَيُّ الْبَاقِیْ فِی الْاَزَلِ بَعْدَ زَوَالِ الْاَسْبَابِ وَالْعِلَلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَيَاتِكَ الَّتِیْ لَا يَمُوْتُ اَبَدًا وَ بِقَائِكَ الَّذِیْ لَا يَنْتَقِضِیْ وَلَا يَفْنِیْ وَبِعِلْمِكَ الْمُحِيْطِ بِكُلِّ شَیْءٍ اَنْ تُحْيِیْ قَلْبِیْ بِرَنْمِ الْحِجَابِ لَا تَنْعَمَ بِحَيَاتِكَ اَبَدًا وَاَتَفَ عَلٰی تِلْكَ الْحَيَاةِ مُبْتَهِجًا سَرْمَدًا يَا غَايَةَ الْمَقْصُوْدِ وَالْمَآلِ يَا مُنْتَهَی الْاٰمَالِ يَا ذَا الْبَقَا يَا ءِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْتَ اللّٰهُ الْبَاقِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔

اسم الوارث کے خواص

وارث وہ شخص ہے۔ جو اپنے مورث کے انتقال کے بعد اس کی وراثت کا وارث اور مالک ہو لیکن در اصل اللہ تعالیٰ ہی مالک ہے وارث ہے۔ جو تمام مخلوق کے ختم کے بعد بھی باقی رہے گا۔ اور اسی کے حضور میں ہر چیز رجوع کرے گی اور وہی اس وقت کہے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ آج کس کی حکومت ہے؟ پھر خود ہی جواب دے گا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔ اللہ واحد قہار کی حکومت ہے اکثر آدمی سمجھتے ہیں۔ ہم ہی صاحب ملک حاکم اعلیٰ اور صاحب اقتدار ہیں۔ ان کے اس خیال باطل کو اللہ تعالیٰ باطل کر کے حق الیقین کے دروازے ان کے سامنے کھول دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی مالک و مختار اور وارث ازلی و ابدی ہے۔

ہم نے اپنی کتاب مقصد اسنیٰ شرح اسماء حسنیٰ میں اس کی تفصیل و تشریح کی ہے۔ جو دیکھی جا سکتی ہے۔ اس اسم کی تاثیر مناصب اور درجات کے حصول کے لیے بہت زیادہ ہے۔ خلوت میں یہ اسم مع دعا اپنے اعداد کے برابر پڑھنے سے مؤکل دردیائیل حاضر ہوتا اور ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ اور صاحبان کمال کا وارث بناتا ہے۔

دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَارِثُ الَّذِیْ تَرِثُ كُلَّ شَیْءٍ مِنَ الْاَرْزَاقِ وَالْاِمْلَاكِ وَالْبِحَارِ وَالسَّمٰوٰتِ وَالْاَفْلَاكِ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ يَا حَيُّ اَنْتَ الْحَيُّ الْبَاقِیْ اَسْئَلُكَ بِتَقْدِيْسِ اَسْمَائِكَ وَصِفَاتِكَ وَاَحْدِيَّتِكَ وَثُبُوْتِ ذَاتِكَ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الْوَارِثِيْنَ بِحَقَائِقِ اَسْرَارِكَ الْمُسْتَفِيْضِيْنَ فِی الْحَيَاةِ وَالْمَمَاتِ

نقش الوارث یہ ہے

ال	وا	ر	ث
۲۰۱	۴۹۹	۳۲	۶
۱۹۸	۴۹۸	۴۹۷	۳۳
۸	۳۴	۳۹۷	۱۹۹

يَا نُوَارَكَ وَادُمْ عَلٰى ذَالِكَ اَنْ تُسْكِنِّيْ فِيْ جِوَارِكَ مَعَ رُسُلِكَ وَاَحِبَّائِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْبَاقِيْ الْوَارِثُ۔

اسم رشید کے خواص

رشید وہ ذات ہے۔ جو کل امور کی بغیر کسی مشیر کے خود مرجع اور خوبی ان کا مدبر ہو۔ اور یہ ذات والاصفات اللہ تعالیٰ ہی کی پاک ذات ہے۔ جس نے تمام مخلوق کو رشد و ہدایت کا راستہ بتایا یہ اسم اعداد کے موافق خلوت میں پڑھنے سے ذاکر میں یہ تاثیر پیدا کرتا ہے۔ کہ جس پر نظر ڈالے اس کو ہدایت ہو اس اسم کا موکل سرطیائیل ہے جو ذاکر کے پاس آکر ہدایت تعلیم کرتا ہے۔

ذاکر اپنی ہمت قبولیت کی امید سے بلند رکھے تاکہ ظاہر و باطن کا مشاہدہ کرے ذیل کے اسماء ۱۳ اسمائے اس دعا کے مناسب حاصل ہیں۔ ان اسمائے کا دلوں پر اثر ہوتا نفس کو طمانیت ہوتی سینہ کشادہ ہو جاتا مطلوب کا کشف ہوتا ہے۔ اور جو بات معلوم کرنا ہو جو سوتے وقت بستر پہ اسماء پڑھنے سے خواب میں مطلب ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس بہترین عمل سے تمام رنج و غم دور ہوتے ان اسماء کے ذاکر سے تمام لوگ محبت کرتے اور عجائب اسرار ظاہر ہوتے ہیں۔ اور قلب کی ظلمت دور ہو جاتی ہے۔ اور وہ اسماء یہ ہیں۔ هُوَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمُحِيطُ الْكَامِلُ الْوَاحِدُ الْوَاسِعُ الْبَرُّ الصَّادِقُ النُّورُ الْبَدِيعُ الْمُبْدِعُ النَّاظِرُ الْمُبْدِئُ الْمُعِيدُ الْمُغِيثُ ط ۔ ان اسماء میں اسم اعظم بھی ہے ان اسماء کے ساتھ دعا قبول ہوتی اور جو مانگا جائے ملتا ہے اہل مکاشفہ کا یہ ذکر خاص ہے۔ جو بہت بڑا ذکر کہلاتا ہے ان اسماء کے دائمی ذاکر کو کشف ہوتا دونوں جہان میں بھلائی ملتی اسرار کون مشاہدہ کرتا ہے۔ اسماء یہ ہیں۔ اَلْمُحِيطُ الْعَالِمُ الرَّبُّ الرَّشِيدُ الْحَسِيبُ الْفَعَّالُ الْخَلَّاقُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ ط ۔

حضرت شیخ عبد القادر الجیلانی کو دیکھنے والا ایک شخص کہتا ہے نصف شب کو آپ یہ اسماء ذکر کرتے جن کی برکت سے یہ حال تھا کہ

آپ بھی ہوا میں معلق ہوجاتے کبھی نظر سے غائب ہوجاتے اور اسرار الہٰی کا مشاہدہ کرتے تھے آپ کے خلوص، صدق نیت، قوت یقین بلند مضبوط ہمت اور اصلاح حال نے آپ کی مدد کی۔

اسرافیل کی صورت رسول اکرم نے اسرافیل کو دیکھا کہ اپنی اصلی صورت میں عرش کا پایہ اپنے کندھے پر رکھے ہوئے ہیں اور ان کے پیر تحت الثریٰ سے بھی نیچے ہیں۔ اور صور جس کا طول پانچ سو سال کی راہ کے برابر ہے ان کے منہ میں ہے۔ اور رسول اکرم نے جبرائیل اپنی صورت اصلی میں آکر اسرافیل کی صورت کا بھی تذکرہ کیا تھا۔

رسول اکرم نے جبرائیل کو دیکھا جن کے سات سو پر ہیں اور ہر پر اتنا عظیم ہے جو مغرب سے مشرق تک ہے رسول اکرم نے اللہ سے جبرائیل کو ان کی اصلی صورت میں دیکھنے کی دعا کی تھی جب جبرائیل اپنی اصلی صورت میں آئے تو سرور عالم باوجود قوت قلبی اور مستحکم ارادہ کے بیہوش ہوگئے تھے جبرائیل اکثر اپنی عام صورت میں ہمیشہ آپ کی خدمت میں آتے رہے۔ جبرائیل کو اصلی صورت میں دیکھ کر رسول اکرم نے فرمایا جبرئیل مجھے معلوم نہ تھا کہ تمہاری ایسی صورت ہے۔ جبرائیل نے عرض کیا اگر آپ اسرافیل کو دیکھیں جن کے سات سو پر ہیں۔ اور ایک پر سات سو پروں کے برابر ہے۔ رسول اکرمؐ نے شب معراج میں اسرافیل کو بھی دیکھا جس وقت اسرافیل اللہ تعالیٰ کی عظمت کرتے تو چڑیا کی مانند چھوٹے ہوجاتے اور جب اصل صورت میں آتے تو تمام عالم کو اپنے میں سمو لیتے۔

ایسے ہی سیدنا شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ اسماء کا ذکر کرتے وقت جبکہ معانی اسماء ان کے دل میں جوش زن ہوتے تو وہ بہت ہی بڑے ہوجاتے اور ہوا پر پرواز کرتے تھے بہرحال ان کے لیے عروج ہی عروج ہے۔

اجسام انسانی میں علویات کی تصریف

یقین کیا جائے کہ اسمائے الہٰی انسان پر تصرف کرتے ہیں اور دھاتوں پر تصرف اور اثر انداز ہوتے ہیں امیزو پر تصرف اس طرح کیا جائے کہ سونا پانچ حصّہ چاندی چار حصّہ اور بلور یا عقیق ایک حصّہ کا اثر اسم الہٰی سے ظاہر ہوتا ہے بشرط طہارت و تقویٰ عمل کیا جائے ساتوں ستارے جدا جدا اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتے رہتے ہیں ہر ستارہ کی تسبیح مقررہ معدن پر نقش ہے کے سبب اللہ تعالیٰ اس ستارہ کے سب افعال اس دھات میں مسخر کردیتا ہے۔

جو اسم نقش کرنا چاہو اس کے حروف و تکسیر کرے اس کے اعداد کی بھی یہاں تک تکسیر کرو کہ اوّل سطر آخر میں ظاہر ہوسکے پھر حروف ملا لو اس کا راز تم کو معلوم ہوجائیگا۔ اسم حی و قیوم مثالاً لکھا گیا ہے اسے دیکھ کر اچھی طرح سمجھ لو۔ اور تکسیر کا قاعدہ یہ ہے کہ بسط مربع کرو اور مکرر کو ساقط کرو چھ تو سطریں رہینگی انہیں میں حروف کے خواص بھی جمع ہوں گے جو باہمی داخل ہوں گے

ح	ی	ق	ی	و	م		۸	۱۰	۱۰۰	۱۰	۶	ع
ی	ق	ی	و	م	ح		۱۰	۱۰۰	۱۰	۶	ع	۸
ق	ی	وِ	م	ح	ی		۱۰۰	۱۰	۶	ع	۸	۱۰
ی	و		ح	ی	ق		۱۰	۶	ع	۸	۱۰	۱۰۰
و	م	ح	ی	ق	ی		۶	ع	۸	۱۰	۱۰۰	۱۰
م	ح	ی	ق	ی	و		ع	۸	۱۰	۱۰۰	۱۰	۶

اعداد کے خواص اللہ نے ان کے باطن میں رکھے ہیں۔ جو ان کے خصوصی افعال و اثرات ہیں۔ ذکر عزیز ہر شئے کی زندگی پر دلالت کرتا ہے۔
وفق عددی کے خواص و منافع پر اکثر علماء متفق ہیں جو منفعت اور قیمتہ کا امتزاج ہے۔ مثلاً جب ۳۵ کو ۳۵ میں ضرب دو تو اسم حیّ کے ۵ حرف بنتے ہیں جو تلفظ میں چھ ہیں کیونکہ حرف مشدد دو حرف ہیں ان دونوں اسموں میں حرف ی مشدد ہے انہیں سات سے ضرب دو تو ۳۵ بنیں گے۔

دفق کی تاثیری قوت

وفق مرکبات کی تاثیر بہت ہے جس کی وجہ سے ہر مطلب حاصل ہوتا ہے۔ تکسیر سے ۴۲ حروف حاصل ہونگے کیونکہ الف لام حایا یہ اسم الحی کا بسط ہوا (ال ف ل ام ح ا ی ا) کل دس حروف ہیں سے حرف تکرار کم کرکے ۶ حرف باقی رہے۔ ال ف م ی ح۔ ایسے القیوم کو بسط کیا تو ۱۰ حرف نکلے۔ (ال ف ل ام ق ال ف ی او ادم ی م) اور مکرر حرف ساقط کیے چھ حرف باقی رہے۔ جو القیوم ہے پھر ۷ کو ۶ میں ضرب دی تو ۴۲ ہوئے اور یہی دونوں اسماء کا سات سطروں تک مکرر ہے۔ تداخل تکسیر کے بعد ۱۹ حرف باقی بچے جو د ا ب ت ج ح س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل، ہیں پھر ان ہی حروف سے وہ اسماء بنے جن سے مطلوب پر مدد حاصل ہوتی ہے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ یَا حَیُّ یَا حَکِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَا حَنَّانُ یَا حَسِیْبُ یَا حَفِیْظُ یَا حَقُّ یَا خَالِقُ یَا خَلَّاقُ یَا خَبِیْرُ یَا رَؤُفُ یَا رَحِیْمُ یَا سَلَامُ یَا حَافِظُ یَا شَافِیْ یَا شَکُوْرُ یَا مُصَوِّرُ یَا ضَارُّ یَا غَافِرُ یَا غَفُوْرُ یَا فَتَّاحُ یَا قَوِیُّ یَا کَافِیْ یَا مَلِیْکُ یَا کَفِیْلُ یَا وَکِیْلُ یَا وَلِیُّ یَا وَالِیُ۔

باقی حروف میں کسی کام کی نیت سے جو اسماء حیّ و قیوم کے موافق ہوں کسی اسم کو وفق عددی کی طرف مضاف کرو (جیسا کہ اہل اوفاق کیا کرتے ہیں۔ تو اس کا اثر فوراً ظاہر ہوگا۔ اور باقی کے خواص بھی اسی پر محمول ہیں تکسیر و تداخل اور مزاج طبائع کا یہی قاعدہ تمام میں ہے۔

گرمی کا اثر زائل

جو شخص اسم حیّ اور اسمائے حائیہ مثلاً حیّ حکیم حلیم حنان حمید حسیب حفیظ حق کا ذکر گرمی میں طلوع آفتاب کے وقت کرے تو گرمی کا اثر نہیں ہوگا۔ ان اسماء کے مراتب اعداد قابل غور فکر ہیں حرف حاء کے بعد اول مراتب عشرات کا۔ حرف ہے جو اسم حیّ میں حرف یا ظاہر کرتا اسی طرح حکیم میں ظاہر ہے۔ جس کے ۲۰ عدد ہیں اور حلیم کے لام کے ۳۰ ظاہر ہیں۔

بخار و پیاس دور ہو۔ باغ اور کھیت کی حفاظت محبت میں زیادتی

اگر حرف حاء کو ۸ مرتبہ ح ح ح ح ح ح ح ح کی مانند مہینہ کی آٹھویں کو نویں ساعت میں بدھ کے دن لکھکر یہ اسماء بھی لکھیں۔ اَلْحَیُّ اَلْحَکِیْمُ اَلْحَنَّانُ اور اپنے پاس رکھیں تو بخار دور ہو جاتا اور پیاس جاتی رہتی ہے۔ اسی ترکیب سے ان آٹھوں اسماء کو تکسیر کرکے ۸×۸ کے مربع میں نقش کریں۔ تو جذب اور ازدیاد محبت میں بہت کار آمد ہیں۔ یہ طریقہ ہے کہ مطلوب کے نام کا پہلا حرف لکھ کر پھر حرف حاء لکھو۔ مثلاً مطلوب کا نام زید ہے تو ایسے لکھو۔ زح زح زح زح زح زح زح زح پھر اس نقش پر یہ دائرہ کی شکل میں یہ اسماء لکھو جلسیائیل۔ حمدیائیل۔ حنسیائیل۔ جفظیائیل۔ حقیائیل اور لوبان ذکر کی دھونی دو اور کسی اونچی جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو مطلوب کی جانب رکھ دو فوراً مطلب حاصل ہوتا ہے۔ ان آٹھوں اسماء کا مع اسماء روحانیہ اس طرح ذکر کرنا چاہیئے۔

یَا مَعْشَرَ الرُّوْحَانِیَّۃِ بِحَقِّ مَا فِیْ اَسْمَائِکُمْ وَالسَّمَاءِ اَللّٰہُ الْحَیُّ الْحَکِیْمُ الْعَلِیْمُ الْحَنَّانُ الْحَمِیْدُ الْحَسِیْبُ الْحَقُّ اِلَّا جَعَلْتَ لِفُلَانٍ الْقُبُوْلَ وَالرَّحْمَۃَ وَالْحِلْمَ وَالْحَنَانَ فِیْ قَلْبِ کَذَا وَکَذَا حَتّٰی لَا یَھْنَا لَہٗ عَیْشٌ وَلَا یَقِرُّ وَلَا یَزَالُ ھَیْمَانَ حَیْرَانَ جَیْعًا نًا عَطْشَا نًا یَقْتَفِیْ اٰثَارَ فُلَانٍ وَ یَطْلُبُہٗ کَمَا یَطْلُبُ الْمَآءَ

الْعَظْشَانِ بِسُوْرَةِ الرَّحْمٰنِ وَفَاتِحِ الْقُرْاٰنِ وَجَنَّةِ الرِّضْوَانِ وَالْبَحْرِ وَالْحِيْتَانِ وَعِلْمٍ قَلْبُهٗ اَللّٰهُمَّ فَاِنْ دَائِمَۃً سَرْمَدِيَّةً عَلٰى دَوَامِ الْاَحْيَانِ وَالدُّهُوْرِ وَالْاَعْوَانِ وَلَا زَمَانِ لَا الْاَسْمَاءِ تَظِلُّهٗ وَلَا اَرْضَ تُقِلُّهٗ اَجِيْبُوْا طَائِعِيْنَ لِاَسْمَاءِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الْوَحَا الْعَجَلَ السَّاعَةَ ۔

بشری اجسام میں حروف علویات کی تصریف اور انسانی ارواح میں اعداد روحانی کی تصریف

متفق علیہ ہے کہ موجودات مع اختلاف اصناف چار طبائع سے مرکب ہیں اور وجود اشیاء انہی طبائع اربعہ سے قائم اور انہی سے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کی ترکیب دی ہے جسے اصل تدبیر کہا جاتا ہے نیز قوائی کو مادہ سمیت عالم اسفل میں ڈال دیا ہے۔ حکماء نے اس مسئلہ میں بڑی مدلل تفصیلی بحث کی ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ ہندی وغیرہ زبانوں کے مختلف جملہ حروف سب عربی کے ۲۸ حروف میں موجود ہیں سوائے لام الف کے جو انہیں ۲۸ میں شامل ہے۔ یہ ۲۸ حروف ۲۸ منازل کے ہیں اور منزل کے لیے ایک ایک حرف مقرر ہے۔ اور ان ۲۸ حروف میں چار طبائع ہیں اور ہر حرف کی خاصیت بالکل جدا ہے سب میں اول حرف الف ہے جو ہر نقطہ کا مبداء ہے۔ اور ذات انسان کے لحاظ سے یہ عقل کا حرف اول ہے جو حرف اوّل ہے۔ اور یہی حروف جو اب اصل شے ہے دوسرے حروف کے لحاظ سے الف عدد میں واحد ہے۔ اور دوسرے اعداد اقوال کے اسرار ہیں جس طرح تمام حروف اسرار اعمال و افعال ہیں۔

اعمال حروف کے لیے کوئی وقت خاص نہیں ہے اللہ جب چاہتا ہے خصوصی اثر پیدا کرتا ہے۔ اور اعداد بالطبع اثر کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ علویات کے اختیارات رکھتے ہیں۔

حروف کے مؤکل مطلوب کی طلبی غائب کی حاضری دشمنوں میں صلح

ہر حرف کے مقررہ مؤکلات ہیں جو علوی و سفلی ہیں ان کی عزیمتیں اور بخورات ہیں جب کوئی فائدہ حاصل کرتا ہو تو ایک مربع ہرن کی جھلی میں مشک و زعفران اور گلاب سے جمعہ کے دن زہرہ کی ساعت میں صاف پاک اور خلوت کی جگہ میں بیٹھ کر لکھو اور لوبان ذکر اور منعہ سائلہ اور عود رطب کی دھونی دو اور اس مربع میں الف مع اسم مطلوب لکھ کر حرف الف کے مؤکل اور اس کے اعوان اور خلیفہ کے نام پڑھو پھر اپنے مطلوب کی سفید موم کی ایک صورت بنا کر اس پر مطلوب کا نام مع اسماء مؤکل لکھ کر اس صورت کو اپنے سامنے رکھ کر، مرتبہ بخور جلا کر یہ عزیمت پڑھتے رہو۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَا الْمَلَائِكَةُ الطَّيِّبَةُ الْمُبَارَكَةُ الْمَائِيَّةُ وَالْهَوَائِيَّةُ وَالتُّرَابِيَّةُ وَالْعُلْوِيَّةُ وَالسُّفْلِيَّةُ مَنْ يُطْلِعُ مِنْكُمْ يَسْتَرِقُ السَّمْعَ اِلَى السَّمَاءِ وَمَنْ يُوَافِقُ الْكَوَاكِبَ فِى الْاُمُوْرِ الْخَفِيَّةِ وَالْمُحْتَلِفَةِ وَمَنْ يُسَيِّرُ سَيْرَ النُّجُوْمِ وَمَنْ يَسْتَضِئُ بِنُوْرِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَهُوَ مَخْلُوْقٌ تَحْتَ الْاَرْضِ وَمَنْ يَطِيْرُ فِى الْهَوٰى وَمَنْ يَاْوِىْ فِى السَّحَابِ وَالْبِحَارِ وَالْقِفَارِ وَالْبَرَارِى الْمَرْجِ وَالْجِبَالِ وَالْاٰكَامِ وَالْمَفَازَاتِ وَالسُّهُوْلِ وَالْوُعُوْرِ وَالْاَمَاكِنِ الْمُنْقَطِعَةِ وَالطُّرُقِ الصَّعْبَةِ وَالْمَوَاضِعِ الْمُظْلِمَةِ وَالْمُضِيْئَةِ وَمَنْ خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ نَارِ السَّمُوْمِ وَمَنْ هُوَ سَامِعٌ مُطِيْعٌ لِاَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَكَلِمَاتِهِ التَّامَّةِ وَالْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ وَبِالْمَلَائِكَةِ الَّذِيْنَ لَا يَاْكُلُوْنَ وَلَا يَشْرَبُوْنَ طَعَامُهُمُ التَّسْبِيْحُ وَشَرَابُهُمُ التَّقْدِيْسُ بَاهِيَا شَرَاهِيَا اَدُوْنَائِى اَصْبَاؤُتَ اٰلِ شَدَّائِى

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِالْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَخَالِقِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ الَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِاللّٰہِ اِلَّا مَا اَجِبْتُمْ وَحَضَرْتُمْ اِلٰی مَجْلِسِیْ ھٰذَا اَوْ جِبْتُمْ مِنْ ذِکْرِیَّۃٖ لَکُمْ فِیْ اِسْرَاعِ وَقْتٍ وَابْلَغْ سَاعَۃٍ ۔

اس عزیمت کے بعد اور حرف الف کے مؤکل کی یہ قسم پڑھو۔ بدوس خلیفہ فردوس اعوانہ ھرس ھادوس ۲ مددس پھر حرف الف لکھ کر ۳ مرتبہ عزیمت پڑھو تو مطلوب حاضر ہوگا اگر غائب شخص کا نام ہرن کی جھلی ہیں زعفران سے لکھ کر دھونی دو اور عزیمت پڑھ کر ہوا میں لٹکا دو تو غالب جلد حاضر ہوگا اگر دو شخصوں کے درمیان صلح چاہو۔ تو مشک سے جمعرات کو طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر دھونی دو اور سات مرتبہ عزیمت پڑھ کر اس کاغذ کو دہکتی ہوئی آگ میں ڈال کر پڑھو۔ اَحْرَقْتُ قَلْبَ فُلَانٍ اِبْنِ فُلَانٍ اگر کوئی مطلوب حاضر کرنا چاہو تو اس کے پیر کے نیچے مٹی پر دس الف اس کا نام مع اسم والدہ لکھ کر عین طلوع آفتاب کے وقت عزیمت سات مرتبہ پڑھ کر آخر میں یہ الفاظ کہو۔ اَیَّتُهَا الشَّمْسُ الْمُنِیْرَۃُ الْمُشْرِقَۃُ بِالَّذِیْ قبلک فِیْ تَبْضِیَتِہٖ وَھُوَ خَالِقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ اَجْعَلْنِیْ مَحْبُوْبًا عِنْدَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ حَتّٰی یَکُوْنَ طَوْعَ یَدَیَّ وَلَیْسَ لَہٗ مُقَرَّدٌ دُوْنِیْ ۔ اگر رات کو بلانا چاہو تو غروب آفتاب کے وقت عمل پڑھنا شروع کرو مطلوب فوراً حاضر ہو جائے گا۔

قوت حافظہ قیدی کی رہائی اور فتح کا نقش و عمل

یہ نقش مربع پیر کے دن جب کہ برج ثور کے ۳ درجہ پر قمر مشتری سے متصل ہو نحوست سے الگ ہو، ساعت قمر میں دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ننانوے مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سو مرتبہ سورۂ الاخلاص پڑھے پھر یہ مربع پُر کر کے اپنے پاس رکھے تو فہم و حافظہ اور حکمت نصیب ہوتی ہے۔ اور عالم علوی و سفلی میں اس کی قدر و عزت ہوتی ہے اگر یہ نقش قیدی باندھے تو جلد رہائی ملے۔ اگر فوج کے پرچم پر لگائیں تو فتح ہو اور اگر یہ نقش باندھ کر کشتی لڑے تو جیت ہو جائے۔

نقش یہ ہے

ب	د	و	ح	۷
و	ح	ب	د	۷
ح	و	د	ب	۷
د	ب	ح	و	۷

چونکہ حروف میں اسرار کی قوت مسلمہ ہے اس لیے اعداد کی جگہ حروف لکھ کر جب کہ قمر برج ثور ہو پوری طہارت پاک نیت اور صفائے باطن کے ساتھ یہ انگوٹھی جس میں نقش رکھا ہے۔ پہن لے تو رزق میں وسعت دیتا ہے اور اس کا اسم دائمی ذاکر اللہ کی نعمت اور دولت سے مال مال ہوتا ہے۔ اس اسم کے خواص کتاب الہدیٰ میں ہم نے تفصیل سے بیان کیے ہیں۔

نقش بدوح کی خاصیت جہاں چاہو نکاح ہو جائے

جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت شنگرف سے ہرن کی جھلی پر دو صورتیں بنا کر ان پر یہ مربع نقش لکھ کر لوبان عنبر اور ندا سود کی دھونی دے کر دونوں صورتوں کو سفید ریشم میں لپیٹ کر ترش انار کے درخت کی ٹہنی میں جو شخص لٹکا دے طالب و مطلوب کا نام بھی مربع

د	ح	د	ب
د	ب	ح	و
ب	د	د	ح
د	ح	ب	د

میں لکھنا چاہیئے تو جلد تر مطلوب حاضر ہوتا ہے۔ اگر شادی بیاہ کے لیے جہاں پیغام دیا ہو نقش بُدُوحُ مع عزیمت لکھ کر سفید کبوتر کے پَر میں باندھ کر کسی کے ذریعہ اس عورت کے گھر جس سے شادی چاہتے ہو اور یہ کبوتر لے جانے والا آدمی اس کے گھر پر آواز دے اس عورت کے دروازے پر آواز دے کر اس کبوتر کو چھوڑ دے تو جتنی جلد وہ کبوتر اڑے گا اتنی ہی تیزی سے عورت اور اس کے گھر والوں کا دل شادی کرنے والے لڑکے سے ملنے کے لیے بے قرار ہو جاتا ہے۔

نکسیر کا علاج شیر جیسی قوت کا حصول لوگوں کی نظر سے غائب ہونا

چمگادڑ کا خون لگے ہوئے کپڑے پر یہ مسدس لکھ کر عزیمت پڑھے کوئی خاتم اور یہ آیت نکل نبأ مستقر و سوف تعلمون لکھ کر اپنے پاس رکھے تو نکسیر بہنے والے کو آرام ہو جائے گا ——— حق مربوط کے لیے سوال کے وقت ہی مرغی کا انڈا بریاں کرتے وقت عزیمت پڑھتے جاؤ اور کوئی سی خاتم لکھ کر اس آدمی کے بازو پر باندھو اور یہ انڈا اس کو کھلا دو تو وہ آدمی شیر کی طرح جست و خیز کرنے لگتا ہے اور خوب طاقت جسمانی محسوس کرتا ہے۔

ح	ا	د	د	ط	ب
ب	ح	ا	و	د	ط
ط	ب	ح	ا	و	د
د	ط	ب	ح	ا	و
و	د	ط	ب	ح	ا
ا	و	د	ط	ب	ح

اگر لوگوں کی نظر سے غائب ہونا چاہو تو موسم خریف میں نو بڑے مینڈک ذبح کر کے ان کی کھال اتار کر نمک اور سُرمہ سے دباغت دے کر لو پھر ہر کھال پر یہی نقش اور کوئی آیت موافق لکھ کر اس کے اطراف عزیمت لکھ کر اسے سیاہ تھاگے سے سی کر ٹوپی میں رکھ لو جب لوگوں کی نظر سے غائب ہونا چاہو ٹوپی پہن کر آیات مذکورہ پڑھو نظر سے غائب رہو گے عزیمت یہ ہے۔

أَجِيبُوْا يَا حُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَللّٰهُمَّ عَلَىٰ سَرَادِقَاتِ حِفْظِكَ وَاجْعَلْنِيْ فِيْ مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ يَامَنْ يَرَىٰ وَلَا يُرَىٰ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اور یہ آیات ہیں۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا ۔ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا ۔ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ۔

مطلوب حاضر ہو اور دشمن بھاگ جائے

کسی کو بلانا چاہو تو پرانی ہڈی پیس کر اور مطلوب کے پیر کے مٹی اس میں ملا کر اپنے تھوک سے گوندھ کر ایک پُتلا بنا کر اس پر انگور کی بیل بناؤ اور اس پر نقش بدوح لکھو پھر شخص مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے میں اسے لپیٹ لو اور ایک الگ کاغذ پر مطلوب کی صورت بنا کر نقش بدوح اور عزیمت مطلوب اور اس کی ماں کا نام اس میں لکھو اور یہ دونوں ہوا میں لٹکا دو تو مطلوب کشاں کشاں حاضر ہوتا ہے۔

کسی کو شکست دینا چاہو تو ایک مٹھی خاک پر یہ آیت سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ مع عزیمت کے پڑھ کے دشمن کی طرف اس وقت پھینکو جب ہوا اسی طرف کی ہو تو بہت جلد اثر ہوتا ہے۔ اور دشمن بھاگ جاتا ہے اور منتشر ہو جاتا ہے۔ اس عزیمت کو عزیمت برہتیہ بھی کہتے ہیں۔

برھتیۃ ۲ کرید ۲ تنلیہ ۲ طوران ۲ مزجل ۲ ترقب ۲ برھش ۲ فلمش ۲ خوطیر ۲ قلنھود ۲ برشان ۲۔ کطھیر ۲ فمر مثلخ ۲ برھیولا ۲ بشکیلخ ۲ نزر ۲ مز ۲ انغلیط ۲ فلوات ۲ نہیا ھا ۲ کیل ھولا ۲ شمخاھر ۲ شمخاھیر ۲ بدوح ۲ بحق العھد الماخوذ عَلَيْكُمْ بِحَقِّ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ إِلَّا مَا فَعَلْتُمْ كَذَا وَكَذَا۔

عزیمت پڑھنے کے بعد اپنی حاجت کا ذکر کرے اور پھر کہے بِحَقِّ هٰذِهِ الْعَزِيْمَةِ عَلَيْكُمْ أَسْرِعُوْا فِيْمَا أَمَرْتُكُمْ بِهٖ بِحَقِّ الْعَزِيْزِ الْمُتَعَزِّزِ فِيْ عِزِّ عِزِّهٖ وَأَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ

مقبول اور مجرب دعائیں

کتاب کے خاتمہ پر وہ دعائیں لکھ رہا ہوں جو کامل علماء اور اولیاء صالحین نے ہمیں بتائی ہیں اور یہی دعائیں ابن سلام نے اپنی کتاب ذخائر کے آخر میں لکھی ہیں۔ اور یہ دعا جلد مقبول ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ هُوَ الْأَوَّلُ قَبْلَ كُلِّ مَوْجُوْدٍ يَا مَنْ هُوَ الْآخِرُ بَعْدَ كُلِّ مَفْقُوْدٍ يَا مَنْ كَانَ وَلَمْ يَكُنْ فِي السَّمَاءِ قَطْرَةٌ وَلَا فِي الْأَرْضِ شَجَرَةٌ وَلَا لِلرِّيْحِ هُبُوْبٌ وَلَا نَافِخَ فِي السَّحَابِ سُكُوْنٌ وَلَا مَخَّ وَلَا الْمَشَارِقَ وَلَا الْمَغَارِبُ جَوَانِبَ وَلَا صَفْحُ يَا مَنْ رَفَعَ السَّمَاءَ عَلٰى عَمَدِ الْقُوَّةِ وَعَلِمَ مَا فَوْقَهَا وَدَحَا الْأَرْضَ عَلٰى مِهَادِ الْقُدْرَةِ وَعَلِمَ مَا تَحْتَهَا وَأَجْرَى الْبِحَارَ فِيْ أَخَادِيْدِ الْعَظَمَةِ وَعَلِمَ مَا وَرَاءَهَا وَأَرْسَلَ الرِّيَاحَ فِيْ آفَاقِ الْهَوَاءِ وَعَلِمَ قَرَارَ هُبُوْبِهَا وَأَرْسَلَ الرِّيَاحَ فِيْ جَوِّ السَّمَاءِ وَعَلِمَ مَكَانَ صَبِيْبِهَا وَخَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ وَالْأَنْوَارَ فِي الْعُيُوْنِ وَالْأَنْهَارِ وَأَنْبَتَ الْأَشْجَارَ وَالثِّمَارَ وَأَرْسَى الْجِبَالَ عَلٰى مَتْنِ الْأَرْضِ وَالْقَرَارِ وَأَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ وَقَدَّرَهُ الْأَنْدَادَ وَجَمِيْعَ الْأَضْدَادِ وَحَكَمَ عَلٰى جَمِيْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ بِالنَّفَادِ فَسُبْحَانَهٗ مِنْ مُبْدِعٍ أَبْدَعَ الْمَخْلُوْقَاتِ وَأَتْقَنَ الْمَوْضُوْعَاتِ مِنْ غَيْرِ مُحَاوَلَاتٍ وَلَا آلَاتٍ إِنَّمَا أَمْرُهٗ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ آخر تک يَا مَنْ اسْتَنَارَ بِنُوْرِ بَهَائِهٖ آفَاقُ وَاشْتَدَّ ارْبِهَتُهٗ ذُرَى صَنَائِعِ الْأَفْلَاكِ وَخَضَعَتْ لِعِزِّ سُلْطَانِهٖ رِقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَالْمُلُوْكِ وَبِجَمِيْعِ مَا أَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَوَسِعَ حِلْمُكَ وَبِأَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَاءِ وَالْآئِكَ الَّتِيْ لَا تُحْصٰى بِاسْمِكَ الَّذِي اسْتَوٰى بِهِ الْغَائِبُ وَالْحَاضِرُ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ

برّ ولا تاجر بنور وجهك الكريم واسألك اللهم حتماً ليس وراءه مرمى ولا بعد منتهى ولا فوقه مستقى
ان تصلي على سيدنا محمد عبدك الامين ورسولك الحق المبين وخاتم الانبياء والمرسلين وعلى
اهل طاعتك اجمعين ومنا اللهم شر ما خلقت وذرأت وبرأت وشر ما يلج في الارض وما يخرج
منها وشر ما ينزل من السماء وما يعرج فيها ومن شر كل دابة انت آخذ بناصيتها ان ربي على صراط
مستقيم اللهم ارزقنا من العلم انفعه ومن العمل ارفعه ومن الرزق اوسعه ———— و
من القول اصدقه ومن اليقين اوثقه ومن الخيرات اكمله ومن الصبر اجمله ومن الحكم اعدله ومن التقى
ادومه ومن الهدى اعظمه ومن العيش انعمه ومن النظر اكرمه ومن الرحمة اكملها ومن النعم اشملها ومن العافية
اجملها ومن العبادة افضلها اللهم قنا شر المفضحة وبلغنا حسن المرتجع وامنا عند الفزع الاكبر وثبتنا عند هول المطلع
ولا تفضحنا على رؤوس الاشهاد في ذلك المجمع اللهم انا قد سبقت الينا الذنوب وقد قدمنا وما اخرنا في اللوح المكتوب
فهي تنتظرنا ونحن ننتظر الرحمة التي وسعت كل شيء وعمت كل حي اللهم حقق لنا بما ننتظره من رحمتك وامنا
مما نحذره ولا تؤاخذنا بما قدمنا واغفر لنا وما اخرنا اللهم هب لنا من حسن اليقين ما تسهل به علينا انتظار
المنية وارزقنا جميل الظن ما نتيقن به بلوغ الامنية وقنا ظلم الظالمين وحسد الحاسدين الضالين
اللهم اعطنا ثواب الاوابين واجزنا جزاء المحسنين واحشرنا مع المتقين وادخلنا برحمتك في عبادك الصالحين
اللهم لا تصل بنا حالاً من احوالنا واستعملنا فيما ترضى به عنا واجعل لنا من لدنك وليا واجعل لنا من لدنك
———— نصيرا۔ اللهم احفظ علينا علمنا وعملنا اللهم ارزقنا حسن الاقبال عليك والاصغاء اليك
والفهم عنك والبصيرة في امرك والنفاذ في طاعتك والمواظبة على ارادتك والمبادرة الى خدمتك وحسن الادب في معاملتك
والتسليم اليك والرضا بفضلك الهي كيف يناجيك في الصلوٰة من يعصيك في خلوته لولا علمك ام كيف يدعوك في الحاجة
من ينساك عند الشهوات لولا فضلك ام كيف تنام العيون وفي كل ليلة تقول هل من تائب من مستغفر هل من سائل فلو اعطيه
سؤله ام كيف ينقطع عنك من لم تقطع هذه الرسائل ام كيف يباع الباقي بالفاني وانما هي ايام قلائل۔ اللهم يا حبيب كل
غريب ويا انيس كئيب اي منقطع اليك لم تكفه ام اي طالب لم ترضه برحمتك ام من هاجر هجرنيك الخلق
ولم تصله ام اي حبيب خلا بذكرك فلم تؤنسه ام اي داع دعاك فلم تجبه وروي عنك انك قلت وما غضبت
على احد كغضبي على من اذنب ذنبا واستعظمه في جانب عفوي اللهم يا من يغضب على من لا يسأله لا تمنع من
سألك الهي كيف يجترئ على السؤال مع الخطايا والزلات ام كيف يستغني عن السؤال مع الفقر والفاقات ام كيف
يجري لعبد عاق من باب مولاه ان يقف على الباب طالبا جزيل عطاياه وانما ينبغي له ان يطلب المغفرة ولتعلق
باذيال المعذرة لكنك ملك كريم وبر رحيم ودللت بجودك عليك فاطلقت الالسن بالسؤال لديك والزمتك
الوفود ان تخلصوا اليك يا حبيب القلوب اين احبابك يا مؤنس المنفردين اين طلابك من ذا الذي عاملك فلم يربح
من ذا الذي التجأ اليك فلم يفرح ومن وصل الى بساط قربك استحلى ان يبرح واعجب الى قلوب مالت الى غيرك

مَا ذَا الَّذِي أَرَادَتْ وَالَّذِي طَلَبَتْ للواحة هَلَّا طَلَبَتْ مِنْكَ وَاسْتَفَادَتْ وَهَرَائِجُ وَسَعَتْ إِلَى مَرْضَاتِكَ مَا الَّذِي رَدَّهَا مُعَادَتٍ وَكُلَّ نَقَصَتْ أُمُورًا إِسْتَقَرَّ أَصْنَهَا لَا وَهَقَكَ بَلْ زَادَتْ قَدْ سَبَقَ إِخْتِيَارُكَ فَبَطَلَتِ الْحِيَلُ وَجَرَتِ الاقدار أُمُورٌ فَلَمْ يَعِزْهَا الْعَمَلُ وَتَقَدَّمَتْ مُحِبَّتُكَ وَلَا قَوْمٌ قَبْلَ خَلْقِهِمْ فِي الْأَزَلِ وَغَضِبْتَ عَلَى قَوْمٍ فَلَمْ يَنْفَعْ عَامِلَهُمْ بِمَا عَمِلَ اَللّٰهُمَّ لَا قُوَّةَ عَلَى طَاعَتِكَ إِلَّا بِإِعَانَتِكَ وَلَا حَوْلَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ إِلَّا بِمَشِيَّتِكَ وَلَا مَلْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ وَلَا خَيْرَ يُرْتَجِى إِلَّا مَنْ يَدَيْكَ يَا مَنْ بِيَدِهِ إِصْلَاحُ الْقُلُوبِ أَصْلِحْ قُلُوبَنَا يَا مَنْ تَصَاغَرَ فِي جَنْبِ عَفْوِهِ الذُّنُوبُ إِغْفِرْ ذُنُوبَنَا قَدْ أَتَيْنَا طَائِعِينَ فَلَا تَرُدَّنَا خَائِبِينَ وَاجْعَلْنَا بِفَضْلِكَ مِنْ أَهْلِ الْيَمِينِ إِلٰهِي لَوْلَا أَنَّكَ بِالْفَضْلِ تَجُودُ مَا كَانَ عَبْدُكَ إِلَى الذُّنُوبِ يَعُودُ وَلَوْلَا مُحِبَّتُكَ لِلْغُفْرَانِ مَا أَمْهَلْتَ مَنْ يُبَارِزُكَ بالعصيان وَأَسْبَلْتَ سِتْرَكَ عَلَى أَهْلِ الطُّغْيَانِ وَقَابَلْتَ إِسَائَتَنَا مِنْكَ بِالْإِحْسَانِ إِلٰهِي مَا أَمَرْتَنَا بِالْإِسْتِغْفَارِ إِلَّا وَأَنْتَ تُرِيدُ الْمَغْفِرَةَ لَوْلَا كَرَمُكَ مَا أَلْهَمْتَ الْمَعْذِرَةَ أَنْتَ الْمُبْدِيُ بِالنَّوَالِ قَبْلَ السُّؤَالِ أَدْعُوكَ بِلِسَانٍ أَمَلِي لَمَّا كَلَّ عَمَلِي إِنْ أَطَعْتُكَ رَجَوْتُ إِحْسَانَكَ وَإِنْ عَصَيْتُ رَجَعْتُ طَالِبًا غُفْرَانَكَ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِي إِبْتَدَأْتَ بِهَا الطَّائِعِينَ حَتّٰى قَامُوا بِطَاعَتِهِمْ أَنْ تَمُنَّ بِهَا عَلَى الْعَاصِينَ بَعْدَ مَعْصِيَتِهِمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْمُحْسِنُ الْكَرِيمُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ أَمْهَلَ وَلَا أَهْمَلَ وَسَتَرَ حَتّٰى كَأَنَّهُ غَفَرَ أَنْتَ الْغَنِيُّ وَأَنَا الْفَقِيرُ إِلَيْكَ وَأَنْتَ الْعَزِيزُ وَأَنَا الْحَقِيرُ لَدَيْكَ اَللّٰهُمَّ انْظُرْ إِلَيْنَا نَظَرَ الرِّضَا وَامْحُنَا مِنْ دِيوَانِ أَهْلِ الْجَفَا وَأَثْبِتْنَا فِي دِيوَانِ أَهْلِ الصَّفَا وَارْزُقْنَا حُسْنَ الْوَفَا -

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ بِحَقِّ أَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى عَلَيْكَ وَفَضْلِهَا وَبَرَكَاتِهَا إِلَيْكَ وَبِجَاهِ مَنْ اخْتَرْتَهُ مِنْ خَلْقِكَ وَاصْطَفَيْتَهُ لِنَفْسِكَ وَقَرَنْتَ إِسْمَهُ بِإِسْمِكَ وَأَوْصَلْتَهُ إِلَى حَضْرَةِ قُدْسِكَ وَأَوْدَعْتَهُ أَسْرَارَ عِلْمِكَ وَجَعَلْتَهُ خَاتَمَ أَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَهُوَ عَبْدُكَ وَحَبِيبُكَ وَصَفِيُّكَ وَنَجِيُّكَ وَخَلِيلُكَ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْئَلُكَ بِجَاهِهِ عِنْدَكَ بِحُرْمَتِهِ لَدَيْكَ أَنْ تُوَفِّقَنَا بِتَوْفِيقِكَ إِلَى فَهْمِ عِلْمِكَ وَطَرِيقِكَ اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ قَبِلْتَ الْوَفَاءَ مِنَ السَّحَرَةِ حِينَ ذَكَرُوكَ مَرَّةً وَاحِدَةً وَسَجَدُوا لَكَ سَجْدَةً وَاحِدَةً وَنَحْنُ لَمْ نَزَلْ مُقِرِّينَ بِرُبُوبِيَّتِكَ مُعْتَرِفِينَ بِوَاحِدِ نِيَّتِكَ مَا سَجَدْنَا قَطُّ إِلَّا بَيْنَ يَدَيْكَ وَلَا رَفَعْنَا حَوَائِجَنَا إِلَّا إِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ جُدْ عَلَيْنَا بكرمتك وارحمنا برحمتك وداركنا بلطفك وعاملنا بحلمك وَوَفِّقْنَا بِخِدْمَتِكَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَيْنَا وَلِجَمِيعِ الْمُسْلِمِينَ بِجَاهِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ وَأَتْبَاعِهِ وَشِيعَتِهِ مَصَابِيحِ الْقُلُوبِ وَمَفَاتِيحِ الْغُيُوبِ أَصْحَابِ اللَّطَائِفِ وَأَرْبَابِ الْمَعَارِفِ مَا أَشْرَقَتْ شُمُوسُ الْأَرْوَاحِ مِنْ حَنَادِسِ الْأَشْبَاحِ

سَبَرْتُ الْعِلْمَ تَفْصِيلًا وَجُمْلَةً ۔۔۔ وَطُفْتُ الْكَوْنَ بِالتَّحْقِيقِ كُلَّهُ
فَمَا فِي الْغَيْبِ غَيْرُ اللّٰهِ شَيْءٌ ۔۔۔ تَجَلّٰى بَيْنَ مَعْلُولٍ وَعِلَّةٍ
وَهٰذَا الْقَدْرُ فِي التَّحْقِيقِ كَافٍ ۔۔۔ وَأَقْوَالُ الْوَرٰى مِنْ بَعْدِ فَضْلِهِ
فَيَجْزِي اللّٰهُ أَهْلَ الْفَضْلِ خَيْرًا ۔۔۔ وَأَهْلُ الْفَضْلِ هُمْ أَوْلٰى بِفَضْلِهِ

وَلَا يَعْرِفُ الْفَضْلَ إِلَّا ذَوُوهُ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

خاتمہ

ہماری سندوں کے ذکر میں جو ہم کو ہمارے استادوں سے پہونچی ہیں

تم کو معلوم ہو خدا تم کو غافلوں کے درجہ سے نکال کر عاقلوں کے مقام میں پہنچائے۔ کہ علمائے طریقت اور مشائخ حقیقت کے نزدیک یہ بات صحیح طور سے ثابت اور متواتر منقول ہے کہ حضرت امیر المؤمنین امام المسلمین اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے کلمہ شہادت حضرت رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے تلقین پایا اور میں نے اس کلمہ کی تلقین امام عالم ابی عبد اللہ محمدؐ بن محمود بن یعقوب کوفی تونسی مالکی سے پائی۔ انہوں نے حضرت شیخ ماضی العزائم سے انہوں نے قطب ربانی شیخ ابی عبد اللہ محمد بن ابی الحسن علی بن حرام سے انہوں نے شیخ طریق معدن تحقیق ابی محمد صالح بن عقبان واکلی مالکی سے انہوں نے حجت زمان واحد فی العرفان شیخ ابومدین شعیب بن حسن اندلسی سے انہوں نے ابوشعیب ایوب سعید صنہاجی سے۔ انہوں نے شیخ العارفین قطب الغوث فرد الجامع ابی یعیر مصری سے انہوں نے ابی محمد بن منصور سے

انہوں نے ابی محمد عبد الجلیل بن محلان سے انہوں ابوالفضل عبد اللہ بن ابی البشر سے انہوں نے اپنے والد حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد بزرگوار سرگروہ اہل بیت اطہار حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد بزرگوار حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد حضرت امام المسلمین جگر گوشۂ خاتم النبین حضرت سیدنا و مولانا امام الائمہ امام حسین علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد باب العلوم حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام سے انہوں نے حضرت سرورِ کائنات خاتم النبیین حضرت محمد بن عبد اللہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور نیز حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے علم باطن حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بھی حاصل کیا ہے۔ اور انہوں نے رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے۔

اور علم حروف کی میری سند حضرت شیخ امام ابوالحسن بصری تک اس طریقہ سے پہنچی ہے کہ اُن سے تعلیم پائی۔ شیخ حبیب عجمی نے اور ان سے شیخ داؤد جبلی نے اُن سے شیخ معروف کرخی نے ان سے شیخ سری الدین سقطی نے ان سے شیخ الوقت والطریقۃ معدن السلوک والحقیقۃ حضرت شیخ محمد غزالیؒ نے ان سے شیخ ابوالنجیب سہروردی نے اور انہوں نے تلقین فرمائی شیخ عارف اصیل الدین شیرازی کو انہوں

نے شیخ ابو عبد اللہ یافی کو انہوں نے شیخ قاسم سرجانی کو۔ انہوں نے امام عارف صمدانی ہمام نورانی جلال الدین عبد اللہ بسطامی کو انہوں نے میرے استاد حضرت شمس العارفین سرّ اللہ فی الارضین ابی عبد اللہ شمس الدین اصفہانی کو تلقین فرمایا۔

اور علم اوفاق میں میری سند شیخ امام عارف باللہ ابو عبد اللہ محمد بن علی قدس اللہ روحہٗ سے ہے۔ اور نیز شیخ امام علامہ سراج الدین حنفی سے بھی میں نے اس کو حاصل کیا ہے۔ اور انہوں نے شیخ شہاب الدین مقدسی سے انہوں نے شیخ شمس الدین فارسی سے انہوں نے شیخ شہاب الدین ہمدانی سے انہوں نے شیخ قطب الدین ضیائی سے انہوں نے حضرت شیخ الشیوخ محی الدین ابن عربی سے۔ انہوں نے شیخ ابو العباس احمد بن تورنیری سے انہوں نے شیخ ابو عبد اللہ قرشی سے۔ انہوں نے حضرت شیخ ابو مدین اُندلسی سے۔ اور یہ روایت میں نے شیخ محمد عز الدین بن جماعہ شافعی سے بھی حاصل کی ہے۔ انہوں نے شیخ محمد بن سیرین سے انہوں نے شیخ شہاب الدین ہمدانی سے۔ انہوں نے شیخ قطب الدین سے انہوں نے حضرت شیخ محی الدین بن عربی رضی اللہ عنہٗ سے۔

اور علم حروف و اوفاق میں میری سند شیخ امام علامہ مساعد بن مسعود بن عبد اللہ بن رحمۃ الہواری الحمری قرشی سے بھی ہے۔ انہوں نے شیخ شہاب الدین احمد شاذلی سے انہوں نے شیخ تاج الدین عطار مالکی سے انہوں نے شیخ عباس احمد بن عمر انصاری مرسی سے حاصل کی۔ اور علم حروف اور اُفاق ہی میں میری سند شیخ امام علامہ ابو العباس احمد بن معجون قسطلانی سے ہے۔ انہوں نے شیخ ابو عبد اللہ محمد بن احمد قرشی سے حاصل کی۔ انہوں نے شیخ امام علامہ استاد عصر ابو مدین شعیب بن حسن انصاری اُندلسی سے جو ساتوں ابدالوں کے سردار اور اوتاد اربعہ میں سے تھے۔ انہوں نے شیخ استاد کبیر داؤد بن مہران ہریری سے جو شیر کا کان پکڑ کر اُس کو جہاں چاہتے لے جاتے۔ شیر ان کا بالکل مطیع ہو جاتا تھا۔ اور جو شخص اُن کے چہرہ کو دیکھتا تھا۔ فوراً اندھا ہو جاتا تھا۔ چنانچہ شیخ ابو مدین بھی ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے چہرہ پر نظر کی فوراً اندھے ہو گئے۔ پھر جب انہوں نے ان کے کپڑے کو اپنی آنکھوں سے مَلا بینا ہوئے اور انہوں نے شیخ امام قطب الغوث ابو ایوب بن ابی سعیدہ صہناجی ارموزی سے انہوں نے شیخ ولی کبیر ابی محمد بن نور سے انہوں نے امام عالم ابو الفضل عبد اللہ بن بشیر سے انہوں نے اپنے والد ابو البشر حسن جوجری سے انہوں نے حضرت شیخ سری سقطی سے۔ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہٗ سے انہوں نے حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے۔

اور جب میرے دن بھلے آئے۔ تو زمانہ نے مجھ کو ایسے بزرگ کی خدمت میں پہنچا دیا۔ جو خود عقلمند

کے فرزند اور رضا دین فخر اور سنا رین بدر اور زلال بن قطرا اور نجیب بن نجیب اور لبیب بن لبیب جامع شرفین آخذ حبل النجات بالطرفین ہیں۔ جنہوں نے شریعت اور حقیقت کے ساتھ تمسک کیا۔ اور ظاہر و باطن کو آداب طریقت کے ساتھ حاصل فرمایا اور بے شک خدا کے فلاحیت پانے والے اور مخلص بندوں میں سے ہیں امام محقق ربانی اور ہمام مدقق صمدانی تاج العارفین سراج السالکین عالم نورانی عارف روحانی لسان المتکلمین برہان الموحدین بقیۃ السلف عمدۂ خلف صاحب تالیفات وافیہ و تصانیف شافیہ و صاحب کشف و کرامات صدر مسند سیادت بدر فلک سعادت شیخ ابی الحسن محمد بن محمد الغزالی سقی اللہ ثراہم جعل الجنۃ مثواہم۔ اور انہوں نے یہ سر مخزون اور در مکنون اور سراج قریب اضعف عباد اللہ اور احقر خلق اللہ متمسک بذیل کرم اللہ احمد بن یوسف قرشی کو تلقین فرمایا۔ خدا تعالےٰ اُس کے حال کی درستی کرے۔ اور اس کا انجام بخیر فرمائے۔

اور نیز میں نے امام علی بن سینا کو بھی دیکھا ہے۔ اور انہوں نے شیخ محمود کی سے سند لی ہے۔ اور میں ان کی خدمت میں بیٹھا ہوں۔ اور میں نے ان سے سند لی ہے اور حدیث سنی ہے۔ اور انہوں نے شیخ محمد حرزی کو دیکھا۔ اور ان سے سند لی۔ اور حدیث سنی اور انہوں نے صدر کبیر حضرت شیخ عزالدین ابی محمد عبد اللہ بن موسےٰ بن سلیمان انصاری کو دیکھا۔ اور ان کی خدمت میں رہ کر اُن سے حدیث سنی۔ اور انہوں نے صدر اجل شیخ امام ابوالحسن علی بن احمد بن عبد الواحد قدسی سے حدیث سنی۔ اور انہوں نے محمد بن عبد اللہ بن ابراہیم بن موسےٰ کو دیکھا۔ اور ان کے پاس رہ کر اُن سے حدیث سنی۔ اور انہوں نے مسلم بن ابراہیم بن عبد اللہ مکی کو دیکھا۔ اور ان کے پاس بیٹھ کر اُن سے حدیث سنی۔ اور انہوں نے حضرت حمید طویل کو دیکھا۔ اور ان سے حدیث سنی۔ اور انہوں نے حضرت انس صحابی رضی اللہ عنہ سے حدیث سنی۔ کہتے تھے۔ جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے۔ ام سلیم (انس کی ماں) میرا ہاتھ پکڑ کر حضور کی خدمت میں لائیں اور عرض کیا یا رسول اللہ یہ انس عقلمند اور ہوشیار لڑکا ہے۔ لکھنا پڑھنا بھی جانتا ہے۔ اس کو آپ اپنے پاس رکھیں یہ آپ کی خدمت کیا کرے گا۔ حضور نے مجھ کو قبول فرمایا۔ اور یہ اسناد بھی حضرت انسؓ سے ہے قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّے اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَ بَرَّہٗ اس کی صحت پر اتفاق ہے۔ اور حضرت انس ہی سے روایت ہے۔ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّے اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِمًا مَظْلُوْمًا فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْصُرُہٗ مَظْلُوْمًا فَکَیْفَ اَنْصُرُہٗ ظَالِمًا قَالَ تَمْنَعُہٗ مِنَ الظُّلْمِ فَذٰلِکَ نَصْرُکَ اِیَّاہُ۔ اس کی صحت پر بھی اتفاق ہے۔ پس یہ دونوں حدیثیں بارہ واسطوں

کے ساتھ حضور سے روایت ہیں۔

میں خواب میں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت باسعادت سے مشرف ہوا۔ اور میں نے آپ سے خلوت اور اُس کے اسماء کی نسبت سوال کیا فرمایا خلوت کے سات روز ہیں اور اُس کے اسماء یہ ہیں۔

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاَنْہَایَۃَ لِنِہَایَاتِ یَانُوْرَالْاَنْوَارِ یَارُوحَ الْاَرْوَاحِ

معلوم ہو کہ جب اثنائے خلوت میں تم پر سہولت کا غلبہ ہو۔ تو وضو کرکے اسم یَاھَادِیُّ کا خوب ذکر کرے۔ اور اگر خلوت میں خیالاتِ فاسدہ تم کو ستائیں۔ تو یَالَطِیْفُ کا ذکر کرو اور اگر کھانے پینے کے خیالات زور کریں۔ یا بھوک بہت لگے۔ تو یَاقَوِیُّ کا درد کرو۔ اور اگر خرچ کی تنگی ہو۔ تو یَافَتَّاحُ پڑھو۔ اور اگر نفسانی خیالات اور شیطانی وسوسہ تمہارا کام خراب کرنا چاہیں۔ تو یَاذَالْقُوَّۃِ سے اُن کو دفع کرو۔ اور اگر خلوت میں کوئی ایسی بات در پیش آئے جس سے قلق اور اضطراب پیدا ہو پس یَابَاسِطُ کی طرف توجہ کرو۔ اور اگر دین کے کسی کام کی طرف متوجہ ہونا چاہو۔ تب یَاقَوِیُّ یَاعَزِیْزُ یَاعَلِیْمُ یَاقَدِیْرُ یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ۔ پڑھو۔ اور ہر اسم کا درد وضو کرکے شروع کرو۔

ہمارے شیخ حضرت ابو عبداللہ قرشی عرب اور مصر کے مشہور مشائخ میں سے ہیں۔ فرماتے ہیں۔ میں نے بہت سے مشائخ کبار سے ملاقات کی ہے اور چھ سو مشائخ سے زیادہ سے فیض لیا ہے۔

اور فرماتے ہیں ایک روز میں حضرت ابو محمدؒ مناوری کے پاس گیا۔ انہوں نے مجھ سے فرمایا۔ میں تم کو ایک ایسی چیز تعلیم کرتا ہوں۔ کہ جب تم کو ضرورت ہو اس سے تم کام لیا کرو۔ میں نے کہا بہت بہتر۔ فرمائے۔ فرمایا۔ جب ضرورت ہو تو یہ دعا پڑھا کرو۔

یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ یَاوَاجِدُ یَاجَوَادُ اُنْفُحْنَا مِنْکَ بِنَفْحَۃِ خَیْرٍ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

فرماتے ہیں۔ جب سے میں نے اس کو سنا ہے۔ اسی سے خرچ کرتا ہوں۔ اور فرماتے ہیں میں نے دیکھا۔ کہ قیامت قائم ہو گئی ہے۔ اور تمام خلقت کے مراتب اور انبیاء علیہم السلام کے مقامات اور اعمال کی صورتیں جس طرح سے کہ اُن کے کرنے والوں پر ظاہر ہوں گی۔ سب مجھ کو نظر آئیں۔ اور برزخ اور مردوں کے احوال مجھ پر ظاہر ہوئے اور قرآنِ عظیم کے حقائق بھی مجھے منکشف ہوئے۔ اور اس کے اسرار سے میں مطلع ہوا۔

اور ہمارے شیخ امام عارف باللہ علامہ ابوالحسن حرانی قدس اللہ سرہ سے بھی احوال عزیبہ صادر ہوئے ہیں۔ اور بہت سی حکایات عجیبہ آپ کی مشہور ہیں۔ علم حروف اور اسماء میں آپ

بڑے ماہر، اور صاحب دستگاہ تھے۔ مراتب خواص سے پوری واقفیت رکھتے تھے۔

اور یہی وہ شخص ہیں۔ جنہوں نے فرمایا ہے۔ کہ جس سال سے میں بالغ ہوا ہوں کبھی میری شبقدر فوت نہیں ہوئی۔ اور فرمایا ہے۔ جب رمضان کی پہلی رات اتوار کی شب ہو تو شب قدر ۲۹ کو ہو گی اور جب پہلی رات چہار شنبہ کی شب ہو گی۔ تو شب قدر ۲۰ کی شب کو ہو گی، اور جب پہلی رات پنجشنبہ کی شب ہو گی، تو شب قدر ۲۵ کی شب کو ہو گی۔ اور جب پہلی شب جمعہ کی ہو گی۔ تب شب قدر ۲۲ کو ہو گی۔

اور علم حروف میں آپ کی عظیم الشان تصانیف ہیں۔ منجملہ اُن کے ایک کتاب لَمَہ ہے اور کتاب شمس مطالع القلوب ہے۔ وغیرہ ذالک۔ آپ حماہ میں تشریف رکھتے تھے۔ اور سنہ ۵۳۸ھ میں وہیں آپ کا انتقال ہُوا۔

آپ کے نفیس اقوال سے یہ چند قول ہیں۔ فرماتے ہیں اگر لطف اور انفصال نہ ہوتا تو بات چیت اچھی نہ معلوم ہوتی۔

حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اِنَّ لِلّٰہِ عِبَادًا اِذَا نَظَرُوْا اِلٰی عِبَادِہٖ اَلْبَسُوْھُمْ لِبَاسَ السَّعَادَۃِ۔

مَثَلُ السائر میں منقول ہے۔ اُس شخص پر تعجب ہے۔ جس نے فلاحیت والے کو دیکھ کر فلاحیت حاصل نہ کی۔

محض آپ کی زیارت کا یہ اثر ہے۔ کہ آپ کی توجہ قلبی اور صحبت سے جو سعادت ابدی کی باعث ہے۔ بغیر ریاضت اور طلب کے طبائع حروف منکشف ہوتی ہیں۔ اور اعداد کی نسبتیں فہم میں آتی ہیں۔ خدا کا ہزار ہزار شکر ہے اور اسی کو پاکی اور حمد ہے۔ اے خدا جیسے کہ تو نے اپنی آپ ثنا کی ہے۔ ہم تیری ثنا نہیں کر سکتے۔ اس بات پر کہ تو نے اِس بندہ ضعیف کو ایسے مُرشد کامل کی پیروی کی توفیق دی، کہ جو فاضل کامل اور عارف عاقل نادر زمانہ اور فرزانہ یگانہ ہیں۔ وہ شخص بڑا خوش نصیب ہے جو ان کی زیادت سے مشرف ہُوا۔ یا اُس کی زیارت سے مشرف ہُوا۔ جو ان کی زیارت سے مشرف ہُوا۔

شیخ عبداللہ سلمی قدس سرہٗ نے اپنے مقالہ میں اس حدیث شریف کی تفسیر میں کیا اچھا کلام لکھا ہے۔ حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ طُوْبٰی لِمَنْ رَاٰنِیْ وَطُوْبٰی لِمَنْ رَاٰی مَنْ رَاٰنِیْ۔ یعنی اس شخص کے واسطے خوشی ہے۔ اور وہ خوش نصیب ہے۔ جس نے

میری نظر کی برکتوں اور میرے مشاہدہ نے اثر کیا ہے۔ اور اس شخص کے واسطے بھی خوشی ہے۔ جس میں اس شخص کی نظر نے اثر کیا جس میں میری نظر نے اثر کیا۔ اسی طرح یہ وسیلہ اولیاء اللہ میں چلا آتا ہے۔ پس جس شخص میں کسی ولی کی نظر نے اثر کیا۔ وہ بھی نظر کسی کا اثر ہے اور ہر شخص کا اثر اس کے حال کے موافق ہوتا ہے اور یہی سبب ہے جس کے باعث سے مشائخوں کی تاثیر مریدوں پر جاری ہوتی ہے اور قیامت تک جاری رہے گی انشاء اللہ تعالےٰ کیونکہ احوال کی سندیں بھی مثل احکام کی سندوں کے ہیں۔ بلکہ یہ ان سے زیادہ لطیف اور باریک ہیں۔

اے وہ شخص جس کے پاس میری کتاب پہنچی ہے۔ تجھ کو معلوم ہو کہ میں نے اس کتاب کے ابواب میں جو کچھ خداوند تعالےٰ نے مجھ کو الہام کیا بالتصریح بیان کر دیا ہے۔ اور جو اس نے اپنا جود و احسان میرے حال پر کیا وہ اس میں ظاہر کر دیا ہے۔ کہ میری زبان پر اس نے لطائف شمسیہ اور معارف کشفیہ اور باغ سندس اور حدیقہ نرجس اور عقیق چمک دار اور روشن ہوتی اور گوہر شب چراغ اور نورانی چمکیں اور رحمانی تجلیاں اور مریمی سورت اور یوسفی صورت اور لقمانی حکمت اور سلیمانی حجت اور یونسی دعوت اور موسوی عصا اور آدمی حلہ اور شیث کے صحیفہ اور نوح کی کشتی۔ اور لوح کی سطریں۔ اور شب قدر اور نسیم سحر اور قیمتی جواہر اور بے بہا زمرد۔ اور زیتونہ شمعیہ لاشرقیہ و لاغربیہ۔ اور محمدی چادر۔ اور احمدی گلاب اور مشک کی خوشبو۔ اور معنوی رمزیں اور عرشی انوار۔ اور ہندسی رقمیں۔ اور قبطی رمیں اور ادریسی خطوط۔ اور عیسوی علوم اور نفثی فہوم۔ اور ہندی اعداد۔ اور یونانی ارصاد۔ اور ہندسی اشکال اور فرقانی اسرار اور روحانی آثار۔ اور صمدانی خواص اور ربانی اسماء۔ اور عددی اشارات اور حرفی عبارات اور قدسی کلمات اور علوی دعوات اور رقمی دوائر اور زوجی اور فردی معارف اور زبرجدی معادن اور آصفی طلسم جاری فرمائے۔ وہ سب میں نے اس کتاب میں لکھ دئے ہیں اور اس میں غناء اکبر اور کبریت احمر اور یاقوت ازہر اور زمرد اخضر اور جوہر مصئون اور لؤلؤ مکنون اور اسم اظہر اور ذکر انوار اور مسک ازفر اور عنبر اشہب ہے اس کے مطالعہ سے تجھ پر ہدایات کے اسرار اور نہایات کے معالم منکشف ہوں گے۔ پس اس شخص کے واسطے خوشی ہے جو اس کے کعبہ کے گرد طواف کرنے والا اور اس کے عرفات عرفان پر کھڑا ہونے والا ہے۔

شعر

مَعَانِیْهَا تَحْتَ الْحُرُوْفِ كَأَنَّهَا   بُدُوْرٌ بِأَنْوَارِ الْحَقَائِقِ تُشْرِقُ

۱؎ ۔ معانی اس کے حروف کے نیچے مثل چاند کے انوار حقائق کے ساتھ چمکتے ہیں۔

جو رمزیں متقدمین نے رکھی ہیں۔ میں نے اس سے لطیف تر رکنویں رکھی ہیں۔ اور ان کے بعض اسرار کو ظاہر کر دیا ہے۔ اور اگر اسرار کے ضائع ہونے کا خوف نہ ہوتا۔ تو میں پردہ کو اٹھا دیتا اور نیز حضور علیہ السلام کے فرمان کو بجا لانا بھی ضروری ہے۔ فرمایا ہے۔ اِفْشَاءُ سِرِّ الرَّبُوْبِيَّةِ كُفْرٌ۔ یعنی ربوبیت کے راز کا ظاہر کرنا کفر ہے اور حضرت امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کا فرمان ہے۔ حَدِّثُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ۔ یعنی لوگوں سے ان کی عقل کے موافق گفتگو کرو۔

اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ یعنی ہر چیز کے ہمارے پاس خزانے موجود ہیں۔ مگر ہم اس کو ٹھیک اندازہ کے ساتھ نازل کرتے ہیں۔

اگر میں چاہتا تو بالکل کھول کر بیان کر دیتا مگر **شعر**

مَنْ اَمَنُوْهُ عَلٰی سِرٍّ فَنَمَّ بِهٖ   لَمْ يُطْلِعُوْهُ عَلَى الْاَسْرَارِ مَادَامَا

جو شخص خفیض نفس کی اوج جنت الماوی کی طرف ترقی چاہے۔ اُس کو میری اس کتاب کا کئی بار مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ یہ کتاب اچھی رفیق اور محبت کرنے والی شفیق اور اچھی ہم نشین ہے۔ اہلِ طریقت کے واسطے۔ اور اچھا ہتھیار ہے مجاہدہ کے واسطے۔ اور عمدہ نیزہ ہے مشاہدہ کے واسطے۔ کیونکہ میں نے اس میں خواہش نفسانی سے گفتگو نہیں کی ہے بلکہ یہ ایک شعلہ ہے جو میں نے سعادت کے وادی ایمن سے حاصل کیا ہے۔ اور وادی طور نور سے اس کو روشن کیا ہے۔ جو شجرہ حضور کی ٹہنیوں پر جلوہ گر تھا۔ جب کہ میں نے رفیق توفیق کی موافقت سے وادی تحقیق میں راہ روی اختیار کی۔ نہایت سخت محنت اور پوری کوشش اور سعد سعید اور عزم شدید کے ساتھ۔ بے شک اس کتاب میں اُس شخص کے واسطے نصیحت ہے۔ جو دِل رکھتا ہو۔ اور کان دھر کر سنے

بعض حکماء فرماتے ہیں۔ مَنْ لَمْ يُحَرِّكْهُ الْعُوْدُ وَاَوْتَارُهٗ وَالرَّبِيْعُ وَاَزْهَارُهٗ فَهُوَ فَاسِدُ الْمِزَاجِ وَقَدْ يَحْتَاجُ اِلَى الْعِلَاجِ۔ یعنی جس شخص کو عود باجے اور اس کے تاروں

لہ کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں۔ مگر ہم اس کو مقدار معلوم کے ساتھ نازل کرتے ہیں ۱۲

لہ جس کو ایک بار انھوں نے اپنے راز پر آگاہ کیا اور اس نے اس کو ظاہر کر دیا۔ پھر دوبارہ وہ اس کو کبھی اپنے اسرار پر مطلع نہ کریں گے ۱۲۔ سید یٰسین علی مترجم کتاب ھذا

اور ربیع اور اس کے پھولوں نے حرکت نہ دی۔ وہ فاسد المزاج ہے۔ اس کا علاج ضرور کرنا چاہیئے۔

شعر

مَا ضَرَّ شَمْسَ الضُّحیٰ ذِی دَھِیَ طَالِعَۃٌ اَنْ لَا یَرَی ضَوْءَھَا مَنْ لَیْسَ ذَابَصَرٍ[1]

پس جس نے اس کے رموز کو سمجھا۔ اور اس کے طلسموں کو کھولا۔ وہ علم مکنون اور سر مصئون اور اسم اعظم اور ذکر افخم کے ساتھ کامیاب ہوا۔

پس اگر تم حدیقۂ سندسیہ کے باغ اور نرگس کے روضہ اور اشرفی باغیچہ۔ اور رموزی درجہ اور معنوی نغمہ اور ملکی نزعات اور فردوس کی جنتوں اور قدسی صحیفوں اور نورانی اسما اور ہمدانی اسرار اور روحانی دعوتوں اور عرفانی لطائف اور روحانی مہمانی اور فرقانی عوارف اور عرشی اشارات اور لوحی تلویحات اور کشفی تصریفات اور صوفی عمارات اور داؤدی مزامیر اور لدنی علوم اور موسوی تصاریف اور سلیمانی انگوٹھی اور لقمانی مواعظ اور مکی فتوحات اور دہری نفحات اور رحمانی حقائق اور تاسیسی اشکال اور املسی دوائر اور ابجدی فوائد میں بلائے جاؤ۔ تو تم کو لازم ہے کہ اپنے دل کی چشم بصیرت سے پردہ کو دور کرو۔ تاکہ تمہاری وہ لوح جو کتاب اللہ متعین اور اس کا سر قویم اور کنز قدیم ہے صاف ہو جائے۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَفِی اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ پس جس نے اس کی اس کتاب کو نہ پہنچانا۔ جو وہی ہے پس وہ وہی نہیں ہے۔ **شعر**

وَاٰفِیْ دَسُوْمٍ ھَیَاکِلٍ قَدْ سُطِرَتْ تُنْبِیْکَ عَنْ سِرِّ الْخِطَابِ الْمُبْھَمِ

فَاقْرَاْ کِتَابِیْ قَدْ کَفٰی بِکَ شَاھِدًا یَھْدِیْکَ مِنْہُ بِعِلْمِ مَالَمْ تَعْلَمِ

اور بعض دفعہ حجاب کشف اور ظہور خفا ہوتا ہے۔ معلوم ہو کہ یہ میری کتاب ایسی ہے کہ اس میں باطل کا گذر نہ آگے سے ہے نہ پیچھے سے۔ جیسا کہ خداوند تعالےٰ فرماتا ہے۔ لَہٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰہِ۔ پس جو بات تو اس میں دیکھے جان لے۔ کہ یہ بات اسی طرح ہے۔ جیسے کہ تو نے دیکھی ہے قسم ہے خدا کی میں نے اس میں تیرے واسطے ظاہر کر دیا ہے۔ اور کہیں تجھ کو متفکر نہیں چھوڑا۔ پس اگر تو اس کی باتوں کا انکار کرے۔ تو جان لے کہ کعبہ کا پروردگار اس کا محافظ ہے۔ تجھ کو چاہیئے کہ عقلمند بن جائے کیونکہ جو شخص عقلمند ہے۔ خدا اس کا شاہد ہے اور جو نفس والا ہے جسم اس کا شاہد ہے اور اس شخص پر از حد

[1] آفتاب عالمتاب کا اس میں کیا قصور ہے کہ جس وقت وہ طالع ہوتا ہے تو اس کی روشنی کو اندھا نہیں دیکھتا۔ ۱۲

سید حسین علی نظامی دہلوی خواہرزادہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ

حسرت و افسوس ہے جو غفلت کی نیند میں رات دن پڑا سوتا ہے اور اپنے عرفانی رفیقوں سے پیچھے رہ گیا۔اس کا نقصان اور نحوست ظاہر ہے۔اور اس کا نام مقربوں کے دفتر سے خارج ہے خدا ہم کو اور تم کو دوری کی ذلت اور غصہ کے ساتھ نکالے جانے سے محفوظ رکھے بے شک وہ فضل کرنے والا کریم و رحیم ہے اور احسان کے ساتھ بدلہ دینے والا ہے۔خدا سے میں دعا کرتا ہوں۔کہ وہ لائق پڑھنے والوں کو، ہماری رمزوں کے سمجھنے اور ہمارے پردوں کے اٹھانے کی توفیق دے۔اور یہ کچھ ہم نے لکھا ہے یہ کافی ہے۔اُس کے واسطے جس کو خدا توفیق دے۔ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَاِمَامِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَالتَّابِعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

خدائے کریم کارساز رحیم کا ہزار در ہزار شکر ہے۔کہ آج بتاریخ ۲۸ شعبان المعظم ۱۳۲۹ھ ہجری نبوی روز شنبہ کو ترجمہ کتاب ہذا ختم ہوا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ

سید یسین علی نظامی حسنی دہلوی خواہر زادہ حضرت خواجہ سلطان المشائخ محبوب الٰہی نظام الدین اولیا قدس سرہٗ

تَمَّتْ بِالْخَیْر

قرآنی دُعاؤں کا مؤثر مجموعہ

اذکارِ قرآنی

عالم فقری

○

زیرِ اہتمام

حاجی انور اختر

امیر ادارہ پیغام القرآن لاہور

شبّیر برادرز پبلشرز، اردو بازار۔ لاہور

اخلاق نبوی
حلیہ مبارک
خوراک نبوی
غرائب القرآن
نماز کی کتاب
معجزات نبوی
زلزلہ
علامہ ارشد القادری
عجائب القرآن
تبلیغی جماعت
علامہ ارشد القادری